محقق ومدلل جدید مسائل

(نئے مسائل کا مستند ومعتبر مجموعہ)

پیش لفظ

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم

جمع وترتیب

(حضرت مولانا) مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

تحقیق وتخریج

طلباء دار الافتاء، ۱۴۲۹ھ/ ۲۰۰۷ء

ناشر: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

محقق ومدلل جدید مسائل

(نئے مسائل کا مستند و معتبر مجموعہ)

نام کتاب

محقق ومدلل جدید مسائل

(نئے مسائل کا مستند ومعتبر مجموعہ)

اشاعت ثانی

۱۴۳۴ھ/۲۰۱۳ء

کمپوزنگ وتصحیح: مفتی شمشیر احمد بستوی/مفتی عبد المتین کانڑگانوی

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندر بار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556

E-mail jafarmilly@gmail.com

fatawaakkalkuwa@gmail.com

http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

مکتبہ الامین کتابستان دیوبند: PH: (01336) 221212 - 09412680528

فهرس الموضوعات

کتاب الإیمان والعقائد

(ایمان اور عقائد کا بیان)

باب البدعات والرسومات

(بدعات ورسومات کا بیان)

کتاب الطهارة

(پاکی کا بیان)

باب التیمم

کتاب الصلوۃ

(نماز کا بیان)

باب الأذان

(اذان کا بیان)

باب الجمعة

باب الإمامة

(امامت کا بیان)

فصل فی سجدة التلاوة

(سجدۂ تلاوت کا بیان)

باب صلاة المسافر

(مسافر کی نماز کا بیان)

باب القبلة

(قبلہ کا بیان)

كتاب الزكوٰة

(زکوۃ کا بیان)

مسائل زكوٰة

کتاب الصوم

(روزہ کا بیان)

مسائلِ روزہ

مسائلِ اعتکاف

کتاب النکاح

(نکاح کا بیان)

مسائل نکاح

معیشت کا کردار انسانی زندگی پر

کتاب البیوع

(خرید وفروخت کا بیان)

مسائلِ خرید وفروخت

شیئرز کے احکام

شیئرز کا مختصر تعارف

باب الربوا

(سود کا بیان)

بیمہ (انشورنس) کے احکام

کتاب الإجارہ

(کرایہ داری کا بیان)

مسائلِ اجارہ

جدہ فقہ اکیڈمی کی قرارداد

اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا کی قرارداد

ناجائز کاموں پر اجرت وصول کرنا

طاعات پر اجرت وصول کرنا

کتاب الحظر والإباحة

(مباحات ومحظورات کا بیان)

مباح وممنوع مسائل

مسائل الجوالة والإنترنت

(مسائلِ موبائل وانٹرنیٹ)

کتاب اللباس والزینة

(لباس اور زینت کا بیان)

مسائلِ زیب و زینت

پیشِ لفظ

مسلمان احکام الٰہی کا پابند ہے، اپنے آپ کو پابند سمجھتا ہے اور سمجھنا بھی چاہیئے، اور اس کا کوئی کام شریعت کے خلاف نہیں ہونا چاہیئے، جیسا کہ فقہ کا قاعدہ ہے: **لا یجوز لمسلم أن یتصرف أو یفعل فعلاً إلا بعد معرفة حکم الله فیه .** (موسوعة القواعد الفقهية: ۱۵/۸)

عامۃ المسلمین کو درپیش مسائل مہمہ کے حل کی طرف ہر زمانے کے علماء نے خصوصی توجہ دی، جو ان کی ذمہ داری ہے، اور انہوں نے اپنی اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش کی، کررہے ہیں، اور کرتے رہیں گے، کیوں کہ یہ دین قیامت تک کیلئے ہے، اور اس میں ہر زمانے میں پیدا ہونے والے مسائل کا حل موجود ہے، حالات بدلتے رہے ہے، بدل رہے ہیں، اور بدلتے رہیں گے، اور تبدیلیٔ حالات کے ساتھ ساتھ نت نئے مسائل کا پیدا ہونا جہاں امر طبعی ہے، وہیں ان کا حل پیش کرنا بھی امر ضروری ہے۔

کتاب ''محقق و مدلل جدید مسائل'' تقریباً چار سو باون (۴۵۲) عوام کو درپیش مسائل کا مجموعہ ہے، جن کو برخوردار مولوی حذیفہ سلمہ ''بیان مصطفی'' میں لیٹیسٹ مسائل کے عنوان سے لکھتے رہے۔

جامعہ میں دار الِافتاء کے قیام کے بعد جامعہ کے موقر استاذ شعبۂ اِفتاء کے ذمہ دار عزیزم مفتی محمد جعفر صاحب رحمانی نے، اپنی نگرانی میں طلباء افتاء سے ان مسائل کی تخریج وتحقیق کا کام کروا کر، انہیں مسائلِ جدیدہ کا ایک مستند مجموعہ بنادیا (**تقبل الله مساعیه الجمیلة**).

اب جامعہ ان مسائل کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہے، دعا کرتا ہوں اللہ تعالی ہماری تمام نیک کاوشوں کو شرف قبولیت سے نواز کر اپنی رضاء نصیب فرمائے۔ فقط

(مولانا) غلام محمد وستانوی

۱۴۳۰/۱۱/۱۱ھ

۲۰۰۹/۱۰/۳۱ء

مقدمہ

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی
خادم الافتاء والتدریس، جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم، اکل کوا

اسلام جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہونے والا ایسا دین ہے، جو پورے عالم انسانی کی دنیوی کامیابی اور اخروی نجات کا ضامن ہے، اور فقہ اسلامی ایسا قانون ہے، جو پیغام نبوت سے مستنبط وماخوذ ہے، اس میں ہر عہد وزمانہ کے معاشی، معاشرتی، سیاسی، صنعتی تبدیلیوں اور جدید ترقیات کے نتیجے میں پیدا ہونے والی دشواریوں وپریشانیوں کا حل موجود ہے۔

اگر ہمارے سامنے قرآن وسنت، آثار صحابہ اور سلف صالحین کی تشریحات موجود ہوں، اور جدید مسائل کی صحیح خدوخال سے ہم واقف ہوں، تو نئے مسائل پر حکم شرعی کا انطباق کرکے، ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہوسکتے ہیں کہ: ''اسلام میں قیامت تک تمام پیش آنے والے مسائل کا حل موجود ہے''۔

کیوں کہ قرآن وحدیث میں ایسی کلیات اور اصول موجود ہیں کہ ان میں غور وفکر کرکے، قیامت تک تمام پیدا ہونے والے حوادث، واقعات اور نوازل کے احکامِ شرعیہ مستنبط کیئے جاسکتے ہیں۔

چنانچہ جب ہم تاریخِ اسلام پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہوجاتی ہے، کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد، اللہ رب العزت نے اس امت میں ایسے افراد واشخاص پیدا فرمائے، جنہوں نے نصوصِ قرآن وحدیث کو سامنے رکھ کر وہ اصول وقواعد مقرر ومرتب کیئے، جنہیں بنیاد بنا کر ان تمام مسائل کا شرعی حل نکالنا آسان ہے، جن کا ذکر نصاً وصراحۃً قرآنِ کریم اور حدیثِ نبوی میں موجود نہیں ہے۔

اسی پر بس نہیں، بلکہ فقہاء مجتہدین نے جب اصول وقواعد کو بنیاد بنا کر مسائل کا استنباط واستخراج فرمایا ،اور فروعات وجزئیاتِ مستنبطہ ومخرجہ میں ان کے مابین اختلاف پیدا ہوا تو ان اقوال ومسائلِ مختلف فیہا میں، تصحیح وترجیح کے لیے اللہ رب العزت نے اصحابِ تصحیح وترجیح کو بھی پیدا فرمایا، جنھوں نے قولِ صحیح وقولِ راجح کی نشان دہی فرما کر نہ صرف امتِ مسلمہ پر احسان کیا، بلکہ اسلامی قوانین کو ایسے صاف ستھرے، روشن اور تابناک شکل وصورت میں پیش فرمایا کہ وہ دیگر قوانینِ عالم میں ممتاز ونمایاں نظر آتے ہیں، اور ایک منصف طبیعت، صحیح الفطرت انسان بول اٹھتا ہے: سچ فرمایا ارض وسماء، جن وانس کے خالق ومالک نے:

﴿**الیوم اکملت لکم دینکم وأتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا**﴾.

(آج میں نے تمہارے لیے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کردی اور تمہارے لیے اسلام کو بہ طورِ دین کے پسند کرلیا)۔(سورة المائدہ: ۳)

یہ بات بھی ایک حقیقت ہے کہ جب تک تصحیح وترجیح کا کام مکمل نہ ہوا، اللہ رب العزت اہلِ تصحیح وترجیح کو پیدا فرماتے رہے۔ جیسا کہ محقق علامہ ابن ہمام کے تلمیذِ رشید محقق علامہ شیخ قاسم بن قطلو بغاؒ فرماتے ہیں: "**إن المجتهدين لم يفقدوا حتى نظروا في المختلف ورجحوا وصححوا**". جب تک مختلف فیہ مسائل میں غور وفکر اور تصحیح وترجیح کا کام مکمل نہ ہوا مجتہدین مفقود نہ ہوئے۔

(عقود رسم المفتی: ص/۱۲٦)

آج عالمگیریت (Globlization) نے بہت سے نت نئے مسائل لاکھڑے کر دیئے جن کا شرعی حل امت کے سامنے پیش کرنا امت کے علماء ومفتیانِ کرام کی ذمہ داری ہے، اور ظاہر ہے جب یہ ان کی ذمہ داری ہے، تو ضرور اللہ رب العزت ان میں ایسی اہلیتیں اور صلاحیتیں ودیعت فرمائیں گے، جو اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کے لیے درکار ہوتی ہیں، کیوں کہ خدائی قانون ﴿**لا يكلف الله نفساً إلا وسعها**﴾۔(اللہ کسی کو ذمہ دار نہیں بناتا مگر اس کی بساط کے مطابق) [سورة البقرة: ۲۷٦] اس پر شاہد ہے۔

معلوم ہوا کہ تخریج واستنباط کا کام تا قیامت جاری وساری رہیگا، اور ہر زمانہ میں مجتہدین فی المذہب پیدا ہوتے رہیں گے، جو اپنے مذہب کے اصول وقواعد کی بنیاد پر تخریج واستنباط کا فرض انجام دیتے رہیں گے۔

نوازل کیا ہے؟

نوازل نازلۃ کی جمع ہے، نزل ینزل سے صیغہ اسمِ فاعل، بمعنی اترنے والی، یعنی پیش آمدہ سختی ومصیبت۔

اصطلاحِ احناف میں نوازل کا اطلاق فتاوی اور واقعات پر ہوتا ہے، اور فتاوی وواقعات وہ مسائل ہیں جن کو متاخرین فقہاء نے اس وقت مستنبط کیا جب ان سے ان کے بارے میں سوال کیا گیا، اور انہوں نے اس سلسلہ میں متقدمین اہلِ مذہب کی کوئی روایت نہیں پائی، (یہاں متاخرین سے امام ابو یوسفؒ، امام محمدؒ کے تلامذہ اور ان کے تلامذہ کے تلامذہ وغیرہ مراد ہیں)۔

اسبابِ نوازل:

بنیادی طور پر دو سببوں سے نئے مسئلوں نے جنم لیا، (۱) علمی وصنعتی ترقی وپیش قدمی۔ (۲) فسق وفجور

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا تھا: ''**تحدث للناس أقضية بقدر ما أحدثوا من الفجور**''. لوگ جس قدر فجور میں مبتلا ہوں گے اس قدر نئے مسائل پیدا ہوں گے۔

(المنتقى شرح المؤطا للباجي:٦/ ١٤٠)

نوازل سے متعلق اجتہاد کا حکم اور اس کی اہمیت:

اسلام قیامت تک آنے والی تمام انسانیت کے لیے دین ہے، اور اس میں اس کے تمام مسائل کا حل موجود ہے، اور یہ حل اسی وقت ممکن ہے جبکہ امت کا ایک طبقہ جو اس کا اہل ہو، نوازل میں اجتہاد کرکے اس کے حکمِ شرعی سے لوگوں کو مطلع کریں، اس لیے نوازل میں اجتہاد واجبِ کفایہ ہے۔

اجتہاد فی النوازل کی اہمیت بنیادی طور پر ان تین باتوں سے عیاں ہوتی ہے:

(۱)اجتہادفی النوازل سے یہ واضح ہوجاتا ہے کہ یہ شریعت ہر مکان وزمان کے لیے ہے۔

(۲)اجتہادفی النوازل کے ذریعہ امت کواس بات پر متنبہ وبیدار کیا جاتا ہے کہ جن مسائل میں وہ مبتلا ہورہی ہے، وہ قواعدِ دین اور مقاصدِ شرعیہ کے مخالف ہیں۔

(۳)اجتہادفی النوازل کے ذریعہ تمام شعبہائے زندگی میں احکامِ شرع پرعمل پیراہونے کی کھلی وصریح دعوت دی جاتی ہے وغیرہ۔

نوازل(مسائلِ جدیدہ)کوحل کرنے کا طریقہ:

نوازل کوحل کرنے کے لیے بنیادی طور پر یہ تین باتیں ضروری ہوتی ہیں:(۱)تصورِ نازلہ (Portry in the mind)

(۲)تکییفِ نازلہ(Conditioning fitting)۔(۳)تطبیقِ نازلہ(Adaptation)

تصور:...... کسی بھی شئ پرحکمِ شرعی لگانے کے لیےاس کا صحیح خاکہ ذہن میں ہونا ضروری ہوتا ہے، کیوں کہ تصورِ شئ ''اصل'' اوراس پرحکمِ شرعی کالگانا اس کی ''فرع'' ہے،اور بدونِ اصل فرع متصور نہیں ہوتی۔

تصورِ شئ کے لیے دو چیزیں ضروری ہیں: (۱) فہمِ نفسِ نازلہ، کہ فی ذاتہ یہ کیا ہے؟(۲) فہمِ اثراتِ نازلہ، کہ اس سے کون کون سے اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

تکییف:...... سے مراد اصولِ شرعیہ میں سے کسی اصل کی طرف کسی مسئلہ کو پھیرنا۔

تطبیق:...... سے مراد نازلہ پرحکمِ شرعی کو منطبق وچسپاں کرنا۔

اب ان تینوں باتوں کو آپ درج ذیل مسئلہ سے اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں، مثلاً ''مسئلۂ بیمہ'' نازلہ ہے،......بیمہ کی حقیقت یقین دہانی ہے، کمپنی بیمہ کرانے والے افراد کو بعض خطرات سے حفاظت

اور بعض نقصانات کی تلافی کی یقین دہانی کراتی ہے، کمپنی بیمہ کے طالب شخص سے ایک متعینہ رقم بالاقساط وصول کیا کرتی ہے، اور ایک معینہ مدت کے بعد اسے یا اس کے پسماندگان کو حسبِ شرائط واپس کردیتی ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ فی صد کے حساب سے مزید رقم بھی بطور سود دیتی ہے۔

اس کی متعدد قسمیں ہیں، زندگی کا بیمہ (Life insurance)، املاک کا بیمہ (Goods insurance)، ذمہ داری کا بیمہ (Third party insurance)، مستندات کا بیمہ وغیرہ، عقد کی یہ صورت سود وقمار پر مشتمل ہے۔ (یہ ہے تصورِ نازلہ)

اب ہم نے اس عقد کو دلائلِ شرعیہ:...... ﴿یآ یھا الذین آمنوا لا تأکلوا الربوا أضعافاً مضاعفة واتقوا اللہ لعلکم تفلحون﴾. [آل عمران: ۱۳۰] ...... ﴿الذین یأکلون الربوا لا یقومون إلا کما یقوم الذي یتخبطه الشیطٰن من المس﴾. [البقرة: ۲۷۵] ...... ﴿یآیھا الذین آمنوا إنما الخمر والمیسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشیطٰن فاجتنبوہ لعلکم تفلحون﴾. [المائدة: ۹۰] ...... ﴿یمحق اللہ الربوا ویربي الصدقات﴾. [البقرة: ۲۷۶] ...... ﴿یآیھا الذین آمنوا اتقوا ا للہ وذروا ما بقي من الربوا إن کنتم مؤمنین﴾. [البقرة: ۲۷۸] ...... عن جابر قال: "لعن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم آکل الربوا وموکله وکاتبه وشاھدیه". [أبو داود: ۲/ ۱۱۷، صحیح مسلم: ۲/ ۲۷] ...... کی طرف پھیرا، تو یہ سب دلیلیں سود وقمار کو حرام قرار دیتی ہیں۔ (یہ تکییف ہے)

اس لیے بیمہ حرام قرار پایا۔ (یہ تطبیق ہے)

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہر شخص تصورِ نازلہ، تکییف اور تطبیق کے ذریعہ احکامِ شرعیہ معلوم کرسکتا ہے؟ نہیں ہرگز نہیں! ...... اس کے لیے کچھ ضوابط ہیں:

۱- ...... نئے مسئلہ کو حل کرنے کے لیے کوشاں شخص کے لیے، مصادر و دلائلِ احکام سے پوری

طرح واقف ہونا، مقاصدِ شرعیہ کا عالم ہونا، علمِ لسانِ عرب کا حامل اور اصولِ فقہ کا عارف ہونا، نیز غور وفکر میں اپنی پوری طاقت صرف کرنا ضروری ہے۔

۲-......جس حکمِ شرعی کا استنباط کیا گیا، اس کا کسی معتبر دلیلِ شرعی کی طرف منسوب ہونا لابدی ہے، کبھی یہ دلیل نص، اجماع، قیاس تو کبھی استصلاح وغیرہ بھی ہوسکتی ہے۔

لمحۂ فکریہ:

بعض نوجوان مفتیانِ کرام جن کو اللہ رب العزت نے فقہی ملکہ، تصورِ صحیح اور فہمِ دقیق کی دولت سے نوازا، بسا اوقات جدید مسائل کے حل میں ان کے قلمِ افتاء سے نصوصِ کتاب اللہ وسنتِ رسول اللہ اور اجماعِ امت کی مخالفت جیسی عظیم غلطیاں سرزد ہوجاتی ہیں، عامۃً اس کی دو وجہیں ہوتی ہیں: (۱) تاویل واجتہاد، (۲) بعض خارجی موثرات سے متاثر ہونا۔ جیسے بعض لوگوں نے سودی بینکوں کے معاملات کو حلال اور اس میں عمل کو جائز قرار دیا، حالانکہ یہ صریح نصوص کی مخالفت ہے، اور بعض لوگوں نے ٹی وی وغیرہ پر خبریں پڑھنے اور پروگرام پیش کرنے کے لیے عورتوں کی مشارکت کو جائز قرار دیا، حالانکہ یہ مقاصدِ شرعیہ اور قواعدِ کلیہ کے مخالف ہے۔

جبکہ دوسرے بعض، خود ساختہ مفتیان، جو فقہی ملکہ، تصورِ صحیح اور فہمِ دقیق سے محروم ہونے کے باوجود، جدید مسائل کے حل میں ہاتھ پاؤں مارتے ہیں، اور فقہی ذوق وتحقیق سے عاری، مقاصدِ شرعیہ سے ناواقف، دلائلِ شرعیہ سے تہی دامن، اور قرآن وحدیث کا خاطر خواہ علم نہ ہونے کی وجہ سے، اپنے فتوی میں محض عرف ورواج، عمومِ بلویٰ، تعامل اور ضرورت جیسی دلیلوں کو ذکر کرکے، بہت سی ناجائز وحرام چیزوں کے حلال وجواز کا فتوی دیدیتے ہیں، جبکہ انہیں سمجھنا چاہیے کہ عرف ورواج کے بدلنے سے صرف وہی مسائلِ اجتہادیہ بدلتے ہیں، جن کی بناء فقہاء کرام نے اپنے زمانے کے عرف ورواج پر رکھی تھی، اور آج وہ عرف بدل چکا۔

اسی طرح عمومِ بلویٰ کا اعتبار مسائلِ منصوصہ میں نہیں ہوتا، بلکہ مسائلِ اجتہادیہ میں ہوتا ہے، ورنہ آج غیبت، سودخوری، گانا، موسیقی اور غیر اسلامی تہواروں میں شرکت وغیرہ عام ہو چکا ہے، کیا اس ابتلاء کی وجہ سے ان کی حرمتِ منصوصہ ختم ہو جائے گی؟......اسی طرح تعاملِ ناس سے ہر تعامل مراد نہیں، بلکہ وہی تعامل مراد ہے جس پر علماء عصر نے کوئی نکیر نہ کی ہو۔اسی طرح ضرورت وہی ہے جس کو شریعت نے ضرورت قرار دیا:" **الضرورة بلوغه حداً إن لم يتناول الممنوع هلك أو قارب وهذا يبيح تناول الحرام**". ضرورت کی حد یہ ہے کہ آدمی ممنوع چیز کے استعمال نہ کرنے سے ہلاک ہو جائے یا ہلاکت سے قریب ہو جائے۔(الموسوعة الفقهية: ۱۹۱/۲۸)

آج لوگوں کا یہ حال بن چکا ہے کہ ان کی زینتوں نے ضرورتوں کا درجہ لے لیا، تو کیا ہم ان کو محرماتِ شرعیہ کے استعمال کی رخصت دیدیں گے؟

دورِ حاضر کے مفتیانِ کرام کے لیے مسائلِ جدیدہ حل کرنے کے لیے دو چیزیں درکار ہیں:

(۱) اجتہاد (۲) تدیُّن

یہاں اجتہاد سے مراد یہ ہے کہ فقہاء کے اقوال کو واقعات پر صحیح طور پر منطبق کرنا آتا ہو، اور یہ اجتہاد ختم نہیں ہوا، بلکہ قیامت تک باقی رہے گا۔......اور تدین سے مراد یہ ہے کہ اغراض کا تابع نہ ہو، کہ کھینچ تان کرنا جائز کو بھی حدِ جواز میں لے آئے۔

زیرِ نظر کتاب "**محقق ومدلل جدید مسائل**" تقریباً ساڑھے چار سو، ان حوادث ونوازل پر مشتمل قیمتی ذخیرہ ہے، جنہیں برادرم مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی حفظہ اللہ ورعاہ، بعنوان "**عصر حاضر کے پیش آمدہ جدید مسائل**" بیانِ مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں لکھتے رہے، جب جامعہ میں دارالافتاء کا قیام عمل میں آیا تو باہم مشورہ سے یہ بات طے پائی کہ ہم ابتداءً طلباء افتاء کو تمرین کے لیے مختلف ابوابِ فقہیہ، مثلاً، کتاب الایمان والعقائد، کتاب الطہارت، کتاب

الصلوۃ، کتاب الصوم، کتاب الزکوۃ، کتاب الحج، کتاب النکاح، کتاب البیوع، کتاب الاجارۃ، کتاب الوقف، کتاب الحظر والاباحۃ وغیرہ کے مسائل دیا کریں، اور جب ان میں ایک گونا فقہ سے مناسبت اور مصادر ومراجع سے مراجعت پر قدرت پیدا ہوجائے، تو جدید مسائل پر تمرین اور تخریج وتحقیق کا کام کروایا جائے، اس طرح کے لائحہ عمل سے جہاں ان عزیزوں کی تمرین وتدریبِ افتاء ہوگی، وہیں مسائلِ جدیدہ پر تخریج وتحقیق کا کام بھی ہوتا رہے گا، جو وقت کی ایک اہم ضرورت ہے۔

چنانچہ: ۲۹-۱۴۲۸/ مطابق 08-2007 کے طلباء افتاء نے موصوف محترم کے انہیں ساڑھے چارسو(۴۵۰) مسائلِ جدیدہ، مطبوعہ در بیانِ مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تمرین اور تخریج وتحقیق کا کام مکمل کیا۔ اور ۳۰-۱۴۲۹/ مطابق 9-2008 کے طلباء نے بھی مذکورہ بالا ابواب سے متعلق تقریباً آٹھ سو چوراسی (۸۸۴) مسائل کی تمرین کے علاوہ، ساڑھے تین سو (۳۵۰) جدید مسائل پر تمرین اور تحقیق وتخریج کا کام کیا، جو انشاء اللہ کتابی شکل میں طبع ہوکر منظر عام پر آجائے گا۔ دراصل مولانا موصوف کی فکر یہ ہے کہ تمام مسائلِ جدیدہ کا ایک محقق ومدلل ''انسائیکلوپیڈیا'' تیار ہوجائے، اور عوام وخواص دونوں کی ضرورت پوری ہوجائے۔

کتاب الایمان والعقائد، کتاب الطہارت، کتاب الصلوٰۃ، کتاب الصوم، کتاب الزکوۃ، کتاب النکاح، کتاب البیوع، کتاب الاجارۃ، کتاب الحظر والاباحۃ، مسائل الجوالۃ والانترنت، اور کتاب اللباس والزینۃ سے متعلق جن جدید مسائل پر تحقیق وتخریج کا کام مکمل ہوا، وہ آپ کے سامنے ہیں، آئندہ جن ابواب سے متعلق جدید مسائل پر کام کیا جائے گا وہ بھی ان شاء اللہ آپ کے سامنے آتا رہے گا۔

ہمیں یہ دعوی ہرگز نہیں کہ تحقیق وتخریج کے اس کام میں ہم سے کہیں خطا ولغزش نہ ہوئی ہو، بلکہ عین ممکن ہے کہ کسی مسئلہ کی تخریج کے لیے ہم نے جو مستدلات نقل کیے، اس سے قریب تر اور بہتر، کوئی اور مستدل موجود ہو، جو ہمارے علم میں نہیں آسکا، اس لیے اربابِ علم وفضل اور اصحابِ افتاء سے مؤدبانہ التماس ہے کہ وہ ہمیں اپنے علم سے افادہ فرماکر اس مستدل کی نشاندہی کردیں۔ ہم ضرور بالضرور اس سے مستفید ہوں گے۔ (إن نرید إلا الإصلاح)

بڑی ناسپاسی ہوگی اگر میں اپنے معاونین خصوصی عزیزان من: مفتی عبدالمتین اشاعتی ومفتی شمشیر احمد اشاعتی صاحبان کاشکریہ ادانہ کروں، کہ ان حضرات نے پوری جدو جہدوعرق ریزی کے ساتھ پوری کتاب کی تصحیح، پروف ریڈنگ اور کمپوزنگ جیسے تھکا دینے والے کاموں کو بحسنِ خوبی، ذوق وشوق، اور بڑی محنت ولگن کے ساتھ انجام دیا۔ فجز اہما اللہ خیر الجزاء۔

دعاء فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کام میں اخلاص کے ساتھ ساتھ اس کے لیے درکار اہلیتیں، لیاقتیں اور صلاحیتیں عطا فرمائے، اور اسے ہمارے لیے نجاتِ آخرت کا ذریعہ بنائے، اور رئیس الجامعہ حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم کا سایہ تادیر عافیتوں کے ساتھ ہم پر باقی رکھے، جن کی علم نوازی اور سرپرستی میں تمام شعبہائے جامعہ مصروف عمل ہیں۔ آمین……فقط

محمد جعفر ملی رحمانی

۱۴۳۰/۸/۹ھ/م: ۲۰۰۹/۸/۱ء

ایک اہم وضاحت

از: ابوحمزہ وستانوی

استاذ: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

اللہ رب العزت نے کائنات وانسان کو پیدا کیا اور پیدا کرنے کے بعد دنیوی وانسانی نظام کو ویسے ہی اس کی حالت پر نہیں چھوڑ دیا بلکہ اس کی نشو ونما اور انتظام وانصرام کا اعلی بندو بست فرمایا تا کہ کائنات میں توازن و برابری قائم رہ سکے، کیوں کہ اگر اللہ اپنی مخلوق کو اپنے سہارے کے بغیر چھوڑ دیتا تو پورا نظام درہم برہم ہو جاتا۔

انسان کی نظر میں دو چیزیں بڑی اہم ہیں: (۱) خود اس کی زندگی، (۲) کائنات، کائنات کو عالم کبیر اور انسان کے اندرون و بیرون کو عالمِ صغیر سے موسوم کیا جاتا ہے، انسان اللہ کی دی ہوئی عقل سے اپنے مسائل کچھ نہ کچھ درجہ حل کر لیتا ہے، مگر کائنات جو عالمِ کبیر ہے، وہ اس کے بس میں نہیں اس لئے کہ اس کی عقل محدود، اس کا علم ناقص، اس کی طبیعت کمزور، اور اس کی قدرت محدود، غرضیکہ وہ گرچہ دیگر مخلوقات کے مقابلہ میں اشرف ہے مگر اس کی تمام چیزیں محدود ہیں، اب ظاہر سی بات ہے کہ وہ اپنی محدود ملکات کے ذریعہ کائنات کا نظام نہیں چلا سکتا تھا، کیوں کہ اتنے عظیم نظام کو چلانے کیلئے غیر محدود وملکات کی حامل ذات کی ضرورت ہے، اس لئے اللہ نے عالم کبیر کی تمام ذمہ داریاں اپنے ذمہ لے لی، البتہ انسان کو اپنے بارے میں محدود اختیارات دے رکھے ہیں، جس سے وہ اپنے بعض امور انجام دے سکتا ہے، مگر یہ بھی محدود ہیں، کیوں کہ اس کی عقل کی رسائی و پرواز بہت زیادہ نہیں، اس لئے اسے اللہ کے تعاون کی ضرورت تھی، اللہ نے یہ فضل وکرم فرمایا کہ ہر زمانہ میں انبیاء کو مبعوث کر کے اس کے مسائل کو اپنے غیر محدود علم وقدرت سے حل کر دیا، گویا انسان اپنے مسائل کو حل کرنے میں بھی اللہ کا محتاج ہے، اس کے بغیر وہ صحیح نتیجہ تک نہیں پہنچ سکتا کیوں کہ عقل بغیر وحی کے صحیح رہنمائی نہیں کر سکتی۔

سب سے پہلے انسان حضرت آدم علیہ السلام کو اس لئے نبی بنا کر مبعوث کیا گیا کہ انسانی عمارت کی بنیاد واساس صحیح طور پر قائم ہو، ورنہ بنیاد ہی اگر کج ہوگی تو عمارت کا کیا پوچھنا؟ پھر ہر زمانہ میں اس زمانہ کے احوال کے اعتبار سے شریعتیں اتاری جاتی رہیں، اور وہ شریعتیں اپنے ایک محدود زمانے کے اعتبار سے مکمل ہوا کرتی تھیں، اس کے ذریعہ اس محدود زمانہ کی ضرورتیں پوری ہو جاتیں، تاہم ضرورت تھی ایک جامع ومکمل شریعت کی، تو اللہ رب العزت نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرما کر اس ضرورت کو بھی پورا کر دیا، اور اعلان کر دیا: ﴿الیوم اکملت لکم دینکم﴾۔ (سورۃ المائدۃ: ۳)

اللہ رب العزت نے شریعتِ محمدیہ میں ایسے اصول اور ضروری جزئیات بیان کر دیئے کہ اس کی روشنی میں قیامت تک مسائل حل کیے جاتے رہیں گے، مگر بہر حال سلسلۂ نبوت کے ختم ہونے کی وجہ سے اس کے لئے وارثینِ علومِ نبوت کا ہونا ضروری تھا، تو اللہ نے اس امت پر یہ احسانِ عظیم اور فضل فرمایا کہ ہر زمانہ میں علماء وفقہاء کی ایک ایسی جماعت پیدا کی جو پیش آمدہ تمام مسائل کو خواہ وہ عقائد سے متعلق ہوں یا عبادات سے، ان کا تعلق معاشرت سے ہو، یا سیاست ومعیشت سے، ان کا واسطہ اخلاق ومروت سے ہو، یا ظاہر وباطن سے، حل کرتی رہی، اور تا قیامت یہ سلسلہ جاری رہے گا، علامہ ندوی رحمہ اللہ تعالی نے کیا خوب فرمایا: ''دین حق کی حفاظت کے لئے کتاب اللہ کے ساتھ رجال اللہ کا ہونا ضروری ہے''۔

صنعتی انقلاب کے بعد نت نئے مسائل پیدا ہوتے گئے اور علماء اسے حل کرتے رہے، خلافتِ عثمانیہ نے '' **مجلة الأحكام العدلية** '' کو اسی ضرورت کے پیشِ نظر تیار کروایا تھا، جو ایک تاریخی کارنامہ ہے، اس کے بعد جب خلافت کا سقوط واقع ہو گیا، اور مسلمانوں کے مسائل حکومت کے ذریعہ حل نہیں ہو سکتے تھے، تو اللہ رب العزت نے دنیا بھر میں المجامع الفقہیۃ (فقہی اکیڈمیاں) قائم کروائی اور اب اہم اہم جدید مسائل انہیں کے ذریعہ حل ہو رہے ہیں، ضرورت اس بات کی تھی

کہ قرآن وحدیث اصول وقواعد اور جزئیاتِ فقہیہ کی روشنی میں ہر باب سے متعلق پیش آمدہ جدید مسائل کے حل پر مشتمل ایک ایسی عظیم کتاب تیار کی جائے جو تمام مسائل کو محیط نہ سہی مگر اکثر مسائل کو جامع ہو، جب جامعہ میں دارالاِفتاء کا قیام عمل میں آیا تو بندہ کے ذہن میں یہ صورت آئی کہ ہمارا دارالاِفتاء اس کے لئے معین ثابت ہوسکتا ہے، وہ اس طرح کہ طلباء افتاء کو شروع سال میں مختلف ابواب فقہیہ سے متعلق مسائل پر تمرین کروائی جائے، اور بعد میں جدید مسائل پر، مگر محقق ومدلل انداز میں، یعنی ہر مسئلہ کو حتی الاِمکان کتاب اللہ وسنت رسول اللہ، اور ساتھ ہی ساتھ قواعد فقہ وجزئیاتِ فقہیہ سے حل کروایا جائے، کہ اس سے، جہاں طلباء افتاء کی تمرین وتدریب ہوجائے گی وہیں مسائلِ جدیدہ پر تخریج وتحقیق کا کام بھی ہوجائے گا۔

الحمدللہ محض اللہ کے فضل، اس کی توفیق، اور نصرت سے یہ کام شروع ہوچکا ہے، پہلے سال کے طلبہ سے تقریباً چارسو، ان مسائل پر کام کروایا گیا، جن کو ناکارہ بیانِ مصطفیٰ میں عوام کی ضرورت کیلئے صرف مسائل کی صورت میں بعنوان ''عصر حاضر کے پیش آمدہ جدید مسائل''، لکھتا رہا، ان طلباء نے ماشاءاللہ بحسن خوبی اور انتہائی جانفشانی سے، دن رات ایک کرکے اس کام کو انجام دیا، اور حضرت مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی بڑی دلچسپی وجدوجہد سے اس پر نگرانی فرماتے رہے، اللہ تعالی دنیا و آخرت میں انہیں بہترین صلہ عطاء فرمائے، آمین

یہ کتاب طلباء سالِ اول کے اکثر، اور سالِ دوم کے بعض مسائل مخرّجہ ومحقّقہ پر مشتمل آپ کے ہاتھوں میں ہے، انشاءاللہ ہر سال اسی طرح کام ہوتا رہیگا، اور یہ کوشش کی جائے گی کہ جدید مسائل کا انسائیکلو پیڈیا تیار کردیا جائے، تاکہ وقت کی ایک ضرورت پوری ہوجائے، دعا فرمائیں کہ اللہ تعالی اپنی نصرت واعانت شاملِ حال رکھے، ویسے تو اکثر جدید مسائل فتاویٰ کی دیگر کتابوں میں بکھرے ہوئے موجود ہیں، البتہ محقق ومدلل نہیں ہیں، ورنہ علامہ شامیؒ، حضرت تھانویؒ، مفتی کفایۃ اللہ صاحبؒ، مفتی عبدالرحیم صاحب لاجپوریؒ،

مولانا عبدالرشید لدھیانویؒ، مفتی محمد شفیع صاحبؒ، قاضی مجاہد الاسلام صاحبؒ، مولانا عبدالحق صاحبؒ، مفتی محمد تقی عثمانی، مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب اور مفتی شبیر احمد صاحب نے ان مسائل کو اپنی اپنی تصانیف میں ذکر کیا ہے، بعض تو بہت زیادہ محقق ہیں، مگر سب نہیں، ہم نے اس میں عوام وخواص دونوں کی رعایت کرتے ہوئے متن کے انداز میں مسائل، اور حاشیہ میں ان کی دلائل کو نقل کرنے کی کوشش کی ہے ہم اپنی اس کوشش میں کہاں تک کامیاب ہوئے وہ آپ فیصلہ کر سکتے ہیں، اللہ قبول فرمائے، اور ہم سب کیلئے اسے ذخیرۂ آخرت بنائے، آمین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الإیمان والعقائد

(ایمان اور عقائد کا بیان)

ایمان :...... ایمان امن سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے ''امن دینا''۔کسی بات پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اس شخص نے اس کو تکذیب وتردید سے مامون کردیا۔

لغوی تعریف:......قلب کی تصدیق کو ایمان کہتے ہیں۔

اصطلاحی تعریف:......قلب کے اعتقاد اور زبان کے اقرار کو ایمان کہتے ہیں۔

ایمان کی پانچ قسمیں ہیں:

(۱) ایمانِ معصوم — جیسے: انبیاء کا ایمان

(۲) ایمانِ مطبوع — جیسے: ایمانِ ملائکہ

(۳) ایمانِ مقبول — جیسے: مؤمنین کا ایمان

(۴) ایمانِ موقوف — جیسے: مبتدعین کا ایمان

(۵) ایمانِ مردود — جیسے: منافقین کا ایمان

عقائد:...... '' **العقائد ما يقصد فيه نفس الاعتقاد دون العمل** ''. جس میں نفسِ اعتقاد کا قصد کیا جائے ،نہ کہ عمل کا۔(التعريفات للجرجاني)

بسا اوقات انسان اپنی بے لگام زبان سے ایسے کلماتِ کفریہ کہہ جاتا ہے،جن سے اس کے ایمان جانے اور نکاح ختم ہوجانے کا بھی خطرہ پیدا ہوتا ہے،لیکن اسے احساس تک نہیں ہوتا،اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ میں صحیح روش پر چل رہا ہوں،اگر توبہ نہ کرے تو زندگی بھر خسارہ کا بھگتان اٹھانا پڑتا ہے اور آخرت بھی برباد ہوجاتی ہے۔

اس کتاب میں ان مسائل کو بیان کیا گیا ہے جو ایمانیات اور عقائد سے متعلق ہیں،مثلاً کون شخص کب ،کس وقت اور کیسے ایمان سے خارج ہوتا ہے؟ کن کلمات کے ادا کرنے سے اس کا ایمان جاتا رہتا ہے؟اور کن کلمات کی ادئیگی سے وہ دوبارہ ایمان میں داخل ہوتا ہے؟

اللہ کو " گاڈ " کہہ کر پکارنا

مسئلہ(۱): اللہ کو " گاڈ " کہہ کر پکار سکتے ہیں، کیوں کہ اللہ کے بہت سارے نام ہیں (۱) اور انگریزی زبان میں اللہ کو " گاڈ " کہا جاتا ہے (۲)، نیز اس لئے بھی کہ ان اسماء کا تلفظ ہر زبان میں مختلف ہے۔

الحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **القرآن الكريم** " : ﴿ **لله الأسماء الحسنى فادعوه بها** ﴾ .(بني اسرائيل: ۸۰)

(۲) ما في " **تفسير المظهري** " : والمراد بها الألفاظ الدالة على الذات المتصفة بالصفات (فادعوه بها) أي فسموه بتلك الأسماء .(۳/ ٤٦٤)

ما في " **الحديث الشريف** ": قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **لله تسعة وتسعون إسماً من حفظها دخل الجنة** ". (الصحيح لمسلم : رقم الحديث: ۲٦٧٧، كتاب الذكر والدعاء، باب في أسماء الله تعالى وفضل من أحصاها)

ما في " **شرح النووي على هامش المسلم** " : فليس معناه أنه ليس له أسماءٍ غير هذه التسعة والتسعين ، وإنما مقصود الحديث أن هذه التسعة والتسعين من أحصاها دخل الجنة .

(۲۷۵/۸، دار احياء التراث العربي)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : (وصح شروعه) أيضاً مع كراهة التحريم (بتسبيح وتهليل) وتحميد وسائر كلم التعظيم الخالصة له تعالى ، ولو مشتركة كرحيم وكريم في الأصح ، ....(كما صح لو شرع بغير عربية) أي لسان كان. "درمختار".

قال ابن عابدين الشامي : قوله : (وجميع أذكار الصلاة) في التاتارخانية عن المحيط : وعلى هذا الخلاف لو سبح بالفارسية في الصلاة أو دعا أو أثنى على الله تعالى أو تعوذ أو هلل أو تشهد أو صلى على النبي صلى الله عليه وسلم بالفارسية في الصلاة : أي يصح عنده .(۱۸۲/۲، ۱۸۳، باب صفة الصلاة)

ما في " **البحر الرائق** " : وأما إذا شرع (الصلاة) بالفارسية فإنما يصح لما بيناه من =

''بھگوان میری مدد کرے گا'' کہنا کیسا ہے؟

مسئلہ(۲): اگر کوئی شخص کسی بات پر یہ قسم کھائے یا لکھے کہ'' بھگوان میری مدد کرے گا'' تو ایسا کہنا یا لکھنا شرک ہے، ایسے شخص کو فوراً استغفار کرنا چاہیے، کیوں کہ مدد تو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ سے مانگنا جائز ہے، بھگوان کا وہ مفہوم نہیں جو خدا کا ہے۔(۱)

= أن التكبير هو التعظيم وهو حاصل بأي لسانٍ كان .... (كما لو قرأ بها عاجزاً) أي قرأ بالفارسية حالة العجز عن العربية فإنه يصح وهذا بالاتفاق .(۱/ ۵۳٦)

ما في '' **إمداد الفتاوى** '' : من الأسماء التوفيقية علم ومنها ألقاب وأوصاف وترجمة اللفظ بمنزلته فالأسماء العجمية ترجمة تلك الألقاب والأوصاف ولذا انعقد الإجماع على إطلاقها اهـ.

(٥١٣/٤، مسائل شتى ، مكتبة دار العلوم كراتشي)

ما في '' **المنهج لإبن حجر** '' : وبهذا يتقرر أن أسماء الله دالة على ذاته وعلى صفاته فهي من جهة دلالتها على الذات مترادفة لدلالتها على مسمى واحد ، وهو الله عز وجل .(۱/٥٣٦، مكتبة الرشيد)

ما في '' **قاموس أطلس الموسوعي** (الإنكليزي- والعربي): الله عز وجل الباري ، خالق السموات والأرض. (**God**) (ص:٥٥٤)

ما في '' **سنغم دكشنري** (انجليزي ، عربي ، اردو): **خدا، پروردگار، پرستش کے لائق، احکم الحاکمین، الہ، رب، معبود، حاکم، قوی، Cop**: اللہ، یؤلہ۔(٣٨/٢، فتاوی محمودیه : ۱/ ٢٦٧)

الحجة على ما قلنا:

(۱) ما في '' **القرآن الكريم** '' : ﴿**وما النصر إلا من عند الله**﴾.(الأنفال:١٠)

ما في '' **تفسير روح المعاني** '' : ﴿**وما النصر إلامن عند الله**﴾ أي وما النصر بالملائكة وغيرهم من الأسباب إلا كائن من عنده عزوجل ، فالمنصور هو من نصره الله سبحانه والأسباب ليست بمستقلة ، أو المعنى لا تحسبوا النصر من الملائكة عليهم السلام فإن الناصر هو الله تعالى لكم وللملائكة ، وعليه فلا دخل للملائكة في النصر أصلاً ، وجعل بعضهم القصر على الأول إفرادي وعلى الثاني قلبي ، ﴿**إن الله عزيز**﴾ لا يغالب في حكمه ولا ينازع في قضيته . ﴿**حكيم**﴾ يفعل كل ما يفعل حسبما تقتضيه الحكمة الباهرة، =

''یا محمد''، ''یارسول اللہ'' کہنا

مسئلہ(۳): اگر کوئی شخص ''یا محمد'' اور ''یارسول اللہ'' کہتا ہے درود وسلام کے ساتھ یا بلا درود وسلام، اس اعتقاد کے ساتھ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میری آواز کو بذاتِ خود ہر وقت، ہر جگہ سنتے ہیں، یا یہ کہ بنفس نفیس خود مجلسِ درود میں تشریف فرما ہوتے ہیں، تو اس شخص کا یہ اعتقاد نا جائز ہی نہیں بلکہ موجبِ کفر ہے، اس لیے کہ یہ صورتیں غیر اللہ کے لیے علمِ غیب کو ثابت کرنے کو متضمن ہیں اور علمِ غیب اللہ تعالی شانہ کی صفتِ خاصہ ہے، اور اگر یہ عقیدہ نہیں ہے بلکہ محض تخیل کے طور پر شاعرانہ اور عاشقانہ انداز میں خطاب کرتا ہے، جیسا کہ اہل معانی و بلاغت نے بیان کیا ہے کہ بعض اوقات معدوم کو موجود فرض کر کے یا غیر حاضر کو حاضر فرض کر کے خطاب کیا جاتا ہے، تو یہ صورت فی ذاتہ بالاتفاق تمام علماء کے نزدیک جائز ہے۔(۱)

=والجملة تعليل لما قبلها وفيها إشعار بأن النصر الواقع على الوجه المذكور من مقتضيات الحكم البالغة .

(۲۵۲/۶)

ما في '' **الحديث النبوي** '' : عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : كنت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم يوماً فقال : **يا غلام ! وإذا سألت فاسأل الله ، وإذا استعنت فاستعن بالله ، واعلم أن الأمة لو اجتمعت على أن ينفعوک بشيء لم ينفعوک إلا بشيء قد كتب الله لک ، ولو اجتمعوا على أن يضروک بشيء لم يضروک إلا بشيء قد كتب الله عليک** ''.

(مشكاة المصابيح : ۲/ ۴۵۳ ، باب التوكل والصبر)(فتاوى محموديه: ۳۶۷/۱)

الحجة على ما قلنا:

(۱) ما في '' **شرح فقه الأكبر** '' : وبالجملة فالعلم بالغيب أمر تفرد به سبحانه ولا سبيل إليه للعباد إلا بإعلام منه وإلهام بطريق المعجزة أو الكرامة أو إرشاد إلى الاستدلال بالأمارات فيما يمكن فيه ذلك .... وذكر الحنفية تصريحاً بالتكفير باعتقاد أن النبي عليه الصلوة والسلام يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالى: ﴿**قل لا يعلم من في السمٰوٰت والأرض الغيب إلا الله**﴾ كذا في المسايرة.

(ص۱۸۵، الناس في حق رجال الغيب ثلاثة أحزاب ، مكتبة أشرفي بكڈپو ديوبند) =

فرقۂ قادیانیت کا مختصر تعارف

مسئلہ(۴): قادیان ضلع گورداس پور'' پنجاب'' کا ایک قصبہ ہے، یہیں مرزا غلام احمد کی پیدائش ہوئی تھی، اس نے پہلے مسیحِ موعود ہونے کا دعوی کیا، پھر اس کے بعد نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا اور اپنا ایک مستقل دین قائم کیا اور اس پر ایمان لانے والوں کو صحابہ کا ہم رتبہ قرار دیا، اور اس کی بیوی کو ام المؤمنین کا لقب دیا، اس ملت ومذہب پر ایمان لانے والے فرقہ کو فرقۂ قادیانیت کہا جاتا ہے۔

فرقۂ قادیانیت کے عقائد

قادیانیوں کے عقائد یہ ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین نہیں تھے۔(۱) خدا کی وحی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ منقطع نہیں ہوئی ۔مہدی موعود قریش کے خاندان سے نہیں ہونا چاہیے۔مسیحِ موعود نبی ہونگے۔اللہ تعالی کے ہاتھ پیر ہیں۔

= قال في البزازية : وعلى هذا قال علمائنا من قال أرواح المشايخ حاضرة يكفر.

(الفتاوی البزازية على هامش الهندية: ۳۲۶/۶، الثاني فيما يتعلق بالله تعالى)

ولقوله تعالى : ﴿**إن الذين ينادونک من وراء الحجرات أكثرهم لا يعقلون**﴾.(الحجرات :٤)

وقد ذكر أنها نزلت في الأقرع بن حابس رضي الله عنه نادى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال : يا محمد ! وفي رواية : يا رسول الله ! فلم يجبه .

(مختصر تفسير ابن كثير : ۳۵۹/۳، روح المعاني :۲۱۰/۱٤، الدر المنثور في التفسير المأثور:۸۹/٦، جامع الفتاوی: ۸٤/۱، امداد الفتاوی: ۳۸۵/۵)

الحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الكتاب** " : ﴿ **ما كان محمد أبا أحد من رجالكم ولكن رسول الله وخاتم النبيين**﴾.

(الأحزاب:٤٠)

ما في " **الصحيح البخاري** " : أن ابا هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : " **لم يبق من النبوة إلا المبشرات ، قالوا: وما المبشرات؟ قال: الرؤيا الصالحة** ". (۱۰۳۵/۲، كتاب التعبير) =

اہلِ سنت والجماعت کے عقائد

مسئلہ(۵): خدا کی وحی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہی منقطع ہوچکی ہے اوروحی نام ہے اس کلام اللہ کا جو انبیاء علیہم السلام پر نازل ہو(۱)، اور جب سلسلۂ نبوت ہی ختم ہو چکا تو وحی بھی منقطع ہوچکی ہے۔ مہدی موعود قریش کے خاندان سے ہونگے، جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے(۲)۔

= ما في " **الحديث النبوي** " : عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: " **إن مثلي ومثل الأنبياء من قبلي كمثل رجل بنى بيتاً فأحسنه وأجمله إلا موضع لبنة من زاو ية فجعل الناس يطوفون به ويتعجبون له ويقولون : هلا وضعت هذه اللبنة ؟ قال : فأنا اللبنة وأنا خاتم النبيين** ".

(الصحيح البخاري : ۱/ ۵۰۱، باب خاتم النبيين)

ما في " **الصحيح البخاري** " : عن النبي صلى الله عليه وسلم قال : " **كانت بنو إسرائيل تسوسهم الأنبياء كلما هلك نبي خلفه نبي وإنه لا نبي بعدي وسيكون خلفاء فيكثرون، قالوا : فما تأمرنا يا رسول الله ؟ قال : فُوا ببيعة الأول فالأول أعطوهم حقهم، فإن الله سائلهم عما استرعاهم** ".

(۱/ ۴۹۱، كتاب الأنبياء، باب ما ذكر عن بني إسرائيل)

ما في " **السنن الترمذي** " : عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " **إن الرسالة والنبوة قد انقطعت فلا رسول بعدي ولا نبي** ". (۲/۵۳، باب ذهبت النبوة وبقيت المبشرات)

والحجة على ما قلنا

(۱) ما في " **فتح الباري لإبن حجر العسقلاني** " : الوحي هو كلام الله المنزل على النبي صلى الله عليه وسلم . (۱/۱۲، كتاب بدء الوحي ، مكتبة دار السلام الرياض)

(۲) ما في " **السنن الترمذي** " : عن عبد الله قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **لا تذهب الدنيا حتى يملك العرب رجل من أهل بيتي يؤاطئ إسمه إسمي** ".(۲/ ۴۷، أبواب الفتن)

ما في " **السنن لأبي داود** " : عن أبي سعيد الخدري قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :=

مسیحِ موعود نبی نہیں ہونگے بلکہ وہ اس امت کے حاکموں کی طرح ایک حاکم ہونگے (۱)۔

اللہ تعالی انسان جیسے ہاتھ پیر سے منزّہ ہے اور جہاں قرآنِ کریم میں وجہ، ید، نفس وغیرہ کا ذکر آیا ہے، اس کی کیفیت اللہ ہی کے شایانِ شان ہے (۲)۔

= " **المهدي مني ، أجلى الجبهة ، أقنى الأنف ، يملأ الأرض قسطاً وعدلاً كما ملئت ظلماً وجوراً ، ويملك سبع سنين** ". (ص: ٥٨٨، كتاب المهدي)

(١) ما في " **الصحيح البخاري** " : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **والذي نفسي بيده ليوشكن أن ينزل فيكم ابن مريم حكماً عدلاً فيكسر الصليب ويقتل الخنزير ، ويضع الحرب ، ويفيض الماء ، حتى لا يقبله أحد حتى تكون السجدة الواحدة خير من الدنيا وما فيها** ".(١/ ٤٩٠)

ما في " **فتح الباري** " : أي حاكماً والمعنى أنه ينزل حاكماً بهذه الشريعة ، فإن هذه الشريعة باقية لا تنسخ ، بل يكون عيسى حاكماً من حكام هذه الأمة .

(٦/ ٦٠٠، كتاب أحاديث الأنبياء ، باب نزول عيسى بن مريم عليهما السلام)

(٢) ما في " **الكتاب** " : ﴿ **ليس كمثله شيء** ﴾.(الشورى : ١١)

ما في " **شرح كتاب الفقه الأكبر** " : ولله سبحانه يد ووجه ونفس كما ذكره الله تعالى في القرآن أي كما يليق بذاته وصفاته.(ص٦٦)

گستاخِ رسول مرتد اور خارجِ اسلام ہے

مسئلہ(٦): اگرکوئی شخص شانِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں (العیاذ باللہ) گالی بکے، یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں (نعوذ باللہ) گستاخانہ کلمات کہے مثلاً یہ کہے کہ آپ شہوت پرست تھے وغیرہ، تو شرعاً ایسا شخص مرتد اور خارج از اسلام ہے، اس کو توبہ، تجدیدِ ایمان اور تجدیدِ نکاح لازم ہے اور اگر وہ توبہ نہ کرے تو واجب القتل ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الكتاب** " :﴿ **إن الذين يؤذون الله ورسوله لعنهم الله في الدنيا والآخرة وأعد لهم عذاباً مهيناً** ﴾.(الأحزاب:۵۷)

وقوله تعالى :﴿**والذين يؤذون رسول الله لهم عذاب أليم** ..... إلى قوله ...... **ألم يعلموا أنه من يحادد الله ورسوله فإن له نار جهنم خالداً فيها، ذلك الخزي العظيم**﴾.(التوبة:٦١-٦٣)

ما في " **التفسير المظهري** " : من آذى رسول الله صلى الله عليه وسلم بطعن في شخصه أو دينه أو نسبه أو صفة من صفاته أو بوجه من وجوه الشين فيه صراحة أو كناية أو تعريضاً أو إشارة كفر، ولعنة الله في الدنيا والآخرة وأعد لهم عذاب جهنم .... قال ابن همام : كل من أبغض رسول الله صلى الله عليه وسلم بقلبه كان مرتداً فالسباب بالطريق الأولى ويقتل عندنا حداً.(۷/ ۳۸۲ ، مكتبة زكريا ديوبند)

ما في " **السنن للنسائي وأبي داود** " : عن ابن عباس رضي الله عنه :"**أن أعمى كان على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانت له أم ولد وكان له منها ابنان وكانت تكثر الوقيعة برسول الله صلى الله عليه وسلم وتسب فيزجرها فلا تنزجر وينهاها فلا تنتهي فلما كان ذات ليلة ذكرت النبي صلى الله عليه وسلم فوقعت فيه فلما صبر أن قمت إلى المغول فوضعته في بطنها فاتكأت عليه فقتلتها فأصبحت قتيلاً ، فذكر ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فجمع الناس وقال أنشد الله رجلاً لي عليه حق فعل ما فعل إلا قام فأقبل الأعمى يتدلدل فقال : يا رسول الله أنا صاحبها كانت أم ولدي وكانت بي لطيفة رفيقة ولي منها ابنان مثل اللؤلؤتين ولكنها كانت تكثر الوقيعة فيك** =

....

....

=وتشتمک فأنهاها فلا تنتهي فأزجرها فلا تنزجر فلما كانت البارحة ذكرتک فوقعت فيک فقمت إلى المغول فوضعته في بطنها فاتكأت عليها حتى قتلتها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ألا أشهدوا أن دمها هدر".

(١٥٢/٢، كتاب المحاربة ، الحكم فيمن سب النبي صلى الله عليه وسلم،السنن لأبي داود : ٥٩٩/٢، كتاب الحدود ، باب الحكم فيمن سب النبى صلى الله عليه وسلم)

ما في " **السنن لأبي داود** ": عن علي رضي الله عنه **أن يهودية كانت تشتم النبي صلى الله عليه وسلم وتقع فيه فخنقها رجل حتى ماتت فأبطل رسول الله صلى الله عليه وسلم دمها.**

(٦٠٠/٢،كتاب الحدود ، باب الحكم فيمن سب النبي صلى الله عليه وسلم)

ما في " **بذل المجهود** ": اختلف العلماء فيمن سب النبي صلى الله عليه وسلم فقال ابن القاسم عن مالك يقتل من سبه صلى الله عليه وسلم منهم إلا أن يسلم ، وأما المسلم فيقتل بغير استتابة ، وروي عن الأوزاعي ومالك في مسلم أنها ردة يستتاب منها ، وعن الكوفيين إن كان ذمياً عزر ، وإن كان مسلماً فهي ردة.(٤٢٦/١٢)

ما في " **المصنف لإبن عبد الرزاق** ": عن عكرمة مولى ابن عباس رضي الله عنهما : **أن النبي صلى الله عليه وسلم سبه رجل فقال من يكفيني عدوي؟ فقال الزبير : أنا فبارزه ، فقتله الزبير ، فأعطاه النبي صلى الله عليه وسلم سلبه.**(٣٠٧/٥، باب من سب النبي صلى الله عليه وسلم)

ما في " **رد المحتار على الدرالمختار**" : قال الحنابلة : إنه يقتل ساب الرسول صلى الله عليه وسلم ولا تقبل توبته سواء كان مسلماً أو كافراً وعامة هؤلاء لما ذكروا المسئلة قالوا يستتاب ، فإن تاب وإلا قتل كالمرتد. (٢٨٣/٦)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**": قال العلامة الحصكفي: وكل مسلم ارتد فتوبته مقبولة إلا الكافر بسبّ النبي صلى الله عليه وسلم من الأنبياء فإنه يقتل حداً ولا تقبل توبته مطلقاً، ومن شك في عذابه وكفره كفر، من نقص مقام الرسالة بقوله بأن سبه النبي صلى الله عليه وسلم أو بفعله بأن بغضه قتل =

....

....

....

=حداً كما مر التصريح به ، لكن صرح في آخر الشفاء بأن حكمه كالمرتد . درمختار.

ما في " **رد المحتار**" : وحاصله أنه نقل الإجماع على كفر الساب ، ثم نقل عن مالك ومن ذكر بعده أنه لا تقبل توبته .... ثم قال : وبمثله قال أبوحنيفة وأصحابه أي قال إنه يقتل يعني قبل التوبة لا مطلقاً .(رد المحتار :٦/٢٨٢)

ما في " **التاتارخانية** " : من لم يقر ببعض الأنبياء عليهم السلام أو عاب نبياً بشيء أو لم يرض بسنة من سنن المرسلين عليهم السلام فقد كفر .(٤/٢٤٣، فصل فيما يعود إلى الأنبياء عليهم السلام)

ما في " **الفتاوى الهندية** " : ومن قال لا أدري أن النبي صلى الله عليه وسلم كان إنسياً أو جنياً يكفر كذا في فصول العمادية. (٢/٢٦٣، فصل فى أحكام المرتدين)

ما في " **البزازية على هامش الهندية** " : ومن سمع حديثه عليه السلام فقال : سمعناه كثيرا بطريق الاستخفاف يكفر .

(٦/ ٣٢٧، الفصل الثالث في الأنبياء ، كذا في مجمع الأنهر:٢/ ٥٠٦، البحر الرائق : ٥/ ٢٠٣)

وما في " **الهندية** " : ما كان في كونه كفراً اختلاف فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح وبالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الاحتياط ....وإن كانت نيته الوجه الذي يوجب التكفير لا تنفعه فتوى المفتي ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك وبتجديد النكاح بينه وبين امرأته .(٢/ ٢٨٣، قبيل باب العاشر في البغاة ، كذا في الفتاوى التاتارخانية :٤/٢٣٤، كتا ب أحكام المرتدين)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**": وقد صرح في النتف ومعين الحكام وشرح الطحاوي وحاوي الزاهدي ، وغيرهما بأن حكمه كالمرتد ولفظ النتف من سب الرسول فإنه مرتد ، وحكمه حكم المرتد ويفعل به ما يفعل بالمرتد.

(٦/ ٢٨٤،كتاب الجهاد، حكم سباب الأنبياء، آپ کے مسائل اور ان کا حل: ١/ ٥١)

ڈارون کا نظریہ رکھنے والے کے لیے توبہ اور تجدیدِ ایمان ضروری ہے

مسئلہ(۷): آج ہر چیز کے بارے میں تحقیق ہو رہی ہے، اور لوگ اپنی اپنی تحقیق پیش کر رہے ہیں، ان ہی میں سے ایک ''ڈارون'' نام کا شخص ہے، جس نے اپنی تحقیق کے مطابق یہ نظریہ پیش کیا کہ انسان مٹی سے نہیں پیدا کیا گیا ہے، بلکہ اس کی ابتداء بندر سے ہوئی ہے، جبکہ اللہ تعالی نے انسان کو مٹی سے پیدا کیا ہے، لہذا اس کا یہ عقیدہ قرآن وحدیث کے بالکل خلاف ہے، یہ بے سر و پا اور ملحدانہ عقیدہ ہے، اسلام سے اس کا کوئی تعلق نہیں، اس لئے اگر کوئی شخص (معاذ اللہ) اس قسم کا عقیدہ رکھتا ہو تو اسے فوراً اپنے اس عقیدے سے توبہ کرنا چاہیے اور تجدیدِ ایمان وتجدیدِ نکاح کرنا چاہیے(۱)۔

الحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿**يا أيها الذين اتقوا ربكم الذي خلقكم من نفس واحدة وخلق منها زوجها وبث منهما رجالاً كثيراً ونساء**﴾.(النساء :۱)

وقال تعالی: ﴿**يا أيها الناس إنا خلقناكم من ذكر وأنثى وجعلنكم شعوباً وقبائل لتعارفوا**﴾.

(الحجرات : ۱۳)

وقال تعالی : ﴿**هو الذي خلقكم من نفس واحدة وجعل منها زوجها ليسكن إليها**﴾.

(الأعراف: ۱۸۹)

وقال تعالی: ﴿**قل هو الذي أنشأكم وجعل لكم السمع والأبصار والأفئدة**﴾.(الملك : ۲۳)

وقال تعالی : ﴿**ولقد خلقنا الإنسان من صلصال من حمإ مسنون**﴾.(النحل :۲۶)

وقال تعالی:﴿ **الله يبدأ الخلق ثم يعيده ثم إليه ترجعون**﴾.(الروم:۱۱)

وقال تعالی: ﴿**هو الله الخالق البارئ المصور له الأسماء الحسنٰى**﴾.(الحشر : ۲۴)

وقال تعالی: ﴿**نحن خلقنكم فلو لا تصدقون ، أفرأيتم ما تمنون، ء أنتم تخلقونه أم نحن الخالقون**﴾.

(الواقعة : ۵۷- ۵۹) =

....

....

= وقال تعالى: ﴿**الذي أحسن كل شيء خلقه وبدأ خلق الإنسان من طين ، ثم جعل نسله من سلٰلة من ماء مهين**﴾. (السجدة : ٨،٧)

وقال تعالى: ﴿**يا أيها الإنسان ما غرك بربك الكريم، الذي خلقك فسواك فعدلك**﴾.(الانفطار :٦،٧)

وقال تعالى: ﴿**وأنه خلق الزوجين الذكر والأنثى، من نطفة إذا تمنى**﴾.(النجم : ٤٦-٤٧)

وقال تعالى: ﴿**اقرأ باسم ربك الذي خلق ، خلق الإنسان من علق**﴾.(اقرأ : ١- ٢)

وقال تعالى: ﴿**ولقد خلقنا الإنسان من سلٰلة من طين**﴾.(المؤمنون : ٢٣)

وقال تعالى: ﴿**وإذ قال ربك للملئكة إني خالق بشراً من صلصال من حمأ مسنون ، فإذا سويته ونفخت فيه من روحي فقعوا له سٰجدين**﴾.(الحجر: ٢٨-٢٩)

وقال تعالى: ﴿**إنا خلقناكم من طين لازب**﴾.(الصافات: ٣٧)

وقال تعالى: ﴿ **خلقكم من نفس واحدة ثم جعل منها زوجها وأنزل لكم من الأنعام ثمٰنية أزواج**﴾.

(الزمر: ٣٩)

وقال تعالى: ﴿**إذ قال ربك للملئكة إني خالق بشراً من طين**﴾.(صٓ: ٣٨)

وقال تعالى: ﴿**فجعل منه الزوجين الذكر والأنثى**﴾.(القيامة : ٧٥)

وقال تعالى: ﴿**هل أتى على الإنسان حين من الدهر لم يكن شيئاً مذكوراً ، إنا خلقنا الإنسان من نطفة أمشاج نبتليه فجعلناه سميعاً بصيراً**﴾.(الدهر : ٧٦)

وقال تعالى: ﴿**فلينظر الإنسان مم خلق ، خلق من ماء دافق ، يخرج من بين الصلب والترائب**﴾.(الطلاق : ٦-٧)

وقال تعالى: ﴿**خلق الإنسان من صلصال كالفخار**﴾.(الرحمن : ٥٥) =

....

....

= وقال تعالى: ﴿**لقد خلقنا الإنسان في أحسن تقويم**﴾.(التين : ٥)

ما في " **السنن الترمذي** ": عن أبي موسى الأشعري رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: " **إن الله خلق آدم من قبضة قبضها من جميع الأرض، فجاء بنو آدم على قدر الأرض فجاء منهم الأحمر والأسود وبين ذلك والسهل والحزن والخبيث والطيب** " .(٢/١٢٤، أبواب التفسير)

ما فى " **الصحيح البخاري** " : عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال:" **خلق الله آدم وطوله ستون ذراعاً ثم قال : اذهب فسلم على أولئك النفر من الملائكة فاستمع ما يحيونك به فإنه تحيتك وتحية ذريتك فقال : السلام عليكم فقالوا : السلام عليك ورحمة الله فزاده ورحمة الله فكل من يدخل الجنة على صورة آدم فلم يزل الخلق ينقص حتى الآن** ".

(١/ ٤٦٨)

ما في " **السنن لأبي داود** " : وعن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :" **إن الله قد ذهب عنكم عبية الجاهلية وفخرها بالآباء، مؤمن تقي وفاجر شقي أنتم بنو آدم وآدم من تراب ليدعن رجال فخرهم بأقوام إنما هم فحم من فحم جهنم أو ليكونن أهون على الله من العجلان التي تدفع بأنفها النتن** ".(ص٦٩٧، كتاب الأدب، باب في التفاخر بالأحساب)

ما في" **الصحيح البخاري** " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **استوصوا بالنساء خيراً فإن المرأة خلقت من ضلع وإن اعوج شيء في الضلع أعلاه فإن ذهبت تقيمه كسرته وإن تركته لم يزل أعوج فاستواصوا بالنساء** ".

(١/ ٤٦٩، كتاب الأنبياء، رقم الحديث : ٣٢٢١)

ما في " **السنن للترمذي** " : عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال:" **لينتهين أقوام يفتخرون بآبائهم الذين ماتوا إنما هم فحم جهنم أو ليكونن أهون على الله من الجعل الذي يدهده الخرء بأنفه إن الله قد أذهب عنكم عبية الجاهلية إنما هو مؤمن تقي وفاجر شقي** ،=

اجمیر شریف کے سات چکر لگانا

مسئلہ(۸): حج پوری دنیا میں صرف ایک ہی جگہ ''مکہ مکرمہ'' میں، سال میں ایک ہی مرتبہ، مقررہ وقت پر ماہِ ذی الحجہ میں، مخصوص افعال کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے، لہذا اگر کوئی شخص حج کی نیت سے اور ثواب سمجھ کر اجمیر کا چکر لگائے تو ثواب تو نہیں ملے گا، البتہ بدعت کا گناہ ضرور ہوگا، کیوں کہ شریعت میں اس کی ممانعت آئی ہے، لہذا ان افعال سے اجتناب ازحد ضروری ہے۔(۱)

= **الناس كلهم بنو آدم وآدم خلق من تراب** ". (۲/ ۲۳۱، باب من فضل اليمن)

ما في "**مجمع الزوائد**" : عن عقبة بن عامر، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : "**إن أنسابكم هذه ليست بسِباب على أحد، وإنما أنتم ولَد آدم طَفُّ الصاع لم تملئوه ليس لأحد فضل على أحد إلا بالدين، أو عمل صالح، حَسْبُ الرجل أن يكون فاحشاً بذيئاً بخيلاً جباناً** ". (۸/ ۱۰٤، رقم الحديث : ۱۳۰۷۷، باب لا فضل لأحد على أحد إلا بالتقوى)

ولقوله عليه السلام: " **إن ربكم واحد وأباكم واحد فلا فضل لعربي على عجمي ولا أحمر على أسود إلا بالتقوى** ". (مجمع الزوائد : ۱۰٤/۸، باب لا فضل لأحد على أحد إلا بالتقوى، رقم الحديث: ۱۳۰۷۹)

وعن أبي سعيد قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **إن أباكم واحد وإن دينكم واحد أبوكم آدم وآدم خلق من تراب** ".

(مجمع الزوائد : ۱۰٤/۸، باب لا فضل لأحد على أحد إلا بالتقوى، **آپ کے مسائل اور ان کا حل:۱۱۵/۹**)

الحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الكتاب**" : ﴿ **ومن يبتغ غير الإسلام ديناً فلن يقبل منه وهو في الآخرة من الخٰسرين**﴾.

(آل عمران:۸۵)

ما في " **الصحيح لمسلم**" : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :" **من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد** ".

(٢/٧٧، كتاب الأقضية ، باب نقض الأحكام الباطلة ومحدثات الأمور)=

....

....

= ما في " **الصحيح البخاري** " : عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: " **قاتل الله اليهود اتخذوا قبور أنبيائهم مساجد**".(١/ ٦٢،كتاب الصلوة ، باب الصلاة في البيعة)

ما في " **مجمع الأنهر** ": الحج شرعاً " زيارة مكان مخصوص" المراد بالزيارة الطواف ، والوقوف ، وبالمكان المخصوص البيت الشريف، والجبل المسمى بعرفات ، في زمان مخصوص وهو أشهر الحج ، بفعل مخصوص وهو الطواف والسعي محرماً .

(١/٣٨٢،كتاب الحج ،كذا في رد المحتارعلى الدرالمختار:٣/ ٣٩٩، كتاب الحج)

ما في " **عمدة القاري** ": الحج قصد إلى زيارة البيت الحرام على وجه التعظيم بأفعال مخصوصة .

(٩/ ١٧٣،كتاب الحج ،كذا في فتح الباري : ٣/٤٧٦ ،كتاب الحج)

ما في " **السنن لأبي داود** ": عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم : " **لا تشد الرحال إلا إلى ثلاثة مساجد ؛ مسجد الحرام ، ومسجدي هذا ، والمسجد الأقصى**".

(١/٣٧٨،كتاب المناسك ، باب في إتيان المدينة ،كذا في مجمع الزوائد:٤/ ٣ ٠ ٥ ،كتاب الحج)

ما في " **بذل المجهود** ": وشد الرحال كناية عن السفر ، أي لا يقصد بالسفر موضع بنية التقرب إلى الله تعالى إلا إلى أحد ثلاثة مساجد ؛ مسجد حرام في مكة ، ومسجدي هذا أي المسجد النبوي ، والمسجد الأقصى .(٧/ ٥٤٩)

ما في " **حجة الله البالغة** " : أقول : كان أهل الجاهلية يقصدون مواضع معظمة بزعمهم يزورونها ، ويتبركون بها ، وفيه من التحريف والفساد ما لا يخفى ، فسدّ النبي صلى الله عليه وسلم الفساد لئلا يلتحق غير الشعائر بالشعائر ، ولئلا يصير ذريعة لعبادة غير الله ، والحق عندي أن القبر ومحل عبادة ولي من أولياء الله والطور كل ذلك سواء في النهي والله أعلم .

(١/٤٣٢، المساجد ، مكتبة دار المعرفة، فتاوى دارالعلوم ديوبند :١/١١٣،كتاب السنة والبدعة ،

فتاوی رحیمیه :٩/٣٥)

پردہ کا مزاق اڑانے والے کا حکمِ شرعی

مسئلہ(۹): اگرکسی شخص نے اپنی بیوی کو پردۂ شرعی کا حکم دیا اور جواباًاس عورت نے کہا کہ میں اخیر عمر تک یہ لعنت قبول نہ کروں گی ،تو شرعاً عورت کا یہ کلمہ،کلمۂ کفر ہے، کیوں کہ اس میں صریح نصِ قطعی سے ثابت شدہ حکمِ حجاب کا انکار ہی نہیں بلکہ اہانتِ حکمِ شرعی ہے،اورنصِ قطعی سے ثابت شدہ حکم کا انکاراوراس کی توہین کرنے سے انسان کافر ہوجاتا ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الكتاب** " : ﴿**يا أيها النبي قل لأزواجک وبنٰتک ونساء المؤمنين يدنين عليهن من جلابيبهن**﴾.(الأحزاب : ٥٩)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : وفي الفتح : من هزل بلفظ كفر ارتد ، وإن لم يعتقده للاستخفاف فهو ككفر العناد.(٦/ ٢٧٠،كتاب الجهاد، باب المرتد)

ما في " **البحر الرائق** " : ويكفر إذا أنكر آية من القرآن أو سخر بآية منه.

(٥/ ٢٠٥،كتاب السير ، باب أحكام المرتدين ،كذا في الفتاوى التاتارخانية :٤/ ٢٥٠، فيما يتعلق بالقرآن)

ما في " **شرح الفقه الأكبر** " : وفي جواهر الفقه : من أنكر آية من كتاب الله .... كفر، وفيه : من جحد القرآن أي كله أو سورة منه أو آية ، قلت : وكذا كلمةً أو قراءة متواترة ، أو زعم أنها ليست من كلام الله تعالى كفر ، أي إذا كان كونه من القرآن مجمعاً عليه .(ص١٦٧، فصل في القراءة والصلوة)

وفيه أيضاً : إن استحال المعصية صغيرة كانت أو كبيرة كفر ، إذا ثبت كونها معصية بدلالة قطعية ، وكذا الاستهانة بها كفر ، بأن يعدها هينة سهلة .(ص١٥٢، استحلال المعصية ولو صغيرة كفر)

ما في " **التفسير البيضاوي** " : الكفر لغة ستر النعمة وأصله الكفر بالفتح .... وفي الشرع : إنكار ما علم بالضرورة مجيء الرسول به ، وإنما عد منه لبس الغيار وشد الزنار ونحوهما كفراً لأنها تدل على =

لہٰذا اس عورت پر توبہ، تجدیدِ ایمان اور تجدیدِ نکاح ضروری ہے(۱)۔

تاریخی جنتری پر اعتقاد ویقین رکھنا

مسئلہ(۱۰): آج کل ایک تاریخی جنتری عام ہورہی ہے، جس میں پیشن گوئیاں لکھی ہوئی ہیں، ان پیشن گوئیوں پر اعتقاد ویقین رکھنا شرعاً جائز نہیں ہے، بلکہ یہ اعتقاد ویقین کفر تک پہونچا دیتا ہے۔(۲)

= التكذيب فإن من صدق رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يجترئ عليها ظاهراً لا لأنها كفر في أنفسها. (ص۲۳، تفسير سورة البقرة)

(۱) ما في " **الفتاوى الهندية** ": ما كان في كونه كفر اختلاف فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح وبالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الاحتياط، ثم إن كانت نية القائل الوجه الذي يوجب التكفير لا تنفعه فتوى المفتي ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلك وتجديد النكاح بينه وبين امرأته .(۲/۳۸۳،كتاب السير ، موجبات الكفر أنواع ، قبيل الباب العاشر في البغاة ، كذا في الفتاوى التاتارخانية : ٤/ ٢٣٣،كتاب أحكام المرتدين في إجزاء ، أحسن الفتاوى :١/ ٣٩، **آپ کے مسائل اور ان کا حل**:۱/۵۰)

الحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الحديث** " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه :" **من أتى كاهناً أو عرافاً فصدقه بما يقول فقد كفر بما أنزل على محمد صلى الله عليه وسلم** ".

(السنن الترمذي :۱/۳۵، السنن لأبي داود:ص٥٤٥،كتاب الطهارة ، باب ما جاء في كراهية إتيان الحائض)

ما في " **الصحيح لمسلم** " : عن بعض أزواج النبي صلى الله عليه وسلم عن النبي صلى الله عليه وسلم قال:" **من أتى عرافاً فسأله عن شيء لم تقبل له صلوته أربعين ليلة** ".

(۲/۲۳۳،كتاب السلام ، باب تحريم الكهانة)

ما في " **رد المحتار على الدر المختار**" : والكاهن : من يتعاطى الخبر عن الكائنات في المستقبل ويدعي معرفة الأسرار ، والعراف : المنجم . (٦/ ٢٩٣،كتاب الجهاد ، مطلب في الكاهن والعراف)

ما في " **النبراس شرح شرح العقائد للفرهاري**" : والمنجم إذا ادعى العلم بالحوادث الآتية وكذا =

مرنے کے بعد روحوں کا واپس آنا

مسئلہ(۱۱): بعض لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ مرنے کے بعد روحیں دوبارہ دنیا میں اپنے گھروں کو واپس آتی ہیں، ان کا یہ عقیدہ سراسر غلطی پر مبنی ہے، کیوں کہ مرنے کے بعد مردوں کی ارواح کا مکان پر آنا نہ تو قرآنِ کریم کی کسی آیت سے ثابت ہے اور نہ تو کسی صریح حدیث سے اس کا ثبوت ملتا ہے، البتہ مرنے کے بعد ارواح کا مستقر قرآن وحدیث میں بیان کیا گیا ہے(۱)، چنانچہ اس سلسلے میں اصولی جواب تو وہی ہے جو حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نور اللہ مرقدہ نے دیا ہے، آپ ''اشرف الجواب'' میں رقمطراز ہیں: ''اگر مردہ منعم علیہ ہے تو اسے دنیا میں آکر لپٹے پھرنے کی کیا ضرورت ہے اور اگر معذب ہے تو فرشتگانِ عذاب کیونکر چھوڑ سکتے ہیں''۔

= الحالية الغائبة عن الحواس فهو مثل الكاهن فيكون كافراً و كذلك يكون مصدقه كافراً .

(ص :٣٤٣، باب مسئلة علم الغيب، مكتبه إمداديه ملتان ، فتاوى محموديه :١/ ٥٠٠)

الحجة على ما قلنا:

(١) (١) ما في " **الكتاب** " : ﴿**كلا إن كتاب الفجار لفى سجين** .... **كلا إن كتاب الأبرار لفى نعيم**﴾ . (سورة التطفيف: ١٨/٧)

ما في " **التفسير المظهرى** " : وجه التطبيق أن مقر أرواح المؤمنين فى عليين أو فى السماء السابعة و نحو ذلك كما مر، ومقر أرواح الكفار فى سجين ومع ذلك لكل روح منها إتصال لجسده فى قبره ـ (١٩٦/١٠)

ما في " **الحديث النبوى** " : عن أبى هريرةؓ عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: لا عدوى ولاطيرة ولا هامة ولا صفر ـ (الصحيح للبخارى: ٨٥٧/٢، كتاب الطب، باب لا هامة)

ما في " **مجمع الزوائد** " : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **إن أرواح المؤمنين في أجواف طير خضر تعلق في شجر الجنة ، قال : بلى ، قالت : فهو ذاك** ". =

نیز دوسرا عقیدہ یہ رکھتے ہیں کہ انبیاء اور اولیاء اپنے جسموں کو جہاں منتقل کرنا چاہیں کرسکتے ہیں، یہ عقیدہ بھی سراسر غلط ہے، کیوں کہ جس طرح روح اپنے تصرفات کیلئے جسم کی محتاج ہوتی ہے اسی طرح جسم بھی بغیر روح کے تصرف نہیں کرسکتا، اور ظاہر ہے کہ مرنے کے بعد جسم کے تصرفات ختم کردیئے جاتے ہیں، لیکن اگر اللہ تعالی کی مدد و نصرت ہوجائے تو اس کی نفی نہیں کی جاسکتی (۱)۔

علاج کیلئے خلافِ توحید منتر پڑھ کر دم کروانا

مسئلہ (۱۲): ایسا شخص جو قرآن وحدیث اور ادعیۂ ماثورہ کے خلاف کسی دوسرے الفاظ سے علاج کرتا ہے، مثلاً بتوں اور شیطانوں کے نام سے، یا کسی اور کلماتِ کفر سے، یا ایسے الفاظ سے جن کے معنی معلوم نہیں، تو اس کے پاس علاج کرانا جائز نہیں اور جب یہ بات یقینی ہے کہ غیر مسلم عامل خلافِ

= وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **روح المؤمن طائر يعلق في شجر الجنة حتى يبعث يوم القيامة** " . (مجمع الزوائد :٣/٥٥، رقم الحديث : ٣٩٣٦ ، ٣٩٣٧)

ما في " **السنن للنسائي** " : قال عليه الصلاة والسلام : " **إنما نسمة المؤمن طائر في شجر الجنة حتى يبعثه الله إلى جسده يوم القيامة** ".(١/ ٢٢٥)

(١) ما في "**مجمع الزوائد**" : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : "**ما من نفس تموت وهي من الله على خير تحبه أن ترجع إليكم ولها نعيم الدنيا وما فيها إلا القتل في سبيل الله فإنه يحب أن يرجع فيقتل مرة أخرى ، لما يرى من ثواب الله له** ".(٥/٣٨٦)

ما في " **مرقاة المفاتيح** " : وفيه بيان أن الجنة مخلوقة موجودة وهو مذهب أهل السنة ، وهي التي أهبط منها آدم ويتنعم فيها المؤمنون في الآخرة ، وفيه أن مجازاة الأموات بالثواب والعقاب قبل يوم القيامة وإن الأرواح باقية لا تفنى فيتنعم المحسن ويعذب المسيء وهو مذهب أهل السنة .(٧/٣٣٩)

توحید منتر ہی سے علاج کرتا ہے تو اس کے پاس علاج کرانا بالکل حرام ہے۔(۱)

وید، بائبل، قرآن وغیرہ کو ایک ہی تصور کرنا

ما في " **البحر الرائق والبدائع** " : وشرط وجوبها العقل والبلوغ والإسلام والحرية وملك نصاب حولي فارغ عن الدين وحاجته الأصلية .(البحر الرائق :۳٥۳/۲، ۳٥٥، بدائع الصنائع : ۳۷۷/۲ ، تبيين الحقائق: ۱۹/۲، الفتاوى الهندية : ۱۷۲/۱، الفتاوى التاتارخانية : ۳/۲ ، فتح القدير: ۱٦۳/۲، كتاب الزكاة، نوادر الفقه:۳۱/۲)

ادائیگیٔ زکوۃ کے لیے کوئی تاریخ متعین نہیں

مسئلہ(۸۸): زکوۃ کی ادائیگی کے واجب ہونے کے لیے کوئی مہینہ یا تاریخ متعین نہیں، بلکہ جس دن نصاب پر سال پورا ہوا اسی تاریخ کو زکوۃ کی ادائیگی واجب ہوگی، مثلاً کوئی شخص یکم محرم الحرام کو صاحبِ نصاب ہوا، تو آئندہ یکم محرم الحرام کو اس پر زکوۃ کی ادائیگی واجب ہوگی (۱)، مگر عام لوگ رمضان المبارک میں زکوۃ ادا کرتے ہیں، بعض تو وہ ہوتے ہیں کہ رمضان ہی میں ان کے نصاب پر سال پورا ہوتا ہے، وہ وقت پر ہی ادا کر رہے ہیں، اور بعض لوگ وہ ہوتے ہیں کہ ان کے نصاب پر سال پہلے ہی پورا ہو چکا ہوتا ہے، مگر زکوۃ کی ادائیگی رمضان میں کرتے ہیں، ان کے لیے بہتر یہ تھا کہ جس وقت سال پورا ہوا اسی وقت ادا کرتے، کیونکہ ادائے زکوۃ میں تاخیر کرنا مکروہِ تحریمی ہے (۲)، اور بعض وہ ہوتے ہیں جو رمضان المبارک کی فضیلت وبرکت (ثواب میں ستر "۷۰" گنا اضافہ) سے فائدہ اٹھانے کے لیے پیشگی زکوۃ دیتے ہیں جو کہ جائز ہے، مگر تین شرطوں کے ساتھ:

۱/...... بوقتِ تعجیل (پیشگی زکوۃ ادا کرتے وقت) سال شروع ہو چکا ہو۔

۲/...... آخر سال میں وہ نصاب کامل ہو جس کی پیشگی زکوۃ دی گئی۔

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما في " **مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي** " : وشرط وجوب أدائها حولان الحول على النصاب الأصلي.(ص: ۳۸۹)

(۲) ما في " **الفتاوى الهندية** " : وتجب على الفور عند تمام الحول، حتى يأثم بتأخيره من غير عذر، وفي رواية الرازي على التراخي حتى يأثم عند الموت، والأول أصح كذا في التهذيب.

(۱/ ۱۷۰، كتاب الزكاة، الباب الأول وتفسيرها وصفتها وشرائطها)

۳/......درمیان میں اصل نصاب فوت نہ ہو(۱)۔

برتنوں پر زکوۃ واجب نہیں

مسئلہ(۸۹): گھر کے وہ برتن جو کم استعمال میں آتے ہیں ان پر زکوۃ واجب نہیں ہے۔(۲)

گڈول پر فروخت کردہ بلڈنگ پر زکوۃ

مسئلہ(۹۰): گڈول(Good Will)پر فروخت کی ہوئی بلڈنگ کی رقم پر بھی زکوۃ واجب ہوگی، جب رقم وصول ہوجائے تو سالِ موجودہ وگذشتہ کی زکوۃ ادا کرنا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) ما في " **الفتاوى التاتارخانية** " : وشرح الطحطاوي : وإنما يجوز التعجيل بشرائط ثلاثة : أحدها: أن يكون الحول منعقداً وقت التعجيل ، والثاني : أن يكون النصاب كاملاً في التي عجل عنه في آخر الحول ، والثالث : أن لا يفوت أصله فيما بين ذلك. (۲/۲۸،كتاب الزكاة، فتاوی حقانیه:۳/۴۸۶)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار والتبيين والفتح** " :(و) فارغ (عن حاجته الأصلية) لأن المشغول بها كالمعدوم وفسره ابن ملك بما يدفع عنه الهلاك تحقيقاً كثيابه أو تقديراً كدينه اهـ."درمختار"........ قوله : (وفسره ابن ملك) أي فسر المشغول بالحاجة الأصلية ، والأولى فسرها وذلك حيث قال : وهي ما يدفع الهلاك عن الإنسان تحقيقاً كالنفقة ودور السكنى وآلات الحرب والثياب المحتاج إليها لدفع الحر أو البرد ، أو تقديراً كالدين ...... وكآلات الحرفة وأثاث المنزل ودواب الركوب وكتب العلم لأهلها.

(رد المحتار : ۳/۱۷۸، كتاب الزكاة ، مطلب في زكاة ثمن المبيع وفاءً ، تبيين الحقائق :۲/۲۳، كتاب الزكاة ، فتح القدير :۲/۱۷۲، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳/۳۷۳، فتاوی رحیمیه:۷/۱۵۳)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **نور الإيضاح** " : وزكاة الدين على أقسام : فإنه قوي ووسط وضعيف ، فالقوي وهو بدل =

نابالغ لڑکی کی طرف سے زکوۃ

مسئلہ(۹۱): اگر باپ نے اپنی نابالغ لڑکی کو اپنی طرف سے سونا دلایا، اور اس کو اس کا مالک بھی بنادیا تو نابالغ ہونے کی وجہ سے نہ لڑکی پر زکوۃ واجب ہوگی (۱)، اور نہ (مالک نہ ہونے کی وجہ سے) باپ پر، البتہ بالغ ہونے کے بعد بچی پر زکوۃ واجب ہوگی، اور صرف بچی کو دلا دینے اور مالک نہ بنانے کی صورت میں باپ پر زکوۃ واجب ہوگی (۲)۔

ٹیوب ویل کے ذریعہ سیراب کیجانے والی زمین کی پیداوار پر عشر

مسئلہ(۹۲): جو زمین ٹیوب ویل (Tube-Well) کے ذریعہ سیراب اور جدید طریقۂ کاشت پر کاشت کیجائے اس کی پیداوار میں بیسواں حصہ بطورِ عشر واجب ہوگا، اور یہ بیسواں حصہ

= القرض ومال التجارة إذا قبضه ، وكان على مقرّ ولو مفلساً ، أو على جاحد عليه بينة زكاه لما مضى، ويتراخى وجوب الأداء إلى أن يقبض أربعين درهماً ففيها درهم لأن ما دون الخمس من النصاب عفو لا زكوة فيه وكذا فيما زاد بحسابه.

(نور الإيضاح : ص۱۵۷، كتاب الزكاة ، حاشيةالطحطاوي :ص۷۱۵، كتاب الزكاة ،الفتاوى الهندية: ۱/۱۷۵، كتاب الزكاة)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار والهداية** " : (وشرط افتراضها: عقل وبلوغ وإسلام وحرية)۔"درمختار"۔ قوله: (عقل وبلوغ) فلا تجب على مجنون وصبي لأنها عبادة محضة وليسا مخاطبين بها .(۳/۱۷۳، كتاب الزكاة ، مطلب في أحكام المعتوه ۔ الهداية :۱/۱۶۵، كتاب الزكاة)

(۲) ما في " **رد المحتار** " :(وسببه) أي سبب افتراضها (ملك نصاب حولي) ."درمختار". قوله : (ملك نصاب) فلا زكاة في سوائم الوقف والخيل المسبلة لعدم الملك .(۳/۱۷۴، كفاية المفتى: ۴/۲۶۷)

کاشت پر آنے والے مصارف کو منہا (وضع) کئے بغیر لازم ہوگا۔(۱)

چارے اور تعمیری فرنیچر وغیرہ کے لیے لگائی گئی فصل پر عشر

مسئلہ (۹۳): آج کل لوگ اپنی زمینوں میں جانوروں کے لیے چارے، اسی طرح تعمیری فرنیچر اور کھیلوں کے سامان کی لکڑیوں کے لیے درختوں کی فصل لگاتے ہیں، پھر یہ چارے اور درخت بڑے اونچے داموں میں فروخت کئے جاتے ہیں، تو اس میں بھی عشر (قیمت کا دسواں حصہ) واجب ہوگا۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار**" : لأن العلة في العدول عن العشر إن نصفه في مستقى غرب ودالية هي زيادة الكلفة كما علمت ، وهي موجودة في شراء الماء .

(۲۶۸/۳، كتاب الزكاة ، باب العشر، مطلب مهم في حكم أراضي مصر اهـ . خير الفتاوى :۴۴۵/۳، فتاوى حقانيه: ۵۶۷/۳، فتاوى عثماني: ۱۲۹/۲)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **رد المحتار**" : (حتى لو أشغل أرضه بها يجب العشر)۔"درمختار" . قوله: (حتى لو أشغل أرضه بها يجب العشر) فلو استنمى أرضه بقوائم الخلاف وما أشبهه أو بالقصب أو الحشيش وكان يقطع ذلك ويبيعه كان فيه العشر.(۲۶۸/۳ ، كتاب الزكاة ، باب العشر، مطلب مهم في حكم أراضي مصر اهـ)

ما في " **الهداية والهندية** " : أما الحطب والقصب والحشيش لا تستنبت في الجنان عادةً بل تنقى عنها حتى لو اتخذها مقصبةً أو مشجرةً أو منبتاً للحشيش يجب فيها العشر.

(۱۸۱/۱، باب زكاة الزروع والثمار، الفتاوى الهندية :۱۸۶/۱، الباب السادس في زكاة الزرع والثمار ، فتاوى قاضيخان على هامش الهندية :۲۷۶/۱، فصل في العشر ، الفتاوى الولوالجية :۲۰۰/۱، ۲۰۱، كتاب الزكاة ، الفصل الرابع فيما يمر على العاشر الخ، فتاوى حقانيه: ۵۸۷/۳)

فکس ڈپوزٹ میں رکھی ہوئی رقم پر زکوۃ واجب ہے

مسئلہ(۹۴): فکس ڈپوزٹ (Fixed-Deposit) میں رکھی ہوئی رقم پر زکوۃ واجب ہے، جب مل جائے تو اصل رقم پر سالہائے گذشتہ کی زکوۃ بھی واجب ہوگی (۱)، اور بطورِ سود ملی ہوئی پوری رقم کا تصدق بلانیتِ ثواب واجب ہوگا (۲)۔

پستول اور کلاشنکوف پر زکوۃ

مسئلہ(۹۵): پستول (Revolver) کلاشنکوف اگر اپنی حفاظت کے لیے ہے تو اس پر زکوۃ واجب نہیں ہے (۳)، اور اگر اس کا کاروبار کرتا ہے تو اس میں لگی مالیت پر زکوۃ واجب ہوگی، اور وجوبِ

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : (ولو كان الدين على مقرّ ملئى أو) على (معسر أو مفلس) أي محكوم بإفلاسه (أو) على (جاحد عليه بينة)، وعن محمد لا زكوة، وهو الصحيح، ذكره ابن مالك وغيره لأن البينة قد لا تقبل (أو علم به قاض) سيجيء أن المفتى به عدم القضاء بعلم القاضي (فوصل إلى ملكه لزم زكوة ما مضى). "درمختار". (۳/۱۸٤، ۱۸۵، مطلب: في زكاة ثمن المبيع وفاء)

(۲) ما في " **رد المحتار** " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ويتصدق به بنية صاحبه، وإن كان مالا مختلطا مجتمعا من الحرام ولا يعلم أربابه ولا شيئا منه بعينه حل له حكما والأحسن ديانة التنزه عنه. (۷/۳۰۱، مطلب فيمن ورث مالا حراما)

وما فى" **رد المحتار**" : لأن سبيل الكسب الخبيث التصدق إذا تعذر الرد على صاحبه .

(۹/۵۵۳، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)

ما في " **قواعد الفقه** " : بقاعدة فقهية : " ما حصل بسبب خبيث فالسبيل رده ".

(ص:۱۱٤، رقم القاعدة :۲۹۳، فتاوی حقانیه:۳/۵۰۵،، فتاوی محمودیه:۹/۳۳٤، کتاب الفتاوی: ۳/۳۲٦، فتاوی اسلامیه:۱/۴۵۲)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **فتح القدير** " : وليس في دور السكنى وثياب البدن وأثاث المنزل ودواب الركوب وعبيد الخدمة وسلاح الاستعمال زكاة، لأنها مشغولة بالحاجة الأصلية وليست بنامية أيضاً .(۲/۱۷۲) =

اداءِ زکوۃ کے دن کی مالیت معتبر ہوگی (۱)۔

قیمتی پتھروں پر زکوۃ

مسئلہ (۹۶): قیمتی پتھروں میں زکوۃ واجب نہیں، لیکن اگر ان کی تجارت کی جائے تو زکوۃ واجب ہوگی۔(۲)

= ما في " **الدر المختار مع رد المحتار وتبيين الحقائق**" : (و) فارغ (عن حاجته الأصلية) لأن المشغول بها كالمعدوم وفسره ابن ملك بما يدفع عنه الهلاك تحقيقاً كثيابه أو تقديراً كدينه اهـ ."درمختار"............. قوله : (وفسره ابن ملك) أي فسر المشغول بالحاجة الأصلية ، والأولى فسرها وذلك حيث قال : وهي ما يدفع الهلاك عن الإنسان تحقيقاً كالنفقة ودور السكنى وآلات الحرب والثياب المحتاج إليها لدفع الحر أو البرد ، أو تقديراً كالدين .... وكآلات الحرفة وأثاث المنزل ودواب الركوب وكتب العلم لأهلها.

(۱۷۸/۳، كتاب الزكاة ، مطلب في زكاة ثمن المبيع وفاءً ، تبيين الحقائق :۲۳/۲، كتاب الزكاة)

(۱) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**": وتعتبر القيمة يوم الوجوب، وقالا يوم الأداء۔ وفي السوائم يوم الأداء إجماعاً، وهو الأصح ."درمختار"........... قوله : (وهو الأصح)...... فإنه ذكر في البدائع أنه قيل : إن المعتبر عنده فيها يوم الوجوب . وقيل يوم الأداء اهـ . وفي المحيط : يعتبر يوم الأداء بالإجماع وهو الأصح . فهو تصحيح للقول الثاني الموافق لقولهما ، وعليه فاعتبار يوم الأداء يكون متفقاً عليه عنده وعندهما.(۲۱۱/۳، باب زكاة الغنم، فتاوى حقانيه:۵۱۸/۳)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الدر المختار**" : (لا زكوة في اللآلي والجواهر) وإن ساوت ألفاً اتفاقاً (إلا أن تكون للتجارة) . "در مختار"........... قوله : (والجواهر) كاللؤلؤ والياقوت والزمرد وأمثالها. درر عن الكافي .

(۱۹٤/۳، قبيل باب السائمة ، الفتاوى الهندية :۱۸۰/۱، الباب الثالث في زكوة الذهب والفضة =

انعامی بانڈز پر زکوۃ واجب ہوگی

مسئلہ(۹۷): انعامی بانڈز (Price Bands) پر زکوۃ واجب ہے، جب بانڈز مالیت کی شکل اختیار کرکے حاصل ہو تو موجودہ وگذشتہ سالوں کی زکوۃ دینا واجب ہوگا۔(۱)

نفسِ انعامی بانڈز سے زکوۃ کی ادائیگی درست نہیں؟

مسئلہ(۹۸): اگر کوئی شخص انعامی بانڈز ہی زکوۃ میں دے تو زکوۃ ادا نہیں ہوگی، کیوں کہ ادائیگیٔ زکوۃ کے صحیح ہونے کے لیے مستحقِ زکوۃ کو مالِ زکوۃ کا مالک بنانا ضروری ہے، جب کہ یہ

= والعروض، الفصل الثاني في العروض، الجوهر النيرة:١/١٧٨، ١٧٩، باب زكوة الذهب، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد:١/٣٥٨، موانع وجوب الزكوة، المصنف لإبن أبي شيبة:٣/٣٥، الموضوع:٣٦، في اللؤلؤ والزمرد، فتاوى حقانيه:٣/٥١٢، فتاوى عثماني:٢/٩٣)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما في " **الدر المختار**" : (ولو كان الدين على مقرّ ملئى أو) على (معسر أو مفلس) أي محكوم بإفلاسه (أو) على (جاحد عليه بينة)، وعن محمد لا زكوة، وهو الصحيح، ذكره ابن مالك وغيره لأن البينة قد لا تقبل (أو علم به قاض) سيجيء أن المفتى به عدم القضاء بعلم القاضي (فوصل إلى ملكه لزم زكوة ما مضى) ."درمختار". (٣/١٨٤، ١٨٥، مطلب: في زكاة ثمن المبيع وفاء)

ما في " **الهداية**" : ولو كان الدين على مقر ملئى أو معسر تجب الزكوة لإمكان الوصول إليه ابتداء.........الخ . (١/١٦٧، كتاب الزكاة)

ما في " **الفتاوى الهندية وحاشية الطحطاوي**" : ووسط وهو ما يجب بدلاً عن مال ليس للتجارة كعبيد الخدمة وثياب البذلة إذا قبض مائتين زكى لما مضى في رواية الأصل . (١/١٧٥، كتاب الزكاة، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ص٣٩٥، كتاب الزكوة، فتاوى حقانيه:٣/٥٠٦)

بانڈز مال نہیں بلکہ اس مال کی رسید ہے جو حکومت (Bank) کے پاس موجود ہے۔(۱)

وجوبِ زکاۃ کے لیے صاحبِ نصاب ہونا ضروری ہے

مسئلہ(۹۹): اگر کوئی ملازم فنڈ کی رقم کی وصولیابی سے پہلے صاحبِ نصاب نہیں تھا، اور نہ ہی رقم اتنی ملی کہ جس سے وہ صاحبِ نصاب بنتا تو اس پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی، کیوں کہ وجوبِ زکوۃ کے لیے صاحبِ نصاب ہونا ضروری ہے۔(۲)

زکوۃ کی رقم سے مسجد کی کوئی چیز خریدنا

مسئلہ(۱۰۰): زکوۃ کی رقم سے مسجد کے لیے جنریٹر (Genrater) یا اور کوئی چیز خریدنا جائز نہیں ہے۔(۳)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **التنوير مع الد ر والرد** " : (هي تمليك جزء مال عينه الشارع من مسلم فقير غير هاشمي ولا مولاه مع قطع المنفعة عن الملك من كل وجه لله تعالىٰ) ." تنوير".

(ردالمحتار : ۳/ ۱۷۰۔۱۷۳، كتاب الزكاة ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۱۷۵، كتاب الزكاة ، الباب الثامن ، تبيين الحقائق : ۲/ ۳، النهر الفائق : ۱/ ۴۱۱، كتاب الزكاة ، الفقه الحنفي وأدلته : الجزء الأول ، كتاب الزكاة : ۳۱۵، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ص۳۸۹، كتاب الزكاة)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الفتاوى التاتارخانية** " : الزكوة واجبة على الحر العاقل البالغ المسلم، إذا ملك ملكاً تاماً، وحال عليه الحول ." المضمرات". الملك التام أن يكون ملكه ثابتاً من جميع الوجوه ، ولا يتمكن النقصان فيه بوجه. (۳/۲)

ما في " **التنوير مع الدر والرد** " :(وسببه) أي سبب افتراضها (ملك نصاب حولي)..........(تام) ." تنوير".

(۳/ ۱۷۴، فتاوی محمودیه:۹/ ۳۴۴)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **رد المحتار** " : (لا) يصرف (إلى بناء) نحو (مسجد)۔"در مختار"۔ قوله: (نحو مسجد) =

پرائیویٹ فنڈ پر زکوۃ

مسئلہ(۱۰۱): کوئی شخص کسی پرائیویٹ کمپنی کا ملازم ہے، اور وہ کمپنی پرائیویٹ فنڈ (P.F) کاٹتی ہے تو چونکہ یہ کمپنی اپنے ملازموں کا پرائیویٹ فنڈ کسی دوسری مستقل کمپنی کو دے دیا کرتی ہے، جس میں ملازمین کا ایک نمائندہ ہوتا ہے، یہ کمپنی چونکہ ملازمین کی وکیل ہوتی ہے، اور وکیل کا قبضہ موکل کا قبضہ شمار ہوتا ہے(۱)، اس لیے اس فنڈ پر زکوۃ واجب ہوگی بشرطیکہ بقدرِ نصاب ہو(۲)۔

تجارتی پلاٹ پر بازاری قیمت کے اعتبار سے زکوۃ واجب ہوگی

مسئلہ(۱۰۲): اگر کسی شخص نے کوئی پلاٹ (Plot) بیچنے اور فروخت کرنے کی نیت سے خریدا ہو تو اس پر بازاری قیمت (Market Rate) کے اعتبار سے زکوۃ واجب ہوگی، مثلاً جس وقت خریدا، اس وقت اس کی قیمت صرف پچاس ہزار تھی، لیکن سال پورا ہوا اس روز اس کی قیمت بازار کے اعتبار سے ایک لاکھ روپئے ہوں تو ایک لاکھ کی زکوۃ ادا کرنی ہوگی۔(۳)

= كبناء القناطر والسقايات وإصلاح الطرقات وكرى الأنهار والحج والجهاد وكل ما لا تمليك فيه۔زيلعي. (۲۹۱/۳، باب المصرف ، النهر الفائق : ۴۶۲/۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفتاوى الولوالجية** " : لأن الوكيل في حق الحقوق بمنزلة المالك.

(۳۲٦/٤ ، كتاب الوكالة)

(۲) ما في " **الفتاوى الهندية** " : وأما شروط وجوبها .... كون المال نصاباً.

(۱۷۳/۱، كتاب الزكاة ، تبيين الحقائق : ۱۹/۲، كتاب الزكاة)

ما في " **خلاصة الفتاوى والتاتارخانية** " : الزكاة إنما تجب إذا ملك نصاباً تاماً ...... اهـ.

(۲۲۵/۱، كتاب الزكاة ، الفتاوى التاتارخانية :۲/۲، جدید فقهی مسائل:۲۱۵/۱، فتاوی حقانیه:۵۰۲/۳، فتاوی عثمانی:۵٦/۲، فتاوی محمودیه: ۴۰۴/۹، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳۷۴/۳،کتاب الفتاوی:۳۲۸/۳)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **البدائع** " : وسواءٌ كان مال التجارة عروضاً أو عقاراً أو شيئاً مما يكال أو يوزن لأن =

پگڑی کی رقم پرزکوۃ

مسئلہ(۱۰۳): مکان یادوکان کا کرایہ دار جو رقم مالکِ مکان کوبطورِ پگڑی ادا کرتا ہے،اس کی زکوۃ مالکِ مکان یادوکان پرلازم ہوگی،اس لیے کہ وہ اس رقم کا مالک ہوچکا ہے۔(۱)

سمندر سے نکالی جانے والی اشیاء پرزکوۃ

مسئلہ(۱۰٤): سمندر سے نکالی جانے والی اشیاء جیسے عنبر،موتی،مونگا،اورمچھلی وغیرہ کی اگر تجارت کیجائے توزکوۃ واجب ہوگی،ورنہ نہیں۔(۲)

= الوجوب في أموال التجارة تعلق بالمعنى وهو المالية والقيمة وهذه الأموال كلها في هذا جنس واحد.(۲/٤١٦)

ما في " **رد المحتار والهندية** " : وتعتبر القيمة يوم الوجوب، وقالا يوم الأداء، وفي السوائم يوم الأداء إجماعا وهو الأصح ، ويقوم في البلد الذي المال فيه ولو في مفازة .(۲/۲۱۱، الفتاوى الهندية :۱/۱۸۰، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳/۳۷۱، ایضاح النوادر:۲۱۷، احسن الفتاوی:٤/۳۱٥، فتاوی رحیمیه:٦/١٥٠)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **التنوير مع الدر والرد** " : (وسببه ملك نصاب حولي تام فارغ عن دين له مطالب من جهة العباد ." تنوير". (۳/۱۷٤_۱۷٦، كتاب الزكاة)

ما في " **الفتاوى التاتارخانية** " : الملك التام...... أن يكون ملكه ثابتاً من جميع الوجوه.

(۲/۳، ایضاح النوادر:۱۸٦)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الفتاوى التاتارخانية** " : الزكوة واجبة في عروض التجارة، وفي المضمرات: يريد بالعروض ما خلا الذهب والفضة والسوائم. (الفتاوى التاتارخانية:۲/۱۷)

ما في " **البحر الرائق** " : قيد بكونها للتجارة لأنها لو كانت للغلة فلا زكاة فيها لأنها ليست للمبايعة.

(۲/۳۹۸)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : (و)لا في (لؤلؤ) هو مطر الربيع (وعنبر) حشيش يطلع في =

گیس کی رقم پر زکوۃ واجب ہوگی

مسئلہ(۱۰۵): اگر کوئی شخص دس پندرہ سلینڈر خریدے اور پھر سلینڈر کا نہیں بلکہ گیس کا کاروبار کرے، یعنی سلینڈر خالی ہونے پر گیس جمع کرلے اور خالی سلینڈر واپس کردے تو زکوۃ گیس کی قیمت پر واجب ہوگی، سلینڈر پر لگی ہوئی رقم پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔(۱)

فروخت کرنے کی نیت سے خریدی گئی چیز پر زکوۃ

مسئلہ(۱۰۶): اگر کوئی چیز اس نیت سے خریدے کہ نفع مل جائے تو بیچ دونگا، تو جب تک فروخت نہ کردے زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔(۲)

= البحر أو خثي دابة (وكذا جميع ما يستخرج من البحر حلية) ولو ذهباً كان كنزاً في قعر البحر لأنه لم يرد عليه القهر فلم يكن غنيمة . "درمختار" .... قوله : (هو مطر الربيع) أي أصله منه ، قال القهستاني : هو جوهر مضيء يخلقه الله تعالى من مطر الربيع الواقع في الصدف الذي قيل إنه حيوان من جنس السمك يخلق الله تعالى اللؤلؤ فيه كما في الكرماني.................. قوله : (ولو ذهبا)......أي ولو كان ما يستخرج من البحر ذهباً مكنوزاً بصنع العباد في قعر البحر فإنه لا خمس فيه وكله للواجد ، والظاهر أن هذا مخصوص فيما ليس عليه علامة الإسلام ولم أره ، فتأمل.

(۳/۲٦۰،كتاب الزكاة، باب الركاز، اسلامی فقه: ۱/٤٥٦)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار** " : وكذلك آلات المحترفين أي سواء كانت مما لا تستهلك عينه في الانتفاع كالقدوم والمبرد أو تستهلك ....قال: وقوارير العطارين ولحم الخيل والحمير المشتراة للتجارة ومقاودها وجلالها إن كان من غرض المشترى بيعها بها ففيها الزكاة وإلا لا .

(۳/۱۸۳،كتاب الزكاة ، مطلب في زكاة ثمن المبيع وفاءً)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **رد المحتار** " : وشرط مقارنتها لعقد التجارة وهوكسب المال بالمال بعقد شراء أو إجارة=

ٹرانسپورٹ کی گاڑیوں پر زکوۃ

مسئلہ(۱۰۷): اگر کسی شخص کا کاروبار ٹرانسپورٹ (Transport) کا ہے جس میں اس کی ٹرکیں یا بسیں چلتی ہیں، یا کسی کی کوئی ٹرک یا بس ٹرانسپورٹ میں چلتی ہے تو ان ٹرکوں اور بسوں سے حاصل ہونے والے منافع پر زکوۃ واجب ہوگی۔(۱)

برقی ٹرانسفر مشین کی آمدنی پر زکوۃ واجب ہوگی

مسئلہ(۱۰۸): اگر کسی شخص کے پاس برقی ٹرانسفر مشین (Transfer Machine) یعنی برقی رو کی طاقت گھٹانے اور بڑھانے والی مشین ہے تو اس پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی، بلکہ اس سے حاصل ہونے والے منافع پر زکوۃ واجب ہوگی۔(۲)

بسی کی رقم پر زکوۃ واجب ہوگی یا نہیں؟

مسئلہ(۱۰۹): چندلوگوں نے آپس میں مل کر بسّی لگائی، مثلاً دس لوگوں نے دودو ہزار روپے بسّی

= أو استقراض ولو نوى التجارة بعد العقد أو اشترى شيئاً ناوياً إن وجد ربحاً باعه لا زكاة عليه.

(۱۹۴/۳، كتاب الزكاة، مطلب في زكاة ثمن المبيع وفاء)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **فتاوى قاضيخان على هامش الهندية والتاتارخانية** " : ولو اشترى قدوراً من صفر يمسكها أو يؤاجرها لا تجب فيها الزكوة كما لا تجب في بيوت الغلة. (۲۵۱/۱، الفتاوى التاتارخانية :۱۹/۲)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الفتاوى الهندية** " : (ومنها فراغ المال) عن حاجته الأصلية فليس في دور السكنى وثياب البدن ودواب الركوب وعبيد الخدمة وسلاح الاستعمال زكاة ....وكذا كتب العلم إن كان من أهله وآلات المحترفين ،كذا في السراج الوهاج . (۱۷۲/۱،۱۷۳، كتاب الزكاة، الباب الأول في تفسيرها وصفتها الخ، فتاوى حقانيه:۵۵۱/۳، فتاوى رحيميه:۱۶۱/۷)

میں لگائے، پھر قرعہ اندازی کے ذریعہ یہ رقم کسی ایک شخص کے پاس جمع کی گئی، تو اس پر صرف دو ہزار روپئے ہی کی زکوۃ واجب ہوگی (جو اس کے ذاتی ہے) بقیہ اٹھارہ ہزار کی حیثیت قرض کی ہوگی جس پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔(۱)

مشترکہ کاروبار کی مالیت پر زکوۃ

مسئلہ(۱۱۰): آج کل لمیٹیڈ کمپنیوں کا رواج عام ہو چکا ہے جس میں چند اشخاص مشترکہ کاروبار کرتے ہیں، کمپنی کا مجموعی سرمایہ نصابِ زکوۃ کے بقدر یا اس سے زائد ہوتا ہے، لیکن اگر اس کی مجموعی مالیت حصہ داروں پر تقسیم کیجائے اور ہر ایک کے حصہ میں بقدرِ نصاب نہ آتی ہو تو زکوۃ واجب نہیں ہوگی (۲)، کیونکہ وجوبِ زکوۃ کے لیے نصابِ کامل کا ہونا ضروری ہے، اور اگر ہر ایک کے حصہ میں بقدرِ نصاب آتی ہے تو زکوۃ واجب ہوگی (۳)۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفتاوى الهندية** " : قال أصحابنا رحمهم الله تعالى: كل دين له مطالب من جهة العباد يمنع وجوب الزكاة سواء كان الدين للعباد كالقرض وثمن المبيع وضمان المتلفات وارش الجراحة ...... الخ .
(۱/ ۱۷۲، کتاب الفتاوی:۱/ ۳۲۶)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **رد المحتار** " : قال العلامه الحصكفي: (ولا تجب) الزكوة عندنا (في نصاب) مشترك (من سائمة) ومال تجارة (وإن صحت الخلطة فيه)............ وإن تعدد النصاب تجب إجماعاً، ويتراجعان بالحصص، وبيانه في الحاوي، فإن بلغ نصيب أحدهما نصاباً زكاه دون الآخر ."درمختار" .... قوله : (في نصاب مشترك) المراد أن يكون بلوغه النصاب بسبب الاشتراك وضم أحد المالين إلى الآخر بحيث لا يبلغ مال كل منهما بانفراده نصاباً. (۳/ ۲۳۵،۲۳۶، باب زكاة المال)

(۳) ما في " **بدائع الصنائع ورد المحتار** " :لما قال العلامة أبو بكر الكاساني: فأما إذا كانت مشتركة =

فنڈز کی مختلف صورتیں اوران پرزکوۃ کا حکم

مسئلہ(**۱۱۱**): فنڈز (Funds) کی مختلف صورتیں ہیں اوران کے احکام بھی مختلف ہیں:

۱-...... گورنمنٹ پرائیوٹ فنڈ (G.P.F)، اس میں حکومت کی حیثیت مستاجر(اجرت پر رکھنے والا) اور ملازم کی حیثیت اجیر (اجرت پر کام کرنے والا) کی ہوتی ہے، فنڈ کی رقم حکومت کے قبضہ میں ہونے کی وجہ سے ملازم کا اس پر قبضہ نہیں ہوتا، جس کی وجہ سے مِلک کا فقدان ہوتا ہے، اس لیے اس فنڈ پرزکوۃ واجب نہیں ہوگی، ہاں اگر یہ فنڈ مل جائے اور بقدرِ نصاب ہوتو سال گزرنے پر زکوۃ واجب ہوگی (۱)، گذشتہ سالوں کی زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

۲-......اگرملازم اس فنڈ سے کسی بیمہ کمپنی میں حصہ لے، تو کمپنی کے فنڈ کی رقم پر قابض ہونے کی وجہ سے ملازم کا قبضہ مان لیا جائے گا، کیوں کہ وہ کمپنی اس ملازم کی وکیل ہوگی، اور وکیل کا قبضہ مؤکل کا

= (بین اثنین) فقد اختلف فیہ، قال أصحابنا: إنه یعتبر في حال الشرکة ما یعتبر في حال الانفراد، وھو کمال النصاب في حق کل واحد منھما، فإن کان نصیب کل واحد منھما یبلغ نصاباً تجب الزکوة، وإلا فلا.

(۲/ ۴۳۳، کتاب الزکاة ، فصل في نصاب الغنم ، رد المحتار: ۳/ ۱۷۴، کتاب الزکاة،ایضاح النوادر:۴ ۳۱)

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما في " **الھدایة** " : الزکاة واجبة علی الحر العاقل البالغ المسلم إذا ملك نصاباً ملکاً تاماً وحال علیه الحول اھـ. (۱/ ۱۶۵،کتاب الزکاة)

ما في " **السنن لأبي داود** " : وقال النبي صلی الله تعالی علیه وسلم: ولیس في مال زکوة حتی یحول علیه الحول.

(ص ۲۲۱، کتاب الزکاة ، سنن الدار قطني : ۲/ ۹۰ ، السنن الکبری : ۴/ ۱۶۰، کتاب الزکاة ، السنن لإبن ماجه : ۱۲۸، کتاب الزکاة، المؤطا للإمام محمد : ص۱۷۴، کتاب الزکاة، نصب الرایة: ۲/ ۳۳۴، کتاب الزکاة)=

قبضہ کہلاتا ہے(۱)، اور فنڈ کی رقم پر ہر سال زکوۃ واجب ہوگی، اس طرح ملک ملکِ تام ہوگی (۲)۔

جوائنٹ فیملی کی کمائی پر زکوۃ

مسئلہ(۱۱۲): اگر کچھ افراد ایک ساتھ رہتے ہوں مگر اپنی سب کمائی سربراہ کو دے دیتے ہوں، وہ اس سے ان کے کھانے پینے، رہنے وغیرہ کا انتظام کرتا ہو، اور پھر بقیہ رقم سے کوئی چیز مثلاً، سونا چاندی وغیرہ خریدا جاتا ہو تو اگر وہ اتنا ہو جائے کہ تقسیم کیا جائے تو ہر کسی کا حصہ نصاب کو پہنچ جائے تو زکوۃ واجب ہوگی ورنہ نہیں، اسی طرح اگر کچھ افراد مل کر کاروبار وغیرہ کرلے تو بھی یہی حکم ہوگا۔ (۳)

پولٹری فارم اور مچھلی کے تالاب پر زکوۃ

مسئلہ(۱۱۳): مرغی فارم(Poultry Forms)، مچھلی کے تالاب کی زمین اور ان کے لیے درکار اسباب وسامان پر زکوۃ نہیں ہے، ہاں اگر فارم اور تالاب کی آمدنی بقدرِ نصاب ہو تو اس پر زکوۃ واجب ہوگی۔

= (۱) ما في " **الفتاوى الولوالجية** " : لأن الوكيل في حق الحقوق بمنزلة المالك.

(۳۲۶/٤، كتاب الوكالة)

(۲) ما في " **الفتاوى الهندية** " : وأما شروط وجوبها ....(ومنها كون المال نصاباً) فلا تجب في أقل منه............(ومنها الملك التام). (۱۷۱/۱، ۱۷۲، كتاب الزكاة)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : (وسببه) أي سبب افتراضها (ملك نصاب حوليّ) نسبة للحول لحولانه عليه (تام) بالرفع صفة ملك ."درمختار". (۱۷٤/۳، كتاب الزكاة)

ما في " **المختصر القدوري** " : الزكوة واجبة على الحر المسلم البالغ العاقل إذا ملك نصاباً كاملاً، ملكاً تاماً وحال عليه الحول. (ص: ٤۳، كتاب الزكاة)

ما في " مجمع البحرين وملتقى النيرين " : يفترض على كل مسلم حر مالك لنصاب حولي. (۱۷۹/۱)

اگر مرغیوں سے انڈے مقصود ہیں اور انہی کی خرید وفروخت کیجاتی ہے تو صرف انڈوں سے حاصل ہونے والی آمدنی پر زکوۃ واجب ہوگی، مرغیوں کی مالیت پر نہیں، اور اگر انڈے مقصود نہیں بلکہ مرغیوں اور چوزوں کو خریدا گیا اس لیے کہ کاروبار کیا جائے تو ان کی مالیت کے اعتبار سے زکوۃ واجب ہوگی۔(۱)

ادائیگیٔ زکوۃ میں موجودہ قیمت معتبر ہوگی

مسئلہ (۱۱۴): زکوۃ ادا کرتے وقت بازار میں سونے کی جو موجودہ قیمت ہوگی اس کا اعتبار ہوگا، اسی طرح چاندی وغیرہ کا حکم ہے۔ مثلاً زید نے دو ہزار آٹھ (2008) میں دس تولہ سونا پینتالیس ہزار (45000) کا خریدا، اور اب دو ہزار نو (2009) میں اس کی قیمت ساٹھ ہزار (60,000) ہوگئی تو اس دوسری قیمت کا اعتبار ہوگا۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الدر المختار على رد المحتار** " : والأصل أن ماعدا الحجرين والسوائم إنما يزكى بنية التجارة بشرط عدم المانع المؤدي إلى الثني ، وشرط مقارنتها لعقد التجارة وهو كسب المال بالمال بعقد شراء أو إجارة أو استقراض ، ولو نوى التجارة بعد العقد أو اشترى شيئاً للقنية ناوياً أنه إن وجد ربحاً باعه لا زكاة عليه۔ " در مختار" ..... قال ابن عابدين الشامي رحمه الله : الثني بكسر الثاء المثلثة وفتح النون في آخره ألف مقصورة : وهو أخذ الصدقة مرتين في عام كما في القاموس ، ومنه كما في المغرب قوله صلى الله عليه وسلم : " **لا ثِنَيَّ في الصدقة** ". (۱۹۴/۳، ۱۹۵، كتاب الزكاة)

ما في " **البدائع** " : وأما صفة هذا النصاب فهي أن يكون معداً للتجارة، وهو أن يمسكها للتجارة؛ وذلك بنية التجارة مقارنة لعمل التجارة.(۴۱۷/۲، فصل في صفة نصاب التجارة، فتاوى حقانيه:۵۲۰/۳)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : (وجاز دفع القيمة......الخ) وتعتبر القيمة يوم الوجوب، =

سونے چاندی کے اعضاء پر زکوۃ واجب ہوگی یا نہیں؟

مسئلہ (۱۱۵): بسا اوقات انسان مصالحِ خاصہ کی بناء پر سونے چاندی کے اعضاء مثلاً ناک، دانت وغیرہ بناتا ہے، یا سونے کے تاروں سے اسے باندھتا ہے، اگر بوقتِ ضرورت بسہولت انہیں نکال کر دوبارہ اپنے محل میں لگانا ممکن ہو تو زیورات کے حکم میں ہونگے اور ان پر زکوۃ واجب ہوگی (۱)، اور اگر نکالنا ممکن نہ ہو تو اجزاء انسانی میں شمار ہوں گے اور ان پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی، کیونکہ وجوبِ زکوۃ کے لیے مالِ نامی یا محتملِ نمو ہونا ضروری ہے (۲)، اور اس صورت میں یہ ممکن ہی نہیں ہے۔

سونے اور چاندی کا نصاب موجودہ زمانے کے اعتبار سے

مسئلہ (۱۱۶): سونے کا نصاب ساڑھے سات تولہ یعنی ۸۷ر گرام ۴۷۹ ملی گرام، اور چاندی کا

= وقالا يوم الأداء .... ويقوم البلد الذي المال فيه، ولو في مفازة ."درمختار"..... قال الشامي : وفي المحيط : يعتبر يوم الأداء بالإجماع وهو الأصح اهـ.(۲۱۱/۳، کتاب الزكاة ، باب زكاة الغنم، فتاوى محموديه:۴۲۲/۹، فتاوى عثمانی:۵۴/۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفتاوى التاتارخانية** " : الزكوة واجبة في الذهب والفضة مضروبة كانت أو غير مضروبة، وفي الخانية مصوغاً كان أو غير مصوغ، حلياً كان للرجال أو للنساء عندنا، نوى التجارة أم لا، إذا بلغت الفضة مائتي درهم والذهب عشرين مثقالاً .(۱۱/۲)

(۲) ما في " **الفتاوى التاتارخانية** " : إن مطلق المال ليس بسبب إنما السبب المال النامي، وطريق النماء في الحيوانات النسل وفيما عداها من المال التجارة.(۳/۲)

ما في " **حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح** " : فرضت على كل حر مسلم مكلف مالك النصاب من نقد ولو تبراً أو حلياً أو آنية أو مايساوي قيمته من عروض تجارة فارغ عن الدين عن حاجته الأصلية نامٍ ولو تقديراً ...... اهـ.(ص : ۳۸۹، جديد فقهى مسائل:۲۰۴/۱، فتاوى حقانيه:۵۳۴/۳)

نصاب ساڑھے باون تولہ چھ سو بارہ گرام ۳۵ رملی گرام ہے، مالِ تجارت یا نقد روپیہ اس وقت نصاب شمار ہوگا جب کہ اس کی مالیت سونے یا چاندی کے مذکورہ وزن کی قیمت کے برابر ہو۔(۱)

کن کن چیزوں پر زکوۃ واجب ہوتی ہے؟

مسئلہ(۱۱۷): شرعاً زکوۃ صرف سونے، چاندی(۱)، نقدی(۲)، مالِ تجارت(۳)، زرعی

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفتاوى الهندية والخلاصة والتاتارخانية** " : تجب في كل مائتي درهم خمسة دراهم، وفي كل عشرين مثقال ذهب نصف مثقال مضروباً كان أو لم يكن، مصوغاً أو غير مصوغ، حلياً كان للرجال أو للنساء، تبراً كان أو سبيكة كذا في الخلاصة .

(الفتاوى الهندية : ۱۷۸/۱، الباب الثالث ، الفصل الأول في زكاة الذهب والفضة ، خلاصة الفتاوى : ۲۳۷/۱، الفتاوى التاتارخانية : ۱۱/۲،۱۲)

ما في " **التنوير مع الدر والرد والتبيين** " : نصاب الذهب عشرون مثقالاً والفضة مائتا درهم، كل عشرة دراهم وزن سبعة مثاقيل ." تنوير". (۲۲٤/۲، تبيين الحقائق : ۷۰/۲، كفاية المفتى:۳۰۱/٤)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفتاوى التاتارخانية والفقه الحنفي وأدلته** " : الزكاة واجبة في الذهب والفضة.

(الفتاوى التاتارخانية :۱۱/۲، الفقه الحنفي وأدلته :۳۳٤/۱ ، الجوهرة النيرة :۱۸۰/۱، فتح القدير: ۲۲۵/۲، البحرالرائق : ۳۹۸/۲)

(۲) ما في " **حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح** " : أن الزكوة تجب في النقد كيف أمسكه للنفقة أو للنماء......اهـ. (ص : ۳۸۹)

(۳) ما في " **الفتاوى الهندية** " : الزكوة واجبة في عروض التجارة كائنة ما كانت إذا بلغت قيمتها نصاباً من الورق والذهب ، كذا في الهداية. (۱۷۹/۱، الفصل الثاني في العروض)

ما في " **الفتاوى التاتارخانية** " : والأموال النامية التي هي سبب لوجوب الزكاة قسمان : السائمة =

پیداوار(۱)اورمویشیوں پرفرض ہوتی ہے(۲)۔

شیئرز پرزکوۃ

مسئلہ(۱۱۸): سال پورا ہونے پرشیئرز کی بازاری قیمت(Market-Value)کے اعتبار سے زکوۃ واجب ہوگی۔(۳)

شیئرز کی مختلف صورتیں اوران پرزکوۃ کاحکم

مسئلہ(۱۱۹): ۱/ اگرشیئرز ایسی کمپنی کے ہیں جوتجارت کرتی ہے،مثلاً لوہا، کپڑا،سمینٹ، الکٹرانک سامان، پہننے اوراوڑھنے کی چیزیں وغیرہ فروخت کرتی ہے،توشیئرز اورمنافع دونوں پرزکوۃ واجب ہوگی(۴)۔

= وأموال التجارة . وأموال التجارة قسمان : مال التجارة وضعاً وهو الحجران، ومال التجارة جعلاً وهو كل مايشترى للتجارة ، ونماء السائمة بالعسل ، ونماء مال التجارة بتغير الأسعار . (۲/٤)

(۱) ما في " **الفتاوى الهندية** " : وهو فرض، وسببه الأرض النامية بالخارج حقيقة......اهـ.

(۱/۱۸۵، الباب السادس في زكاة الزرع والثمار)

(۲) ما في " **بدائع الصنائع والهندية** " : فتجب الزكوة عند كمال النصاب من كل جنس من السوائم ، وسواء كانت كلها ذكوراً أو اناثاً أو مختلطة ، وسواء كانت من نوع واحد أو أنواع مختلفة كالعراب والبخاتي في الإبل والجواميس في البقر ، والضأن والمعز في الغنم ...... اهـ.

(بدائع الصنائع:۲/٤۳٦، الفتاوى الهندية :۱/۱۷٦)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : وتعتبر القيمة يوم الوجوب، وقالا يوم الأداء . "در مختار". وفي الشامي : وفي المحيط : يعتبر يوم الأداء بالإجماع وهو الأصح اهـ .(۳/۲۱۱، جديد فقهى مسائل:۱/۲۱۱،فتاوى حقانيه:۳/۵۰۳، فتاوى نظام الفتاوى اندورائيه:۱/۱۱۰، فتاوى عثمانى:۲/۷۱)

والحجة على ما قلنا:

(٤) ما في " **الفتاوى الهندية والهداية** " : ومن كان له نصاب فاستفاد في أثناء الحول مالاً من جنسه =

۲/ اوراگرشیئرز ایسی کمپنی کے ہیں جوتجارت نہیں کرتی ، بلکہ محض کرایہ وصول کرتی ہے، جیسا کہ ریلوے کمپنی اوربس کمپنی وغیرہ تومحض منافعِ شیئرز پرزکوۃ واجب ہوگی (۱)۔

۳/ اگرشیئرزایسی کمپنی کے ہیں جوخام مال خرید کرسامان اور چیزیں تیارکرکےفروخت کرتی ہے،تو شیئرزاورمنافع دونوں پرزکوۃ واجب ہوگی (۲)۔

کمپنی میں موجودشیئرزکی قیمت پرزکوۃ

مسئلہ(۱۲۰): اگرکسی شخص نے کمپنی کےشیئرزمیں اتنی رقم لگارکھی ہےجوچاندی کےنصاب کی قیمت کے برابرہوتوحولانِ حول (سال گزرنے) کی صورت میں اس پرزکوۃ واجب ہوگی۔(۳)

= ضمه إلى ماله وزكاه سواء كان المستفاد من نمائه أو لا. (۱/۱۷۵، الهداية :۱/۱۷۳)

(۱) ما في " **الفتاوى الهندية** " : ولو اشترى قدوراً من صفر يمسكها ويؤاجرها لا تجب فيها الزكاة كما لا تجب في بيوت الغلة ...... اهـ. (۱/۱۸۰)

(۲) ما في " **الفتاوى الهندية والتبيين** " : الزكاة واجبة في عروض التجارة كائناً ما بلغت قيمتها نصاباً من الورق والذهب كذا في الهداية اهـ. (الفتاوى الهندية:۱/۱۷۹، تبيين الحقائق:۲/۷۷)

والحجة على ما قلنا

(۳) ما في " **رد المحتار** " : فـ (تجب) زكاتها إذا تم نصاباً وحال الحول."درمختار". قوله : (إذا تم نصاباً) الضمير في" تم" يعود للدين المفهوم من الديون ، والمراد إذا بلغ نصاباً بنفسه أو بما عنده مما يتم به النصاب. (۳/۲۳٦، باب زكاة المال)

وما فيه **أيضاً** : (وشرطه) أي شرط افتراض أدائها (حولان الحول) وهو في ملكه (وثمنية المال كالدراهم والدنانير) لتعينهما للتجارة بأصل الخلقة فتلزم الزكاة كيفما أمسكهما ولو للنفقة.

(۳/۱۷۵،۱۸٦، كتاب الزكاة) =

شیئرز پر زکوۃ کی ادائیگی میں مارکیٹ ویلو کا اعتبار ہوگا

مسئلہ(۱۲۱): جس وقت کمپنی نے اپنے شیئرز مارکیٹ میں لانچ کئے، اس وقت اس پر درج قیمت کو (Face-Value) کہتے ہیں، اور بازار میں جس قیمت میں وہ فروخت ہورہا ہے اسے (Market-Value) کہتے ہیں، اور جس وقت کمپنی بند ہوجائے اس وقت شیئرز کی جو قیمت ہوتی ہے اسے (Break up value) کہتے ہیں۔ زکوۃ کی ادائیگی میں بازاری قیمت (Market-Value) کا اعتبار ہوگا۔(۱)

کپڑوں میں لگے سونے چاندی کے تاروں پر زکوۃ

مسئلہ(۱۲۲): اگر کپڑوں میں سونے یا چاندی کے تار ہوں تو ان کے وزن کا اندازہ کرکے اس کی قیمت پر زکوۃ واجب ہوگی۔(۲)

= ما في " **الفتاوى الهندية** " : ومن كان له نصاب فاستفاد في أثناء الحول مالا من جنسه ضمه إلى ماله وزكاه سواء كان المستفاد من نمائه أولا اهـ.(۱/۱۷۵، كتاب الزكاة ، الباب الأول، فتاوی عثمانی:۲/۷۱)

والحجة على ما قلنا

(۱) ما في " **رد المحتار** " : وتعتبر القيمة يوم الوجوب ، وقالا يوم الأداء ." درمختار". وفي الشامي: وفي المحيط : يعتبر يوم الأداء بالإجماع وهو الأصح اهـ.

(۳/۲۱۱، باب زكاة الغنم، فتاوی دارالعلوم:۶/۱٤۱، اسلام اور جدید معیشت وتجارت: ص۹۳)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **البدائع** " : لا يعتبر في هذا النصاب صفة زائدة على كونه فضة ، فتجب الزكاة فيها ، سواء كانت دراهم مضروبة أو نقرة ، أو تبراً أو حلياً مصوغاً ، أو حلية سيف ، أو منطقة أو لجام أو سرج ، أو الكواكب في المصاحف والأواني وغيرها ، إذا كانت تخلص عند الإذابة إذا بلغت مائتي درهم سواء =

قرض پر زکوۃ

مسئلہ (۱۲۳): جورقم قرضِ حسنہ کے طور پر دی گئی اس کے وصول ہونے پر سالہائے گذشتہ کی زکوۃ واجب ہوتی ہے، اگر وصول ہونے سے پہلے دیدیا تو یہ بھی جائز ہے، اور اگر وصولی کی بالکل ہی امید نہ ہوتو زکوۃ واجب نہیں ہوگی، لیکن خلافِ توقع وامید وصول ہوجائے تو سالہائے گذشتہ کی زکوۃ دینا بھی واجب ہوگا۔(۱)

ادائیگیٔ زکوۃ کے لیے نیت ضروری ہے

مسئلہ (۱۲۴): زکوۃ کی نیت کئے بغیر زکوۃ ادا کرنے سے زکوۃ ادا نہیں ہوگی، کیونکہ مالِ زکوۃ دیتے یا نکالتے وقت زکوۃ کی نیت کرنا ضروری ہے۔(۲)

= كان يمسكها للتجارة أو للنفقة ، أو للتجمل أو لم ينو شيئاً.

(بدائع الصنائع : ۲/ ٤٠٦ ، كتاب الزكاة ، فصل في بيان النصاب ، فتاوی حقانیه : ۳/ ٥١٣)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح** " : وزكاة الدين على أقسام : فإنه قوي ووسط وضعيف ، فالقوي وهو بدل القرض ومال التجارة إذا قبضه وكان على مقر ولو مفلساً أو على جاحد عليه بينة زكاه لما مضى. (ص:٣٩٠، كتاب الزكاة ، فتاوی حقانیه : ۳/ ٥٣٢ـ ٤٩٨)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : (ولو كان الدين على مقر مليء أو) على (معسر أو مفلس) أي محكوم بإفلاسه (أو) على (جاحد عليه بينة) وعن محمد لا زكوة، وهو الصحيح ." درمختار".

(۳/ ١٨٤، ١٨٥، مطلب : في زكاة ثمن المبيع وفاءً، فتاوی حقانیه:۳/ ٤٩٨، فتاوی محمودیه:۳/ ٤٠٢، فتاوی عثمانی:۲/ ٦٤)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الأشباه والنظائر لإبن نجيم الحنفي** " : وأما الزكاة فلا يصح أدائها إلا بالنية.(١/ ٨٤)

ما في " **المختصر القدوري والهندية** ": ولا يجوز أداء الزكاة إلا بنية مقارنة للأداء أو مقارنة لعزل=

ضمانت کی رقم واپس ملنے پر زکوۃ لازم ہوگی

مسئلہ(۱۲۵): اگر کوئی شخص بطورِ ضمانت کچھ رقم حکومت یا سرکار کے پاس جمع کرے، اور پھر ایک مدت کے بعد وہ رقم اسے واپس مل جائے تو گذشتہ سالوں کی زکوۃ بھی واجب ہوگی۔(۱)

سیکورٹی ڈپوزٹ پر زکوۃ لازم نہیں

مسئلہ(۱۲۶): بعض دفعہ مکانات یا دوکانیں کرایہ پر لیتے ہوئے مالکِ مکان کو کچھ پیشگی رقم بطورِ ضمانت (Securety-Deposit) دی جاتی ہے، اس رقم کی زکوۃ نہ تو دینے والے پر واجب ہوگی اور نہ ہی لینے والے پر، کیونکہ یہ رہن کے حکم میں ہے، اور رہن میں نہ راہن (رہن رکھنے والا) پر زکوۃ واجب ہوتی ہے اور نہ مرتہن (جس کے پاس رہن رکھا گیا) پر۔ اور جب رہن کی رقم واپس مل جائے تو سالہائے گذشتہ کی زکوۃ بھی واجب نہیں ہوگی۔(۲)

=مقدار الواجب.

(المختصر القدوري :ص۴۳، الفتاوی الهندية :۱/ ۱۷۰، تنوير الأبصار مع الدر على الرد : ۳/ ۱۸۷)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار وحاشية الطحطاوي** " : (ولو كان الدين على مقر مليء أو على (معسر أو مفلس) أي محكوم بإفلاسه (أو) على (جاحد عليه بينة) وعن محمد لا زكاة ، وهو الصحيح ، ذكره ابن ملك وغيره لأن البينة قد لا تقبل (أو علم به قاض) سيجيء أن المفتى به عدم القضاء بعلم القاضي (فوصل إلى ملكه لزم زكاة ما مضى) ."درمختار".

(رد المحتار: ۳/ ۱۸۴،۱۸۵، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ۳۹۰، فتاوی حقانيه:۳/ ۵۰۷، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳۵۳، کتاب الفتاوی:۳/ ۲۷۸)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **رد المحتار** " : قال العلامة الحصكفي : ولا في مرهون بعد قبضه ."در مختار". قال ابن عابدين : أي لا على المرتهن لعدم ملك الرقبة ، ولا على الراهن لعدم اليد ، وإذا استرده الراهن لا يزكي عن =

زیورات میں لگے نگ پر زکوۃ ہے یا نہیں؟

مسئلہ(۱۲۷): سونے یا چاندی سے اگر ایسی چیز ملی ہوئی ہو کہ جس کو اس سے الگ کیا جا سکتا ہو تو وہ سونے چاندی کے حکم میں نہیں ہے، لہذا نگ بھی ایسی ہی چیزوں میں سے ہے کہ اسے اصل زیور سے نکالا جا سکتا ہے، اس لیے نگ میں زکوۃ واجب نہیں، لیکن اس نگ کے وزن کو معلوم کر کے اس وزن کو زیور کے وزن سے منہا (وضع) کر کے زکوۃ کا حساب درست ہوگا۔ البتہ وہ کھوٹ جو سونے چاندی میں ملا دی گئی ہو وہ سونے چاندی ہی کے وزن میں شمار ہوگی، اور اس کھوٹ ملے سونے چاندی کی جو قیمت بازار میں ہوگی اسی کے حساب سے زکوۃ ادا کی جائے گی۔(۱)

=السنين الماضية ، وهو معنى قول الشارح : "بعد قبضه" ويدل عليه قول البحر : ومن موانع الوجوب الرهن. (۳/ ۱۸۰، مطلب : في زكاة ثمن المبيع وفاء)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **فتح القدير**" : (وإذا كـان الـغالب على الورق الفضة فهو في حكم الفضة، وإذا كان الغالب عليها الغش فهو في حكم العروض يعتبر أن تبلغ قيمته نصاباً) .... قوله : (فهو في حكم الفضة) أي فتجب فيه الزكاة كأنه كله فضة لا زكاة العروض ولو كان أعدها للتجارة، بخلاف ما إذا كان الغش غـالبـاً، فـإن نـواهـا للتجارة اعتبرت قيمتها ، وإن لم ينوها فإن كانت بحيث يتخلص منها فضة تبلغ نصاباً وحـدهـا أو لا تبـلغ، لكن عنده ما يضمه إليها فيبلغ نصاباً وجب فيها لأن عين النقدين لا يشترط فيهما نية التجارة ولا القيمة ، وإن لم يخلص فلا شيء عليه.(۲/ ۲۱۸۔ ۲۲۰ ، باب زكاة المال ، فصل في الفضة)

ما في " **رد المحتار**" : (و) يـضـم (الذهب إلى الفضة) وعكسه بجامع الثمنية (قيمة) وقالا بالإجزاء ."در مختار"........ قوله : (ويضم الخ) أي عند الاجتماع ، أما عند انفراد أحدهما فلا تعتبر القيمة إجماعاً ." بدائع" . لأن المعتبر وزنه أداء ووجوباً كما مر . وفي البدائع أيضا أن ما ذكر من وجوب الضم إذا لم يكن كل واحد منهما نصاباً بأن كان أقل ، فلو كان كل منهما نصاباً تاماً بدون زيادة لا يجب الضم ، بل ينبغي=

مکان یا فلیٹ کے کرایہ پر زکوۃ لازم ہوگی

مسئلہ(۱۲۸): اگر کسی نے مکان یا فلیٹ (Flat) کرایہ پر دینے کے لیے خریدا نہ کہ اپنی رہائش کے لیے، تو اس سے حاصل ہونے والے کرایہ پر جب کہ وہ بقدرِ نصاب ہو زکوۃ واجب ہوگی۔(۱)

استعمالی چیزیں مثلاً فریج وغیرہ پر زکوۃ لازم نہیں ہوگی

مسئلہ (۱۲۹): استعمالی چیزیں جیسے فریج (Freeze)، واشنگ مشین (Washing-Machine)، موٹر سائیکل (Moter-Cycle)، ٹیپ ریکارڈ (Tape-Record) اور کمپیوٹر (Computer) وغیرہ پر زکوۃ واجب نہیں ہے۔

=أن يؤدي من كل و احد زكاته ، فلو ضم حتى يؤدي كله من الذهب أو الفضة فلا بأس به عندنا ، ولكن يجب أن يكون التقويم بما هو أنفع للفقراء رواجاً ، وإلا يؤدي من كل منهما ربع عشره. (۳/۲۳٤، باب زكاة المال، فتاوى حقانيه:۳/٥٥٤، فتاوى محموديه:۹/۳٦۹، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳/۳۷۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : (واللازم) مبتدأ (في مضروب كل) منهما (ومعموله ولو تبراً أو حلياً مطلقاً)....... (أو) في (عرض تجارة قيمته نصاب) ....(من ذهب أو ورق) .... (مقوماً بأحدهما ربع عشر)."درمختار". (۳/۲۲۷_ ۲۲۹ ، باب زكاة المال)

ما في " **الفتاوى التاتارخانية**" : وفي فتاوى الشيخ الفقيه أبي الليث إذا اشترى جوالق بعشرة آلاف درهم ليؤاجرها من الناس فحال عليها الحول ، فلا زكاة فيها لأنه اشتراها للغلة لا للتجارة.(۲/۱۹)

ما في " **فتاوى قاضيخان على هامش الهندية**" : إذا آجر داره أو عبده بمائتي درهم لا تجب الزكاة ما لم يحل الحول بعد القبض في قول أبي حنيفة رحمه الله ، فإن كانت الدار والعبد للتجارة وقبض أربعين درهماً بعد الحول ، كان عليه درهم بحكم الحول الماضي قبل القبض ، لأن أجرة دار التجارة وعبد التجارة بمنزل ثمن التجارة في الصحيح من الرواية.

(۱/۲٥۳، فتاوى حقانيه:۳/٥٥۱، فتاوى محموديه:۹/٤۲٥، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳/۳۷۱)

ہاں اگران چیزوں کی تجارت کرتا ہواوران کی قیمت چاندی کے نصاب کے برابر ہوتو زکوۃ واجب ہوگی۔(۱)

ادائیگیٔ زکوۃ میں قمری سال معتبر ہوگا

مسئلہ(۱۳۰): زکوۃ اس وقت واجب ہوگی جب کہ نصابِ زکوۃ پرقمری سال (اسلامی سال) کے اعتبار سے پورا سال گذر جائے، انگریزی تاریخ کا اعتبار نہیں ہوگا، مثلاً اگرکوئی آدمی ذوالحجہ کی ۹/تاریخ کوصاحبِ نصاب ہواتو آئندہ سال ۹/ذوالحجہ کواس کے نصاب پرسال پورا ہوگا،اورادائیگیٔ زکوۃ واجب ہوگی۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : (ولا في ثياب البدن) المحتاج إليها لدفع الحر والبرد ، ابن ملك (وأثاث المنزل ودور السكنى ونحوها) وكذا الكتب وإن لم تكن لأهلها إذا لم تنو للتجارة.

"درمختار". (۱۸۲/۳، كتاب الزكاة)

ما في " **الفتاوى الهندية**" : ومنها فراغ المال عن حاجته الأصلية فليس في دور السكنى وثياب البدن وأثاث المنزل ودواب الركوب وعبيد الخدمة وسلاح الاستعمال زكاة. (۱۷۲/۱)

ما في " **الفتاوى التاتارخانية**" : ولاتجب الزكوة في الشحوم والادهان التي يحتاج إليها ليدهن بها الجلود ، وآلات الصناع الذين يعملون بها ، وظروف الأمتعة لا تجب فيها الزكاة.(۱۹/۲، فتاوی عثمانی:۵۱/۲)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **رد المحتار**" : (وحولها) أي الزكاة (قمري) بحر عن القنية (لا شمسي) وسيجيء الفرق في العنين."در مختار"........ قوله : (وسيجيء الفرق) عبارته مع المتن: وأجل سنة قمرية بالأهلة على المذهب وهي ثلاث مائة وأربع وخمسون وبعض يوم . وقيل شمسية بالأيام وهي أزيد بأحد عشر يوماً اهـ.

(۲۲۳/۳، باب زكاة الغنم ، مطلب : استحلال المعصية القطعية كفر، فتاوی حقانيه:۴۸۴/۳)

پیشگی ادائیگی زکوۃ کا حکم

مسئلہ(۱۳۱): اگر کوئی آدمی نصاب پر سال گذرنے سے پہلے ہی پیشگی زکوۃ دیدے تو جائز ہے، سال پورا ہونے پر نصاب باقی ہے تو یہ پیشگی ادا کردہ زکوۃ، زکوۃ ہوگی، ورنہ صدقۂ نافلہ ہوگی۔(۱)

زکوۃ کی رقم سے حج میں جانا

مسئلہ(۱۳۲): اگر کوئی شخص اس لیے زکوۃ کی رقم لیتا ہے تا کہ حج میں جائے تو اس کا یہ عمل جائز نہیں ہے۔(۲)

حج کے لیے الگ رکھے ہوئے روپیوں پر زکوۃ

مسئلہ(۱۳۳): جو روپئے حج کے لیے الگ کر رکھا ہے اس پر بھی زکوۃ واجب ہوگی۔(۳)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفتاوى الولوالجية والتاتارخانية** " : يجوز تعجيل الزكاة بعد ملك النصاب، لأنه عجل بعد وجوب السبب وهو ملك النصاب .... ولا يجوز التعجيل على ملك النصاب لفقد السبب أصلاً.(الفتاوى الولوالجية : ۱۹۳/۲، الفتاوى التاتارخانية : ۲۷/۲،۲۸، فتاوى محموديه:۴۴۶/۹، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳۶۸/۳، فتاوى رحيميه:۱۴۴/۷)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : (و) لا إلى (غني) يملك قدر نصاب فارغ عن حاجته الأصلية من أي مال كان ...... اهـ."درمختار".

(رد المحتار : ۲۹۵/۳،۲۹۶، فتاوى محموديه : ۵۶۶/۹)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي** " : فرضت على حر مسلم مكلف مالك النصاب من نقد ولو تبراً أو حلياً أو آنية أو مايساوي قيمته، من عروض تجارة فارغ عن الدين، وعن حاجته الأصلية =

حج میں خرچ کے بعد بچی ہوئی رقم پر زکوۃ

مسئلہ(۱۳٤): اگر کسی شخص نے حج میں جانے کے لیے حج کمیٹی یا کسی ٹور والے کو پیشگی رقم جمع کردی تو آمد ورفت کا کرایہ، معلم فیس، پر زکوۃ واجب نہیں، البتہ جو رقم اس کو کرنسی کی صورت میں واپس دی جائے، اور وہ خرچ کے بعد بچ جائے تو سال پورا ہونے پر اس کی زکوۃ واجب ہوگی۔(۱)

غصب اور رشوت وغیرہ کے ذریعہ حاصل کیے گئے مال پر زکوۃ

مسئلہ(۱۳۵): غصب، رشوت، سود، چوری اور خیانت وغیرہ کے ذریعہ حاصل کئے ہوئے مال میں زکوۃ واجب نہیں، کیونکہ یہ سب مالِ حرام ہے، اور مالِ حرام کا حکم یہ ہے کہ وہ ان کے اصل مالکوں، یا ان کے ورثاء کو واپس کردیا جائے اگر وہ معلوم ہوں، اور اگر معلوم نہ ہوں تو بلا نیتِ ثواب صدقہ کردیا جائے۔(۲)

= نام ولو تقديراً ." مراقي الفلاح " .... قوله : (وعن حاجته الأصلية) كثيابه المحتاج إليها لدفع الحر والبرد وكالنفقة ، ودور السكنى وآلات الحرب والحرفة وأساس المنزل ودواب الركوب وكتب العلم لأهلها اهـ.........أن الزكاة تجب في النقد كيف أمسكه للنفقة أو للنماء اهـ.

(ص: ۳۸۹، فتاوی حقانیه:۳/٤۹۳، فتاوی محمودیه:۹/۳۳۷، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳/۳۷۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار**" : ويخالفه ما في المعراج في فصل زكاة العروض أن الزكاة تجب في النقد كيفما أمسكه للنماء أو للنفقة .... إذا أمسكه لينفق منه كل ما يحتاجه فحال الحول، وقد بقي معه منه نصاب فإنه يزكي ذلك الباقي، وإن كان قصده الإنفاق منه أيضا في المستقبل لعدم استحقاق صرفه إلى حوائجه الأصلية وقت حولان الحول.(۳/۱۷۹)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **رد المحتار**" : وإلا فلا زكاة، كما لو كان الكل خبيثاً اهـ."درمختار". قوله: (كما لو كان الكل خبيثاً) في القنية: ولو كان الخبيث نصاباً لا يلزمه الزكاة، لأن الكل واجب التصدق عليه .... قلت : لكن قدمنا عن القنية والبزازية أن ما وجب التصدق بكله لا يفيد التصدق ببعضه،=

ایک سے زائد مکان ہوں تو ان پر زکوۃ لازم ہوگی یا نہیں؟

مسئلہ(۱۳۶): اگر کسی شخص کے کئی مکان ہوں، ایک میں وہ رہائش پذیر ہے، اور دوسرے مکانوں کو کرایہ پر دے رکھا ہے تو جو مکان کرایہ پر دے رکھا ہے، ان سے حاصل ہونے والا کرایہ بقدرِ نصاب ہو تو زکوۃ واجب ہوگی ورنہ نہیں۔

نوٹ:۔...... کرایہ پر دیئے ہوئے مکانوں کی مالیت (قیمت) پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

= لأن المغصوب إن علمت أصحابه أو ورثتهم وجب رده عليهم، وإلا وجب التصدق به.

(۲۱۸/۳، باب زكاة الغنم، قبيل مطلب: في التصدق من المال الحرام)

والحجة على ما قلنا:

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : (ولا في ثياب البدن) المحتاج إليها .... (وأثاث المنزل ودور السكنى ونحوها) ." درمختار" .... قوله : (ونحوها) أي كثياب البدن الغير المحتاج إليها وكالحوانيت والعقارات. (۱۸۲/۳، مطلب : في زكاة ثمن المبيع وفاء)

ما في " **الفتاوى التاتارخانية**" : وفي فتاوى الشيخ الفقيه أبي الليث : إذا اشترى جوالق بعشرة آلاف درهم ليؤاجرها من الناس فحال عليها الحول فلا زكاة فيها لأنه اشتراها للغلة لا للتجارة............ ولو اشترى الرجل عبداً للتجارة ثم آجره يخرج من أن يكون للتجارة لأنه لما آجره فقد قصد المنفعة.

(۱۹/۲)

کتاب الصوم

(روزہ کا بیان)

روزہ صحتِ جسمانی وروحانی کے لیے ایک نسخۂ کیمیا

فرمانِ باری تعالیٰ ہے:...... ﴿یآیھا الذین اٰمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون﴾....... اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کیے گئے جیسا کہ ان لوگوں پر فرض کیے گئے تھے جو تم سے قبل ہوئے، عجب نہیں کہ تم متقی بن جاؤ۔(۱)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:...... ((بني الإسلام علی خمس؛ شهادة أن لا إلٰه إلا الله وأن محمدا رسول الله ، و إقام الصلوة وإيتاء الزكوة ، والحج ، وصوم رمضان))....... اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: اس بات کی شہادت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، اور نماز قائم کرنا، زکوۃ اور حج ادا کرنا، اور رمضان کے روزے رکھنا۔(۲)

روزہ کی لغوی واصطلاحی تعریف:......

لغت میں......بات چیت یا کھانے پینے سے رکے رہنے کو روزہ کہتے ہیں۔

اصطلاح میں......از صبحِ صادق تا غروبِ شمس، اکل وشرب، جماع، اور بری باتوں سے بچنے کو

---

(۱) (البقرة:۱۸۳)

(۲) (صحيح البخاري : ٦/١)

روزہ کہتے ہیں(۱)۔

اسلام ایک متنوع العبادات مذہب ہے جیسے نماز، زکوۃ، روزہ، حج وغیرہ، تمام عبادتوں کا منشا ومقصد خدا تعالیٰ کی اطاعت، فرمانبرداری اور کمالِ بندگی ہے، مگر کچھ عبادتیں ایسی ہیں جو عمل میں جھلکتی ہیں، مثلاً نماز، زکوۃ، حج، اور کچھ عبادتیں ایسی ہیں جو عمل میں نہیں جھلکتی، جیسے روزہ جو نہ قولی ہے نہ فعلی بلکہ صرف امساک ہے۔

روزہ کی تعریف:" **هو الإمساک عن الأکل والشرب**" کے ظاہر پر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک منفی عمل ہے، لیکن اپنی حقیقت اور روح کے اعتبار سے ایجابی عمل ہے۔

فرضیتِ روزہ:.......

" **کتب علیکم الصیام** " اسلام کے ارکانِ خمسہ میں روزہ کا درجہ تیسرے نمبر پر ہے، اسلام نے فرضیتِ احکام میں یہ روش اختیار کی کہ پہلے نماز کو جو ذرا ہلکی عبادت ہے فرض کیا، پھر اس کے بعد زکوۃ، پھر زکوۃ کے بعد روزہ۔ چونکہ روزہ کی تکلیف نفس پر شاق اور گراں گزرتی ہے اس لیے اس کو تیسرے درجے پر رکھا۔ روزہ کی فرضیت ۱۰ر شعبان المعظم ۲ھ مدینہ منورہ میں ہوئی۔

تاریخِ روزہ:.......

" **کما کتب علی الذین من قبلکم**"...... " **قبلکم**" اس لفظ سے تاریخی حقیقت کا اظہار ہی نہیں بلکہ روزہ کی طبعی مشقت مسلمانوں پر سہل ہونا ثابت کیا گیا ہے، کہ تم سے پہلی امتیں بھی اس مشقت کو برداشت کرچکی ہیں۔

والحجة على ما قلنا

(۱) الصيام في اللغة مطلق الإمساك عن الشيء؛ واصطلاحاً: فهو الإمساك عن المفطرات يوماً كاملاً من طلوع الفجر الصادق إلى غروب الشمس. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: ۱/۴۷۳، =

روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ روزہ کی ابتدا زمانۂ آدم علیہ السلام ہی سے ہوگئی تھی، آپ کے دور میں ایامِ بیض یعنی ہر ماہ کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ر تاریخ کے روزے فرض تھے، اور یہود عاشورہ کا روزہ رکھتے تھے، اسی لیے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ان کی مشابہت سے منع فرمایا ہے کہ وہ ایک روزہ رکھتے ہیں تو ہمیں ان کی مخالفت میں دو روزے رکھنا چاہئے۔

اسی طرح ہندو دھرم میں اُپاس اور بدھ مذہب میں برت (روزہ) مذہب کا رکن ہے۔

الغرض: آدم علیہ الصلوۃ والسلام سے لے کر محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم تک ہر قوم وملت میں روزے کا وجود کسی نہ کسی شکل میں رہا ہے۔

حکمتِ روزہ:......نفس کو قابو کرنے کے لیے تین چیزوں کی ضرورت ہے:

۱ر......نفس کو تمام شہوتوں اور لذتوں سے روکا جائے، کیوں کہ جب سرکش گھوڑے کو دانا پانی نہ ملے تو وہ تابع ہو جاتا ہے اسی طرح نفس کی سرکشی روزے سے دور ہوتی ہے۔

۲ر......نفس پر عبادت کا بہت سا بوجھ لاد دیا جائے، جس طرح جانور کو دانا پانی کم ملے اور بوجھ بہت سا لاد دیا جائے تو وہ نرم ہو جاتا ہے یہی حال نفس کا ہے۔

۳ر......نفس کو قابو میں کرنے کے لیے ہر وقت اللہ سے مدد چاہیں، پتہ چلا کہ قوتِ نفس کو توڑنے کے لیے اور اپنی تمام قوتوں کو اعتدال میں لانے کے لیے روزہ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

= النصوص الفقهية المختارة طبقاً للمذاهب الأربعة المعتبرة:۱۷۷، فتح القدير:۲/۳۰۶،۳۰۷، تبيين الحقائق:۲/۱۴۵)

وفي ردالمحتار: عرفه الحنفية بأنه: عبارة عن إمساك مخصوص وهو الإمساك عن المفطرات الثلاثة بصفة مخصوصة. (رد المحتار:۳/۳۲۷)

روزہ کا فلسفہ:.......

روزہ انسانی جسم وصحت کے لیے نسخۂ کیمیاء ہے، جس کی بناء پر نظامِ ہضم درست رہتا ہے جو انسانی صحت کے لیے لازم ہے (طب)۔ مشہور مقولہ ہے: " **المعدة بیت الداء والحمیة رأس الدواء**".
......معدہ بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز ہی اصل دوا ہے۔

روزہ مسلمانوں میں سپاہیانہ لگن، ولولہ اور جوش پیدا کرتا ہے جو ایک مجاہدِ اسلام کے لیے ضروری ہے۔ ارشادِ خداوندی ہے: ﴿**وأعدوا لهم ما استطعتم من قوة**﴾. ...... اور ان سے مقابلہ کے لیے جس قدر بھی تم سے ہوسکے سامان درست رکھو قوت سے۔ (۱)

روزہ انسان کے اندر صفاتِ ملکوتی پیدا کرتا ہے، تاکہ انسان راہِ اعتدال اختیار کرے جو اس امت کا خاصہ ہے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے: ﴿**وکذلک جعلنکم أمة وسطا**﴾. ...... اور اسی طرح ہم نے تمہیں ایک امتِ عادل بنایا ہے۔ (۲)

روزہ بکھری ہوئی انسانیت اور منتشر اذہان کو مساوات ومواسات کا درس دیتا ہے، اور یہی دین کا خلاصہ ہے (۳) " **الدین النصیحة** ". (دین خیرخواہی ہے)۔ (۴)

روزہ کے ذریعہ انسان کے دل میں صلہ رحمی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے، کیوں کہ مصیبت زدہ انسان ہی کسی کی

---

(۱) (الأنفال: ٦٠)

(۲) (البقرة: ١٤٣)

(۳) إن فريضة الصيام مدرسة للتربية الإسلامية تحقق أروع معاني المساواة والتكافل الاجتماعي، وتوقف الناس جميعاً غنيهم وفقيرهم أمام شريعة الله سواءٌ.

(موسوعة الفقه الإسلامي المعاصر: ١/ ٢٩١)

(٤) (صحيح البخاري: ١/ ١٣)

پریشانی اوردکھ درد کا صحیح اندازہ واحساس کرسکتا ہے(۱)، ورنہ ؎

جو ہے بے درد وہ درد دلِ جاناں کیا جانے

روزہ کے جسمانی وروحانی مقاصد:......

مشہور ومعروف مفکرِ اسلام ''علامہ ابوالحسن علی ندویؒ'' فرماتے ہیں کہ:

حیوانی طبیعت کے ہاتھ جب زندگی کی باگ ڈور آتی ہے تو وہ انسان کے حواس پر غالب آجاتی ہے، اورمعدہ جوکہ انسانی زندگی کے لیے چکی کے کیل کی حیثیت رکھتا ہے جس پر انسانی زندگی کا مدار ہے، جب اس میں فساد آتا ہے تو انسان کے ہوش وحواس ٹھکانے نہیں رہتے، جس کی بناء پر انسانی طبیعت عبادت میں نہیں لگتی، جب کہ عبادت میں دلجمعی اور توجہِ قلب الی اللہ (جوتمام عبادتوں کی جان ہے) ضروری ہے، اور یہ فسادِ طبیعت وفسادِ معدہ کے ساتھ حاصل نہیں ہوسکتی (۲)۔

حجۃ الاسلام امام غزالیؒ فرماتے ہیں:

☆ روزہ کے ذریعہ انسان کے اندر صفاتِ خداوندی پیدا ہوتی ہیں۔

☆ روزہ کے ذریعہ انسان گویا بے نیازی کا اظہار کرتا ہے۔

---

(۱) إنه جوع مفروض لكي يتعلم الغني معنى الجوع، ولكي يحس بما يعاينه الجائعون.

(موسوعة الفقه الإسلامي المعاصر:۱/۲۹۱)

(۲) يقول العلامة أبو الحسن علي الحسني الندوي (المفكر المعروف): .... إذا تغلبت الطبيعة الحيوانية، وملكت زمام الحياة، واستحوذت على مشاعر الإنسان وحواسه، وأصبحت "المعدة" هي القطب الذي تدور حوله الحياة شق على الإنسان كل ما يحول بينه وبين رغبته، وما يشغله عن إرضاء شهوته...... فلا يجد في أعوام طوال وقتاً صافياً، وقلباً فارغاً، وعقلاً يقظاً، وضميراً حياً، فتثقل عليه العبادة والذكر وما يتصل بها، ولا يجد لذتها بطبيعة الحال. ﴿**وإنها لكبيرة إلا على الخاشعين**﴾.[البقرة:۴۵]

(موسوعة الفقه الإسلامي المعاصر:۱/۲۹۱)

☆ روزہ کے ذریعہ انسان ملکوتی صفات کا خوگر بنتا ہے۔

☆ روزہ کے ذریعہ انسان دن بھر کے لیے فرشتہ صفت نظر آتا ہے۔

☆ روزہ کے ذریعہ انسان ''تخلقوا باخلاق اللّٰہ'' کا مظہر ہوتا ہے(۱)۔

علامہ ابن القیم جوزیؒ فرماتے ہیں:

☆ روزہ متقیوں کے لیے لگام، محاربین کے لیے جنت اور ابرار و مقربین کے لیے تہذیبِ اخلاق ہے(۲)۔

☆ روزہ اعضاءِ ظاہرہ و باطنہ کی حفاظت میں عجیب تاثیر رکھتا ہے کہ بدنِ انسانی سے فاسد اور مخلوط مادہ کو زائل کرتا ہے۔

☆ روزہ انسان کو خواہشاتِ نفسانی اور شہوات سے باز رکھتا ہے۔

☆ روزہ انسان کو تقویٰ کے اعلیٰ مراتب پر فائز کرتا ہے(۳)۔

اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مقاصدِ شرعیہ، فوائدِ طبیہ اور اسرارِ الٰہیہ ہیں جن کا عقلِ سلیم اور فطرتِ مستقیم مشاہدہ کرتی ہے، اور یہ شہادت دیتی ہے کہ روزہ اللہ رب العزت کی طرف سے اس کے

---

(۱) قد أشار إلى مقاصد الصوم الإمام الغزالي رحمه الله فقال : ...... المقصود من الصوم التخلق بأخلاق الله عز وجل وهو الصمدية والاقتداء بالملائكة في الكف عن الشهوات بحسب الإمكان، فإنهم منزهون عن الشهوات.

(۲) يقول العلامة ابن القيم الجوزي: فهو لجام المتقين وجنة المحاربين ورياضة الأبرار والمقربين.

(۳) وللصوم تأثير عجيب في حفظ الجوارح صحتها ، ويعيد إليها ما استلبته منها أيدي الشهوات ، فهو من أكبر العون على التقوى كما قال الله تعالى : ﴿**يـآيها الذين اٰمنوا كتب عليكم الصيام كما كتب على الذين من قبلكم لعلكم تتقون**﴾. [البقرة :۱۸۳] =

بندوں پر ایک احسانِ عظیم اور نعمتِ بے نظیر ہے(۱)۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:﴿وإن تعدوا نعمة الله لا تحصوها﴾. ...... اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کا شمار کرنے لگو تو احاطہ نہ کر پاؤ گے۔(۲)

مسائلِ روزہ

بلا عذرِ شرعی رمضان کا روزہ نہ رکھنا

مسئلہ: (**۱۳۷**) اگر کوئی شخص رمضان المبارک میں بلا عذر شرعی روزہ نہ رکھے اور اعلانیہ طور پر کھائے پیئے، تو وہ فاسق اور اسلامی شعائر کی توہین کرنے والا ہے، اور اس کی سزا بڑی سخت ہے جو کتبِ فقہ میں مذکور ہے۔(۳)

= (۱) والمقصد أن مصالح الصوم: لما كانت مشهودة بالعقول السليم والفطر المستقيمة شرعه الله لعباده رحمةً لهم وإحساناً إليهم ...... اهـ. (موسوعة الفقه الإسلامي المعاصر: ۱/ ۲۹۱)

(۲) (سورة النحل: ۱۸)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : ومفاده أنه لو أدخل حلقه الدخان أفطر أي دخان كان ولو عوداً أو عنبراً لو ذاكراً لإمكان التحرز عنه."درمختار". (۳/ ۳٦٦ ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الفتاوى الهندية** " : إذا أكل متعمداً ما يتغذى به أو يتداوى به يلزمه الكفارة. (۱/ ۲۰٥)

ما في " **الفتاوى الهندية** " : ولو ابتلع بزاق غيره فسد صومه بغير كفارة إلا إذا كان بزاق صديقه ، فحينئذ تلزمه الكفارة كذا في المحيط. (۱/ ۲۰۳)

ما في " **رد المحتار ومراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي** ": ولو بزاق حبيبه أو صديقه وجبت كما =

ہوجان بوجھ کرشوہراور بیوی کا ہم بستر ہوجانا، جب کہ روزہ یاد ہو(۱)، کچے چاول، گوشت یا گندم کھا لینا، سگریٹ، حقہ، بیڑی وغیرہ پینا یا مروج طریقے پرنسوار کا استعمال، ان تمام چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور قضاء کے ساتھ ساتھ کفارہ بھی لازم ہوتا ہے۔

ٹافی (چاکلیٹ) چنا یا سینگ پھلی کا دانہ روزے دار کے منہ میں چلا گیا

مسئلہ (۲۰۳): چندروزے دار کھیل میں مشغول ہوں، یایوں ہی گولیوں سے (جو بچے کھاتے ہیں)، مثلاً چنے یا سینگ پھلی کے دانوں سے کھیل رہے ہوں، اور ایک نے دوسرے کی طرف دانہ اچھالا اور وہ اس کے منہ میں چلا گیا، درآنحالانکہ اس کو اپنا روزہ بھی معلوم تھا تو اس کا روزہ فاسد ہوجائے گا۔(۲)

روزہ کی حالت میں استنجاء کرنے میں مبالغہ کرنا

مسئلہ (۲۰۴): اگر کوئی عورت رمضان شریف میں استنجاء کرتے وقت اپنی انگلی کو فرج (شرمگاہ) کے اندر کسی قدر داخل کر کے صفائی کرے، اور پانی اس حد تک پہونچ جائے جہاں سے معدہ اسے جذب کرلیتا ہے، یا وہ خود معدہ میں پہونچ جاتا ہے تو روزہ فاسد ہوجائے گا، ورنہ نہیں، مگر احتیاط بہتر ہے۔(۳)

= ذکره الحلواني لأنه لا يعاف. (۳/۳۸۷، مراقي الفلاح : ص۳٦٥)

(۱) ما في "**الفتاوى الهندية**" : من جامع عمداً في أحد السبيلين فعليه القضاء والكفارة ولا يشترط الإنزال في المحلين كذا في الهداية. (۱/ ۲۰۵)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في "**البحر الرائق**" : وفي الفتاوى الظهيرية : لو أن رجلاً رمى إلى رجل حبة عنب فدخلت حلقه ، وهو ذاكر لصومه يفسد صومه.(۲/٤٧٥ ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في "**الدر المختار مع رد المحتار**" : (أو أدخل أصبعه اليابسة فيه) أي دبره أو فرجها ولو مبتلة =

روزہ کی حالت میں جان بوجھ کر دھواں حلق میں لینا

مسئلہ (۲۰۵): اگر کسی شخص نے قصداً وارادۃً (جان بوجھ کر) اگر بتی یا لوبان یا کسی اور چیز کا دھواں روزہ کی حالت میں سونگھا تو اس کا روزہ فاسد ہو جائے گا۔(۱)

آٹے کا غبار روزہ دار کے حلق میں چلا گیا

مسئلہ (۲۰۶): اگر بلا اختیار دھواں یا غبار، چاہے وہ آٹے ہی کا کیوں نہ ہو، حلق میں چلا جائے، تو اس سے روزہ فاسد نہ ہوگا، کیونکہ اس سے بچنا ناممکن ہے۔(۲)

= فسد .... ولو بالغ في الاستنجاء حتى بلغ موضع الحقنة فسد." درمختار". قوله: (ولو مبتلة فسد) لبقاء شيء من البلة في الداخل، وهذا لو أدخل الأصبع إلى موضع الحقنة.

(۳۶۹/۳، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح** ": من أدخل بصنعه دخانا حلقه بأي صورة كان الإدخال فسد صومه سواء كان دخان عنبر أو عو د أوغيرهما حتى من تبخر ببخور فآواه إلى نفسه، واشتم دخانا ذاكرا لصومه أفطر، لإمكان التحرز عن إدخال المفطر جوفه ودماغه.

(ص:۳۶۱،۳۶۲، باب في بيان ما لا يفسد الصوم، رد المحتار :۳/ ۳۶۶، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد ه، بدائع الصنائع :۲/ ۶۰۰، كتاب الصوم، فصل في أركان الصيام، كتاب الفتاوى:۳/۳۹۵)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح والبدائع والتبيين والهندية وفتاوى قاضيخان** ":
أودخل حلقه غبار ولو كان غبار دقيق من الطاحون أ ودخل حلقه ذباب أو دخل أثر طعم الأدوية فيه أي في حلقه لأنه لا يمكن الاحتراز عنها فلا يفسد الصوم بدخولها وهو ذاكر لصومه.

(ص: ۳۶۲، باب بيان مالا يفسد الصوم، بدائع الصنائع : ۲/۶۰۰، كتاب الصوم، فصل في أركان =

ذیابیطس کا مریض روزے کا فدیہ دے سکتا ہے

مسئلہ (**۲۰۷**) : اگر کوئی شخص ذیابیطس کا سخت مریض ہو، یا بہت زیادہ بوڑھا ہو، اور اس کے لیے روزہ رکھنا دشوار ہو، تو روزہ نہ رکھ کر فدیہ دیدے تو جائز ہے۔(۱)

ٹی بی کا مریض روزہ رکھے یا نہیں؟

مسئلہ:(**۲۰۸**) اگر ٹی بی کے مریض کو روزہ رکھنے کی وجہ سے نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہو اور ماہر ڈاکٹر یا حکیم منع کرے تو روزہ نہ رکھے، جب تندرست ہوجائے اور روزہ رکھنے کے قابل ہوجائے تو فوت شدہ روزوں کی قضاء کرے اور اگر موت تک صحت کی توقع نہیں ہے تو فدیہ دیدے، ایک روزے کا فدیہ ایک صدقۂ فطر کے برابر ہے اور اگر یہ فدیہ دینے کے بعد تندرست ہوجائے تو فدیہ کا حکم باطل ہوجائے گا، اور فوت شدہ روزوں کی قضاء لازم ہوگی۔(۲)

= الصيام ، تبيين الحقائق : ۲/۱۶۶۔ ۱۷۱ ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۲۰۳، الباب الرابع فيما يفسد ومالا يفسد ، فتاوى قاضيخان على هامش الهندية : ۱/۲۰۸)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : (وللشيخ الفاني العاجز عن الصوم الفطر ويفدي) ."درمختار". قوله : (وللشيخ الفاني) أي الذي فنيت قوته أو أشرف على الفناء ....ومثله ما في القهستاني عن الكرماني : المريض إذا تحقق اليأس من الصحة فعليه الفدية لكل يوم من المرض.

(ردالمحتار : ۳/ ۴۱۰، فتح القدير: ۲/ ۳۶۲ ، فصل في العوارض ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۲۰۷، الباب الخامس في الأعذار التي تبيح الإفطار، فتاوى دارالعلوم :۶/ ۴۷۴، فتاوى حقانيه:۴/ ۱۹۵)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **القرآن الكريم** " : ﴿**فمن كان منكم مريضاً أو على سفر فعدة من أيام أخر وعلى الذين** =

ہلاکت کا خطرہ ہوتو روزہ افطار کی رخصت ہے

مسئلہ (۲۰۹): اگرکسی بیمار شخص کوروزے کی وجہ سے ہلاکت یا کسی عضو کے تلف ہونے کا اندیشہ ہو، اوراس اندیشہ کوکسی مسلم دیانتدار ڈاکٹر کی سند بھی حاصل ہو، تواب اس کوافطار کی رخصت دی جائیگی ۔(۱)

= **يطيقونه فدية طعام مسكين﴾**. (البقرة: ٨٤)

ما في " **التفسير المنير** " : (**فمن كان منكم مريضاً أو على سفر**) مجازاً بالحذف تقديره : من كان مريضاً فأفطر ، أو على سفر فأفطر (**فعدة من أيام أخر**) أما المسافر والمريض مرضاً شديداً يشق معه الصوم ، فيباح لهما الإفطار ، وعليهما القضاء في أيام أخر ، ثبت بالأسانيد عن ابن عباس أن آية (**وعلى الذين يطيقونه فدية طعام مسكين**) ليست بمنسوخة ، وإنها محكمة في حق من لا يقدر على الصيام .... وأجمع العلماء على أن الواجب على الشيخ الهرم الفدية ومثله المريض الذي لا يرجى برءه ، ومقدار الفدية عند أبي حنيفة نصف صاع (مدان) من بر ، أو صاع من غير كالتمر أو الشعير ، ومد من الطعام من غالب قوة البلد عن كل يوم عند الجمهور. (١/٤٩٤ ـ ٥٠٦)

ما في " **الفتاوى الهندية** " : المريض إذا خاف على نفسه أو ذهاب عضو يفطر بالإجماع وإن خاف زيادة العلة وامتداده فكذلك عندنا وعليه القضاء إذا أفطر كذا في المحيط ، ثم معرفة ذلك باجتهاد المريض .... أو بإخبار طبيب مسلم غير ظاهر الفسق كذا في فتح القدير ، والصحيح الذي يخشى ان يمرض بالصوم فهو كالمريض هكذا في التبيين .... ولو قدر على الصيام بعد ما فدى بطل حكم الفداء الذي فدا حتى يجب عليه الصوم هكذا في النهاية.

(١/٢٠٧، كتاب الصوم ، الباب الخامس في الأعذار التي تبيح الافطار ، رد المحتار : ٣/٤٠٣ ، كتاب الصوم ، فتاوى رحيميه :٧/٢٥٧ ، فتاوى محموديه : ١٠/١٨٦، فتاوى حقانيه :٤/١٩٥)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما في " **الفتاوى الهندية والبدائع** " : (ومنها المريض) المريض إذا خاف على نفسه التلف أو ذهاب عضو يفطر بالإجماع، وإن خاف زيادة العلة وامتداده فكذلك عندنا وعليه القضاء إذا أفطر كذا في المحيط.=

سخت پیاس یا بھوک کی وجہ سے روزہ توڑ سکتا ہے یا نہیں؟

مسئلہ (۲۱۰): بھوک اور پیاس کی شدت کی وجہ سے ہلاک ہونے یا نقصان عقل کا اندیشہ ہو تو اس صورت میں روزہ توڑا جاسکتا ہے، اور اس صورت میں روزہ کی قضاء بدونِ کفارہ واجب ہوگی، اگر روزہ نہ توڑا اور مر گیا تو گنہگار ہوگا۔(۱)

روزہ دار جان کنی کے عالم میں ہو تو کیا کرے؟

مسئلہ(۲۱۱): اگر کوئی روزہ دار جان کنی کے عالم میں ہے، اور افطار نہ کرنے کی حالت میں ہلاکت کا اندیشہ ہے، تو اس کو روزہ افطار کرادینا اور شربت، دوا وغیرہ دینا جائز ہی نہیں، بلکہ واجب ہے۔(۲)

= (الفتاوى الهندية: ۱/ ۲۰۷، الباب الأول في الأعذار التي تبيح الإفطار، بدائع الصنائع: ۲/ ۶۰۹، فصل في حكم من أفسد صومه، آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۳/ ۲۷۱، فتاوی حقانیه: ۴/ ۱۹۰-۱۹۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفقه الحنفي في ثوبه الجديد**" : للصائم الإفطار إذا أصابه عطش أو جوع شديدين، خشي منه على نفسه الهلاك أو نقصان عقله، وعليه القضاء، وأما الكفارة فلا تجب عليه. (۱/ ۴۳۹، كتاب الصوم، الموسوعة الفقهية: ۲۸/ ۵۶، بدائع الصنائع: ۲/ ۲۵۲، كتاب الصوم، الأمور التي تبيح الفطر)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : وبقي الإكراه وخوف هلاك أو نقصان عقل ولو بعطش أو جوع شديد ...... الفطر وقضوا، لزوما ما قدروا بلا فدية. (۳/ ۳۵۹، ۳۶۰، كتاب الصوم، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم، الفقه الإسلامي وأدلته: ۳/ ۱۷۰۱، كتاب الصوم، الفصل السادس، الأعذار المبيحة للفطر، فتاوی حقانیه: ۴/ ۱۹۲ــ ۴/ ۱۹۰، جدید مسائل کا حل: ۱۱۷)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الكتاب** " : ﴿**فمن كان منكم مريضاً أو على سفر فعدة من أيام أخر، يريد الله بكم اليسر ولا يريد بكم العسر**﴾. (سورة البقرة: ۱۸۴) =

امتحان کی وجہ سے رمضان کا روزہ ترک کردینا

مسئلہ(۲۱۲): امتحان کی وجہ سے فرض روزہ چھوڑنا یا روزہ توڑنا جائز نہیں ہے، بلکہ امتحان کے ایام میں بھی روزہ رکھ کر امتحان دے، ان شاء اللہ خدا تعالی کی مدد ہوگی۔(۱)

= ما في " **أحكام القرآن للجصاص** " : وهذه الآية أصل في أن كل ما يضر بالإنسان ويجهده ويجلب له مرضاً أو يزيد في مرضه أنه غير مكلف به . (۱/ ۲۷۰)

ما في " **الدر المنثور** " : أخرج ابن جرير عن الحسن وإبراهيم النخعي قالا : إذا لم يستطع المريض أن يصلي قائماً أفطر. (۱/ ۳٤٤)

ما في " **البحر الرائق** " : (لمن خاف زيادة المرض الفطر) لقوله تعالى : ﴿فمن كان منكم مريضاً أو على سفر فعدة من أيام أخر﴾ . فإنه أباح الفطر لكل مريض لكن القطع بأن شرعية الفطر فيه إنما هو لدفع الحرج .... أطلق في المرض فشمل ما إذا مرض قبل طلوع الفجر أو بعده بعد ما شرع .... وأشار باللام إلى أنه مخير بين الصوم والفطر لكن الفطر رخصة والصوم عزيمة فكان أفضل إلا إذا خاف الهلاك فالإفطار واجب. (۲/ ٤۹۲ ، ٤۹۳ ، كتاب الصوم ، فصل في العوارض)

ما في " **البدائع** " : وروي عن أبي حنيفة أنه إن كان بحال يباح له أداء صلاة الفرض قاعداً فلا بأن يفطر ، والمبيح المطلق بل الموجب هو الذي يخاف منه الهلاك لأن فيه إلقاء النفس إلى التهلكة لا لإقامة حق الله تعالى وهو الوجوب ، والوجوب لا يبقى في هذه الحالة وأنه حرام فكان الإفطار مباحاً بل واجباً.

(۲/ ۲٤٥ ، كتاب الصوم ، حكم فساد الصوم)

ما في " **حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح** " : لمن خاف زيادة المرض أو خاف بطء البرء بالصوم جاز له الفطر لأنه قد يفضي إلى الهلاك فيجب الاحتراز عنه.

(ص ٦٨٤، كتاب الصوم ، فصل في العوارض ، خير الفتاوی: ٤/ ٤٢)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **القرآن الكريم** " : **﴿يآيها الذين آمنوا كتب عليكم الصيام كما كتب على الذين من** =

....

....

....

= **قبلكم لعلكم تتقون**﴾. (البقرة :١٨٣)

ما في " **التفسير المظهري** " : ﴿**يآيها الذين آمنوا كتب**﴾ أي فرض ﴿**عليكم الصيام**﴾...... وفي الشرع : عبارة عن الإمساك عن الأكل والشرب والجماع مع النية في وقت مخصوص. (٢١٢/١)

ما في " **التفسير الكبير**" : يعني هذه العبادة كانت مكتوبة على الأنبياء والأمم من لدن آدم إلى عهدكم ما أخلى الله أمة من إيجابها عليهم لا يفرضها عليكم وحدكم. (٢٣٩/٢)

ما في " **الصحيح البخاري** " : **بني الإسلام على خمس : شهادة أن لا إله إلا الله ، وأن محمداً رسول الله ، وإقام الصلاة وإيتاء الزكاة ، والحج وصوم رمضان**".

(ص:٦، رقم الحديث :٨ ، كتاب الصوم ، باب دعاؤكم إيمانكم)

ما في " **السنن الترمذي** " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **من أفطر يوماً من رمضان ، غير رخصة ، ولا مرض لم يقض عنه صوم الدهر كله وإن صامه** ".

(رقم الحديث : ٧٢٣، كتاب الصوم ، باب ما جاء في الإفطار متعمداً ، السنن الكبرى للبيهقي :٣٨٥/٤ ، المصنف لإبن أبي شيبة :٣٤٣/٦)

ما في " **رد المحتار على الدر المختار**" : وقد ذكر المصنف منها خمسة ، وبقي الإكراه وخوف هلاك أو نقصان عقل ولو بعطش أو جوع شديد ولسعة حية لمسافر سفراً شرعياً ولو معصية أو حامل أو مرضع ، أما كانت أو ظئراً على الظاهر خافت بغلبة الظن على أنفسها أو ولدها .... أو مريض خاف الزيادة لمرضه ، وصحيح خاف المرض ، وخادمة خافت الضعف بغلبة الظن بأمارة أو تجربة أو بإخبار طبيب حاذق مسلم مستور.

(٣٥٩/٣ ، الهداية :٢٢٤/١ ، كتاب الصوم ، فتاوى رحيميه : ٢٠٦/٧ ، خير الفتاوى : ٤٣/٤)

روزہ دار کا دورانِ روزہ دانتوں کا خلال کرنا

مسئلہ(۲۱۳): روزہ کی حالت میں روزہ دار نے خلال کیا جس سے گوشت وغیرہ کا ریشہ نکلا اور اس نے اس کو باہر نکالے بغیر نگل لیا تو اگر وہ کثیر یعنی چنے سے بڑا ہے، تو مفسدِ صوم ہے، ورنہ نہیں، اور اگر اس کو ہاتھ سے باہر نکالا پھر نگل لیا تو اگرچہ چنے سے کم ہو تب بھی روزہ ٹوٹ جائے گا۔(۱)

غیر مسلم کی چیز سے افطار کرنا

مسئلہ(۲۱٤): غیر مسلم کی بھیجی ہوئی پاک اور حلال چیز قبول کرنا اور اس سے افطار کرنا جائز ہے، اور اگر غیر مسلم کی بھیجی ہوئی چیز پاک اور حلال نہیں تو اسے قبول کرنا اور اس سے افطار کرنا جائز نہیں۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار** " : (أو ابتلع ما بين أسنانه وهو دون الحمصة) لأنه تبع لريقه ، ولو قدرها أفطر .... (أو خرج الدم من بين أسنانه ودخل حلقه) يعني ولم يصل إلى جوفه ، وأما إذا وصل فإن غلب الدم أو تساويا فسد ، وإلا لا ، إلا إذا وجد طعمه ـ بزازية ـ "در مختار" ... قوله : (لأنه تبع لريقه) عبارة البحر : لأنه قليل لا يمكن الاحتراز عنه ، فجعل بمنزلة الريق . (۳۲۸/۳)

وفيه **أيضاً** : ولو أكل لحماً بين أسنانه إن مثل حمصة فأكثر قضى فقط ، وفي أقل منها لا يفطر ، إلا إذا أخرجه من فمه فأكله ولا كفارة لأن النفس تعافه . " درمختار" ..... قوله : لأن النفس تعافه فهو كاللقمة المخرجة ، وقدمنا عن الكمال أن التحقيق تقييد ذلك بكونه ممن يعاف ذلك.

(۳۵۳/۳ ، كتاب الصوم ، مطلب فيما يكره للصائم ، الفتاوى الهندية : ۲۰۲/۱، ۲۰۳، كتاب الصوم ، الباب الرابع فيما يفسد وما لا يفسد ، تبيين الحقائق : ۱۷۲/۲، كتاب الصوم ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده ، النهر الفائق : ۱۸/۲، كتاب الصوم ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **خلاصة الفتاوى** " : الأكل والشرب في أواني المشركين مكروه ولا بأس بطعام المجوس =

روزہ دار عورت کا چھوٹے بچے کو منہ سے چبا کر کھلانا

مسئلہ(۲۱۵): اگر کوئی روزہ دار عورت اپنے چھوٹے بچے کو بلاضرورت اپنے منہ سے کوئی چیز چبا کر کھلائے تو یہ مکروہ ہے، البتہ اگر اس کی ضرورت اور مجبوری ہو تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔(۱)

= إلا ذبيحتهم وفي الأكل معهم. (٣٤٦/٤ ، كتاب الكراهية)

ما في " **النتف في الفتاوى** " : ولا يأكلون من أطعمة الكفار ثلاثة أشياء : اللحم والشحم والمرق ، ولا يطبخون في قدورهم حتى يغسلوها. (ص٤٣٥ ، كتاب الجهاد ، ما لا يؤكل من أطعمة الكفار)

ما في " **المحيط البرهاني في الفقه النعماني** " : رجل أهدى إلى إنسان أو أضافه إن كان غالب ماله من حرام لا ينبغي أن يقبل ويأكل من طعامه ما لم يخبر أن ذلك المال حلال استقرضه أو ورثه وإن كان غالب ماله من حلال فلا بأس بأن يقبل ما لم يتبين له أن ذلك من الحرام وهذا لأن أموال الناس لا يخلو عن قليل حرام وتخلو عن كثير فيعتبر الغالب ويبنى الحكم عليه.

(١١٠/٦، كتاب الاستحسان والكراهية ، الفتاوى الهندية :٣٤٢/٥ ، كتاب الكراهية ، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات ، الاختيار لتعليل المختار :٤٣٦/٢ ، كتاب الكراهية ، باب في الكسب ، مجمع الأنهر في ملتقى الأبحر:١٨٦/٤ ، كتاب الكراهية ، في الأكل ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية : ٤٠٠/٣ ، كتاب الحظر والإباحة ، فتاوى دار العلوم :٤٩٤/٦ ، كفايت المفتي :٢٤٧/٤)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما في " **الجوهرة النيرة** " : ويكره للمرأة أن تمضغ لصبيها الطعام إذا كان لها منه بد ، ولا بأس إذا لم يكن لها منه بد صيانة الولد. (٣٤٢/١ ، الهداية :٢٢٠/١ ، باب ما يوجب القضاء والكفارة)

ما في " **الفتاوى التاتارخانية** " : ولا بأس للمرأة أن تمضغ لصبيها الطعام إذا لم يكن لها بد منه.

(٣٨٠/٢ ، مكتبة إدارة القرآن كراتشي)

ما في " **اللباب في شرح الكتاب** " : ويكره للمرأة أن تمضغ لصبيها الطعام إن كان لها منه بد أي مَحيد بأن تجد من يمضغ لصبيها كمفطرة لحيض أو نفاس أو صغر، أما إذا لم تجد بداً منه فلها المضغ لصيانة الولد . (١٥٨/١، ١٥٩، دار الإيمان سهارنفور)

پائریا کے مرض میں مبتلا شخص کا روزہ

مسئلہ (۲۱۶): اگر کوئی پائریا (دانتوں کی ایک بیماری) کے مرض میں مبتلا ہو، اور خون برابر اس کے مسوڑھوں سے آتا رہتا ہو، تو صرف خون کے نکلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، الیکن اگر خون حلق سے نیچے اتر جائے، اور خون تھوک پر غالب یا اس کے مساوی ہو تو روزہ فاسد ہوجائے گا ورنہ نہیں (۱)

روزہ کی حالت میں بیوی سے بوس وکنار کرنا

مسئلہ (۲۱۷): رمضان میں بحالتِ روزہ اپنی بیوی سے بوس وکنار کرنے سے اگر انزال ہوجائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا، اور اگر انزال نہیں ہوا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفتاوی الهندية** " : ترطبت شفتاه ببزاقه عند الكلام أو غيره فابتلعه لا يفسد للضرورة كذا في الزاهدي .... في الحجة رجل له علة يخرج الماء من فمه ثم يدخل و يذهب في الحلق لا يفسد صومه كذا في التاتارخانية . ولو بقي بلل بعد المضمضة فابتلعه مع البزاق لم يفطره .(۱/۲۰۳، الباب الرابع فيما يفسد وما لا يفسد)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار والهندية** " : (أو خرج الدم من بين أسنانه ودخل حلقه) يعني ولم يصل إلى جوفه ، أما إذا وصل فإن غلب الدم أو تساويا فسد ، و إلا لا، إلا إذا وجد طعمه. بزازية."درمختار".

(رد المحتار: ۳/۳۶۸، الفتاوی الهندية : ۱/۲۰۳، فتاوی رحیمیه:۷/۲۵۹، فتاوی بینات:۳/۸۳)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **فتاوی قاضيخان على هامش الهندية** " : إذا قبل امرأته بشهوة فأمنى أو مسها بشهوة فأمنى عليه القضاء دون الكفارة لوجود قضاء الشهوة بصفة النقصان .

(۱/ ۲۰۹، الفتاوی الهندية : ۱/ ۲۰۴، الباب الرابع فيما يفسد وفيما لا يفسد ، الهداية مع فتح القدير: ۲/۳۳۵ ، كتاب الصوم ، رد المحتار: ۳/ ۳۹۶ ، كتاب الصوم ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده، كتاب الفتاوی:۳/ ۳۹۰، فتاوی رحیمیه:۷/ ۲۶۱، جامع الفتاوی:۵/۳۲۳)

روزہ کی حالت میں بیوی سے زبردستی جماع کرنا

مسئلہ (۲۱۸) : رمضان المبارک میں روزہ کی حالت میں اپنی بیوی سے جماع کرنے سے روزہ فاسد ہوجائیگا، اور اگر میاں بیوی دونوں کی رضامندی تھی تو دونوں پر قضا وکفارہ دونوں واجب ہوں گے، اور اگر شوہر نے بیوی سے زبردستی جماع کیا، تو عورت پر صرف قضا واجب ہوگی ،اور مرد پر قضا اور کفارہ دونوں واجب ہونگے۔(۱)

موسمِ گرما کے طویل ایام میں روزہ رکھنا لازم ہے

مسئلہ (۲۱۹): موسمِ گرما میں دن بڑا ہونے کی صورت میں بھی روزہ رکھنا لازم ہے، دن بڑا ہونے کی وجہ سے روزے کے بدلے میں فدیہ دینا جائز نہیں ہوگا (۲)، ہاں اگر بڑھاپے یا بیماری کی

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **خلاصة الفتاوى** " : الصائم إذا جامع امرأته متعمداً في نهار رمضان فعليه القضاء والكفارة إذا توارت الحشفة أنزل أو لم ينزل ، وعلى المرأة مثل ما على الرجل إن كانت مطاوعة ، وإن كانت مكرهة فعليها القضاء دون الكفارة.

(۱/ ۲۵۹ ، جنس آخر في المجامعة ، فتاوى قاضيخان على هامش الهندية:۲۱۲/۱، الفصل السادس فيمايفسد الصوم وما لا يفسده ، تبيين الحقائق :۱۷۸/۲، كتاب الصوم ، باب مايفسد الصوم وما لا يفسد ، بدائع الصنائع :۶۰۲/۲،كتاب الصوم ، فصل في أركان الصيام ، الفتاوى الهندية :۲۰۵/۱، النوع الثاني ما يوجب القضاء والكفارة، رمضان کے شرعی احکام:ص/۲۲۸)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **القرآن الكريم** " : ﴿**يآيها الذين آمنوا كتب عليكم الصيام كما كتب على الذين من قبلكم لعلكم تتقون**﴾. (سورة البقرة:۱۸۳)

وقوله تعالى : ﴿**وكلوا واشربوا حتى يتبين لكم الخيط الأبيض من الخيط الأسود من الفجر، ثم أتموا الصيام إلى الليل**﴾.(سورة البقرة :۱۸۷) =

وجہ سے روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں اور آئندہ روزے رکھنے کے قابل ہونے کی امید بھی نہیں، تو اس صورت میں فدیہ دینا جائز ہوگا(۱)، البتہ فدیہ دینے کے بعد اگر روزہ رکھنے کی استطاعت پیدا ہوگئی تو فدیہ کا حکم باطل ہوجائے گا اور فوت شدہ روزوں کی قضاء کرنا لازم ہوگا۔

طویل عرصہ کے دن اور رات والے علاقوں میں روزے کے اوقات کا تعین

مسئلہ (**۲۲۰**): جہاں پر طویل عرصہ کا دن اور پھر اسی طرح رات کا سلسلہ رہتا ہے وہاں جس طرح نماز کے اوقات کا اندازہ سے تعیین کیا جاتا ہے اسی طرح ماہ رمضان کی آمد اور روزے کے اوقات کا بھی تعیین کیا جائے گا، لیکن سب سے آسان صورت یہ ہے کہ ایسے مقام کے باشندوں کو ان مقامات کے مطابق عمل کرنا چاہیے جو ان سے قریب ہیں، اور وہاں معمول کے مطابق دن رات کی آمد ورفت کا سلسلہ ہے۔(۲)

= ما في " **الفتاوى الهندية** " : فهو عبارة عن ترك الأكل والشرب والجماع من الصبح إلى غروب الشمس بنية التقرب.(۱/۱۹٤، كتاب الصوم، الباب الأول)

(۱) ما في " **القرآن الكريم** ": ﴿**وعلى الذين يطيقونه فدية طعام مسكين**﴾.(سورة البقرة : ۱۸٤)

ما في " **التفسير المنير** " : وأجمع العلماء على أن الواجب على الشيخ الهرم الفدية ومثله المريض الذي لا يرجى برؤه. (۱/٥۰٦)

ما في " **الفتاوى الهندية** " : فالشيخ الفاني الذي لا يقدر على الصيام يفطر ويطعم لكل يوم مسكيناً كما يطعم في الكفارة كذا في الهداية ـ والعجوز مثله كذا في السراج الوهاج .... ولؤقدر على الصيام بعد ما فدى بطل حكم الفداء الذي فداه حتى يجب عليه الصوم هكذا في النهاية.

(۱/۲۰۷، كتاب الصوم، الباب الخامس في الأعذار، الهداية : ۱/۲۲۲، كتاب الصوم، باب ما يوجب القضاء والكفارة)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **السنن لأبي داود** " : ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم الدجال فقال : " **إن يخرج وأنا فيكم فأنا حجيجه دونكم، وإن يخرج ولست فيكم فامرء حجيج نفسه، والله خليفتي على كل** =

....

....

= مسلم ، فمن أدركه منكم فليقرأ عليه بفواتح سورة الكهف ، فإنها جواركم من فتنته ، قلنا : وما لبثه في الأرض ؟ قال : أربعون يوماً ، يوم كسنة ، ويوم كشهر ، ويوم كجمعة ، وسائر أيامه كأيامكم ، فقلنا : يا رسول الله ! هذا اليوم الذي كسنة أتكفينا فيه صلاة يوم وليلة ؟ قال : لا ، أقدروا له قدره ".

(ص٥٩٣، كتاب الفتن ، باب خروج الدجال)

ما في " **بذل المجهود** " : إنما أمر رسول الله صلى الله عليه وسلم بالتقدير بأن يقدر للصلاة قدر اليوم والليلة ، وهو أربعة وعشرون ساعة ، لأن طول يوم الدجال كان لشعبذة منه لا حقيقة ، فلهذا أمر بأن يقدروا له ، وأما في البلاد التي يكون اليوم أطول فالصلاة فيه مقدرة على قدره لأنه على حقيقته.

(۱۲/۳۷۳، كتاب الملاحم ، باب خروج الدجال)

ما في " **رد المحتار** " : لو مكثت الشمس عند قوم مدة ، قال في إمداد الفتاح : قلت : وكذلك يقدر لجميع الآجال كالصوم والزكاة والحج والعدة وآجال البيع والسلم والإجارة وينظر ابتداء اليوم فيقدر كل فصل من الفصول الأربعة بحسب ما يكون كل يوم من الزيادة والنقص ، كذا في كتب الأئمة الشافعية ، ونحن نقول بمثله ، إذ أصل التقدير مقول به إجماعاً في الصلوات.

(۲/۲۲، كتاب الصلاة ، مطلب في فاقد وقت العشاء كأهل بلغار)

وما في " **رد المحتار** " : لم أر من تعرض عندنا لحكم صومهم فيما إذا كان يطلع الفجر عندهم كما تغيب الشمس أو بعده بزمان لا يقدر فيه الصائم على أكل ما يقيم بنيته ، ولا يمكن أن يقال بوجوب موالاة الصوم عليهم لأنه يؤدي إلى الهلاك ، فإن قلنا بوجوب الصوم يلزم القول بالتقدير، وهل يقدر ليلهم بأقرب البلاد إليهم كما قاله الشافعية هنا أيضاً ، أم يقدر لهم بما يسع الأكل والشرب ، أم يجب عليهم القضاء فقط دون الأداء كل محتمل ، فليتأمل . ولا يمكن القول هنا بعدم الوجوب أصلاً كالعشاء عند القائل به فيها ، لأن علة عدم الوجوب فيها عند القائل به عدم السبب ، وفي الصوم قد وجد السبب وهو شهود جزء من الشهر وطلوع فجر كل يوم .

(۲/۲۳، كتاب الصلاة ، مطلب في طلوع الشمس من مغربها، نوادرالفقه : ۱/۲۷۷، فتاوى حقانيه : ٤/١٤٥)

افطار کا مدار جنتری یا کارڈ پر نہیں، غروب پر ہے

مسئلہ(۲۲۱): افطار کا مدار غروبِ آفتاب پر ہے جنتری پر نہیں، جنتری غروب کے تابع ہوتی ہے، اس میں غلطی کا امکان بھی ہے، البتہ جو جنتری طلوع وغروب کا وقت بتانے میں تجربہ سے صحیح ثابت ہو چکی ہو، تو صحیح گھڑی سے اس کے وقتِ افطار کے مطابق افطار کرنا جائز ہوگا۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الكتاب** " : ﴿**أتموا الصيام إلى الليل**﴾. (سورة البقرة: ۱۸۷)

ما في " **السنن الترمذي** " : عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **إذا أقبل الليل وأدبر النهار وغابت الشمس فقد أفطرت** " .

(۱/ ۱۵۰، كتاب الصوم ، باب ما جاء إذا أقبل الليل۔۔ رقم الحديث :۶۹۸)

ما في " **المبسوط للسرخسي** " : الصوم في الشريعة عبارة عن إمساك مخصوص ، وهو الكف عن قضاء الشهوتين ، شهوة البطن وشهوة الفرج ، من شخص مخصوص وهو أن يكون مسلماً طاهراً من الحيض والنفاس في وقت مخصوص وهو ما بعد طلوع الفجر إلى وقت غروب الشمس بصفة مخصوص وهو أن يكون على قصد التقرب.

(۵۶/۳، كتاب الصوم ، الفقه الحنفي وأدلته : ۱/ ۳۵۸ ، كتاب الصوم ، رد المحتار على الدر المختار : ۲۹۶/۳ ، البحر الرائق :۲/ ۴۵۲ ، كتاب الصوم)

ما في " **رد المحتار** " : قلت : ومقتضى قوله : لا بأس بالفطر بقول عدل صدقه إنه لا يجوز إذا لم يصدقه ولا بقول المستور مطلقاً ، وبالأولى سماع الطبل أو المدفع الحادث في زماننا لاحتمال كونه لغيره ولأن الغالب كون الضارب غير عدل فلا بد حينئذ من التحري فيجوز لأن ظاهر مذهب أصحابنا جواز الإفطار بالتحري كما نقله في المعراج عن شمس الأئمة السرخسي ، لأن التحري يفيد غلبة الظن وهي كاليقين.

(۳۴۲/۳ ، كتاب الصوم ، مطلب في جواز الإفطار بالتحري)

وما فيه **أيضاً** : فينبغي الاعتماد في أوقات الصلاة وفي القبلة على ما ذكره العلماء الثقات في كتب =

ہلالِ رمضان وعید کے سلسلے میں ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی خبر پر اعتماد کرنا

مسئلہ (۲۲۲): اگر قاضی، یا ہلال کمیٹی کسی شہادت پر مطمئن ہوکر عید یا رمضان کا اعلان ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر نشر کرے، تو جس شہر کے قاضی یا ہلال کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا ہے اس شہر اور اس کے مضافات ودیہات کے لوگوں کو اس ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے اعلان پر عید وغیرہ کا کرنا جائز ہے، بشرطیکہ ریڈیو اسٹیشن والوں کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ چاند کے متعلق مختلف خبریں نشر نہ کرے، صرف وہی فیصلہ نشر کرے جو اس شہر کے قاضی یا ہلال کمیٹی نے اس کو دیا ہے، قدیم زمانہ میں توپ، دف اور قنادیل کی روشنی کو اعلانِ رمضان یا عیدین کے لئے استعمال کیا جاتا تھا، تاہم ضروری ہے کہ ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر قاضی یا ہلال کمیٹی کا اعلان انتہائی احتیاط سے سنا جائے۔(۱)

= المواقيت وعلى ما وضعوه لها من الآلات كالربع والأصطرلاب فإنها إن لم تفد اليقين تفيد غلبة الظن للعالم بها وغلبة الظن كافية في ذلك.

(۲/ ۱۰۰، كتاب الصلاة ، مبحث في استقبال القبلة، فتاوى رحيميه : ۷/ ۲٦٤)

والحجة على ما قلنا:

(۱)ما في " **رد المحتار** " : قلت : والظاهر أنه يلزم أهل القرى الصوم بسماع المدافع أو رؤية القناديل من المصر لأنه علامة ظاهرة تفيد غلبة الظن ، وغلبة الظن حجة موجبة للعمل كما صرحوا به.

(۳/ ۳٥٤ ، كتاب الصوم ، مبحث في صوم يوم الشك)

ما في " **فتح القدير** " : ولو سمع من وراء حجاب كثيف لا يشف من ورائه لا يجوز له أن يشهد ، ولو شهد وفسره للقاضي بأن قال سمعته باع ولم أر شخصه حين تكلم لا يقبله لأن النغمة تشبه النغمة إلا إذا أحاط بعلم ذلك ، لأن المسوّغ هو العلم غير أن رؤيته متكلما بالعقد طريق العلم به فإذا فرض تحقق طريق آخر جاز . (فتح القدير: ۷/ ۳٥۸ ، كتاب الشهادات ، فصل يتعلق بكيفية الأداء ومسوّغه)

رؤیتِ ہلال کے سلسلے میں ماہرینِ فلکیات اورسائنسدانوں کا حساب غیر معتبر ہے

مسئلہ (۲۲۳): چاند سے متعلق ماہرینِ فلکیات اورسائنسدانوں کا حساب شرعاً معتبرنہیں ہے، یعنی ان ماہرین کے کہنے سے لوگوں پر روزہ فرض نہ ہوگا، اس لئے کہ ان کی باتیں یقینی اورحتمی نہیں ہوتیں، بلکہ وہ ایک تخمینہ اوراندازہ ہوتا ہے، اورصرف تخمینہ اوراندازہ پرحکمِ شرعی مرتب نہیں ہوتا۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الصحيح لمسلم** " : عن ابن عمر يحدث عن النبي صلى الله عليه وسلم قال : " **إنا أمة أمية لا نكتب ولا نحسب ، الشهر هكذا وهكذا وهكذا، عقد الإبهام في الثالثة ، والشهر هكذا وهكذا وهكذا يعني تمام ثلثين** ".

(٤/٤١٧ ، كتاب الصوم ، باب فضل شهر رمضان ، رقم الحديث : ٢٥٠٨، إعلاء السنن : ٩/١١٨، كتاب الصوم ، باب تعليق الصوم برؤية الهلال ، وكذا إفطاره ، وكذا في الصحيح البخاري : ١/٣٣٦، كتاب الصوم ، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم لا نكتب ولا نحسب ، رقم الحديث : ١٩١٣، عمدة القاري : ١٠/٤٠٨، فتح الملهم :٦/ ١٧٨، كتاب الصيام ، رقم الحديث : ٢٥٠٨، السنن لأبي داود : رقم الحديث : ٢٣١٩)

ما في " **بذل المجهود** " : قوله صلى الله عليه وسلم : (**إنا أمة أمية لا نكتب ولا نحسب..الخ**) قال الباجي : وإجماع السلف الصالح حجة عليهم ، وقال ابن بزيزة : وهو مذهب باطل ، فقد نهت الشريعة عن الخوض في علم النجوم ، لأنها حدس وتخمين ليس فيها قطع ولا ظن غالب ، مع أنه لو ارتبط الأمر بها لضاق ، إذ لا يعرفها إلا القليل.

(٨/٤٣٩ ، ٤٤٠ ، أول كتاب الصيام ، باب الشهر يكون تسعاً وعشرين ، رقم الحديث : ٢٣١٩)

ما في " **الفتاوى التاتارخانية** " : ذكر في التهذيب في كتاب الصوم، يجب صوم رمضان برؤية الهلال أو باستكمال شعبان ثلاثين ولا يجوز تقليد المنجم في حسابه لا في الصوم ولا في الإفطار.

(٢/ ٩٧، كتاب الصوم، الفصل الثاني فيما يتعلق برؤية الهلال)

ما في " **رد المحتار** " : ولا عبرة بقول المؤقتين ، ولو عدولاً على المذهب ." درمختار". قوله : (ولا =

ہیلی کاپٹر سے چاند دیکھ کر گواہی دینا

مسئلہ(۲۲٤): اگر ہیلی کاپٹر سے افق پر جا کر چاند کو دیکھا جائے، اور وہ چاند زمین سے دیکھنے والوں کو نظر نہ آئے، تو شرعاً اس کا اعتبار ہوگا، کیوں کہ وہ حتمی طور پر چاند ہی ہے صرف اندازہ نہیں۔(۱)

= عبرة بقول المؤقتين) أي في وجوب الصوم على الناس بل في المعراج : لا يعتبر قولهم بالإجماع ، ولا يجوز للمنجم أن يعلم بحساب نفسه ، وفي النهر: فلا يلزم بقول المؤقتين إنه : أي الهلال يكون في السماء ليلة كذا ، وإن كانوا عدولاً في الصحيح كما في الإيضاح ....قلت :.......ووجه ما قلناه أن الشارع لم يعتمد الحساب بل ألغاه بالكلية بقوله :" **نحن أمة أمية ، لا نكتب ولا نحسب ، الشهر هكذا وهكذا**". (۳/ ۳۵٤،۳۵۵، كتاب الصوم ، مطلب: لا عبرة بقول المؤ قتين في الصوم)

ما في " **الفقه على المذاهب الأربعة** " : هل يعتبر قول المنجم ؟ لا عبرة بقول المنجمين فلا يجب عليهم ولا على من وثق بقولهم ، لأن الشارع علق الصوم على امارة ثابتة لا تتغير أبداً . وهي رؤية الهلال أو إكمال العدة ثلاثين يوماً ، أما قول المنجمين فهو إن كان مبنياً على قواعد رقيقة فإنا نراه غير منضبط بدليل اختلاف آرائهم في أغلب الأحيان ، هذا هو رأي ثلاثة من الأئمة ، وخالفه الشافعية اهـ.

(الفقه على المذاهب الأربعة : ۱/ ٤۸۱ ،كتاب الصوم ، هل يعتبر قول المنجم؟، فتاوی محموديه: ۱۰/ ۹۰، فتاوی حقانيه:٤/ ۱۳۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الفتاوی التاتارخانية** ": فإذا جاء من خارج المصر أو جاء من أعلى الأماكن في مصر، ذكر الطحاوي أنه تقبل شهادته.

(۲/ ۹۲، كتاب الصوم، الفصل الثاني فيما يتعلق برؤية الهلال، مكتبة دارالإيمان سهارنفور)

ما فی " **فتح القدير** ": وذكر الطحاوي أنه تقبل شهادة الواحد إذا جاء من خارج المصر لقلة الموانع، وإليه الإشارة في كتاب الاستحسان، وكذا إذا كان على مكان مرتفع في المصر.

(۲/ ۳۲۸،كتاب الصوم ، فصل في رؤية الهلال، الفتاوی الولوالجية:۱/ ۲۳۷، كتاب الصوم، الفصل الثالث في روية الهلا ل والنية) =

سعودی عرب میں عیداور ہندوستان میں روزہ

مسئلہ(۲۲۵): اگرکوئی شخص ابتدائے رمضان میں سعودی عرب میں تھا، بعدمیں وہ ہندوستان آیا، اب وہاں چونکہ دودن یا ایک دن پہلے رمضان شروع ہوا تھا، اس لیے جس دن وہاں عید تھی اس دن یہاں ہندوستان میں انتیسواں یا تیسواں روزہ تھا، اس اعتبار سے اس کا اکتیسواں یا بتیسواں روزہ ہورہا ہے، تب بھی وہ رمضان کے مطابق روزہ رکھے گا، اس لئے کہ اگرکسی شخص نے چاند دیکھا اورروزہ رکھااوراس کے تیس روزے پورے ہوگئے، تب بھی وہ امام ہی کے ساتھ افطار کرے گا۔ **" لو صام ورأى هلال رمضان وأكمل العدة لم يفطر إلا مع الا مام ".** (۱)

= ما فی " **رد المحتار** ": وصحح في الأقضية الاكتفاء بواحد إن جاء من خارج البلد أو كان على مكان مرتفع۔ "درمختار"۔ قال ابن عابدين : قلت: .... فأما إذا كانت متغيمة أو جاء من خارج المصر أو كان في موضع مرتفع فإنه يقبل عندنا اهـ۔ فقوله: عندنا يدل على أنه قول أئمتنا الثلاثة، وقد جزم به في المحيط وعبر عن مقابله بقيل۔ ثم قال: وجه ظاهر الرواية أن الرؤية تختلف باختلاف صفو الهواء و كدرته وباختلاف انهباط المكان وارتفاعه، فإن هواء الصحراء أصفى من هواء المصر، وقد يرى الهلال من أعلى الأماكن ما لا يرى من الأسفل ، فلا يكون تفرده بالرؤية خلاف الظاهر بل على موافقة الظاهراهـ .

(۳۵۷/۳، کتاب الصوم ، مطلب: ما قاله السبكي من الاعتماد على قول الحساب مردود، امداد المفتين:۴۰۵/۲، مفتی شفیع صاحبؒ)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **السنن الترمذي** " : لقوله عليه السلام : عن أبي هريرة رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: " الصوم يوم تصومون ، والفطر يوم تفطرون".

(۱۵۰/۱، کتاب الصوم ، باب ما جاء الصوم يوم تصومون الخ)

ما في " **رد المحتار**" : تنبية : لو صام رائي هلال رمضان وأكمل العدة لم يفطر إلا مع الإمام لقوله عليه السلام : "صومكم يوم تصومون ، و فطركم يوم تفطرون". رواه الترمذي وغيره.

(۳۵۱/۳ ، کتاب الصوم ، مبحث في صوم يوم الشك) =

سحر ہندوستان میں اور افطار سعودی عرب میں

مسئلہ (۲۲۶): اگر کوئی آدمی رمضان کے مہینے میں شام کو مثلاً پانچ بجے ہندوستان سے سعودی عرب کیلئے چلا، اور ہندستان میں افطار کا وقت چھ بجے ہے، اب راستے میں کہیں سورج غروب نہیں ہوا، جب سعودی پہونچا تو وہاں ابھی افطار کا وقت نہیں ہوا تھا، تو وہ ہندستان کے وقت کے مطابق افطار نہیں کرے گا، بلکہ سعودی کے وقت کے اعتبار سے افطار کرے گا، گرچہ روزہ لمبا ہو جائے، اس لئے کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿وأتمو الصيام إلى الليل﴾. اور اصول بھی یہ ہے کہ سحری، افطار اور دیگر عبادات میں اسی جگہ کا وقت معتبر ہوتا ہے، جہاں وہ عبادت انجام دی جا رہی ہے۔(۱)

= ما في " **البدائع** " :وأما يوم صوم رمضان فوقته صوم شهر رمضان لا يجوز في غيره فيقع الكلام فيه في موضيعن : أحدهما في بيان وقت صوم رمضان ، والثاني في بيان ما يعرف به وقته ، أما الأول فوقت صوم رمضان شهر رمضان ، لقوله تعالى : ﴿**فمن شهد منكم الشهر فليصمه**﴾. [البقرة:۱۸۵] أي فليصم في الشهر . وقول النبي صلى الله عليه وسلم : وصوموا شهركم أي في شهركم لأن الشهر لا يصام وإنما يصام فيه. (بدائع الصنائع :۲/ ۵۷۰ ،كتاب الصوم ، فصل في شرائطها)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار** " : قال العلامة ابن عابدين رحمه الله : والمراد بالغروب : زمان غيبوبة جرم الشمس بحيث تظهر الظلمة في جهة الشرق . قال صلى الله عليه وسلم : " **إذا أقبل الليل من ههنا فقد أفطر الصائم** ". [أخرجه البخاري ۴/ ۱۹۶، رقم الحديث : ۱۹۵۴، ومسلم :۲/ ۷۷۲ ، ۵۱ ۱۱۰۰] أي إذا وجدت الظلمة حساً في جهة المشرق فقد ظهر وقت الفطر أو صار مفطراً في الحكم .

(رد المحتار:۳/ ۳۳۰ ، كتاب الصوم ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح :ص۳۴۶ ، كتاب الصوم)

ما في " **قواعد الفقه** " : بقاعدة فقهية : " تحكم المكان أصل في الشرع ".(ص:۶۸، رقم القاعدة :۷۶)

خوشبوسونگھنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا

مسئلہ (۲۲۷): لوبان، عود، اگربتی، اور دیگر خوشبو جات سے روزہ فاسد نہیں ہوتا، البتہ اگران کا دھواں حلق میں قصداً داخل کیا گیا تو روزہ فاسد ہوجائیگا۔(۱)

روزہ کی حالت میں آپریشن کے ذریعے چربی نکلوانا

مسئلہ(۲۲۸): خون کی نالی میں چربی جم جانے کی صورت میں آپریشن(Opration) کیا جاتا ہے، اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، کیوں کہ اس آپریشن میں معدہ میں کسی چیز کو داخل نہیں کیا جاتا، محض خون کی نالی میں سے جمی ہوئی چربی کو نکالا جاتا ہے۔ علامہ شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کہ منافذِ اصلیہ سے داخل ہونے والی شیٔ ہی روزہ کو توڑتی ہے۔(۲)

صدقۂ فطر طلباء مدارس کو دینا بہتر ہے

مسئلہ(۲۲۹): دینی مدارس کے غریب طلباء کو فطرہ دینا سب سے زیادہ ثواب ہے، کیوں کہ اس صورت میں فطرہ کی ادائیگی کے ساتھ صدقۂ جاریہ کا ثواب بھی ملتا ہے۔(۳)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : (أو دخل حلقه غبار أو ذباب أو دخان) .... ومفاده أنه لو أدخل حلقه الدخان أفطر أي دخان كان ولو عوداً أو عنبراً لو ذاكراً لإمكان التحرز عنه ."در مختار". (۳/۳٦٦، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **رد المحتار** " : والمفطر إنما هو الداخل من المنافذ . (۳/۳٦۷)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في "**الفتاوى الهندية** " : التصدق على الفقير العالم أفضل من التصدق على الجاهل كذا في الزاهدي. (۱/۱۸۷، الباب السابع في المصرف) =

....

....

....

= ما في " **رد المحتار على الدر المختار**": وبهـذا التعليل يقوى ما نسب للواقعات من أن طالب العلم يـجوز له أخذ الزكاة ولو غنياً إذا فرغ نفسه لإفادة العلم واستفادته لعجزه عن الكسب والحاجة داعية إلى مـا لا بد منه . "در مختار" ..... قـلـت : ورأيتـه فـي جامع الفتاوى ونصه ، وفي المبسوط : لا يجوز دفع الـزكاة إلى من يملك نصاباً إلا إلى طالب العلم والغازي ومنقطع الحج لقوله عليه الصلاة والسلام : " **يجوز دفع الزكاة لطالب العلم وإن كان له نفقة أربعين سنة** ". (من أن طالب العلم) أي الشرعي.

(۲۵۸/۳ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

ما في " **الـدر المنتقى على هامش مجمع الأنهر**" : ومـنـقطع الغزاة عند أبي يوسف ومنقطع الحج عند مـحـمد إن كان فقيراً هو المراد بقوله تعالى : ﴿**وفي سبيل الله**﴾ وفسـره في الظهيرية بطلبة العلم ، وفي البدائع بجميع القرب.

(۳۲۷/۱ ، مـنـحة الـخـالـق عـلـى البحر الرائق : ٤٢٢/٢ ، حاشية الشلبي على تبيين الحقائق :۱۱٦/۲، الموسوعة الفقهية :۳۱٦/۲۲)

مسائلِ اعتکاف

رمضان کےعشرۂ اخیر کےاعتکاف میں روزہ شرط ہے

مسئلہ(۲۳۰): رمضان کے اخیر عشرہ کا اعتکاف سنتِ مؤکدہ علی الکفایہ ہےاس میں روزہ شرط ہے اگرکسی شخص نے بغیر روزہ کے اعتکاف کیاتو اعتکاف مسنون ادانہیں ہوگا، بلکہ یہ اعتکاف نفل ہوجائیگا، البتہ اگرکسی دن روزہ نہ رکھ سکےتو صرف اسی دن کےاعتکاف کی قضالازم ہوگی ۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفتاوى الهندية** " : وينقسم إلى واجب وهو المنذور وتنجيزاً وتعليقاً وإلى سنة مؤكدة وهو في العشر الأخير من رمضان .... وأما شروطه ، منها الصوم وهو شرط الواجب منه.

(۲۱۱/۱، كتاب الصوم ، الباب السابع في الاعتكاف)

ما في " **مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي** " : والاعتكاف على ثلاثة أقسام : واجب في المنذور وسنة كفاية مؤكدة في العشر الأخير من رمضان.

(ص ۷۰۰، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، الدر المختار مع رد المحتار:۳۸۳/۳ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف)

ما في " **رد المحتار**" : ومقتضى ذلك أن الصوم شرطاً أيضاً في الاعتكاف المسنون ، لأنه مقدر بالعشر الأخير حتى لو اعتكفه بلا صوم لمرض أو سفر ، ينبغي أن لا يصح عنه بل يكون نفلاً ، فلا تحصل به إقامة سنة الكفاية .... أما على قول غيره فيقضي اليوم الذي أفسده لاستقلال كل يوم بنفسه .... والحاصل : أن الوجه يقتضي لزوم كل يوم شرع فيما عندهما بناءِ على لزوم صومه ، بخلاف الباقي لأن كل يوم بمنزلة شفع من النافلة الرباعية وإن كان المسنون هو الاعتكاف العشربتمامه.

(۳۸۴/۳ ـ ۳۸۷ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، فتاوى محموديه : ۲۲۰/۱۰)

محلّہ کی ہر مسجد میں اعتکاف ہوتو بہتر ہے

مسئلہ(۲۳۱): اگرکسی محلّہ میں کئی مسجدیں ہوتو بہتر یہ ہے کہ ہر مسجد میں اعتکاف ہولیکن اگر محلّہ کی کسی ایک مسجد میں بھی اعتکاف کرلیا جائے تو پورے محلّہ کے لوگ ترکِ سنت کے گناہ سے انشاء اللہ بری ہوجائیں گے۔(۱)

مسجد سے متصل حجرے میں اعتکاف کرنا

مسئلہ(۲۳۲): مسجد سے متصل ایسے حجرہ میں اعتکاف کرنا جس میں نماز نہ ہوتی ہو بلکہ وہ حجرہ امام، مؤذن یا مسجد کا سامان رکھنے کیلئے بنایا گیا ہو شرعاً درست نہیں ہے، اس لئے کہ اعتکاف کیلئے ایسی مسجد شرط ہے جس میں پنج وقتہ نماز باجماعت ہوتی ہو۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱)ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : وسنة مؤكدة .... سنة كفاية ، نظيرها إقامة التراويح بالجماعة ، فإذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقين. (۳۸۳/۳ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف)

ما في " **رد المحتار** " : قوله : (والجماعة فيها سنة على الكفاية) أفاد أن أصل التراويح سنة عين ، وهل المراد أنها سنة كفاية لأهل كل مسجد من البلدة أو مسجد واحد منها أو من المحلة ، ظاهر كلام الشارح الأول ، حتى لو ترك أهل محلة كلهم الجماعة فقد تركوا السنة وأساء وا.

(۴۳۱/۲ ، كتاب الصلاة ، صلاة التراويح ، مجمع الأنهر:۳۷۹/۱ ، باب الاعتكاف)

ما في " **جامع الرموز** " : الاعتكاف سنة مؤكدة مطلقاً ، وقيل سنة على الكفاية ، حتى لو ترك في بلدة لأساء وا.

(۴۳۱/۱ ، فصل في الاعتكاف ، بحواله فتاوى محموديه :۲۲۲/۱۰ ، كتاب الفتاوى :۴۵۴/۳)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **النهر الفائق** " : وروى الحسن عن الإمام أن كل مسجد له إمام ومؤذن معلوم يصلى فيه الخمس بالجماعة يصح الاعتكاف فيه ، وصححه المشايخ. (۴۴/۲ ،كتاب الصوم ، باب الاعتكاف) =

ضرورت کی وجہ سے نکلنے پر اعتکاف باقی رہے گا یا نہیں؟

مسئلہ(۲۳۳): اگر معتکف کسی جنازہ میں شرکت کرنے کیلئے جائے، یا کسی میت کی تجہیز وتکفین کیلئے جائے، گرچہ ضرورت کی وجہ سے ہی ہو، یا اس کے ذمہ لازم ہو تب بھی اعتکاف ٹوٹ جائے گا، مگر معتکف گنہگار نہ ہوگا، اور اس پر ایک دن کے اعتکاف کی قضاء لازم ہوگی۔

= ما في " **البدائع** " : وروی الحسن بن زیاد عن أبي حنیفة أنه لا یجوز إلا في مسجد تصلی فیه الصلاة کلها. (۲۸۰/۲ ، کتاب الاعتکاف ، شرائط صحته)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** ": هو لبث مسجد جماعة ، هو ماله إمام ومؤذن أدیت فیه الخمس أو لا ، وعن الإمام اشتراط أداء الخمس فیه ، وصححه بعضهم قال : لا یصح في کل مسجد ، وصححه السروجي. (۳۸۱/۳ ، کتاب الصوم ، باب الاعتکاف ، فتاوی محمودیه : ۲۲۸/۱۰)

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما في " **النهر الفائق** " : وعن هذا فسد إذا عاد مریضاً أو شهد جنازة تعینت إلا أنه لأ یأثم ، بل یجب علیه الخروج. (۴۷/۲ ، کتاب الصوم ، باب الاعتکاف)

ما في " **تبیین الحقائق** " : وکذا لو خرج لجنازة یفسد اعتکافه وکذا لصلاتها ولو تعینت علیه.

(۲۲۹/۲ ، باب الاعتکاف ، الفتاوی الهندیة : ۲۱۲/۱ ، الباب التاسع في الاعتکاف ، البحر الرائق: ۵۲۹/۲، کتاب الصوم ، باب الاعتکاف)

ما في " **رد المحتار**" : أما علی قول غیره فیقضی الیوم الذي أفسده لاستقلال کل یوم بنفسه .... والحاصل : أن الوجه یقتضي لزوم کل یوم شرع فیما عندهما بناء علی لزوم صومه ، بخلاف الباقي لأن کل یوم بمنزلة شفع من النافلة الرباعیة وإن کان المسنون هو الاعتکاف العشر بتمامه.

(۳۸۴/۳ ـ ۳۸۷ ، کتاب الصوم ، باب الاعتکاف ، فتاوی محمودیه : ۲۶۹/۱۰)

علاج ومعالجہ کے لیے اعتکاف سے نکلنا

مسئلہ (۲۳۴) : اگر کوئی شخص بحالتِ اعتکاف بیمار ہو جائے اور صحت یاب نہ ہونے کی صورت میں علاج ومعالجہ کیلئے مجبوراً خارجِ مسجد ڈاکٹر کے پاس جانا پڑے، یا بقاءِ مرض کے ساتھ مسجد میں رہنا ممکن نہ ہو، جس کی وجہ سے گھر جانا پڑے، تو ان تمام صورتوں میں اعتکاف فاسد ہو جائے گا، اور اس پر ایک دن کے اعتکاف کی قضاء لازم ہوگی۔(۱)

دوسرے محلّہ کی مسجد میں اعتکاف کرنا

مسئلہ(۲۳۵) : اگر کوئی شخص کسی دوسرے محلّہ کی مسجد میں رمضان کے اخیر عشرہ کا اعتکاف کرے تو

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار** " : ولا فرق بين فساده بصنعه بلا عذر كالجماع مثلاً إلا الردة ، أو لعذر كخروجه لمرض. (۳۸۹/۳ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف)

ما في " **الفتاوى الهندية** " : وكذا إذا خرج ساعة بعذر المرض فسد اعتكافه.

(۲۱۲/۱ ، الباب التاسع في الاعتكاف)

ما في " **الموسوعة الفقهية** " : أما المرض الشديد الذي يتعذر معه البقاء في المسجد ، أو لا يمكن البقاء معه في المسجد ، بأن يحتاج إلى خدمة أو فراش أو مراجعة طبيب ، فقد ذهب الحنفية إلى أن خروجه مفسد لإعتكافه. (۲۲۳/۵)

ما في " **رد المحتار** " : أما على قول غيره فيقضي اليوم الذي أفسده لاستقلال كل يوم بنفسه .... والحاصل : أن الوجه يقتضي لزوم كل يوم شرع فيما عندهما بناءً على لزوم صومه ، بخلاف الباقي لأن كل يوم بمنزلة شفع من النافلة الرباعية وإن كان المسنون هو الاعتكاف العشر بتمامه.

(۳۸٤/۳ ـ ۳۸۷ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف، فتاوى محموديه : ۲۲۰/۱۰، فتاوى عثماني: ۱۹۵/۲، أحسن الفتاوى : ٥۰۸/٤)

اس مسجد کے محلّہ والوں کی طرف سے اعتکافِ مسنون ادا ہو جائیگا (۱)، مگر محلّہ والوں کو چاہیے کہ خود ہی اعتکاف کریں، دوسرے شخص سے اعتکاف کرا کے خود ثواب سے محروم نہ ہوں (۲)۔

معتکف کورٹ میں جائے تو اعتکاف فاسد ہو گا یا نہیں؟

مسئلہ (۲۳۶): اگر معتکف کو پولس یا اور کوئی شخص کسی مقدمہ میں جبراً پکڑ کر لے جائے اور دو تین گھنٹہ کے بعد چھوڑ دے، یا معتکف کو پیشی کیلئے یا اداءِ شہادت کیلئے کورٹ جانا پڑے، تو ان تمام صورتوں میں اعتکاف فاسد ہو جائیگا، اور اس پر ایک دن کے اعتکاف کی قضاء لازم ہوگی۔ (۳)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **جامع الرموز** " : الاعتكاف سنة مؤكدة مطلقاً ، وقيل سنة على الكفاية حتى يترك في بلدة لا ساءوا. (۱/۳۷٦ ، فصل في الاعتكاف ، بحواله فتاوى محموديه : ۱۰/۲۳۰)

ما في " **رد المحتار**" : وأما أفضل الاعتكاف ففي المسجد الحرام ، ثم في مسجده صلى الله عليه وسلم ، ثم في المسجد الأقصى ، ثم في الجامع ، قيل : إذا كان يصلى فيه بجماعة فإن لم يكن ففي مسجده أفضل لئلا يحتاج إلى الخروج ، ثم ما كان أهله أكثر.

(۳/۳۸۱ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، النهر الفائق : ۲/٤٤ ، خلاصة الفتاوى : ۱/۲٦۷)

ما في " **الفتاوى الهندية** ": وأما شروطه : منها مسجد الجماعة ، فيصح في كل مسجد له أذان وإقامة هو الصحيح. (۱/۲۱۱ ، كتاب الصوم ، خلاصة الفتاوى : ۲/۲٦۷ ، كتاب الصوم ، الفصل السادس في الاعتكاف ، فتاوى دار العلوم : ٦/۵۱۰ ، فتاوى محموديه : ۱۰/۲۳۰)

(۲) ما في " **القرآن الكريم** " : ﴿**وسارعوا إلى مغفرة من ربكم وجنة عرضها السمٰوٰت والأرض ، أعدت للمتقين**﴾. (**آل عمران : ۱۳۳**) .... وقوله تعالى : ﴿**فاستبقوا الخيرات**﴾. (سورة البقرة : ۱٤۸)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **الموسوعة الفقهية** " : اتفق الفقهاء على أن الخروج بسبب الإكراه لحكومة لا يفسد =

....

....

....

= الاعتكاف قبل تمام الاعتكاف ، إلا أن الحنفية أطلقوا القول بأن الإكراه لا يفسد الاعتكاف إذا دخل المعتكف مسجداً آخر من ساعته ، وهذا استحباب منهم ، أما إذا لم يدخل مسجداً آخر ، فيبقي الحكم على أصل القياس وهو البطلان . (۲۲۳/٥ ، الخروج حالة الإكراه)

وما فيه **أيضاً** : ذهب الحنفية والمالكية إلى أن الخروج لأجل الشهادة مفسد للاعتكاف.

(۲۲۳/٥ ، الخروج لأداء الشهادة)

ما في " **النهر الفائق** " : إن الخروج عامداً أو ناسياً أو مكرهاً بأن أخرجه السلطان أو الغريم أو خروج للبول ، فحبسه الغريم ساعة أو لعذر المرض مفسد عند الإمام. (٤٦/٢ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف)

ما في " **تبيين الحقائق** ": قوله : (أو لأداء الشهادة) أي وإن تعين عليه ، كل ذلك مفسد.

(۲۲۸/۲ ، باب الاعتكاف ، البحر الرائق :٥٢٩/٢ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف)

ما في " **رد المحتار**" : أما على قول غيره فيقضى اليوم الذي أفسده لاستقلال كل يوم بنفسه .... والحاصل : أن الوجه يقتضي لزوم كل يوم شرع فيما عندهما بناء على لزوم صومه ، بخلاف الباقي لأن كل يوم بمنزلة شفع من النافلة الرباعية وإن كان المسنون هو الاعتكاف العشر بتمامه.

(۳۸٤/۳ ـ ۳۸۷ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، فتاوی محمودیه :۱۰/ ۲۸۰)

کتاب النکاح

(نکاح کا بیان)

نکاح نعمت، طلاق ضرورت

فرمانِ باری تعالیٰ ہے: ﴿ومن آیاته أن خلق لكم من أنفسكم أزواجاً لتسكنوا إليها وجعل بينكم مودة ورحمة﴾. ......اوراسی کی نشانیوں میں ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس کی بیویاں بنائیں، تاکہ تم ان سے سکون حاصل کرو، اوراس نے تمہارے (یعنی میاں بیوی کے) درمیان محبت وہمدردی پیدا کردی۔ (سورۃ الروم:۲۱)

نکاح اللہ کی ایک نعمت ہے، جب یہ رشتہ قائم کیا جاتا ہے تو اس میں پائیداری ودوام مقصود ہوتا ہے،اس رشتہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ زوجین کواولاد کی نعمت سے نوازتا ہے،اوراللہ رب العزت کا یہ فیصلہ کہ دنیا تاقیامِ قیامت آباد رہے، پورا ہوتا ہے۔......"فإنه لما حكم الله تعالىٰ ببقاء العالم إلى يوم القيامة ومعلوم أنه لا يبقى ما لم يكن بينهم معاملة يتهيأ بها معاشهم من البيع والإجارة ونكاح مبقياً لهذا الجنس بالتوالد". (نورالأنوار:ص۱۷۸)

علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:......اللہ رب العزت نے بہت سی حکمتوں، مصلحتوں اور منفعتوں کے پیشِ نظر نکاح کو جائز قرار دیا، منجملہ ان مصالح وحِکم کے ایک حکمت ومصلحت یہ ہے کہ اس روئے زمین پر نوعِ انسانی، اصلاحِ ارض اوراقامتِ شرائع کے لیے اس کی نائب بن کر قیامت تک باقی رہے، اور یہ مصلحتیں اسی وقت متحقق ہوسکتی ہیں جبکہ ان کی بنیاد مضبوط اور مستحکم ستونوں پر ہوں، اوروہ ہے نکاح۔

ویسے تو نسلِ انسانی کا وجود مرد وعورت کے ملاپ سے ممکن تھا، خواہ وہ ملاپ کسی بھی طرح کا ہوتا، لیکن اس ملاپ سے جو نسل وجود میں آتی وہ اصلاحِ ارض اوراقامتِ شرائع کے لیے موزوں ومناسب نہ ہوتی، نسلِ صالح نکاح سے ہی وجود میں آسکتی ہے، کیوں کہ قاعدہ ہے: "فاسد سے فاسد اور باطل سے باطل وجود میں آتا ہے"۔ "ما بني على فاسد أو باطل فهو فاسد وباطل".

(موسوعة القواعد الفقهية:۴۳۹/۹)

نکاح کے ذریعہ انسان اولاد حاصل کرتا ہے، جب وہ ان کی تعلیم وتربیت کو بہتر طریقے سے انجام دیتا ہے تو یہی اولاد اس کے لیے دنیوی زندگی میں آنکھوں کی ٹھنڈک، اوراس کے مرنے کے بعد ذکرِ حسن ہوا کرتی ہے، اولاد لطفِ روحانی (Soul enjoyment) اور رونقِ زندگانی (Gaity of life) ہے، اللہ تعالیٰ اپنی کتابِ عزیز میں ارشادفرماتے ہیں: ﴿المال و البنون زینة الحیوة الدنیا و البٰقیٰت الصالحات خیر عند ربک ثواباً و خیرٌ أملاً﴾. ......مال اوراولاد دنیوی زندگی کی ایک رونق ہیں، اور باقی رہ جانے والے اعمالِ صالحہ آپ کے پروردگار کے ہاں ثواب کے اعتبار سے بھی کہیں بہتر ہے، اور امید کے اعتبار سے بھی کہیں بہتر ہے۔(سورۃ الکہف:۴۶)

انسان کی آنکھ بند ہونے کے بعد یہی اولاد اس کی نام لیوا ہوتی ہے، اوراس کے لیے دعاء خیر کرتی ہے، جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:''جب انسان مرجاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہوجاتا ہے، مگر تین چیزوں سے اس کو برابر فائدہ پہونچتا رہتا ہے'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں ایک نیک اولاد کو بھی ذکر فرمایا۔

عن أبی هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : "**إذا مات الإنسان انقطع عمله إلا من ثلاثة أشياء؛ من صدقة جارية أو علم ينتفع به أو ولد صالح يدعو له**". (سنن أبی داود:۲/ ۳۹۸، صحیح مسلم:۲/ ۴۱، الوصیۃ)

نکاح مرد وعورت دونوں میں ملاپ کا بہترین ذریعہ ہے، اوریہی ملاپ عورت میں پائی جانے والی کمی کو پورا کرنے کا سبب بنتا ہے، کیوں کہ ہرکوئی اس بات سے بخوبی واقف ہے کہ عورت پیدائشی طور پر کمزور ہے، مرد جن اعمالِ شاقہ (Difficult workes) کا متحمل ہے عورت اس کا تحمل نہیں کرسکتی ،عورت کومرد کی ضرورت ہے، تاکہ مرد کسبِ معاش میں اس کا معاون ومددگار، اوراس کی عزت وآبرو کا پاسبان ہو،ٹھیک اسی طرح مرد کوبھی عورت کی ضرورت ہے، تاکہ وہ اس کے مال کی حفاظت وصیانت اوراس کے امورِخانہ داری کے فرائض کوانجام دے، اور متاعبِ حیات (Troublesome of life) کو اس سے دور کردے، اور مرد کی یہ ضرورت اسی وقت پوری ہوگی جبکہ وہ کسی عورت سے رشتۂ نکاح کو قائم

کرے، اسی مقدس رشتے کو قرآنِ حکیم نے میثاقِ غلیظ سے تعبیر فرمایا: ﴿وأخذن منکم میثاقاً غلیظاً﴾ اور وہ (بیویاں) تم سے ایک مضبوط اقرار لے چکی ہیں۔ (سورۃ النساء: ۲۱)

نکاح خاندانوں میں اتحاد وارتباط اور اسبابِ بغض وعداوت کے دور کرنے اور عفت و پاکدامنی کا بہترین ذریعہ ہے۔ (ردالمحتار: ۴/ ۵۸)

اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: «**یا معشر الشباب! من استطاع منکم الباءة فلیتزوج، فإنه أغض للبصر، وأحصن للفرج، ومن لم یستطع فعلیه بالصوم، فإنه له وجاء**». ......اے نوجوانو کی جماعت! تم میں جو نکاح کی استطاعت رکھے اسے چاہیے کہ وہ نکاح کرلے، کیوں کہ اس سے نگاہیں نیچی رہتی ہیں، اور شرمگاہ کی حفاظت ہوتی ہے۔

(أخرجه الشیخان في صحیحیهما واللفظ لمسلم)

اسلامی تعلیمات کا اصل رخ یہ ہے کہ نکاح کا معاملہ اور معاہدہ عمر بھر کے لیے ہو، اس کو توڑنے اور ختم کرنے کی نوبت ہی نہ آئے، کیوں کہ اس معاملہ کے ٹوٹنے کا اثر صرف میاں بیوی پر ہی نہیں پڑتا، بلکہ نسل واولاد کی تباہی و بربادی اور بعض اوقات خاندانوں اور قبیلوں میں فساد تک کی نوبت پہونچتی ہے، اور پورا معاشرہ بری طرح متأثر ہوتا ہے۔ اسی لیے شریعتِ اسلامیہ نے میاں بیوی کو وہ ہدایتیں دی، جس پر عمل پیرا ہونے سے یہ رشتہ زیادہ سے زیادہ مضبوط و مستحکم ہوتا چلا جاتا ہے۔

اگر بیوی کی طرف سے کوئی ایسی صورت پیش آئے جو شوہر کے مزاج سے ہم آہنگ نہ ہو، تو شوہر کو حکم دیا گیا کہ وہ افہام وتفہیم اور زجر وتنبیہ سے کام لے، اگر بات بڑھ جائے اور اس سے بھی کام نہ چلے تو خاندان ہی کے چند افراد کو حکم اور ثالث بنا کر معاملہ طے کرلیا جائے۔ ارشادِ خداوندی ہے: ﴿**وإن خفتم شقاق بینهما فابعثوا حکماً من أهله وحکماً من أهلها، إن یریدا إصلاحاً یوفق الله بینهما**﴾. ......اور اگر تمہیں دونوں کے درمیان کشمکش کا علم ہو تو تم ایک حکم مرد کے خاندان سے اور ایک حکم عورت کے خاندان سے مقرر کردو، اگر دونوں کی نیت اصلاحِ حال کی ہوگی تو اللہ دونوں کے درمیان موافقت پیدا کردے گا۔ (سورۃ النساء: ۳۵)

لیکن بعض اوقات میاں بیوی کے مزاج کا ہم آہنگ نہ ہونا اور دونوں میں اس قدر بغض وعداوت ہوجانا کہ دونوں ایک ساتھ رہکر ایک دوسرے کے حقوقِ واجبہ ادانہ کرسکتے ہوں، اور اصلاحِ حال کی تمام کوششیں ناکام ہوچکی ہوں، اور تعلقِ نکاح کے مطلوبہ ثمرات حاصل ہونے کے بجائے میاں بیوی کا آپس میں مل کر رہنا ایک عذاب بن جاتا ہو، تو ایسی صورت میں اس ازدواجی تعلق کو ختم کرنا ہی طرفین کے لیے سامانِ راحت وسلامتی ہوتا ہے، اس لیے شریعت نے طلاق کو مباح قرار دیا۔

علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:......محاسنِ طلاق میں یہ داخل ہے کہ شریعت نے طلاق کا اختیار صرف مرد کو دے رکھا ہے، کیوں کہ وہ عورت کے مقابلہ میں کامل العقل ہوتا ہے، اور کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے وہ اس کے عواقب ونتائج پر غور کرلیتا ہے، جبکہ عورت کی صفت عقل ودین میں نقصان ہونا ہے، اور وہ خواہشات سے مغلوب ہوتی ہے۔ اور یہ بھی محاسنِ طلاق میں داخل ہے کہ آدمی کو دینی ودنیوی مکارہ سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔ (ردالمحتار:۲/ ۴۲۹)

لیکن اس خلاصی وچھٹکارے کے لیے اسی طریق وترتیب کو اپنانا ضروری ہے جو شریعت نے بتلائی ہے، اس کی خلاف ورزی کرنا شرعاً حرام ہے۔

مفتیٔ اعظم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ فرماتے ہیں: ''شریعت نے معاہدۂ نکاح کو توڑنے اور فسخ کرنے کا طریقہ وہ نہیں رکھا، جو عام خرید وفروخت کے معاملات اور معاہدات کا ہے، کہ ایک مرتبہ معاہدہ فسخ کردیا تو اسی وقت اسی منٹ فریقین آزاد ہوگئے، اور پہلا معاملہ بالکل ختم ہوگیا، اور ہر ایک کو اختیار ہوگیا کہ دوسرے سے معاہدہ کرلے، بلکہ معاملۂ نکاح کو بالکل قطع کرنے کے لیے اول تو اس کے تین درجے تین طلاقوں کی صورت میں رکھے گئے، پھر اس پر عدت کی پابندی لگادی گئی''۔ (معارف القرآن:۱/ ۵۵۷)

طلاق کا شرعی طریقہ:

(۱)......طلاق کا شرعی طریقہ یہ ہے کہ شوہر اپنی مدخولہ بیوی کو ایسے طہر کی حالت میں جس میں اس سے صحبت نہ کی ہو، ایک طلاقِ رجعی دے، یعنی یوں کہہ دے کہ ''میں نے تجھے ایک طلاقِ رجعی دی''، اور اس کو چھوڑ دے یعنی دوسری طلاق نہ دے، یہاں تک کہ اس کی عدت گزر جائے، اس طلاق کو طلاقِ احسن کہتے

ہیں، کیوں کہ اگر شوہر کو اپنے فعلِ طلاق پر ندامت ہو تو وہ تدارک پر قادر ہوگا، یعنی اگر عدت کے اندر رجوع کرنا چاہے تو رجوع کرسکتا ہے، اور اگر عدت گزر گئی اور دوبارہ نکاح کرنا چاہے تو بلا حلالہ نکاحِ جدید کرسکتا ہے۔

طلاقِ رجعی میں عدت کے اندر رجوع کرنے کے لیے نہ تجدیدِ نکاح کی ضرورت ہے، نہ ہی عورت کی رضامندی ضروری ہے، نہ عدت میں ترکِ زینت کا حکم ہے، نہ میاں بیوی کو زمانۂ عدت میں علیحدہ رہنے کا حکم ہے، بلکہ زوج اور زوجہ کے لیے ایک گھر میں رہنا جائز ہے۔(غایۃ الأوطار:۲/ ۱۰۸)

(۲)...... اپنی مدخولہ بیوی کو ایسے تین طہر میں جس میں اس سے صحبت نہ کی ہو ایک ایک کر کے تین طلاقیں دیدینا طلاقِ حسن ہے، کیوں کہ اس طرح طلاق دینے کی صورت میں اگر دو طلاقیں دینے کے بعد شوہر اپنے اس اقدام پر نادم وشرمسار ہو تو عدت کے اندر رجوع کرسکتا ہے۔

(۳)...... ۱-...... مدخولہ بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دینا۔ ۲-...... ایسے طہر میں طلاق دینا جس میں عورت کے ساتھ صحبت کر چکا۔ ۳-...... طلاقِ بائن دینا۔ ۴-...... ایک طہر میں ایک سے زائد (دو یا تین) طلاق دینا۔ ۵-...... غیر مدخولہ کو بیک وقت ایک سے زائد طلاق دینا۔ ۶-...... نابالغہ یا آئسہ (جس عورت کو حیض آنا بند ہو چکا ہو) کو ایک مہینہ میں ایک سے زائد طلاق دینا، یہ سب طلاقِ بدعت ہے، اس طرح طلاق دینے سے آدمی گناہ گار ہوتا ہے، البتہ طلاق بہر صورت واقع ہوجاتی ہے۔

ایک غلط فہمی:

عامۃً لوگ یوں سمجھتے ہیں کہ نکاح کے بندھن کو ختم کرنے کے لیے تین طلاق دینا ہی ضروری ہے، اور جب تک تین طلاقیں نہیں دی جائیں گی نکاح ختم نہیں ہوگا، اس کی وجہ احکامِ شرعیہ سے ناواقفیت ہے۔ ایک طلاق دیکر بھی نکاح ختم کیا جاسکتا ہے (جس کا طریقہ اوپر گذر چکا)، نیز طلاق ضرورۃً مباح ہے، اور جو چیز ضرورۃً مباح ہوتی ہے وہ بقدرِ ضرورت ہی مباح ہوتی ہے، اور ضرورت ایک طلاق سے پوری ہوجاتی ہے، فقہ کا قاعدہ ہے: " الضرورات تبيح المحظورات ، وما أبيح للضرورة يتقدر بقدرها ". [الأشباہ والنظائر:۳۰۷-۳۰۸] اس لیے زائد طلاقیں دینے سے پرہیز کیا جائے، تاکہ گناہ لازم نہ آئے۔

مسائل نکاح

منگنی کے موقع پرلڑکے والوں کا مٹھائی لانا

مسئلہ(۲۳۷) نکاح سے قبل منگنی کے موقع پرلڑکے والے،لڑکی والوں کے یہاں جومٹھائی وغیرہ لے کرآتے ہیں اگر یہ بطورِشرط اور مجبور ہوکر دینا ہوتا ہوتو یہ رشوت ہے، جوکہ ناجائز وحرام ہے، اور اگر بطورِشرط اور مجبور ہوکرنہیں دیتے بلکہ بطیبِ خاطرہی دیتے ہیں،لیکن رسم ورواج کی بناء پر دیتے ہیں تو بھی ناجائز ہے، کیونکہ قاعدہ ہے:" **المعروف کالمشروط**" معروف مشروط کی طرح ہے، ہاں اگرکہیں عرف نہ ہواور نہ ہی رسم ورواج ہو، بلکہ بلاطلب ، بلاشرط ، بلا رسم ورواج کی پابندی کے بطیبِ خاطر دیتے ہیں تو یہ ہدیہ ہوگا،اوراس کالینا جائزاوردرست ہوگا۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **مشکوٰة المصابیح** ": عن أبي مرة الرقاشي عن عمه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: **ألا لا تظلموا، ألا لايحل مال امرئٍ إلا بطيب نفس منه.** رواه البيهقي في شعب الإيمان، والدارقطني في المجتبیٰ. (ص:۲۵۵، باب الغصب والعارية، الفصل الثاني)

ما فی " **مجموعة الفتاوی مترجم للشيخ العلامة عبد الحی اللکنوی** ": قال في الوسيلة الأحمدية شرح الطريقة المحمدية: ولعن رسول الله صلى الله عليه وسلم الراشي والمرتشي، ومن الرشوة ما أخذه ولي المرأة قبل النكاح، إذا كان بالسؤال أو كان إعطاء الزوج بناءً على عدم رضائه على تقرير عدمه، أما إذا كان بلا سؤال ولا عن عدم رضائه فيكون هدية.

(۲/ ۲۳۰، استفتاء نمبر:۷۲، بحواله فتاوی محموديه:۱۱/ ۱۸۷)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": أخذ أهل المرأة شيئاً عند التسليم فللزوج أن يسترده، لأنه رشوة.=

دعوتِ ولیمہ لڑکے والے کو کرانا چاہئے

مسئلہ(۲۳۸) شادی کے موقع پر لڑکے کی طرف سے دعوتِ ولیمہ مسنون ومشروع ہے، لڑکی والوں کی طرف سے دعوت کھانے اور کھلانے کا رواج بعد کی رسم ہے، صحابہ، تابعین، اور تبعِ تابعین کے زمانے میں یہ رسم نہیں تھی ، اس لیے یہ طریقہ خلافِ سنت ہے، اور گاؤں برادری کو بھوج (ضیافت/کھانا) نہ دینے پر لڑکی کے باپ کو طعنہ دینا ناجائز اور گناہِ کبیرہ ہے۔

اگر لڑکی والے دباؤ میں آکر، یا رسم ورواج کا پابند ہوکر کھلا بھی دیں، یا شہرت وتفاخر کے طور پر کھلائے تو اس کا کھانا حرام ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''کسی کا مال بغیر اس کی رضا اور خوشی کے استعمال کرنا حلال نہیں'' (۱)۔

اسی طرح ...... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک دوسرے پر فخر کرنے کے لیے کھلانے والوں کی دعوت قبول نہ کی جائے، اور ان کا کھانا نہ کھایا جائے (۲)، اس لیے لڑکی والوں کی طرف سے دعوت کا التزام کرنا، اور

= **"درمختار"**. قال الشامي : قوله : (عند التسليم) أي بأن أبى أن يسلمها أخوها أو نحوه حتى يأخذ شيئاً، وكذ لو أبىٰ أن يزوجها فللزوج الاسترداد قائماً أو هالكاً لأنه رشوة ."بزازية".

(٤/٣٠٧، كتاب النكاح، باب المهر، البحر الرائق:٣/٣٢٥، باب المهر، الفتاوىٰ البزازية على هامش الهندية: ٤/١٣٦، الفصل الثاني عشر في الهبة)

والحجة على ما قلنا

(١) **"لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه"**. (مشكوة المصابيح : ص٢٥٥، باب الغصب والعارية)

(٢) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: **"المتباريان لا يجابان ولا يؤكل طعامهما"**. قال الإمام أحمد: يعني المتعارضين بالضيافة فخراً ورياءً".

(مشكوة المصابيح : ص٢٧٩، باب الوليمة، الفصل الثالث، فتاوى محموديه:١١/٢٣٩)

اس کا مطالبہ کرنا درست نہیں ہے، حالانکہ آج معاملہ ایسا ہوگیا ہے کہ زیادہ تر لڑکی والوں کی طرف سے ہی اس کا التزام کیا جارہا ہے، اس لیے یہ چیزیں واجب الترک ہیں۔

حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ کا فتوی ہے کہ لڑکی والوں کی طرف سے باراتیوں یا برادری کو کھانا دینا لازم یا مسنون اور مستحب نہیں ہے، اگر بغیر التزام کے وہ اپنی مرضی سے کھانا دیدیں تو مباح ہے، نہ دیں تو کوئی الزام نہیں (۱)۔

عورت کو لانا شوہر کی ذمہ داری ہے

مسئلہ(۲۳۹) رخصتی کے وقت عورت کو لانے کی ذمہ داری بھی شوہر پر ہوگی، کیونکہ ہمارا عرف ایسا ہی ہے، عورت خود نہیں جاتی ہے۔(۲)

وہ چیزیں جو مرد پر عورت کے لیے لازم ہیں

مسئلہ(۲۴۰): مرد، عورت کے لیے ان تمام چیزوں کو جن کا تعلق روزمرہ زندگی سے ہے، اپنی استطاعت کے مطابق مہیا کرے مثلاً: ماکولات، مشروبات، ملبوسات، سکنیٰ، نیز صحت کی حفاظت کے لئے جن چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے، اور صفائی ستھرائی کے اعتبار سے جن اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے، مثلاً صابون، کنگھی، تیل اور پاؤڈر جس سے بدبو کو دور کیا جاتا ہے، مرد کے ذمہ لازم ہے، رہی وہ

---

(۱) (كفاية المفتي : ۵/۱۵۶۔ ۱۵۸)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في "**الحديث**": **ما رآه المسلمون حسناً فهو عند الله حسن، وما رأوه سيئاً فهو عند الله سيئٌ**. (المعجم الأوسط للطبراني: ۲/۳۸۴، رقم الحديث: ۳۶۰۲)

ما في "**الأشباه والنظائر**": بقاعدة فقهية : "العادة محكمة". (۱/۳۲۸)

چیزیں جن کے بغیر زندگی کا گزران ہوسکتا ہوان کا مہیا کرنا مرد پر لازم نہیں، ہاں اگر مرد ان چیزوں کو لادے، تو عورت پر ان کا استعمال لازم ہوگا، جیسے میک اَپ، عطریات وغیرہ، علاج ومعالجہ کی ذمہ داری مرد پر واجب نہیں ہے، لیکن اگر وہ علاج ومعالجہ کرائے تو یہ اس کی طرف سے احسان ہوگا، نیز دھوبی کا خرچہ اگر مرد کی اجازت سے ہوتو پھر مرد پر لازم ہے، ورنہ نہیں۔ اسی طرح دایا کی مزدوری اس پر ہوگی جس نے دایا کو لایا ہے، اگر مرد نے لایا ہے تو مزدوری مرد پر واجب ہوگی، اور اگر عورت کے والدین نے دایا کو بلوایا تو اب اس کی مزدوری بھی ان پر لازم ہوگی۔(۱)

والحجة على ما قلنا

ما فی " **الفتاوی الهندية** ": والنفقة الواجبة المأكول والملبوس والسكنىٰ، أما المأكول فالدقيق والماء والملح والحطب والدهن كذا في التتارخانية۔ وكما يفرض لها قدر الكفاية من الطعام كذلك من الادام كذا في فتح القدير۔ ويجب لها ما تنظف به وتزيل الوسخ كالمشط والدهن وما تغسل به الرأس من السدر والخطمى وما تزيل به الدرن كالأشنان والصابون على عادة أهل البلد، وأما ما يقصد به التلذذ والاستمتاع مثل الخضاب والكحل فلا يلزمه بل هو على اختياره إن شاء هيأه لها وإن شاء تركه فإذا هيأه لها فعليها استعماله، وأما الطيب فلا يجب عليه منه إلا ما يقطع به السهوكة لا غير، ويجب عليه ما يقطع به الصنان، ولا يجب الدواء للمرض ولا أجرة الطبيب ولا الفصد ولا الحجامة كذا في السراج الوهاج، وعليه من الماء ما تغسل به ثيابها وبدنها من الوسخ كذا في الجوهرة النيرة .... وأجرة القابلة عليها إن استأجرتها ولو استأجرها الزوج فعليه اهـ.

(الفتاوی الهندية: ۵۴۹/۱، الباب السابع عشر في النفقات، الفتاوی التاتارخانية:۲۴۲/۳، كتاب النفقات، رد المحتار: ۲۹۱/۵، باب النفقة، بدائع الصنائع: ۱۵۳/۵)

ما فی " **الكتاب** " : لقوله تعالى : ﴿**لينفق ذو سعة من سعته ومن قدر عليه رزقه فلينفق مما آتاه الله لا يكلف الله نفساً إلا وسعها**﴾. (سورة الطلاق:۷)

باپ کی طرف سے بیٹی کو سامانِ جہیز دینا

مسئلہ(۲۴۱): باپ اپنی بیٹی کو رخصتی کے وقت اپنی وسعت کے مطابق بطورِ تحفہ کے جو جہیز دیتا ہے یہ جائز ہے اور مستحسن ہے(۱)۔لیکن لڑکا مطالبہ کرے کہ اگر آپ فلاں فلاں چیز دیں تو میں آپ کی لڑکی سے نکاح کروں گا، اور اس پر لڑکی کے باپ کو مجبور کرے تو یہ شرعاً ناجائز وحرام اور مردانیت سے گراہوا فعل ہے(۲)، نیز یہ ہندوانہ رسم ہے جو مسلمانوں میں رائج ہوگئی ہے، لہذا اس سے بچنا لازم اور ضروری ہے(۳)۔

جہیز لڑکی کی ملک ہے یا باپ کی؟

مسئلہ(۲۴۲): جہیز میں دیا گیا سامان لڑکی کی ملک ہے، باپ دوبارہ واپس نہیں لے سکتا، اور نہ خسر وغیرہ لے سکتے ہیں، لیکن یہ مسئلہ عرف پر مبنی ہوگا، اگر کسی جگہ کا عرفِ دائمی یہ ہو کہ باپ جو سامان دیتا ہے وہ بطورِ جہیز دیتا ہے نہ کہ بطورِ عاریت، تو اب یہ سامان لڑکی کا ہی سمجھا جائیگا، لیکن اگر کسی جگہ کا عرف یہ ہو کہ باپ جو سامانِ جہیز دیتا ہے وہ بطورِ عاریت ہے تو اب لڑکی اس سامان کی مالک نہیں

والحجة على ما قلنا

(۱) ما فی "**الحديث**": عن علي رضي الله عنه قال: **جهز رسول الله صلى الله عليه وسلم فاطمة في خميل وقربة ووسادة حشوها اذخر.** (سنن النسائي: ۲/۷۷، باب جهاز الرجل ابنته)

(۲) ما فی "**الكتاب**": قال الله تعالى: ﴿**الرجال قوامون على النساء بما فضل الله بعضهم على بعض**﴾. (سورة النساء:۳۴)

(۳) قال الله تعالى: ﴿**يآيها الذين اٰمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل**﴾. (سورة النساء : ۳۰)

ما في " **السنن لأبي داود**" : وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **من تشبه بقوم فهو منهم**" .

(ص۵۵۹، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

بنے گی، بلکہ باپ ہی اس کا مالک رہیگا،لیکن اگر باپ اشرافِ ناس میں سے ہے،اور جو سامانِ جہیز دیا گیا ہے وہ بقدرِ عرف ورواج ہے تو اب وہ لڑکی کا سامان سمجھا جائیگا،اوراگر سامان عرف ورواج کی مقدار سے زائد ہے تو وہ زائد سامان عاریۃً ہوگا،اور لڑکی کے باپ ہی کا مال سمجھا جائیگا لڑکی کا نہیں۔(۱)

والحجة على ما قلنا

(۱) ما فی "**النهر الفائق**": ولو جهز بنته وسلمه إليها ليس له في الإستحسان استرداده منها وعليه الفتوى. (۲/۲٦٥، كتاب النكاح، باب المهر)

ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": (جهز ابنته ثم ادعى أن ما دفعه لها عارية وقالت هو تمليك أو قال الزوج ذلك بعد موتها ليرث منه، وقال الأب) أو ورثته بعد موته (عارية فـ) المعتمد أن (القول للزوج، ولها إذا كان العرف مستمراً أن الأب يدفع مثله جهازاً لا عاريةً، و) أما (إن مشتركاً) كمصر والشام، (فالقول للأب) كما لو كان أكثر مما يجهز به مثلها .... واستحسن في النهر تبعاً لقاضيخان أن الأب إن كان من الأشراف لم يقبل قوله أنه عارية . "**درمختار**". قوله: (فالمعتمدالخ) عبر عنه في فتح القدير بأنه المختار للفتوى۔ ومقابله ما نقله قبله من أن القول لها: أي بدون تفصيل بشهادة الظاهر لأن العادة دفع ذلك هبة........ قلت: ومقتضاه أن المراد من استمرار العرف هنا غلبته .... قال الشيخ الإمام الأجل الشهيد: المختار للفتوىٰ أن يحكم بكون الجهاز ملكاً لاعاريةً لأنه الظاهر الغالب إلا في بلدة جرت العادة بدفع الكل عارية فالقول للأب.

(٤/٣٠٧۔٣٠٩، كتاب النكاح، باب المهر، مطلب أنفق على معتدة الغير، مطلب في دعوى الأب أن الجهاز عارية، الفتاوى الهندية:١/٣٢٧، الفصل السادس عشر في جهاز البنت، وكذا فيه أيضاً:٤/٤٠٢، الباب الحادي عشر في المتفرقات)

ما فی "**درر الحكام شرح مجلة الأحكام**": بقاعدة فقهية:" العادة محكمة ".

(درر الحكام:١/٤٤، المادة:٣٦، الأشباه والنظائر لإبن نجيم الحنفيؒ:١/٣٢٨)

وأيضاً: " إنما تعتبر العادة إذ اطردت أو غلبت ".

(١/٥٠، المادة:٤١، رد المحتار: ٤/٣٠٨، باب المهر، مطلب في دعوى الأب أن الجهاز عارية ، الأشباه والنظائر:١/٣٣٣، خير الفتاوى:٤/٦٠٣)

نکاح میں انجام پانے والی بدعات وخرافات

مسئلہ(۲۴۳): نکاح میں گانا بجانا، ناچنا نچوانا، ویڈیو شوٹنگ کرنا، فوٹو کھچوانا، عورتوں کا بے پردہ گھومنا، مرد وعورت کا ایک ساتھ کھانا کھانا، عورتوں کا غیر محرموں کے ساتھ باتیں کرنا، مستی مذاق کرنا، محرمات کا داماد کے گال پر ہاتھ پھیر کر انگلیاں پھوڑنا، بہنوئی کے جوتے چپل چھپا دینا، بارات کا راستہ روکنا، گولہ اور پٹاخے پھوڑنا، عورتوں کا اشعار اور گیت گانا، مرد کا ہاتھ پاؤں پر مہندی لگانا، دولہا اور دلہن کو سہرا اور گجرا وغیرہ پہنانا، دولہا دلہن کا ایک جگہ بیٹھنا جبکہ دلہن کا منہ کھلا ہوا ہو، اور نو جوان لڑکے لڑکیاں ارد گرد ہوں، گھوڑے پر دولہے کا سوار ہونا، جوان عورتوں کا بارات میں شامل ہونا اور دولہا کے ناک کان کھینچنا، یہ سب ہندوانہ رسمیں ہیں جو ناجائز اور حرام ہیں، اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی دی ہوئی شریعتِ مطہرہ پر پورے طور پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اور بدعات وخرافات سے پوری پوری حفاظت فرمائے۔ آمین۔(۱)

والحجة على ما قلنا

(۱) ما فی "**الكتاب**": لقوله تعالى:﴿**ومن يبتغ غير الإسلام ديناً فلن يقبل منه ، وهو في الآخرة من الخاسرين**﴾ . (سورة ال عمران:۸٤)

ما فی "**الحديث**":عن عائشةؓ قالت: قال النبي صلى الله عليه وسلم : " **من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد** " . (صحيح البخاري: ۱/ ۳۷۱، مشكوة المصابيح:ص۲۷)

ما فی "**الحديث**": عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : " **ليس منا من تشبه بغيرنا لا تشبهوا باليهود ولا بالنصارى** " . (جامع الترمذي:۲/ ۹۹)

ما فی "**الحديث**": عن ابن عباسؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :" **أبغض الناس إلى الله ثلاثة: ملحد في الحرم ، ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية، ومطلب دم امرئٍ مسلم بغير حق ليهريق دمه** ". رواه البخاري . (مشكوة المصابيح:ص۲۷) =

منگنی سے پہلے لڑکی کا فوٹو دیکھنا

مسئلہ(٢٤٤): نکاح کے ارادے سے کسی لڑکا لڑکی کا آپس میں آمنے سامنے دیکھنا تو جائز ہے(۱)

= ما فی "**الحديث**": عن جابر قال: قال رسو ل الله صلى الله عليه وسلم : " **فإن خير الحديث كتاب الله، وخير الهدي هدي محمدٍ ، وشر الأمور محدثاتها ، وكل بدعةٍ ضلالة** ". رواه مسلم .

(مشكوة المصابيح:ص٢٧)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": (وكذا مريد نكاحها) ولو عن شهوة بنية السنة لا قضاء الشهوة. "درمختار". قوله: (بنية السنة)........ولو أراد أن يتزوج امرأة فلا بأس أن ينظر إليها، وإن خاف أن يشتهيها لقوله عليه الصلاة والسلام للمغيرة بن شعبة حين خطب امرأة "انظر إليها فإنه أحرى أن يؤدم بينكما". رواه الترمذي والنسائي وغيرهما. (٥٣٢/٩، الحظر والإباحة، فصل في النظر واللمس)

ما فی "**الحديث**": عن أنس بن مالك أن المغيرة بن شعبة أراد أن يتزوج امرأة فقال له النبي صلى الله عليه وسلم : " **اذهب فانظر إليها فإنه أحرى أن يؤدم يعني بينكما ففعل فتزوجها**".

(سنن ابن ماجه:ص١٣٤، باب النظر إلى المرأة إذا أراد أن يتزوجها، سنن الترمذي : ٢٠٧/١، باب ماجاء في النظر إلى المخطوبة، سنن أبي داود: ٢٨٤/١، باب الرجل ينظر المرأة وهويريد تزويجها، الصحيح لمسلم: ٤٥٦/١، باب ندب من أراد نكاح امرأة)

ما فی "**موسوعة فتاوى النبي صلى الله عليه وسلم**": قوله: "وأبي حميد" أخرجه أحمد مرفوعاً: "إذا خطب أحدكم امرأة فلا جناح عليه أن ينظر منها، إذا كان إنما ينظر إليها لخطبة، وإن كانت لا تعلم". (١٩٨/٢، في إباحة النظر إلى المخطوبة)

ما فی "**مرقاة المفاتيح** ": وفي هذا دلالة على جواز ذكر مثل هذا للنصيحة، وفيه استحباب النظر إليها قبل الخطبة حتى إن كرهها تركها من غير إيذاء، .... وإنما يباح له النظر إلى وجهها وكفيها فحسب لأنهما ليسا بعورة في حقه، فيستدل بالوجه على الجمال وضده، بالكفين على سائر أعضائها باللين =

مگر تصویر اور فوٹو دیکھنا جائز نہیں۔اور یہ عدمِ جواز تصویر سازی کی حرمت کی بناء پر ہے، کیوں کہ فوٹو دیکھنے کے لیے فوٹو نکالنا ہوگا، جو شرعاً ممنوع ہے۔(۱)

= والخشونة. (۲۵۱/۶، باب النظر إلی المخطوبة)

(۱) ما فی "**الحدیث**": وعن ابن عباس قال: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول : " **لا تدخل الملائکة بیتاً فیه صورة تمثال، والمصورون یعذبون یوم القیامة في النار، یقول لهم الرحمن: قوموا إلی ما صورتم، فلا یزالون یعذبون حتی تنطق الصور ولا تنطق** ".

(مجمع الزوائد:۲۲۷/۵، رقم الباب:۵۹، ما جاء في التماثیل والصور، سنن الترمذي: ۳۰۵/۱، باب ماجاء في المصورین)

ما فی "**الحدیث**": لقوله علیه السلام :" **إن أشد الناس عذاباً عند الله المصورون**".

(الصحیح البخاري :۸۸۰/۲، کتاب اللباس، باب عذاب المصورین یوم القیامة، الصحیح لمسلم : ۲۰۱/۲،کتاب اللباس والزینة، باب تحریم تصویرصورة الحیوان)

ما فی "**الجامع لأحکام القرآن للقرطبي**": قال القرطبيؒ: یدل علی المنع من تصویر شيء أي شيء کان. (۲۷٤/۱٤)

ما فی "**ردالمحتار علی الدر المختار**": " لاتمثالَ إنسان أو طیر" ."درمختار". قوله : (أو طیر) لحرمة تصویر ذي الروح .(۵۱۹/۹، الحظر والإباحة، فصل في اللبس)

ما فی "**شرح النووي علی هامش المسلم**": قال أصحابنا وغیرهم من العلماء:" تصویر صورة الحیوان حرام شدید، وهو من أکبر الکبائر، لأنه متوعد علیه بهذا الوعید الشدید المذکور في الأحادیث، وسواء صنعه بما یمتهن أو بغیره، فصنعته حرام بکل حال، لأن فیه مضاهاة لخلق الله تعالی، وسواء کان في ثوب أو بساط أو درهم أو دینار أو فلس أو إناء أو حائط أو غیرها.

(۱۹۹/۲، کتاب اللباس والزینة، باب تحریم صورة الحیوان،ردالمحتار:٤۱٦/۲، کتاب الصلاة، باب مایفسد الصلاة ومایکره فیها، مطلب : إذا تردد الحکم بین سنة وبدعة کان ترك السنة أولی، فتاوی رحیمیه:۱۵۲/۸)

منگنی کے بعد منگیتر لڑکا اور لڑکی کا ساتھ گھومنا

مسئلہ(۲۴۵): آج کل یہ رواج عام ہوچلا ہے کہ منگنی کے بعد لڑکے منگیتر لڑکی کے ساتھ سیر وتفریح کے لیے نکل جاتے ہیں، اور اس سے اختلاط کرتے ہیں، جب کہ محض منگنی کر لینے سے نکاح نہیں ہوتا، اس لیے نکاح سے پہلے منگیتر لڑکی اجنبیہ ہی ہے، اور اجنبی مرد کا اجنبیہ عورت کے ساتھ اختلاط حرام ہے(۱)، کیوں کہ یہ اختلاط حرام میں وقوع کا ذریعہ ہے، اور فقہ کا قاعدہ ہے: کہ ''ذریعۂ حرام بھی حرام ہوتا ہے''(۲)۔

شادی سے پہلے لڑکا لڑکی کا آپسی میل ملاپ

مسئلہ(۲۴۶): آج کل مغربی کلچر و یورپی تہذیب کو آئیڈیل بنانے والے ملکوں نے، قانونِ اسلام کے خلاف اباحیت کا نعرہ لگاتے ہوئے، منگنی کے بعد عقدِ نکاح سے قبل، زوجین کو باہم محبت و پیار کے تعلقات قائم کرنے، اور ایک دوسرے کے ساتھ عرصۂ دراز گزارنے کو نہ صرف جائز قرار دیا، بلکہ

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی '' **السنن لأبي داود** '': عن ابن عمر نهى النبي صلى الله عليه وسلم أن يمشي الرجل بين المرأتين. (۲/۷۱۵، كتاب الأدب، باب في مشي النساء في الطريق)

ما فی '' **رد المحتار على الدر المختار** '': وقال العلامة ابن عابدين تحت قوله: (الخلوة بالأجنبية حرام) أي الحرة لما علمت من الخلاف في الأمة وقوله:(حرام) قال في القنية: مكروهة كراهة تحريم.

(۹/۵۲۹، الحظر والإباحة، فصل في النظر)

(۲) ما فی '' **المقاصد الشرعية للخادمی** '': وبقاعدة فقهية سداً للذرائع :'' أن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً وتكون واجبةً إذا كان المقصد واجباً''.

(المقاصد الشرعية للخادمي:ص۴۶)

ما فی '' **اعلام المؤقعين** '': '' وسيلة المقصود تابعة للمقصود وكلاهما مقصود''.(۳/۱۷۵، فتاوى رحيميه:۸/۱۵۱)

نوبت اب یہاں تک پہونچ چکی، کہ جب وہ عورت حاملہ ہوجاتی ہےتب نکاح کرتے ہیں (**لاحول ولا قوۃ إلاباللہ**)،اس طرح کا اختلاط (میل ملاپ) سراسر حرام اوراسلامی نقطۂ نظر کے خلاف ہی نہیں، بلکہ عقلاً بھی مہذب قانون، اور ثقافتِ انسانی کے خلاف ہے، اور ایک غیر فطری وغیر اخلاقی کوشش ہے، کیونکہ اباحیت کا یہ نعرہ عورتوں کے ساتھ ظلم اور کھلی زیادتی ہے، اس لئے کہ شادی سے قبل اگران جنسی تعلقات نے منفی تعلقات اور خواہشات کو تکمیل تک پہونچادیا، اور پھر رشتہ نہ ہوسکا تو اس کا خمیازہ تنہا عورت ہی کو بھگتنا پڑتا ہے، اللہ مغرب کی اندھی تقلید سے ہماری حفاظت فرمائے ،اور قرآنی واسلامی قانون پر عمل کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی ”**الحدیث**“: وعن ابن عمر رضي الله عنهما عن النبي صلى الله عليه وسلم قال : ” **لا يخلون رجل بإمرأة إلا كان ثالثهما الشيطان** “.

(مشكوة المصابيح:۱۹/٤، باب النظرإلى المخطوبة، جامع الترمذي:۳۹/۲، باب في لزوم الجماعة)

ما فی ”**الحدیث**“: عن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى : ” **أن يمشي يعني الرجل بين المرأتين** “. (أبوداود:۷۱۵/۲، كتاب الأدب، باب في مشي النساء في الطريق)

ما فی ”**رد المحتار على الدر المختار**“: وفي الأشباه: الخلوة بالأجنبية حرام . قوله : (حرام) قال في القنية: مكروهة كراهة تحريم. (۵۲۹/۹،الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس)

ما فی ”**رد المحتار على الدر المختار**“: ولا يكلم الأجنبية إلا عجوزاً عطست أو سلمت، فيشمتها ولا يرد السلام عليها، وإلا لا انتهى . قوله: (وإلا لا) أي وإلا تكن عجوزاً بل شابة لا يشمتها، ولا يرد السلام بلسانه. (۵۳۰/۹، الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس)

ما فی ”**مرقاة المفاتيح**“: قال النووي : نظر الرجل إلى المرأة الأجنبية حرام من كل شيء من يدفعها، وكذلك نظر المرأة إلى الرجل سواء كان بشهوة أو بغيرها.

(مرقاة المفاتيح:۲۵۲/۶، باب النظر إلى المخطوبة، شرح الطيبي:۲۵۲/۶، البحرالرائق:۳۵۲/۸۔۳۵۶، =

شادی میں بارات کی رسم

مسئلہ(۲۴۷): شادی میں بارات کی رسم ایسی بری رسم ہے، جو بہت سارے خرافات کوشامل ہے، اورسنت وشریعت کے بالکل خلاف ہے، حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ بارات کوبھی شادی کا بہت بڑا رکن سمجھا جاتا ہے، اس کیلئے دولہا اور کبھی دلہن والے بڑے اصرار وتکرار کرتے ہیں، اصل غرض اس سے محض ناموری وتفاخر ہے، اور ریا کاری وتفاخر کیلئے کوئی بھی عمل کرنا حرام ہے۔(۱)

= کتاب الکراهية، فصل في النظر واللمس، الفتاوی الهندية:۵/۳۲۸، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه)

ما فی "**الکتاب**": ولقوله تعالی:﴿**ولا تقربوا الزنی إنه کان فاحشة وساء سبيلا**﴾.

(بني اسرائيل:۳۲)

ما فی "**التفسير الکبير**": الزنا اشتمل علی أنواع من المفاسد: وثالثها: أن المرأة إذا باشرت الزناء وتمرنت عليه يستقذرها کل طبع سليم، وکل خاطر مستقيم، وحينئذ لا تحصل الألفة والمحبة ولا يتم السکن والازدواج، ولذلك فإن المرأة إذا اشتهرت بالزنا تنفر عن مقارنتها طباع أکثر الخلق.(۳۳۲/۷)

ما فی "**الحديث**": وعن الحسن مرفوعاً قال: وبلغني أن رسول الله صلی الله عليه وسلم قال: "**لعن الله الناظر والمنظور إليه**". (شعب الإيمان للبيهقي:۶/۱۶۲، رقم الحديث:۷۷۸۸، فصل في الحمام، مشکوة المصابيح:۴/۲۱، الفصل الثالث، فتاوی رحيميه:۸/۱۵۱، آپ کے مسائل اور ان کاحل:۵/۳۴)

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما فی "**الکتاب**": لقوله تعالی: ﴿**يآيها الذين اٰمنوا لا تبطلوا صدقاتکم بالمن والأذی، کالذي ينفق ماله ريآء الناس ولا يؤمن بالله واليوم الآخر**﴾.(سورة البقرة:۲۶۳)

ما فی "**الحديث**": عن شداد بن أوس قال: سمعت رسول الله صلی الله عليه وسلم يقول: "**من صلی يرائي فقد أشرک ومن صام يرائي فقد أشرک ومن تصدق يرائي فقد أشرک**". رواه أحمد.

(مشکوة المصابيح:ص۴۵۵) =

موجودہ زمانہ میں بارات کی ضرورت نہیں

مسئلہ(۲۴۸): بارات کی ابتداء اس طرح ہوئی کہ جب راستوں میں امن وامان نہیں تھا، اکثر اوقات ڈاکوؤں سے دوچار ہونا پڑتا تھا، دولہا دلہن کے جان ومال، اسباب وزیورات وغیرہ کے لٹنے کا خطرہ رہا کرتا تھا، اس لیے ان کی حفاظت کی خاطر رسمِ بارات کی ایجاد ہوئی تھی، کہ دولہا دلہن کے پیچھے ایک آدمی ضرور جاتا تھا، مگر اب تو نہ وہ ضرورت باقی رہی اور نہ مصلحت، صرف افتخار واشتہار یعنی فخر اور دکھلاوا باقی رہ گیا ہے، جو شرعاً ممنوع وحرام ہے۔(۱)

شادی کی دعوت میں بن بلائے جانا

مسئلہ(۲۴۹): آج کل شادیوں کی دعوت میں ہوتا یہ ہے کہ بلایا جاتا ہے پچاس آدمیوں کو اور جا پہنچتے ہیں سو آدمی، اول تو بن بلائے اس طرح کسی کے گھر جا کر کھالینا حرام ہے، حدیث میں ہے کہ: ''جو شخص دعوت میں بن بلائے جائے وہ چور ہوکر داخل ہوا اور لٹیرا ہوکر نکلا، یعنی ایسا گناہ ہوتا ہے جیسے چوری اور لوٹ مار کا ہوتا ہے(۲)، نیز اس میں میزبان شخص کی بے ابروئی اور بے عزتی بھی ہوتی ہے، کہ اس نے صرف پچاس لوگوں کا کھانا پکایا تھا، اب سو آدمی پہنچ گئے جس کی وجہ سے کھانا گھٹ گیا، جبکہ کسی کو

= ما فی ''**الحدیث**'': عن محمود بن لبيد أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: '' **إن أخوف ما أخاف عليكم الشرك الأصغر، قالوا : يا رسول الله ! وما الشرك الأصغر؟ قال: الرياء** ''. رواه أحمد ، وزاد البيهقي في شعب الإيمان: يقول الله لهم يوم يجازى العباد بأعمالهم : '' **اذهبوا إلى الذين كنتم تراؤون في الدنيا فانظروا هل تجدون عندهم جزاء وخيراً** ''.(مشكوة المصابيح :ص٤٥٦)

(۱) ما فی ''**الأشباه والنظائر**'': ''الضرورات تبيح المحظورات'' . ''ما أبيح للضرورة يتقدر بقدرها''۔''ما جازبعذر بطل بزواله''.(۱/۳۰۷،۳۰۸،۳۱۰)

(۲) ما فی ''**الحدیث**'': عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ''**ألا** ! =

ذلیل ورسوا کرنا گناہ ہے(۱)، پھران باتوں کی وجہ سے اکثر جانبین سے ایسی ضدا ضدی اورنا چاقی ونااتفاقی پیدا ہوتی ہے کہ عمربھراس کااثر دلوں میں رہتا ہے،اورجن باتوں سے ناچاقی ونااتفاقی پیدا ہوتی ہو وہ حرام ہیں(۲)۔

= **لا تظلموا، ألا ! لا يحل مال امرئٍ إلا بطيبِ نفس منه"**. رواه البيهقي في شعب الإيمان والدارقطني في المجتبى. (مشكوة المصابيح:ص۲۵۵، باب الغصب والعارية، الفصل الثاني)

ما في " **الحديث**": عن عبد الله بن عمر قال: قال رسو ل الله صلى الله عليه وسلم: **من دُعِيَ فلم يُجب فقد عصى الله ورسوله، ومن دخل على غير دعوةٍ دخل سارقاً وخرج مغيراً** (أي غاصباً). رواه أبوداود. (مشكوة المصابيح:ص۲۷۸)

(۱) ما في " **الحديث**": عن أبي هريرةؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : **المسلم أخو المسلم لا يخونه ولا يكذبه ولا يخذله كل المسلم على المسلم حرام عرضه وماله ودمه ، التقوىٰ هٰهنا ، بحسب امرئٍ من الشر أن يحتقر أخاه المسلم** . هذا حديث حسن غريب.

(جامع الترمذي:۲/۱٤، ابواب البر والصلة، باب ما جاء في شفقة المسلم على المسلم)

(۲) ما في " **الكتاب**" : لقوله تعالى : ﴿**وأطيعوا الله ورسوله ولا تنازعوا فتفشلوا وتذهب ريحكم واصبروا إن الله مع الصبرين**﴾. (سورة الأنفال:٤٦)

ما في "**الحديث**": عن ابن عمر قال : خطبنا عمر بالجابية فقال : " **يا أيها الناس! إني قمت فيكم كمقام رسول الله فينا، فقال: أوصيكم بأصحابي ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم، ثم يفشو الكذب حتى يحلف الرجل يستحلف، ويشهد الشاهد، ولا يستشهد، ألا ! لا يخلون رجل بامرأة إلا كان ثالثهما الشيطان، عليكم بالجماعة وإياكم والفرقة ، فإن الشيطان مع الواحد وهو من الإثنين أبعد ، من أراد بحبوبة الجنة فليلزم الجماعة ، من سرته حسنته وسائته سيئته فذلكم المؤمن**". هذا حديث حسن.

(جامع الترمذي :۲/۳۹، باب في لزوم الجماعة)

توأمین (جڑوا) کا نکاح

مسئلہ(۲۵۰): توأمین (یعنی دو جڑی ہوئی بہنیں) کی تین صورتیں ہیں:......ا-......بعض اعضاء الگ ہوں، بعض کمر سے ایک ہوں، ہاتھ پاؤں اگر چہ الگ الگ ہوں، مگر پیشاب پاخانہ ایک ہی راستہ سے ہوتا ہوتو یہ ایک عورت کے حکم میں ہے، کسی ایک مرد سے ان کا نکاح درست ہے۔

۲/......تمام اعضاء الگ الگ ہوں، مگر بعض میں کسی ایک جگہ پر ایسا جوڑ ہو کہ بغیر کسی خطرے کے آپریشن (Operation) کے ذریعہ دونوں کو جدا کیا جاسکتا ہو، تو وہ الگ الگ عورتیں ہیں، بغیر جدا کئے ہوئے کسی ایک ہی مرد سے نکاح کرنا حرام ہوگا، کیوں کہ اس صورت میں دو بہنوں کا ایک ہی نکاح میں جمع ہونا لازم آئیگا، جس کو قرآن نے حرام قرار دیا ہے۔

۳/......جسم خلقی طور پر اس طرح سے جڑے ہوئے ہوں، کہ ماہر سے ماہر ڈاکٹر بھی بغیر جان کے خطرے کے آپریشن (Operation) نہ کرسکتا ہو، تو بقول حکیم الامت علامہ تھانویؒ ایسی دو بہنوں کا نکاح کسی ایک مرد کے ساتھ کرنا جمع بین الأختین کی وجہ سے حرام ہوگا۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في "**الكتاب**": لقوله تعالى: ﴿**وأن تجمعوا بين الأختين إلا ما قد سلف إن الله كان غفورا رحيما**﴾. (سورة النساء:۲۳)

ما في "**الدر المنثور في التفسير المأثور**": وأخرج ابن أبي شيبة وابن المنذر عن وهب بن منبه أنه سئل عن وطء الأختين الأمتين فقال: أشهد أنه فيها أنزل الله على موسى عليه السلام ، بأنه ملعون من جمع بين الأختين . (الدرالمنثور في التفسير المأثور:۲/۲٤٥)

ما في "**التفسير الكبير للرازي**": إن هذه الآية دالة على تحريم الجمع أيضاً، لأن المسلمين أجمعوا على =

....

....

= أنه لا يجوز الجمع بين الأختين في حل الوطیء.(۳۱/٤)

ما فی "**الحديث**": عن قتادة أن ابن مسعود رضي الله عنهما قال: حرم الله عز وجل اثنتي عشرة امرأة وأنا أكره اثنتي عشرة، الأمة وأمها، والأختان يجمع بينهما، والأمة إذا وطئها أبوك والأمة إذا وطئها ابنك، والأمة إذا زنت، والأمة في عدة غيرك، والأمة لها زوج، وأمتك مشركة، وعمتك وخالتك من الرضاعة.

(المعجم الكبير للطبراني:۳٤۳/۹، رقم الحديث:۹۷۰۹، دار احياء التراث، مجمع الزوائد: ۳۵۳/٤، باب فيما يحرم من النساء وغير ذلك، رقم الحديث:۷٤۲۰)

ما فی "**الفقه الإسلام وأدلته**": قال الحنفية والحنابلة: يحرم الجمع بين الأختين ومن في حكمهما إذا كانت واحدة منهما في اثناء العدة من طلاق بائن بينونة صغرٰی أو کبرٰی، لقوله عليه السلام : " **من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يجمع ماء ہ في رحم اختين** ".

(۶۶۶۵/۹، الجمع بين الأختين ونحوهما في العدة، مكتبه كوئٹه، الموسوعة الفقهية المقارنة التجريد: ٤٤۳۳/۹، نكاح الأخت في عدة أختها المطلقة)

ما فی "**الفتاوی الهندية**": فإنه لا يجمع بين الأختين بنكاح ولا بوطء بملك يمين سواء كانتا أختين من النسب أو من الرضاع هكذا في السراج الوهاج، والأصل أن كل امرأتين لو صور إحداهما من أي جانب ذكراً لم يجز النكاح بينهما رضاع أو نسب لم يجز الجمع بينهما هكذا في المحيط.

(۲۷۷/۱، القسم الرابع المحرمات بالجمع)

ما فی " **الفتاوی التاتارخانية**": وفي التجريد : والجمع بين الأختين لا يجوز فإذا تزوج أختين معاً فسد نكاحهما. (۲۷٤/۲، الفصل الثاني في بيان ما يجوز من الأنكحة ومالا يجوز، فتح القدير:۲۰۳/۳، فصل في بيان المحرمات، البحرالرائق:۱۶۸/۳،كتاب النكاح، فصل في المحرمات، فتاوی دارالعلوم:۵۰۸/۷، خير الفتاوی:۲۷۵/٤)

مقلدلڑکی کا نکاح غیر مقلدلڑکے سے

مسئلہ(۲۵۱): مقلد کیلئے غیر مقلدلڑکے سے اپنی لڑکی کا نکاح کرنا یااس کا برعکس نامناسب ہے، کیونکہ مقلدین وغیر مقلدین میں بہت سے اصولی وفروعی اختلافات ہیں، یہ لوگ صحابہ کومعیارِحق نہیں مانتے ، ائمۂ اربعہ پر سبّ وشتم کرتے ہیں، بہت سے اجماعی مسائل کے منکر ہیں، صحابہ کرام کااجماع ہے کہ بیس رکعت تراویح سنت ہے، جبکہ یہ لوگ اسے بدعتِ عمری کہتے ہیں، اور تہجد کی آٹھ رکعت تراویح کیلئے پیش کرتے ہیں، جمعہ کی پہلی اذان کو بدعتِ عثمانی کہتے ہیں، ایک مجلس میں تین طلاق کے وقوع (جن پر صحابہ وجمہور علماء کا اجماع ہے) کا انکار کرتے ہیں، صحابہؓ نے عورتوں کومسجد میں آنے سے روکا ہے، جس پر صحابہ کا اجماع ہے، یہ لوگ اس کوٹھکراتے ہیں، اور بعض چار سے زیادہ عورتوں سے نکاح کو جائز کہتے ہیں، یہ ایسی باتیں ہیں کہ ان کے ہوتے ہوئے ان کے ساتھ نکاحی تعلق قائم کرنا کیسے گوارہ ہوسکتا ہے، لہذاان سے نکاحی تعلق قائم کرنا ہی بہترنہیں ہے، لیکن اگرنکاح کرلیا گیا تو منعقد ہوجائے گا۔(۱)

بعض وہ محللات جنہیں معاشرہ محرمات تصور کرتا ہے

مسئلہ(۲۵۲): چچی، ممانی اور بھابھی سے، چچا، ماموں یا بھائی کے طلاق دیدینے یاان کے انتقال کرجانے کے بعد جب عدت گزرجائے تو نکاح جائز ہے، بھابھی کی وہ لڑکی جواپنے بھائی کے علاوہ دوسرے شوہر سے ہو، اس سے بھی نکاح کرنا جائز ہے، اسی طرح بھتیجے یا بھانجے کی بیوی جس کوطلاق ہوچکی ہو، یااس کا شوہر مرگیا ہو، تو عدت کے بعداس سے نکاح کرنا جائز ہے۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": وفي النهر: تجوز مناكحة المعتزلة، لأنا لا نكفر أحداً من أهل القبلة إن وقع إلزاماً في المباحث.

(۱۳٤/٤، ۱۳۵، المكتبة النعمانية بديوبند ، النهرالفائق: ۱۹٤/۲، خير الفتاوى:۳۲۳/٤)

نیز سوتیلی ماں کی بہن سے بھی نکاح جائز ہے، اور سوتیلے باپ کی وہ لڑکی جو اس کی ماں کے بطن سے نہ ہو، بلکہ کسی دوسری عورت کے بطن سے ہو، سے نکاح کرنا جائز ہے۔ باپ کے علاوہ دوسرے شوہر سے پیدا ہونے والی لڑکی سے نکاح جائز ہے، بہنوئی کی وہ بیٹی جو بہن کے پیٹ سے نہ ہو سے نکاح کرنا جائز ہے(۱)۔ بیوی کے پہلے شوہر کی وہ لڑکی جو بیوی کے بطن سے نہ ہو، سے نکاح کرنا جائز ہے، کیوں کہ اس لڑکی اور بیوی کا آپس میں کوئی رشتہ نہیں، بلکہ وہ اجنبیہ کے حکم میں ہے(۲)۔ چچازاد، ماموں زاد، خالہ زاد بھائی بہن کی لڑکیوں سے نکاح جائز ہے(۳)۔

ان تمام کا نکاح آپس میں جائز ہے، کیوں کہ ایک کے ساتھ دوسرا محرم جمع نہیں ہو رہا ہے، اور فقہ کا ضابطہ ہے کہ: ایسی دو عورتوں کو آپس میں جمع کرنا، کہ اگر ان میں سے ایک کو مرد تصور کیا

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی "**الكتاب**": لقوله تعالى: ﴿**وأحل لكم ما وراء ذلكم أن تبتغوا بأموالكم محصنين غير مسافحين**﴾. (سورة النساء: ٢٤)

ما فی "**مختصر تفسير ابن كثير**": أي ما عدا من ذكرن من المحارم هن لكم حلال. (٣٧٤/١)

ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": وأما بنت زوجة أبيه أو ابنه فحلال۔"درمختار"۔ قوله: وكذا بنت ابنها. بحر. (١٠٥/٤، فصل في المحرمات)

(۲) ما فی "**الفتاوى الهندية**": ويجوز بين امرأة وبنت زوجها فإن المرأة لو فرضت ذكراً حلت له تلك البنت بخلاف العكس. (٢٧٧/١، القسم الرابع، المحرمات بالجمع)

ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": فجاز الجمع بين امرأة وبنت زوجها أو امرأة ابنها.

(٢٨٤/٢، فصل في المحرمات، مكتبه نعمانيه ديوبند)

(۳) ما فی "**أحكام القرآن للجصاص**": وخص تعالى العمات والخالات بالتحريم دون أولادهن ولا خلاف في نكاح جواز بنت العمة وبنت الخالة. (١٥٦/٢، باب ما يحرم من النساء تحت قوله وخالاتكم)

جائے تو دوسری اس پر حرام ہو، تو ان دونوں کے درمیان نکاح درست نہیں (۱)، اور یہ بات ان تمام مسائل میں نہیں پائی جاتی ہے۔

مہر حد سے زیادہ مقرر کرنا

مسئلہ (۲۵۳): آج کل یہ رواج عام ہو چکا ہے کہ بوقتِ نکاح مہر مؤجل (ادھار مہر) بطورِ تفاخر زیادہ سے زیادہ مقرر کیا جاتا ہے، حالانکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے بابرکت اور مسعود نکاح وہ ہے جس میں مالی بار (مہر) کم سے کم ہو (۲)۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک خطبہ میں ازدیادِ مہر (مہر زیادہ کرنا) سے منع کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ خبردار! عورتوں کا مہر زیادہ باندھ کر غلو مت کرو، اگر زیادہ مہر دنیا میں عزت کی بات ہوتی یا اللہ کے نزدیک تقوی اور پسندیدہ چیز ہوتی، تو اللہ کے نبی ؐ اس کے زیادہ مستحق تھے کہ وہ اپنا مہر زیادہ باندھتے (۳)، اس لئے اپنی وسعت وطاقت کے مطابق مقدارِ مہر متعین ومقرر کرنا چاہئے، لیکن اگر کوئی شخص مہر زیادہ مقرر کردے، پھر ادا نہ کرے اور عورت سے معاف کرائے تو اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں:

---

(۱) ما فی "**الفتاوی الهندیة**": والأصل أن كل امرأتين لو صورنا إحداهما من أي جانب ذكراً لم يجز النكاح بينهما. (۲۷۷/۱، القسم الرابع المحرمات بالجمع)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی "**الحدیث**": لقوله عليه السلام: " **إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة** ". رواه البيهقي في شعب الإيمان. (مشكوة المصابيح:ص۲٦۸)

(۳) ما فی "**الحدیث**": عن أبي العجفاء قال: قال عمر بن الخطاب: " **ألا لا تغالوا صدقة النساء فإنها لو كانت مكرمة في الدنيا أوتقوى عند الله لكان أولاكم بها نبي الله صلى الله عليه وسلم، ما علمت رسول الله صلى الله عليه وسلم نكح شيئاً من نسائه ولا أنكح شيئاً من بناته على أكثر من ثنتي عشرة أوقية** ". (جامع الترمذي: ۲۱۱/۱، أبواب النكاح)

۱- ...... یہ کہ شوہر عورت کے مرض الموت میں مہر معاف کرائے، اس کا حکم یہ ہے کہ یہ معافی شرعاً معتبر نہیں، کیوں کہ اب عورت کے جمیع مال میں بشمولِ مہر ورثاء کا حق وابستہ ہو چکا ہے(۱)۔

۲- ...... یہ کہ عورت اپنی حیات میں بخوشی معاف کردے خواہ وہ شوہر کے مرتے وقت ہی کیوں نہ ہو(۲)۔ معافی کی یہ صورت شرعاً معتبر ہے۔

مہر فاطمی کی مقدار موجودہ زمانہ میں

مسئلہ(**۲۵٤**): مہرِ فاطمی چارسواسّی''۴۸۰'' درہم ہیں، جن کی مقدار ہمارے زمانے میں ایک کلو چارسوانہتر (۱-۴۶۹) گرام، سات سوساٹھ (۷٦۰) ملی گرام چاندی ہوتی ہے، جو اس کی قیمت ہوگی وہی مہرِ فاطمی ہوگا، اور ایضاح المسائل میں چارسواسی درہم کی مقدار ڈیڑھ کلو، تیس گرام، نوسو ملی گرام ذکر کی گئی ہے۔(۳)

---

(۱) ما فی ''**البحر الرائق**'': ولا بد في صحة حطها من أن لا تكون مريضة مرض الموت۔

(۲٦٥/۳، كتاب النكاح، باب المهر، رد المحتار: ٤/۲٤۸، كتاب النكاح، باب المهر)

(۲) ما فی '' **الكتاب**'' : لقوله تعالى : ﴿**واتـو النساء صدقٰتهن نحلة فإن طبن لكم عن شيء منه نفساً فكلوه هنيئاً مريئاً**﴾. (سورة النساء : ٤)

ما فی ''**البحر الرائق**'': ولا بد في صحة حطها عن الرضا حتى لو كانت مكروهة لم يصح.

(۲٦٤/۳، كتاب النكاح، باب المهر، رد المحتار: ٤/۲٤۸، كتاب النكاح ، باب المهر، بدائع الصنائع : ۵۱۹/۳، كتاب النكاح ، باب المهر، مجمع البحرين وملتقى النيرين في الفقه الحنفي:ص۵۲۵)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما فی ''**مـرقاة المفاتيح**'': عـن عمر بن الخطاب : '' **مـا عـلـمت رسول الله صلى الله عليه وسلم نـكـح شيـئـاً مـن نسائه ولا أنكح شيئاً من بناته على أكثر من اثنتي عشرة أوقية** ''. .... قوله : (من اثنتي عشرة أوقية) وهي أربع مائة وثمانون درهماً. (۲۹/٦، باب الصداق، الفصل الثاني) =

عورت سے جبراً نکاح کے کاغذات پر دستخط لینا

مسئلہ(۲۵۵): بوقتِ نکاح اگر عورت سے زبردستی دستخط کروالی جائے، یا انگوٹھا لگوالیا جائے، اور وہ زبانی قبول نہ کرے تو نکاح صحیح نہیں ہوگا۔(۱)

= ما فی " **الحديث**" : عن أبي العجفاء قال : قال عمر بن الخطاب : " **ألا لا تغالوا صدقة النساء فإنها لو كانت مكرمة في الدنيا أو تقوى عند الله لكان أولكم بها نبي الله صلى الله عليه وسلم ، ما علمت رسو ل الله صلى الله عليه وسلم نكح شيئاً من نسائه ولا أنكح شيئاً من بناته على أكثر من ثنتي عشرة أوقية** ".هذا حديث حسن صحيح ، والأوقية عند أهل العلم أربعون درهماً ، وثنتا عشرة أوقية هو أربع مائة وثمانون درهماً.

(جامع الترمذي : ۲۱۱/۱، أبواب النكاح ، باب ماجاء في مهور النساء ، وكذا في سنن أبي داود: ۲۸۷/۱، باب الصداق، امداد المفتيين:۴۷۱/۲، عزيز الفتاوى:۴۵۰/۱، احسن الفتاوى:۳۱/۵)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الدراية** ": قال العلامة العثماني رحمه الله : روي عن ابن عباس أن جارية بكراً أتت النبي صلى الله عليه وسلم ، فذكرت أن أباها زوجها وهي كارهة فخيرها النبي صلى الله عليه وسلم. رواه الإمام العلامة أحمد ، ورجاله ثقات وقال ابن القطان : صحيح .

(ص:۲۲۱، اعلاء السنن : ۷۷/۱۱، كتاب النكاح، باب لا يشترط الولي في صحة النكاح البالغة)

ما فی " **البحر الرائق** ": وقال ابن نجيم تحت قول صاحب الكنز: ولا تجبر بالغة على النكاح أي لا ينفذ عقد الولي عليها بغير رضاها عندنا. انتهى. (۱۹۴/۳، كتاب النكاح، باب الأولياء)

ما فی " **الفتاوى الهندية** ": وقال في الهندية : لا يجوز نكاح أحد على بالغة صحيحة العقل من أب أو سلطان بغير إذنها بكراً كانت أو ثيباً. (۲۸۷/۱،كتاب النكاح، الباب الرابع في الأولياء)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": وقال العلامة الحصكفي: فلو كتب تزوجتك فكتبت قبلت . بحر. (۷۳/۴، كتاب النكاح، مطلب التزوج بإرسال كتاب) =

غیر اسلامی مذہب اختیار کرنے سے نکاح ٹوٹ جائے گا

مسئله(۲۵٦): کوئی شادی شدہ مسلمان مرد یا عورت ایسے مذہب کو اختیار کرلے جس کو علماء نے کفر قرار دیا تو وہ کافر ہوجائے گا اور نکاح بھی ٹوٹ جائے گا، جیسے قادیانی، پرویزی، اسماعیلی، غالی شیعہ، گوہرشاہی، آغاخانی وغیرہ۔(۱)

= ما فی " **البحر الرائق** ": قال العلامة ابن نجيم رحمه الله: أفاد المصنف أن انعقاد النكاح بكتاب أحدهما يشترط فيه سماع الشاهدين قرأة الكتابة مع قبول الآخر.

(۱۵۷/۳، کتاب النکاح، آپ کے مسائل اور ان کا حل:ص/۱۱۳، خیر الفتاوی:۲۵۷/٤)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی "**الكتاب**": لقوله تعالى:﴿**ولا تنكحوا المشركٰت حتى يؤمنّ**﴾. وقال تعالى: ﴿**ولا تنكحوا المشركين حتى يؤمنوا**﴾. (سورة البقرة:۲۲۱)

ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": (و) حرم نكاح (الوثنية) بالإجماع۔"درمختار"۔ وفي الفتح: ويدخل فی عبدة الأوثان عبدة الشمس والنجوم والصور التي استحسنوها والمعطلة والزنادقة والباطنية والإباحية. وفي شرح الوجيز: وكل مذهب يكفر به معتقده۔

(رد المحتار: ٤/ ۱۲۵، كتاب النكاح، باب المهر)

ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": وبهذا ظهر أن الرافضي إن كان ممن يعتقد الألوهية في عليّ، أو أن جبريل غلط في الوحي. أو كان ينكر صحبة الصديق أو يقذف السيدة الصديقة فهو كافر لمخالفته القواطع المعلومة من الدين بالضرورة. (۱۳۵/٤، كتاب النكاح، مطلب مهم في وطء السراري)

ما فی "**الدر على الرد**": (ولا) يصلح (أن ينكح مرتد أو مرتدة أحداً) من الناس مطلقاً. " درمختار ".

(۳۷٦/٤، باب نكاح الكافر، مطلب: الولد يتبع خير الأبوين ديناً)

ما فی "**الهداية**": وإذا ارتد أحد الزوجين عن الإسلام وقعت الفرقة بغير طلاق وهذا عند أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهما الله.

(۳۲۸/۲، كتاب النكاح، باب نكاح أهل الشرك، رد المحتار:۳٦٦/٤، كتاب النكاح، باب نكاح =

بیوی کوخون دینے سے نکاح میں کوئی نقص نہیں آتا

مسئلہ(۲۵۷): بیوی کوخون دینے سے نکاح میں کوئی نقص نہیں آتا، اور جس عورت کونکاح سے قبل خون دیا ہواس سے بھی نکاح جائز ہے، کیوں کہ خون دینے سے حرمتِ مصاہرت ثابت نہیں ہوتی۔(۱)

ایک مجلس میں تین طلاق

مسئلہ(۲۵۸): ایک مجلس میں تین طلاق دینے سے تینوں طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں، اس میں نیت کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا، اور عورت شوہر کے نکاح سے خارج ہوجائے گی، اب بغیر حلالہ کے شوہر کا اس کو اپنے پاس رکھنا ناجائز اور حرام ہے۔(۲)

= الکافر، الفتاوی التاتارخانية:۲/۳۸۹، کتاب النکاح، نوع منه نکاح لمرتد، بدائع الصنائع:۳/۴٦۵، کتاب النکا ح، فصل في عدم نکاح الکافر المسلمة، اللباب في شرح الکتاب:۲/۱٦۱، کتاب النکاح، الجوهرة النیرة:۲/۱۴۷، مطلب في نکاح أهل الشرك)

ما فی " **قواعد الفقه**": وبقاعدة فقهية: الإسلام يعلو ولا يعلی عليه .(ص۵۸، خیر الفتاوی:۴/۲٦۳، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۵/۳۴۰)

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما فی " **الکتاب**": قال تعالی:﴿ **فمن اضطر في مخمصة غير متجانف لإثم فإن الله غفور رحيم**﴾. (المائدة:۳)

ما فی " **الفتاوی الهندية**": يجوز للتعليل شرب الدم والبول وأکل الميتة للتداوي إذا أخبره طبيب مسلم أن شفائه فيه ولم يجد من المباح ما يقوم مقامه. (۵/ ۳۵۵، الباب الثاني عشر في التداوي والمعالجات)

ما فی " **الأشباه والنظائر**": بقاعدة فقهية : " الضرورات تبيح المحظورات" . " ما أبيح للضرورة يتقدر بقدرها".(۱/۳۰۷، ۳۰۸)

والحجة علی ما قلنا:

(۲) ما فی " **الکتاب**": قال الله تعالی:﴿ **الطلاق مرتٰن، فإمساك بمعروف أو تسريح بإحسان**﴾. =

حلالہ کس طرح کیا جائے

مسئلہ(۲۵۹): حلالہ کی صورت یہ ہے کہ مطلقہ ثلاثہ (جس عورت کو تین طلاق دیدی گئیں) عدت گزارنے کے بعد کسی مرد سے نکاح کرلے، اور بعد از نکاح میاں بیوی کے تعلقات بھی پائے جائیں، اس کے بعد شوہرِ ثانی اپنی مرضی سے اسے طلاق دیدے یا مرجائے، تو اس کی عدت گزر جانے کے بعد از سرِ نو شوہرِ اول اس کے ساتھ نکاح کرلے، اس طریقے وہ عورت اس کیلئے

= ﴿**فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره**﴾.(سورة البقرة:۲۲۹،۲۳۰)

ما فی "**الحديث**": عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: **ثلٰث جدهن جد وهزلهن جد، النكاح والطلاق والرجعة.** (مشكوة المصابيح:۲۸٤،كتاب الطلاق)

ما فی "**الحديث**": عن محمود بن لبيد قال: أخبر رسو ل الله صل الله عليه وسلم عن رجل طلق امرأته ثلٰث تطليقات جميعاً فقام غضبان ، ثم قال : **أيلعب بكتاب الله عز وجل وأنا بين أظهركم؟** حتى قام رجل فقال : يا رسول الله صلى الله عليه وسلم! ألا أقتله؟ رواه النسائي.

(مشكوة المصابيح :ص۲۸٤، كتاب الطلاق)

ما فی "**الحديث**": عن سهل بن سعد في هذا الخبر قال : " **فطلقها ثلاث تطليقات عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فأنفذه رسول الله صلى الله عليه وسلم** ".

(سنن أبي داود:ص۳۰٦، كتاب الطلاق)

ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": (والبدعي ثلٰثة متفرقة) قوله : (ثلاثة متفرقة) وكذا بكلمة واحدة بالأولى .... وعن ابن عباس يقع به واحدة ، وبه قال ابن اسحق وطاوس وعكرمة لما في مسلم أن ابن عباس قال: كان الطلاق على عهد رسو ل الله صلى الله عليه وسلم وأبي بكر وسنتين من خلافة عمر طلاق الثلاث واحدة ، فقال عمر : إن النا س قد استعجلوا في أمر كان لهم فيه أناة، فلو أمضيناه عليهم فأمضاه عليهم، وذهب جمهور الصحابة والتابعين ومن بعدهم من أئمة المسلمين إلى أنه يقع ثلاث.(٤/٤٣٤، كتاب الطلاق)

حلال اور جائز ہوگی۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الكتاب** ": ﴿**فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره**﴾.(البقرة:۲۲۹)

ما في " **الموسوعة الفقهية الكويتية** " : وإنما تنتهي الحرمة وتحل للزوج الأول بشروط : النكاح ... أول شروط التحليل : النكاح ، لقوله تعالى : ﴿**حتى تنكح زوجاً غيره**﴾ فقد نفى حل المرأة لمطلقها ثلاثاً .... صحة النكاح : يشترط في النكاح الثاني لكي تحل المرأة للأول : أن يكون صحيحاً ، ولا تحل للأول إذا كان النكاح فاسداً ، حتى لو دخل بها ..... الوطء في الفرج : ذهب الجمهور إلى أنه يشترط مع صحة الزواج : أن يطأها الزوج الثاني في الفرج ، فلو وطئها دون الفرج ، أو في الدبر لم تحل للأول . لأن النبي صلى الله عليه وسلم علق الحل على ذوق العسيلة منهما، فقال لامرأة رفاعة القرظي : " **أتريدين أن ترجعي إلى رفاعة ؟ لا ، حتى تذوقي عُسيلته ويذوق عسيلتك** " .

(۲۵۵/۱۰ ، تحليل، خير الفتاوى:۲٦۵/٤)

معیشت کا کردار انسانی زندگی پر

باری تعالیٰ کا ارشاد ہے:﴿نحن قسمنا بینھم معیشتھم في الحیوٰۃ الدنیا ورفعنا بعضھم فوق بعض درجٰت لیتخذ بعضھم بعضاً سخریاً﴾ . ...ہم نے تو ان کے درمیان ان کی دنیوی زندگی (تک) میں ان کی روزی تقسیم کر رکھی ہے، اور ہم نے ایک کے درجے دوسرے سے بلند کر رکھے ہیں تاکہ ایک دوسرے سے کام لیتا رہے۔ (زخرف:۳۲)

تفسیر:......آیت سے دو امور مستنبط ہوتے ہیں: (۱) دنیا میں معاشی تقسیم یوں ہی اٹکل پچو نہیں، ایک خاص نظام تکوینی کے ماتحت چل رہی ہے۔ (۲) معاشی حیثیت سے بھی درجات کا فرق بالکل فطری وطبعی ہے، کوئی دائن ہوگا، کوئی مدیون، کوئی دولتمند، کوئی بے مایہ۔

نیز ﴿ورفعنا بعضھم بعضاً سخریاً﴾ ......معاشرہ میں فرقِ مراتب بالکل فطری وطبعی ہے، کوئی دولتمند ہوگا کوئی نادار، کوئی افسر کوئی ماتحت، بے طبقات معاشرہ سے اس کا لفظ ہی سرے سے بے معنی ہے، باقی بڑے چھوٹے کا نفس فرق تو قائم رہے گا، اور اسے قائم رہنا چاہئے۔ (ماجدی)

ارشادِ خداوندی ہے:﴿وجعلنا لکم فیھا معایش﴾ ......اور ہم نے اس میں معاش کے سامان تمہارے لیے بھی بنائے۔ (حجر:۲۰)

تفسیر:......معایش کے تحت میں ماکولات، مشروبات، ملبوسات داخل ہیں۔ (ماجدی)

زمانۂ سیاست واقتصادیت:

موجودہ زمانہ سیاسی اور اقتصادی زمانہ کہلاتا ہے، ہر نئی بننے والی حکومت اور ہر سرمایہ دار کا یہ نظریہ ہوتا ہے کہ اگر ملک کی معیشت مضبوط ہے تو حکومت مضبوط اور کاروبار مستحکم ہے، معیشت کی خوشحالی رعایا کی خوشحالی کا ذریعہ ہے، جب کہ بات اس کے بالکل برعکس ہے، کیوں کہ ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ جو ممالک معیشت میں آگے ہیں دیکھنے میں آتا ہے کہ وہاں کی رعایا خوشحال تو ہے مگر قسما قسم کے انفیکشن اور ڈپریشن

سے دوچار ہیں، ایسے ہی سرمایہ دار کہ ملک کی معاشی ترقی میں ان کا اہم کردار ہوتا ہے، ہر سرمایہ دار کو یہ فکر دامن گیر ہوتی ہے کہ میرا کاروبار مزید ترقی کرے، مجھے زیادہ سے زیادہ بینیفٹ (نفع) ملے۔

سب کچھ ہے پھر بھی کچھ نہیں:

دراصل ملک کی استحکامیت کا انحصار محض معیشت پر ہی نہیں جیسا کہ آج کل کا نظریہ ہے، بلکہ بسا اوقات سرمایہ داروں کی معاشی حالت ظاہراً بڑی بہتر ہوتی ہے، مگر آئے دن حوادث وواقعات رونما ہوتے رہتے ہیں، اخباروں کی سرخیاں ہماری نظروں سے گزرتی ہیں، کہ فلاں کروڑ پتی کے پاس اسبابِ عیش مہیا ہیں، معاشی حالت بہتر ہے، لیکن اس کی زندگی اجیرن بنی ہوئی ہے، راتوں کو نیند حرام ہے جس کی وجہ سے ہائی پاور نیند کی گولیاں حلق سے نیچے اتارنی پڑتی ہیں، اعلی اور طاقتور غذاؤں کے کھانے سے ڈاکٹروں نے منع کیا ہوا ہے، صرف دال روٹی وہ بھی بغیر نمک کے کھانے کی اجازت ہے، ہمارے ملک میں بھی اس کی سیکڑوں مثالیں موجود ہیں، کہ بہت سے سرمایہ داروں کی حالت " **خشب مسندة** " کی ہے، کہ ظاہراً جتنے ٹیپ ٹاپ میں ہیں اتنے ہی باطناً پریشان۔﴿**فلا تغرنکم الحیاة الدنیا**﴾تم کو دنیوی زندگی دھوکہ میں نہ ڈالے۔......غرضیکہ اسباب مکمل طور پر مہیا ہیں، سب کچھ ہیں مگر پھر بھی کچھ نہیں۔

ایسے ہی لوگوں کے متعلق ارشادِ خداوندی ہے:﴿**من أعرض عن ذکري فإن له معیشة ضنکاً**﴾. ...... جو شخص میری اس نصیحت سے اعراض کرے گا، تو اس کے لیے (قیامت سے پہلے دنیا اور قبر میں) تنگی کا جینا ہو۔

دنیا میں تنگی باعتبارِ قلب ہے، کہ ہر وقت دنیا کی حرص میں، ترقی کی فکر میں، کمی کے اندیشہ میں بے آرام رہتا ہے۔

خلاصۂ کلام:......معیشت کی اصل تنگی دین سے اعراض ہے۔

کچھ نہیں پھر بھی سب کچھ ہے:

اس کے برعکس علماء، صلحاء، فقراء کی زندگی جن کے پاس اسبابِ معیشت بالکل نہیں، یا قلیل مقدار میں ہے لیکن خوش عیشی عروج پر ہوتی ہے، بظاہر تو پریشان مگر روحانی چین وسکون حاصل ہے۔ان کے پاس

کچھ بھی نہیں مگر پھر بھی سب کچھ ہے، ایسے ہی لوگوں کے متعلق ارشادِ خداوندی ہے: ﴿من عمل صالحاً من ذکر أو أنثی وھو مؤمن فلنحیینه حیٰوۃ طیبة﴾…… نیک عمل جو کوئی بھی کرے گا مرد ہو یا عورت بشرطیکہ صاحبِ ایمان ہو تو ہم اسے ضرور ایک پاکیزہ زندگی عطا کریں گے۔(نحل:۹۷)

علامہ تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس بشارت سے یہ مراد نہیں کہ مومن صالح کو کبھی فقر یا مرض طاری نہ ہوگا، بلکہ مطلب یہ ہے کہ اطاعت کی برکت سے اس کے قلب میں ایسا نور پیدا ہوگا جس سے وہ ہر حال میں صابر وشاکر اور تسلیم ورضا سے رہے گا اور سکون وجمعیت خاطر کی اصل یہی رضا ہے۔(ماجدی)

ایک غلط فہمی کا ازالہ:

آج کل بہت سارے کمزور مسلمان مغربی ویورپی ممالک کی بڑھتی ہوئی معیشت اور نگاہوں کو خیرہ کرنے والی ترقی، اور تونگر کافروں کو دیکھ کر دل ہی دل میں سوچتے رہتے ہیں، کہ اللہ تعالی نے ان کو دنیا کی تمام نعمتیں دے رکھی ہے، عیش وعشرت کی زندگی مہیا کی ہے، اور ہم مسلمان ہیں، اسلام کے نام لیوا ہیں، مگر ہماری معیشت ایسی کہ عیش (گزران) کے لیے بھی کافی نہیں، یہ ایک غیر اسلامی فکر ہے، کیوں کہ ارشادِ خداوندی ہے:……﴿ولولا أن یکون الناس أمة واحدۃ لجعلنا لمن یکفر بالرحمن لبیوتھم سقفاً من فضة ومعارج علیھا یظھرون، ولبیوتھم أبواباً وسرراً علیھا یتکئون، وزخرفاً وإن کل ذلک لما متاع الحیوٰۃ الدنیا، والآخرۃ عند ربک للمتقین﴾……اور اگر یہ بات نہ ہوتی کی سب لوگ ہوجائیں ایک دین پر تو ہم دیتے ان لوگوں کو جو منکر ہیں رحمٰن سے ان کے گھروں کے واسطے چھت چاندی کی اور سیڑھیاں جن پر چڑھیں اور ان کے گھروں کے واسطے دروازے اور تخت جن پر تکیہ لگا کر بیٹھیں، اور سونے کے، اور یہ سب کچھ نہیں ہے مگر برتنا دنیا کی زندگانی کا اور آخرت تیرے رب کے یہاں انہی کے لیے ہے جو ڈرتے ہیں۔[زخرف:۳۳،۳۴،۳۵]

یعنی اللہ کے ہاں اس دنیوی مال ودولت کی کوئی قدر نہیں، نہ اس کا دیا جانا کچھ قرب ووجاہت عند اللہ کی دلیل ہے، یہ تو ایسی بے قدر اور حقیر چیز ہے کہ اگر ایک خاص مصلحت مانع نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ کافروں

کے مکانوں کی چھتیں، زینے، دروازے، چوکھٹ، قفل اور تخت چوکیاں سب چاندی اور سونے کی بنا دیتا، مگر اس صورت میں لوگ یہ دیکھ کر کہ کافروں ہی کو ایسا سامان ملتا ہے، عموماً کفر کا راستہ اختیار کر لیتے (اِلا ماشاء اللہ)، اور یہ چیز مصلحتِ خداوندی کے خلاف ہوتی، اس لیے ایسا نہیں کیا گیا، حدیث میں ہے کہ اگر اللہ کے نزدیک دنیا کی قدر ایک مچھر کے بازو کے برابر ہوتی تو کافر کو ایک گھونٹ پانی کا نہ دیتا، حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں: ''یعنی کافر کو اللہ نے پیدا کیا، کہیں تو اس کو آرام دے، آخرت میں تو دائمی عذاب ہے، کہیں تو آرام ملتا، مگر ایسا ہو تو سب ہی کفر کا راستہ پکڑ لیں''۔ (عثمانی)

علماء پر ایک جاہلانہ اعتراض:

آج کل معاشرے میں علماء کرام کے بارے میں یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ معیشت میں ان کا کوئی حصہ نہیں، بلکہ الٹا معاشرے پر بوجھ ہیں، اور ان کو بے کار پرزہ سمجھا جاتا ہے، اس سے بعض دیندار لوگ بھی متاثر ہو کر یہ کہتے ہیں کہ واقعی علماء حضرات کو اپنے گزران کے لیے کوئی ہنر سیکھنا ناگریز ہے، تاکہ دین کے کام کے ساتھ ساتھ اپنے اور اپنی بیوی اور بال بچوں کی گزران کا انتظام کر سکیں۔

یہ اعتراض بالکل بے جا اور غلط ہے، کیوں کہ اولاً تو بہت سے علماء کرام ایسے ہیں جو تبلیغ، تصنیف، تالیف، خطابت، تدریس وغیرہ کے فرائض کے ساتھ ساتھ کسبِ معاش کے لیے کسی نہ کسی ذریعہ کو اختیار کیے ہوئے ہیں، تاکہ حلال روزی کا اکتساب ہو، اور بہت سے علماء کرام جو اللہ کے بھروسے پر دین کی خدمت کر رہے ہیں، انہیں ''قوت لا یموت'' کے مقدار تنخواہ ملتی ہے، یہ حضرات دینی کام کی نہیں بلکہ حبسِ وقت کی تنخواہ لیتے ہیں۔

علماء کرام کے معیشت میں حصہ نہ لینے کی وجہ:

علماء کرام دین کے کام میں مصروف ہونے کی وجہ سے کسی دنیاوی کاروبار میں پوری طرح میدانِ

معیشت میں مشغول نہیں ہوسکتے، کیوں کہ اس اشتغال سے امورِ دینیہ متاثر ہوں گے، جب کہ دین حوائجِ اصلیہ میں مقدم ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:...... ﴿للفقراء الذين أحصروا في سبيل الله لا يستطيعون ضرباً في الأرض، يحسبهم الجاهل أغنياء من التعفف، تعرفهم بسيماهم، لا يسئلون الناس إلحافاً﴾ ...... (اصل) حق ان حاجت مندوں کے لیے جو اللہ کی راہ میں گھر گئے ہیں، ملک میں کہیں چل پھر نہیں سکتے، ناواقف انہیں غنی خیال کرتا ہے، ان کی احتیاطِ سوال کے باعث تو انہیں ان کے بشرہ ہی سے پہچان لے گا، وہ لوگوں سے لپٹ کر نہیں مانگتے۔ (البقرۃ:۲۷۳)

قرآن میں مال ودولت کے لیے کلمہ خیر اور قباحت کا استعمال:

قرآن کریم میں دنیا اور مال ودولت کے لیے بعض جگہ ایسے لفظ استعمال کیے گئے ہیں جو ان کی قباحت اور شناعت پر استدلال کرتے ہیں، مثلاً ﴿إنما أموالكم وأولادكم فتنة وما الحيوٰة الدنيا إلا متاع الغرور﴾ اور ان کے لیے تعریفی کلمات بھی ہیں، جیسے ﴿وابتغوا من فضل الله﴾ (اور ڈھونڈو فضل اللہ کا) یعنی تجارتی نفع، اس کو فضل اللہ سے تعبیر کیا جارہا ہے، اور بعض جگہ مال کے لیے خیر کا لفظ استعمال کیا گیا، جیسے ﴿وإنه لحب الخير لشديد﴾ (اور آدمی مال کی محبت پر بہت پکا ہے)۔ ''الخیر'' یہاں مال کے معنی میں ہے، تو ایک ظاہر بیں انسان کو بعض اوقات ان دونوں قسم کی تعبیرات میں تعارض وتضاد محسوس ہوتا ہے کہ ابھی تو کہہ رہے تھے، کہ متاع الغرور یعنی دھوکہ کا سامان ہے، اور ابھی کہہ رہے ہیں کہ فضل اللہ اور خیر ہے۔

حقیقت میں یہ تعارض نہیں بلکہ یہ بتانا منظور ہے کہ دنیاوی مال واسباب جتنے بھی ہیں یہ انسان کی حقیقی منزل اور منزلِ مقصود نہیں، بلکہ منزلِ مقصود آخرت اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا ہے، اس دنیا میں زندہ رہنے کے لیے ان اسباب کی ضرورت ہے ان کے بغیر انسان زندہ نہیں رہ سکتا، لہٰذا جب تک انسان ان اسباب کو محض راستہ کا ایک مرحلہ سمجھ کر استعمال کرے منزلِ مقصود قرار نہ دے، تو اس وقت تک یہ خیر ہے، اور جب انسان ان کو منزلِ مقصود بنالے تو جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ اس منزلِ مقصود کو

حاصل کرنے کے لیے ہر جائز و ناجائز طریقہ اختیار کرنا شروع کر دے، تو یہ فتنہ اور متاع الغرور ہے، لہذا جب تک دنیا اور اس کا مال و اسباب محض وسائل کے طور پر استعمال ہو اور جائز حدود میں استعمال کیا جائے تو اس وقت تک اللہ کا فضل اور خیر ہے، اور جب اس کی محبت دل میں گھر کر جائے اور انسان اس کو منزلِ مقصود بنالے اور اس کو حاصل کرنے کے لیے ہر جائز و ناجائز طریقہ اختیار کرنا شروع کر دے تو وہ فتنہ اور متاع الغرور یعنی دھوکہ کا سامان ہے۔

دنیا میں مال و اسباب کی مثال:

علامہ جلال الدین رومی رحمہ اللہ نے بڑی پیاری مثال دی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ دیکھو دنیا کے مال و اسباب جتنے بھی ہیں ان کی مثال پانی کی سی ہے اور تیری مثال اے انسان! کشتی کی سی ہے، کشتی بغیر پانی کے نہیں چل سکتی، کشتی کے لیے پانی اسی وقت تک فائدہ مند ہے جب تک کشتی کے چاروں طرف ہو، نیچے ہو، دائیں ہو، بائیں ہو، لیکن اگر پانی اندر آ جائے تو اس کو ڈبو دے گا اور غرق کر دے گا۔

آب اندر زیر کشتی پشتی است
آب در کشتی ہلاکِ کشتی است

جب تک پانی کشتی کے نیچے ہو تو اس کو سہارا دیتا ہے، اس کو آگے بڑھاتا ہے، اگر کشتی کے اندر گھس جائے تو کشتی کی ہلاکت کا باعث ہو جاتا ہے۔

معیشت کے وسائل:

حضرت مقداد بن معدیکرب فرماتے ہیں: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ اپنے ہاتھ کی کمائی کھانے سے بہتر کوئی کمائی نہیں، اللہ کا نبی داود (علیہ السلام) اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھاتا تھا، **سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: " ما أكل أحد طعاماً قط خيراً من أن يأكل من عمل يده . إن نبي الله داود كان يأكل من عمل يده ".** (صحیح البخاري: ۲/۳۴، حدیث نمبر ۲۰۷۲)

معاشی وسائل کی دو قسمیں ہیں: ایک مادی، دوسری معنوی وروحانی۔

پھر "**مادی وسائل**" کی دو قسمیں ہیں: ایک جائز، دوسری ناجائز۔

قسمِ اول: ...... جائز ذرائعِ معاش ...... تجارت، زمینداری، دوکانداری، ملازمت اور صنعت وحرفت وغیرہ (بشرطیکہ چند قواعد کا پاس ولحاظ کیا جائے)

قسمِ ثانی: ...... ناجائز ذرائعِ معاش ...... سود، جوا، چوری، غصب، ڈاکہ، زنا وغیرہ، ان ذرائع سے کمائی قطعاً ناجائز وحرام ہے۔

"**روحانی**" اور معنوی وسائل وذرائع: ...... مثلاً نماز، دعا، تقوی، صبر، روحانی اعمال، توکل۔

(۱) **نماز**: ...... ارشادِ خداوندی ہے: ﴿واستعینوا بالصبر والصلوة﴾. مدد لو صبر اور نماز سے۔ (بقرۃ:۴۵)

معیشت کی تنگی کو دور کرنے کے لیے دو رکعت صلوۃ الحاجۃ پڑھنا چاہیے۔

حدیث میں ہے کہ جو شخص نماز کا اہتمام کرتا ہے اللہ تعالی اس کا پانچ طرح سے اکرام فرماتے ہیں، (ان میں سے) ایک یہ ہے کہ اس کے رزق کی تنگی دور کردی جاتی ہے۔ (الكبائر للذهبي: ص ٢٤)

حضرت شقیق بلخی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: روزی کی برکت چاشت میں ملی۔

(۲) **دعاء**: ...... ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿أدعوني أستجب لكم﴾. ...... مجھ کو پکارو میں تمہاری درخواست قبول کروں گا۔ (المؤمن:۶۰)

حدیث میں ہے کہ دعا مومن کا ہتھیار ہے۔ (مستدرک حاکم: ۱/۶۷۴، حدیث نمبر: ۱۸۶۳)

ایک دوسری حدیث میں ہے کہ سحری کے وقت اللہ تعالی آواز لگاتے ہیں: "**ألا مسترزق فأرزقه**"...... کیا کوئی رزق مانگنے والا ہے تاکہ اس کو رزق عطا کروں۔

(ابن ماجہ: أبواب إقامة الصلاة، ما جاء في ليلة، حدیث نمبر: ۱۳۸۸)

(۳) **تقوی**: ...... ارشادِ خداوندی ہے: ﴿ومن يتق الله يجعل له مخرجاً ○ ويرزقه من

حیث لا یحتسب﴾ ......اور جو کوئی اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے کشائش پیدا کر دیتا ہے، اور اسے ایسی جگہ سے رزق پہونچاتا ہے جہاں سے اسے گمان بھی نہیں ہوتا۔ (طلاق:۲،۳)

غیب سے روزی:

غیب سے روزی کے دو طریقے ہیں: متعارف، غیر متعارف

متعارف : ......مثلاً کرنسی (ڈالر یا روپیہ) کی شکل میں عطا کر دے، یا کسی آدمی کے دل میں یہ بات ڈالدے کہ فلاں متقی کی مدد کر۔

غیر متعارف : ......قرآن پاک میں ارشادِ باری تعالی ہے: **﴿کلما دخل علیها زکریا المحراب وجد عندها رزقاً قال یٰمریم أنی لک هذا قالت هو من عند الله ، إن الله یرزق من یشاء بغیر حساب﴾**. ......زکریا علیہ السلام محراب میں تشریف لائے مریم کے پاس کھانے کی چیزیں تھیں، پوچھا مریم یہ کہاں سے آئیں؟ وہ کہنے لگی اللہ کے پاس سے، بلاشبہ اللہ تعالی رزق دیتا ہے بلاحساب وکتاب کے۔ (آل عمران:۳۷)

متقی (پرہیزگار) آدمی کے تھوڑے رزق میں اللہ تعالی برکت ڈال دیتے ہیں، بقول علامہ تھانوی رحمہ اللہ: تھوڑا روپیہ یا تھوڑی چیز بہت ہو جائے۔

۴) **صبر**:......ارشادِ باری تعالی ہے: **﴿واستعینوا بالصبر والصلوة﴾**. ......مدد لو صبر اور نماز سے۔ (بقرة:۴۵)

حدیث میں ہے کہ جو شخص بھوکا یا محتاج ہو اور اپنی حاجت لوگوں سے چھپائے رکھے، تو اللہ تعالی کے ذمہ ہے کہ اس کو ایک سال کی روزی حلال طریقے سے عطا فرمائیں۔

(معجم الأوسط للطبراني:۲/۲۱، حديث نمبر:۲۳۵۸)

اللہم مادہ پرستوں کے ذہن میں یہ بات اتار دے کہ صبر سے بھی معیشت کا مسئلہ حل ہوتا ہے۔

(۵) **روحانی اعمال** ......بعض اعمال ایسے ہیں کہ ان کے کرنے سے اللہ تعالی رزق کا مسئلہ حل کر دیتے ہیں، یہ دو طرح ہیں: منصوص، غیر منصوص یعنی مجرباتِ اولیاء اللہ۔

منصوص :......جیسے نماز، ایک منصوص روحانی عمل ہے، جس سے روزی کا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔

اسی طرح حدیث میں ہے کہ جو شخص ہر رات کو سورۂ واقعہ پڑھے گا، اس کو کبھی فاقہ نہ ہوگا۔(ترغیب وترہیب:۲/۲۹۴، حدیث نمبر۲)

غیر منصوص یعنی مجرباتِ اولیاء اللہ:......جیسے ''یا باسط'' ہر نماز کے بعد۷۲/مرتبہ پڑھا جائے تو رزق کا مسئلہ ان شاء اللہ حل ہوجائے گا۔(اس طرح کے مجربات کے لیے ''اعمالِ قرآنی'' مؤلفہ حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ مشہور ہے)۔

(۶) **توکل**......ارشادِ خداوندی ہے:﴿ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ﴾. ......اور جو شخص اللہ پر توکل کرے گا، اللہ تعالی اس کے لیے کافی ہے۔(طلاق:۳)

توکل کا معنی:

توکل کا وہ معنی نہیں جو آج کل کے جاہل صوفیوں نے سمجھ رکھا ہے، کہ خدا تعالیٰ کے پیدا کردہ اسباب وآلات کو چھوڑ کر ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا رہے، بلکہ توکل کا صحیح معنی یہ ہے کہ خدا کے پیدا کردہ آلات واسباب کو اختیار کیا جائے، اور حصولِ ثمرات ونتائج میں اس کی ذات پر اعتماد وبھروسہ کیا جائے۔

موجودہ زمانے میں تجارت کی ایک نئی صورت کا اضافہ ہوا ہے، اس کو اسٹاک مارکیٹ (Stock market) یعنی بازارِ حصص کہتے ہیں، پہلے زمانے میں جو شرکت ہوتی تھی وہ چند افراد کے درمیان ہوتی تھی، جس کو آج کل کی اصطلاح میں پارٹنر شپ (Partnership) کہا جاتا ہے، لیکن پچھلی دو تین صدیوں میں تجارت کے وسیع پھیلاؤ کی وجہ سے اس کی ایک صورت وجود میں آئی، جس کو جوائنٹ اسٹاک کمپنی (Joint stockc company) کہا جاتا ہے، جس کی وجہ سے کاروبار میں نئی صورتِ حال پیدا ہوئی، اور اس کے حصص (Shares) کی خرید وفروخت کا نیا مسئلہ وجود میں آیا، اس کی بنیاد پر دنیا بھر میں اسٹاک مارکٹس (Stock Market,s) کام کر رہے ہیں، اور اس کی مختلف صورتیں ہیں۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الهداية** " :ويجوز بيع العقار قبل القبض عند أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهما الله تعالى. (۷٤/۳، وكذا في الرد على الدر: ۳٦۹/۷، فصل في التصرف في المبيع والثمن قبل القبض، وكذا في البدائع : ٤١/۷، كتاب الفقه على المذاهب الأربعة :۲۰۰/۲، مكتبة دار إحياء التراث، فتاوى حقانيه:۱۰٥/٦، ايضاح النوادر:۷۲)

شیئرز کی حقیقت

مسئلہ(۲۹۱): شیئرز کو اردو میں ''حصے'' سے اور عربی میں ''سہم'' سے تعبیر کرتے ہیں، اور یہ درحقیقت کسی کمپنی کے اثاثوں میں شیئرز ہولڈر (Shares holder) شیئرز خریدنے والے کی ملکیت کے تناسب کی نمائندگی کرتا ہے، مثلاً: اگر آپ کسی کمپنی کا شیئرز خریدیں تو وہ شیئرز سرٹیفکیٹ (Shares certificate) جوایک کاغذ ہے، وہ اس کمپنی میں آپ کی ملکیت کی نمائندگی کرتا ہے، لہذا کمپنی کے جو اثاثے اور املاک ہیں شیئرز خریدنے کی وجہ سے آپ ان کے متناسب حصے کے مالک بن گئے۔ جب کمپنی وجود میں آتی ہے تو وہ بازار میں اپنے شیئرز فلوٹ (Floot) کرتی ہے، مثلاً کوئی آدمی ٹیکسٹائل (Textile) کی کمپنی قائم کرے، اوراس کے لئے اس کو دس ارب روپئے کی ضرورت ہے، تو وہ اعلان کرتا ہے کہ ہماری کمپنی ایک ایک ہزار کا شیئرز فلوٹ کررہی ہے، اس کے بعد اس کمپنی کے شیئرز مارکیٹ میں فروخت ہوتے ہیں، اب جو شخص ان کو خریدتا ہے وہ اس کمپنی کا شریک ہوجاتا ہے(۱)۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی '' **الكتاب**'': لقوله تعالى :﴿**وإن كثيراً من الخلطاء ليبغي بعضهم على بعض**﴾. (سورة صٓ:۲۴)

ما فی '' **السنن لأبی داود** '' : عن أبي هريرة رضي الله عنه رفعه قال: إن الله تعالى يقول :'' **أنا ثالث الشريكين ما لم يكن أحدهما صاحبه فإذا خانه خرجت من بينهم**''.(ص: ۴۸۰، باب في الشركة)

ما فی '' **الصحيح البخاری**'': عن زهرة بن معبد أنه كان يخرج به جده عبد الله بن هشام إلى السوق فيشتري الطعام فيلقاه ابن عمر وابن الزبير، فيقولان له أشركنا، فإن النبي صلى الله عليه وسلم قد دعا لك بالبركة فيشركهم . (۱/ ۳۴۰، كتاب الشركة ، باب الشركة في الطعام)

ما فی '' **فتح القدير**'' : قوله : (الشركة جائزة) قيل مشروعيتها بالكتاب والسنة والمعقول... ....الشركة جائزة لأن النبي صلى الله عليه وسلم بعث والناس يتعاملون بها فقررهم عليه وتعاملها الناس من لدن رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى يومنا هذا من غير نكيرمنكر.

(۱۴۳/۶، كتاب الشركة، رد المحتار: ۴۶۵/۶، كتاب الشركة، فقهی مقالات: ۱/ ۱۴۲،۱۴۳)

چار شرطوں کے ساتھ شیئرز کی خرید وفروخت جائز ہے

مسئلہ(۲۹۲): (۱)......کمپنی حرام کاروبار میں ملوث نہ ہو، مثلاً وہ سودی بینک نہ ہو، سود اور قمار پر مبنی انشورنس کمپنی نہ ہو، شراب کا کاروبار کرنے والی کمپنی نہ ہو، یا ان کے علاوہ دوسرے حرام کام کرنے والی کمپنی نہ ہو، ایسی کمپنی کے شیئرز لینا کسی حال میں جائز نہیں، نہ ابتداءً جاری (Float) ہونے کے وقت لینا جائز ہے، اور نہ ہی بعد میں اسٹاک مارکیٹ سے لینا جائز ہے۔

(۲)......کمپنی کے تمام اثاثے اور املاک سیال اثاثوں (Liquid Assets) یعنی نقد رقم کی شکل میں نہ ہوں، بلکہ اس کمپنی نے کچھ جامد اثاثے (Fixed Assets) حاصل کر لیے ہوں، مثلاً بلڈنگ بنالی ہو، یا زمین خرید لی ہو تو جائز ہے، اور اگر اثاثے سیال یعنی نقد رقم کی صورت میں ہوں تو اس کمپنی کے شیئرز کو فیس ویلیو (Face Value) سے کم یا زیادہ پر فروخت کرنا جائز نہیں، بلکہ برابر سرابر خریدنا ضروری ہے۔

(۳)......حتی الامکان کمپنی سود میں ملوث نہ ہو، اور اگر ہو بھی تو صرف فاضل (Surplus) رقم بینک میں رکھتی ہو، اور اگر کمپنی فنڈ بڑھانے کے لئے رکھے تب تو بالکل ہی جائز نہیں(۱)، لیکن پہلی صورت

---

(۱) ما فی " **الکتاب**": لقوله تعالی:﴿**یا أیها الذین آمنوا اتقوا الله وذروا ما بقي من الربوا إن کنتم مؤمنین، فإن لم تفعلوا فأذنوا بحرب من الله ورسوله**﴾. [سورة البقرة:۲۷۸،۲۷۹]..........﴿**الذین یأکلون الربوا لا یقومون إلا کما یقوم الذي یتخبطه الشیطان من المس، ذلک بأنهم قالوا إنما البیع مثل الربوا، وأحل الله البیع وحرم الربوا**﴾.[سورة البقرة:۲۷۵]

ما فی " **السنن الترمذی**" : " **الحلال بین والحرام بین وبین ذلک أمور مشتبهات لا یدري کثیر من الناس أمن الحلال هي أم من الحرام فمن ترکها استبرأ لدینه وعرضه فقد سلم ومن واقع شیئاً منها یوشک أن یواقع الحرام کما أنه من یرعی حول الحمی یوشک أن یواقعه ألا وإن لکل ملک حمیً ألا وإن حمی الله محارمه**".(۱/۲۲۹، أبواب البیوع، باب ماجاء في ترک الشبهات) =

اس شرط کے ساتھ جائز ہے، کہ شیئر زہولڈر کمپنی میں سودی کاروبار کے خلاف آواز اٹھائے، اگر چہ اس کی آواز صدا بصحرا ہی ثابت ہو، اس کا طریقہ یہ ہے کہ کمپنی کی اے، جی، ایم (Annual general meting) میں اپنی یہ بات رکھے۔

(۴)......جب منافع تقسیم (Dividend) ہوں تو وہ انکم اسٹیٹ مینٹ (Income statement) کے ذریعے معلوم کرے، کہ آمدنی کا کتنا حصہ ڈپازٹ سے حاصل ہوتا ہے، اور اتنے فیصد رقم کا صدقہ کردے(۱)۔

= ما فی " **الکتاب**": لقوله تعالی:﴿**ولا تعاونوا علی الإثم والعدوان**﴾.(سورة المائدة:۲)

ما فی "**جواهر الفقه**": قال العلامة المفتي محمد شفیع رحمه الله : إن الإعانة علی المعصیة حرام مطلقاً بنص القرآن أعني قوله تعالی : ﴿**ولا تعاونوا علی الإثم والعدوان**﴾ ، وقوله تعالی : ﴿**فلن أکون ظهیراً للمجرمین**﴾، ولکن الإعانة حقیقة هي ما قامت المعصیة بعین فعل المعین ولا یتحقق إلا بنیة الإعانة أو التصریح بها أو تعینها في استعمال هذا الشيء بحیث لا یحتمل غیر المعصیة. (۲/۴۴۷)

ما فی " **التفسیر المنیر**": ﴿**وتعاونوا علی البر**﴾ وهو کل خیر أمر به الشرع أو نهی عنه من المنکرات أو اطمأن إلیه القلب، ولا تتعاونوا علی الإثم وهو الذنب .... **والمعصیة** : وهي کل ما منعه الشرع ، أو حاك في الصدر وکرهت أن یطلع علیه الناس، ولا تتعاونوا علی التعدي علی حقوق غیرکم ، والإثم والعدوان یشمل کل الجرائم التي یأثم فاعلها ، ومجاوزة حدود الله بالاعتداء علی القوم ، واتقوا الله بفعل ما أمرکم به واجتناب ما نهاکم (إن الله شدید العقاب) لمن عصی وخالف.

(۷/۴۱۸، الوفاء بالعقود ومنع الاعتداء، والتعاون علی الخیر وتعظیم شعائر الله)

(۱) ما فی "**رد المحتار علی الدر المختار**" : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده علیهم وإلا فإن علم عین الحرام لا یحل له، ویتصدق به بنیة صاحبه، وإن کان مالاً مختلطاً مجتمعاً من الحرام ولا یعلم أربابه ولا شیئاً منه بعینه حل له حکماً والأحسن دیانة التنزه عنه.

(۷/۳۰۱، کتاب البیوع ، باب البیع الفاسد ، مطلب فیمن ورث مالاً حراماً) =

نیز شیئرز دو مقصد سے خریدے جاتے ہیں:

۱/...... انوسٹمینٹ (Investment) یعنی کمپنی میں شریک ہوکر گھر بیٹھے منافع حاصل کرتے رہنا، یہ صورت مذکورہ چار شرطوں کے ساتھ جائز ہے۔

۲/...... شیئرز کے خریدنے کی دوسری صورت کیپٹل گین (Capital Gain) کی ہوتی ہے، یعنی کمپنی کا شریک بننا مقصود نہیں ہوتا، بلکہ لوگ اس کا اندازہ کرتے ہیں کہ کس کمپنی کے شیئرز کی قیمت میں اضافہ ہونے کا امکان ہے، چنانچہ اس کمپنی کے شیئرز خرید لیتے ہیں، اور پھر چند روز بعد جب قیمت بڑھ جاتی ہے تو ان کو فروخت کرکے نفع حاصل کرلیتے ہیں، اس طرح کی خرید وفروخت کے ذریعے نفع حاصل کرنا ان کا مقصود ہوتا ہے، مذکورہ شرائط کی رعایت کے ساتھ یہ خرید وفروخت جائز ہے، لیکن اگر اس میں سٹہ بازی کی صورت پیدا ہوجائے، وہ اس طور پر کہ شیئرز پر قبضہ (Dellivery) کرنے سے پہلے ہی اسے فروخت کیا جائے تو یہ صورت بالکل حرام ہے، اور شریعت میں اس کی اجازت نہیں (۱)۔

= ما فی " **الفتاوی الهندية** ": ينبغي للمسلم أن يتصدق بحصته من الربح .

(۳۳۳/٤، الباب الثاني والعشرون في المضاربة بين أهل الإسلام وأهل الكفر)

(۱) ما فی " **الكتاب** " : لقوله تعالی : ﴿**يا أيها الذين آمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشيطان فاجتنبوه لعلكم تفلحون**﴾.(سورة المائدة:۹۰)

ما فی " **نيل الأوطار للشوكانی** ": لقوله عليه السلام : " **الذهب بالذهب والفضة بالفضة والبر بالبر والشعير بالشعير والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثلٍ يداً بيد فمن زاد أو استزاد فقد أربی، الآخذ والمعطي فيه سواء** ".

(نيل الأوطار شرح للشوكاني:۲۰۲/۵، مكتبة دار الكتب العلمية بيروت، فقهی مقالات:۱٤٤/۱)

باب الربوا

(سود کا بیان)

ہندوستانی مسلمانوں کا سود لینا

مسئلہ(۲۹۳): ہندوستان دارالامن والجمہوریہ ہے، اس لیے متفق علیہ طور پر مسلمانوں کے لئے یہاں سود لینا جائز نہیں۔(۱)

پیکنگ کریڈٹ کارڈ کے نام پر سودی قرض لینا

مسئلہ(۲۹۴): پیکنگ کریڈٹ کارڈ (Packing Credit card) کے نام پر، تاجر کا بینک سے سودی قرض حاصل کرنا شرعی طور پر ناجائز اور حرام ہوگا۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في "**الكتاب**": قال تعالی:﴿**وأحل الله البيع وحرم الربوا**﴾.(البقرة:۲۷۵)

ما في "**مشكوٰة المصابيح**": عن عبد الله بن حنظلة غسيل الملائكة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **درهم ربوا يأكله الرجل وهو يعلم أشد من ستة وثلثين زينةً** ".

عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " **الربوا سبعون جزءاً أيسرها أن ينكح الرجل أمه**". (ص۲٤٥،۲٤٦، كتاب البيوع، الفصل الثالث)

ما في "**رد المحتار على الدر المختار**": لو أجريت أحكام المسلمين، وأحكام أهل الشرك لا تكون دار الحرب. (۲۸۸/٦، باب المستأمن، ايضاح النوادر:۱۰۳)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی " **الكتاب**": قال الله تعالى: ﴿**يآيها الذين اٰمنوا لا تأكلوا الربوا أضعافاً مضاعفة**﴾. [آل عمران:۱۳۰] وقال أيضاً:﴿**أحل الله البيع وحرم الربوٰا**﴾. (سورة البقرة:۲۷۵)

ما في " **الصحيح المسلم**": عن جابر قال: "**لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال: هم سواء**". (۲۷/۲) =

بل پر چیز میں مکمل سود کا دخل ہے

مسئلہ (۲۹۵): بی-پی (B-P) یعنی بل پر چیز (Bill purchase) کی شکل یہ ہوتی ہے کہ ایکسپورٹر کو کبھی پیشگی رقم کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ اپنے ارسال کردہ مال کے کاغذات بینک کے حوالہ کرکے ۷۰ یا ۷۵ فیصد تک مال کی قیمت بینک سے پیشگی وصول کر لیتا ہے اور جب امپورٹر کی طرف سے رقم آجاتی ہے، تو بینک اپنے ضابطہ کے مطابق فیصد شرح سود وصول کرکے بقیہ رقم ایکسپورٹر کو دیدیتا ہے، اس میں مکمل طور پر سود کا دخل ہے، لہذا شرعاً ناجائز اور حرام ہوگا، اور جواز کے دائرے میں کسی بھی صورت میں داخل نہیں ہوسکتا۔ (حوالۂ سابق) (۱)

= قال النووي: وفيه تحريم على الإعانة على الباطل، والله أعلم .(شرح النووي على هامش المسلم)

ما فی "**موسوعة فتح الملهم مع التكملة كاملة**": قوله: (وموكله) يعني: الذي يؤدي الربا إلى غيره ، فإثم عقد الربا والتعامل به سواء في كل من الآخذ والمعطي، ثم أخذ الربا أشد من الإعطاء لما فيه من التمتع بالحرام. (۵۷٤/۷)

ما فی "**بدائع الصنائع**": وروي عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: "**كل رباً في الجاهلية فهو موضوع تحت قدمي**". (۸۲/۷)

ما فی "**روح المعاني**": الربا في الأصل الزيادة، من قولهم : ربا الشيء يربو إذا زاد ....وفي الشرع عبارة عن فضل مال لا يقابله عوض في معاوضة مال بمال. اهـ. (۷۹/۳، مکتبہ زکریا)

ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": وفي الخلاصة : القرض بالشرط حرام ...... والشرط لغوٌ...... وفي الأشباه: كل قرض جر نفعاً حرام اهـ. (۳۹۵/۷،۳۹٤)

ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": لأن الشروط الفاسدة من باب الربا....... الربا هو الفضل الخال عن العوض .... وحقيقة الشرط الفاسدة هي زيادة ما لا يقتضيه العقد ولا يلائمه فيكون فيه فضل خال عن العوض هو الربا بعينه ... ملخصاً.اهـ. (۳۹۹/۷، ایضاح النوادر:۱۵۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) (تاويلات أهل السنة للماتريدي:۲۷۰/۲، ایضاح النوادر:۱۵۲)

بیع نہ ہونے کی صورت میں اِسار یعنی بیعانہ کی رقم واپس کرنا ضروری ہے

مسئلہ(۲۹۶): خریدار نے کسی چیز کا سودا کیا اور کچھ رقم پیشگی دی، اس کو ایڈوانس اور بیعانہ کہا جاتا ہے یہ جائز ہے، لیکن اگر بیع نہ ہوسکے تو بیعانہ کی رقم کا واپس کرنا لازم ہوگا، بائع کے لیے یہ رقم رکھ لینا اور واپس نہ کرنا شرعاً حرام ہے۔(۱)

بینک سے قرض لیکر گاڑی خریدنا

مسئلہ (۲۹۷): بینک کے قرض سے ٹرک، ٹریکٹر، بس یا کار وغیرہ خریدنا، مثلاً ایک شخص پچاس ہزار (50,000) روپئے میں کمپنی سے کوئی گاڑی خریدتا ہے، اور وہ رقم بینک از خود کمپنی

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **إعلاء السنن** " : عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضي الله تعالى عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع العربان ، قال مالك : وذلك فيما نرى ، والله تعالى أعلم ، يشتري الرجل العبد أو الوليدة أو يتكارى الدابة ، ثم يقول للذي اشترى منه أو تكارى منه : أعطيتك ديناراً أو درهماً أو أكثر من ذلك أو أقل على أني أخذت السلعة أو ركبت ما تكاريت منك ، فالذي أعطيتك من ثمن السلعة أو من كراء الدابة ، وإن تركت ابتياع السلعة أو كراء الدابة فما أعطيتك لك باطل بغير شيء .

(۱۴/۱۹۷، كتاب البيوع ، باب النهي عن بيع العربان ، رقم الحديث :۴۶۷۲ ، الفقه الإسلامي وأدلته:۵/۳۴۳۴ ، بيع العربون ، الموسوعة الفقهية :۹/۹۳، ۹۴)

ما في " **حجة الله البالغة** " : ونهى عن بيع العربان أن يقدم إليه شيء من الثمن ، فإن اشترى حسب من الثمن وإلا فهو له مجاناً وفيه معنى الميسر .

(۲/۱۹۱، البيوع المنهي عنها ، بيوع فيها معن الميسر ، دارالمعرفة ، بيروت ، بداية المجتهد ونهاية المقتصد :۳/۲۱۸ ، كتاب البيوع ، الباب الرابع في بيوع الشروط والثنيا)

کوادا کرتا ہے، اور یہ شخص گاڑی کا مالک ہوجاتا ہے، مگر بینک خریدار سے اپنے ضابطے کے تحت قسط وار پچپن ہزار (55000) روپئے وصول کرتا ہے، تو شرعاً سود کی بنا پر یہ صورت ناجائز ہے(۱)۔

جواز کی صورت یہ ہے کہ بینک خریدار کے ساتھ اپنا ایک آدمی بھیجے، اور کمپنی سے پچاس ہزار میں گاڑی خرید لے، پھر بینک کا فرستادہ بینک کے ضابطے کے تحت پچپن ہزار میں یہ گاڑی خریدار کے حوالے کرے، تو شرعاً یہ شکل بیعِ مرابحہ کے دائرہ میں داخل ہوکر جائز ہوگی، یا بینک اس خریدار کو اپنا وکیل بنائے جو بینک کی طرف سے پچاس ہزار میں خرید کر بینک کے حوالے کرے، پھر بینک اس گاڑی کو پچپن ہزار میں اس شخص کے ہاتھ فروخت کردے، اور یہ خریدار پچپن ہزار روپئے قسط وار بینک کو ادا کرے تو شرعاً معاملہ کی یہ شکل بھی جائز ہوگی۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **موسوعة فتح الملهم مع التكملة كاملة** ": عن علي مرفوعاً قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :" **كل قرض جر منفعة فهو ربا** ". (۵۷٤/۱، كتاب المساقات والمزارعة، اعلاء السنن: ۱٤ / ۵٦۷، كتاب الحوالة، باب كل قرض جر منفعته فهو ربا)

ما في " **الفتاوى الهندية** ": المرابحة بيع بمثل الثمن الأول وزيادة ربح إلى أن جائز اهـ. (۱٦۰/۳)

(۲)ما في " **رد المحتار على الدر المختار** ": (المرابحة بيعما ملكه بما قام عليه وبفضل) ثم باعه مرابحة على تلك القيمة جاز ." درمختار " . أي بزيادة ربح على أن تلك القيمة التي قوم بها الموهوب.......... بخلاف ما كان اشتراه بثمن فإنه يرابح على ثمنه لا على قيمته.(۳٤۹/۷، ۳۵۰)

ما في " **بدائع الصنائع** ": أما تفسيره فقد ذكرناه في أول الكتاب وهو أنه بيع بمثل الثمن الأول مع زيادة، وأما شرائطه قيمتها ما ذكرنا ، وهو أن يكون الثمن الأول معلوماً للمشتري الثاني لأن المرابحة بيع الثمن الأول مع زيادة ربح، والعلم بالثمن الأول شرط صحة البياعات كلها . (۱۷۳/۷، ۱۷٤، قضايا الفقه والفكر المعاصر للزحيلي:ص۲۵٦، ۲۵۷، إمداد الفتاوى :۱۳۵/۳، ۱۳٦، ايضاح النوادر:۱۱۳)

انکم ٹیکس سے بچنے کے لیے فکس ڈپازٹ میں رقم جمع کروانا

مسئلہ(۲۹۸): انکم ٹیکس کی بچت کی غرض سے فکس ڈپازٹ میں رقم جمع کروانا جائز ہوگا، لیکن نیت صرف جمع کروانے کی ہو نہ کہ سود حاصل کرنے کی، ہاں مگر جو سود ملے اسے چھوڑ نا نہیں چاہیے، بلکہ لے کر فقراء میں تقسیم کردے، یا انکم ٹیکس، کسٹم ٹیکس وغیرہ میں بھی دے سکتا ہے۔(۱)

ملٹی لیول مارکیٹنگ (M.L.M) کا شرعی حکم

مسئلہ (۲۹۹): آج کل نیٹ ورک مارکیٹنگ یا ملٹی لیول مارکیٹنگ (Multi Level Mareketing) کے نام سے مشہور تجارتی شکلیں وجود پذیر ہو چکی ہیں، یہ اسلامی نقطۂ نظر سے

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ويتصدق به بنية صاحبه.

(۳۰۱/۷، كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، مطلب فيمن ورث مالاً حراماً، الفتاوى الهندية: ۳۴۹/۵، كتاب الكراهية، الباب الخامس)

ما فی "**بذل المجهود شرح السنن لأبي داود**": صرح الفقهاء بأن من اكتسب مالاً بغير حق فأما أن يكون كسبه بعقدٍ فاسد كالبيوع الفاسدة والاستئجار على المعاصي والطاعات، أو بغير عقد، كالسرقة والغصب والخيانة والغلول، ففی جميع الأحوال المال الحاصل له حرام عليه، ولكن إن أخذه من غير عقد ولم يملكه ويجب عليه أن يرده على مالكه إن وجد المالك .... وأما إذا كان عند رجل مال خبيث فأما إن ملكه بعقدٍ فاسدٍ، أو حصل له بغير عقد، ولا يمكنه أن يرده إلى مالكه، ويريد أن يدفع مظلمة عن نفسه، فليس له حيلة إلا أن يدفعه إلى الفقراء .

(۳۵۹/۱، كتاب الطهارة، رقم الباب: ۳۱، باب الوضوء، مكتبة دارالبشائر الإسلامية)

ناجائز ہے اس لیے کہ یہ قمار کے زمرے میں داخل ہے (۱)۔......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بیع میں دو بیع کرنے سے منع فرمایا ہے (۲)۔......حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع حصاۃ اور بیعِ غرر سے منع فرمایا ہے (۳)۔...... علامہ سرخسی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ''المبسوط''میں ذکر فرمایا ہے کہ: ''غرر اس معاملہ کو کہتے ہیں جس کا انجام پوشیدہ ہو'' (۴)۔

قرض کی ادائیگی قرض ہی کے مثل ہوگی

مسئلہ(۳۰۰): اگر کسی شخص نے کسی سے ہزار روپئے قرض لیے اور بوقتِ ادائیگی قرض ان ہزار روپئے کی مالیت کم ہوگئی تب بھی اس پر ہزار روپئے ہی لازم ہونگے۔مثلاً حامد نے محمود کو انڈین ایک ہزار روپئے قرض دئے اس وقت انڈین روپئے کی مالیت زیادہ تھی، مثلاً: انڈین پینتالیس (45) روپئے میں ایک امریکی ڈالر ملا کرتا تھا اور اب دس سال کے بعد محمود قرض ادا کرنا چاہتا ہے اس وقت

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما في " **القرآن الکریم** " : لقوله تعالی : ﴿**إنما الخمر والمیسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشیطٰن فاجتنبوه لعلکم تفلحون**﴾.(المائدة : ۹۰)

(۲) ما في " **السنن للترمذي** " : عن أبي هريرة قال :" **نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن بیعتین في بیعة** ".(۱/۲۳۳)

(۳) ما في " **الصحیح لمسلم** " : عن أبي هريرة قال :" **نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن بیع الحصاة وعن بیع الغرر** " .(۲/۲)

(٤) ما في " **المبسوط للسرخسي** " : الغرر : ما یکون مستور العاقبة .(۱۲/۱۹٤، کتاب البیوع ، دارالمعرفة بیروت ، کتاب التعریفات للجرجاني :ص۱٦٤)

انڈین روپئے کی مالیت اتنی کم ہوگئی کہ نوے (90) روپئے میں ایک امریکی ڈالرمل رہا ہے، تو محمود پر ایک ہزار روپئے ہی لازم ہونگے نہ کہ دو ہزار روپئے، کیونکہ اس پر مثلیت ہی واجب ہے اور وہ ایک ہزار روپئے ہیں۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **السنن الترمذي** " : عن سعيد بن جبير عن ابن عمر قال : " **كنت أبيع الإبل بالنقيع ، فأبيع بالدنانير وآخذ الدراهم وأبيع بالدراهم وآخذ الدنانير ، وآخذ هذه من هذه وأعطي هذه من هذه فأتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو في بيت حفصة فقلت : يا رسول الله رويدك أسئلک إني أبيع الإبل بالنقيع بالدنانير وآخذ الدراهم وأبيع بالدراهم وآخذ الدنانير وآخذ هذه من هذه وأعطي هذه من هذه . فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : لا بأس أن تأخذها بسعر يومها ما لم تفترقا وبينكما شيء** ". (۱/۲۲۵، السنن لابن ماجة : ص۱٦٤، السنن للنسائي: ۲/۱۹۵، إعلاء السنن: ۱٤/۲۹۰، السنن لأبي داود : ۲/٤۷٦)

ما في " **بذل المجهود في حل سنن أبي داود** " : فذهب أكثر أهل العلم إلى جوازه ، ومنع من ذلك أبو سلمة بن عبد الرحمن وابن شبرمة ، وكان ابن أبي ليلى يكره ذلك إلا بسعر يومه ولا يعتبر غيره السعر ، ولم يبالوا كان ذلك بأغلى أو أرخص من سعر اليوم. (۱۱/٤۷، مكتبة دار البشائر الإسلامية ، بيروت)

ما في " **رد المحتار والأشباه** " : إن الديون تقضى بأمثالها على معنى أن المقبوض مضمون على القابض، لأن قبضه بنفسه على وجد التملك ولرب الدين على المديون مثله.

(٥/٦٧٥، الأشباه والنظائر: ۱/۲۲٥)

ما في " **بحوث في قضايا فقهية معاصرة لشيخ الإسلام المفتي محمد تقي العثماني** " : القرض يجب في الشريعة الإسلامية أن تقضى بأمثالها .... والذي يتحقق من النظر في دلائل القرآن والسنة، ومشاهدة معاملات الناس أن المثلية المطلوبة في القرض هي المثلية في المقدار والكمية ، دون المثلية في القيمة والمالية. (ص١٧٤)

ما في " **الفتاوى الهندية** " : والقرض هو أن يقرض الدراهم والدنانير أو شيئاً مثلياً يأخذ مثله في ثاني الحال. (٥/٣٦٦)

بل آف ایکسچینج اگر کمیشن پر ہوتو جائز نہیں

مسئلہ(۳۰۱): بل آف ایکسچینج (Bill of Exchange) کی صورت یہ ہوتی ہے کہ تاجر کوئی ایک سامان بیچتا ہے، اور مشتری کے نام بل بھیج دیتا ہے، کہ آپ کے نام اتنے پیسے واجب ہوگئے، مشتری اس پر دستخط کردیتا ہے کہ ہاں میں نے یہ سامان خریدا ہے، اور یہ رقم میرے ذمہ واجب ہوگئی، میں تین مہینے بعد تمہیں رقم دوں گا، بائع اس کو اپنے پاس رکھ لیتا ہے، پھر اگر بائع یہ چاہتا ہے کہ یہ رقم جلد مل جائے تو وہ تیسرے کے پاس جا کر کہتا ہے، یہ بل تم لے لو اور رقم مجھے فی الفور دیدو، اور اس بل کے سہارے تم تین مہینے بعد یہ رقم فلاں آدمی سے لے لینا، تو اگر اس صورت میں کمیشن کی شرط نہ لگائی جائے اور پوری رقم دیدی جائے، تو جائز ہے، اور اگر کمیشن کاٹے، مثلاً سو روپئے کا بل ہے تو یہ پچانوے 95/ روپئے دیدے، اور خود بعد میں سو/ 100 وصول کرے تو شرعاً یہ جائز نہیں ہے۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی "**الکتاب**" : لقوله تعالی : ﴿**أحل الله البيع وحرم الربوا**﴾. [سورة البقرة:۲۷۵]..........

وقوله تعالی :﴿**يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا الربوا أضعافاً مضاعفة ، واتقوا الله لعلكم تفلحون**﴾.[آل عمران: ۱۳۰]..........﴿**يا أيها الذين آمنوا اتقوا الله وذروا ما بقي من الربوا إن كنتم مؤمنين**﴾.[سورة البقرة:۲۷۸]

ما في "**الصحيح المسلم**" : عن جابر قال : "**لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال: هم سواء**".

(الصحيح لمسلم :۲/۲۷، السنن لإبن ماجة :۱/۱۶۵، باب التغليظ في الربا ، السنن لأبي داود: ۲/۴۷۳، كتاب البيوع ، الصحيح البخاري :۱/۲۸۰، كتاب البيوع)

دوکاندار سے زبردستی قیمت کم کرانا

مسئلہ (۳۰۲): آج کل رواج ہے کہ زبردستی دوکاندار سے پیسے کم کروائے جاتے ہیں، اور مشتری بائع کو اتنا تنگ کردیتا ہے کہ اس کے پاس قیمت کم کرے بغیر کوئی چارہ ہی نہیں رہتا، وہ بے چارہ سوچتا ہے کہ چلو بھائی اس وبال کو دور کرو، چاہے پیسوں کا نقصان ہی کیوں نہ ہوجائے، یہ کہہ کر اگر دکاندار مال دیدے تو وہ چیز مشتری کیلئے حلال نہ ہوگی، اس لئے کہ مسلمان کا مال اس کی رضامندی کے بغیر زبردستی لینا یا کم کرانا حلال نہیں، لہذا دام کم کرانے کے لئے زیادہ اصرار کرنا مومن کی شان نہیں۔(۱)

بینک کی کروڑ پتی اسکیم

مسئلہ(۳۰۳): آج کل اخباروں میں کروڑ پتی اسکیم کا بڑا زور ہے، یعنی بینک یہ اعلان کرتی ہے، کہ جس کے نام پر یہ قرعہ نکلے گا ہم اسے ایک کروڑ روپیہ دیں گے، یعنی آدمی راتوں رات کروڑ پتی بن جائیگا، اصلاً اس صورت میں ہوتا یہ ہے کہ جتنے لوگوں نے پیسہ رکھوایا، ان سب کے اوپر سود لگایا گیا، لیکن بجائے اس کے کہ یہ سودی رقم ہر ایک کو دی جائے، ایک شخص ہی کو بذریعہ قرعہ اندازی دیدی

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في "**الكتاب**": لقوله تعالى:﴿**يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل**﴾.

(سورة النساء:۲۹)

ما في "**التمهيد**": قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:" **لا ضرر ولا ضرار في الإسلام**".

(۲۸٤/٤، كتاب البيوع، مجمع الزوائد:٤/۱۳۹، باب لا ضرر ولا ضرار)

ما في " **الحديث**": لقوله عليه السلام:" **لا يحل مال امرئٍ مسلم إلا عن طيب نفس منه**".

(سنن الدار قطني:۳/۲۲، كتاب البيوع، شعب الإيمان للبيهقي:٤/۳۸۷، باب في قبض اليد عن الأموال المحرمة، مجمع الزوائد:٤/۲۱۹، كتاب البيوع، التمهيد:٤/۲۸۱)

جاتی ہے، تو گویا مجموعی مقرضین کے ساتھ انعام کا معاہدہ ہوتا ہے کہ قرعہ اندازی کے ذریعہ تمہیں انعام دیا جائیگا، جب کہ انعام کے نام پر دی جانے والی یہ رقم انعام نہیں بلکہ سود ہے، جو بذریعہ قمار لوگوں کو دیا جاتا ہے، اور سود و قمار دونوں شرعاً ناجائز وحرام ہیں۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الكتاب**": لقوله تعالىٰ: ﴿**يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا الربوا أضعافاً مضاعفة**﴾. [آل عمران: ۱۳۰]..........﴿**يا أيها الذين آمنوا اتقوا الله وذروا ما بقي من الربوا إن كنتم مؤمنين، فإن لم تفعلوا فأذنوا بحرب من الله ورسوله**﴾.[سورة البقرة: ۲۷۸،۲۷۹]..........﴿**الذين يأكلون الربوا لا يقومون إلا كما يقوم الذي يتخبطه الشيطان من المس**﴾.[سورة البقرة:۲۷۵]..........﴿**يمحق الله الربوا ويربي الصدقات**﴾.[سورة البقرة:۲۷۶]

ما في " **الحديث**": عن جابر قال : " **لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال: هم سواء**". (الصحيح لمسلم :۲/۲۷، السنن لإبن ماجة :۱/۱۶۵، باب التغليظ في الربا، السنن لأبي داود: ۲/۴۷۳، كتاب البيوع ، صحيح البخاري :۱/۲۸۰، كتاب البيوع)

ما في "**مشكوٰة المصابيح**" : عن عبد الله بن حنظلة غسيل الملائكة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : "**درهم رباً يأكله الرجل وهو يعلم؛ أشد من ستة وثلاثين زنية**". رواه أحمد والدارقطني. وروى البيهقي في شعب الإيمان عن ابن عباس وزاد: وقال:" **من نبت لحمه من السحت فالنار أولىٰ به**"................. وعن أبي هريرة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **الربا سبعون جزءً أيسرها أن ينكح الرجل أمه**". (۲/۸۵۹، رقم الحديث :۲۸۲۵ـ۲۸۲۶، كتاب البيوع ، باب الربا)

ما في " **الكتاب**" : لقوله تعالى :﴿**يا أيها الذين آمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشيطان فاجتنبوه لعلكم تفلحون**﴾.(سورة المائدة: ۹۰)

ما في " **الحديث**": عن عبدالله بن عمرو قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **إن الله حرم على أمتي الخمر والميسر**". (المسند لأحمد :۶/۱۱۷، ۱۱۸، رقم الحديث : ۶۵۴۷، =

بینک کی جانب سے بانڈ کے نام پر زائد رقم لینا

مسئلہ(۳۰٤): بعض اوقات حکومت عوام سے قرض لیتی ہے، اوراس کی توثیق کے لیے مقرِض کوایک تحریر دی جاتی ہے، جسے بونڈ کہا جاتا ہے، جب مقرِض اپنا قرض واپس لیتا ہے تو حکومت اسے انعام کے نام سے کچھ زائد رقم دیتی ہے، یہ بھی سود ہی ہے، گرچہ اس صورت میں حکومت کی جانب سے اس کی صراحت نہیں ہوتی، کہ ہم آپ کو اس قرض پر کچھ نفع دیں گے، لیکن اس پر عمل ضرور ہوتا ہے، لہذا " **المعروف کالمشروط**" کے تحت داخل ہوکر اس کی حرمت ثابت ہوگی۔(۱)

= مکتبة دار الحدیث قاهرة ، السنن لأبي داود:۲/۵۱۹، باب ما جاء في السکر)

ما فی " **أحکام القرآن للجصاص**": وأما المیسر فقد روي عن علي أنه قال: " **الشطرنج من المیسر، وقال عثمان وجماعة من الصحابة والتابعین : النرد ، وقال قوم من أهل العلم القمار کله من المیسر**".(۲/۵۸۲)

نوٹ: " النرد " کھجور کے پتوں سے بنا ہوا تھیلا، جس کا نچلا حصہ چوڑا ہوتا ہے، ایک قسم کا کھیل جس کو اردشیر بن بابک شاہِ ایران نے ایجاد کیا تھا۔

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما في "**الکتاب**": لقوله تعالی: ﴿**یا أیها الذین آمنوا لا تأکلوا الربوا أضعافاً مضاعفة ، واتقوا الله لعلکم تفلحون**﴾.[آل عمران:۱۳۰]......... ﴿**أحل الله البیع وحرم الربوا**﴾.[سورة البقرة:۲۷۵]......... ﴿**یا أیها الذین آمنوا اتقوا الله وذروا ما بقي من الربوا إن کنتم مؤمنین، فإن لم تفعلوا فأذنوا بحرب من الله ورسوله**﴾.[سورة البقرة:۲۷۵]

ما في "**الحدیث**": وعن أبي هریرة قال : قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: " **الربا سبعون جزءً أیسرها أن ینکح الرجل أمه** ". (مشکوٰة المصابیح :۲/۸۵۹ ، رقم الحدیث : ۲۸۲۵-۲۸۲۶، کتاب البیوع ، باب الربا، السنن لإبن ماجه:۱/۱٦٤، باب التغلیظ في الربا) =

گروی رکھی گئی چیزوں سے فائدہ اٹھانا حرام ہے

مسئلہ(۳۰۵): زمین، دوکان، یا باغ اگر کوئی شخص کسی سے گروی رکھ کر قرض لے تو ایسا کرنا صحیح ہے، مگر جس کے پاس چیزیں گروی رکھی گئیں، اس کے لئے ان سے انتفاع جائز نہیں، مثلاً: مکان ہو تو اس کا اس میں رہنا یا کسی کو کرائے پر دینا، زمین ہو تو پیداوار سے فائدہ اٹھانا، باغ ہو تو پھل وغیرہ کھانا یا فروخت کرنا، یہ سب امور نا جائز اور حرام ہونگے۔(۱)

= ما في "**الحديث**": عن جابر قال : "**لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال: هم سواء**".

(الصحيح لمسلم:۲/۲۷، السنن لإبن ماجة:۱/۱٦٥، باب التغليظ في الربا، الصحيح البخاري : ۱/۲۸۰، كتاب البيوع ، سنن أبي داود:۲/٤٧٣، كتاب البيوع ، باب في آكل الربا وموكله، آپ کے مسائل اور ان کا حل:٦/۲۷٥)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في "**رد المحتار على الدر المختار**" : (وقيل: لا يحل للمرتهن لأنه رباً) ."درمختار". قال الشامي : قال في المنح : وعن عبد الله محمد بن أسلم السمرقندي وكان من كبار علماء سمرقند أنه لا يحل له أن ينتفع بشيء منه بوجه من الوجوه وإن أذن له الراهن، لأنه أذن في الربا، لأنه يستوفي دينه كاملاً فتبقى له المنفعة فضلاً فيكون رباً. (۱۰/۸۲،۸۳، كتاب الرهن)

ما فى "**بداية المجتهد**": والجمهور على أن ليس للمرتهن أن ينتفع بشيء من الرهن.(٤/٧٠)

ما فى "**رد المحتار على الدر المختار**": قال في الجواهر: رجل رهن داراً وأباح السكنى للمرتهن فوقع بسكناه خلل وخرب .... ثم نقل عن التهذيب أنه يكره للمرتهن أن ينتفع بالرهن وإن أذن له الراهن ، قال المصنف : وعليه يحمل ماء عن محمد بن أسلم من أنه لا يحل للمرتهن ذلك ولو بالإذن لأنه رباً، قلت : تحليله يفيد أنها تحريمة فتأمله.

(۱۰/۱٤۸، فتاوى حقانيه:٦/۲۲۷، آپ کے مسائل اور ان کا حل:٦/۱٦٧)

ہاؤس فائنانسنگ کا شرعی حکم

مسئلہ(۳۰۶): بڑے بڑے ملکوں اور شہروں میں سودی کمپنیاں لوگوں کو مکان بنانے کے لئے جو قرض دیتی ہیں، اس کو ہاؤس فائنانسنگ کہا جاتا ہے، چوں کہ یہ تمام معاملات میں سود کا پورا پورا دخل ہوتا ہے، اس لئے شرعی اعتبار سے ایسا معاملہ جائز نہیں، بلکہ حرام ہوگا۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی "**الکتاب**": لقوله تعالى : ﴿**يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا الربوا أضعافاً مضاعفة**﴾. [آل عمران: ۱۳۰]............﴿**يا أيها الذين آمنوا اتقوا الله وذروا ما بقي من الربوا إن كنتم مؤمنين، فإن لم تفعلوا فأذنوا بحرب من الله ورسوله**﴾.[سورة البقرة: ۲۷۸،۲۷۹]............ ﴿**الذين يأكلون الربوا لا يقومون إلا كما يقوم الذي يتخبطه الشيطان من المس**﴾.[سورة البقرة:۲۷۵]............ ﴿**يمحق الله الربوا ويربي الصدقات**﴾.[سورة البقرة:۲۷۶]

ما فی "**الحديث**": عن جابر قال : "**لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال: هم سواء**".

(الصحيح لمسلم :۲/۲۷، السنن لإبن ماجة:۱/۱۶۵، باب التغليظ في الربا ، السنن لأبي داود: ۲/۴۷۳، كتاب البيوع ، صحيح البخاري:۱/۲۸۰،كتاب البيوع)

ما فی "**الحديث**": عن علي مرفوعاً قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:" **كل قرض جر نفعاً فهو رباً**".

(تكملة فتح الملهم :۱/۵۷۴، كتاب المساقات والمزارعة ، اعلاء السنن:۱۴/۵۶۷،كتاب الحوالة، باب كل قرض جر منفعة فهو رباً)

ما في "**السنن لإبن ماجة**": عن أبي هريرة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :" **أتيت ليلة أسرى على قومٍ بطونهم كالبيوت فيها الحيات ترى من خارج بطونهم فقلت: من هؤلاء يا جبريل؟ قال: هؤلاء أكلة الربا**". (۲/۱۶۴، باب التغليظ في الربا، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۶/۱۵۹)

فارن ایکسچینج

مسئلہ(۳۰۷): فارن ایکسچینج بیرر سرٹیفکٹ کی حقیقت یہ ہوتی ہے، کہ جولوگ بیرونِ ہند ملازمت کرتے ہیں، وہ اگر زرمبادلہ ہندوستان لے آئیں، تو حکومت کا قانون یہ ہے کہ وہ بیرونی زر مبادلہ اسٹیٹ بینک میں جمع کرائیں، اور اس کے بدلے حکومت کے طے کردہ نرخ کے مطابق ہندوستانی روپیہ وصول کریں۔

اس سرٹیفیکٹ کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اسے دکھا کر کسی بھی ملک کی کرنسی تبادلے کے دن کی قیمت کے اعتبار سے وصول کی جاسکتی ہے۔

دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اس سرٹیفکٹ کو ایک مدتِ مخصوص تک اپنے پاس رکھے تو وہ کچھ فیصد نفع کے ساتھ ہندوستانی روپیہ میں اسے بھنا سکتا ہے۔

تیسرا فائدہ یہ ہے کہ مدتِ مخصوصہ گزرنے پر یا اس سے پہلے کسی بھی وقت وہ اس کو بازارِ حصص میں ہی جس قیمت پر چاہے فروخت کرسکتا ہے، چونکہ اس سرٹیفکٹ کی وجہ سے اس کے حامل کو زرمبادلہ حاصل کرنے کا حق مل جاتا ہے، اس لئے عموماً بازارِ حصص میں لوگ اسے زیادہ قیمت میں خریدتے ہیں، مثلاً: ۱۰۰؍روپئے کا سرٹیفکٹ، ۱۱۰؍روپئے میں بک سکتا ہے۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ یہ سرٹیفکٹ حکومت کے ذمہ دین کا وثیقہ ہے، اب خود حکومت مدتِ مخصوصہ کے بعد اس ۱۰۰؍روپئے کے وثیقہ کو، ۱۱۰؍روپئے میں لیتی ہے، تو گویا وہ دین پر دس فیصد زیادتی ادا کررہی ہے جو شرعاً واضح طور پر سود ہے۔

اور اگر اس سرٹیفکٹ کا حامل یہ وثیقۂ دین بازارِ حصص میں اس کی اصل قیمت سے زائد پر فروخت کرتا ہے، تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ اپنا دین زیادہ قیمت پر دوسرے کو فروخت کررہا ہے، اور یہ معاملہ بھی سودی ہونیکی وجہ سے ناجائز وحرام ہے۔(۱)

---

(۱) ما فی ''**الکتاب**'': لقوله تعالیٰ:﴿**یا أیها الذین آمنوا لا تأکلوا لربوا أضعافاً مضاعفة**﴾.

[آل عمران: ۱۳۰]..........ولقوله تعالیٰ : ﴿**أحل الله البیع وحرم الربوا**﴾. [سورة البقرة:۲۷۵]

ما فی '' **الحدیث**'': عن فضالة بن عبید صاحب النبي صلی الله علیه وسلم أنه قال: '' **کل قرض جر** =

بینک ڈپازٹس کی اقسام اوران کا حکم شرعی

مسئلہ(۳۰۸): بینک ڈیپازٹس سے مراد وہ رقم ہے جو کوئی شخص کسی مالیاتی ادارے میں بطور امانت رکھوائے، اس کی چند صورتیں ہیں: ا-......کرنٹ اکاؤنٹ(Curent Account)یعنی جاری کھاتہ، بالفاظِ دیگر غیر سودی کھاتہ، اس اکاؤنٹ میں رقم رکھوانے والے شخص کی یہ شرط ہوتی ہے کہ جب وہ چاہے گا اپنی رقم بینک سے نکلوالے گا، چنانچہ کھاتہ دار(Account Holder)کو مکمل اختیار رہوتا ہے، کہ وہ جب چاہے اور جتنی چاہے اپنی رقم بینک سے نکلوالے، اور بینک اس بات کا پابند ہوتا ہے کہ وہ اس کے مطالبہ کرنے پر فی الفور رقم واپس کردے، برخلاف اکاؤنٹ ہولڈر کے، کہ وہ اس بات کا پابند نہیں ہوتا

= **منفعة فهو وجه من وجوه الربا**". (اعلاء السنن: ۵۰۱/۱٤، كتاب الحوالة، تكملة فتح الملهم ۵۷۵/۱:، كتاب المساقات والمزارعة، وكذا في فيض القدير: ٤٤٨٧/۹، رقم الحديث: ٦٣٣٦، وكذا في الجامع الصغير للسيوطي: ص ۳۹٤ عن علي، رقم الحديث: ٦٣٣٦)

ما فی "**اعلاء السنن**": عن علي أمير المؤمنين مرفوعاً: "**كل قرض جر منفعة فهو ربا**".....وكل قرض شرط فيه الزيادة فهو حرام. (٥٦٦/١٤)

ما فی "**السنن لأبی داود**": عن جابر قال: **لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربوا وموكله وكاتبه وشاهديه.** (۲۱۷/۲، صحيح مسلم: ۲۷/۲، مشكوٰة المصابيح: ۲٤٤/۱)

ما فی "**مشكوٰة المصابيح**": عن عبد الله بن حنظلة غسيل الملائكة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "**درهم رباً يأكله الرجل وهو يعلم أشد من ستة وثلاثين زنية**". رواه أحمد والدارقطني.

وروى البيهقي في شعب الإيمان عن ابن عباس قال: "**من نبت لحمة من السحت فالنار أولىٰ به**".

(۲٤٦/۱، باب الربا)

ما في "**تكملة فتح الملهم**": وإن هذه الأحاديث تبين علة حرمة الربا، فالحكم يدار عليها، وتكون كل زيادة على القرض رباً، سواء اتضح لنا وجه الظلم فيها أو لم يتضح. (۵۷۵/۱)

کہ بینک سے رقم نکلوانے سے پہلے بینک کوپیشگی اطلاع دے، اس قسم کے اکاؤنٹ ہولڈر کو بینک کوئی نفع یا سودنہیں دیتا، بلکہ بعض ممالک میں تو یہ طریقہ رائج ہے کہ بینک الٹا اکاؤنٹ ہولڈر سے اپنی خدمات کے بدلہ میں فیس کا مطالبہ کرتا ہے، البتہ اس کاؤنٹ میں رکھی گئی رقم کو علیحدہ نہیں رکھا جاتا، بلکہ دوسری رقموں کے ساتھ ملادیا جاتا ہے، اور بینک کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ اس اکاؤنٹ میں رکھی گئی رقم کو اپنی ضروریات میں خرچ کرے، لہذا اس کرنٹ اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانا بھی جائز نہیں، کیونکہ اگر چہ اس میں سود لینے کا گناہ نہیں، مگر تعاون علی الِاثم کا گناہ ضرور ہے(۱)۔اس لیے بلاضرورت اس اکاؤنٹ میں بھی اپنا روپیہ جمع نہ کرے۔

۲-......فکسڈ ڈیپازٹس (Fixed Deposites) یہ وہ رقم ہوتی ہے جو کسی معینہ مدت تک کیلئے بینک میں رکھوائی جاتی ہے، اور رقم رکھوانے والے شخص کو اس مدتِ معینہ سے پہلے رقم نکلوانے کا اختیار نہیں ہوتا، اور عام حالات میں یہ مدت پندرہ دن سے ایک سال تک کے درمیان ہوتی ہے، بینک یہ رقم سرمایہ کاری میں استعمال کرتا ہے، اور رقم رکھوانے والے حضرات کو مارکیٹ کے حالات کے مطابق مختلف ٹرم کے اعتبار سے سود ادا کرتا ہے، لہذا اس اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانا بھی جائز نہیں۔(۲)

۳-......سیونگ اکاؤنٹ (Saving Account) یعنی بچت کا کھاتہ، اس اکاؤنٹ میں جو رقم رکھوائی جاتی ہے، اس کی کوئی مدتِ مقررہ نہیں ہوتی ،لیکن اکاؤنٹ ہولڈر قواعد وضوابط کے تحت ہی رقم نکلواسکتا ہے، چنانچہ وہ ایک ہی مرتبہ میں تمام رقم نکلوانے کا اختیار نہیں رکھتا، بلکہ بینک اس کے لئے ایک مقدار مقرر کرتا ہے ، کہ ایک دن میں بھی اتنی مقدار تک رقم نکلوانے کا اختیار ہے ،بعض

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في "**الكتاب**": لقوله تعالى: ﴿**وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان واتقوا الله، إن الله شديد العقاب**﴾. (سورة المائدة:۲)

اوقات بڑی رقم نکلوانے کے لئے بینک کوپیشگی اطلاع دینی ضروری ہوتی ہے،اس اکاؤنٹ میں رکھی جانے والی رقم ایک طرح سے فکس ڈیپازٹس کی طرح ہوتی ہے، کہ تمام رقم ایک مرتبہ میں نہیں نکالی جاسکتی ، اور بینک اس اکاؤنٹ میں رکھی جانے والی رقم پر کچھ منافع بھی دیتا ہے، البتہ فکس ڈیپازٹس کے مقابلے میں اس کا نفع کم ہوتا ہے، لہذا اس اکاؤنٹ میں بھی رقم جمع کرانا جائز نہیں ۔(۳)

۴-......لاکرز(Lockers)اس کوعربی زبان میں " خزانات المقفولة "(بندتجوری) کہا جاتا ہے،اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک شخص بینک کے اندر کسی مخصوص تجوری کوکرایہ پر لیتا ہے،اوراس تجوری میں وہ خوداپنی رقم رکھتا ہے،اس رقم سے بینک کا کوئی تعلق نہیں ہوتا، بلکہ بینک کے ملازمین کو یہ معلوم بھی نہیں ہوتا کہ اس نے تجوری کے اندر کیا رکھا ہے، عام طور پر لوگ اس تجوری میں سونا، چاندی، قیمتی پتھراوردستاویزات وغیرہ رکھتے ہیں،اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ شخص لاکرزکو بینک سے کرایہ پر حاصل کرتا ہے، اور دونوں کے درمیان کرایہ داری کا معاملہ طے ہوتا ہے، اور کرایہ داری کے معاہدے کے بعد وہ

(۳/۲) ما في " **الكتاب** " : لقوله تعالى : ﴿**يا أيها الذين آمنوا اتقوا الله وذروا ما بقي من الربوا إن كنتم مؤمنين، فإن لم تفعلوا فأذنوا بحرب من الله ورسوله**﴾. [سورة البقرة:۲۷۷]......... ﴿**الذين يأكلون الربوا لا يقومون إلا كما يقوم الذي يتخبطه الشيطان من المس ذلك بأنهم قالوا إنما البيع مثل الربوا، وأحل الله البيع وحرم الربوا**﴾.(سورة البقرة:۲۷۵)

ما فی " **السنن لإبن ماجة** ": عن عبد الله بن مسعود أن رسو ل الله صلى الله عليه وسلم " **لعن آكل الربوا وموكله وشاهديه وكاتبه**". (۱/۱۶۵، سنن أبي داود:ص۴۷۳، كتاب البيوع، باب اكل الربا)

ما فی "**مشكوٰة المصابيح**": عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "**الربوا سبعون جرءً أيسرها أن ينكح الرجل أمه**". (ص: ۲۷۶، باب الربوا)

عن أبي هريرة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **أتيت ليلة أسرى بي على قوم وأيضاً: بطونهم كالبيوت فيها الحيات ترى من خارج بطونهم، فقلت: من هؤلاء يا جبريل؟ قال: هؤلاء أكلة الربوا**". رواه أحمد وابن ماجة. (مشكوة المصابيح:ص۲۴۶، باب الربوا)

لاکرز بینک کے پاس بھی بطورِ امانت کے موجود رہتا ہے، لہذا اس پر امانت کے احکام نافذ ہوں گے۔(۱)

قسم اول:...... کرنٹ اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانا جائز نہیں، کیونکہ اس میں اگرچہ سود لینے کا گناہ نہیں ہے، مگر تعاون علی الإثم کا گناہ ضرور ہے۔

قسم دوم اور قسم سوم:...... یعنی فکس ڈیپازٹس اور سیونگ اکاؤنٹ، ان میں بھی رقم جمع کرانا جائز نہیں ہے، کیوں کہ اس میں رقوم جمع کروانے والوں کو بینک کی طرف سے سود ملتا ہے جو حرام ہے۔

چوتھی قسم:...... لاکرز، جس پر امانت کے احکام نافذ ہوں گے۔

رفاہی اداروں کی رقم سرکاری بینک میں رکھنا

مسئلہ(۳۰۹): رفاہی اداروں کی رقم بغرضِ حفاظت سرکاری بینک میں رکھنا بہرحال جائز ہے، لیکن فکس ڈپازٹ کھاتے میں رکھنا، اور جمع شدہ رقم سے زائد رقم حاصل کرکے ادارے میں خرچ کرنا قطعی حرام اور ناجائز ہے، کیوں کہ اس کھاتے میں رقم رکھنے کا مقصد ہی سود حاصل کرنا ہوتا ہے۔(۲)

---

(۱) ما فی " **الکتاب**" : لقوله تعالی : ﴿**إن الله يأمركم أن تؤدوا الأمانات إلى أهلها وإذا حكمتم بين الناس أن تحكموا بالعدل، إن الله نعما يعظكم به ، إن الله كان سميعاً بصيراً**﴾. (سورة النساء :۵۸)

ما فی " **التفسير المنير فی العقيدة والشريعة والمنهج**": وأداء الأمانات واجب ، ولا سيما عند طلبها من صاحبها، ومن لم يؤدها في الدنيا أخذ منه ذلك يوم القيامة ،كما ثبت في الحديث الصحيح أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فيمارواه أحمد والبخاري في الأدب ، ومسلم والترمذي عن أبي هريرة : " **لتؤدن الحقوق إلى أهلها ، حتى يقتص للشاة الجماء من القرناء** "........ وإذا هلكت الأمانة أو ضاعت أو سرقت ، فإن كان ذلك بتعد أو تقصير أو إهمال ضمنت ، وإلا فلا تضمن. (۳/۱۳۰)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی " **الکتاب**": لقوله تعالی : ﴿**الذين يأكلون الربوا لا يقومون إلا كما يقوم الذي يتخبطه** =

فیوچر مارکیٹنگ کا شرعی حکم

مسئلہ(۳۱۰): آج کل بازاروں میں تجارت کی ایک خاص قسم رائج ہے، جس کو فیوچر مارکیٹنگ(Futur Marcketing) کہا جاتا ہے، یعنی مستقبل کی تاریخ پر خرید وفروخت، اس کا آغاز ۱۸۴۸ء میں شیکا گو(Chicago) میں ہوا، اس کے لئے مستقل ایک منڈی شکا گو بورڈ آف ٹریڈ(Chicago Board of trade) کے نام سے قائم کی گئی۔

جاپان کا کہنا ہے کہ یہ تجارتی صورت ۱۸۴۷ء سے ایک صدی پہلے ہی جاپان میں رائج ہوچکی تھی ، بہرحال برائی اور گناہ کی بنیاد ڈالنے پر جاپان اور شکا گو دوڑ میں لگے ہوئے ہیں (اللہ حفاظت فرمائے)۔

اب رہی یہ بات کہ اس کی صورت کیا ہوتی ہے، تو ''انسائیکلو پیڈیا آف برٹانکا'' میں لکھا ہے، کہ یہ وہ عقدِ تجارت ہے جس کا مقصد کسی چیز کی معین مقدار کو مستقبل کی کسی معین تاریخ میں بیچنا یا خریدنا ہوتا ہے، بہرحال اس میں ایک چیز پر دسیوں نہیں بلکہ کئی بیوع بغیر ایک دوسرے کے قبضہ کے ہوتی ہیں، لہٰذا شرعی نقطۂ نظر سے یہ قطعاً حرام ہے، اس کے جواز کا سوال ہی پیدا نہیں ہونا چاہیے۔(۱)

= **الشیطان من المس ذلک بأنهم قالوا إنما البیع مثل الربوا وأحل الله البیع وحرم الربوا﴾.**

(سورة البقرة:۲۷۵)

ما فی '' **التفسیر الکبیر للإمام الرازی**'': أما ربا النسیئة فهو الأمر الذي كان مشهوراً متعارفاً في الجاهلية ، وذلك أنهم كانوا يدفعون المال على أن يأخذوا كل شهر قدراً معيناً ويكون رأس المال باقياً ثم إذا أحل الدين طالبوا المديون برأس المال، فإن تعذر عليه الأداء زادوا في الحق والأجل، فهذا هو الربا الذي كانوا في الجاهلية يتعاملون به. (۷۲/۳)

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما فی '' **الصحیح المسلم** '': عن حکیم بن حزام قال: ''**نهاني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أبيع ما ليس عندي**''. =

بینک ملازم کا مکان خریدنا

مسئلہ (**۳۱۱**): بینک ملازم اگر اپنا مکان فروخت کررہا ہو، اوراس کی تعمیر میں اکثر رقم

= عن عبد الله بن عمر أن رسول الله صلی الله علیه و سلم قال: " **من اشتری طعاماً فلا یبیعه حتی یستوفیه ویقبضه**". (۲/۵)

ما في " **السنن الترمذی** ": عن عمرو بن شعیب قال: حدثني أبي عن أبیه حتی ذکر عبد الله بن عمرو أن رسول الله صلی الله علیه و سلم قال: " **لا یحل سلف وبیع ، ولا شرطان في بیع، ولا ربح ما لم یضمن ، ولا بیع ما لیس عندک** ".(ص: ۲۳۳، ابواب البیوع، باب ما جاء فی کراهیة بیع ما لیس عنده)

ما في " **تحفة الأحوذی** ": وقیل : هو أن یقرضه قرضاً ، ویبیع منه شیئاً بأکثر من قیمته ، فإنه حرام، لأن قرضه رَوَّجَ متاعه بهذا الثمن، وکل قرض جر نفعاً فهو حرام .... " **ولا ربح ما لم یضمن** " یرید به: الربح الحاصل من بیع اشتراه قبل أن یقبضه، وینتقل من ضمان البائع إلی ضمانه فإن بیعه فاسد، وفي " **شرح السنة** ": قیل: معناه إلی الربح في کل شيء إنما یحل أن لو کان الخسران علیه، فإن لم یکن الخسران علیه کالبیع قبل القبض إذا تَلِفَ فإن ضمانه علی البائع، ولا یحل للمشتري أن یسترد منافعه التي انتفع بها البائع قبل القبض، لأن المبیع لم یدخل بالقبض في ضمان المشتري فلا یحل له ربح المبیع قبل القبض. (۴/۴۹۳)

ما في " **الفقه علی مذاهب الأربعة** ": الحنفیة قالوا : من البیع الفاسد بیع الأعیان المنقولة قبل قبضها سواء باعها لمن اشتراها منه أو لغیره، فإذا اشتری حیواناً أو قطناً أو ثیاباً أو نحو ذلك ثم باعها لمن اشتراها منه أو لغیره کان البیع الثاني فاسداً .... ومن ذلك بیع " الکنتراتات،، المعروف في زماننا إذا وقع في الأعیان المنقولة کأن یشتري القطن ثم یبیعه قبل قبضه لمن اشتراها منه أو لغیره، سواء کان بثمنه أو بأقل منه فإنه فاسد، أما بیع الأعیان غیر المنقولة قبل قبضها کبیع الأرض والضیاع والنخیل والدور ونحو ذلك من الأشیاء الثابتة التي لا یخشی هلاکها فإنه یصح ، وقال محمد : لا یصح ، فإذا کانت مهددة بالزوال کالأرض التي علی شاطیء البحر، ویخشی أن یطغی علیها کان حکمها کالمنقول.

(۲/۲۰۰)

حرام کی ہوتو اس مکان کوخریدنا جائز نہیں ہے۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": قوله : (الحرام ينتقل) أي تنتقل حرمته وإن تداولته الأيدي وتبدلت الأملاك ....قوله: (ولا للمشتري منه) فيكون بشرائه منه مسيئاً لأنه ملكه بكسب خبيث. (۷/۳۰۰،كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

وما فيه أيضاً: قوله : (الحرمة تتعددالخ) نقل الحموي عن سيدي عبد الوهاب الشعراني أنه قال في كتابه المنن: وما نقل عن بعض الحنفية من أن الحرام لا يتعدى ذمتين ، سألت عنه الشهاب بن الشلبي فقال : هو محمول على ما إذا لم يعلم بذلك، أما لو رأى المكاس مثلاً: يأخذ من أحد شيئاً من المسك ثم يعطيه آخر ثم يأخذ من ذلك الآخر آخر فهو حرام .(۷/۳۰۱،كتاب البيوع، باب البيع الفاسد)

بیمہ (انشورنس) کے احکام

بیمہ کی حقیقت

بیمہ انگریزی لفظ انشور (Insure) کا ترجمہ ہے، جس کے معنی یقین دہانی کے آتے ہیں، عربی زبان میں بیمہ کے لئے ''تامین'' کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے، چونکہ بیمہ کے ذریعہ انسان اپنے کو مستقبل کے بعض خطرات وحوادث اور نقصانات سے مامون ومحفوظ کرلیتا ہے، اس لئے اسے تامین کہتے ہیں۔

بیمہ کا مفہوم

بیمہ کا مفہوم یہ ہے کہ انسان کو مستقبل میں جو خطرات درپیش ہوتے ہیں، کوئی انسان یا ادارہ ضمانت لیتا ہے کہ فلاں قسم کے خطرات وحوادث کے مالی اثرات ونقصانات کی میں تلافی وتدارک کروں گا، اور اس کی شکل یہ ہوتی ہے کہ بیمہ کمپنی (Insured) بیمہ دار (Insurer) سے ایک متعین رقم (حسبِ شرائط) قسط وار وصول کرتی رہتی ہے، اور ایک متعین مدت کے بعد وہ رقم اسے یا اس کے ورثاء کو واپس کردیتی ہے، اور اصل رقم کے ساتھ مقررہ شرحِ فیصد کے حساب سے کچھ مزید رقم بطورِ سود دیتی ہے، جسے وہ بونس (منافع) کہتے ہیں، جس کا آغاز قرونِ وسطیٰ میں تقریباً ۱۴۹۸ء میں لویڈز نامی لندن کے ایک مشہور قہوہ خانہ میں ہوا، اور وہیں ایک کمپنی قائم ہوئی جو اس وقت دولت کے بازاروں میں کافی شہرت رکھتی ہے۔

بیمہ کی اقسام

بیمہ کی تین قسمیں ہیں: (۱)......تامین الحیاۃ (زندگی کا بیمہ)۔ (۲)......تامین الأشیاء (املاک کا بیمہ)۔ (۳)......تامین المسؤلیت (ذمہ داری کا بیمہ)

۱- ......تامین الحیاۃ : ......جس کو (Life insurance) یعنی زندگی کا بیمہ کہتے ہیں ، اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ بیمہ کمپنی اپنے ڈاکٹر کے ذریعہ بیمہ دار کا طبی معائنہ کراتی ہے، اور ڈاکٹر اس کی جسمانی حالت دیکھ کر اندازہ کرتا ہے، کہ یہ شخص اتنے سال مثلاً دس سال زندہ رہ سکتا ہے، تو ڈاکٹر کی مذکورہ رپورٹ کے مطابق کمپنی اس کا دس سال کا بیمۂ حیات مقرر کرتی ہے، اس کے بعد بیمہ کمپنی اور بیمہ دار کے مابین ایک رقم مقرر ہوتی ہے، جو بیمہ دار کمپنی کو قسط وار ادا کرتا ہے، مثلاً: ہر ماہ سو روپئے قسط متعین ومقرر ہے تو سالانہ بارہ سو روپئے بن گئے، اور دس سال میں بارہ ہزار روپئے جمع ہو گئے، اب اگر مدتِ مذکورہ سے پہلے بیمہ دار کا انتقال ہو گیا خواہ طبعی موت سے یا کسی حادثہ وغیرہ سے ہو، تو بیمہ کمپنی اصل رقم اس کے ورثاء کو حسبِ شرائط کچھ زائد رقم کے ساتھ واپس کرے گی، اور اگر مدتِ مذکورہ کے بعد انتقال ہو تو اصل رقم مع سود ورثاء کو واپس دے گی، البتہ پہلی صورت میں شرحِ منافع زائد ہوتے ہیں، اور دوسری صورت میں شرحِ منافع کم ہوتا ہے۔

۲-......تامین الأشیاء:......جس کو (Good insurance) اشیاء واملاک کا بیمہ کہتے ہیں، اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ اگر کوئی شخص کسی سامان مثلاً: گاڑی، موٹر سائیکل، عمارت، کار، اور بحری جہاز وغیرہ کا بیمہ کروانا چاہتا ہے، تو وہ متعین شرح سے بیمہ کمپنی کو فیس ادا کرتا ہے، جس کو پریمیم (Premium) کہتے ہیں، اور اس سامان کو حادثہ لاحق ہونے کی صورت میں کمپنی اس کی مالی تلافی وتدارک کر دیتی ہے، اور اگر اس سامان کو کوئی حادثہ لاحق نہ ہوا ہو، تو ایسی صورت میں بیمہ دار نے جو پریمیم (Premium) ادا کیا ہے، وہ واپس نہیں ملتا ہے۔

۳-......تامین المسؤلیت:...... جس کو تھرڈ پارٹی انشورنس (Thirdparty insurance) یعنی بیمۂ ذمہ داری کہتے ہیں، اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ بیمہ دار بیمہ کمپنی کو قسط وار رقم ادا کرتا ہے، اور دونوں کے مابین یہ معاہدہ ہوتا ہے کہ اگر بیمہ دار کی ذات یا گاڑی وغیرہ سے، کسی دوسرے انسان کو نقصان پہنچے، اور اس کا تاوان بیمہ دار کے ذمہ لازم ہو، تو کمپنی اس تاوان کو ادا کرے گی۔

بیمہ کی مذکورہ اقسام کا حکمِ شرعی

مسئلہ(۳۱۲): تامین الحیاۃ (Life insurance) تامین الأشیاء (Good insurance) اور تامین المسؤلیت (Third party insurance) ان تینوں اقسام کو کمرشیل انشورنش (Commercial insurance) کہتے ہیں، چونکہ ان سب میں سود(۱) اور جوا(۲) پایا جاتا ہے، جو شرعاً ناجائز اور حرام ہیں، اس لیے یہ بھی ناجائز اور حرام ہوں گے، البتہ اگر کسی مقام کے حالات ایسے خراب ہوجائیں کہ جان ومال کا تحفظ اس بیمہ کے بغیر متعذر اور مشکل ہوجائے، یا قانوناً وجبراً لازم ہو، مثلاً: کار، گاڑی، اور موٹر سائیکل وغیرہ بغیر انشورنس کے آپ خرید نہیں سکتے، یا سڑک پر

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الكتاب**": لقوله تعالى: ﴿**أحل الله البيع وحرم الربوا**﴾. [البقرة:۲۷۵]............﴿**يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا الربوا أضعافاً مضاعفة**﴾. (آل عمران:۱۳)

ما فی "**السنن لإبن ماجة**": عن عبد الله بن مسعود عن أبيه قال: "**لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربوا وموكله وشاهديه وكاتبه**". (۱/۱٦۵، سنن أبي داود:۲/۳۷٤، با ب في اكل الربوا)

ما فی "**السنن الكبرى للبيهقي**": عن علي أمير المؤمنين مرفوعاً: "**كل قرض جر منفعة فهو ربا**".

(۵/۵۷۱، تكملة فتح الملهم:۱/۵۷٤)

ما فی " **بدائع الصنائع**": وأما الذي يرجع إلى نفس القرض فهو أن لا يكون فيه جر منفعة، فإن كان لم يجز نحو ما إذا أقرضه دراهم غلة، على أن يرد عليه صحاحاً، أو أقرضه وشرط شرطاً له فيه منفعة، لما روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه نهى عن قرض جر نفعاً، ولأن الزيادة المشروطة تشبه الربا، لأنها فضل لا يقابله عوض، والتحرز عن حقيقة الربا وعن شبهة الربا واجب.

(۱۰/۵۹۷،۵۹۸، كتاب القرض)

(۲) ما فی " **الکتاب**": ولقوله تعالی: ﴿**یا أیها الذین آمنوا إنما الخمر والمیسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوه لعلکم تفلحون**﴾. (سورة المائدة:۹۰) =

نہیں لاسکتے، تو بربناء ضرورت واضطرار شرعاً بقدرِ ضرورت جواز کی گنجائش ہے(۱)، البتہ اگر اپنی جمع کردہ رقم سے زائد رقم وصول ہو، تو اس کو بلانیتِ ثواب غرباء وفقراء پر صرف کردے(۲)۔

= ما فی " **أحکام القرآن للجصاص**": ولا خلاف بین أهل العلم في تحریم القمار، وأن المخاطرة من القمار، قال ابن عباس: إن المخاطرة قمار، وإن أهل الجاهلیة کانوا یخاطرون علی المال والزوجة، وقد کان ذلك مباحاً إلی أن ورد تحریمه. (۳۹۸/۱)

(۱) ما فی " **أحکام القرآن للجصاص**": ﴿**فمن اضطر في مخمصة غیر متجانف**﴾ فإن الاضطرار هو الضر الذي یصیب الإنسان من جوع أو غیره ولا یمکنه الامتناع منه، والمعنی ههنا من إصابة ضر الجوع، وهذا یدل علی إباحة ذلك عند الخوف علی نفسه أو بعض أعضائه، وقد بین ذلك في قوله تعالی: "**مخمصة**" قال ابن عباس والسدي وقتادة: "**المخمصة المجاعة**" فأباح الله عز وجل عند الضرورة أکل جمیع ما نص علی تحریمه في الآیة ولم یمنع ما عرض.

(۳۹۲/۲، التفسیر الکبیر للرازي:۲۸۹/۴، ۲۹۰)

ما فی "**الأشباه والنظائر**": الضرورات تبیح المحظورات، ومن ثم جاز أکل المیتة عند المخمصة وإساغة اللقمة بالخمر. (۳۷/۱)

ما فی "**درر الحکام شرح مجلة الأحکام**": "الضرر یزال" ."الحاجة تنزل منزلة الضرورة" ."ما أبیح للضرورة یتقدر بقدرها". (۳۷/۱، ۳۸، ۴۲)

(۲) ما فی "**رد المحتار علی الدر المختار**": ویردونها علی أربابها إن عرفوهم، وإلا تصدقوا بها، لأن سبیل الکسب الخبیث التصدق إذا تعذر الرد علی صاحبه.اهـ. (۵۵۳/۹، الحظر والإباحة)

ما فی " **الفتاوی الهندیة**": وإذا مات الرجل وکسبه خبیث فالأولی لورثته أن یردوا المال إلی أربابه، وإن لم یعرفوا أربابه تصدقوا به. (۳۴۸/۵، الباب الخامس في الکسب، ایضاح النوادر:۱۵۲/۱۵۳)

انشورنس کی حقیقت ان بنیادوں پر قائم ہے

مسئلہ(۳۱۲): ۱-......جورقم بالاقساط ادا کی جاتی ہے وہ انشورنس کمپنی کے ذمہ قرض ہے اوراس پر جوزائدرقم ملتی ہے جس کومنافع سے تعبیر کیا جاتا ہے وہ سود ہے(۱)۔

۲-......انشورنس کا کاروبار مشروط بالشرط ہوتا ہےاورقرضِ مشروط حرام ہے(۲)۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في "**الفتاوى الولوالجية**" : رجل طلب من آخر قرضاً بعشرة دراهم والمقرض لا يرضى إلا بأكثر لا يجوز ، لأن فيه الربا.

(۱۸٤/۳، كتاب البيوع ، الفصل الثاني في الشرط التي تفسد البيع ، مكتبه دارالايمان سهارنفور)

ما في "**أحكام القرآن للجصاص**" :ولا خلاف بين أهل العلم في تحريم القمار وأن المخاطرة من القمار ، قال ابن عباس : إن المخاطرة قمار، وإن من أهل الجاهلية كانوا يخاطرون على المال والزوجة ، وقد كان ذلك مباحاً إلى أن ورد تحريمه . (۳۹۸/۱)

ما في "**أحكام القرآن للجصاص**" : والثاني : أنه معلوم أن ربا الجاهلية إنما كان قرضاً مؤجلاً بزيادة مشروطة ، فكانت الزيادة بدلاً من الأجل ، فأبطله الله تعالى وحرمه وقال : ﴿**وإن تبتم فلكم رؤوس أموالكم**﴾. وقال تعالى : ﴿**وذروا ما بقي من الربا**﴾. حظر أن يؤخذ للأجل عوض ، فإذا كانت عليه ألف درهم مؤجلة فوضع عنه على أن يعجله ، فإنما جعل الحط بحذاء الأجل ، فكان هذا هو معنى الربا الذي نص الله تعالى على تحريمه. (٥٦٦/۱)

(۲) ما في "**خلاصة الفتاوى**" : قال الإمام طاهر بن عبد الرشيد البخاري رحمه الله : وفي كفالة الأصل

في الباب الأخير ، القرض بالشرط حرام ، والشرط ليس بلازم يقرض على أن يكسب في بلده كذا يوفي دينه .(۳/۵۳،۵٤، كتاب البيوع ، الفصل الخامس)

۳-......انشورنس مؤجل (ادھار) ہوتا ہے اور قرض میں تأجیل صحیح نہیں (۱)۔

۴-......کمپنی والے اس رقم سے لوگوں کے ساتھ سودی معاملہ کرتے ہیں، تو انشورنس کرنے میں گناہ پر تعاون لازم آرہا ہے (۲)۔

۵-......انشورنس میں قمار کی صورت پائی جاتی ہے، کیوں کہ اس میں خطر اور غرر پایا جاتا ہے، بیمہ پالیسی خریدنے میں نفع کا معاملہ غیر متعین اور غیر معلوم چیز پر معلق رہتا ہے، حوادث کا حال کسی کو معلوم نہیں کہ واقع ہونگے یا نہیں، اور ہوں گے تو کب اور کس شکل کے، ایسی مبہم اور نامعلوم چیز پر کسی نفع کو معلق کرنا شریعت میں قمار کہلاتا ہے، اور قمار کی حرمت نصِ قطعی سے ثابت ہے (۳)، فقہاء نے غرر کی تعریف یہ کی ہے کہ اس کا انجام معلوم نہ ہو (۴)۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غرر کے معاملہ سے بھی منع فرمایا ہے۔ (۵)

---

(۱) ما في " **الهداية** " : قال الإمام المرغيناني : فإن تأجيله لا يصح .... واعتبار الانتهاء لا يصح لأنه يصير بيع الدراهم بالدراهم نسيئة وهو ربوا .(۳/۷٦ ، كتاب البيوع)

(۲) ما في " **القرآن الكريم** " : قال الله تعالى: ﴿**وتعانوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان**﴾.(المائدة : ۲)

(۳) ما في " **القرآن الكريم** " : قال الله تعالى:﴿ **إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشيطٰن فاجتنبوه**﴾.(المائدة : ۹۰)(اس آیت میں قمار کو شیطانی عمل اور بت پرستی کے برابر جرم قرار دیا گیا ہے)۔

(٤) ما في " **المبسوط للسرخسي** " : الغرر : ما يكون مستور العاقبة .

(۱۲/۱۹٤، كتاب البيوع ، دارالمعرفة بيروت ، كتاب التعريفات للجرجاني :ص١٦٤)

(٥) ما في " **الصحيح لمسلم** " :عن أبي هريرة قال : " **نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الحصاة وعن بيع الغرر** ".(٢/٢)

ملازم کا جیون بیمہ (Life insurance) کروانا

مسئلہ(۳۱٤): ملازم پر اگر جیون بیمہ کے لیے رقم جمع کروانے کا کوئی قانون نہیں اور وہ بذاتِ خود کرواتا ہے تو یہ حرام ہوگا۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما في " **القرآن الكريم** " : لقوله تعالى :﴿ **يا أيها الذين آمنوا اتقوا الله وذروا ما بقي من الربوا إن كنتم مؤمنين**﴾. [البقرة : ٢٧٨].......... وقوله تعالى : ﴿ **يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا الربوا أضعافاً مضاعفةً**﴾.(آل عمران : ١٣٠)

ما في " **السنن الكبرى للبيهقي** " : عن علي أمير المؤمنين مرفوعاً : " **كل قرض جر منفعة فهو رباً** ". (٥٧١/٥)

ما في " **إعلاء السنن** " : قول عطاء : (كانوا يكرهون) يريد الصحابة رضي الله عنهم . (٥٦٦/١٤، ٥٦٧)

ما في " **فقه النوازل** " :وبعد الدراسة الوافية وتداول الرأي في ذلك قرر المجلس بالأكثرية تحريم التأمين بجميع أنواعه سواء كان على النفس أو البضائع التجارية أو غير ذلك من الأموال.

(٢٧٥/٣، مكتبه دار ابن جوزيه)

ما في " **بدائع الصنائع** " : وأما الذي يرجع إلى نفس القرض، فهو أن لا يكون فيه جر منفعة ، فإن كان لم يجز ، نحو ما إذا أقرضه دراهم غلة ؛ على أن يرد عليه صحاحاً ، أو أقرضه وشرط شرطاً له فيه منفعةً ؛ لما روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه نهى عن قرض جر نفعاً ؛ ولأن الزيادة المشروطة تشبه الربا؛ لأنها فضل لا يقابله عوض ، والتحرز عن حقيقة الربا وعن شبهة الربا واجب .(بدائع الصنائع : ٥٩٧/١٠، ٥٩٨، كتاب القرض ، فصل في الشرائط، كتاب الفتاوى:٣٥٨/٥، ايضاح النوادر:١٥٤)

سندی کاغذات اور نوٹوں کا بیمہ

مسئلہ(۳۱۵): محکمہ ڈاک وغیرہ میں جو سندی کاغذات اور رجسٹری رقم وغیرہ کا بیمہ کرایا جاتا ہے، وہ شرعاً جائز اور مباح ہے، اس لیے کہ محکمہ ان کاغذات اور نوٹوں کی حفاظت کا خود ذمہ دار ہوتا ہے، اور وہ اپنی ضمانت میں وہ اشیاء قبضہ میں لیتا ہے اور اس طرح کا معاملہ شرعاً جائز اور مباح ہے۔(۱)

ٹیکس سے بچنے کے لیے انشورنس کرانا

مسئلہ(۳۱۶): اگر جیون بیمہ کرانے سے واقعۃً ٹیکس کی بچت ہوتی ہے تو اس کے جواز کی گنجائش ہے، مگر وہ رقم استعمال کرنا کسی بھی حال میں جائز نہ ہوگا، اس کی صورت یہ ہے کہ بلانیتِ ثواب فقراء میں تقسیم کردیا جائے۔(۲)

املاک کا انشورنس جائز نہیں

مسئلہ(۳۱۷): املاک کا انشورنس جائز نہیں لیکن آج کل گاڑی، دکان، کمپنی، فرم، ایکسپورٹ،

---

(۱) ما في " **رد المحتار** " : إن المودع إذا أخذ أجرة على الوديعة يضمنها إذا هلكت ، قلت: ليست مسألتنا من هذا القبيل، لأن المال ليس في يد صاحب السوكرة بل في يد صاحب المركب ، وإن كان صاحب السوكرة هو صاحب المركب يكون أجيراً مشتركاً قد أخذ أجرة على الحفظ ، وعلى الحمل ، وكل من المودع والأجير المشترك لا يضمن ما لا يمكن الاحتراز عنه كالموت والغرق ونحو ذلك .

(رد المحتار : ۲۸۱/۶، ایضاح النوادر:۱۵۳)

(۲) ما في " **رد المحتار** " :(ويردونها على أربابه إن عرفوهم ، وإلا تصدقوا ، لأن سبيل الكسب الخبيث التصدق إذا تعذر الرد على صاحبه . (۵۵۳/۹، الفتاوى الهندية : ۳۴۹/۵)

ما في " **الأشباه والنظائر** " : بقاعدة فقهية : " الضرورات تبيح المحظورات".

(۱/ ۳۰۷، قواعدالفقه : ص ۸۹، ایضاح النوادر:۱٤٦)

امپورٹ وغیرہ کاخریدنا بغیر انشورنس کے مشکل ہے،اورفسادات کی وجہ سے اموال کی ہلاکت بھی اکثر ہوتی رہتی ہے،لہذا " **الضرورات تبيح المحظورات** " کے تحت عارضی طور پراس کی گنجائش نکل سکتی ہے نہ کہ دائمی طور پر، لیکن اگراس کے بغیر کام ہوسکتا ہوتواس کی اجازت نہیں ہے، پھراگر رقم پریمیم (قسطوں) سے زائد ملے تو اس کے بقدر اپنے پاس رکھے، اوراگر زائد واپس کرنا ممکن ہوتو واپس کردے، ورنہ صدقہ کرنا لازم ہوگا۔(۱)

پراویڈنٹ فنڈ کا انشورنس

مسئلہ(۳۱۸): سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں سے لازمی اور جبری طور پر پراویڈنٹ فنڈ کی طرح جیون بیمہ کے نام سے رقم کاٹی جاتی ہے، پھراس کی موت کی صورت میں اس کے ورثاء کو پینشن زائد رقم کے ساتھ واپس دی جاتی ہے، یااس کی حیات میں ہی ریٹائر ہونے کی صورت میں اس کو یہ رقم مل جاتی ہے، بہرحال یہ رقم انعام کے دائرے میں داخل ہوکر حلال اور جائز ہوگی۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار** " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم ، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ويتصدق به بنية صاحبه . (رد المحتار : ۳۰۱/۷)

ما في " **الأشباه والنظائر لإبن نجيم** " : بضابطة فقهية : " الضرر يزال" . (۱/ ۳۰۵، قواعد الفقه :ص۸۸)

ما في " **الأشباه والنظائر لإبن نجيم** " :" الضرورات تبيح المحظورات" .

(۱/ ۳۰۷، قواعد الفقه:ص ۸۹، كتاب الفتاوى:۳۵۹/۵، فتاوى رحيميه:۲٦۰/۹، ایضاح النوادر:۱٤۸)

ما في " **قواعد الفقه** " : " إذا تعارض مفسدتان روعي أعظمهما ضرراً بإرتكاب أخفهما". (ص ٥٦)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **الفتاوى الهندية وخلاصة الفتاوى** " : ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة : إما بشرط

التعجيل أو بالتعجيل لو باستيفاء المعقود عليه فإذا وجد أحد هذه الأشياء الثلاثة فإنه يملكها.

(٤/٤١٣، كذا في خلاصة الفتاوى: ١٠٣/٣، كتاب الفتاوى:٥/٣٥٨، فتاوى رحيميه:٢٦٠/٩)

ای، ایس، آئی (E.S.I) کارپوریشن کا ملازم کا بیمہ کرانا

مسئلہ(۳۱۹): ای، ایس، آئی، کارپوریشن یعنی امپلائز اسٹیٹ کارپوریشن (Employs state insurance corporation) ایک ادارہ ہے، پورے ہندوستان میں جس کمپنی یا فیکٹری میں بیس سے زائد ملازم کام کرتے ہوں، ان میں سے جن ملازمین کی تنخواہ تین ہزار سے کم ہو، ای، ایس، آئی (E.S.I) کارپوریشن ان کا جبری بیمہ کرالیتا ہے، اور جن کی تنخواہ تین ہزار سے زائد ہوتی ہے ان کا جبری بیمہ نہیں کرواتا ہے، اوراس جمع کردہ بیمہ کی رقم سے ملازم کو کچھ بھی واپس نہیں کرتا لیکن اگر ملازم بیمار ہوجائے یا کوئی ناگہانی حادثہ پیش آجائے، تواس کا پوراخرچ کارپوریشن برداشت کرتا ہے، اوراگر ملازم کی موت ہوجائے، تو اس کی فیملی کے افراد کیلئے مدتِ ملازمت کے تناسب سے بصورتِ رعایت پینشن دی جاتی ہے، حتی کہ ملازم کی اولاد ازخود کمانے لگ جائیں، اوراولاد نہ ہونے کی صورت میں اس ملازم کی بیوی کو تاحیات یا نکاحِ ثانی پینشن دی جاتی ہے۔

مذکورہ صورتِ مسئلہ میں جو رقم ای، ایس، آئی (E.S.I) کارپوریشن ملازم کی تنخواہ سے بیمہ کے نام پر لیتی ہے، وہ واپس نہیں ملتی، ہاں البتہ حادثہ کے موقعہ پر مل سکتی ہے، اور حادثہ کا پیش آنا ایسا امر ہے جس میں تردد ہے، چونکہ یہ بیمہ سرکار کی طرف سے جبراً کرایا جاتا ہے، اس لئے مالک وملازم دونوں میں سے شرعاً کوئی بھی گناہ گار نہ ہوگا، نیز ملازم کی موت کے بعد اگر اس کے ورثاء کو بیمہ میں جمع شدہ رقم سے زائد رقم بھی ملے تو بلاشبہ حلال وجائز ہے، اس لئے کہ زائد ملنے کی صورت میں یہ پراویڈیٹ فنڈ کے مشابہ ہوگا، اور ملازم اس رقم کا ابھی مالک بھی نہیں ہوا تھا، لہذا یہ اضافہ شدہ رقم انعام وتعاون کے حکم میں ہوکر جائز ہوگی۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی "**الکتاب**": لقوله تعالی:﴿**فمن اضطر في مخمصة غير متجانف لإثم**﴾.(سورة المائدة:۳)

ما فی "**التفسير الكبير للرازی**": يعني وهذا من تمام ما تقدم ذكره في المطاعم التي حرمها الله تعالى يعني =

انشورنس میں زائد ملنے والی رقم کا تصدق لازم ہے

مسئلہ (۳۲۰): اگر کسی شخص نے گاڑی کا بیمہ جمع کروایا ہے، اور گاڑی ایکسیڈنٹ وغیرہ کی صورت میں کسی حادثہ کا شکار ہو جائے، اور بیمہ کمپنی اسے جمع کردہ رقم ادا کرے، تو وہ شخص اتنی ہی رقم استعمال کرے جو اس نے انشورنس کمپنی (Insurance Company) میں جمع کروائی ہے، اور زائد ملنے والی رقم غرباء پر تقسیم کردے۔(۱)

= أنها وإن كانت محرمة إلا أنها تحل في حالة الاضطرار .... وقوله: ﴿إن الله غفور رحيم﴾ يعني يغفر لهم أكل المحرم عند ما اضطر إلى أكله.(۲۸۹/٤، ۲۹۰، أحكام القرآن للجصاص:۳۹۲/۲)

ما فی "**الأشباه والنظائر لإبن نجيم**": "الضرورات تبيح المحظورات". ومن ثم جاز أكل الميتة عند المخمصة وإساغة اللقمة بالخمر. (۳۰۷/۱)

ما فی "**الفقه الإسلامی وأدلته**": لا شك في جواز التأمين التعاوني في الإسلام، لأنه يدخل في عقود التبرعات ومن قبيل التعاون على البر، لأن كل مشترك يدفع اشتراكه بطيب نفس لتخفيف آثار المخاطر وترميم التي تصيب أحد الشريكين أياً كان نوع الضرر، سواء في التأمين على الحياة أو الحوادث الجسمانية. (۳٤۱٦/٥، المبحث الرابع بيع الباطل والفاسد، حكم التأمين والتعاوني)

ما فی "**الفتاوى الهندية**": ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة، أما بشرط التعجيل أو بالتعجيل أو باستيفاء المعقود عليه فإذا وجد أحد هذه الأشياء الثلاثة فإنه يملكها كذا في شرح الطحاوي، وكما يجب الأجرة باستيفاء المنافع يجب بالتمكن من استيفاء المنافع إذا كانت الإجارة صحيحة.

(٤۱۳/٤، الباب الثاني في بيان أنه متى تجب الأجرة وما يتعلق به الخ، خلاصة الفتاوى:۱۰۳/۳، كتاب الإجارة، الهداية:۲۹٤/۳، باب الأجرة متى يستحق)

(۱) ما فی "**رد المحتار على الدر المختار**": والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ويتصدق به بنية صاحبه. (۳۰۱/۷، مطلب فيمن ورث مالاً حراماً)

ما فی " **الفتاوی الهندية**": والسبيل في المعاصي ردها وذلك ههنا برد الماخوذ إن تمكن من رده بأن عرف صاحبه وبالتصدق به إن لم يعرفه. (٣٤٩/٥، كتاب الكراهية، الباب الخامس عشر في الكسب)

كتاب الإجاره

(کرایہ داری کا بیان)

اجارہ کی لغوی تعریف:...... عمل کے بدلہ میں کسی کو کچھ عوض ادا کرنے کو اجارہ کہتے ہیں۔

اصطلاحی تعریف:...... متعین اجرت کے بدلہ میں متعین منفعت کی بیع (خرید وفروخت) کو اجارہ کہتے ہیں۔

اجارہ کا ثبوت قرآن، حدیث اور اجماع سے

اجارہ کا ثبوت قرآن سے:......

۱) فرمانِ باری تعالیٰ ہے: ﴿**قالت إحداهما يآبت استأجره إن خير من استأجرت القوي الأمين ، قال إني أريد أن أنكحك إحدى ابنتي هاتين على أن تأجرني ثماني حجج**﴾ ......ان دونوں میں سے ایک لڑکی نے کہا کہ ابا جان! آپ ان کو نوکر رکھ لیجئے کیوں کہ اچھا نوکر وہ شخص ہے جو مضبوط ہو اور امانت دار بھی ہو، وہ (بزرگ موسی علیہ السلام سے) کہنے لگے کہ میں چاہتا ہوں کہ ان دولڑکیوں میں سے ایک کو تمہارے ساتھ بیاہ دوں، اس شرط پر کہ تم آٹھ سال میری نوکری کرو۔

(سورۃ القصص:۲۶، ۲۷)

۲) ارشادِ خداوندی ہے: ﴿**فإن أرضعن لكم فآتوهن أجورهن**﴾. ......پھر اگر وہ تمہاری خاطر دودھ پلائیں تو ان کو ان کا بدلہ دیدو۔ (سورۃ الطلاق:٦)

۳) ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿**لو شئت لاتخذت عليه أجراً**﴾. ......اگر تو چاہتا تو اس کام پر مزدوری لے لیتا۔ (سورۃ الکہف:۷۷)

۴) ﴿**وإن أردتم أن تسترضعوا أولادكم فلا جناع عليكم إذا سلمتم ما آتيتم بالمعروف**﴾. ......اور اگر تم کسی مصلحت کی وجہ سے اپنے بچوں کو کسی اور انّا کا دودھ پلوانا چاہو تب بھی تم پر کوئی گناہ نہیں، جب کہ ان کے حوالہ کردو جو کچھ ان کو دینا طے کیا ہے قاعدہ کے موافق۔ (سورۃ البقرۃ:۲۳۳)

مذکورہ آیات سے اجارہ کا جواز مفہوم ہوتا ہے۔

اجارہ کا ثبوت حدیث سے:......

۱) **عن أبي هريرة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " أعط الأجير أجره قبل أن يجف عرقه ".** ......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مزدور کو اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی اجرت ادا کردو۔(سنن کبری بیہقي:۶/۱۲۱، کتاب الإجارہ)

۲) **عن أبي سعيد الخدري أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن استئجار الأجير حتى يبين له أجره .** ......حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدور کو کرایہ پر لینے سے منع فرمایا یہاں تک کہ مزدور کو اس کی اجرت بتادی جائے۔(الفتح الربانی:۱۵/۱۲۲)

ان دونوں احادیث سے اجارہ کا جواز بالکل واضح ہے، اس لیے کہ ان احادیث میں اجیر کو اجرت کی ادائیگی کی تاکید فرمائی گئی ہے۔

اجارہ کا ثبوت اجماع سے:......

صاحبِ بدائع الصنائع علامہ کاسانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابوبکر اصم سے پہلے پوری امت کا اس بات پر اجماع تھا کہ عقدِ اجارہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانہ سے لیکر آج تک بغیر کسی نکیر کے چلا آرہا ہے، لہذا اس اجماع سے اختلاف کرنے والے کا کوئی اعتبار نہیں، اسی سے یہ بات واضح ہوگئی کہ قیاس اس جگہ متروک ہے، کیوں کہ اللہ تعالی نے بندوں کے حوائج کی وجہ سے عقود کو مشروع کر رکھا ہے اور اجارہ کی حاجت وضرورت پیش آتی رہتی ہے۔

پتہ چلا کہ عقدِ اجارہ بھی دوسرے معاملات کی طرح جائز اور درست ہے۔

(بدائع الصنائع ، شرح المنتهى الإرادات للبهوتى الحنبلى:۳/۳۵۰ ، بداية المجتهد ونهاية المقتصد لإبن رشد المالكى :۱/۱۸۱، الحاوى الكبير للماوردي:۷/۳۸۸، الكتاب الأم للشافعي :۴/۵۸، كشاف القناع:۳/۵۳۷، المغنى والشرح الكبير لإبن قدامه المقدسى:۶/۲۔۳)

اجارہ کی فضیلت، اہمیت اور فوائد:......

عقدِ اجارہ زمانۂ قدیم سے ہوتا چلا آرہا ہے، جیسا کہ حضرت موسی علیہ السلام کے واقعہ سے ظاہر

ہے، ہر زمانہ میں اجارہ کو اچھی خاصی اہمیت حاصل رہی ہے، کیوں کہ یہ انسانی زندگی کی ضرورت کے ساتھ ساتھ معاشرہ اور ملک کی ضرورت ہے۔

جہاں معیشت کے دیگر شعبے مثلاً بیع، ملازمت، صنعت وحرفت وغیرہ زمانہ کی اہم ضروریات اور معیشت کی بنیادیں ہیں وہیں عقدِ اجارہ بھی معیشت کا ایک اہم شعبہ ہے۔

معاشرہ کی بے شمار ضروریات اجارہ سے متعلق ہیں۔

اجارہ ملازمت، مزدوری، کرایہ داری، خدمات، کارخانے، دوکان، مکان اور اس کے علاوہ معاشرہ کی بے شمار ضروریات پر مشتمل ومحیط ہے۔

حکمتِ مشروعیتِ اجارہ:......

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی حاجات وضروریات کے پیش نظر عقدِ اجارہ کو مشروع فرمایا ہے، کیوں کہ بسا اوقات انسان کے پاس نہ اپنا ذاتی گھر ہوتا ہے کہ جس میں وہ سکونت پذیر ہو، نہ زمین ہوتی ہے کہ جس میں وہ کھیتی کرے اور نہ ہی دیگر اشیاء ہوتی ہیں کہ ان سے انتفاع حاصل کرے، تو اب اسے ضرورت ہے کسی دوسرے سے گھر، زمین یا کھیتی کرایہ پر لینے کی، تا کہ سکونت، زراعت یا خدمت حاصل کرے۔

اگر باوجود حاجتِ وضرورت کے عقدِ اجارہ کو مشروع نہ کیا جاتا تو پھر بندہ اپنی ضرورت کے دفع کے لیے کوئی راہ نہیں پا سکتا تھا اور یہ وضعِ شرع کے خلاف ہے، جب کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:...... ﴿**یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر**﴾. اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "**بعثت بالحنیفیة السمحة**". (رواہ الخطیب البغدادی عن جابر)

اجارہ کا حکمِ شرعی:......

اللہ تعالیٰ نے تجارت کو مباح قرار دیا ہے اور کمائی کا حلال اور پاکیزہ ذریعہ قرار دیا، اگر یہ آپس کی رضامندی اور خوشدلی سے ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی تجارت میں برکت نازل فرماتے ہیں، جس بیع میں آپس کی رضامندی اور خوشدلی شامل نہ ہو وہ حرام ہے، اس لیے کہ ارشادِ خداوندی ہے: "اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طور پر مت کھاؤ، لیکن کوئی تجارت ہو باہمی رضامندی سے تو مضائقہ نہیں۔

(سورۃ النساء: ۲۹)

مسائلِ اجارہ

اجارہ کی شرائط

مسئلہ(۳۲۱): انعقادِ اجارہ کیلئے عاقدین یعنی اجیر اور مستاجر کا عاقل اور سمجھدار ہونا ضروری ہے، اسی وجہ سے اجارہ، مجنون اور صبیٔ غیر ممیّز کی طرف سے منعقد نہیں ہوتا، اور اگر بچہ عاقل اور سمجھدار ہے، اور اس کو اولیاء کی طرف سے لین دین کی اجازت ہے، تو اس صورت میں اگر صبیٔ ممیّز اپنے مال کو اجارہ کے طور پر دے، تو اس کا یہ عقدِ اجارہ منعقد ہوگا، اور اگر اولیاء کی طرف سے اجازت نہ ہو اور صبیٔ ممیّز نے کسی سے عقدِ اجارہ کرلیا، تو یہ عقدِ اجارہ اولیاء کی اجازت پر موقوف ہوگا، اگر اولیاء اس عقد کی اجازت دیدیں تو نافذ ہوگا ورنہ نہیں۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في "**بدائع الصنائع**": قال العلامة الكاساني: أما الذي يرجع إلى العاقد فالعقل، وهو أن يكون العاقد عاقلاً حتى لا تنعقد الإجارة من المجنون والصبي الذي لا يعقل؛ كما لا ينعقد البيع منهما .... حتى إن الصبي العاقل لو أجر ماله أو نفسه، فإن كان مأذوناً ينفذ، وإن كان محجوراً يقف على إجازة الولي عندنا؛ خلافاً للشافعي، وهي من مسائل المأذون. (۵/۵۲۴، كتاب الإجارة، فصل في شرائط الركن، كذا في الفتاوى الهندية: ۴/۴۱۰، كتاب الإجارة، وأما شرائطها)

ما في "**درر الحكام شرح مجلة الأحكام**": يشترط في انعقاد الإجارة أهلية العاقدين يعني كونهما عاقلين مميزين. (۱/۴۹۶، المادة:۴۴۴)

وأيضاً: تبطل الإجارة إن لم يوجد أحد شروطها مثلاً: إيجار المجنون والصبي غير المميز، كاستأجارهما باطلٌ، ولا ينقلب صحيحاً بإجازة أوليائهما، ولا يكون نافذاً.

(۱/۵۱۱، الفصل الرابع في فساد الإجارة وبطلانها، المادة:۴۵۸، كذا في الفقه الإسلامي وأدلته: ۴/۳۰۷۷، المبحث الثالث شروط العقد، اسلامی قانون اجارہ:۳۷)

وہ شرطیں جن سے اجارہ فاسد ہوجاتا ہے

مسئلہ(۳۲۲): اجارۂ فاسدہ یعنی اجارہ میں مقتضائے عقد کے خلاف شرط لگانا(۱)، مثلاً کرایہ پر لی ہوئی چیز میں جہالت یعنی وقت کا متعین نہ ہونا(۲)، یا اجرت کا مجہول ہونا(۳) یعنی اجرت کی تعیین نہ کرنا، یا کرایہ پر لی ہوئی چیز کا مشترک ہونا، اوران شریکوں میں سے کسی ایک کی اجازت کے بغیر کرایہ پر دیدینا، ان صورتوں میں اگراجارہ کرلیا تو اجرتِ مثل لازم ہوگی (۴)، جبکہ اجرت متعین نہ ہو۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": الفاسد من العقود ما كان مشروعاً بأصله دون وصفه............ تفسد الإجارة بالشروط المخالفة لمقتضى العقد فكل ما أفسد البيع مما مر يفسدها كجهالة مأجور أو أجرة أو مدة أو عمل........... وتفسد أيضاً بالشيوع بأن يؤجر نصيباً من داره أو نصيبه من دار مشتركة من غير شريكه أو من أحد شريكيه.

(۹/۶۲ ـ ۶۵، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة)

ما في " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : تكون الإجارة فاسدة إذا ربطت بشرط فاسد لأن العقد والمنافع يصبحان مالاً متقوماً. (۱/۵۱۳)

(۲) ما في " **درر الحكام** " : تكون الإجارة فاسدة إذا وقعت مع جهل المنفعة ، وجهل المنفعة يكون بجهل العمل أو جهل المدة وما إليها. (۱/۵۱۳)

(۳) ما في " **درر الحكام** " : تكون الإجارة فاسدة بجهالة الأجرة. (۱/۵۱۳)

(٤) ما في " **درر الحكام** " : " الإجارة الفاسدة نافذة لكن الآجر يملك فيها أجر المثل ولا يملك الأجر المسمى ". (۱/۵۱۵، الفصل الرابع في فساد الإجارة وبطلانها)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : وحكم الأول وهو الفاسد وجوب أجر المثل بالاستعمال لو المسمى معلوماً............ لم يزد أجر المثل على المسمى لرضاهما به وينقص عنه لفساد التسمية.

(۹/۶۲ـ۶۷، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة، اسلام کا قانون اجارہ:۱۱۹)

کرایہ کی وصولی کے شرائط

مسئلہ(۳۲۳): کرایہ کی وصولی کے لئے ضروری ہے کہ جس شیٔ کو کرایہ پر لیا جارہا ہے وہ کرایہ دار کے قبضہ میں ہو، اور جس وقت شیٔ ماجور کرایہ دار کے قبضہ میں آئے گی، اس وقت سے کرایہ دار کے ذمہ اس کا کرایہ ادا کرنا لازم ہوگا، اس لئے اگر مالک عقد کے بعد کرایہ کا مطالبہ کرے، اور اب تک مالک نے کرایہ دار کو اس شیٔ ماجور پر قبضہ نہیں دیا تو مالک کیلئے کرایہ کا مطالبہ کرنا جائز نہیں، کیوں کہ شیٔ مأجور پر قبضہ کرنے سے پہلے اس کی اجرت شرعاً لازم نہیں ہوتی، چنانچہ کرایہ کی چیز پر قبضہ کیلئے چار چیزوں میں سے ایک کا پایا جانا ضروری ہے، اگر ان میں سے کوئی ایک چیز بھی نہ پائی جائے، تو کرایہ دار پر اس کا کرایہ لازم نہیں ہوگا۔

۱-......شیٔ ماجور کرایہ دار کے قبضہ میں اس طرح آئے کہ کرایہ دار کیلئے اس چیز کا استعمال کرنا ممکن نہ ہو، یا اسی طرح اگر مالک کی طرف سے کوئی ایسا سبب پایا گیا کہ جس کی وجہ سے کرایہ دار اس کو استعمال نہ کرسکے، یا کسی وجہ سے استعمال کرنے میں رکاوٹ ہو تو پھر کرایہ دار پر اس کا کرایہ لازم نہیں ہوگا۔

۲-......عقدِ اجارہ صحیح ہو، فاسد نہ ہو، اگر عقدِ اجارہ صحیح ہو تو مکمل قبضہ کے بعد سے کرایہ دار پر اس کا کرایہ ادا کرنا لازم ہوگا، اگرچہ کہ کرایہ دار اس شیٔ ماجور کا استعمال شروع نہ کرے، ہاں اگر عقد فاسد ہو تو محض قبضہ سے کرایہ لازم نہیں ہوگا، جب تک کہ اس شیٔ ماجور کو استعمال میں نہ لائے۔

۳-......کرایہ دار کو قبضہ دینے کا جو وقت طے کیا گیا، اگر اس وقت کرایہ دار کو قبضہ نہیں دیا، تو کرایہ دار پر اس کے کرایہ کی ادائیگی بھی لازم نہیں ہوگی، کیوں کہ اس کی مطلوبہ مدت کے بعد وہ شیٔ اس کے قبضۂ قدرت میں آئی ہے۔

۴-......کرایہ دار کو جس جگہ قبضہ دینا طے ہوا تھا، اگر اس جگہ کے علاوہ کسی اور جگہ قبضہ دیا گیا تو بھی کرایہ دار پر اس کا کرایہ لازم نہیں ہوگا۔ جیسا کہ علامہ شامیؒ نے ان شرائط کو اس طرح بیان فرمایا ہے۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في "**رد المحتار على الدر المختار**": قال في النهاية: وهذه مقيدة بقيود: أحدها: التمكن فإن منعه =

پل سے گزرنے کا کرایہ وصول کرنا جائز ہے

مسئلہ(۳۲٤): عام طور پر اکثر وبیشتر ممالک میں پل سے گزرنے کا کرایہ وصول کیا جاتا ہے، شرعی طور پر ''اجارۃ التعاطی'' کی صورت پائے جانے کی وجہ سے علماء نے اس کو جائز لکھا ہے اور اب تو اس کا عام رواج ہوگیا ہے، نیز شرعاً کوئی قباحت بھی نہیں، لہٰذا کرایہ لینا اور دینا دونوں شرعاً جائز ہے۔(۱)

= المالك أو الأجنبي أو سلم الدار مشغولة بمتاعه لا تجب الأجرة . الثاني: أن تكون صحيحة فلو فاسدة فلا بد من حقيقة الانتفاع .الثالث: أن التمكن يجب أن يكون في محل العقد، حتى لو استأجرها لكوفة فأسلمها في بغداد بعد المدة فلا أجر . الرابع : أن يكون متمكناً في المدة، فلو استأجرها إلى الكوفة في هذا اليوم، وذهب بعد مضي المدة بالدابة ولم يركب لم يجب الأجر لأنه إنما تمكن بعد مضي المدة.

(۹/ ۱٤،كتاب الإجارة)

ما فى '' **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** '': وتسليم المأجور شرط في لزوم الأجرة يعني تلزم الأجرة اعتباراً من وقت التسليم، فعلى هذا ليس للآجر مطالبة أجرة مدة قبل التسليم وإن انقضت مدة الإجارة قبل التسليم لا يستحق الأجر. (۱/ ٥٤٥، كتاب الإجارة)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في '' **الفتاوى الهندية** '' : وتنعقد الإجارة بالتعاطي بيانه فيما ذكر محمد رحمه الله في إجارات الأصل في باب إجارة الثياب إذا استأجر رجل من آخر قدوراً بغير أعيانها لا يجوز للتفاوت بين القدور ومن حيث الصغر والكبر فإن جاء بقدور وقبلها المستأجر على الكراء الأول جاز ويكون هذا إجارة مبتدأ بالتعاطي كذا في الظهيرية .(٤/ ٤٠٩،كتاب الإجارة ، الباب الأول)

ما في '' **رد المحتار** '' : (وهل تنعقد بالتعاطي؟) .... قال الشرنبلالي : المسألة من الظهيرية : استأجر من آخر قدوراً بغير أعيانها لا يجوز للتفاوت بينها صغراً وكبراً ، فلو قبلها المستأجر على الكراء الأول جاز ، وتكون هذه إجارة مبتدأة بالتعاطي .(۹/ ۷،كتاب الإجارة، اسلام كا قانون اجاره: ٤۱۱)

سڑک کا کرایہ ٹوکن کے ذریعہ وصول کرنا

مسئلہ(۳۲۵): دنیا کے اکثر ممالک میں اور خاص طور پر غریب ممالک میں سڑک (Road) سے گزرنے کا بھی کرایہ وصول کیا جاتا ہے اس کی دوصورتیں ہیں:

۱/...... جب گاڑی سڑک پر پہونچتی ہے تو وہاں پر کاؤنٹر بنے ہوئے ہوتے ہیں، گاڑی والا کاؤنٹر سے ٹکٹ لے کر یکمشت پہلے ہی اس کی قیمت ادا کر دیتا ہے اور ایجاب وقبول زبانی نہیں ہوتا ہے بلکہ معاطاۃ کے ذریعہ ہوتا ہے، جو کہ شرعاً اجارہ میں بھی جمہور فقہاء کے نزدیک جائز ہے۔

۲/...... گاڑی کاؤنٹر (Counter) سے گزرتے وقت صرف ایک ٹوکن دیا جاتا ہے، جب گاڑی اس سڑک کو چھوڑ کر دوسری سڑک پر آتی ہے تو سڑک کے اختتام پر بھی کاؤنٹر ہوتے ہیں، تو اس کاؤنٹر والے فی میل (Per mile) یا فی کلومیٹر (Per k.m.) کے حساب سے اس گاڑی کے سڑک پر سے گزرنے کا کرایہ وصول کرتے ہیں، تو یہاں پر بھی فی کلومیٹر کے حساب سے اجرت اور منفعت معلوم ہو جاتی ہے، اور اس میں ایجاب وقبول بذریعۂ تعاطی ہوتا ہے، لہذا شرعی اعتبار سے اس طریقہ میں بھی کوئی اشکال نہیں ہے اور یہ صورت بھی شرعاً جائز ہے۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار والبحر الرائق** " : وأما الفعل التعاطي: وهو التناول قاموس . "درمختار" .... قوله : (وهو التناول قاموس) وهو إنما يقتضي الإعطاء من جانب والأخذ من جانب .... كما فهم الطرسوسي ، أي حيث قال : إن حقيقة التعاطي وضع الثمن وأخذ المثمن عن تراض منهما من غير لفظ .... فإن التعاطي ليس فيه إيجاب بل قبض أو معرفة الثمن .

(۲۷/۷، كتاب البيوع ، مطلب البيع بالتعاطي ، كذا في البحر الرائق :۵/ ۴۴۰، كتاب البيوع)

ما في " **الفتاوى الهندية ورد المحتار** " : وتنعقد الإجارة بالتعاطي بيانه فيما ذكر محمد في إجارات الأصل في باب إجارة الثياب إذا استأجر رجل من آخر قدوراً بغير أعيانها لا يجوز للتفاوت بين القدور من=

پلوں کا اجارہ (B.O.T) شرعاً جائز ہے

مسئلہ (۳۲۶): آج کل پلوں کے اجارہ کی ایک جدید صورت رائج ہے جس کو انگریزی میں (Built Operate Transfer) کہا جاتا ہے، جس کا مخفف بی، او، ٹی (B.O.T) ہے، اس طریقۂ کار کا حاصل یہ ہوتا ہے کہ کمپنی اور کسی ملک کے درمیان یہ معاہدہ (Agreement) ہوتا ہے کہ کمپنی (Company) ملک میں کوئی پل (Bridge) یا سڑک (Road) تعمیر کرے گی اور اس ملک سے اس پل پر آنے والے اخراجات میں سے کچھ بھی وصول نہیں کیا جائیگا، بل کہ یہ کمپنی سرمایہ (Capital) بھی خود فراہم کرتی ہے اور اپنے ہی مزدور (Labour) لگا کر سڑک یا پل تعمیر کرتی ہے اور اس کے معاوضہ کے طور پر اس ملک سے یہ معاہدہ کرتی ہے کہ اس پل یا سڑک سے گزرنے کا کرایہ مثال کے طور پر بیس سال تک ہم لیتے رہیں گے، بیس سال کے بعد یہ پل اور اس کا کرایہ اس ملک کو ملے گا، اس طرح پل یا سڑک تعمیر ہونے کے بعد تعمیر کرنے والی کمپنی (Constraction Company) کے قبضہ ہی میں رہتا ہے اور اس کا کرایہ بھی وہی کمپنی وصول کرتی ہے، بیس سال (یا اس کے علاوہ جو بھی کوئی مدت فریقین باہم طے کرلیں) کے بعد وہ پل یا سڑک اس ملک کے قبضہ میں آجاتی ہے، اس طریقہ سے اس ملک کا یہ فائدہ ہوتا ہے کہ اس کا سرمایہ (Capital) اور محنت دونوں ہی بچ جاتے ہیں اور ایک نئی تعمیر وجود میں آجاتی ہے، یہ معاملہ دنیا کے بیشتر مما لک میں کیا جارہا ہے، جیسے ہندوستان میں سوپر ہائیوے، بروڈہ سے احمد آباد اسی عقد کے ساتھ بنایا گیا ہے۔

حاصل یہ ہے کہ منفعت کے ذریعہ اجرت کی ادائیگی تمام فقہاء کے نزدیک جائز ہے، لہذا اگر بی، او ٹی

= حیث الصغر والکبر ، فإن جاء بقدور وقبلها المستأجر علی الکراء الأول جاز ویکون هذا إجارة مبتدأة بالتعاطي کما في الظهيرية.

(٤ / ٤٠٩ ،کتاب الإجارة ، الباب الأول في تفسير الإجارة ورکنها، رد المحتار: ٩/ ٧، کتاب الإجارة)

(B.O.T) میں بھی منفعت ہی کو اجرت بنایا جائے اور اس طرح بی، او، ٹی (B.O.T) کا معاہدہ کیا جائے تو شرعاً جائز ہوگا۔(۱)

کار پارکنگ (Car Parking) کا کرایہ

مسئلہ(۳۲۷): کار پارکنگ (Carparking) کا کرایہ آج کل معمول بن چکا ہے، اس کی دو صورتیں رائج ہیں: (۱)...... گاڑی کا ایک متعین کرایہ وصول کیا جاتا ہے، چاہے گاڑی کتنی دیر تک پارکنگ (parking) میں کیوں نہ رہے۔ (۲)...... کار پارکنگ کا کرایہ فی گھنٹہ (Per hour) کے حساب سے وصول کیا جاتا ہے۔

مذکورہ دونوں صورتوں کے جواز میں شرعاً کوئی شبہ نہیں، کیوں کہ پہلی صورت میں منفعت اور اجرت دونوں ہی متعین ہیں اور ایجاب وقبول بھی تعاطی کے ذریعہ ہوا ہے۔

لیکن ان دونوں صورتوں میں سے پہلی صورت پر یہ اشکال ہے کہ اس میں ایک متعین کرایہ وصول کیا جاتا ہے

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار** " : إجارة المنفعة بالنفعة تجوز إذا اختلفا جنساً كاستئجار سكنى دار بزراعة أرض ، وإذا اتحدا كإجارة السكنى بالسكنى واللبس باللبس والركوب بالركوب ونحو ذلك .

(رد المحتار : ۸۵/۹ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة)

ما في " **الفتاوى الهندية** " : أن لا تكون الأجرة منفعة هي من جنس المعقود عليه كإجارة السكنى بالسكنى والخدمة بالخدمة .(۴۱۱/۴، كتاب الإجارة، الباب الأول في تفسير الإجارة)

ما في " **تبيين الحقائق** " : حتى صح أجرة ما لا يصح ثمناً أيضاً كالمنفعة فإنها لا تصلح ثمناً وتصلح أجرة إذا كانت مختلفة الجنس كاستئجار سكنى الدار بزراعة الأرض وإن اتحدا جنسهما لا يجوز كاستئجار الدار للسكنى بالسكنى و كاستئجار الأرض للزراعة بزراعة أرض أخرى لأن المنافع معدوم .

(۷۹/۶ ، كتاب الإجارة، اسلام كا قانون اجاره:۴۱۲)

مگر عاقدین کے مابین مدت کے بارے میں کوئی گفتگو تحریری یا زبانی نہیں ہوتی، لہذا جب مدتِ اجارہ مجہول ہوئی تو اس سے عقدِ اجارہ بھی درست نہیں ہونا چاہئے، کیوں کہ اجارہ میں مدتِ اجارہ کی تعیین ایک بنیادی شرط ہے جو یہاں مفقود ہے؟

چنانچہ اس اعتراض کا حل یہ ہے کہ پہلی صورت میں مدتِ اجارہ مجہول نہیں ہے بلکہ معلوم ہے اور وہ اس طرح کہ جو ٹکٹ (Ticket) کرایہ لیکر دیا جاتا ہے وہ صرف اس روز کے لیے ہوتا ہے جس دن یہ خریدا گیا ہے، اور اکثر مقامات میں ٹکٹ پر اس دن کی تاریخ بھی درج ہوتی ہے، اس طرح مدتِ اجارہ زیادہ سے زیادہ صرف اس دن کے ختم تک کے لیے ہوتی ہے۔

دوسری صورت میں گاڑی کا کرایہ فی گھنٹہ (Per houre) کے حساب سے لیا جاتا ہے، اس صورت میں یہ اشکال ہوسکتا ہے کہ جب گاڑی پارکنگ میں آکر کھڑی ہوتی ہے تو خود گاڑی والے کو بھی بسا اوقات یہ معلوم نہیں ہوتا کہ میرا کام یہاں کتنی دیر کا ہے، اس لیے وہ گاڑی کھڑی کرتے وقت حتمی طور پر مدت متعین نہیں کرسکتا، تو پھر یہاں بھی مدتِ اجارہ مجہول ہوئی جس کی وجہ سے عقدِ اجارہ جائز نہیں ہونا چاہئے۔

اس کا شرعی اعتبار سے حل یہ ہوگا کہ جس وقت اس نے گاڑی پارک کی ہے اس وقت تو یہی سمجھا جائے گا کہ یہ گاڑی صرف اسی ایک گھنٹہ کے لئے کھڑی ہوتی ہے، لیکن جب یہ گھنٹہ مکمل ہوجائے اور اگلا گھنٹہ گزر جائے تو پھر یہ عقد دوسرے گھنٹے کیلئے بھی ہوجائے گا، پھر دوسرے کے بعد تیسرا گھنٹہ شروع ہوجائے تو یہ عقد تیسرے میں بدل جائے گا، چنانچہ جب گاڑی پارکنگ ایریا (Parking Area) سے باہر نکالی جائے تو اس وقت مکمل مدت کا حساب لگاکر فی گھنٹہ (Per hour) کے حساب سے اس سے اجرت لی جائے گی۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : إذا عقد الإجارة في أول الشهر على شهر واحد، أو أزيد من شهر، انعقدت مشاهرة، وبهذه الصورة يلزم دفع أجرة شهر كامل، وإن كان الشهر ناقصاً عن ثلاثين يوماً. (۵۶۲/۱، المادة : ۴۸۸، الباب الرابع) =

کارپارکنگ کا سالانہ یا ماہانہ معاہدہ

مسئلہ(۳۲۸): آج کل کارپارکنگ (Car Parking) کا سالانہ یا ماہانہ معاہدہ بھی اکثر ہونے لگا ہے، اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ وہ حضرات جوروزانہ کسی جگہ پر اپنی گاڑیاں پارک کرتے ہیں تووہ پارکنگ کے مالکان سے ماہانہ یا سالانہ کارپارکنگ (Car Parking) کا معاہدہ کرلیتے ہیں اوراس معاہدہ میں ایجاب وقبول، کرایہ کا تعین، مدت کا تعین زبانی یا تحریری ہوتا ہے، موجراور مستاجر

= وما في " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : لو استأجر عقار شهرية كذا دراهم من دون بيان عدد الأشهر يصح العقد ، لكن عند ختام الشهر الأول لكل من الأجر والمستأجر فسخ الإجارة في اليوم الأول وليلته من الشهر الثاني الذي يليه وأما بعد مضي اليوم الأول وليلته فليس لهما ذلك .... إذا دخلت كلمة (كل) على السنة أو الشهر أو الأسبوع أو اليوم أو ما أشبه ذلك مما لا تعلم نهايته بتعيين أدناه وهو الواحد منه لأن الواحد معلوم وتكون الإجارة فاسدة في الباقي لما يكون فيها من الجهالة (سوال) فإن قيل كما أن الشهر الأول معلوم فكذلك الشهر الثاني معلوم فلم خصصتم الأول بصحة العقد؟ (الجواب) قلنا: إنما اختص الأول لوجود جزء منه وحصوله بخلاف سائر الشهور حتى إذا سكن ساعة من الشهر الثاني صح العقد عليه أيضاً والثالث والرابع مثله.

(٥٦٦/١، ٥٦٧، كتاب الإجارة، الباب الرابع، المادة :٤٩٤)

ما في " **نتائج الأفكار تكملة فتح القدير** " : (وإذا تم كان لكل واحد منهما أن ينقض الإجارة لانتهاء العقد الصحيح) قال في المحيط البرهاني : وفي الأصل : إذا استأجر الرجل من آخر داراً كل شهر بعشرة دراهم فإن أبا حنيفة قال : هذا جائز ولكل واحد منها أن ينقض الإجارة في رأس الشهر فإن سكن يوماً أو يومين لزمه الإجارة في الشهر الثاني ، واختلفت عبارة المشائخ في تخريج المسئلة بعضهم قال : أراد بقوله : جائز أن الإجارة في الشهر الثاني جائزة، فأما فيما عدا ذلك من الشهور فالإجارة فاسدة فجهالة المدة أنه إذا جاء الشهرالثاني ولم يفسخ كل واحد منهما الإجارة في رأس الشهر جازت الإجارة في الشهر الثاني لأن الشهر الثاني صار كالشهر الأول إلى آخره.(٩٤/٩، باب الإجارة، اسلام کا قانون اجارہ:٤١٨)

دونوں میں سے ہر ایک عقد کی جملہ تفصیلات طے کر کے عقد کرتے ہیں، تو یہ ماہانہ یا سالانہ معاہدہ کرنا شرعاً بالکل جائز اور درست ہے، اگر ایجاب وقبول، کرایہ یا مدت ان تینوں میں سے کوئی ایک چیز بھی واضح اور طے شدہ نہ ہوتی تو پھر عقد میں جہالت کی وجہ سے عقد جائز نہ ہوتا، اس لیے اس طرح کا عقد کرتے وقت ان چیزوں کو وضاحت کے ساتھ طے کر لینا ضروری ہے۔(۱)

ریلوے اسٹیشن پر پلیٹ فارم کا کرایہ وصول کرنا جائز ہے

مسئلہ(۳۲۹): ریلوے اسٹیشن (Railway Station) میں پلیٹ فارم پر جانے کا کرایہ وصول کیا جاتا ہے، چونکہ ریلوے اسٹیشن (Railway Station) محکمۂ ریلوے کی ملکیت میں ہوتا ہے، لہذا اس کا کرایہ وصول کرنا جائز ہوگا، نیز اس وجہ سے بھی کہ اس میں مدت، منفعت اور کرایہ سب

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : كما قال العلامة الحصكفي : إن ركنها الإيجاب والقبول ، وشرطها كون الأجرة والمنفعة معلومتين لأن جهالتهما تفضي إلى المنازعة .... ويعلم النفع ببيان المدة كالسكنى والزراعة مدة كذا."درمختار".(۹/ ٦۔۸، كتاب الإجارة)

ما في " **المغني لإبن قدامة**" : وإذا وقعت الإجارة على مدة معلومة بأجر ة معلومة فقد ملك المستأجر المنافع وملكت عليه الأجرة كاملة في وقت العقد إلا أن يشترطا أجلاً . (٥/ ٢٦٢، كتاب الإجارات)

ما في " **الفتاوى الهندية والهداية**" : ومنها أن يكون المعقود عليه وهو المنفعة معلوماً علماً يمنع المنازعة فإن كان مجهولاً جهالة مفضية إلى المنازعة يمنع صحة العقد وإلا فلا .... ومنها أن تكون الأجرة معلومة .

(٤/ ٤١١، كتاب الإجارة، الباب الأول في تفسير الإجارة ، وكذا في الهداية مع الدراية :٣/ ٢٩٣، كتاب الإجارة)

ما في " **قواعد الفقه**" : بقاعدة فقهية : " جهالة المعقود عليه تفسد العقد ".

(ص ٧٥، اسلام کا قانون اجارہ:٤٢٣)

ہی متعین ہے، اور یہ ٹکٹ (Ticket) صرف اسی دن کیلئے کار آمد ہوگا جس دن کی تاریخ (Date) اس پر ڈالی گئی۔(۱)

جہاز کے ایئر پورٹ پر اترنے کا کرایہ (Air Port Landing Charges)

مسئلہ (۳۳۰): جہاز جب ایئر پورٹ پر اترتا ہے تو اس کا بھی کرایہ وصول کیا جاتا ہے، اور جتنی دیر تک جہاز ایئر پورٹ پر موجود رہتا ہے تو اس کا بھی کرایہ فی گھنٹہ (Per hour) کے حساب سے وصول کیا جاتا ہے، اس میں کرایہ، منفعت، مدت، ہر چیز طے شدہ ہوتی ہے، اس لئے اس کے جواز میں شرعاً کوئی شک نہیں، ہاں البتہ ایئر پورٹ پر کھڑا جہاز اگر تاخیر سے روانہ ہو تو اس تاخیر کا جرمانہ اس

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفتاوى الهندية** " : ومنها أن يكون المعقود وهو المنفعة معلوماً علماً يمنع المنازعة فإن كان مجهولاً جهالة مفضية إلى المنازعة يمنع صحة العقد وإلا فلا .... ومنها أن تكون الأجرة معلومة .(الفتاوى الهندية :٤١١/٤، كتاب الإجارة، الباب الأول في تفسير الإجارة وركنها وألفاظها)

ما في " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : شرط النفاذ ثلاثة أنواع : النوع الأول ؛ الملك والولاية..................شرائط الصحة أنواع : النوع الأول ؛ رضاء العاقدين ، النوع الثاني : تعيين الأجرة ، النوع الثالث : تعيين المأجور ، النوع الرابع : تعيين المنفعة ، النوع الخامس: أن يمكن استيفاء المنفعة ، النوع السادس: وجود شرط الانعقاد.

(٤٩٥/١، ٤٩٦، كتاب الإجارة ،الفصل الثاني في شروط انعقاد الإجارة ونفاذها)

ما في " **بدائع الصنائع** " : ومنها : الملك والولاية فلا تنفذ إجارة الفضولي لعدم الملك والولاية.

(٥٢٨/٥،كتاب الإجارة ، فصل في شرائط الركن)

ما في " **الدر المختار مع رد المحتار**" : وشرطها كون الأجرة والمنفعة معلومتين لأن جهالتهما تفضي إلى المنازعة ."درمختار". (٧/٩، كتاب الإجارة، اسلام کا قانون اجارہ:٤٥٦)

ایئر لائن (Airline) سے وصول کیا جاتا ہے، اس جرمانہ کی صورتِ حال یہ ہوتی ہے کہ مقررہ وقت سے جتنا اضافی وقت لگا ہے، اتنے وقت کا کرایہ بمع جرمانہ طے شدہ معاہدہ کے مطابق وصول کیا جاتا ہے، مثال کے طور پر شیڈول کے مطابق جہاز اترنے اور کھڑے رہنے کا کرایہ فی گھنٹہ دس ہزار روپئے ہے، اور تاخیر کی صورت میں فی گھنٹہ پندرہ ہزار روپئے ہے، شرعی اعتبار سے یہ صورت بھی شرعاً جائز ہے، کیوں کہ تاخیر کی صورت میں اضافی رقم کی ادائیگی درحقیقت عقد ہی کا حصہ ہوگا، یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسا کہ فقہائے کرام نے تصریح کی ہے، کہ اگر کوئی شخص درزی کے پاس جائے اور کہے کہ تم نے آج اگر یہ کپڑا تیار کر کے دیدیا تو اس کی اجرت دو درہم ہے، اور اگر آئندہ کل تیار کر کے دوگے تو اس کی اجرت ایک درہم ہوگی، یہ صورت فقہائے کرام کی تصریح کے مطابق جائز ہے، بالکل اسی طرح یہ معاملہ بھی ہے کہ اگر جہاز تاخیر سے روانہ ہوگا، تو فریقین کو پہلے سے معلوم ہوگا کہ اس تاخیر میں کتنا کرایہ لازم ہوگا، غرض یہ کہ کسی بھی مرحلہ پر کرایہ میں یا مدت میں جہالت نہ ہوگی، جو بھی صورتِ حال پیش آئیگی اس کا معاملہ فریقین افہام وتفہیم سے طے کر چکے ہوتے ہیں، کوئی جہالت ایسی باقی نہیں رہتی جو باہمی تنازع کا سبب ہو، لہذا یہ صورت بھی شرعاً جائز ہوگی۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في "**البحر الرائق**": قال رحمه الله: الإجارة (هي بيع منفعة معلومة بأجرة معلومة) .... وأما ركنها فهو الإيجاب والقبول والارتباط بينهما، وأما شرط جوازها فثلاثة أشياء أجر معلوم وعين معلوم وبدل معلوم. (۳/۸، ٤، كتاب الإجارة)

ما في "**المبسوط للسرخسي**": ووجه قوله الآخر أنه خيره بين نوعين من العمل كل واحد منهما معلوم في نفسه والبدل بمقابلة كل واحد منهما مسمى معلوم فيجوز العقد كما لو اشترى ثوبين على أن له الخيار يأخذ أيهما شاء ويرد الآخر وسمى لكل واحد منهما ثمناً، وهذا لأن الأجر لا يجب بنفس العقد =

....

....

....

= وإنما يجب بالعمل وعند العمل ما يلزمه من البدل معلوم وكذلك عقد الإجارة في حق المعقود عليه كالمضاف وإنما ينعقد عند إقامة العمل وعند ذلك لا جهالة في المعقود عليه .... (والفصل الثالث): أن يقول إن خطته اليوم فلك درهم، وإن خطته غداً فلك نصف درهم فعند أبي حنيفة رحمه الله الشرط الأول جائز والثاني فاسد وعندهما الشرطان جائزان.

(١١٢/١٥، باب كل الرجل يستصنع الشيء)

ما فى ''**نتائج الأفكار تكملة فتح القدير**'' : (والمنافع تارةً تصير معلومة بالمدة كاستئجار الدور للسكنى والأرضين للزراعة فيصح العقد على مدة معلومة إلى مدة كانت) لأن المدة إذا كانت معلومة كان قدر المنفعة فيها معلوماً إذا كانت المنفعة لا تتفاوت، وقوله إلى مدة كانت، إشارة إلى أنه يجوز طالت المدة أو قصرت لكونها معلومة ولتحقق الحاجة إليها.

(٦٤/٩، كتاب الإجارة، قبيل باب الأجر.....)

وأيضاً: (إذا كان لكل واحد منهما أن ينقص الإجارة لانتهاء العقد الصحيح) قال في المحيط البرهاني: وفي الأصل إذا استأجر الرجل من آخر داراً كل شهر بعشرة دراهم فإن أبا حنيفة قال: هذا جائز ولكل واحد منهما أن ينقص الإجارة في رأس الشهر فإن سكن يوماً أو يومين لزمه الإجارة في الشهر الثاني . وإطلاق محمد في الكتاب يدل عليه وإنما أجازت الإجارة فيما وراء الشهر الأول وإن كانت المدة مجهولة لتعامل الناس من غير نكير ومنكر . (٩٤/٩)

ما فى '' **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** '': النوع الأول الملك أو الولاية ....شرط الصحة منفعة أنواع........النوع الأول رضاء العاقدين........النوع الثاني تعيين المأجور.......النوع الثالث تعيين الأجرة.........النوع الرابع تعيين المنفعة . (٤٩٥/١، ٤٩٦، اسلامى قانون اجاره:٤٣٨)

دوکان کے سامنے ٹھیلا لگانے والے سے صاحبِ دوکان کا اجرت لینا

مسئلہ(۳۳۱): دوکاندار کا اپنی دوکان کے سامنے اشیاء فروخت کرنے والے سے وہاں کھڑے ہونے کی اجرت لینا جائز نہیں، کیوں کہ دوکان کے سامنے کی جگہ تو عام استعمال کے لئے ہوتی ہے، دوکاندار کی ملکیت میں نہیں ہوتی، اور کرایہ صرف اپنی ملکیت کی اشیاء کا وصول کرنا جائز ہے، ہاں اگر وہ جگہ دوکاندار کی ذاتی ملکیت میں ہے تو پھر کرایہ وصول کرسکتا ہے۔(۱)

مالکِ مکان کا کرایہ دار سے پیشگی رقم وصول کرنا

مسئلہ(۳۳۲): مالکِ مکان یا دوکان پگڑی کی بجائے پیشگی رقم (Advance payment) کے نام سے کچھ رقم کرایہ دار سے وصول کرتا ہے(۲)، اور یہ شرط لگاتا ہے کہ جب

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **بدائع الصنائع** " : ومنها الملك والولاية فلا تنفذ إجارة الفضولي لعدم الملك والولاية.

(۵۲۸/۵، كتاب الإجارة ، فصل في شرائط الركن)

ما في " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : شرط النفاذ ثلاثة أنواع : النوع الأول : الملك والولاية .

(۴۹۵/۱، كتاب الإجارة ، الفصل الثامن في شروط انعقاد الإجارة ونفاذها)

ما في " **درر الحكام** " : بقاعدة فقهية : " لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي ".

(۹۸/۱، المقالة الثانية في بيان القواعد الكلية الفقهية ، المادة :۹۷، اسلام کا قانون اجارہ: ۴۴۰)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : يعتبر ويراعى كل ما اشترط العاقدان في تعجيل الأجرة وتأجيلها. (۵۴۱/۱، المادة:۴۷۳)

وأيضاً: تلزم الأجرة بشرط التعجيل، يعني لو شرط كون الأجرة معجلة يلزم المستأجر تسليمها، أي إذا شرط إعطاء الأجرة معجلة سواء أكان ذلك في اثناء عقد الأجرة أو بعده.

(۵۳۱/۱، المادة: ۴۶۸، وكذا في البحرالرائق:۸/۷، كتاب الإجارة)

کرایہ دار مکان واپس کرے گا تو یہ رقم بھی واپس کردی جائیگی ، البتہ اس پیشگی رقم کو ہم امانت تصور کریں تو اس میں کوئی حرج نہیں شرعاً یہ جائز ہے(۱)، اس صورت میں کرایہ دار کیلئے اس رقم کو اپنے استعمال میں لانا جائز نہ ہوگا(۲)، اور اگر کرایہ دار کو مالک یہ رقم بطور قرض کے دیدے تو پھر اس رقم کو چونکہ مکان کی مدتِ اجارہ کے ساتھ خاص کیا جاتا ہے، اس لئے اس قرض میں تاجیل ہوئی، اور یہ حضراتِ حنفیہ رحمہم اللہ کے یہاں جائز نہیں ہے(۳)، جبکہ فقہائے شافعیہ رحمہم اللہ کے نزدیک قرض میں مدت مقرر کرنا جائز ہے(۴)، حضراتِ مالکیہ رحمہم اللہ کے نزدیک تاجیل صرف جائز ہی نہیں بلکہ واجب ہے(۵)، سلف میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ حضرت عطاءؒ، حضرت عمرو بن دینارؒ وغیرہ اہلِ علم حضرات بھی قرض میں تاجیل کے قائل ہیں(۶)، البتہ ہمارے زمانہ کے تعاملِ ناس اور ضرورت کے پیشِ نظر جمہور کی رائے قبول کرلی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

---

(۱) ما فی " **الهداية** ": إن العين المستأجر أمانة في يد المستأجر. (۳۰۸/۳، باب إجارة الفاسدة)

(۲) ما فی " **النتف فی الفتاوی** ": لا تجوز في الوديعة ثمانية أشياء: لا تباع ولا توهب ولا ترهن ولا يتصدق بها ولا تؤاجر ولا تعار ولا تستعمل متفقاً عليه، والثامن لا تودع إلا من كان في عياله في قول أبي حنيفة وأبي يوسف ومحمد وفي قول ابن أبي ليلى تودع .

(ص ۳۵۱، كتاب الوديعة ، ما لا تجوز الوديعة فيه ، وكذا في الفتاوى الهندية :۳۳۸/٤، كتاب الوديعة وهو مشتمل على عشرة أبواب، وكذا في الخلاصة:٢٩١/٤ ، كتاب الوديعة، الفصل الأول ، جنس آخر)

(۳) ما فی " **الفتاوی الهندية** " : ولا يثبت الأجل في القروض عندنا كما في الخانية.

(۳٦٨/٥، الباب السابع والعشرون في القرض والدين، الهداية:٧٦/٣، باب المرابحة والتولية)

(٤) ما فی " **أحكام القرآن للجصاص** " : وأجاز الشافعي التأجيل في القرض. (٥٦٨/١)

(٥) ما فی " **اعلاء السنن** " : وقال مالك والليث: يتأجل الجميع بالتأجيل .... وقال أبو حنيفة : كل دين يصح تأجيله إلى القرض، فإن تأجيله لا يصح، ولنا أن الأجل يقتضي جزاء من العوض، والقرض =

کرایہ داراول کا کرایہ دارثانی کو پگڑی پر مکان دینا

مسئلہ(۳۳۳): اگر کرایہ دارخود پگڑی دیئے بغیر مکان حاصل کرے اور دوسرے کرایہ دار سے پگڑی لے کرکرایہ پر دینا چاہے یا مالکِ مکان کرایہ داری کا معاملہ ختم کرکے اپنی چیز کو واپس لینا چاہے اورکرایہ داراس سے یعنی اصل مالک سے پگڑی کے نام پر رقم حاصل کرنا چاہے تو یہ ناجائز اورحرام ہے، جیسا کہ آج کل عام ہو چکا ہے، یادرکھیں یہ رقم جو اصل مالک سے یا دوسرے کرایہ دار سے وصول کی جارہی ہے حرام ہے،اس کا لینا کرایہ دارکیلئے بالکل جائزنہیں ہے(۱)۔

= لایحتمل الزیادة والنقص في عوضه.(٥٧٤/٤، القرض لا یتأجل بالتأجیل)

ما فی " **الکتاب** ": وقوله تعالی: ﴿**یا أیها الذین آمنوا إذا تداینتم بدین إلی أجل مسمی فاکتبوه**﴾.

(سورة البقرة:٢٨٢)

ما فی " **أحکام القرآن للجصاص** ": قال الإمام حجة الإسلام أبو بکر أحمد بن علي الرازي: وقد احتج بعضهم في جواز التاجیل في القرض بهذه الآیة .... قال أبوبکر: قوله تعالی:﴿**إذا تداینتم بدین إلی أجل مسمی**﴾ قد اشتمل علی کل دین ثابت مؤجل.(٥٨٥/١، ٥٨٦، باب عقود المداینات)

(٦)ما فی " **فتح الباری لإبن حجر** " : عن أبي هریرة رضي الله عنه : عن رسول الله صلی الله علیه وسلم " **أنه ذکر رجلاً سأل بعض بني إسرائیل أن یسلفه ألف دینار، فدفعها إلیه إلی أجل مسمی** " . وقال ابن عمر رضي الله عنهما وعطاء : إذا أجَّله في القرض جاز.

(٤٣٢/٥، باب الشروط في القرض، رقم الحدیث:٢٧٣٤)

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار** " : في القنیة : الرشوة یجب ردها ولا تملك وفیها دفع للقاضي أو لغیره سحتاً لإصلاح المهم فأصلح ثم ندم یرد ما دفع إلیه.

(٣٥/٨، کتاب القضاء، مطلب في الکلام علی الرشوة والهدیة)

البتہ ایک کرایہ دار دوسرے کرایہ دار سے رقم (پگڑی کے نام پر) اس وقت لے سکتا ہے جبکہ موجودہ کرایہ دار نے اس مکان یا دوکان میں کوئی تعمیری کام کرایا ہو(۱)۔

اگر موجودہ کرایہ دار نے اس مکان میں کوئی تعمیری کام نہ کرایا ہوتو دوسرے کرایہ دار سے پگڑی نہیں لے سکتا، نیز موجودہ کرایہ دار مالکِ مکان سے پگڑی کی رقم کسی بھی صورت میں نہیں لے سکتا ہے(۲)۔

زمین کو متعین مدت واجرت کے ساتھ کرایہ پر لینا

مسئله(۳۳٤): اگر کوئی شخص زمین کو متعین مدت اور متعین اجرت کیساتھ کرایہ پر لے تو عرفِ عام میں اس کو پٹہ کہا جاتا ہے، اگر اس میں اجارہ کی تمام شرائط کامل طریقہ سے پائی جائیں، تو اس کے جواز میں کوئی شبہ نہیں اور یہ معاملہ مدتِ اجارہ ختم ہونے سے یا زمیندار یا کرایہ دار کی موت واقع ہونے سے ختم ہوجاتا ہے، پھر کرایہ دار کو اپنا قبضہ برقرار رکھنے کا کوئی حق نہیں ہوگا۔(۳)

---

(۱) ما في " **المبسوط للسرخسي** " : فإن آجرها بأكثر مما استأجرها به تصدق بالفضل إلا أن يكون أصلح منها بناء أو زاد فيها شيئاً فحينئذٍ يطيب له الفضل .

(۱۵/۱۳۰، كتاب الإجارة ، باب إجارة الدور والبيوت ، مكتبة دارالمعرفة بيروت)

ما في " **الفتاوى الهندية ورد المحتار** " : ولو زاد في الدار زيادة كما لو وتد فيها وتداً أو حفر فيها بئراً أو طيناً أو أصلح أبوابها أو شيئاً من حوائطها طابت له الزيادة.

(٤/٤٢٥ ، كتاب الإجارة ، الباب السابع في إجارة المستأجر، وكذا في رد المحتار: ۹/۳۸،كتاب الإجارة، باب ما يجوز من الإجارة وما يكون خلافاً فيها)

(۲) ما في " **رد المحتار** " : في القنية : الرشوة يجب ردها ولا تملك وفيها دفع للقاضي أو لغيره سحتاً لإصلاح المهم فأصلح ثم ندم يرد ما دفع إليه.

(۸/۳۵، كتاب القضاء ، مطلب في الكلام على الرشوة والهدية، ردالمحتار:۸/۲۵)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **مجموعة رسائل ابن عابدين** " : ويجوز أن يستأجر الساحة ليبنى فيها أو ليغرس فيها نخلاً =

....

....

= أو شجراً لأنها منفعة تقصد بالأراضي ثم إذا انقضت مدة الإجارة لزمه أن يقلع البناء والغرس ويسلمها فارغة لأنهما لا نهاية لهما ففي إبقائهما ضرر بصاحب الأرض.(١٤٨/٢، مكتبه عثمانيه كراتشى)

ما في " **المغني لابن قدامة** " : ولا خلاف بين أهل العلم في إباحة إجارة العقار، قال ابن المنذر: أجمع كل من نحفظ عنه من أهل العلم على أن استئجار المنازل والدواب جائز، ولا تجوز إجارتها إلا في مدة معينة معلومة ولا بد من مشاهدته وتحديده فإنه لا يصير معلوماً إلا بذلك، ولا تجوز إطلاقه ولا وصفه وبهذا قال الشافعي.(٢٧١/٥، كتاب الإجارة)

وما في " **المغني لابن قدامة** " : إذا أجره للغراس سنة صح، لأنه يمكنه تسليم منفعتها المباحة المقصودة فأشبهت سائر المنافع، وسواء شرط قلع الغراس عند انقضاء المدة أو أطلق وله أن يغرس قبل انقضاء المدة فإذا انقضت لم يكن له أن يغرس لزوال عقده فإذا انقضت السنة وكان قد شرط القلع عند انقضائها لزمه ذلك وفاء بموجب شرطه، وليس على صاحب الأرض غرامة نقصه.

(٢٩٣/٥، كتاب الإجارة)

ما في " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : شروط الإجارة أربعة : شرط الانعقاد، شرط النفاذ، شرط الصحة، شرط اللزوم.

شرط الانعقاد ستة أنواع : **النوع الأول** ؛ يرجع إلى العاقد وهو عبارة عن أهلية العاقدين. **النوع الثاني** ؛ يرجع إلى العقد وهو عبارة عن جعل الإيجاب والقبول موافقاً. **النوع الثالث** ؛ يرجع إلى المكان وهو عبارة عن اتحاد المجلس. **النوع الرابع** ؛ يرجع إلى بدل الإجارة وهو عبارة عن ضرورة البدل المذكور ملكاً لذلك لا تكون الإجارة صحيحة إذا جعل بدلها ميتةً أو إنساناً حراً. **النوع الخامس**؛ يرجع إلى المأجور وهو أن يكون مالاً متعارفاً إيجاره. **النوع السادس**؛ يرجع إلى المنفعة وهو عبارة عن أن تكون المنفعة مقصودة من العين في نظر الشرع الشريف ونظر العقلاء ...... وإلا يفرض العمل الذي تقع عليه الإجارة نفس الأجير.

شرط النفاذ ثلاثة أنواع : **النوع الأول**؛ الملك أو الولاية. **النوع الثاني** ؛ أن لا يكون هناك تعلق لغير =

زراعت پر لی ہوئی زمین کا فسخِ اجارہ (Termination)

مسئلہ (۳۳۵): اگر کسی شخص نے کسی سے بطورِ زراعت زمین لی ہو اور مدتِ اجارہ ختم ہو جائے یا فسخ ہو جائے اور کھیتی تیار ہونے میں کچھ وقت باقی ہو، تو مستاجر کو اجازت ہے کہ وہ کھیتی تیار ہونے کے بعد زمین واپس کرے، کیوں کہ پہلے واپس کرنے میں مستاجر کو نقصان ہے، لیکن اس میں اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ جتنا وقت فسخِ اجارہ یا اختتامِ اجارہ کے بعد گزرے گا اس کی اجرتِ مثل کرایہ دار کے ذمہ واجب ہوگی، اس میں فریقین کی رعایت ہے، موجر کی رعایت تو اس طرح ہے کہ اس کو زمین کی اجرتِ مثل ملیگی اور کرایہ دار کی رعایت اس طرح ہے کہ اس کو کھیتی تیار ہونے تک کی مہلت مل جائیگی (۱)، البتہ اگر فریقین میں سے کسی کا انتقال ہونے کی وجہ سے معاملہ فسخ (Termination) ہوا ہے تو پھر کرایہ دار طے شدہ اجرت ہی دے گا۔

= الـمؤجر فلذلك إذا استؤجرت دار مدة معلومة ثم آجرت بعينها لآخر فالإجارة الثانية غير نافذة . **النوع الثالث**؛ وجود شرطي الصحة والانعقاد .

شرط الصحة ستة أنواع : **النوع الأول** ؛ رضاء العاقدين . **النوع الثاني** ؛ تعيين الأجرة . **النوع الثالث** ؛ تـعيين المأجور . **النوع الرابع** ؛ تـعيين المنفعة . **الـنوع الخامس** ؛ أن يـمكن استيفاء المنفعة . **النوع السادس** ؛ وجود شرط الانعقاد.

وشـرط اللزوم نوعان : **النوع الأول** ؛ وجـود شـرط الانـعقاد والنفاذ والصحة لأن الإجارة التي لا تكون مـنعقدة لا تكون لازمة . **النوع الثاني** ؛ أن تـكـون الإجارة خالية من أحد الخيارات ولذلك فالتي يكون فيها أحد الخيارات لا تكون لازمة.

(۱/ ٤٩٥، ٤٩٦، كتاب الإجارة، الفصل الثاني في شروط انعقاد الإجارة ونفاذها، وكذا في الفتاوى الهندية: ٤/ ٤١٠، ٤١١ ، كتاب الإجارة ، مطلب شروط الإجارة)

ومتـى مـات المؤاجر أو المستأجر انقضت الإجارة فى جميع ما ذكرنا فى قول أبى حنيفة وأصحابه وأبى عبد الله ولاتنفسخ فى قول الشافعي ـ(النتف فى الفتاوى: ۳٤۹، كتاب الإجارة، فسخ الإجارة)

اوراگر یہ عقد اجارہ علی العمل ہو یعنی کسی شخص کو کوئی کام کرنے کیلئے اجرت پر رکھا گیا ہو اور پھر اجارہ کو منسوخ کردیا گیا ہو تو چوں کہ اجارہ میں تنسیخ (Termination) جانبین کی رضامندی سے ہوتی ہے کوئی ایک فریق تنہا اپنی مرضی سے اجارہ کو ختم نہیں کرسکتا(۱)، تو ایسی صورت میں جانبین کو یہ چاہیے کہ وہ فسخِ اجارہ کرتے ہوئے ایک دوسرے کے مفادات (Interest) کو سامنے رکھے۔(۲)

زمین کو کاشت کاری پر دینے کا حکم

مسئلہ(۳۳۶): زمین کو چند شرطوں کے ساتھ کاشت کے لئے کرایہ پر دینا جائز ہے۔

۱-......زمین کا قابلِ کاشت ہونا۔

۲-......کرائے پر دی جانے والی زمین میں کاشت کی جانے والی چیز کی تعیین۔

۳-...... کتنی مدت کیلئے کرایہ پر لیا جارہا ہے اس کی تعیین۔

۴-...... متعینہ مدت کی اجرت کی تعیین۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار** " : (والزرع يترك بأجر المثل إلى إدراكه) رعاية للجانبين ، لأن له نهاية ." در مختار"................. قوله : (والزرع يترك) أي بالقضاء أو الرضاء ، قوله : (رعاية للجانبين) أي جانب المؤجر بإيجاب أجر المثل له وجانب المستأجر بإبقاء زرعه إلى انتهائه .(۹/ ٤٥ ، كتاب الإجارة ، باب ما يجوز من الإجارة وما يكون خلافاً فيها)

ما في " **المبسوط للسرخسي** " : ولأن في المعاوضات يجب النظر من الجانبين ولا يعتدل النظر بدون اللزوم .(۱۵/ ۷۹، كتاب الإجارة، دارالكتب العلمية بيروت)

(۲) ما في " **الدر المختار مع رد المحتار** " : وليس للآجر أن يفسخ بنفسه." درمختار".(۹/ ۳٦، كتاب الإجارة ، أيضاً :۹/ ۱۰٤، ۱۰۵ ، كتاب الإجارة ، باب فسخ الإجارة)

اگران میں سے کوئی ایک شرط بھی نہ پائی جائے تو اجارۂ اُرض (زمین کا اجارہ) فاسد ہو جائے گا، مثلاً: زمین کے اجارہ کے وقت مدتِ اجارہ طے نہ ہوئی، یعنی یہ طے نہ ہوا کہ اس زمین کو کتنی مدت کیلئے اجارہ پرلیا جارہا ہے، یا اس کی اجرت غیر متعین رہی تو پھر جہالت کی وجہ سے یہ عقد فاسد ہو جائے گا، اسی طرح زمین میں کیا کاشت کی جائے گی، اس کی تعیین بھی ضروری ہے، عدمِ تعیین کی بناء پر اجارہ فاسد ہوگا، ہاں اگر مستاجر کو اختیار دیدیا گیا کہ جو اس کا مَن چاہے کاشت کرے، اس صورت میں عقد درست ہوگا، لیکن اگر کسی نے نہ تعیین کی نہ تعمیم کی تو پھر یہ عقد فاسد ہو جائے گا۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": (صلاحية الأرض للزرع، وأهلية العاقدين، وذكر المدة).

"درمختار". قوله: (صلاحية الأرض للزرع) فلو سبخة أو نزّة لا تجوز، ولو لم تصلح وقت العقد بعارض على شرف الزوال كانقطاع الماء وزمن الشتاء ونحوه اهـ.......... وإنما شرط محمد بيان المدة في الكوفة ونحوها، لأن وقتها متفاوت عندهم وابتداؤها وانتهاؤها مجهول عندهم اهـ. لكن قال في الخانية بعد ذلك: والفتوى على جواب الكتاب: أي من أنه شرط. (۳۹۸/۹، كتاب المزارعة)

ما فی " **البدائع الصنائع** ": والأصل في شرط العلم بالأجرة قول النبي صلى الله عليه وسلم: **"من استأجر أجيراً فليعلمه أجره"**. والعلم بالأجرة لا يحصل إلا بالإشارة والتعيين أو بالبيان.

(۲۰/۶، ۲۱، كتاب الإجارة)

وأيضاً: وأما في إجارة الأرض فلا بد فيها من بيان ما تستأجر له من الزراعة والغرس والبناء وغير ذلك فإن لم يبين كانت الإجارة فاسدة إلا إذا جعل له ينتفع بها بما شاء.

(۵۴۷/۵، كتاب الإجارة، فصل في شرائط الركن)

ما فی " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** ": من استأجر أرضاً ولم يعين ما يزرعه ولم يعم على أن يزرع ماشاء فإجارته فاسدة، ولكن لو عين قبل الفسخ ورضى الآجر تنقلب إلى الصحة.

(۶۰۲/۱، كتاب الإجارة، باب إجارة العقار، المادة: ۵۲۴، الهداية: ۳۹۸/۳، كتاب الإجارات، باب ما يجوز من الإجارة وما يكون فلاناً فيها، آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۹۴/۶، فتاوی حقانیه: ۲۴۵/۶)

پٹہ دوامی کے جواز کی صورتیں

مسئلہ(۳۳۷): پٹہ دوامی کی صورت یہ ہوتی ہے کہ کوئی شخص حکومت یا کسی وقف کے ادارے یا بیت المال یا کسی کی شخصی ملکیت سے کوئی زمین متعین کرایہ کے ساتھ لے لے، اس عقد میں زمیندار کرایہ دار کے نام پر لکھ دے دیتا ہے کہ یہ زمین ہمیشہ ہمیش کیلئے کرایہ دار کو دی جارہی ہے، جس کے بعد کرایہ دار اور زمیندار اس بات سے بخوبی واقف رہتے ہیں کہ زمین پر اب ملکیت تو زمیندار کی رہے گی، لیکن اس کو ہمیشہ کیلئے استعمال کرنے کا حق کرایہ دار کے پاس ہی رہے گا، اور یہ معاملہ زمیندار یا کرایہ دار میں سے کسی ایک کی موت سے بھی ختم نہیں ہوتا، بلکہ استعمال کا یہ حق ایک نسل کے بعد دوسری نسل کی طرف منتقل ہوجاتا ہے، اور زمیندار کرایہ دار سے اس زمین کو کبھی بھی اس کی رضامندی کے بغیر واپس نہیں لے سکتا، فقہائے متأخرین نے جن صورتوں میں پٹہ دوامی کی اجازت دی ہے وہ صورتیں درجِ ذیل ہیں:

ا-......جس زمین یا مکان کو پٹہ دوامی کے طور پر دیا گیا ہے، وہ عقد کے شروع ہی سے پٹہ دوامی کے طور پر دیا گیا ہو، اور کرایہ دار کو مالک نے اس امر کی یقین دہانی کرادی ہو کہ کرایہ دار کا قبضہ اس پر سے ختم نہیں کیا جائیگا۔

۲-......کرایہ دار نے مالک کی اجازت سے قبضہ ختم نہ کرنے کی یقین دہانی کے بعد، اس زمین پر اپنا روپیہ اور محنت لگائی ہو، اور کوئی مستقل پائیدار عین قائم کردی ہو، مثال کے طور پر زمین ہموار کر کے اس میں کوئی کنواں یا نہر، یا حوض، یا عمارت وغیرہ تعمیر کرلی ہو۔

۳-...... پٹہ دوامی اوقاف کی زمین میں ہو، یا یہ زمین بیت المال کی ملکیت میں ہو، یا ایسی کرایہ کی زمین میں بھی پٹہ دوامی کیا جاسکتا ہے جس میں مالک نے کرایہ دار کو قبضہ ختم نہ کرنے کی یقین دہانی کرواکر پٹہ دوامی لکھ دیا ہو، جس کی بنیاد پر اس نے اس زمین پر کوئی پائیدار عین تعمیر کرلی ہو، ان شرائط

کے ساتھ زمین کو پٹہ دوامی پر دینا شرعاً جائز ہے، اور کرایہ دار کا قبضہ اس وقت تک ختم کرنا جائز نہ ہوگا، جب تک کہ وہ مندرجہ ذیل شرائط کی پابندی نہ کرے:

(الف)......جائداد کا متعین کرایہ یا بٹائی کا حصہ پابندی سے ادا کرتا ہے۔

(ب)......کرایہ دار یا کاشتکار کیلئے لازم ہے کہ وہ اس زمین کی وہ اجرت ادا کرتا رہے جو اس وقت اس جائداد کی عرف ورواج میں ہو، یعنی اجرتِ مثل ادا کرتا رہے، اگر اس جائداد کا کرایہ معاملہ کرنے کے بعد بڑھ جائے تو کرایہ دار کیلئے بھی لازم ہوگا کہ وہ بھی اس جائداد کا کرایہ بڑھا دے، اور عرف ورواج کے مطابق کرایہ ادا کرتا رہے، لیکن یہاں اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ جائداد کی اجرتِ مثل میں اس حالت کا اعتبار کیا جائے گا جو کرایہ دار کے اس زمین میں عمل اور تصرف کرنے سے پہلے تھی، مثال کے طور پر ایک کرایہ دار نے زمین دس ہزار (10,000) روپئے ماہانہ کرایہ پر لی، بعد میں ایسی ہی حالت وصفت والی زمین کا کرایہ بارہ ہزار (12000) روپیہ ہوگیا، تو اب کرایہ دار کے لیے اس زمین کا کرایہ بارہ ہزار (12000) روپئے ہی ادا کرنا ضروری ہوگا، کاشتکار یا کرایہ دار کے عمل سے اس زمین کے کرایہ میں اگر کوئی اضافہ ہوا ہے تو اس کا اجرتِ مثل میں اعتبار نہیں کیا جائے گا، بلکہ اس عمل اور تصرف سے پہلے کی حالت کا اعتبار کرتے ہوئے اجرتِ مثل کا تقرر ہوگا۔

(ج)......کاشتکار یا کرایہ دار اس زمین کو تین سال تک معطل نہ چھوڑے۔

اگر شرائطِ مذکورہ میں سے کسی شرط کی خلاف ورزی کی گئی تو کرایہ دار یا کاشتکار کا اس زمین پر سے دائمی حقِ استعمال ختم ہوجائے گا، اور اگر اس نے ان شرائط کی پابندی کی، تو اس کا اس جائداد پر دائمی حقِ استعمال ثابت ہوجائے گا، اور اس کے انتقال کے بعد یہی حق اس کے ورثاء کی طرف منتقل ہوجائے گا، لیکن یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ پٹہ دوامی میں جائداد پر جو دائمی ''حق'' کرایہ دار کو ملتا ہے اور اس کے انتقال کے بعد اس کے ورثاء کی طرف منتقل ہوجاتا ہے وہ ملکیت کے

ساتھ نہیں ہوتا، بلکہ ملکیت تو درحقیقت اصل مالک کی ہی رہتی ہے، اوراس زمین یا جائداد کو استعمال کرنے کا حق پٹہ دوامی میں کرایہ دار کو ملتا ہے،اس کے انتقال کے بعد یہی حق ورثاء کی طرف منتقل ہوتا ہے، چونکہ پٹہ دوامی میں ملکیت نہیں ہوتی بلکہ ''حق'' ہوتا ہے، اسی لیے کرایہ دار کے انتقال کے بعد فقہاء کے نزدیک یہ حق ورثاء میں سے صرف لڑکوں کو ملے گا،لڑکیوں اور دوسرے ورثاء کو یہ حق منتقل نہیں ہوگا۔

جبکہ بعض فقہاء کے نزدیک لڑکے نہ ہونے کی صورت میں لڑکی اوراگر وہ نہ ہوتو حقیقی باپ، بھائی کو،اوروہ بھی نہ ہوتو حقیقی ہمشیرہ کواوروہ بھی نہ ہوتو ماں کوحق دیا جائے گا۔

نوٹ:-...... پٹہ دوامی کی صورت چوں کہ اصل ضابطۂ اجارہ اور فقہاء کی ذکرکردہ تصریحات کے مطابق نہیں ہے، اس لیے فقہاء نے اجارہ کی اس صورت کو ناجائز کہا ہے، البتہ علامہ شامی رحمہ اللہ نے مختلف فقہاء کی عبارتیں اس صورت کے عدمِ جواز پر نقل کی ہیں، پھر قنیہ سے اس کا جواز ثابت کیا ہے،اوراس کے جواز کی تائید میں امام خصاف رحمہ اللہ کی عبارت پیش کی ہے۔

چونکہ فقہاء کی عبارات اس مسئلہ میں مختلف ہیں اوران کے درمیان اضطراب پایا جاتا ہے، اس لئے ان عبارتوں کے درمیان اس طرح تطبیق دی جائے گی کہ جن عبارتوں سے پٹہ دوامی کا عدمِ جواز ثابت ہوتا ہے، ان کا مطلب یہ سمجھا جائے گا کہ چونکہ پٹہ دوامی کی عمومی نوعیت عام شرعی ضابطوں کے خلاف ہے اس لئے یہ صورت ناجائز ہوگی،اور جن عبارتوں سے پٹہ دوامی کا جواز ثابت ہوتا ہے، ان کا مطلب یہ سمجھا جائے گا کہ ان سے مراد وہ خاص صورتیں ہیں جن کواوپر بیان کیا گیا، اس لئے اگران خاص خاص صورتوں کے مطابق پٹہ دوامی کواختیار کیا جائے تو جائز طریقۂ کار کی وجہ سے وہ مستثنیٰ ہوگی،اورفقہاء کرام کے فتوی کے مطابق جائز ہوگی۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في ''**رد المحتار**'': قال ابن عابدين رحمه الله: وفي وفتاوى العلامة المحقق عبد الرحمن آفندي العمادي مفتي دمشق جواباً لسؤال عن الخلو المتعارف بما حاصله: أن حكم العام قد يثبت =

....

....

= بالعرف الخاص عند بعض العلماء كالنسفي وغيره ، ومنه الأحكار التي جرت بها العادة في هذه الديار، وذلك بأن تمسح الأرض وتعرف بكسرها ويفرض على قدر من الأذرع مبلغ معين من الدراهم ويبقى الذي يبنى فيها يؤدي ذلك القدر في كل سنة من غير إجارة كما ذكره في " أنفع الوسائل " فإذا كان بحيث لو رفعت عمارته لا تستأجر بأكثر تترك في يده بأجر المثل ، ولكن لا ينبغي أن يفتى باعتبار العرف مطلقاً خوفاً من أن ينفتح باب القياس عليه في كثير من المنكرات والبدع ، نعم يفتى به فيما دعت إليه الحاجة وجرت به في المدة المديدة العادة وتعارفه الأعيان بلا نكير كالخلو المتعارف في الحوانيت ، وهو أن يجعل الواقف أو المتولي أو المالك على الحانوت قدراً معيناً يؤخذ من الساكن ويعطيه به تمسكاً شرعياً فلا يملك صاحب الحانوت بعد ذلك إخراج الساكن الذي ثبت له الخلو ولا إجارتها لغيره ما لم يدفع له المبلغ المرقوم ، فيفتى بجواز ذلك قياساً على بيع الوفاء الذي تعارفه المتأخرون احتيالاً عن الربا ، حتى قال في مجموع النوازل : اتفق مشايخنا في هذا الزمان على صحته بيعاً لاضطراب الناس إلى ذلك ، ومن القواعد الكلية : " إذا ضاق الأمر اتسع حكمه " . فيندرج تحتها أمثال ذلك مما دعت إليه الضرورة . والله أعلم .(٩/٣٥،كتاب الإجارة ، مطلب في المرصد والقيمة ومشد المسكة)

ما في " **مجموعة رسائل ابن عابدين** " : وقال ابن عابدين في رسائله : ذكر في البحر عن القنية ما نصه : استأجر أرضاً وقفاً وغرس فيها وبنى ثم مضت مدة الإجارة فللمستأجر أن يستبقيها بأجر المثل إذا لم يكن في ذلك ضرر ولو أبى الموقوف عليهم إلا القلع ليس لهم ذلك انتهى . قال في البحر : وبهذا يعلم مسألة الأرض المحتكرة وهي منقولة أيضاً في أوقاف الخصاف انتهى . ... قال ابن عابدين : قلت : حاصله أن كلام المتون والشروح وإن كان شاملاً للوقف والملك لكن كلام القنية حيث اعتضد بما ذكره الخصاف صار مخصصاً لكلام المتون والشروح بالملك ويكون الوقف خارجاً عن ذلك فللمستأجر الاستبقاء بأجر المثل بشرط عدم الضرر على الوقت أصلاً ولكن اضطرب كلام الخير الرملي =

....

....

= في فتاواه فتارة أفتى بهذا وتارة أفتى بإطلاق المتون والشروح حيث (سئل) في أرض سلطانية وقف معدة لغراس (إلى قوله) أجاب: نعم له الاستبقاء حيث لا ضرر على الجهة ولزوم الضرر على الغارس ثم نقل ما مر عن القنية والبحر ، ثم قال واقف على أن الشرع يأبى الضرر خصوصاً والناس على هذا وفي القلع ضرر عليهم وفي الحديث الشريف عن النبي المختار : " **لا ضرر ولا ضرار** ". والله أعلم........ ...... وفي مجموعة رسائل ابن عابدين : قد يثبت حق القرار بغير البناء والغرس بأن تكون الأرض معطلة فيستأجرها من المتكلم عليها ليصلحها للزراعة ويحرثها ويكبسها وهو المسمى بمشد المسكة فلا تنزع من يده ما دام يدفع ما عليها من القسم المتعارف كالعشرة ونحوه وإذا مات عن ابن توجه لإبنه فيقوم مقامه فيها .... ثم نقل عن مجموعة عبد الله آفندي أنها عند عدم الإبن تعطى لبنته ، فإن لم توجد فلأخيه لأب فإن لم يوجد فلأخته الساكنة فيها فإن لم توجد فلأمه ، (وذكر العلائي) في خراج الدر المنتقى : تنتقل للإبن ولا تعطى البنت حصته وإن لم يترك إبناً بل بنتاً لا تعطى ويعطيها صاحب التيمار لمن أراد ....(وفي) الحامدية : أيضاً في مزرعة وقف تعطلت بسبب تعطل قناتها ودثورها آجرها الناظر لمن يعزل قناتها ويعمرها من ماله ليكون مرصداً له عليها للضرورة الداعية وأذن له بحرثها وكبسها بالتراب وتسويتها ليكون له حق القرار فيها المعبر عنه بالمسكة وبالغراس و البناء ليكون ذلك ملكاً له فإنه يصح ....(وعلمت) أن هذا شامل للأرض الملك والوقف إلا إذا كانت أرض الوقف معدة لذلك كالقرى والمزارع التي أعدت للزراعة والاستبقاء في أيدي فلاحيها الساكنين فيها والخارجين عنها بأجرة المثل من الدراهم أو بقسم من الخارج كنصفه وربعه ونحو ذلك مما هو قائم مقام أجرة المثل ومثل ذلك الأراضي السلطانية فإن ذلك كله لا يتم عمارته والانتفاع به المعتبر إلا ببقائه بأيدي المزارعين ......فكانت الضرورة داعية إلى بقائها بأيديهم إذا كان لهم فيها كردار أو مشد مسكة ما داموا يدفعون أجرة مثلها ولم يعطلوها ثلاث سنين كما مر .(۱۵۴ـ۱٤۷/۲ ، بیروت، اسلام کا قانون اجارہ: ۳۹۰)

اجارة الاعیان یعنی چیزوں کو کرایہ پر دینا

مسئلہ(۳۳۸): اجارۃ الاعیان سے مراد چیزوں کو کرائے پر دینا، گاڑی کو کرائے پر دینا، اس میں ملکیتِ مالک باقی رہتی ہے، مستاجر صرف منفعت پر قابض ہوتا ہے۔

اجارۃ الأعیان کے صحیح ہونے کے لئے چند شرائط ہیں:

ا-...... عقد، منفعتِ مباحہ پر ہو، جیسے کسی کو دوکان، دکانداری کے لئے، یا دھوبی کام کیلئے دینا(۱)، اگر شراب بیچنے کیلئے مکان ودوکان کرائے پر دیا تو یہ جائز نہ ہوگا، اور حاصل ہونے والی اجرت بھی حرام شمار کی جائے گی، اسی طرح سودی بینک یا انشورنس آفس، یا غیر مسلم کی عبادت گاہ کے لیے کرایہ پر دینا وغیرہ جائز نہیں بلکہ حرام ہوگا، اسی طرح گانا بجانا، موسیقی، نوحہ خانی وغیرہ امور کے لیے کرایہ پر دینا اور اجرت لینا جائز نہ ہوگا(۲)۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الفقه الإسلامي وأدلته** ": أن تكون المنفعة المعقود عليها مباحاً شرعاً: كاستئجار كتا ب للنظر والقراء ة فيه والنقل منه، واستئجار دار للسكنى فيها. (۵/۳۸۱۷، ۳۸۱۸)

(۲) ما في " **الفقه الإسلامي وأدلته** " : لا يجوز الاستئجار على المعاصي كاستئجار الإنسان للعب واللهو المحرم وتعليم السحر والشعر المحرم وانتساخ كتب البدع المحرمة، وكاستئجار المغنية والنائحة للغناء والنوح لأنه استئجار على معصية والمعصية لا تستحق بالعقد ....فالقاعدة الفقهية إذن: " الاستئجار على المعاصي لا يجوز". (۵/۳۸۱۷، ۳۸۱۸)

ما فی " **الفتاوى الهندية** ": ولا تجوز الإجارة على شيء من الغناء والنوح والمزامير والطبل وشيء من اللهو، وعلى هذا الحداء وقراء ة الشعر وغيره ولا أجرة في ذلك، وهذا كله قول أبي حنيفة وأبي يوسف ومحمد رحمهم الله تعالى كذا في غاية البيان.

(۴/۴۴۹، الباب السادس عشر في مسائل الشيوع في الإجارة والاستئجار على الطاعات والمعاصي والأفعال المباحة)

۲-......مدت متعین ہو، تاکہ بعد میں جھگڑا وفتنہ پیدا نہ ہو(۱)۔

۳-......لیز(Lease) یعنی اجارہ پر دی جانے والی چیز کا ذوات القیم میں سے ہونا ضروری ہے(۲)۔

۴-......لیز(Lease) یعنی اجارہ کے صحیح ہونے کیلئے یہ ضروری ہے کہ لیز (اجارہ) پر دی گئی چیز مؤجر(Leaser) ہی کی ملکیت میں رہے، اور مستاجر(Leaseholder) کو صرف حقِ استعمال منتقل ہو۔

لہذا ہر ایسی چیز جسے صَرف یعنی ختم کئے بغیر یا اپنے پاس سے نکالے بغیر استعمال نہیں کیا جاسکتا، ان کی لیز(Lease) بھی نہیں ہوسکتی، اسی لئے نقد رقم، کھانے پینے کی اشیاء، ایندھن اور گولہ بارود وغیرہ کو لیز(Lease) یعنی کرایہ پر دینا ممکن نہیں ہے، کیوں کہ انہیں خرچ کئے بغیر ان کا استعمال ممکن نہیں، اور اگر ان مذکورہ اشیاء میں سے کوئی چیز لیز (اجارہ) پر دے دی گئی تو اسے قرض سمجھا جائے گا، اور قرض کے سارے احکام اس پر جاری ہوں گے، اس غیر صحیح لیز (اجارہ) پر جو بھی کرایہ لیا جائے گا، وہ قرض پر لیا جانے والا سود ہوگا(۳)۔

---

(۱) ما في "**الفقه الإسلامی وأدلته**": تعيين المدة والعمل إذا كان لا بد من تعيين المدة في إجارة المنافع كإجارة المنازل ونحوها. (۳۸۱۲/۵)

(۲) ما في "**الفقه الإسلامي وأدلته**": أن تكون الأجرة مالاً متقوماً معلوماً وهذا باتفاق العلماء. (۳۸۲۲/۵)

وأيضاً: والمنفعة يشترط أن تكون متقومة أي ذات قيمة شرعاً أو عرفاً. (۳۸۳۳/۵)

(۳) ما فی "**بدائع الصنائع**": لا يجوز استئجار الدراهم والدنانير والمكيلات والموزونات لأنه لا يمكن الانتفاع بها إلا بعد استهلاك أعيانها. (۵۲۰/۵، كتاب الإجارة) =

۵-......لیز (Lease) پر دی گئی جائیداد مؤجر (Leaser) کی اپنی ذاتی ہو(۱)۔

۶-......مستاجر (Lease holder) کی طرف سے اس چیز کے غلط استعمال، غفلت وکوتاہی کی وجہ سے جو نقصان ہو تو وہ اس کا معاوضہ دینے کا ذمہ دار ہوگا(۲)۔

۷-......لیزنگ (Leasing) میں، مالک طے شدہ چیز کو، طے شدہ مدت کیلئے، مستاجر (Lease Holder) کے قبضہ میں انتفاع کیلئے کسی طے شدہ عوض کے ساتھ دیدے(۳)۔

= ما فی " **الفقه الإسلامی وأدلته** ": والمعقود عليه في الإجارة هي المنفعة لا العين، لهذا كله فإن المقرر أن: " كل ما ينتفع به مع بقاء عينه تجوز إجارته وما لا فلا ".

(۳۸۰۵/۵، دررالحكام شرح مجلة الأحكام: ۴۵۱/۱، المادة: ۴۲۰)

وما في " **الفقه الإسلامی وأدلته** ": والإجارة بيع المنفعة لا بيع العين، ولا تجوز إجارة الشاة للبنها أوسمنها أو صوفها أو ولدها. (۳۸۰۴/۵)

ما في " **إعلاء السنن** " : عن فضالة بن عبيد رضي الله عنه صاحب النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال : " **كل قرضٍ جر منفعة فهو وجه من وجوه الربا** ".(۵۶۷/۱۴، باب كل قرض جر منفعة فهو ربا)

(۱) ما فی " **الفقه الإسلامی وأدلته** ": ويشترط فيها أن يكون في مقدور المؤجر تسليمها فلا يصح إجارة المغصوب لغيره من في يده. (۳۸۳۴/۵)

(۲) ما فی "**درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : من استحق منفعة معينة بعقد إجارة فله استيفاء مثلها أو ما دونها وليس له أن يتجاوز إلى ما فوقها، فعليه إذا خالف المستأجر ماذونيته بالتجاوز إلى ما فوق المشروط وجب عليه الضمان لكونه تعدى .(۷۰۰/۱، المادة: ۶۰۵)

(۳) ما في " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : تسليم المأجور هو عبارة عن إجازة الآجر ورخصته للمستأجر بأن ينتفع به بلا مانع. (المادة: ۵۸۲)

وأيضاً : تسليم المأجور هو عبارة عن إجازة الآجر ورخصته للمستأجر بقبض المأجور وتسليمه والانتفاع به بلا مانع ولا حائل. (۶۶۵/۱)

۸-......لیز پر دی جانے والی چیز کا اچھی طرح متعین ہونا ضروری ہے(۱)۔

۹-......لیز (Lease) پر دی جانے والی چیز مدت کے دوران مؤجر (Leaser) کے ضمان (Risk) میں رہے گی، جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی سبب سے نقصان ہوجائے، جو مستاجر (Lease Holder) کے اختیار سے باہر ہو، تو یہ اختیار مؤجر (Laser) یعنی مالک برداشت کرے گا(۲)۔

---

(۱) ما في " **الفقه الإسلامي وأدلته** " : يلزم تعيين المأجور بناء عليه لا يصح إيجار أحد الحانوتين من دون تعيين أو تمييز. (المادة: ٤٤٩)

وأيضاً : يلزم في صحة الإجارة (أي عدم فسادها) تعيين المأجور..........لأن الجهل بالمأجور يستلزم الجهل بالمنفعة وهو مما يؤدي إلى التنازع، فإن تعيين المأجور بعد العقد وحصل رضاء الطرفين فالإجارة صحيحة. (۱/۵۰۲)

(۲) ما في " **الفقه الإسلامي وأدلته** " : ضمان العين المستأجرة: تعتبر يد المستأجر على العين المستأجرة في إجارة المنافع يد أمانة فلا يضمن ما يتلف بيده إلا بالتعدي أو التقصير في الحفظ ويتقيد في الانتفاع بمقتضى العقد وما شرط فيه وما جرى به العرف.(٥/٣٨٤٧)

اشیاءِ منقولہ اور استعمالی اشیاء کا اجارہ

مسئلہ(۳۳۹): استعمالی اشیاء کا اجارہ جائز ہے، بشرطیکہ مدتِ اجارہ اور اجرت متعین ہو، مثال کے طور پر کوئی شخص ڈیکوریشن (Decoration) کا سامان، یا اسلحہ، یا اشیاءِ منقولہ میں سے کوئی چیز کرایہ پر لے، تو اس کے لئے ضروری ہے کہ مدتِ اجارہ اور اجرت کو متعین کرے، نیز اس بات کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے کہ اس چیز کا استعمال عرف وعادت کے مطابق ہی کرے، مثلاً: گاڑی کرایہ پر لی تو اس کو ان راستوں پر چلائے جہاں عام طور پر گاڑیاں چلتی ہیں، نہ کہ ایسی جگہ جہاں گاڑیاں نہ چلتی ہوں، لہذا اگر غیر معروف راستہ پر گاڑی چلانے کی وجہ سے کوئی نقصان ہو جائے تو مستأجر ضامن ہوگا، اسی طرح اگر موجر اور مستاجر کے مابین یہ طے ہو جائے کہ وہ اشیاء ماجور کو فلاں کام کے لئے استعمال کرے گا، لیکن عقد کرنے کے بعد مستاجر نے کرایہ پر لی ہوئی شئ سے وہ کام نہ لیا، بلکہ دوسرے کام میں استعمال کیا اور کوئی نقصان ہو گیا، تو اس صورت میں بھی مستاجر ضامن ہوگا۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی "**درر الحكام شرح مجلة الأحكام**" : يجوز إجارة الألبسة والأسلحة والخيام وأمثالها من المنقولات إلى مدة معلومة في مقابل بدل معلوم .

(۱/۶۱۹، كتاب الإجارة، الفصل الثالث في إجارة العروض)

ما فی " **بدائع الصنائع** ": إذا استأجر دابة ليحمل عليها عشرة مخاتيم شعير، فحمل عليها عشرة مخاتيم حنطة فعطبت، يضمن قيمتها، لأن الحنطة أثقل من الشعير، وليست من جنسه، فلم يكن ماذوناً فيه أصلاً، فصار غاصباً، كل الدابة متعدياً عليها فيضمن كل قيمتها ولا أجر عليه، لأن الأجر مع الضمان لا يجتمعان، لأن وجوب الضمان لصيرورته غاصباً، ولا أجرة على الغاصب على أصلنا.

(۶/۶۰، كتاب الإجارة، فصل في حكم الإجارة) =

مشینری کا اجارہ

مسئلہ(۳۴۰): آج کل بہت سے بینک اور کمپنیاں، مشینری، گاڑیاں اور مختلف ذرائعِ حمل ونقل کا اجارہ کرتی ہیں، اجارہ کرتے وقت وہ مختلف شرائط وضوابط پر مشتمل ایک معاہدہ (Agreement) تیار کرتی ہیں، جن پروجیکٹ (Project) یا مشنری (Machinery) کو بینک (Bank) یا لیزنگ کمپنی (Leasing Company) کرایہ داری پر دینا چاہتی ہے، تو وہ خواہش مند کمپنی سے ایک معاہدہ (Agreement) کرتی ہے، اس کے بعد بینک اس کمپنی کو اپنا مطلوبہ سامان بینک یا لیزنگ کمپنی (Leasing Company) کے اپنے نام پر خریدنے کی اجازت دے دیتا ہے (جس کے مصارف کی تعیین معاہدہ میں طے شدہ ہوتی ہے) معاہدہ کے مطابق بینک یا لیزنگ کمپنی سپلائرز (Supplyer,s) کو اس مال کی قیمت طے شدہ مدت کے اندر براہِ راست ادا کردیتی ہے۔

= ما فی " **الفتاوی الهندية** ": ولو استأجر ثوباً ليلبسه مدة معلومة فليس له أن يلبس غيره للتفاوت في اللبس وينصرف إلى اللبس المعتاد في النهار، وأول الليل إلى وقت النوم وآخرها عند القيام لا ينام فيه بالليل وإن فعل وتخرق ضمن............ وإن كان ثوباً ينام فيه في الليل يجوز أن ينام فيه.

(٤/٤٦٦، كتاب الإجارة، الباب العشرون في إجارة الثياب، وكذا في بدائع الصنائع:٦/٤٧، كتاب الإجارة، فصل في حكم الإجارة)

ما فی " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** ": من استأجر ثياباً على أن يلبسها بنفسه فليس له أن يلبسها غيره........ .. ليس لأحدٍ استأجر ثياباً ليلبسها غيره بإعارة أو إجارة أو غير ذلك لأن التقييد هنا مقيد، إذ أن الناس تتفاوت في لبس الثياب فليس لبس الرجل الذي يجلس في مكتبة طول النهار كلبس الجزار.

(١/٦٢١، كتاب الإجارة، الفصل الثاني، آپ کے مسائل اور ان کا حل:٦/١٨٨)

اس کے جواز وعدمِ جواز کی دوصورتیں ہیں:

۱-……پہلی صورت تو یہ ہے کہ بینک یالیزنگ کمپنی اشیاءاورسامان خودخرید کر بحیثیتِ مالک اس پر خود قبضہ بھی کرلے، اورپھر اجرت ومدتِ معلومہ کے ساتھ اپنے گاہک کوکرایہ پر دیدے، چونکہ ان اشیاء کو بینک دوسرے شخص کوکرایہ پر دیتا ہے، اس لئے مدتِ اجارہ پوری ہوجانے کے بعد یہ اشیاء دوبارہ بینک کے قبضہ میں آجائیں گی، اس کے بعد فریقین کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ دوبارہ عقدِ اجارہ ازسرِ نو کرلیں، یافریقین آپس میں اس وقت کوئی ثمن طے کرکے عقدِ بیع کرلیں، بینک کو یہ بھی اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ان اشیاءاورسامان کا کسی اور گاہک کے ساتھ کرایہ داری کا معاملہ کرلے، یا کسی دوسرے گاہک کے ہاتھ اس کوفروخت کردے، یہ طریقہ بالکل بے غباراورشرعی اعتبار سے متفقہ طور پر جائز ہے(۱)۔

۲-……دوسری صورت یہ ہے کہ لیزنگ کمپنی (Leasing Company) اور بینک (Bank) ایسی اشیاءاورسامان کوکرایہ پردے، جوکہ عقد کے وقت اس کی ملکیت میں نہ ہوں، یعنی عقدتو بینک یالیزنگ کمپنی پہلے کرے،

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الفقه الحنفي في ثوبه الجديد** ": يشترط في الإجارة أن تكون الأجرة والمنفعة معلومتين لأن جهالتهما تفضى إلى المنازعة كجهالة الثمن والمثمن في البيع……. ……… فيصح العقد على مدة معلومة أيّ مدة كانت،لأن المدة إن كانت معلومة كان قدر المنفعة فيها معلوماً إذا كانت المنفعة لا تتفاوت. (۳٤۲/٤، كتاب الإجارة)

ما فی " **الفقه الإسلامی وأدلته** ": وأما بيان المدة فهو مطلوب في إجارة الدور والمنازل والبيوت والحوانيت وفي استئجار الظئر (المرضع) لأن المعقود عليه لا يصير معلوم القدر بدونه فترك بيانه يفضي إلى المنازعة. (۳۸۰۹/۵)

اورسامان کی خریداری اوراس کوکرایہ پر دینے کیلئے اپنی ملکیت میں لانے کا عمل عقدِ اجارہ کے بعد ہو، ایسی صورت میں عقدِ اجارہ کرنے کے بعد بینک وہ سامان اپنے گاہک (Customer) کے نام ہی پر خریدے، اور پھر بینک اپنے گاہک کواس سامان پر قبضہ کرنے کا وکیل بنادے، ایسے موقع پر بینک ایک تاریخ مقرر کردیتا ہے، کہ فلاں تاریخ تک عقدِ بیع مکمل ہوجائے گا، اوراس کے بعد فلاں تاریخ سے عقدِ اجارہ شروع ہوجائے گا، لہذا اجارہ کی معینہ تاریخ کے بعد بینک اس سامان کا کرایہ وصول کرنا شروع کردیتا ہے، یہاں تک کہ عقدِ اجارہ کی مدت معاہدہ کے مطابق پوری ہوجائے، اور بینک اپنے تمام واجبات گاہک (Customer) سے وصول کرلے، تو پھر بینک وہ سامان معمولی قیمت پراسی گاہک کے ہاتھ فروخت کردے گا، اس دوسری صورت میں فقہی اعتبار سے چندامور قابلِ غور ہیں۔

ا۔......جس وقت بینک عقدِ اجارہ کرتا ہے، اس وقت بینک اس چیز کا مالک بھی نہیں، اور نہ ہی اس چیز پر بینک کا قبضہ ہوتا ہے، اور جو چیز ملکیت میں نہ ہو اس کو اجارہ پر دینا بھی جائز نہیں، اس لئے کہ یہ عقد ربح ما لم یضمن (ایسی چیز سے نفع حاصل کیا جائے جس کا رسک وہ قبول نہ کرے) کے قبیل سے ہے جو کہ حدیث شریف کی رو سے ناجائز ہے، لہذا شرعی اعتبار سے اس میں چند خرابیاں پائی جاتی ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔

ا۔...... یہ عقدِ اجارہ قبل القبض ہونے کی بناء پر ناجائز ہے۔

۲۔...... یہ اشیاء کا، اپنے ضمان (Risk) میں آنے سے پہلے عقدِ اجارہ ہے، اور یہ بھی ناجائز ہے(۱)۔

---

(۱) ما فی " **السنن الترمذی** " : عن عمرو بن شعيب قال: حدثني أبي عن أبيه حتى ذكر عبد الله بن عمرو أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : "**لا يحل سلف وبيع، ولا شرطان في بيع، ولا ربح ما لم يُضمَن، ولا بيع ما ليس عندك** ". (۲/۲۷۲، رقم الحديث:۱۲۳٤)

ما فی " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** " : وقول المجلة "**له أن يبيع**" يقصد به الاحتراز من الإيجار =

۳-......عقدِ اجارہ میں مدتِ اجارہ کے ختم پر اس چیز کو بیچنے کی شرط لگانا بھی ناجائز ہے۔
۴-......صفقة في صفقة یعنی دو معاملات کو بیک وقت کرنا لازم آتا ہے، اور یہ بھی جائز نہیں، اس لیے اگر مذکورہ طریقے پر بھی اجارہ کیا جائے تو یہ عقدِ اجارہ جائز نہ ہوگا(۱)۔
البتہ اس معاملہ کو شریعت کے مطابق کرنے کیلئے چند امور کا لحاظ کرنا ہوگا۔
۱-......جس وقت معاملہ ہو، اس وقت عقدِ اجارہ کو منعقد نہ مانا جائے، بلکہ عقدِ اجارہ کا صرف وعدہ کیا جائے، اور گاہک کے پاس سامان آنے کے بعد بینک یا لیزنگ کمپنی (Leasing Company) گاہک سے عقدِ اجارہ باقاعدہ تحریری یا زبانی طور پر کرلیں، اب اگر سامان گاہک کی تعدی کے بغیر ہلاک ہوجائے، تو نقصان لیزنگ کمپنی یا بینک کا شمار ہوگا، کیونکہ عقدِ اجارہ کی وجہ سے سامان گاہک کے پاس امانت ہے، اور امانت پر بغیر تعدی کے ضمان نہیں آتا(۲)۔ اس صورت میں پہلی

= فإنه إذا كان المبيع عقاراً فقد اختلف في إيجاره قبل القبض، فقال بعض الفقهاء بعدم الجواز بالاتفاق وهذا هو الصحيح المفتى به. (۱/۲۳۶، المادة: ۲۵۳)

ما فی " **الفقه الحنفی فی ثوبه الجديد** ": لو باع العقار بربح يلزم ربح ما لم يضمن، وصار بيع العقار كإجارته، وإجارته قبل قبضه لا تجوز فكذا بيعه. (۴/۱۹۸، أحكام التصرف في المبيع والثمن قبل القبض)

(۱) ما فی " **جمع الجوامع** ": لقد ثبت عن النبي صلى الله عليه وسلم النهي عن بيعتين وعن شرطين في بيعةٍ، روي عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: " **نهى النبي صلى الله عليه وسلم عن بيعتين في بيعةٍ** ".
(۸/۳۴، سنن الترمذي: ۲/۲۷۰، رقم الحديث: ۱۲۳۱، الفقه الإسلامي وأدلته: ۵/۳۴۵۸)

(۲) ما فی " **الهدايه** ": لأن العين المستأجرة أمانة في يد المستأجر.......... والمتاع أمانة فی يده، فإن هلك لم يضمن شيئاً عند أبي حنيفة. (۳/۳۰۸، كتاب الإجارات)

ما فی " **الفقه الإسلامی وأدلته** ": ضمان العين المستأجرة: تعتبر يد المستأجر على العين المستأجرة في إجارة المنافع يد أمانة فلا يضمن ما يتلف بيده إلا بالتعدي أو التقصير في الحفظ، ويتقيد في الانتفاع بمقتضى العقد وما شرط فيه وما جرى به العرف. (۵/۳۸۴۷، كتاب الإجارة) =

جو دو خرابیاں لازم آرہی تھیں وہ ختم ہوجائیں گی (یعنی قبضہ سے پہلے اجارہ، اور مالک کے رسک میں اس شئی کا نہ آنا)۔

۲-......تیسری اور چوتھی خرابی کا حاصل یہ ہے کہ عقدِ اجارہ کے وقت بیع نہ کی جائے، بلکہ وعدۂ بیع کیا جائے، جس کو عقدِ اجارہ میں بطورِ شرط کے مقرر کرلیا جائے، احناف اور شوافع کے نزدیک گرچہ یہ جائز نہیں (۱)، لیکن مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک جائز ہے (۲)۔ لہٰذا ضرورتِ شدیدہ، تعاملِ ناس اور عمومِ بلویٰ جیسے اصولوں کی بناء پر مذہبِ غیر پر عمل کرکے **تیسیراً للناس** اس کو اختیار کیا جائے (۳)۔ یا پھر وعدۂ بیع اور اجارہ کو آپس میں مشروط نہ کیا جائے، بلکہ دو عقد الگ الگ کئے جائیں،

= ما فی " **الفقه الحنفی فی ثوبه الجدید** ": العين المستأجرة أمانة في يد المستأجر إن تلفت بغير تفريط لم يضمنها، لا نعلم في هذا خلافاً لأنه قبض العين لاستيفاء يستحقها منها، وإذا انقضت المدة فعليه رفع يده. (٤/٣٦١، كتاب الإجارة، العين المستأجرة أمانة في يد المستأجر)

(١) ما فی " **السنن الترمذی** ": لقد ثبت عن النبي صلى الله عليه وسلم النهي عن بيعتين وعن شرطين في بيع، روي عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: **نهى النبي صلى الله عليه وسلم عن بيعتين في بيعة.** (٢/٢٧٠)

ما فی " **الفقه الإسلامی وأدلته** ": قال الحنفية: البيع فاسدٌ لأن الثمن مجهول لما فيه من تعليق وإبهام دون أن يستقر الثمن على شيء. (٥/٣٤٥٨، ٣٤٦٠)

(٢) ما فی " **الفقه الإسلامی وأدلته** ": وقال مالك: يصح هذا البيع ويكون من باب الخيار. (٥/٣٤٦٠، كتاب الإجارة)

(٣) ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": فالأولى الجمع بين المذهبين لأنه كالتلميذ لأبي حنيفة، ولذا مال أصحابنا إلى بعض أقواله ضرورةً كما في ديباجة المصفى. قهستاني. وفي حاشية الفتال: وذكر الفقيه أبو الليث في تأسيس النظائر أنه إذا لم يوجد في مذهب الإمام قول في مسئلة يرجع إلى مذهب =

ایک عقد میں صرف وعدۂ بیع کیا جائے ، اور دوسرے عقد میں اجارہ کیا جائے ،جس کی صورت یہ ہوگی کہ عقد میں وعدے کیلئے ایک معاہدہ (Agreement) تیار کیا جائے ،جس میں یہ وعدہ ہو کہ ہم پہلے عقدِ اجارہ کریں گے ،اب وعدہ کے مطابق دونوں کے درمیان وقتِ متعینہ پر عقدِ اجارہ ہوگا ، جس میں بیع کا کوئی ذکر نہ ہوگا ، پھر مدتِ اجارہ کے اختتام پر بیع کر لی جائے جس میں کوئی شرط نہ ہو، اس طرح دو عقد علیحدہ علیحدہ ہو جائیں گے اور غیر مشروط ہوں گے ،لہذا صفقة في صفقة اور اجارہ بالشرط والی دوسری دونوں خرابیاں بھی ختم ہو جائیں گی ،یعنی عقدِ اجارہ کے وقت مدتِ اجارہ پر بیع کی شرط لگانا ، اور دو معاملات کو ایک عقد میں کرنا ، اس تھوڑی سی تبدیلی اور ترمیم سے یہ بیع شریعتِ مطہرہ کے مطابق ہو جائے گی ، اور معاملہ جائز ہوگا۔

نوٹ : -...... یہ مسئلہ کافی پیچیدہ ہے لہذا سمجھ میں نہ آنے کی صورت میں مفتیانِ کرام کی جانب رجوع کیا جائے۔

= مالك لأنه أقرب المذاهب إليه اهـ.

(۵/۴۲، کتاب الطلاق، باب الرجعة،مطلب: مال أصحابنا إلى بعض أقوال مالك رحمه الله ضرورةً)

ما فی " **قواعد الفقه** ": "المشقة تجلب التيسير".(ص: ۱۲۲) **وأيضاً**: " الأمر إذا ضاق اتسع وإذا اتسع ضاق ". (ص: ٦٢، اسلام کا قانون اجارہ:۳۳۲)

ذیلی اجارہ کا حکمِ شرعی (Sub Leasing)

مسئلہ (۳۴۱): ذیلی اجارہ کو عربی میں " **إجارة علی الإجارة** " کہا جاتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ مستاجر کسی شخص سے کوئی چیز کرایہ پر لینے کے بعد پھر آگے کسی دوسرے کو کرایہ پر دیدے، اس کی تفصیل یہ ہے، کہ ایک شخص نے مثلاً کسی سے مکان کرایہ پر لیا، پھر مستاجر نے موجر کی اجازت سے اسی مکان کو کسی اور شخص کو کرایہ پر دیدیا اگر اس ذیلی اجارہ (Sub Leasing) میں اصل عقد کے برابر یا اس سے کم کرایہ طے کیا جائے اور موجر (Lessor) نے اس عقد کی اجازت بھی دیدی تو یہ ذیلی اجارہ تمام فقہاء کرام کے نزدیک بالاتفاق جائز ہے، اور اگر موجر نے ذیلی اجارہ کی اجازت نہیں دی، تو تمام فقہاء کرام کے نزدیک بالاتفاق یہ عقد (Contract) جائز نہیں ہوگا، اور اگر اس ذیلی اجارہ میں مستاجر نے آگے کسی اور شخص کو اصل عقد سے زیادہ کرایہ پر دیا، تو اس صورت کے جواز وعدم جواز میں حضرات فقہاء کرام رحمہم اللہ کی آراء میں اختلاف ہے، حضرت امام شافعیؒ اور حضرت امام احمد بن حنبلؒ اور دوسرے فقہاء کرام کے نزدیک مستأجر کے لئے یہ کرایہ وصول کرنا جائز ہے، جبکہ امام اعظم ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ مستاجر کے لئے مستاجر ثانی (Sublessee) سے اصل عقد سے زیادہ کرایہ وصول کرنا دو صورتوں کے ساتھ جائز ہوگا۔

(۱)......پہلی صورت یہ ہے کہ مستاجر جب کسی چیز کو کرایہ پر لے تو اس شئ ماجور میں اپنی جانب سے کسی عین کا اضافہ کردے، مثلاً زمین کرایہ پر لیا تو اس میں نہر کھدوادے یا کنواں کھدوادے، یا اس زمین میں کوئی عمارت تعمیر کرادے، یا اس زمین کے ساتھ کوئی اور اپنی زمین ملادے، پھر اسے دوسرے کرایہ دار کو کرایہ پر دے، تو اب اس صورت میں مستاجر اول، مستاجر ثانی سے اصل عقد سے زیادہ کرایہ وصول کرسکتا ہے، اور اس کا یہ اضافی کرایہ وصول کرنا جائز ہوگا۔

(۲)......دوسری صورت حنفیہ کے نزدیک اس عقد کے جائز ہونے کی یہ ہے کہ جس چیز کو کرایہ پر لیا گیا ہے اور اس کا کرایہ جس کرنسی میں طے ہوا ہے، مستاجر آگے کسی اور کو اس کے علاوہ کسی اور کرنسی میں کرایہ پر دیدے، مثلاً زید نے زمین کرایہ پر لی اور پاکستانی روپئے میں کرایہ طے کیا گیا، اب زید اگر عمرو کو یہی زمین اضافی کرایہ کے ساتھ دینا چاہتا ہے تو وہ پاکستانی کرنسی کے علاوہ کسی اور کرنسی

میں مثلاً ریال، ڈالر (Doller) یا پاؤنڈ (Pound) وغیرہ میں آگے کسی اور کو کرایہ پر دیدے، اور اضافی کرایہ وصول کرلے، یہ بالاتفاق جائز ہوجائے گا، حضراتِ حنفیہ کے نزدیک ان دونوں صورتوں میں جواز کی علت یہ ہے کہ مستاجر جب روپئے کے بدلہ ڈالر (Doller) یا پاؤنڈ (Pound) دیے، تو اختلافِ جنس کی وجہ سے اس طرح کرایہ پر دینا اور اضافی رقم کا وصول کرنا جائز ہوجاتا ہے، اسی طرح اگر شئ ماجور پر کسی عین کا اضافہ کردیا گیا، تو اضافی کرایہ اضافی عین کے مقابلے میں ہوجائے گا، اور بقیہ کرایہ اصل کرایہ (Rent) کے بدلہ میں ہوجائے گا، اس لئے یہ عقد جائز ہوگا، حضرات حنفیہ نے اس معاملہ میں سود سے بچنے کے لئے انتہائی احتیاط سے کام لیا ہے، اللہ تعالی سودی معاملات سے ہماری حفاظت فرمائے (۱)۔ آمین

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **المغنی والشرح الكبير** ": ویجوز للمستأجر اجارة العين بمثل الأجر وزيادة نص عليه محمد، وروی ذلك عن عطاء والحسن والزهری وبه قال الشافعیؒ وابوثور وابن المنذر، وعن أحمد أنه إن احدث فی العين زيادة جاز له أن يكريها بزيادة وإلا لم تجز الزيادة فإن فعل تصدق بالزيادة روی هذا الشعبی وبه قال الثوری وأبی حنيفة لأنه بذلك فيما لم يضمن ....ويخالف ما إذا عمل عملاً فيها لأن الربح فی مقابله العمل، وعن أحمد رواية ثالثة إن أذن له المالك فی الزيادة جاز وإلا لم يجز.

(۶/۶۲،۶۳، كتاب الإجارة، إجارة العين المستأجرة بمثل الأجرة وزيادة)

ما فی " **الدر المختار** ": ولو آجرها بأكثر تصدق بالفضل إلا فی مسألتين: إذا آجرها بخلاف الجنس أو أصلح فيها شيئاً، ولو آجرها من المؤجر لاتصح وتنفسخ الإجارة فی الأصح. "درمختار".

(۹/۳۸، ۳۹، كتاب الإجارة، باب ما يجوز من الإجارة وما يكون خلافاً فيها أی فی الإجارة، وكذا فی الفتاوی الهندية:۴/۴۲۵، كتاب الإجارة، الباب السابع فی إجارة المستأجر، المبسوط للسرخسی: ۱۵/۱۳۰، كتاب الإجارة، باب إجارة الدور والبيوت، مكتبه دارالمعرفة بيروت، رد المحتار: ۹/۱۲۵، كتاب الإجارة، مطلب فی إجارة المستأجر للمؤجر ولغيره، درر الحكام شرح مجلة الأحكام: ۱/۶۷۱، كتاب الإجارة، الفصل الثانی فی تصرف العاقدين فی المأجور وبدل الإجارة بعد العقد، المادة: ۵۸۷، مكتبه دارالجيل بيروت، اسلام كا قانون اجاره:۵۲۷)

موجودہ دور میں پگڑی کا شرعی اعتبار سے متبادل حل

مسئلہ(۳۴۲): جب پگڑی کا رواج دنیا میں شائع اور ذائع ہوگیا، یعنی بہت زیادہ عام ہوگیا اور بعض صورتوں میں مستاجر اور بعض صورتوں میں موجر دونوں شرعی اصولوں کے خلاف عمل کرنے لگے، اور حلال وحرام کی کوئی تمیز باقی نہ رہی، تو بڑے بڑے فقہاء اور علماء معاصر سر جوڑ کر اس کا شرعی متبادل حل تلاش کرنے کی کوشش کرنے لگے اور " **المجمع الفقه الإسلامي جده** "، یعنی جدہ فقہ اکیڈمی نے اپنے چوتھے سیمینار (منعقدہ ۱۸/تا ۲۳/ جمادی الاخریٰ ۱۴۱۸ھ مطابق: ۱۱/فروری ۱۹۸۸ء) میں انتہائی بحث ومباحثہ کے بعد دنیا بھر سے جمع ہونے والے فقہاء وعلماء اسلام کے اتفاق سے ایک قرارداد منظور کی۔

اسی طرح اس موضوع پر اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا نے دوسرے فقہی سیمینار (منعقدہ ۱۹۸۹ء بمقام ہمدرد سیمینار ہال دہلی) میں بڑی بحث وتمحیص کے بعد پگڑی کے صحیح حل پر تجاویز پیش کی، ان دونوں سیمیناروں کی تجاویز کو ذیل میں ذکر کیا جارہا ہے، تاکہ پگڑی کا شرعی حل قارئین کے سامنے واضح ہوجائے، اور اسلامی طریقے سے اس پر عمل کیا جاسکے۔

جدہ فقہ اکیڈمی کی قرارداد

بدل الخلو (پگڑی کے متبادل) کا شرعی حل

اولاً:...... بدل الخلو یعنی حقِ کرایہ داری کے معاہدے کی چار صورتیں ہوسکتی ہیں:

۱-...... عقدِ اجارہ کے شروع ہی میں مالکِ جائداد اور کرایہ دار کے درمیان بدل الخلو کا معاہدہ ہوجائے۔

۲-......عقدِ اجارہ کے دوران یا اس کے اختتام پر مالکِ جائداد اور کرایہ دار کے درمیان بدل الخلو کی ادائیگی طے پائے۔

۳-...... بدل الخلو کا معاہدہ، پرانے کرایہ دار اور کسی نئے کرایہ دار کے درمیان عقدِ اجارہ کی مدت ختم

ہونے سے پہلے یا اس کے ختم ہونے کے بعد طے پائے۔

۴-......نیا کرایہ دار، بدل الخلو کا معاہدہ مالکِ جائداد اور پرانے کرایہ دار دونوں سے طے کرے۔

ثانیاً:......اگر مالکِ جائداد اور کرایہ دار دونوں اس بات پر متفق ہوں کہ کرایہ دار ایک معین رقم مالک کو ادا کرے گا جو (ماہانہ یا سالانہ) معین کردہ کرایہ کی رقم کے علاوہ ہوگی (جسے بعض ممالک میں بدل الخلو کہا جاتا ہے) تو شرعاً معین رقم کے لین دین میں کوئی قباحت نہیں، بشرطیکہ اس رقم کو کل مدتِ کرایہ داری کی مجموعی اجرت کا ایک حصہ سمجھا جائے اور درمیانِ مدت میں کرایہ کا معاملہ فسخ کرنے کی صورت میں اس رقم پر اجرت ہی کے احکام جاری کیے جائیں۔

ثالثاً:......اگر مالک اور کرایہ دار، کرایہ داری کی مدت پوری کرنے سے پہلے، اس بات پر اتفاق کرلیں کہ کرایہ دار اس جگہ کو خالی کردے، اور مدتِ اجارہ کے اختتام تک کرایہ دار کو اس جائداد سے نفع اٹھانے کا جو حق حاصل ہے، اس کے عوض میں مالک کرایہ دار کو ایک معین رقم ادا کرے گا، تو یہ بدل الخلو شرعاً جائز ہے، اس لئے کہ (بدل الخلو کی) یہ رقم اس رضا کارانہ دست برداری کا معاوضہ ہے، جس کے تحت کرایہ دار، جس منفعت کا خود حقدار تھا اس کو مالک کے حق میں چھوڑ رہا ہے، لیکن اگر کرایہ داری کی مدت ختم ہوگئی تھی، اور عقدِ اجارہ کی تجدید صراحتاً یا عقدِ اجارہ کی شرائط کے تحت خود کار طریقے سے ضمناً نہیں ہوئی تھی، تو اس صورت میں بدل الخلو (پگڑی) کے طور پر کوئی رقم لینا جائز نہیں، اس لئے کہ مدتِ اجارہ ختم ہونے پر کرایہ دار کا حق ختم ہوگیا، اب مالک اس جائداد کا زیادہ حقدار ہے۔

رابعاً:......اگر مدتِ اجارہ کے دوران پرانے کرایہ دار اور نئے کرایہ دار کے درمیان یہ معاہدہ ہوجائے کہ پرانا کرایہ دار اپنے بقیہ حقِ کرایہ داری سے اس نئے کرایہ دار کے حق میں دست بردار ہوجائے گا، اور اس کے عوض وہ بدل الخلو کے طور پر کوئی معین رقم نئے کرایہ دار سے وصول کرے گا جو اصل (ماہانہ یا سالانہ) کرایہ کے علاوہ ہوگی، تو یہ معاہدہ شرعاً جائز ہے، بشرطیکہ ان شرائط کی رعایت رکھی گئی ہو جو اول کرایہ دار اور مالکِ مکان کے درمیان طے ہوئی تھیں، اور ان رائج الوقت

قوانین کی بھی رعایت رکھی گئی ہو جو احکامِ شرعیہ کے موافق ہوں۔

البتہ طویل المدت اجارہ میں پرانے کرایہ دار کے لئے مالک کی اجازت کے بغیر، وہ جائداد دوسرے کرایہ دار کو دینا اور اس پر بدل الخلو وصول کرنا جائز نہیں، اس لئے کہ ایسا کرنا ان قوانین کے خلاف ہے جو عقدِ اجارہ کے بارے میں وضع کئے گئے ہیں۔ اور اگر مدتِ اجارہ ختم ہو جانے کے بعد پہلا کرایہ دار کسی نئے کرایہ دار سے کرائے کا معاملہ کر کے اس سے بدل الخلو وصول کرے، تو شرعاً اس کے لئے ایسا کرنا جائز نہیں، اس لئے کہ مدتِ اجارہ کے اختتام پر، پہلے کرایہ دار کا حق ختم ہو چکا ہے۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **رد المحتار على الدر المختار**" : وبلزوم خلو الحوانيت فليس لرب الحانوت إخراجه ولا إعارتها لغيره ولو وقفاً انتهى ملخصاً ."درمختار"....... قوله : (وبلزوم خلو الحوانيت) عبارة الأشباه: أقول على اعتباره ، أي اعتبار العرف الخاص ينبغي أن يفتى بأن ما وقع في بعض أسواق القاهرة من خلو الحوانيت لازم ، ويصير الخلو في الحانوت حقاً له ، فلا يملك صاحب الحانوت إخراجه منها ولا إعارتها لغيره ولو كانت وقفاً ، وقد وقع في حوانيت الجملون في الغورية أن السلطان الغوري لما بناها أسكنها للتجار بالخلو ، وجعل لكل حانوت قدراً أخذه منهم وكتب ذلك بمكتوب الوقف .

(۳۷/۷،كتاب البيوع ، مطلب في خلو الحوانيت)

ما في " **الفتاوى الهندية** " : وإذا استأجر داراً و قبضها ثم آجرها فإنه يجوز ان آجرها بمثل ما استأجرها أو أقل وأن آجرها وقبضها ثم آجرها فإنه يجوز ان آجرها بمثل ما استأجرها أو أقل وإن آجرها بأكثر مما استأجرها فهي جائزة أيضاًإلا أنه إن كانت الأجرة الثانية من جنس الأجرة الأولى فإن الزيادة لا تطيب له ويتصدق بها ، وإن كانت من خلاف جنسها طابت الزيادة ولو زاد في الدار زيادة كما لو وتد فيها وتداً أو حفر فيها بئراً أو طيناً أو أصلح أبوابها أو شيئاً من حوائطها طابت له الزيادة.

(٤/ ٤٢٥، الباب السابع في إجارة المستأجر) =

....

....

= ما في " **رد المحتار**" : وممن أفتى بلزوم الخلو الذي يكون بمقابلة دراهم يدفعها للمتولي أو المالك العلامة المحقق عبد الرحمن آفندي العمادي صاحب هدية ابن العماد ، وقال: فلا يملك صاحب الحانوت إخراجه ولا إجارتها لغيره ما لم يدفع له المبلغ المرقوم ، فيفتى بجواز ذلك للضرورة قياساً على بيع الوفاء الذي تعارفه المتأخرون احتيالاً على الربا.(۷/ ٤٠،كتاب البيوع ، مطلب في الكدك)

ما في " **المبسوط للسرخسي والفتاوى الهندية**" : فإن آجرها بأكثر مما استأجرها به تصدق بالفضل إلا أن يكون أصلح منها بناء أو زاد فيها شيئاً فحينئذٍ يطيب له الفضل وعلى قول الشافعي يطيب له الفضل على كل حال بناء على أصله أن المنافع كالأعيان الموجودة حكماً فتصير مملوكة له بالعقد مسلمة إليه بتسليم الدار فكان بمنزلة من اشترى شيئاً وقبضه ثم باعه وربح فيه فالربح يطيب له لأنه ربح على ملك حلال له ، ولكنا نقول : المنافع لم تدخل في ضمانه وإن قبض الدار بدليل أنها لو انهدمت لم يلزمه الأجر فهذا ربح فضل لا على ضمانه ونهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ربح ما لم يضمن .

(١٥/ ١٣٠،كتاب الإجارة ، باب إجارة الدور والبيوت ، مكتبة دار المعرفة بيروت ، وكذا في الفتاوى الهندية :٤/ ٤٢٥، الباب السابع في الإجارة والمستأجر)

ما في " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام**" : بقاعدة فقهية : " يعتبر ويراعى كل ما اشترط العاقدان في تعجيل الأجرة وتأجيلها ". (١/ ٥٤١، المادة :٤٧٣)

ما في " **الفتاوى الهندية والهداية**" : ولو استأجر داراً أو شيئاً وأعطى بالأجر رهناً جاز.

(٥/ ٤٣٥،كتاب الرهن ، فيما يجوز الارتهان به وما لا يجوز ، وكذا في الهداية: ٤/ ٥٣١، باب ما يجوز ارتهانه وما لا يجوز)

ما في " **فقه السنة للسيد سابق والفتاوى الهندية**" : ويجوز له أن يؤجر العين المستأجرة إذا قبضها بمثل ما آجرها له أو أزيد أو أقل وله أن يأخذ ما يسمى بالخلو . (٣/ ٢١٦، باب تأجير العين المستأجر ، الفتاوى الهندية: ٤/ ٤١٠،كتاب الإجارة ، الباب الأول ، تفسير الإجارة وركنها)

اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا کی قرارداد
بدل الخلو (پگڑی کے متبادل) کا شرعی حل

۱-...... مالکِ مکان زرِ ضمانت وڈپازٹ کے نام سے کرایہ دار سے جو پیشگی رقم وصول کرتا ہے، بہتر ہے کہ اس کو محفوظ رکھا جائے، اگر مالک اس کو خرچ کردے تو وہ اس بات کا ضامن ہوگا کہ کرایہ داری کی مدت ختم ہوتے ہی وہ رقم کرایہ دار کو فوراً واپس کردے(۱)۔

۲-......اگر کوئی مکان یا دوکان کرایہ پر دی جائے اور مالکِ مکان مروّجہ '' پگڑی'' کے نام پر اصل ماہوار کرایہ کے علاوہ بھی رقم کرایہ دار سے وصول کرے تو سمجھا جائے گا کہ مالکِ مکان نے بحیثیتِ مالک اپنے مکان کو کرایہ دار سے واپس لینے کے حق سے دست برداری کا عوض وصول کرلیا ہے، یہ رقم اس کے لئے اس حق کے عوض ہونے کی بنیاد پر جائز ہوگی، آئندہ اگر مالکِ مکان کرایہ دار سے مکان واپس لینا چاہے، تو کرایہ دار کو اس کا حق ہوگا کہ وہ مکان خالی کرنے کا عوض جس پر ہر دو فریق راضی ہوجائیں، مالکِ مکان سے وصول کرے، اوراس صورت میں کرایہ دار دوسرے کرایہ دار کے حق میں باہمی طے شدہ رقم کے عوض اپنے اس حق سے جو اس نے اصل مالک سے عوض دے کر حاصل کیا تھا دست بردار ہوسکتا ہے(۲)۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في '' **الفتاوى الهندية** '' : ولو استأجر داراً أو شيئاً وأعطى بالأجر رهناً جاز.

(٤٣٥/٥، كتاب الرهن ، الفصل الثالث فيما يجوز الارتهان به وما لا يجوز)

ما في '' **الهداية** '' : قال : ويجوز رهن الدراهم والدنانير.

(٥٣١/٤، باب ما يجوز ارتهانه والارتهان به وما لا يجوز)

(۲) ما في '' **المبسوط للسرخسي والفتاوى الهندية** '' : فإن آجرها بأكثر مما استأجرها به تصدق =

۳-...... مالکِ مکان نے پگڑی لئے بغیر کرایہ پر دیا اور اجارہ کی مدت اصل معاہدہ میں مقرر نہیں کی گئی ہو تو اس صورت میں مالکِ مکان کو حق ہوگا کہ جب چاہے مکان خالی کرالے، البتہ مالک کو چاہیے کہ خالی کرانے کا نوٹس اور خالی کرنے کی تاریخ کے درمیان اتنی مہلت دے، جو مقامی حالات کے پیشِ نظر مناسب ہو، اور جس میں مالک اور کرایہ دار کو کوئی خاص ضرر لاحق نہ ہو، اور کرایہ دار کو بھی چاہیے کہ اس مناسب مہلت میں مکان خالی کردے(۱)۔

= بالفضل إلا أن يكون أصلح منها بناء أو زاد فيها شيئاً فحينئذٍ يطيب له الفضل ، وعلى قول الشافعي يطيب له الفضل على كل حال بناء على أصله أن المنافع كالأعيان الموجودة حكماً فتصير مملوكة له بالعقد مسلمة إليه بتسليم الدار فكان بمنزلة من اشترى شيئاً وقبضه ثم باعه وربح فيه فالربح يطيب له لأنه ربح على ملك حلال له ، ولكنا نقول: المنافع لم تدخل في ضمانه وإن قبض الدار بدليل أنها لو انهدمت لم يلزمه الأجر فهذا ربح فضل لا على ضمانه ونهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ربح ما لم يضمن .
(۱۵/۱۳۰، كتاب الإجارة، باب إجارة الدور والبيوت، مكتبة دارالمعرفة بيروت ، وكذا في الفتاوى الهندية : ۴/۴۲۵، الباب السابع في الإجارة والمستأجر)

ما في " **فقه السنة للسيد سابق** " :ويجوز له أن يوجر العين المستأجرة إذا قبضها بمثل ما آجرها له أو أزيد أو أقل وله أن يأخذ ما يسمى بالخلو .(۳/۲۱۶، باب تأجير العين المستأجر)

وما فيه **أيضاً** : ويجوز له أن يؤجر العين المستأجرة إذا قبضها بمثل ما آجرها أو أزيد أو أقل وله أن يأخذ ما يسمى بالخلو .(فقه السنة للسيد سابق:۳/۲۱۶، باب تاخير العين المستأجر)

(۱) ما في " **الفتاوى الهندية** " : إذا أضاف الإجارة إلى وقت في المستقبل بأن قال : أجرتك داري هذه غداً أو ما أشبه فإنه جائز فلو أراد نقضها قبل مجيء ذلك الوقت فعن محمد فيه روايتان ؛ في رواية قال : لا يصح النقض ، وفي رواية قال : يصح ، كذا في المحيط.

(۴/۴۱۰، الباب الأول في تفسير الإجارة وركنها وألفاظها، اسلام کا قانون اجارہ:۳۸۵)

ملازمت کا تحفظ اور اس کے شرعی احکام

مسئلہ(۳۴۲): بہت سارے افراد ملازمت کا تحفظ چاہتے ہیں، اور اس کا مطالبہ بھی بکثرت کیا جاتا ہے، چنانچہ ملازمت کے تحفظ کے لیے بعض اداروں نے قوانین بھی مرتب کئے ہیں، جیسا کہ سرکاری ملازمین کے رائج الوقت عام قوانین کے تحت ملازمین کی ریٹائرمنٹ (Retirement) کیلئے عمر کی ایک حد مقرر کی گئی ہے، جس سے پہلے ان کو ریٹائر نہیں کیا جاسکتا، اور انہی سرکاری ملازمین کی بعض ایسی کیٹگیریاں (Categories) ہیں جس میں افسرانِ بالا مفادِ عامہ کو بہانہ بنا کر ان کو ریٹائرمنٹ کی عمر آنے سے پہلے ہی ریٹائر کر سکتے ہیں، جبکہ اکثر پرائیویٹ اداروں نے اس سلسلہ میں یہ ضابطہ مقرر نہیں کر رکھا ہے، چنانچہ آجر (Employer) اور اجیر (Employee) باہمی رضامندی سے جتنی مدت تک چاہیں ملازمت کرتے رہتے ہیں اور جب ان میں سے ایک فریق ملازمت ختم کرنا چاہے تو اس کو ختم کر سکتا ہے، یہ ادارے ریٹائرمنٹ (Retirement) کے لئے پہلے سے کوئی حد مقرر نہیں کرتے، اس لیے اس دوسری صورت میں ملازمت کا تحفظ اس درجہ کا نہیں ہوتا جتنا کہ پہلی صورت میں ہوتا ہے، اس لیے اس بات کی ضرورت ہے کہ اس کی وضاحت کی جائے کہ ملازمت کے تحفظ کے بارے میں شرعی احکام کیا ہیں؟ اور قبل از وقت ریٹائرمنٹ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سرکاری اور غیر سرکاری ملازمین کے قوانین کا تعلق درحقیقت ان کے اپنے مرتب کردہ نظام سے ہے، شریعت نے ان معاملات کی جزوی تفصیلات خود متعین نہیں فرمائی، بلکہ اس کو ہر دور کے مسلمانوں پر چھوڑ دیا ہے کہ وہ شریعت کے بنیادی اصولوں کے دائرے میں رہتے ہوئے یہ تفصیلات اپنے زمانے اور اپنے خطے کے حالات کے مطابق خود طے کرلیں، یہ تفصیلات جب تک شریعت کے بنیادی اصولوں میں سے کسی اصول سے نہ ٹکراتی ہوں اس وقت تک ان کو شریعت کے خلاف اور قرآن وسنت سے متصادم نہیں کہا جاسکتا۔

یہاں یہ سوال ہوتا ہے کہ ملازمین کا تقرر آجر اور اجیر کے عام قواعد کے تحت کیا جائیگا اور ان کی ملازمتوں کو تحفظ حاصل ہوگا یا نہیں؟ اور کیا وقت سے پہلے ان کو ریٹائر کیا جاسکے گا یا نہیں؟ اس بارے میں بھی شریعت نے ہمیشہ کیلئے کوئی طریقِ کار اور اصول متعین نہیں کئے، بلکہ اس کو ہر دور کے مسلمانوں کی رائے پر چھوڑ دیا ہے کہ وہ اپنے اپنے دور کی مصلحتوں کو دیکھتے ہوئے جو طریقِ کار اختیار کرنا چاہیں کرلیں، اسلام ان کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنتا...... ملازمت کا قاعدہ یہ ہے کہ آجر (Employer) اور اجیر (Employee) کے درمیان مدتِ ملازمت، تنخواہ، ذمہ داریوں سے متعلق جو تفصیلات بھی باہمی رضامندی سے طے ہوجائیں، فریقین پر ان کی پابندی لازم ہوتی ہے، بشرطیکہ ان میں بذاتِ خود کوئی ناجائز بات شامل نہ ہو، ان شرائط کے مطابق کسی کارروائی کو ناجائز نہیں کہا جاسکتا، نیز آجر (Employer) کو اس بات کا بھی حق حاصل ہے، کہ وہ مختلف اجیروں (Employees) سے مختلف شرائط (Temand Codition) طے کرے۔

آجر (Employer) کے لئے یہ بھی کوئی ضروری نہیں کہ وہ تمام ملازمین کے ساتھ ایک ہی مدتِ ملازمت طے کرلے، بلکہ کسی کے ساتھ کوئی مدت طے کرسکتا ہے، اور کسی کے ساتھ دوسری طے ہوسکتی ہے، بلکہ ملازمت کی مدت افراد کے بدلنے سے مختلف ہوسکتی ہے، اور آجر اس فرق کی وجہ بیان کرنے کا پابند بھی نہیں، یہی وجہ ہے کہ فریقین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ملازمین کیلئے جو چاہیں مدت طے کرلیں، ایک آجر اپنے ماتحت مختلف افراد کے ساتھ مختلف مدتِ ملازمت طے کرسکتا ہے، اگر کسی آجر نے ایک شخص کو تین سال کیلئے ملازم رکھا اور یہ بات معاہدہ کی ابتداء سے ہی طے تھی تو پھر مدتِ ملازمت پوری ہونے پر، آجر اسے ملازمت سے علیحدہ کرسکتا ہے، اسی طرح اگر اسی آجر نے اپنے کسی دوسرے ملازم کو آٹھ سال کے لیے ملازم رکھا تو بھی مدتِ ملازمت پوری ہونے پر وہ اپنے ملازم کو ملازمت سے علیحدہ کرسکتا ہے، اس علیحدگی کی کوئی وجہ بتانا بھی آجر کے لئے کوئی ضروری

نہیں ہے، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''مسلمان اپنی طے کی ہوئی شرائط کے پابند ہیں سوائے اس شرط کے جو کسی حرام کو حلال یا حلال کو حرام قرار دے''(۱)۔

اس حدیث کی روشنی میں حضراتِ فقہاء کرام رحمہم اللہ نے یہ حکم بیان فرمایا ہے کہ ملازمت کے آغاز میں فریقین کے درمیان جتنی مدت مقرر ہوئی ہو، اس کے ختم ہوجانے پر اجارہ ختم ہوجاتا ہے، یہ بات تمام فقہاء کرام کے نزدیک مسلم ہے، جیسا کہ علامہ کاسانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''ان اسباب میں سے ایک سبب مدت کا ختم ہوجانا ہے، الا یہ کہ کوئی مجبوری ہو، اس لیے کہ جو چیز کسی حد تک کیلئے ثابت ہو وہ اسی حد کے آنے پر ختم ہوجاتی ہے، لہذا اجارہ بھی اسی طے شدہ مدت کے ختم ہوجانے پر ختم ہوجائیگا''(۲)۔

قرآن وسنت میں کوئی ایسی ہدایت نہیں جس کی رو سے ملازم کو ہمیشہ کیلئے کوئی تحفظ فراہم کیا گیا ہو، اور ریٹائرمنٹ کے لئے عمر کی کسی حد کو مقرر کرنا ضروری ہو، بلکہ یہ معاملہ مسلمانوں کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا ہے، کہ وہ اپنے اپنے زمانے کے حالات کے مطابق، ملازمین کے ساتھ مدتِ ملازمت کے سلسلے میں جس قسم کا چاہیں معاہدہ کرلیں، یہی وجہ ہے کہ اسلام کے ابتدائی زمانے میں ملازمین کا عزل ونصب تمام تر خلفاء کی رائے پر موقوف تھا، چنانچہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في '' **جامع الترمذي** '' : '' **المسلمون عند شروطهم إلا شرطاً حرم حلالا أو أحل حراماً** ''.
(۲۵۱/۱، باب ما ذكر عن النبي صلى الله عليه وسلم في الصلح بين الناس، الصحيح البخاري : ۳۰۳/۱، باب أجرة السمسرة)

(۲) ما في '' **بدائع الصنائع** '' : ومنها انقضاء المدة إلا بعذر لأن الثابت إلى غاية ينتهي عند وجود الغاية فتفسخ الإجارة بانتهاء المدة .(۸۲/۶، فصل في بيان ما ينتهي به عقد الإجارة)

علیہ تحریر فرماتے ہیں: ''عزل ونصب کو اللہ تعالی نے خلیفہ کی رائے پر چھوڑ دیا ہے، خلیفہ کو چاہیے کہ مسلمانوں کی اصلاح اور اسلام کی نصرت کی فکر کرے، اور اسی غور وفکر سے جو رائے قائم ہو اس پر عمل کرے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مصلحت کی وجہ سے کبھی کسی کو معزول کر کے دوسرے کو مقرر کر دیتے، جیسا کہ فتحِ مکہ کے موقعہ پر انصار کے نشان کو سعد بن عبادہؓ سے ایک بات کی وجہ سے، جو ان کی زبان سے نکل گئی تھی لیکر ان کے بیٹے قیس بن سعد کو دے دیا، اور کبھی کسی مصلحت کی وجہ سے کمتر درجہ کے شخص کو مقرر فرماتے، جیسا کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو سردارِ لشکر مقرر کیا اور کبارِ مہاجرین کو ان کے ماتحت کیا، یہ تقرر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری عمر میں کیا تھا، اسی طرح حضراتِ شیخین نے اپنے زمانۂ خلافت میں کیا، اور حضرت عثمانؓ کے بعد حضرت علیؓ اور دیگر خلفاء بھی ہمیشہ اس دستور پر عمل کرتے رہے (۱)۔

حضرت عمر فاروقؓ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو معزول فرمادیا تھا، جبکہ ان کے خلاف کوئی الزام عدالتی تحقیق کے معیار پر ثابت نہیں ہوا تھا، اور حضرت عمر فاروقؓ نے انہیں کسی جرم کی پاداش میں معزول نہیں کیا تھا، بلکہ ان کی معزولی کے بعد تمام گورنروں کو ایک خط لکھا جس میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ تحریر فرمایا تھا: ''میں نے خالد کو کسی ناراضی یا ان کی کسی خیانت کی وجہ سے معزول نہیں کیا، لیکن لوگ ان کی (بہادری وغیرہ کی) وجہ سے فتنہ میں مبتلا ہو رہے تھے اور مجھے اندیشہ تھا کہ لوگ (اللہ تعالی کے بجائے) ان پر بھروسہ کرنے لگیں گے، اور اس طرح غلط عقیدہ میں مبتلا ہو جائیں گے، اس لئے میں نے چاہا کہ لوگوں کو پتہ چل جائے کہ جو کچھ کرتا ہے اللہ کرتا ہے، اور لوگ کسی فتنہ کا شکار نہ ہوں'' (۲)۔

ان تمام مذکورہ بالا حوالوں سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ حضرت عمرؓ نے معزولی مفادِ عامہ

---

(۱) (إزالة الخفاء عن خلافة الخلفاء: ۴۷۹/۲، مقصد دوم، باب مآثر عثمان)

(۲) ما في '' **التاريخ الأمم والملوك لأبي جعفر محمد بن جرير الطبري** '': إني لم أعزل خالداً عن =

کے خاطر ہی کی تھی، نیز یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ شریعت نے مدتِ ملازمت کا معاملہ فریقین کی باہمی رضامندی پر چھوڑا ہے۔

البتہ بعض اوقات کسی کو ملازمت پر مقرر کرتے ہوئے معاہدہ میں یہ بات طے ہوجاتی ہے کہ اس کو اتنی مدت کیلئے ملازمت پر رکھا جائیگا، اور پھر مقررہ مدت سے پہلے ہی اس کو ریٹائر (Retire) کردیا جائے تو اس کا حکم کیا ہوگا؟

شرعی اعتبار سے اس کا رخ متعین کرنے کے لئے پہلے یہ دیکھا جائے گا، کہ اس طرح قبل از وقت ریٹائرمنٹ سے اس کو مجرم قرار دیا گیا ہے، یا مجرم سمجھا جارہا ہے، یا اس کے کسی واجبی قانونی حق کا انکار کیا گیا ہے، ایسی صورت میں قبل از وقت ریٹائرمنٹ کو اس کے خلاف فیصلہ سمجھا جائے گا، جس کے لیے اس ملازم کو صفائی کا موقع دینا لازم اور ضروری ہے، اور اگر اس کو صفائی کا موقع نہ دیا جائے تو پھر یہ قرآن وسنت کے خلاف ہوگا، جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ”جب تمہارے پاس دو آدمی کوئی قضیہ لائیں تو پہلے کے حق میں اس وقت تک فیصلہ نہ کرو جب تک کہ دوسرے کی بات نہ سن لو“(۱)۔

= سخطة ولا خيانة ، ولكن الناس فتنوا به فخفت أن يوكلوا إليه ويبتلوا به فأجبت أن يعلموا أن الله هو الصانع ، وأن لا يكونوا يعرض فتنة “.(۳/۱٦۷ ، ۱٦۸ ، مكتبة قاهره)

(۱) ما في ” **جامع الترمذي** “ : عن علي قال: قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم :” **إذا تقاضا إليک رجلان فلا تقض للأول حتى تسمع كلام الآخر فسوف تدري كيف تقضي ، قال علي : فما زلت قاضياً بعد هذا** “.

(۱/۲٤۸، باب ما جاء في القاضي لا يقضي بين الخصمين حتى يسمع كلامهما)

اجیر کا مسلمان ہونا ضروری ہے یا نہیں؟

مسئلہ(۳۴٤): اجیر کا مسلمان ہونا ضروری نہیں ہے، لہذا ذمی، حربی، کافر، مستامن سب کے ساتھ عقدِ اجارہ کرنا جائز ہے(۱)، البتہ اگر کوئی کام ایسا ہو جس میں وضو یا طہارت کی ضرورت ہو تو اجیر کا مسلمان ہونا ضروری ہے، جیسے قرآن کی پیکنگ، کمپوزنگ اور بک بائنڈنگ وغیرہ(۲)۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **البدائع الصنائع** " : وإسلامه ليس بشرط أصلاً، فتجوز الإجارة والاستئجار من المسلم والذمي والحربي المستأمن ، لأن هذا من عقود المعاوضات فيملكه المسلم والكافر جميعاً كالبياعات، غير أن الذمي إن استأجر داراً من المسلم في المصر فأراد أن يتخذها مصلى للعامة ويضرب فيها بالناقوس ليس له ذلك ، ولرب الدار وعامة المسلمين أن يمنعوه من ذلك على طريق الحسبة، لما فيه من إحداث شعائر لهم، وفيه تهاون بالمسلمين واستخفاف بهم؛ كما يمنع من إحداث ذلك في دار نفسه في أمصار المسلمين، ولهذا يمنعون من إحداث الكنائس في أمصار المسلمين.

(٥/٥٢٦، كتاب الإجارة، فصل في شرائط الركن، الفتاوى الهندية:٤/٤١٠، كتاب الإجارة، الباب الأول في تفسير الإجارة وركنها وألفاظها وشرائطها)

(۲) ما فی " **الفتاوى الهندية** ": واختلفوا في مس المصحف بما عدا أعضاء الطهارة وبما غسل من الأعضاء قبل إكمال الوضوء والمنع أصح كذا في الزاهدي .

(١/٣٩، الفصل الرابع في أحكام الحيض والنفاس والاستحاضة)

فرائضِ اجیر یعنی مزدور کی ذمہ داریاں

مسئلہ(۳۴۵): ۱-...... اجیر اپنا کام مکمل امانت داری کے ساتھ انجام دے، اور اپنے فرائضِ منصبی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کرے۔

۲-...... اجیر کو جو کام سپرد کیا جائے اس میں مکمل مہارت رکھتا ہو، لہذا اگر اجیر کو کوئی کام دیا جائے اور اس میں اس کو مہارت نہ ہو تو انکار کر دے، ورنہ کام کا حق ادا نہ کرنے کی صورت میں بھی امانتداری کے خلاف کرنے کا گناہ لازم ہوگا(۱)۔

۳-...... اگر وہ اجیر خاص ہو تو اس کے لئے ملازمت کے دوران کسی اور کام میں مشغول ہونا ذمہ دار کی اجازت کے بغیر ناجائز ہوگا، مثلاً: مدرسہ کا معلم، اسکول کا ٹیچر، یونیورسٹی کا پروفیسر، فیکٹری کا ورکر، ادارے کا پرنسپل اور چپراسی وغیرہ، کام کے اوقات میں نہ تو ان کے لئے موبائل کا استعمال جائز ہے اور نہ ہی نفلی عبادت میں مشغول ہونا جائز(۲)۔

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما فی " **الکتاب** " : قال اللہ تعالی :﴿ **إن خير من استأجرت القوي الأمين**﴾. (سورة القصص: ۲۶)

ما فی " **البحر المحيط** ": وقولها كلام حكيم جامع لأنه إذا اجتمعت الكفاية والأمانة في القائم بأمر فقد تم المقصود............ وكأنها قالت استأجره لأمانته وقوته وصار الوصفان.

(۱۴۹/۷، روح المعاني: ۳۶۸/۲۰)

(۲) ما فی " **البحر الرائق** ": وسمي الأجير خاصاً ووحده لأنه يختص بالواحد وليس له أن يعمل لغيره ولأن منافعه صارت مستحقة للغير والأجر مقابل بها فيستحقه ما لم يمنع مانع من العمل كالمرض والمطر ونحو ذلك مما يمنع التمكن. (۵۲/۸، كتاب الإجارة، باب ضمان الأجير)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": وقوله: (وليس للخاص أن يعمل لغيره) بل ولا أن يصلي =

۴-...... اوراگراجیر مشترک ہومثلاً: درزی، رنگریز، دھوبی وغیرہ، تو ان کے لئے وعدہ کے مطابق وقت پر کام کرکے مستاجرکودیناضروری ہے(۱)۔

۵-...... اجیر مشترک اگراس شرط پر کام لے کہ وہ خوداس کوانجام دے گا، تواب کسی دوسرے سے کروانا اس کے لئے جائز نہ ہوگا، اور اگر وہ چیز اس دوسرے کے پاس ہلاک ہوگئی تو اجیر مشترک ضامن ہوگا، چاہے اس دوسرے نے تعدی کی ہو یانہ کی ہو۔

۶-...... اگرخودکام کرنے کی شرط نہیں لگائی تودوسرے سے کروانے میں کوئی حرج نہیں، اور دوسرے سے بلاتعدی ہلاک ہوجائے تو ضمان بھی عائد نہ ہوگا(۲)۔

= النافلة ، قال في التاتارخانية وفي فتاوى الفضلي: وإذا استأجر رجلاً يوماً يعمل كذا فعليه أن يعمل ذلك العمل إلى تمام المدة ولا يشتغل بشيء آخر سوى المكتوبة، وفي فتاوى سمرقند وقد قال بعض مشايخنا: له أن يؤدي السنة أيضاً، واتفقوا أنه لا يؤدي نفلاً وعليه الفتوى.
(۹/۹٦،كتاب الإجارة، باب ضمان الأجير)

(۱) ما فى " **الكتاب** ": وقال الله تعالى:﴿ **يآيها الذين آمنوا أوفوا بالعقود**﴾.(المائدة:۱)

ما فى " **روح المعانى** ": واختار بعض المفسرين أن المراد بها ما يعم جميع ما ألزمه الله تعالى عباده عقد عليهم من التكاليف والأحكام الدينية وما يعتقدونه فيما بينهم من عقود الأمانات والمعاملات ونحوهما مما يجب الوفاء به أن يعين ديناً. (۷۳/٤)

ما فى " **الجامع لأحكام القرآن للقرطبى** ": فأمر الله سبحانه بالوفاء بالعقود، قال الحسن يعني بذلك عقود الدين وهي ما عقده المرء على نفسه من بيع وشراء وإجارة وكراء. الخ.(۳۲/٦)

(۲) ما فى "**البناية شرح الهداية**": قال: وإذا شرط على الصانع أن يعمل بنفسه فليس له أن يستعمل غيره، لأن المعقود عليه اتصال العمل في محل بعينه وإن أطلق له العمل فله أن يستأجر من يعمله، لأن المستحق عمل في ذمته ويمكن إيفاؤه بنفسه وبالاستعانة بغيره بمنزلة إيفاء الدين. الهداية........ =

۷-...... ہر وہ کام جو کسی کام کے تابع ہو، اور اس تابع کام کو اجیر کے ذمہ بطور شرط مقرر نہ کیا جائے، تو شریعتِ مطہرہ نے اس کا یہ ضابطہ طے کیا ہے، کہ اس کا مدار عرفِ عام اور عادت پر ہوگا، اگر اس شہر میں وہ کام جو تابع ہے اجیر عام طور پر بغیر شرط کے کر دیتا ہو، تو اجیر کے لئے اس کا کرنا لازم ہے، اگر شرط کے بغیر نہ کیا جاتا ہو تو موجر کی اجازت کے بغیر اس تابع کام کا کرنا لازم نہ ہوگا، جیسے دھوبی کو اگر آپ نے کپڑے دھونے کے لئے دیئے تو پریس کرنا لازم ہوگا یا نہیں؟ اگر پریس کرنا اس شہر میں عرف اور عادت میں رائج نہ ہو تو بغیر موجر کی شرط کے پریس کرنا دھوبی پر لازم نہ ہوگا (۱)۔

۸-...... اگر مزدور کو سامان اٹھانے کے لئے اجرت پر لیا تو مزدور پر مقررہ مقام تک سامان لے جانا لازم ہے، البتہ سامان کو اس کی جگہ پر رکھنا اس پر لازم نہ ہوگا، مثلاً کسی نے گاڑی کرائے پر لی اور اس کو کہا کہ میں فلاں گاؤں یا شہر کے فلاں محلے میں، فلاں مکان میں رہتا ہوں سامان وہاں پہنچادو، تو اس پر اس سامان کا گھر تک پہنچانا لازم ہے، مگر گاڑی سے اتارنا اور گھر کے اندر لے جانا، اور اس کو سیٹ کر کے دینا وغیرہ، یہ سب امور اس پر لازم نہ ہوں گے، ہاں! اگر عرف میں ایسا ہو تو درست ہوگا ، ورنہ پھر اس کی الگ سے مزدوری

=(فليس له أن يستعمل غيره، لأن المعقود عليه اتصال العمل في محل بعينه) أرادبالمحل نفس الصانع، يعني شرط أن يكون محل هذا العمل هو لا غيره، فلا يجوز أن يستعمل غيره .... (وإن أطلق له العمل) مثل أن يقول: خط هذا الثوب أو اصنعه (فله أن يستأجر من يعمله، لأن المستحق عمل في ذمته ويمكن إيفاؤه بنفسه وبالاستعانة بغيره) لأن المقصود هو العمل وقد حصل (بمنزلة إيفاء الدين) فإن الإيفاء يحصل بالمديون وبالتبرع من غيره. (۲۹٦/۹، كتاب الإجارة، باب الأجير متى يستحق)

(۱) ما فی "**بدائع الصنائع**" : وقد قالوا : في توابع العقود التي لا ذكر لها في العقود أنها تحمل على عادة كل بلد، حتى قالوا فيمن استأجر رجلاً يضرب له لبناً أن الزنبيل والمتبن على صاحب اللبن ، وهذا على عادتهم .(۵۳/٦، كتاب الإجارة، فصل في حكم الإجارة)

متعین کرنی ہوگی (۱)۔

اجیر ملازمت کے اوقات میں فرائض وواجبات ادا کرے گا

مسئلہ (۳۴۶): فقہاء کرام رحمہم اللہ نے اس بات کی صراحت کی ہے، کہ اجیر کیلئے ضروری ہے کہ وہ ملازمت کے اوقات میں فرائض، واجبات، سنن مؤکدہ، جیسے پانچوں نمازوں وغیرہ کے لئے وقت نکالے، اوراس کا التزام کرے، اوران فرائض کی انجام دہی میں جو وقت صرف ہو، موجر کے لئے جائز نہیں کہ اس وقت کی اجرت کم کرے، کیوں کہ یہ چیزیں ملازمت کے اوقات میں خود بخود مستثنیٰ ہوں گی، جیسے کھانے پینے کے اوقات مستثنیٰ ہوتے ہیں، اس لئے کہ شریعتِ اسلام کا مزاج یہ ہے کہ دین بہرحال مقدم ہوگا، اس میں کسی طرح کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ (۲)

---

(۱) ما فی "**بدائع الصنائع**": وقالوا فیمن تکاری دابة یحمل علیها حنطة إلی منزله، فلما انتهی إلیه أراد صاحب الحنطة أن یحمل المکاري ذلك فیدخله منزله وأبی المکاري، قالوا: قال أبو حنیفة: علیه ما یفعله الناس ویتعاملون علیه، وإن أراد أن یصعد بها إلی السطح والغرفة فلیس علیه ذلك إلا أن یکون اشترطه، ولو کان حمالاً علی ظهر ه فعلیه إدخال ذلك ولیس علیه أن یصعد به إلی علو البیت إلا أن یشترطه.

(۶/۵۳، کتاب الإجارة، فصل في حکم الإجارة)

والحجة علی ما قلنا:

(۲) ما فی "**فتاوی عبد الحی**": لو استأجر یوماً کان للأجیر أن یعمل کل الیوم ولا یشتغل بشيء سوی الصلاة المکتوبة. انتهی. (سراج منیر) إذا استأجر رجلاً یوماً بعمل کذا فعلیه أن یعمل ذلك العمل إلی تمام المدة ولا یشتغل بشيء آخر سوی المکتوبة انتهی. (نصاب الاحتساب) وقد قال بعض مشائخنا: له أن یؤدي السنة أیضاً وأجمعوا علی أنه لا یؤدي "فتاوی سمرقند".

(۱/ ۳۰۸، کتاب الإجارة، اسلام کا قانون اجارہ: ۱۵۲)

اوورٹائم یعنی اضافی کام کی اجرت

مسئلہ(۳۴۷): اوورٹائم (Over time) یعنی اضافی کام کی اضافی اجرت عاقدین کے طے کرنے کی صورت میں ادا کرنا لازم ہوگا۔(۱)

تنخواہ کے علاوہ دیگر سہولیات انعام اور تبرع ہے

مسئلہ(۳۴۸): بعض ادارے تنخواہ کے علاوہ دیگر سہولیات مثلاً: رہائش، مکان، بیماری میں علاج ومعالجہ وغیرہ کی سہولت اپنے ملازمین کو دیتے ہیں، تو یہ اجرت کا حصہ نہیں، بلکہ انعام اور تبرع ہے، لہذا اجیر کا اس میں کوئی استحقاق نہ ہوگا، مگر پھر بھی بوقتِ اجارہ جانبین کے درمیان معاملات واضح اور صاف ہوکر طے ہونے چاہیے، تاکہ جھگڑے فساد کا امکان باقی نہ رہے۔(۲)

رخصتِ اتفاقیہ اور ایامِ غیر حاضری کی اجرت

مسئلہ(۳۴۹): رخصتِ اتفاقیہ اور رخصتِ علالت کے سلسلہ میں فقہاء کی رائے یہ ہے کہ اجیر کو رخصت لینے کا پورا حق ہے، لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ رخصت مع الاجرت ہوگی یا بدون الاجرت؟

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **عمدة القاری شرح صحیح البخاری**": قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:" **إخوانكم خولكم جعلهم الله تحت أيديكم فمن كان أخوه تحت يده فليطعمه مما يأكل وليلبسه مما يلبسه ولا تكلفوهم ما يغلبهم فإن كلفتموهم فأعينوهم**".

(۱/۳۲۴، كتاب الإيمان، باب المعاصي من أمر الجاهلية، اسلام كا قانون اجاره:۲۵۲)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** ": العطية التي أعطيت للخدمة من الخارج لا تحسب من الإجارة. (۱/۶۵۳، كتاب الإجارة، الفصل الرابع في بيان الآدمي، اسلام كا قانون اجاره:۲۲۷)

متقدمین کی رائے یہ ہے کہ یہ رخصت بدون الاجرت ہوگی، کیوں کہ اجرت کا استحقاق تسلیمِ منافع سے ہوتا ہے، اور رخصت کے زمانے میں تسلیمِ منافع نہیں ہوتا، لہذا اجرت بھی لازم نہ ہوگی، البتہ عرف یہ ہے کہ ادارے عقدِ ملازمت کے شروع میں ہی یہ بات بتادیتے ہیں، کہ سال بھر میں ایک ملازم اتنی رخصتِ اتفاقیہ اور اتنی رخصتِ علالت لے سکتا ہے، جانبین اس پر اتفاق کرتے ہیں، اس لئے اس میں بظاہر کوئی قباحت معلوم نہیں ہوتی، نیز فقہاءِ معاصرین کا میلان بھی اسی جانب ہے۔(۱)

اجیر درمیان میں آرام کرسکتا ہے یا نہیں؟

مسئلہ(۳۵۰): راحت اور آرام بھی انسان کا حق ہے، طویل وقت متواتر کام کرنے سے آدمی تھک کر نڈھال ہوجاتا ہے، شریعت نے اس کا بھی خیال رکھا ہے، حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "**إن لنفسک حقاً، ولأهلک حقاً**" بے شک تمہارے نفس اور تمہارے

والحجة علی ما قلنا:

ما في " **فتح القدير للشوكاني** " في تفسير ﴿إنما يخشى الله من عباده العلماء﴾: قال مسروق : كفى بخشية الله علماء وكفى بالاغترار جهلاً ، فمن كان أعلم بالله كان أخشاهم له ، قال الربيع : ما لم يخش الله فليس بعالم .(۲/ ۴٦۷) =

اوراسی کے خلاف حجت ہونا جبکہ اس پر عمل نہ ہو(۱)، دنیوی تعلیم کا اچھا نتیجہ خدمتِ خلق اور کسبِ

= ما في " **الحاشية على بيان القرآن** " : معنى قوله : (ليعبدون) ليعرفون ،...... إن المعرفة بدون العبادة و كذا العبادة بدون المعرفة لا يعتد بها.(۲/۶۳)

ما في " **جمع الجوامع** " : قال رسول الله صلى الله عليه و سلم :" **إن الحكمة تزيد الشريف شرفاً وترفع العبد الملوك حتى تجلسه مجالس الملوك** ".(۲/۲۰٤، رقم الحديث : ۵۰۱۹)

ما في " **إحياء علوم الدين للغزالي** ": بعد إيراد هذا الحديث : وقد نبه بهذا على ثمراته في الدنيا ومعلوم أن الآخرة خير وأبقى.(۱/۵، كتاب العلم ، الباب الأول ، فضيلة العلم ، دار المعرفة بيروت ، لبنان)

وما فيه أيضاً : قال أبو الأسود : ليس شيء أعز من العلم ، الملوك حكام على الناس والعلماء حكام على الملوك............... وقال بعض الحكماء : إذا مات العالم بكاه الحوت في الماء والطير في الهواء ، ويفقد وجهه ولا ينسى ذكره.(۱/ ۷، ۸)

(۱) ما في " **القرآن الكريم** " : ﴿**واتل عليهم نبأ الذي اٰتينه اٰيٰتنا فانسلخ منها فأتبعه الشيطٰن فكان من الغاوين . ولو شئنا لرفعناه بها ولكنه أخلد إلى الأرض واتبع هواه فمثله كمثل الكلب**﴾.(الأعراف :۱۷۵، ۱۷۶)

ما في " **روح المعاني** " : (فانسلخ منها) أي من تلك الآيات ، (فكان من الغاوين) فصار من زمرة الضالين الراسخين في الغواية بعد أن كان مهتدياً ، (أخلد إلى الأرض) أي ركن إلى الدنيا (واتبع هواه) في إيثار الدنيا، وأعرض عن مقتضى تلك الآيات الجلية ، (يلهث) أي أنه دائم اللهث على كل حال .... (اللهث) ادلاع اللسان بالنفس الشديد.(۶/۱۶۳، ۱۶٤)

ما في " **روح المعاني** " : (فمثله كمثل الكلب) فكذلك العالم الفاجر فإن بلعام أوتي كتاب الله فأخلد إلى الشهوات فشبه بالكلب أي سواء أوتي الحكمة أو لم يؤت فهو يلهث إلى الشهوات .... فهذه الأخبار والآثار تبين أن العالم الذي هو من أبناء الدنيا أحسن حالاً وأشد عذاباً من الجاهل. (۱/ ۶۰)

ما في " **كنز العمال** " : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " العلم علمان : علم في القلب فذاك العلم النافع وعلم على اللسان فذلك حجة على ابن آدم .(۱۰/۷۹) =

حلال(۱) اور برانتیجہ مقصدِ حیات کے پورا کرنے میں رکاوٹ، جبکہ اس قدر انہماک ہو کہ فرائض

= (۱) ما في " **القرآن الكريم** " : ﴿**ولا تنس نصيبک من الدنيا وأحسن كما أحسن الله إليک**﴾.
(القصص :۷۷)

ما في " **الجامع لأحكام القرآن للقرطبي** " : (ولا تنس) قال حسن وقتادة : معناه ؛ لا تضيع حظك من دنياك في تمتعك بالحلال وطلبك إياه. (۱۳/ ۳۱۴)

ما في " **التفسير المنير** " : أحسن إلى خلقه كما أحسن الرب إليك ، وهذا أمر بالإحسان مطلقاً بعد الأمر بالإحسان بالمال ، ويدخل فيه الإعانة والجاه .... أي أنه جميع بين الإحسان المادي والإحسان الأدبي أو الخلقي .(۱۰/ ۵۲۹)

ما في " **الجامع الترمذي** " : عن زيد بن ثابت قال : " **أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أتعلم له كلمات من كتاب يهود ، قال : إني والله ما آمن على يهود على كتابي . قال : فما مر بي نصف شهر حتى تعلمته له ، قال : فلما تعلمته كان إذا كتب إلى يهود كتبت إليهم ، وإذا كتبوا إليه قرأت له كتابهم** "......... وفي رواية قال :" **أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أتعلم السريانية** ".
(۳/ ۴۹۵ ، ۴۹۶، رقم الحديث : ۲۷۱۵، كتاب الاستئذان)

ما في " **بذل المجهود** " : لئلا يلبس عليه في الكتاب ، ويخون فيه ، فيكتب ما لم يقله ، أو لم يكتب ما يقوله .(۱۱/ ۳۷۹)

ما في " **إحياء علوم الدين** " : ولا ينبغي للتاجر أن يشغله معاشه عن معاده ، فيكون عمره ضائعاً وصفقته خاسرة ...... **وإنما تتم شفقة التاجر على دينه بمراعاة سبعة أمور** : .... وكف الطمع عن الناس استغناء بالحلال عنهم .... ولينو النصح للمسلمين ، وأن يجب لسائر الخلق ما يجب لنفسه ، ولينو اتباع طريق العدل والإحسان في معاملته .... فإن الصناعات والتجارات لو تركت بطلت المعايش وهلك أكثر الخلق.

(۲/ ۸۳ ، كتاب آداب الكسب والمعاش ، الباب الخامس في شفقة التاجر على دينه فيما يخصه ويعم آخره) =

سے بھی غافل کردے(۱)۔

= (۱) ما في " **القرآن الكريم** " : ﴿**يعلمون ظاهراً من الحياة الدنيا وهم عن الآخرة هم غٰفلون**﴾.

(سورة الروم : ۷)

ما في " **فتح القدير للشوكاني** " : ﴿يعلمون ظاهراً من الحيوة الدنيا﴾ أي يعلمون ظاهر ما يشاهدونه من زخارف الدنيا وملاذها وأمر معاشهم وأسباب تحصيل فوائدهم الدنيوية ﴿وهم عن الآخرة﴾ التي هي النعمة الدائمة ، واللذة الخالصة ﴿هم غافلون﴾ لا يلتفتون إليها ولا يعدون لها ما يحتاج إليه .

(۳٦۱/۲ ، بيروت)

ما في " **القرآن الكريم** " :﴿ **إن الذين يشترون بعهد الله وأيمانهم ثمناً قليلاً ، أولئك لا خلاق لهم في الآخرة ولا يكلمهم الله ولا ينظر إليهم يوم القيٰمة ولا يزكيهم ولهم عذاب أليم**﴾.

(آل عمران : ۱۷)

ما في " **أحكام القرآن لإبن العربي** " : قيل نزلت في رجل حلف يميناً فاجرة لينفق سلعته في البيع .

(۲۷۷/۱)

ما في " **إحياء علوم الدين** " : وليجتنب صناعة النقش والصياغة وتشييد البنيان بالجص وجميع ما تزخرف به الدنيا، فكل ذلك كرهه ذوو الدين ، فأما عمل الملاهي والآلات التي يحرم استعمالها فاجتناب ذلك من قبيل ترك الظلم .

(۸۳/۲ ، كتاب آداب الكسب والمعاش ، الباب الخامس في شفقة التاجر على دينه فيما يخصه ويعم آخره، فتاوی محمودیہ :۳۸٦/۳)

مسائل الجوالة والإنترنت

(مسائلِ موبائل وانٹرنیٹ)

موبائل پر ہیلو سے گفتگو کا آغاز

مسئلہ(۴۰۰): لفظ ''ہیلو'' (Hello) کے معنیٰ کسی کی توجہ اپنی طرف مبذول کرانا ہے، عام فہم زبان میں اس کے معنی ''سنو'' ہوتے ہیں اور یہ کلام میں داخل ہے، اس لئے ٹیلیفون پر '' **السلام علیکم** '' کے بجائے ''ہیلو'' سے کلام کا آغاز کرنا خلافِ سنت ہے، کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں کلام سے پہلے سلام کی تعلیم فرمائی۔(۱)

مسجد میں موبائل کھلا رکھ کر آنا

مسئلہ(۴۰۱): مسجد میں موبائل کھلا رکھ کر آنا یہ احترامِ مسجد کے خلاف ہے، کیونکہ اگر گھنٹی بجی تو شور وغل ہوگا، جو کہ ممنوع ومکروہ ہے، ابوداوٴد کے حاشیہ میں ''باب کراهية انشاد الضالة'' کے تحت مکتوب عبارت: '' ویلحق به ما في معناه من البيع والشراء والإجارة ونحوها من العقود وكراهية رفع الصوت في المسجد''. کراهية رفع الصوت في المسجد کی صراحت سے موبائل کی گھنٹی کا شور وغل مکروہ وممنوع قرار پائے گا۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) مافی '' **السنن الترمذی** '': عن جابر بن عبد الله قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: '' **السلام قبل الكلام** ''. (۹۹/۲، أبواب الاستيذان والاداب، باب السلام قبل الكلام)

والحجة على ما قلنا:

(۲) (سنن أبي داود: ۶۸/۱، كتاب الصلوٰة، باب كراهية انشاد الضالة في المسجد، رقم الحاشية: ۱) =

موبائل پر میوزک یا گانے کا سننا، نیز گانے وغیرہ کا لوڈ کرنا

مسئلہ(۴۰۲): موبائل پر میوزک یا گانے سننا، اسی طرح موبائل میں ان چیزوں کو لوڈ کرنا ، اور رنگ ٹون میں گانے کی میوزک یا گانے سیٹ کرنا شرعاً ممنوع وحرام ہے۔(۱)

موبائل میں رنگ ٹون کی جگہ قرآنی آیات وکلماتِ اذان کے فیڈ کرنے کا حکمِ شرعی

مسئلہ(۴۰۳): موبائل میں رنگ ٹون کی جگہ آیاتِ قرآنیہ، یا کلماتِ اذان وغیرہ کے فیڈ **(Feed)** کرنے میں ابتذال وامتہان ، یعنی تحقیر وتذلیل لازم آتی ہے ،اس لئے یہ ناجائز ہے، اور فقہ کا قاعدۂ مسلمہ ہے: کہ امور مقاصد کے تابع ہوتے ہیں۔(۲)

= ما فی " **الفتاوی الهندية** ": والسادس أن لا يرفع فيه الصوت من غير ذكر الله.

(الفتاویٰ الهندية:۳۲۱/۵، کتاب الکراهية، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة الخ)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **القرآن الكريم** ": ﴿**ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليضل عن سبيل الله بغير علم**﴾.(سورة لقمان:٦)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": وجاء في التفسير أن المراد الغناء.........قلت : وفي التاتارخانية عن العيون ، إن كان سماع غناء فهو حرام بإجماع العلماء.

(۵۰۲/۹،۵۰۳، الحظر والإباحة)

وفيه **أيضاً**: قلت : وفي البزازية استماع صوت الملاهي كضرب قصب ونحوه حرام ، لقوله عليه الصلاة والسلام :" **استماع الملاهي معصية والجلوس عليها فسق، والتلذذ بها كفر**". أي بالنعمة .الخ . "درمختار". (۵۰٤/۹، الحظر والإباحة)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی " **الأشباه والنظائر لإبن نجيم الحنفی** ": " الأمور بمقاصدها " وكذا =

موبائل پر بذریعۂ میسیج کسی اجنبیہ سے گفتگو کرنا

مسئلہ(۴۰۴): موبائل پر کسی اجنبیہ سے میسیج کے ذریعہ گفتگو کرنا ایسا ہی ہے جیسے آمنے سامنے گفتگو کرنا، اس لئے یہ ناجائز ہے۔(۱)

دورانِ نماز موبائل بند کرنا

مسئلہ(۴۰۵): ایسا کام جس کے کرنے والے کو دیکھ کر یہ یقین ہو، کہ وہ نماز میں نہیں ہے، وہ عملِ کثیر ہے، اور جس کام کے کرنے والے کو دیکھ کر یہ شک ہو، کہ وہ نماز میں نہیں ہے، یہ عملِ قلیل ہے۔(درمختار)

اگر دورانِ نماز موبائل بجنا شروع ہوا، اور اسے عملِ قلیل یعنی جیب کے اوپر ہی سے محض بٹن دبا کر بند کرنا ممکن ہو تو بند کردے، نماز کراہیت کے ساتھ صحیح ہوگی، اور اگر یہ ممکن نہ ہو، تو نماز توڑ کر بند کرنا مباح ہونا چاہیے، تاکہ دیگر مصلیوں کے خشوع وخضوع میں خلل واقع نہ ہو، اور مسجد کا ادب بھی ملحوظ رہے، پھر دوبارہ تحریمہ سے امام کی اقتداء کرلے، جتنی نماز مل جائے اسے پڑھ لے، اور جو چھوٹ جائے اس کو پوری کرلے۔(۲)

= الحارس إذا قال في الحراسة "لا إله إلا الله" يعني لأجل الإعلام بأنه مستيقظ.(۱/ ۱۱۳/ ۱۱۶)

(۱) ما فی " **رد المحتار علی الدر المختار** ": ولا يكلم الأجنبية إلا عجوزاً."درمختار". ويجوز الكلام المباح مع امرأة أجنبية .... وفي الحديث دليل أنه لا بأس بأن يتكلم مع النساء بما لا يحتاج إليه وليس هذا من الخوض فيما لايعنيه ،إنما ذلك في كلا م فيه إثم، فالظاهر أنه قول آخر أو محمول على العجوز. (۹/ ۵۳۰، الحظروالإباحة، فصل في النظر والمس)

(۲) ما فی " **السنن الترمذی** ": عن أبي هريرة قال : " **أمر رسول الله صلی الله عليه وسلم بقتل الأسودين في الصلوٰة، الحية والعقرب**". (۱/ ۸۹، الصلاة، باب ماجاء في قتل الأسودين في الصلاة) =

موبائل میں گیم ڈاؤن لوڈ کرنا

مسئلہ(٤٠٦): موبائل میں جاندار یا غیر جاندار کی تصویر والے گیم ڈاؤن لوڈ کرکے کھیلنا، جیسے کرکٹ، فٹبال، کیرم بورڈ وغیرہ، اس میں ضیاعِ وقت لازم آتا ہے، بالخصوص جب کہ اس میں تصاویر بھی موجود ہوں، تو اس کی برائی اور بڑھ جاتی ہے، لہذا اس سے اجتناب لازم ہے۔(۱)

ایک موبائل سے دوسرے موبائل پر تصویری میسیج، یا فلم، یا گانے بھیجنا

مسئلہ(٤٠٧): کسی شخص کے کہنے پر یا ازخود کسی دوسرے کے موبائل پر، جانداروں کی تصویر والے میسیج بھیجنا، اسی طرح ایک موبائل سے دوسرے موبائل میں فلم، یا گانا بھیجنا، شرعاً ناجائز اور سخت گناہ ہے۔(۲)

= ما فی " **رد المحتار علی الدر المختار** ": "ویباح قطعها لنحو قتل حیة وند دابة وفور قدر".

"درمختار". (٢/ ٤٢٥، الصلاة ، مایفسد الصلاة ومایکره فیها،مطلب في بیان السنة والمستحب.الخ)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما فی " **جمع الجوامع** ":" مِن حُسن اسلام المرء ترکه ما لا یعنیه".

(٦/٣٩٣، المیم مع النون من الجامع الصغیر وزوائده، رقم الحدیث: ١٩٩٩٧٠)

ما فی " **رد المحتار علی الدر المختار** ": قال ابن عابدین الشامي رحمه الله : کل لعبٍ وعبثٍ حرامٌ.

(٩/٥٦٦، الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغیره)

والحجة على ما قلنا:

(٢) ما فی " **الصحیح البخاري** ": " إن أشد الناس عذابا عند الله المصورون".

(٢/ ٨٨٠، کتاب اللباس، باب عذاب المصورین یوم القیامة)

ما فی " **المعجم الکبیر للطبراني** ": وعن ابن عباسؓ قال: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول:=

غلط ریچارج پر حقِّ مطالبہ حاصل ہوگا

مسئلہ(۴۰۸): اگر کوئی شخص اپنے موبائل میں ریچارج کررہا تھا،لیکن غلط نمبر ڈائل کرنے کی وجہ سے کسی اور کے موبائل میں ریچارج ہوگیا،تو اسے اس شخص سے جس کے موبائل میں یہ ریچارج ہوگیا،اپنی ریچارج کردہ رقم کے مطالبہ کا حق حاصل ہوگا،اور شخص آخر کیلئے اس ریچارج کا استعمال اس وقت تک حلال نہیں ہوگا،جب تک اتنی رقم شخصِ اول کو ادا نہ کردے۔(۱)

= **" لا تدخل الملا ئكة بيتا فيه صورة تمثال، والمصورون يعذبون يوم القيامة في النار، يقول لهم الرحمٰن: قوموا إلى ما صورتم، فلا يزالون يعذبون حتّٰى تنطق الصورة ولا تنطق "**.

(۱۱/۱۵۷، رقم الحديث:۱۱۴۷۸، مجمع الزوائد:۵/۲۲۶، اللباس، باب ما جاء في التماثيل والصور، رقم الحديث :۸۸۹۵)

ما فی " **الكتاب** ": ﴿**ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليضل عن سبيل الله بغير علم**﴾.

(سورة لقمان:٦)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": وجاء في التفسير أن المراد الغناء. (۹/۵۰۲، الحظر والإباحة)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": قال الحصكفي: وفي السراج : ودلت المسئلة أن الملاهي كلها حرام .... قال ابن مسعودؓ: صوت اللهو والغناء ينبت النفاق في القلب ،كما ينبت الماء النبات. "درمختار".

قال **الشاميؒ**: والحاصل أنه لا رخصة في السِّماع في زماننا،لأن الجنيد رحمه الله تعالى تاب عن السِّماع في زمانه. الخ. (۹/۵۰۲/۵۰۳، الحظروالإباحة، قبيل فصل في اللبس)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **القرآن الحكيم** ": ﴿ **يـٰآيها الذين اٰمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل إلا أن تكون تجارةً عن تراضٍ منكم** ﴾. (سورة النساء :۲۹)

ما فی " **جمع الجوامع** ": قال النبي صلى الله عليه وسلم : " **لايحل لإمرئٍ من مال أخيه شئٌ إلا بطيب نفس منه**". (۹/۷، تتمة حرف اللام الألف، رقم الحديث:۲٦۷۵۹)

موبائل میں کسی کی تصویر فیڈ کرنا

مسئلہ(۴۰۹): موبائل میں کسی شخص کی تصویر فیڈ (Feed) کرنا، کہ جب بھی فون کیا جائے تو بجائے نمبر کے اس شخص کی تصویر آئے درست نہیں ہے۔(۱)

خراب موبائل، عیب بتلائے بغیر فروخت کرنا

مسئلہ(۴۱۰): بہت سے لوگ موبائل خراب ہونے پر اسے کم قیمت میں فروخت کردیتے ہیں، اور خریدار کو موبائل میں موجود عیوب اور خرابیوں پر آگاہ نہیں کرتے، اس طرح کی بیع دھوکہ دہی ہے جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں منع فرمایا۔(۲)

اس بیع کے بعد خریدار کو اختیار رہوگا کہ چاہے تو پوری قیمتِ خرید پر رکھ لے، اور اگر چاہے تو واپس کردے، لیکن یہ اختیار نہیں ہے کہ موبائل رکھ لے، اور عیب کی وجہ سے کچھ قیمت کے واپسی کا مطالبہ کرلے۔(۳)

والحجة على ما قلنا:

(۱) **ما في " الصحيح البخاري": " إن أشد الناس عذابا عند الله المصورون".**

(۲/ ۸۸۰، اللباس، باب عذاب المصورين يوم القيامة)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار**": " لا تمثالَ إنسان أو طير". "درمختار". قوله: (أو طير) لحرمة تصوير ذي الروح .(۹/ ۵۱۹، الحظر والإباحة، فصل في اللبس)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی " **جمع الجوامع**": عن ابن عباسؓ قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم : "**من غشنا فليس منا، ومن رمانا بالنبل فليس منا**". (۷/ ۲۱۳، رقم الحديث:۲۲۴۹۷)

(۳) ما فی " **جامع الترمذی**": عن أبي هريرةؓ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم مر على صبرة من طعام =

کیمرے والے موبائل کے استعمال سے احتیاط برتیں

مسئلہ(٤١١): کیمرے والے موبائل سے گفتگو کرنا ناجائز نہیں ہے، بلکہ اس کا غلط استعمال ناجائز ہے، علماء، ائمہ، ومقتدیانِ کرام کیلئے تہمت سے بچنے کیلئے احتیاط اسی میں ہے، کہ وہ کیمرے والے موبائل کے بجائے سادہ موبائل استعمال کریں۔(۱)

= فأدخل يده فيها فنالت أصابعه بللا، فقال:"يا صاحب الطعام! ما هذا ؟ قال: أصابته السماء يارسول الله صلى الله عليه وسلم ؛ قال: أفلا جعلته فوق الطعام حتى يراه الناس؟ ثم قال:" من غشّ فليس منا ". حد يث حسن صحيح، والعمل على هذا عند أهل العلم كرهوا الغش وقالوا : الغش حرام .

(١/٢٤٥، البيوع، ماجاء في كراهية الغش في البيوع)

ما فی " **العرف الشذی علی هامش الترمذی** ": ذكر في الفتح أن البيع ذا غرر قولي يجب فسخه قضاءً، وذا غرر فعلي يجب فسخه ديانة، وكل بيع مكروه تحريما يجب فسخه ديانة.

(العرف الشذي على هامش الترمذي:١/٢٤٧، رقم الحديث:١٣١٥)

ما فی " **السنن الترمذی** ": عن أبي هريرةؓ قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الغرر وبيع الحصاة". (١/٢٣٣، البيوع، ماجاء في كراهية بيع الغرر، الصحيح لمسلم :٢/٢،كتاب البيوع)

ما فی " **رد المحتار علی الدر المختار** " : من وجد بمشريه ماينقص الثمن ولو يسيراً ـ جوهرة ـ عند التجار، المراد بهم المعرفة بكل تجارة وصنعة ، قاله المصنف: أخذه بكل الثمن أو رَدّه مالم يتعين إمساكه."درمختار".(٧/١٦٩/١٧٠ كتاب البيوع ، باب خيارالعيب)

والحجة على ما قلنا:

(١) لقوله عليه السلام : " **اتقوا مواضع التهم**". (كشف الخفاء ومزيل الإلباس:١/٣٧)

ما فی " **الأشباه والنظائر** ": " الأمور بمقاصدها ". (١/ ١١٣)

انٹرنیٹ کا استعمال

مسئلہ (۴۱۲): انٹرنیٹ ایک ایسا جدید مواصلاتی نظام ہے، جس کے ذریعے دنیا ایک چھوٹی سی آبادی کی شکل میں تبدیل ہوگئی ہے، انسان گھر بیٹھے دنیا کے چپے چپے اور مختلف الاجناس افراد کی سیر کرتا ہے، انٹرنیٹ کے ذریعے انسان دین واسلام کو گھر بیٹھے دنیا کے ہر طبقے میں متعارف کراسکتا ہے، اور پورے عالم کو اللہ تعالیٰ کی قدرتوں میں غور کرنے ،توحید ورسالت اور آخرت کی دعوت دینے میں استعمال کرسکتا ہے، اسی طرح تعصب وعناد، اختلاف وانتشار اور بداخلاقی وغیرہ کی بھی انٹرنیٹ کے ذریعہ دعوت دی جاسکتی ہے، جس سے افرادِ انسانی میں اختلاف وانتشار کی فضاء آخری حد تک عام کی جاسکتی ہے۔

اگر انٹرنیٹ کا استعمال پہلے مقصد کیلئے ہے تو اس کا استعمال جائز ہے، اور اگر دوسرے مقصد کیلئے ہے تو اس کا استعمال ناجائز اور حرام ہے، اس لیے کہ فقہ کا قاعدۂ مسلمہ ہے: ''امور اپنے مقاصد کے تابع ہوتے ہیں''۔

انٹرنیٹ پروگرامس کا حکمِ شرعی

مسئلہ (۴۱۳): انٹرنیٹ میں کچھ پروگرامس ہوتے ہیں، جیسے یاہو میسینجر (Yahoo Massenger)، ایم، ایس، این میسینجر (MsnMassenger)، ریڈیفبال (Redifbol)

والحجة على ما قلنا:

ما في '' **الأشباه والنظائر** '': '' الأمور بمقاصدها ''. (۱/ ۱۱۳)

ما فی '' **المقاصد الشرعية** '': وبقاعدة فقهية سدا للذرائع : '' إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا ''. (ص۴۶)

ما فی '' **اعلام المؤقعين** '': ''وسيلة المقصود تابعة للمقصود وكلاهما مقصود''. (۱۵۷/۳)

وغیرہ، یہ پروگرامس ای میل (E-mail) اور چیٹنگ (Chating) کیلئے مخصوص ہوتے ہیں، جن کے ذریعہ دنیا میں کسی بھی فرد سے رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے، بہت سے نوجوان انٹرنیٹ چیٹنگ (Internet,Chating) کے ذریعے اجنبی لڑکیوں سے فرینڈشپ (Friendship) اور عشق ومحبت کی باتیں کرتے ہیں ، اور آپس میں ایک دوسرے کو فحش اور عریاں تصاویر ای میل (E-mail) کرتے ہیں، جو شرعاً ناجائز اور حرام ہے۔(۱)

انٹرنیٹ پر گیم کھیلنے کا حکمِ شرعی

مسئلہ(٤١٤): انٹرنیٹ ،موبائل اور کمپیوٹر پر گیم کھیلنے سے اگر فرائض کا ترک لازم آتا ہے،تو یہ کھیل ناجائز اور حرام ہوگا ، اور اگر ترکِ واجب لازم آتا ہوتو مکروہ تحریمی ہوگا ،اور اگر ترکِ سنن ومستحبات لازم آتا ہوتو مکروہ تنزیہی ہوگا ، کیوں کہ ہر وہ کام جو ترکِ فرض کا ذریعہ بنے وہ حرام،اور جو ترکِ واجب کا ذریعہ بنے وہ مکروہِ تحریمی ،اور جو ترکِ سنن ومستحبات کا ذریعہ بنے وہ

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **مشکوٰۃ المصابیح** ": إن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال:" **لعن الله الناظر والمنظور إلیه**".(ص ۲۷۰، باب النظر إلی المخطوبة، الفصل الثالث)

ما فی " **رد المحتار علی الدر المختار** ": ولا یکلم الأجنبیة إلا عجوزاً . "درمختار".

(۹/ ۵۳۰، الحظر والإباحة)

ما فی " **الصحیح البخاری** ": " **إن أشد الناس عذابا عند الله المصورون**".

(۲/ ۸۸۰، کتاب اللباس، باب عذاب المصورین یوم القیامة)

ما فی " **رد المحتار علی الدر المختار** ": "لاتمثالَ إنسان أو طیر". "درمختار". قوله : (أو طیر) لحرمة تصویر ذي الروح . (رد المحتار:۹/ ۵۱۹، الحظر والإباحة، فصل في اللبس)

مکروہِ تنزیہی ہوگا۔(۱)

انٹرنیٹ کے ذریعہ رازدارانہ معاملات کی جاسوسی کرنا

مسئلہ(٤١٥): اگر کوئی شخص، یا ادارہ، یا کمپنی، یا حکومت اپنے رازدارانہ معاملات کو، کوڈورڈ (Codeword/password) کے ذریعہ انٹرنیٹ یا کمپیوٹر پر فائلوں میں محفوظ کرلے، تو کسی دوسرے شخص کا جاسوسی کرکے کوڈورڈ (Code word) کو حاصل کرنا، اور فائلوں میں محفوظ رازدارانہ معلومات سے فائدہ اٹھانا شرعاً ناجائز ہے، اس لیے اس سے بچنا واجب ہے۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما في " **الكتاب** ": لقوله تعالیٰ: ﴿**ولا تسبوا الذين يدعون من دون الله فيسبوا الله عدوا بغير علم**﴾. (سورة الأنعام:١٠٩)

ما في " **الكتاب** ": ﴿**ولقد علمتم الذين اعتدوا منكم في السبت**﴾. (سورة البقرة:٦٥)

ما في " **الحديث** ": لقوله عليه السلام: " **قاتل الله اليهود حرمت عليهم الشحوم فباعوها وأكلوا أثمانها**". (صحيح البخاري:ص٣٨٤، البيوع، باب لايذاب شحم الميتة ولايباع ودكه، رقم الحديث:٢٢٢٤، موسوعة فتح الملهم:٥٢٧/٧، كتاب المساقات، باب تحريم بيع الخمر والميتة والخنزير الخ)

ما في " **الفروق للإمام القرافي** ": فذمهم لكونهم تذرعوا للصيد يوم السبت المحرم عليهم بحبس الصيد يوم الجمعة. وبقوله عليه السلام: " لعن الله اليهود حرمت عليهم الشحوم فباعوها وأكلوا أثمانها". وبإجماع الأمة على جواز البيع والسلف مفترقين وتحريمهما مجتمعين لذريعة الربا، ....فإنها تدل على اعتبار الشرع سدًّا للذرائع في الجملة وهذا مجمع عليه .

(الفروق للإمام القرافي :٤٣٧/٣،الفرق الرابع والتسعون بين قاعدة ما يسدمن الذرائع وبين قاعدة مالايسد منها)

والحجة على ما قلنا:

(٢) ما في " **الكتاب** ": ﴿**ولا تجسّسوا**﴾. اورتم جاسوسی نہ کرو. (سورة الحجرات:١٢) =

انٹرنیٹ کے ذریعہ تبلیغ واشاعت

مسئلہ(٤١٦): انٹرنیٹ کے ذریعہ قرآنِ کریم ،حدیثِ نبویؐ، عقائدِ اسلام ،احکامِ اسلام ونظریاتِ شرع پر غیروں کی طرف سے جو یلغار کی جارہی ہے،اوراسلام واہلِ اسلام کی جو غلط شبیہ پیش کی جارہی ہے،اس کا جواب انٹرنیٹ کے ذریعہ ہی دینا ممکن ہے،اس لئے اس مقصد کے خاطر انٹرنیٹ کا استعمال جائز ہی نہیں بلکہ بعض اوقات لازم ہے۔(۱)

انٹرنیٹ پرخرید وفروخت

مسئلہ(٤١٧): اگر انٹرنیٹ پر بائع اور مشتری دونوں موجود ہوں، اورایجاب کے فوراً بعد دوسرے کی طرف سے قبول ظاہر ہوجائے تو بیع منعقد ہوجائے گی،اوراس صورت میں عاقدین کو متحد المجلس تصور کیاجائے گا، کیوں کہ اتحادِ مجلس کا مقصد ایک ہی وقت میں،ایجاب کا قبول سے مربوط ہونا ہے۔(۲)

= ما فی " **الصحیح المسلم** ": " **ولا تحسّسوا ولا تجسّسوا** ". (کہ تم دوسروں کی ٹوہ میں اور جاسوسی میں نہ رہو). (۳۱٦/۲، کتاب البر والصلة والأدب، باب تحریم التحاسد.الخ)

ما فی " **فقه النوازل** ": " ان ما لا یتم الواجب إلا به فهو واجب ". (۲۲٥/۳)

والحجة علی ما قلنا:

(۱) ما فی " **الکتاب** ": ﴿**وأعدّوا لهم ما استطعتم من قوة**﴾. (سورة الأنفال:٦٠)

ما فی " **السنن لأبي داود** ": " **جاهدوا المشرکین بأموالکم وأنفسکم وألسنتکم** ".

(ص۳۳۹، کتاب الجهاد، باب کراهة ترك الغزو)

اور خالد بن ولیدؓ کے لئے حضرت ابوبکرؓ کا یہ قول :"حاربهم بمثل ما یحاربونك ، السیف بالسیف، والرُّمح بالرُّمح".

ما فی " **فقه النوازل** ": " ان ما لا یتم الواجب إلا به فهو واجب". **کے عموم میں (مذکورہ حکم) داخل ہے۔**

(۲۲٥/۳)

ما فی " **اعلام المؤقعین** ": " وسیلة المقصود تابعة للمقصود وکلاهما مقصود " . (۳/ ۱۷٥)

والحجة علی ما قلنا:

(۲) ما فی " **الکتاب** ": ﴿**أحل الله البیع وحرم الربوا**﴾ . (سورة البقرة:۲۷٥)

انٹرنیٹ کے ذریعہ کسی دوسرے کا کریڈٹ کارڈ نمبر، اوراس کا پاس ورڈ حاصل کرکے خفیہ طور پرخرید وفروخت کرنا

مسئلہ(٤١٨): انٹرنیٹ کے ذریعہ کسی کا کریڈٹ کارڈ(Credit Card) نمبراور اس کا پاس ورڈ (Password) حاصل کرکے، اس کے کھاتے سے خفیہ طور پرخرید وفروخت کرنا، جس کا بل، کریڈٹ کارڈ والے کو آتا ہو، شرعاً ناجائز وحرام ہے، اوراس طرح کے مال کے استعمال پر سخت وعید وارد ہوئی ہے۔(۱)

ای - میل(E-Mail) کے ذریعہ بیع وشراء(خرید وفروخت) کرنا

مسئلہ(٤١٩): اگرکسی شخص نے کسی شخص کو، ای۔میل(E-Mail) کے ذریعہ بیع (بیچنے) کی پیشکش کی، توجب وہ شخص جسے یہ پیشکش کی گئی، اس ای۔میل(E-Mail) کو پڑھے، اسی

ما فی " **السنن لأبي داود**": " **المتبايعان بالخيار ما لم يفترقا** ".

(٤٨٩/٢، كتاب البيوع ، باب في خيار المتبايعين)

ما فی " **الأشباه والنظائر** ": " الأمور بمقاصدها " . (١١٣/١)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما فی " **الكتاب** ": لقوله تعالیٰ: ﴿**لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل إلا أن تكون تجارةً عن تراضٍ منكم**﴾. (سورة النساء: ٢٩)

ما فی " **الصحيح المسلم** ": " **كل المسلم على المسلم حرام ، عرضه وماله ودمه** ".

(٣١٧/٢، كتاب البر والصلة والأدب، باب تحريم ظلم المسلم وخذله واحتقاره إلخ، السنن للترمذي: ١٤/٢، كتاب البر والصلة، باب ماجاء في شفقة المسلم على المسلم)

ما في " **الحديث النبوي** " : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " **لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه** ". (السنن الكبرى للبيهقي: ٦/ ١٦٦، كتاب الغصب ، مشكوة المصابيح :ص٢٥٥)

وقت اس کی جانب سے قبولیت کا اظہار صحتِ بیع کے لئے ضروری ہوگا، اور یہ صورت تحریر و کتابت کے ذریعہ بیع (بیچنے) کی ہوگی، اور بیع بصورتِ تحریر و کتابت درست و جائز ہے۔(۱)

انٹرنیٹ کے ذریعہ عقدِ نکاح کا حکمِ شرعی

مسئله(۴۲۰): عقدِ نکاح بمقابلۂ عقدِ بیع نازک ہے، اس میں عبادت کا بھی پہلو ہے، اور دو گواہ بھی شرط ہے، اس لئے براہِ راست انٹرنیٹ، ویڈیو کانفرنسنگ اور فون پر نکاح کا ایجاب وقبول شرعاً معتبر نہیں ہوگا، ہاں اگر ان ذرائع ابلاغ پر کسی کو نکاح کا وکیل بنایا جائے، اور وہ دو گواہوں کے سامنے اپنے مؤکل کی طرف سے ایجاب وقبول کرلے تو نکاح درست ہوگا، بشرطیکہ گواہ مؤکل غائب کو جانتے ہوں، یا بوقتِ ایجاب وقبول اس کا نام مع ولدیت لیا گیا ہو۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **درر الحكام شرح مجلة الأحكام** ": بقاعدة فقهية :" الكتاب كالخطاب".

(۶۹/۱، "المادة:۶۹"، قواعد الفقه :ص۹۹، رقم القاعدة:۲۱۹)

ما فی " **فتح القدير** ": " فلما بلغه الكتاب وفهم ما فيه قال: قبلت في المجلس انعقد". (۲۳۶/۶، الفتاویٰ الهندية:۹/۳، الباب الثاني فيما يرجع إلى انعقاد البيع وفي حكم المقبوض على سوم الشراء وغيره)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی " **خلاصة الفتاوی** ": " امرأة وكلت رجلا بأن يزوجها من نفسه، فقال الوكيل: اشهدوا اني قد تزوجت فلانة من نفسي إن لم يعرف الشهود فلانة لا يجوز النكاح ما لم يذكر اسمها واسم أبيها وجدها". (۱۵/۲، كتاب النكاح، الفصل السادس في الشهود)

ما فی " **نصب الراية تخريج أحاديث الهداية** ": "رُوي أنه عليه السلام وكل بالتزوج عمر بن أبي سلمةؓ". (۱۹۲/۴، كتاب الوكالة)

تبلیغِ دین کی خاطر ٹیپ ریکارڈ، ویڈیو کیسٹ، سی ڈی وغیرہ کا استعمال

مسئله(۴۲۱): آج ٹیپ ریکارڈ، ویڈیو کیسٹ، سی ڈی ، اور سافٹ ویئر وغیرہ کا استعمال عام ہو چکا ہے، اس لئے تبلیغِ دین اور اشاعتِ حق کے خاطر ایسی کیسٹیں، سیڈیاں اور سافٹ ویئر بنانا، جس میں اخلاقی وتربیتی تعلیمات کو ریکارڈ کیا گیا ہو (خواہ صرف آواز یا آواز کے ساتھ حروف ہوں) جائز ہے، بشرطیکہ اس میں ذی روح کی تصاویر نہ ہوں۔

والحجة على ما قلنا:

ما في " **الكتاب** ": ﴿**خلق لكم ما في الأرض جميعا**﴾. (سورة البقرة: ٢٩)

ما في " **الأشباه والنظائر** ": وبقاعدة فقهية :"إن الأصل في الأشياء الإباحة، حتى يدل الدليل على عدم إباحته". (١/٢٥٢)

ما في " **رد المحتار على الدر المختار** ": " لا تمثالَ إنسان أو طير"."درمختار". قوله : (أو طير) لحرمة تصوير ذي الروح. (٥١٩/٩، الحظروالإباحة، فصل في اللبس)

كتاب اللباس والزينة

(لباس اورزینت کا بیان)

زینت:......ہراس شیٔ کا نام ہے جس کے ذریعے تزیّن ہو۔"**الزينة إسم جامع لكل شيء يتزين به**".
(لسان العرب:۲۰۱/۱۳)

لغتہً:......زینت کا اطلاق اصل خلقت پر معنی زائد پر ہوتا ہے۔

جمال:......تناسب،اعتدال اوراستواءِخلقت کو کہتے ہیں۔"**وقد قيل عن الجمال انه تناسب الخلقة واعتدالها واستوائها**".(أحكام تجميل النساء:ص۵۶)

زینت و جمال میں فرق:

جمال اصلی وفطری خوبصورتی کو کہتے ہیں، جب کہ زینت کا اطلاق اصلی واضافی دونوں خوبصورتیوں پر ہوتا ہے۔"**الجمال يختص بالجمال الأصلي في الخلقة والزينة تشتمل ما كان في أصل الخلق وما كان مضافاً إليه**".

ارشادِخداوندی ہے: ﴿**ولكم فيها جمال حين تريحون وحين تسرحون**﴾
ترجمہ:......اوران کی وجہ سے تمہاری رونق بھی ہے جبکہ (ان کو) شام کے وقت (گھر) لاتے ہواور جبکہ (انہیں) صبح کے وقت (چرنے) چھوڑ دیتے ہو۔[سورۂ نحل:۶]

﴿**والقواعد من النساء اللاتي لا يرجون نكاحاً فليس عليهن جناح أن يضعن ثيابهن غير متبرجات بزينة**﴾. ترجمہ:......اور بڑی بوڑھیاں جنہیں نکاح کی امید نہ رہی ہوان کوکوئی گناہ نہیں (اس بات میں) کہ وہ اپنے زائد کپڑے اتار رکھیں (بشرطیکہ) زینت کودکھلانے والیاں نہ ہوں[سورۂ نور:۶۰]

محمد بن ابی بکر الدمشقی معروف بابن القیم نے جمال کی دو قسمیں فرمائی: (۱) جمالِ ظاہری، (۲) جمالِ باطنی۔
جمالِ باطنی کا اطلاق علم،عقل،عفت اور شجاعت پر ہوتا ہے،اور جمالِ ظاہری سے وہ خوبصورتی مراد ہے جس

کے ذریعے اللہ رب العزت نے بعض صورتوں کو بعض سے مختص فرمایا ہے، اور یہی زیادتیٔ خلق ہے، ارشاد ہے:﴿یزید في الخلق ما یشاء﴾. ترجمہ:......وہ پیدائش میں جو چاہے زیادتی کرتا ہے۔

(سورۂ فاطر:۱)

معلوم ہوا کہ جمال فطری وخلقی ہے جو اللہ کی عظیم نعمتوں میں سے ایک ہے،اور زینت کسبی اور اصلِ خلقت پر اضافہ ہے،شریعتِ اسلامی نے زینت کو مطلقاً ناجائز وحرام نہیں قرار دیا، بلکہ اس کو حدِ اعتدال میں رکھنے کے لیے حدود وقیود متعین کی ہے۔

اگر مسلمان مرد وعورت ان حدود کے اندر رہتے ہوئے اور ان قیود کا لحاظ رکھتے ہوئے زیب وزینت اختیار کرتے ہیں تو یہ نہ صرف جائز بلکہ مطلوب ہے،اور اگر ان حدود سے تجاوز کر جاتے ہیں تو نہ صرف ناجائز بلکہ بسا اوقات حرام بھی ہوتا ہے۔

انسان کا زیب وزینت کو پسند کرنا امرِ طبعی بلکہ فطری ہے، ہر انسان اس کی تمنا وآرزو کرتا ہے، کہ وہ خوبصورت ترین دکھائی دے، اسلام نے اس جذبہ وخواہش کو دبایا نہیں بلکہ اس کی اجازت دی، کیوں کہ اسلام دینِ فطرت ہے اور فطری چیزوں کو منع نہیں کرتا، بلکہ اس کی اجازت دیتا ہے،جیسا کہ قرآن کریم کی یہ آیتیں شاہد ہیں:﴿یٰبني آدم خذوا زینتکم عند کل مسجد﴾. ترجمہ:......اے اولادِ آدم ہر نماز کے وقت اپنا لباس پہن لیا کرو۔[اعراف:۳۱]......﴿قل من حرم زینة الله التي أخرج لعباده والطیبات من الرزق﴾. ترجمہ:......آپ کہیے اللہ کی زینت کو جو اس نے اپنے بندوں کے لیے بنائی ہے کس نے حرام کردیا ہے،اور کھانے پینے کی پاکیزہ چیزوں کو؟ (اعراف:۳۲)

مرد وعورت کے لیے زینت سے متعلق اسلامی ہدایات:

۱-......ایسی زیب وزینت جس میں مرد عورتوں،اور عورتیں مردوں کی مشابہت اختیار کریں شرعاً جائز نہیں ہے۔

عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : " لعن النبي صلى الله عليه وسلم المتشبهین من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال". ...... اللہ کے رسول صلی

اللہ علیہ وسلم نے ان مردوں پر لعنت فرمائی جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں، اور ان عورتوں پر بھی جو مردوں کا روپ دھارتی ہیں۔

(صحيح بخاری:۲/۸۷٤، کتاب اللباس، باب المتشبهين بالنساء والمتشبهات بالرجال، رقم الحديث:٥٦٥٦)

۲-......زیب وزینت کی خاطر مسلمان کا اپنا حلیہ، وضع قطع اس طرح بدل لینا کہ غیر مسلموں سے بظاہر کوئی امتیاز باقی نہ رہے، شرعاً جائز نہیں ہے۔

لقوله تعالى: ﴿**ولا تركنوا إلى الذين ظلموا فتمسكم النار**﴾. (سورۂ ہود:۱۱۳)

ولقوله عليه السلام: " **أبغض الناس إلى الله ثلاثة ؛ ملحد في الحرم ، مبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ، ومطلب دم امرئٍ مسلم بغير حق ليهريق دمه** ". (مشكوة المصابيح:ص۲۷)

ولقوله عليه السلام: "**من تشبه بقوم فهو منهم**".

(ابوداود:ص٥٥٩، كتاب اللباس، باب لباس الشهرة)

۳-......زیب وزینت اور آرائشِ جمال کے جذبات کی تسکین وتکمیل کے لیے اپنی حقیقی ضرورتوں کو نظر انداز کرنا، یا اس کے لیے قرض درقرض کے بوجھ تلے دبتے چلے جانا شرعاً جائز نہیں۔

لحديث عبد الله بن قتادة : يحدث عن أبيه أن النبي صلى الله عليه وسلم أتي برجل ليصلي عليه فقال النبي صلى الله عليه وسلم : "**صلوا على صاحبكم فإن عليه ديناً** " **قال أبو قتادة: هو عليّ ، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "بالوفاء "فقال: بالوفاء، فصلى عليه**. (ترمذی شريف: ۱/۲۰۵، أبواب الجنائز ، باب ماجاء في المديون)

۴-......ناک اور دوسرے اعضاء خلقی طور پر کم خوبصورت اور غیر مناسب ہوں، مگر انسان کی عمومی معتاد خلقت کے دائرہ سے باہر نہ ہوں، تو محض زینت اور خوبصورتی کے لیے پلاسٹک سرجری کرانا تغییر خلق اللہ میں داخل ہونے کی وجہ سے جائز نہیں ہے۔

(تجویز نمبر۴، بابت پلاسٹک سرجری، اٹھارہواں فقہی سیمینار، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

عورتوں کی زینت سے متعلق خاص حدود وقیود:

۱-......عورت زینت اختیار کرسکتی ہے،مگر غیر محرم کے سامنے اس پر اپنی زینت کو چھپائے رکھنا فرض ہے۔

ارشادِ باری تعالی ہے:﴿**وقل للمؤمنات یغضضن من أبصار هن ویحفظن فروجهن ولا یبدین زینتهن**﴾...... اورآپ کہہ دیجئے ایمان والیوں سے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں،اوراپنی شرمگاہوں کی حفاظت رکھیں،اوراپنا سنگار ظاہر نہ ہونے دیں۔(سورۂ نور:۳۱)

۲-......آزاد عورت کا پورا بدن ستر ہے،سوائے اس کے چہرے اور ہتھیلیوں کے،اس لیے ایسی زیب وزینت جس میں جسم کے کل یا بعض اجزاء ظاہر ہوں شرعاً جائز نہیں ہوگی۔

عن عائشة رضي الله عنها أن أسماء بنت أبي بكر دخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وعليها ثياب رقاق فأعرض عنها رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال: يا أسماء إن المرأة إذا بلغت المحيض لم تصلح أن يرى منها إلا هذا وهذا أشار إلى وجهه و كفيه .(ابو داود:ص٥٦٧، كتاب اللباس، باب فيما تبدى المرأة من)

۳-......زیب وزینت کے لیے اپنے جسم کے ان حصوں کو دیگر عورتوں کے سامنے ظاہر نہیں کرسکتی،جن کا دیکھنا صرف شوہر کے لیے جائز ہے۔

آج کل بہت سی عورتیں بیوٹی پارلروں میں جاکر ایسی زیب وزینت کرواتی ہیں جس میں ان اعضاء کو کھولا جاتا ہے،جن کا دیکھنا صرف اور صرف اس کے شوہر کے لیے جائز ہے،شرعاً یہ عمل سخت گناہ کا باعث ہے۔

۴-......ایسی زیب وزینت جس کے اظہار سے مرد متوجہ ہوں،مثلاً گھنگھروں والے پازیب وغیرہ پہننا، جو چلتے وقت آواز کرتے ہیں،اور مرد متوجہ ہوتے ہیں،یا ایسی تیز خوشبو والا عطر اور پرفیوم لگانا جس کی خوشبو مرد محسوس کریں،شرعاً جائز نہیں،کیوں کہ یہ بھی داعی الی الفتنہ ہے۔اور فقہ کا قاعدہ ہے کہ محظور وممنوع کا سبب وذریعہ بھی ممنوع ہوتا ہے۔"**ما كان سبباً لمحظور فهو محظور**". (شامی:۲۲۳/۵)"

وكل ما أدى إلى الحرام فهو حرام". (بدائع الصنائع: ١/٦٦٨)"**ما أفضى إلى الحرام كان حراماً**". (موسوعة القواعد الفقهية: ٩/٤٢)

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "**كل عين زانية والمرأة إذا استطعرت فمرت بالمجلس فهي كذا أو كذا يعني زانية**". ...... ہر آنکھ زنا کرنے والی ہے، اور عورت جب عطر لگا کر مجلس کے پاس سے گذرتی ہے تو وہ بھی زانیہ ہے۔

(ترمذي: ٣/٥٣٢، باب ما جاء في كراهية خروج المرأة متعطرة، نسائی: ٢/٢٤٠، باب ما يكره للنساء من الطيب)

۵-......زینت میں حرام چیزوں کا استعمال اور فعلِ حرام کا ارتکاب نہ ہو، خواہ شوہر کا حکم ہی کیوں نہ ہو۔

عن عائشة رضي الله عنها أن امرأة من الأنصار زوجت ابنتها فتمعط شعر رأسها فجاء ت إلى النبي صلى الله عليه وسلم فذكرت ذلک له، فقالت: إن زوجها أمرني أن أصل شعرها فقال: لا ؛ إنه قد لُعن الموصلات.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک انصاریہ عورت نے اپنی بیٹی کا نکاح کیا، اس کے سر کے بال جھڑنے لگے، تو وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی اور ماجرا بیان کیا، کہنے لگی کہ اس کے شوہر نے مجھ سے کہا کہ میں اس کے بالوں کے ساتھ دوسرے بال جوڑوں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا نہیں، کیوں کہ بال کے جوڑنے والیوں پر لعنت کی گئی ہے۔

(صحيح بخاری: ٢/٧٨٤، كتاب النكاح، باب لا تطيع المرأة زوجها في معصية)

٦-......ایسی زیب وزینت جس میں ضرر وتکلیف ہو شرعاً جائز نہیں، کیوں کہ جلبِ مصالح ومنافع اوران کی تکثیر، اور دفعِ مفاسد اوران کی تقلیل مقاصدِ شرعیہ میں سے ایک عظیم مقصد ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:"**لا ضرر ولا ضرار**"."**لا ضرر ولا إضرار**".

(ابن ماجه: ص١٦٩، جامع البيان في تفسير القرآن للطبري: ١٧/٣٨، القواعد الكلية والضوابط الفقهية: ص١٦٧)

۷-......زیب وزینت کا مقصد، مقصدِ حسن ہو، یعنی زینت اس مقصد سے ہو کہ میں اپنے شوہر کی نگاہ میں اچھی لگوں، اور میرا بن سنور کر رہنا اس کی نگاہوں کو نیچی رکھنے اور شرمگاہ کی حفاظت میں معاون ومددگار ہو۔

ویسے تو حسنِ مقصد ہر عمل میں ضروری ہے، خواہ اس عمل کا تعلق معاملات سے ہو یا عبادات سے، زیب وزینت وآرائشِ جمال سے ہو یا کسی اور امر سے، اچھے مقصد سے امورِ مباحہ کو انجام دینے پر ثواب ملتا ہے اور شرعاً وہ جائز ہوتے ہیں، اور اگر مقصد غلط ہو تو ان کی اباحت بھی جاتی رہتی ہے، اور وہ باعثِ گناہ ہوتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''**إنما الأعمال بالنيات ، وإنما لكل امرئ ما نوى فمن كانت هجرته إلى دنيا يصيبها أو إلى امرأة ينكحها فهجرته إلى ما هاجر إليه**''.

(صحيح بخارى: ۱/۲)

نیز فقہ کا قاعدہ ہے: ''**الأمور بمقاصدها**'' امور کا حکم ان کے مقاصد کے مطابق ہوتا ہے۔

(الأشباه والنظائر: ۱/۱۱۳)

مسائلِ زیب وزینت

موجودہ دور میں عورتوں کا لباس اور اس کا حکمِ شرعی

مسئلہ(۴۲۲) : آج کل عورتوں میں ایسا باریک وپتلا لباس پہننے کا رواج ہو چلا ہے، کہ جس سے تمام یا بعض اعضاء نمایاں ہوجاتے ہیں، اسی طرح بعض عورتیں موٹا کپڑا پہنتی ہیں، مگر وہ اس قدر چست اور چھوٹا ہوتا ہے، کہ اس سے جسم کے اعضاء نمایاں ہوجاتے ہیں، لہٰذا خواتین کے لئے ایسے لباس کا پہننا حرام اور ناجائز ہے۔(۱)

محض خوبصورتی کیلئے سرجری کروانا

مسئلہ(۴۲۳): محض خوبصورتی کے لیے سرجری کروانا کسی بھی حالت میں جائز نہیں(۱)، ہاں البتہ

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الکتاب** ": قال تعالیٰ: ﴿ **يٰبني آدم قد أنزلنا عليكم لباساً يواري سواٰتكم وريشاً ، ولباس التقوی ذلک خير**﴾.[الأعراف:۲۶]........... وقوله تعالی :﴿ **يٰبني آدم خذوا زينتكم عند كل مسجد وكلوا واشربوا ولا تسرفوا ،إنه لا يحب المسرفين**﴾.(الأعراف:۳۱)

ما فی " **الصحيح المسلم** ": عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:" **صنفان من أهل النار لم أرهما قوم معهم سياط كأذناب البقر يضربون بها الناس ونساء كاسيات عاريات مميلات مائلات رؤوسهن كأسنمة البخت المائلة ، لا يدخلن الجنة ولا يجدن ريحها وإن ريحها ليوجد من مسيرة كذا وكذا** ".(۳۸۳/۲، باب جهنم أعاذنا الله منها)

ما فی " **موسوعة فتح الملهم مع التكلمة كاملة** ": أن اللباس إنما يقصد به الستر والتجمل .... فكل لباس ينكشف معه جزء من عورة الرجل والمرأة ، لا تقره الشريعة الإسلامية ، مهما كان جميلا، أو موافقا لدور الأزياء. (۷۷/۱۰)

والحجة على ما قلنا:

(۱) مام فی " **القرآن الحكيم** ": ﴿**ولآمرنهم فليبتكن آذان الأنعام ولآمرنهم فليغيرن خلق الله**﴾.

(سورة النساء:۱۱۹) =

اگر ہاتھ یا پیر کی انگلی زائد ہو(۱) یا عورت کو داڑھی نکل آئے تو ایسی صورت میں درست ہے(۲)۔

کم عمر دکھانے کے لیے سرجری کروانا

مسئلہ(٤٢٤): انٹی ایجنگ (Anti aging) یعنی کم عمر دکھانے کی کوشش کرنا، عام طور پر عمر رسیدہ فیشن کی دلدادہ عورتیں، بوڑھاپے کی وجہ سے جلد سکڑ جانے پر سرجری (Surgery) کرواتی ہیں، جسے سکین ٹائٹنگ (Skin tighting) بھی کہتے ہیں، یہ عمل سراسر ممنوع اور ناجائز ہے۔(۳)

= (۱) ما فی " **تـكـملة فتح الملهم مع التكملة كاملة** ": وأمـا قـطع الإصبع الزائدة ونحوها فإنه ليس تغييراً لخلق الله ، وإنه من قبيل إزالة عيب أو مرض.

(۱۰/۱٦۹، كتاب اللباس والزينة، داراحياء التراث العربي)

(۲) ما فی " **تـكـمـلـة فتـح الملهم مع التكملة كاملة** ": أمـا إذا نبـت لـلمرأة لحية أو شارب أو عنفقة فأخذها حلال عند الحنفية والشافعية . (۱۰/۱٦۸)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما في " **أحكام تجميل النساء** " : وقد رأى العلماء المعاصرون تحريمها ومنعها لدلالة النقل والعقل على منعها . فأما النقل : فبقول الله عز وجل : ﴿ **ولآمرنهم فليغيرن خلق الله**﴾. [النساء : ۱۱۹]. ووجه الـدلالة مـن الآية : أنهـا مـن سيـاق الذم وبيان المحرمات التي يسول الشيطان للإنسان بفعلها ، ومن هذه الـمـحـرمـات تـغييـر خـلـق الـله وهذه الجراحات تشتمل على تغيير خلق الله والبعث فيها حسب الهوى والـرغبة ، فتـكـون الـعـمـلية والحال هذه مذمومة شرعاً ، ومن جنس المحرمات التي يسول بها الشيطان للإنسان . ومـن السـنة يـقـول الـنبي صلى الله عليه وسلم : " **والـمتـفـلـجـات للحسن المغيرات خلق الله** ".[الصحيح لمسلم :۲/۲۰۵]. ووجه الدلالة : أنه صلى الله عليه وسلم جمع بين تغيير الخلقة وطلب الـحسـن وكـلا هـذين المعنيين موجودان في الجراحة التحسينية ، فإنها تغيير للخلقة من أجل بل والزيادة فيه، فهي على هذا داخلة في الوعيد ، ولا يجوز أن تفعل. (ص:۳۷۸)

فیشن ایبل طرز پر بال کٹوانا ممنوع ہے

مسئلہ(۴۲۵): نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بال کبھی نصف کان، کبھی کانوں کی لو، اور کبھی مونڈھے تک رہا کرتے تھے، اور حلق (سر مونڈوانا) بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے، اس لئے سنت طریقہ یہی ہے، اس کے برعکس انگریزی طرز پر فیشن ایبل بال رکھنا مثلاً: مشروم کٹ (MashroomCut) سولجر کٹ (SoldierCut) اسٹیپ کٹ (StepCut) ہپی کٹ (HippyCut) بیبی کٹ (BabyCut) راؤنڈ کٹ (RoundCut) وغیرہ ناجائز اور حرام ہے۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **السنن أبی داود** ": عن ابن عمر : " **أن النبي صلى الله عليه وسلم نهىٰ عن القزع** ".

(ص: ۵۷۷، كتاب اللباس، باب في الصبي له ذؤابة)

ما في " **رد المحتار على الدر المختار** ": ويكره القزع وهو أن يحلق البعض ويترك البعض قطعاً مقدار ثلاثة أصابع. (۵۸۴/۹،الحظر والإباحة، فصل في البيع)

ما في " **السنن لأبي داود** ": لقوله عليه السلام : "**من تشبه بقوم فهو منهم**".

(ص: ۵۵۹، باب في لبس الشهرة ، الفتاوى الهندية:۳۵۷/۵، الباب التاسع عشر في الختان)

ما في " **الشمائل للترمذی** ": عن أنس بن مالك قال : " **كان شعر رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى نصف أذنيه** ".

عن عائشة رضي الله عنها قالت : " **كنت اغتسل أنا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من إناءٍ واحدٍ وكان له شعر فوق الجمة ودون الوفرة**".

وعن البراء بن عازب قال : " **كان رسو ل الله صلى الله عليه وسلم مربوعاً بعيد ما بين المنكبين وكانت جمة تضرب شحمة أذنيه** ".

(ص:۳، السنن الترمذي : ۶۱۹، باب ما جاء في شعر رسول لله صلى الله عليه وسلم)

مصنوعی بالوں کا ٹوپ لگانا

مسئلہ(٤٢٦): بالوں میں مصنوعی وِگ (Wig) یعنی بناوٹی بالوں کی ٹوپی لگانا، جو کہ جسم سے علیحدہ نہ ہو سکے، یا عارضی طور پر لگانا کہ جب چاہا لگالیا اور جب چاہا اتارلیا، دونوں صورتیں ناجائز اور حرام ہیں۔(۱)

مصنوعی بالوں پر مسح کافی نہیں ہوگا

مسئلہ(٤٢٧): وِگ (Wig) یعنی مصنوعی بال اگر سر پر اس طرح فٹ کئے جائیں، کہ انہیں بآسانی نکالنا ممکن نہ ہو، یا اس طرح فٹ کئے جائیں کہ بآسانی نکالے جاسکتے ہوں، بہر دو صورت سر کے اصل بالوں کے چوتھائی پر مسح لازم ہے(۲)، وِگ پر مسح کرنا کافی نہ ہوگا، کیونکہ اس کو لگانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع بھی فرمایا ہے۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی "**الصحيح البخاری**": عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "**لعن الله الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة**". (۸۷۸/۲)

ما فی "**الفتاوى الهندية**": وصل الشعر بشعر الآدمي حرام سواء كان شعرها أو شعر غيرها كذا في الاختيار شرح المختار ولا بأس للمرأة أن تجعل في قرونها وذوائبها شيئاً من الوبر.

(۳۵۸/۵، رد المحتار: ۵۳۹/۹، كتاب الحظر والإباحة)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی "**الفتاوى الهندية**": والمفروض في مسح الرأس مقدار الناصية كذا في الهداية، والمختار في مقدار الناصية ربع الرأس، كذا في الاختيار شرح المختار. (۵/۱)

بھوؤں اور چہرے کے بالوں کا اکھاڑنا

مسئلہ (۴۲۸): بہت سی عورتیں بھوؤں کے بالوں کو اکھاڑ کر انہیں باریک کرتی ہیں، اسی طرح چہرہ کے بالوں کو اکھاڑتی ہیں یا کسی سے اکھڑواتی ہیں، تاکہ وہ حسین وجمیل معلوم ہوں، ان کا یہ عمل حرام ہے۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الصحيح المسلم** ": لما جاء في الحديث : عن عبد الله بن مسعود قال :" **لعن الله الواشمات والمستوشمات، والنامصات والمتنمصات، والمتفلجات للحسن، المغيرات خلق الله** ". الخ

(۲۰۵/۲، كتاب اللباس والزينة، باب تحريم فعل الواصلة والمستوصلة ، رقم الحديث :۵۵۳۸، رقم الباب:۱۲)

ما فی " **تكملة فتح الملهم مع التكملة كاملة** ": قوله : (النامصات) النمص نتف الشعر، والنامصة هي التي تنتف شعر الوجه كما في القاموس وتاج العروس .... والمتنمصة من تأمر امرأة أخرى بنتف الشعر عن نفسها وأكثر ما تفعله النساء في الحواجب وأطراف الوجه ابتغاء للحسن والزينة وهو حرام بنص هذا الحديث .... قوله : (المغيرات خلق الله) إشارة إلى قوله تعالى في سورة النساء : [۱۱۸و۱۱۹] حكاية عن قول الشيطان : ﴿**لأتخذن من عبادك نصيباً مفروضاً ، ولأضلنهم ولأمنينهم ولآمرنهم فليبتكن آذان الأنعام ولآمرنهم فليغيرن خلق الله**﴾ وفيه تصريح بأن الوصل والوشم والنمص وغيرها من جملة تغيير خلق الله الذي يفعله الإنسان بإغواء من الشيطان والذي نهى عنه الله سبحانه وتعالى في كتابه المجيد .

(۱۰/۱۶۸، ۱۶۹، رقم الباب: ۳۳، داراحياء التراث العربي، كذا في ردالمحتار:۹/۵۳۵، ۵۳۶، الحظر والإباحة ، فصل في النظر والمس)

ما فی " **الكتاب** ": لقوله تعالى:﴿**ما آتٰكم الرسول فخذوه وما نهٰكم عنه فانتهوا**﴾.(سورة الحشر:۷)

ناخن لمبے رکھنا ممنوع ہے

مسئلہ(۴۲۹): فیشن کے طور پر لمبے لمبے ناخن چھوڑنا ناجائز اور مکروہ ہے۔(۱)

عورتوں کے لیے مہندی کا استعمال

مسئلہ(۴۳۰): عورتوں کے لیے ڈیزائن (Design) سے مہندی لگانا جائز ہے، خواہ ہاتھوں میں ہو یا پاؤں میں، ایک خاتون نے پردہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک تحریر دی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خط لیا، اور دریافت فرمایا: کہ یہ ہاتھ مرد کا ہے یا عورت کا؟ انہوں نے عرض کیا عورت کا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: ''اگر تم عورت ہوتی تو اپنے ناخن کو متغیر کرتی، یعنی مہندی لگاتی''۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی '' **رد المحتار على الدر المختار** '': ويستحب قلم أظافيره يوم الجمعة وكونه بعد الصلاة أفضل، إلا إذا أخره إليه تاخيراً فاحشاً فيكره ، لأن من كان ظفره طويلاً كان رزقه ضيقاً.

(۵۸۰/۹، ۵۸۱، الحظر والإباحة ، فصل في البيع، الفتاوى الهندية:۳۵۸/۵، الباب التاسع عشر)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی '' **السنن أبی داود** '': عن عائشة قالت: أومأت امرأة من وراء ستر بيدها كتاب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقبض رسول الله صلى الله عليه وسلم يده، فقال: '' **ما أدري أيد رجل أم يد امرأة؟ قالت : بل يد امرأة ! قال: لو كنت امرأة لغيرت أظفارک يعني بالحناء**''.

عن عائشة أن هنداً بنت عتبة قالت: يا نبي الله! بايعني قال:'' **لا أبايعک حتى تغيري كفيک كأنهما كفا سبع**''.

(۵۷۴/۲، باب في الخضاب للنساء، سنن النسائي:۲۳۷/۲، الخضاب للنساء، مشكوة المصابيح: ص۳۸۳)

لپ اسٹک کا استعمال درست ہے یا نہیں؟

مسئله(٤٣١): لپ اسٹک (Lip stick) اگر ایسی چیز سے بنائی جاتی ہو، جو جلد تک پانی پہنچنے کے لیے مانع ہے، تو اس کا استعمال جائز نہیں ہے، اور اگر پانی جلد تک بآسانی پہنچ جائے تو جائز ہے۔(۱)

مرد وعورت کے لیے کس دھات کی انگوٹھی پہننا درست ہے؟

مسئله(٤٣٢): مرد کے لئے چاندی اور عورت کے لیے سونے چاندی کے علاوہ کسی اور دھات کی انگوٹھی پہننا جائز نہیں ہے۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": (ويجب) أي يفرض (غسل) كل ما يمكن من البدن بلا حرج مرةً كأذن .... (ولا يمنع) الطهارة (ونيم) أي خرء ذباب وبرغوث لم يصل الماء تحته (وحناء) ولو جرمه، به يفتى. (ودرن ووسخ)... وكذا دهن ودسومة ....(و)لا يمنع (ما على ظفر صباغ و) لا (طعام بين أسنانه) أو في سنه المجوف، به يفتى . وقيل إن صلباً منع، وهو الأصح . "درمختار".(١/٢٨٥-٢٨٩، كتاب الطهارة)

والحجة على ما قلنا:

(٢) ما فی " **الفتاوى الهندية** ": وفي الخجندي : التختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء جميعاً. (٥/٣٣٥)

ما فی " **فتاوى قاضيخان على هامش الفتاوى الهندية** ": ولا يتختم الرجل إلا بفضة ، أما لا يختم بالذهب للحديث المعروف وكذا التختم بالحديد لأنه خاتم أهل النار، وكذا الصفر لقوله عليه السلام :" **تختم بالورق ولا تزده على مثقال**". (٣/٤١٣)

میک اپ کا سامان استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟

مسئلہ(۴۳۳): میک اپ (Makeup) غیر ملکی سامان، پاوڈر (Powder) لپ اسٹک (Lip stick) اور تیل وغیرہ کے بارے میں اگر یہ بات یقینی طور پر معلوم ہو، کہ ان میں سور کی چربی یا مردار جانوروں کی چربی ملائی گئی ہے، مگر ملانے کے بعد اس کی حقیقت وماہیت کو کسی کیمیاوی عمل کے ذریعہ اس طرح بدل دیا گیا، کہ وہ ایک حقیقت سے دوسری حقیقت بن گئی، تو ان کا استعمال جائز ہوگا(۱)، غیر ملکی سامان میں سور کی چربی یا مردار جانوروں کی چربی ہونے کا محض شک، اس کے استعمال کے جواز کو عدمِ جواز میں تبدیل نہیں کرسکتا، کیونکہ فقہ کا قاعدہ ہے: " **الیقین لا یزول بالشک**"." **الأصل في الأشياء الإباحة حتى يدل الدليل على عدم الإباحة**"(۲)۔

عورت کا اپنے شوہر کے لیے میک اپ کرنا

مسئلہ(۴۳۴): اپنے شوہر کے سامنے شرعی حدود میں رہتے ہوئے، عورت کے لیے میک اپ کرنا جائز ہے، کیوں کہ عورت کا یہ عمل اس کے ساتھ شوہر کی محبت میں اضافہ کا باعث ہوگا، اور یہی شارع کا مقصود بھی ہے(۱)، اور قاعدہ ہے:"**الأمور بمقاصدها**"(۲)۔

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **رد المحتار على الدر المختار**": جعل الدهن النجس في صابون يفتى بطهارته لأنه تغير، والتغير يطهر عند محمد، ويفتى به للبلوى .... ثم اعلم أن العلة عند محمد هي التغير وانقلاب الحقيقة ويفتى به للبلوى كما علم مما مر، ومقتضاه عدم اختصاص ذلك الحكم بالصابون، فيدخل فيه كل ما كان فيه تغير وانقلاب حقيقة وكان فيه بلوى عامة. (۱/۵۱۹، كتاب الطهارة، باب الأنجاس)

(۲) (الأشباه والنظائر: ۱/۲۵۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **أحكام تجميل النساء**": تجمل المرأة لزوجها في الحدود المشروعة من الأمور التي ينبغي لها أن تقوم بها فإن المرأة كلما تجملت لزوجها كان ذلك أدعى إلى محبته لها وإلى الائتلاف بينهما، =

عورتوں کا مردوں کے ہاتھوں سے چوڑیاں پہننا

مسئلہ(۴۳۵): عورت اپنی حوائج وضروریات، اسی طرح زیورات خریدنے کیلئے بازار جاسکتی ہے، مگر مردوں کے ہاتھوں سے چوڑیاں پہننا اور دوکانداروں کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا ناجائز اور سخت باعثِ گناہ ہے۔(۱)

= وهذا مقصود الشارع ، فالمكياج إذا كان يجملها ولا يضرها فإنه لا بأس به ولا حرج .(ص:۲۰۱)

(۲) (قواعد الفقه:ص۶۳، الأشباه والنظائر:۱/۱۱۳)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **أحكام القرآن للفقيه المفسر العلامة محمد شفيع رحمه الله** ": قال تعالى: ﴿**وقرن في بيوتكن ولا تبرجن تبرج الجاهلية الأولى**﴾. [سورة الأحزاب:۳۳] فدلت الآية على أن الأصل في حقهن الحجاب بالبيوت والقرار بها، ولكن يستثنى منه مواضع الضرورة فيكتفى فيها الحجاب بالبراقع والجلابيب .... فعلم أن حكم الآية قرارهن في البيوت إلا لمواضع الضرورة الدينية كالحج والعمرة بالنص، أو الدنيوية كعيادة قرابتها وزيارتهم أو احتياج إلى النفقة وأمثالها بالقياس، نعم! لا تخرج عند الضرورة أيضاً متبرجة بزينة تبرج الجاهلية الأولى، بل في ثياب بذلة متسترة بالبرقع أو الجلباب، غير متعطرة ولا متزاحمة في جموع الرجال؛ فلا يجوز لهن الخروج من بيوتهن إلا عند الضرورة بقدر الضرورة مع اهتمام التستر والاحتجاب كل الاهتمام.وما سوى ذلك فمحظور ممنوع. (۳/۳۱۷۔۳۱۹)

ما في " **رد المحتار على الدر المختار** ": وفي الدر المختار: وتمنع المرأة الشابة (من كشف الوجه بين الرجال) لا لأنه عورة بل لخوف الفتنة. (۲/۷۹، باب شروط الصلوة)

وما في " **رد المحتار** " : ولا يكلم الأجنبية إلا عجوزاً. (۹/۵۳۰ ، الحظر والإباحة)

ما في " **رد المحتار والفتاوى الهندية** " : حل لمسة إذا أمن الشهوة على نفسه........ إلا من أجنبية =

عورتوں کا اونچی ایڑی کی چپل یا جوتی پہننا

مسئلہ(٤٣٦): اونچی ایڑی کے جوتے اور چپل پہننا یوں تو جائز ہے، لیکن نہ پہننا بہتر ہے، اس لیے کہ اب یہ فاحشہ اور بدکار عورتوں کی پسندیدہ چیزوں میں شمار ہوتی ہے، اور ان سے مشابہت اختیار کرنے کو ترک کرنا اولیٰ ہے۔(۱)

= فلا يحل مس وجهها وكفها وإن أمن الشهوة لأنه أغلظ.

(٥٢٨/٩، الفتاوى الهندية : ٣٢٩/٥، كتاب الكراهية ، باب فيما يحل للرجل النظر)

ما فی " **البحر الرائق** ": قال رحمه الله : يمس ما يحل له النظر إليه ، يعني يجوز أن يمس ما يحل له النظر إليه من محارمه ومن الرجال لا من الأجنبية.(٣٥٦/٨، كتاب الكراهية، فصل في النظر والمس)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما فی " **السنن لأبی داود** ": لقوله عليه السلام :" **من تشبه بقوم فهو منهم** ". (ص:٥٥٩)

ما فی " **أحكام تجميل النساء** ": لبس الكعب العالي محرم لأنه من التبرج الذي ينهى الله عنه.

(ص: ٢٣٣)

ما فی " **فتاوى المرأة المسلمة** ": لبس الكعب العالي لا يجوز لأنه يعرض المرأة للسقوط، والإنسان مأمور شرعاً بتجنب المخاطر .... كما أنه يظهر قامة المرأة وعجيزتها بأكثر مما هي عليه، وفي هذا تدليس وإبداء لبعض الزينة التي نهيت عن إبدائها المرأة المؤمنة.(ص: ٥٣٢،٥٣١)

ما فی " **أحكام تجميل النساء** ": وأما النعال المرتفعة فلا تجوز إذا خرجت عن العادة، وأدت إلى التبرج وظهور المرأة ولفت النظر إليها فكل شيء يكو ن به تبرج المرأة وظهورها وتميزها من بين النساء على وجه فيه التجمل فإنه محرم ولا يجوز لها . (ص: ٢٣٣، المطلب الثالث فی لباس القدمين)

مردوعورت کا کلائی گھڑی پہننا

مسئله(۴۳۷): مردوعورت ہردو کیلئے کلائی گھڑی پہننا جائز ہے۔(۱)

خالص سونے یا چاندی کی گھڑی پہننا

مسئله(۴۳۸): خالص سونے یا چاندی کی بنی ہوئی گھڑی پہننا مرد کیلئے ناجائز ہے، ہاں اگر گھڑی کا اندرونی حصہ سونے یا چاندی کا ہو، اور باہری حصہ لوہے وغیرہ کا ہو، تو مردوعورت دونوں کیلئے جائز ہے۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الصحيح البخارى** ": عن نافع أن عبد الله حدثه أن النبي صلى الله عليه وسلم اصطنع خاتماً من ذهب وجعل فصه في بطن كفه إذا لبسه فاصطَنَعَ خواتيم من ذهب فرقى المنبر فحمد الله وأثنى عليه فقال: " **إني كنت اصطنعته وإني لا ألبسه** ". فنبذه فنبذ الناس وقال جويرية: ولا أحسبه إلا قال في يده اليمنى. (۸۷۳/۲،باب من جعل فص الخاتم في بطن كفه)

ما فی " **السنن أبی داود** ": عن علي عن النبي صلى الله عليه وسلم قال شريك وأخبرني أبوسلمة بن عبد الرحمن أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يتختم في يمينه.

(۵۸۰/۲، باب ماجاء في التختم في اليمين أواليسار)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی " **الدر المختار** ": ولا يتحلى الرجل بذهب وفضة مطلقاً .... ولا يتختم إلا بالفضة لحصول الاستغناء بها فيحرم بغيرها كحجر........ وذهب وحديد وصفر ورصاص وزجاج وغيرها لما مر. "درمختار".

(۵۱۶/۹، الحظر والإباحة ، فصل في اللبس، البحرالرائق : ۳۴۸/۸، كتاب الكراهية، فصل في اللبس)

الکحل ملا ہوا پرفیومس یا عطر استعمال کرنے کا حکمِ شرعی

مسئلہ(۴۳۹): آج کل سینٹ (پرفیومس) اور عطر وغیرہ میں جو''الکحل'' ملایا جاتا ہے، اگر وہ انگور یا کھجور کی شراب سے بنا ہوا ہو تو وہ ناپاک ہے، اس کا استعمال ناجائز ہے، اور اگر وہ اِن دونوں شرابوں کے علاوہ کسی اور پاک چیز کی شراب سے، مثلاً: مکئی، جوار، بیر، آلو، چاول یا پیٹرول وغیرہ سے بنا ہوا ہو تو اس کے کپڑوں پر لگانے سے کپڑا ناپاک نہیں ہوگا، اس کا استعمال جائز ہے، اگر کسی نے ایسا پرفیوم (Perfume) کپڑے پر لگا کر نماز پڑھ لی تو اس کی نماز صحیح ہوگی، لوٹانے کی ضرورت نہیں۔

نوٹ: البتہ صاحبِ ''احسن الفتاویٰ'' (حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحبؒ) فرماتے ہیں، کہ تحقیق سے یہ معلوم ہوا کہ آج کل ''اسپرٹ'' اور ''الکحل'' کیلئے انگور اور کھجور استعمال نہیں کی جاتی، لہٰذا شیخین رحمہما اللہ کے قول کے مطابق پاک ہے، حضراتِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے اگرچہ فسادِ زمان کی حکمت کی بناء پر امام محمدؒ کے قول کو مفتیٰ بہ قرار دیا ہے، مگر آج کل ضرورتِ تداوی وعمومِ بلویٰ کی رعایت کے پیشِ نظر شیخین رحمہما اللہ کے قول پر فتویٰ دیا جاتا ہے، ویسے بھی اصولِ فتویٰ کے لحاظ سے قولِ شیخین رحمہما اللہ کو ترجیح ہوتی ہے، إلا لعارض. (۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في ''**تكملة فتح الملهم**'' : ''حكم الكحول المسكرة **(Alcohals)** فإنها إن اتخذت من العنب أو التمر فلا سبيل إلى حلتها أو طهارتها، وإن اتخذت من غيرها فالأمر فيها سهل على مذهب أبي حنيفةؒ .... وإن معظم الكحول التي تستعمل اليوم في الأدوية والعطور وغيرها لا تتخذ من العنب أو التمر، إنما تتخذ من الحبوب أو القشور أو البيترول وغيره، وحينئذ هناك فسحة في الأخذ بقول أبي حنيفةؒ عند عموم البلوىٰ؛ والله سبحانه أعلم.

(۶۰۸/۳، كتاب الطهارة، الأشربة، حكم الكحول المسكرة، أحسن الفتاوى:۴۸۸/۸، كتاب الأشربة، نظام الفتاوىٰ: ۳۵۳،۳۵۲/۱) =

عورت کے لیے سینٹ کا استعمال

مسئلہ(۴۴۰): عورت کیلئے ایسی خوشبو کا استعمال کرنا جائز ہے جس میں مہک انتہائی کم ہو کہ محض شوہر سونگھ سکے(۱)، ورنہ حدیث میں ہے کہ ''جو عورت مردوں کی مجلس کے پاس سے گزرے، اور وہ لوگ اس کی خوشبو محسوس کریں، تو عورت کا یہ عمل زنا میں شمار ہوگا''(۲)۔

= ما في " **الفتاوى الهندية** " : وأما الأشربة المتخذة من الشعير أوالذرة أوالتفاح أوالعسل إذا اشتد وهو مطبوخ أو غير مطبوخ فإنه يجوز شربه مادون السكر عند أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهما الله تعالیٰ؛ وعند محمد رحمه الله تعالیٰ حرام شربه ؛ قال الفقيه: وبه نأخذ كذا في الخلاصة.

(۴۱۴/۵، كتاب الأشربة ،الباب الثاني في المتفرقات)

ما في " **الفتاوى الهندية** " : قال محمد رحمه الله في الأصل : إذا طرح في الخمر ريحان يقال له سوسن حتى توجد رائحته فلا ينبغي أن يدهن أو يتطيب بها ولا يجوز بيعها.

(۴۱۰/۵، كتاب الأشربة ، الباب الأول في تفسير الأشربة، جامع الفتاوى:۲۱۷/۳)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما في " **الحديث** ": عن أبي هريرة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :" **طيب الرجال ما ظهر ريحه وخفي لونه ، وطيب النساء ما ظهر لونه وخفي ريحه**".

(جامع الترمذي :۱۰۷/۲، باب ما جاء في طيب الرجال والنساء ، مرقاة المفاتيح :۲۸۶/۸، ۲۸۷، كتاب اللباس، باب الترجل)

ما في " **الآداب للبيهقي**" : قال (الحسن) : " ألا وطيب الرجل ريح لا لون له ، ألا وطيب النساء لون لا ريح له ". (ص: ۲۴۰ ، باب في طيب الرجال وطيب النساء عند خروجهن ، رقم الحديث:۷۹۶)

(۲) ما في " **الآداب للبيهقي**" : عن أبي موسى الأشعري ، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال :" **أيما امرأة استعطرت فمرّت على قوم ليجدوا ريحها فهي زانية ، وكل عين زانية** ".

(ص:۲۴۰ ، باب في طيب الرجال وطيب النساء عند خروجهن ، رقم الحديث: ۷۹۷)

بجنے والے زیور پہننا شرعاً ممنوع ہے

مسئلہ(۴۴۱): ایسا زیور پہننا جو بجتا ہو مثلاً جھانجن، پایل اور ہاتھ کے کڑے وغیرہ، شرعاً ناجائز اور ممنوع ہے، کیوں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''جس گھر میں گھنٹی ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے''۔(۱)

عورتوں کا پلاسٹک، المونیم دھات وغیرہ کے زیور پہننا

مسئلہ(۴۴۲): عورتوں کیلئے پلاسٹک (Plastik) المونیم (Almonium) سونا یا چاندی یا اور کوئی دھات کے زیور پہننا جائز ہے، بشرطیکہ اس میں کسی بد دین کی مشابہت نہ ہو۔(۲)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **مشکوٰة المصابیح** ": عن بنانة مولاة عبد الرحمن بن حيان الأنصاري كانت عند عائشة إذا دخلت عليها بجارية وعليها جلاجل يصوتن فقالت: لا تدخلنها عليّ، إلا أن تقطعن جلاجلها، سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "**لا تدخل الملائكة بيتاً فيه جرس**". رواه أبوداود. (ص: ۳۷۹)

والحجة على ما قلنا:

(۲) ما فی " **السنن الترمذی** ": وقد أخرجه الترمذيعن أبي موسى الأشعري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال:" **حرم لباس الحرير والذهب على ذكور أمتي وأحل لإناثهم**". (۱/۲۰۳)

ما فی " **تحفة الأحوذی** ": وكذا حليّ الفضة مختص بالنساء إلا ما استثنى للرجال من الخاتم. (۵/۳۸۲)

ما فی " **أحكام تجميل النساء** ": وقد ذكر جميع فقهاء المذاهب إباحة تحلي النساء بسائر أنواع المجوهرات والأحجار الكريمة دون تفريق، كاللؤلؤ والياقوت والزبرجد والمرجان والعقيق والزمرد وسائر حلية البحر............... لبس القلائد من ذهب أو خرز أو غيرهما من خواص النساء، فلا يجوز للرجال التشبه بهن في ذلك. (ص: ۳۲۴)

سونے اور چاندی کے زیورات کا حکم شرعی

مسئلہ(۴۴۳): عورتوں کیلئے سونے چاندی کا استعمال جائز ہے، کیوں کہ عورتوں کیلئے سونے چاندی کے استعمال میں صریح اور صحیح احادیث موجود ہیں، (۱) تاہم اگر ان زیورات کا استعمال فخر وتکبر اور زینت کی عام نمائش کا سبب بنے، اور عدمِ ادائے زکوٰۃ کا اندیشہ ہو تو اَحوط اور اَولی یہ ہے کہ ان زیورات کو استعمال نہ کرے۔(۲)

دکھلاوے کے لیے زیورات پہننا

مسئلہ(۴۴۴): عورت کو زیور، ریاکاری ودکھلاوے کے لیے نہیں پہننا چاہیے، حدیث پاک میں ہے کہ "جو عورت ظاہر کرنے (دکھلاوے) کے لیے زیور پہنے گی تو اس کو عذاب دیا جائے گا"۔(۳)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الحديث** ": عن سعيد بن أبی هند أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: أحل الذهب والحرير لإناث أمتي، وحرم على ذكورها .(السنن النسائی:۲/۲۴۲)

عن ابی موسى الأشعريؓ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: حرم لباس الحرير والذهب على ذكور أمتي وأحل لإناثهم .(السنن الترمذ:۱/۳۰۲)

(۲) ما فی " **الحديث** ": وعن أخت حذيفة رضي الله عنها أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: **"يا معشر النساء! أما لكن في الفضة ما تحلين به؟ أما انه ليس منكن امرأة تحلى ذهباً تظهره إلا عذبت به"**.

عن أسماء بن يزيدؓ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: أيما إمرأةٍ تقلدت قلادةً من ذهب قلدت فی عنقها مثله من النار يوم القيامة، وأيما إمرأةٍ جعلت فی أذنها خرصاً من ذهب جعل فی أذنها مثله من النار يوم القيامة .(السنن لأبی داود: ۲/ ۵۸۱، باب الخاتم)

ما فی " **بذل المجهود** ": قال ابن ارسلان: هذا الحديث الذی ورد فيه الوعيد على تحل النساء بالذهب يحتمل وجوهاً من التأويل؛ أحدها: انه منسوخ كما قال ابن عبد البر، والثانی: أنه فی حق من تزينت به، وتبرجت، وأظهرته، والثالث: أن هذا فی حق من لا تؤدی زكاته دون من أدته، والرابع: أنه إنما منع منه فی حديث الأسورة والفتخات لما رأى من غلظة، فإنه مظنة الفخر والخيلاء .

(۱۲/۲۶۴، باب الخاتم، فتاوی بينات:۴/۴۰۸)

والحجة على ما قلنا:

(۳) وعن أخت حذيفة رضي الله عنها أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: **"يا معشر النساء! أما =**

سات سال کے بعد بچی کے بال نہ کاٹے جائیں

مسئلہ(٤٤٥): جب بچی سات سال کی ہوجائے تو اس کے بال نہ کاٹے جائیں۔(۱)

عورت کا بال کٹوانا ممنوع ہے

مسئلہ(٤٤٦): بیوٹی پارلر (Beauty parlour) یا ہیئر اسٹائلس (Hair styl,s) میں جاکر، یا گھر میں عورت کا بال کٹوانا، اور مختلف ڈیزائن سے بالوں کو فیشن ایبل (Fashionable) بنانا، خواہ سامنے کی جانب سے ہو یا دائیں بائیں، یا پیچھے کی جانب سے ہو، بہرصورت حدیث میں ممانعت کی وجہ سے ناجائز اور مکروہِ تحریمی ہے۔(۲)

= **لكن في الفضة ما تحلين به؟ أما انه ليس منكن امرأة تحلى ذهباً تظهره إلا عذبت به"**.

قولـه صلى الله عليه وسلم في الحديث:" **أما انه ليس منكن امرأة تحلى ذهبا تظهره إلا عذبت به"**. فدل ذلك على حرمة لبس الذهب إذا كان على قصد التبرج وإظهار الزينة للرجال ولا يتأتى هذا التفاخر والتكاثر في غالب الأحوال إلا في لبس الذهب دون الفضة .

(التعليق الصبيح:٤/٥٢٦، سنن النسائي:٢/٢٤١، كتاب الزينة، الكراهية للنساء في إظهار الحلي والذهب)

والحجة على ما قلنا:

(١) ما في " **الكتاب** ": لقوله تعالى: ﴿ **ولأضلنهم ولأمنينهم ولآمرنهم فليبتكن آذان الأنعام ولآمرنهم فليغيرن خلق الله ، ومن يتخذ الشيطان ولياً من دون الله فقد خسر خسراناً مبيناً**﴾.

(سورة النساء:١١٨)

ما فی " **مشكوٰة المصابيح** ": عن ابن عباس قال : قال رسو ل الله صلى الله عليه وسلم : " **لعن الله المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال"**. (ص: ٣٨٠)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": وفيه قطعت شعر رأسها أثمت ولعنت، زاد في البزازية : وإن بإذن الزوج لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق، ولذا يحرم على الرجل قطع لحيته والمعنى المؤثر التشبه بالرجال. (٥٨٣/٩)

والحجة على ما قلنا:

(٢) ما فی " **الحديث** ":عن ابن عباس قال : " **لعن النبي صلى الله عليه وسلم المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال"**.(صحيح البخاري :٢/٨٧٤، مشكوة المصابيح :ص٣٨٥)

ما فی " **البحر الرائق** ": وإذا حلقت المرأة شعر رأسها فإن كان لوجع أصابها فلا بأس به ، وإن حلقت =

چہرے کا مساج کروانا درست نہیں ہے

مسئلہ(۴۴۷): فیس مساج (Face massage) کروانا، یعنی گال، ناک، گردن وغیرہ پر کریم (Cream) یا اس جیسی چیز سے اتنی مالش کرنا کہ چمڑی باریک ہو جائے، اس عمل کا کرنا اور کروانا دونوں ناجائز ہیں۔(۱)

مرد وعورت خضاب استعمال کرسکتے ہیں یا نہیں؟

مسئلہ(۴۴۸): سرخ خضاب مرد اور عورت دونوں کے لیے جائز بلکہ مستحب ہے، اور سیاہ خضاب مرد وعورت دونوں کے لیے مکروہِ تحریمی ہے، البتہ مرد کے لیے میدانِ جہاد میں دشمنانِ اسلام کو مرعوب کرنے کے لیے سیاہ خضاب کرنا بالاتفاق محمود ومستحسن ہے۔
اسی طرح ہیئر کلر کے نام سے جو مہندی لگائی جاتی ہے، اگر وہ بالوں کو خالص سیاہ کردے تو مکروہ تحریمی،

= تشبه الرجال فهو مكروه.(۸/۳۷۵، كتاب الكراهية، الفتاوى الهندية :۵/۳۵۸)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": وفيه : قطعت شعر رأسها أثمن ولعنت .. .. والمعنى المؤثر تشبه بالرجال اهـ . "در مختار" . أي لا العلة المؤثرة في إثمها التشبه بالرجال ، فإنه لا يجوز كالتشبه بالنساء. (۹/۵۸۳، ۵۸۴)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **أحكام تجميل النساء** ": وبعد النظر إلى أقوال الفقهاء فيها أن القول بالإباحة هو الأولى شرط أن لا تكون هذه المواد مضرة ، فإن كانت مضرة فإن الحكم يتغير إلى المنع إذا سبق القول بأن التحريم يتبع الخبث والضرر................. فالمكياج إذا كان يجملها ولا يضرها فإنه لا بأس به ولا حرج ولكنني سمعت أن المكياج يضر بشرة الوجه، وأنه بالتالي تتغير به بشرة الوجه تغيراً قبيحاً قبل زمن تغيرها في الكبر.(ص: ۲۰۰، ۲۰۱، المطلب الرابع أحكام عامة فی تجميل الوجه)

اور اگر سیاہ مائل بسرخ کر دے تو بلا کراہت اس کا استعمال جائز ہے، بشرطیکہ اس میں اور کوئی مانعِ شرعی موجود نہ ہو۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ فتحِ مکہ کے روز حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے گئے، درآں حالانکہ ان کے سر اور داڑھی کے بال ثغامہ گھاس کی طرح سفید تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان کی سفیدی کسی چیز سے بدل دو لیکن سیاہ رنگ سے اجتناب کرو۔

حدیثِ مذکور سیاہ خضاب کی ممانعت اور اس کے ماسواء خضاب کے جواز پر دال ہے۔(۱)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الصحيح المسلم** ": ومذهبنا استحباب خضاب الشيب للرجل والمرأة بصفرة وحمرة ويحرم خضابه بالسواد على الأصح. (۱۹۹/۲)

ما فی " **مرقاة المفاتيح** ": قال النووي : في الخضاب أقوال وأصحها: أن خضاب الشيب للرجل والمرأة يستحب ، بالسواد حرام.

(۲۷٦/۸، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الفصل الأول، رقم الحديث: ٤٤٢٤)

ما فی " **بذل المجهود** ": وفي الحديث تهديد شديد في خضاب الشعر بالسواد وهو مكروه كراهة تحريم. (۲۸۳/۱۲)

ما فی " **رد المحتار على الدر المختار** ": يستحب للرجل خضاب شعره ولحيته ولو في غير حرب في الأصح، ويكره بالسواد. "**درمختار**" .... قال العلامة ابن عابدين الشامي : قوله: ويكره بالسواد أي لغير الحرب، قال في الذخيرة: أما الخضاب بالسواد للغزو ليكون أهيب في عين العدو فهو محمود بالاتفاق، وإن ليزين نفسه للنساء فمكروه.

(۹/٦۰٤،٦۰٥، كتاب الحظر والإباحة، باب الإستبراء وغيره، الفتاوى الهندية:۳٥۹/٥) =

عورتوں کا خوبصورتی کے لیے گودنا ممنوع ہے

مسئلہ(۴۴۹): ماہرینِ جمالیات کے نزدیک گالوں اور ہونٹوں پر تل کا نشان علامتِ حسن ہے، اسی لیے گال یا ہونٹ پر مصنوعی تل بنائے جاتے ہیں، عام طور پر اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں: پہلی صورت یہ ہے کہ کسی کالے رنگ کے مادہ، مثلاً: کاجل وغیرہ کے نقطے تل نما بنائے جاتے ہیں۔

دوسری صورت یہ ہوتی ہے کہ آرٹیفیکل میل (Artifical male) یعنی داغ دے کر تل بنائے جاتے ہیں، یا سوئی سے سوراخ کر کے سرمہ وغیرہ بھر دیا جاتا ہے، تاکہ وہ سبز ہو جائے، تو پہلی صورت جائز اور دوسری صورت ناجائز وحرام ہے، کیوں کہ یہ تغییر فی خلق اللہ میں داخل ہے(۱)۔

حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ گودنے والیوں، گدوانے والیوں، بالوں کو نوچنے والیوں، نچوانے والیوں، اور خوبصورتی کیلئے دانتوں کو کشادہ کرنے والیوں اور اللہ تعالی کی خلقت میں تبدیلی کرنے والیوں پر اللہ کی لعنت ہے(۲)۔

نوٹ: الواشمۃ: وشمٌ سے ماخوذ ہے، وشم عورتوں میں گودنے کا ایک قدیم فیشن ہے، جس

= ما فی " **الحديث** ": عن جابر بن عبد الله قال: أتى قحافة يوم فتح مكة ورأسه ولحيته كالثغامة بياضاً، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " **غيروا هذا بشيء واجتنبوا السواد** ".

(الصحيح لمسلم: ۱۹۹/۲، السنن لأبي داود: ۵۷۸/۲، مشكوة المصابيح: ص ۳۸۰)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الكتاب** ": قال تعالى: ﴿ **فليغيرن خلق الله** ﴾. (النساء: ۱۱۹)

(۲) ما فی " **فتح الباری شرح صحيح البخاری** ": عن عبد الله رضي الله عنه قال: " **لعن الله الواشمات والمستوشمات والنامصات والمتنمصات والمتفلجات للحسن المغيرات خلق الله** ".

(۴۶۶/۱۰، كتاب اللباس، باب المستوشمة)

میں سوئی وغیرہ کے ذریعے بدن کے کسی حصہ یعنی رخسار، ہونٹ، کلائی وغیرہ میں باریک سوراخ کیا جاتا ہے، پھر اس میں کاجل سرمہ وغیرہ بھر دیا جاتا ہے، جس میں سیاہ یا کسی اور رنگ کے نقطے ابھر آتے ہیں، جس کو حسن میں زیادتی کا باعث سمجھا جاتا ہے، اس عمل کے کرنے والیوں کو واشمات اور جس کے ذریعہ کرایا جائے اس کو مستوشمات کہتے ہیں (۱)۔

خوبصورتی کے لیے دانتوں کے درمیان کشادگی کروانا

مسئلہ (۴۵۰): حسن اور خوبصورتی کی غرض سے دانتوں کو باریک کروانا اور کشادہ کروانا بھی ناجائز ہے۔(۲)

دس سالہ لڑکے سے پردہ ضروری ہے

مسئلہ(۴۵۱): عورتوں کیلئے غیر محرم دس سالہ لڑکے سے پردہ واجب ہے، اس لیے کہ اس میں شعور بیدار ہو جاتا ہے۔(۳)

---

(۱) ما في "**فتح الملهم**" : أما الواشمة بالشين المعجمة ففاعلة الوشم وهي أن تغرز إبرة ونحوهما في ظهر الكف أو المعصم، أو الشفة أو غير ذلك من بدن المرأة حتى يسيل الدم ثم تحشو ذلك الموضع بالكحل أو النورة فيخضّر وقد يفعل ذلك لنقش صور أو نقوش وفاعلة هذا واشمة، والمفعول بها ذلك موشومة، فإن طلب فعل ذلك بها فهي مستوشمة، والوشم حرام بنص هذا الحديث على الفاعلة والمفعول بها باختيارها والطالبة له.

(۱۰/۱۶۷، كتاب اللباس والزينة، باب تحريم فعل الواصلة والمستوصلة، والواشمة والمستوشمة والنامصة والمتنمصة إلخ ، المكتبة دار احياء التراث العربى ، الصحيح المسلم :۲/۲۰۵، الصحيح البخاري : ۲/۸۷۸)

(۲) (حوالہ سابق)

والحجة على ما قلنا:

(۳) ما فى "**مختصر تفسير ابن كثير**": وقوله تعالى: ﴿**أو الطفل الذين لم يظهروا على عورات النساء**﴾.(النور:۳۱) يعني لصغرهم لا يفهمون أحوال النساء وعوراتهن من كلامهن الرخيم وتعطفهن =

ٹائی کا استعمال درست نہیں ہے

مسئلہ(۴۵۲): آج کل جدید تعلیم یافتہ لوگ ٹائی کو بڑے فخر سے اپنے گلے میں لٹکاتے ہیں، یہ شرعاً ناجائز ہے، اس لیے کہ یہ صلیب نما ہوا کرتا ہے، اور صلیب شعارِ نصاریٰ ہے، اور ہمیں ان کے شعار میں مشابہت سے منع کیا گیا ہے۔(۱)

= في المشية وحركاتهن وسكناتهن .... فأما إن كان مراهقا أو قريبا منه بحيث يعرف ذلك ويدريه ويفرق بين الشوهاء والحسناء فلا يمكّن من الدخول على النساء، وقد ثبت في الصحيحين عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: " **إياكم والدخول على النساء" قيل: يا رسول الله أفرأيت الحمو؟ قال: "الحمو الموت"**. (۲/۶۰۱،۶۰۲)

ما فی " **أحكام القرآن للجصاص**": وقد أمر الله تعالى الطفل الذي قد عرف عورات النساء بالاستيذان في الأوقات الثلاثة بقوله: ﴿**ليستأذنكم الذين ملكت أيمانكم والذين لم يبلغوا الحلم منكم**﴾ وأراد به الذي عرف ذلك. وقد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: "**مروهم بالصلاة لسبع واضربوهم عليها لعشر، وفرقوا بينهم في المضاجع**". فلم يأمر بالتفرقة قبل العشر وأمر بها في العشر لأنه قد عرف ذلك في الأكثر الأعم ولا يعرفه قبل ذلك في الأغلب. (۳/۴۱۲)

ما فی " **مشكوٰة المصابيح**": عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "**مروا أولادكم بالصلوة وهو أبناء سبع سنين، واضربوهم عليها وهم أبناء عشر سنين، وفرقوا بينهم في المضاجع**. رواه أبوداود. (۱/۵۸، كتاب الصلاة، الفصل الثاني)

والحجة على ما قلنا:

(۱) ما فی " **الكتاب**": قال الله تعالى: ﴿**ولا تركنوا إلى الذين ظلموا فتمسكم النار وما لكم من دون الله من أولياء ثم لا تنصرون**﴾. (سورة هود: ۱۱۳)

ما فی " **بذل المجهود فی حل سنن أبی داود**": (عن عائشة رضي الله عنها أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان لا يترك في بيته شيئاً) يشمل الملبوس والستور والبسط والآلات (فيه تصليب) أي صورة =

....

....

....

= الصليب التي للنصارى من نقش في ثوب أو غيره (إلا قضبه) . ولفظ البخاري: ”إلا نقضه “ أي قطعه وكسره ، وغيرّ صورة الصليب، والصليب وإن لم يكن على صورة ذي حياة يمحى لما يعبده النصارى.

(۱۲/۱۷٦، كتاب اللباس، باب في الصليب في الثوب، رقم الحديث:٤١٥١، مكتبة دارالبشائر الإسلامية بيروت ، سنن أبي داود: ٥٧٢/٢)

ما فی ” **السنن لأبي داود** “: قوله عليه السلام :” **من تشبه بقوم فهومنهم**“. (٥٥٩/٢)

ما فی ” **مرقاة المفاتيح** “: (قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : من تشبه بقوم) أي من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره ، أو بالفساق، أو الفجار، أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار (فهو منهم) أي في الإثم والخير ، قال الطيبي: هذه عام في الخلق والخلق والشعار.

(٢٢٢/٨،كتاب اللباس، رقم الحديث: ٤٣٤٧)

ما فی ” **موسوعة فتح الملهم مع التكملة كاملة** “: إن اللباس الذي يتشبه به الإنسان بأقوام كفرة ، لايجوز لبسه لمسلم إذا قصد بذلك التشبه بهم. (١٠/٧٧،كتا ب اللباس والزينة)

محقق ومدلل جدید مسائل

(نئے مسائل کا مستند ومعتبر مجموعہ)

جلد دوم

پسند فرمودہ

حضرت مولانا **غلام محمد** صاحب وستانوی دامت برکاتہم

تحریک وتحریض

حضرت مولانا **محمد حذیفہ** صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

تالیف وترتیب

حضرت مولانا مفتی **محمد جعفر** صاحب ملی رحمانی

تحقیق وتخریج: معاون مفتیانِ کرام وطلبۂ افتاء

ناشر: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا، ضلع نندربار، مہاراشٹر

نام کتاب:	محقق ومدلل جدید مسائل جلد دوم
پسند فرمودہ:	حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی
تحریک وتحریض:	حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی
تالیف وترتیب:	حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی
کمپوزنگ، پروف ریڈنگ	مفتی شمشیر بستوی، عبد المتین اشاعتی کانڑ گانوی
اشاعت اول:	۱۴۳۶ھ مطابق ۲۰۱۵ء
تعداد صفحات:	۷۷۶
تعداد مسائل:	۶۷۰
قیمت:	....
ناشر:	جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556

E-mail: jafarmilly@gmail.com

fatawaakkalkuwa@gmail.com

http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

فہرست عناوین

تقریظ

رئیس جامعہ

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم

مسلمان احکام الٰہی کا پابند ہے، اپنے آپ کو پابند سمجھتا ہے اور سمجھنا بھی چاہیے، اور اس کا کوئی کام شریعت کے خلاف نہیں ہونا چاہیے، جیسا کہ فقہ کا قاعدہ ہے: " **لا یجوز لمسلم أن یتصرف أو یفعل فعلا إلا بعد معرفة حکم الله فیه** " . (موسوعة القواعد الفقهية: ۱۵/۸)

عامۃ المسلمین کو درپیش مسائل مہمہ کے حل کی طرف ہر زمانے کے علماء نے خصوصی توجہ دی، جو ان کی ذمہ داری ہے، اور انہوں نے اپنی اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش کی، کر رہے ہیں، اور کرتے رہیں گے، کیوں کہ یہ دین قیامت تک کے لیے ہے، اور اس میں ہر زمانے میں پیدا ہونے والے مسائل کا حل موجود ہے، حالات بدلتے رہے، بدل رہے ہیں، اور بدلتے رہیں گے، اور تبدیلئ حالات کے ساتھ ساتھ نت نئے مسائل کا پیدا ہونا جہاں امر طبعی ہے، وہیں ان کا حل پیش کرنا بھی امر ضروری ہے۔

کتاب "**محقق ومدلل جدید مسائل**" جلد دوم چھ سوستر (۶۷۰) عوام کو درپیش مسائل کا مجموعہ ہے، جن کو عزیزم مولانا حذیفہ سلمہ اور مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی نے منتخب ومرتب کر کے طلباء دارالافتاء سے تخریج وتحقیق کا کام کروا کر انہیں مسائل کا ایک مستند مجموعہ بنا دیا۔ اللہ اسے قبول فرمالے!

اب جامعہ ان مسائل کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے، دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ ہماری تمام نیک کاوشوں کو شرف قبولیت سے نواز کر اپنی رضا نصیب فرمائے۔ فقط

(مولانا) غلام محمد وستانوی

۱۴۳۶/۴/۲۵ھ۔ ۲۰۱۵/۲/۱۵ء

ایک اہم وضاحت

مولانا حذیفہ وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

اللہ رب العزت نے کائنات وانسان کو پیدا کیا اور پیدا کرنے کے بعد دنیوی وانسانی نظام کو ویسے ہی اس کی حالت پر نہیں چھوڑ دیا بلکہ اس کی نشو ونما اور انتظام وانصرام کا اعلیٰ بندوبست فرمایا تاکہ کائنات میں توازن وبرابری قائم رہ سکے، کیوں کہ اگر اللہ اپنی مخلوق کو اپنے سہارے کے بغیر چھوڑ دیتا تو پورا نظام درہم برہم ہو جاتا۔

انسان کی نظر میں دو چیزیں بڑی اہم ہیں: (۱) خود اس کی زندگی، (۲) کائنات۔ کائنات کو عالمِ کبیر اور انسان کے اندرون وبیرون کو عالمِ صغیر سے موسوم کیا جاتا ہے، انسان اللہ کی دی ہوئی عقل سے اپنے مسائل کچھ نہ کچھ درجہ حل کر لیتا ہے، مگر کائنات جو عالمِ کبیر ہے، وہ اس کے بس میں نہیں اس لیے کہ اس کی عقل محدود، اس کا علم ناقص، اس کی طبیعت کمزور، اور اس کی قدرت محدود، غرضیکہ وہ گرچہ دیگر مخلوقات کے مقابلہ میں اشرف ہے مگر اس کی تمام چیزیں محدود ہیں، اب ظاہری بات ہے کہ وہ اپنی محدود ملکات کے ذریعہ کائنات کا نظام نہیں چلا سکتا تھا، کیوں کہ اتنے عظیم نظام کو چلانے کے لیے غیر محدود ملکات کی حامل ذات کی ضرورت ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے عالمِ کبیر کی تمام ذمہ داریاں اپنے ذمہ لے لی، البتہ انسان کو اپنے بارے میں محدود اختیارات دے رکھے ہیں، جس سے وہ اپنے بعض امور انجام دے سکتا ہے، مگر یہ بھی محدود ہیں، کیوں کہ اس کی عقل کی رسائی وپرواز بہت زیادہ نہیں، اس لیے اسے اللہ کے تعاون کی ضرورت تھی، اللہ نے یہ فضل وکرم فرمایا کہ ہر زمانہ میں انبیاء کو مبعوث کر کے اس کے مسائل کو اپنے غیر محدود علم وقدرت سے حل کر دیا، گویا انسان اپنے مسائل کو حل کرنے میں بھی اللہ کا محتاج ہے، اس کے بغیر وہ صحیح نتیجہ تک نہیں پہنچ سکتا کیوں کہ عقل بغیر وحی کے صحیح رہنمائی نہیں کر سکتی۔

سب سے پہلے انسان حضرت آدم علیہ السلام کو اس لیے نبی بنا کر مبعوث کیا گیا کہ انسانی عمارت کی بنیاد واساس صحیح طور پر قائم ہو، ورنہ بنیاد ہی اگر کج ہوگی تو عمارت کا کیا پوچھنا؟ پھر ہر زمانہ میں اس زمانہ کے احوال کے اعتبار سے شریعتیں اتاری جاتی رہیں، اور وہ شریعتیں اپنے ایک محدود زمانے کے اعتبار سے مکمل ہوا کرتی تھیں، اس کے ذریعہ اس محدود زمانہ کی ضرورتیں پوری ہوجاتیں، تاہم ضرورت تھی ایک جامع ومکمل شریعت کی، تو اللہ رب العزت نے نبی کریم ﷺ کو مبعوث فرما کر اس ضرورت کو بھی پورا کردیا، اور اعلان کردیا: ﴿**الیوم اکملت لکم دینکم**﴾ .

(سورة المائدة :۳)

اللہ رب العزت نے شریعتِ محمدیہ میں ایسے اصول اور ضروری جزئیات بیان کردیئے کہ اس کی روشنی میں قیامت تک مسائل حل کیے جاتے رہیں گے، مگر بہر حال سلسلۂ نبوت کے ختم ہونے کی وجہ سے اس کے لیے وارثینِ علومِ نبوت کا ہونا ضروری تھا، تو اللہ نے اس امت پر یہ احسانِ عظیم اور فضل فرمایا کہ ہر زمانہ میں علماء وفقہاء کی ایک ایسی جماعت پیدا کی جو پیش آمدہ تمام مسائل کو خواہ وہ عقائد سے متعلق ہوں یا عبادات سے، ان کا تعلق معاشرت سے ہو، یا سیاست ومعیشت سے، ان کا واسطہ اخلاق ومروت سے ہو، یا ظاہر وباطن سے، حل کرتی رہی، اور تا قیامت یہ سلسلہ جاری رہے گا، علامہ ندوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کیا خوب فرمایا:

”دین حق کی حفاظت کے لیے کتاب اللہ کے ساتھ رجال اللہ کا ہونا ضروری ہے۔“

صنعتی انقلاب کے بعد نت نئے مسائل پیدا ہوتے گئے اور علماء اسے حل کرتے رہے، خلافتِ عثمانیہ نے ” **مجلة الأحکام العدلیة** “ کو اسی ضرورت کے پیشِ نظر تیار کروایا تھا، جو ایک تاریخی کارنامہ ہے، اس کے بعد جب خلافت کا سقوط واقع ہوگیا، اور مسلمانوں کے مسائل حکومت کے ذریعہ حل نہیں ہوسکتے تھے، تو اللہ رب العزت نے دنیا بھر میں المجامع الفقہیۃ (فقہی اکیڈمیاں) قائم کروائی اور اب اہم اہم جدید مسائل انہیں کے ذریعے حل ہورہے ہیں، ضرورت اس بات کی تھی کہ قرآن وحدیث اصول وقواعد اور جزئیاتِ فقہیہ کی روشنی میں ہر باب سے متعلق پیش آمدہ جدید مسائل کے حل پر مشتمل ایک ایسی عظیم کتاب تیار کی جائے جو تمام مسائل کو محیط نہ سہی مگر اکثر

مسائل کو جامع ہو، جب جامعہ میں دارالافتاء کا قیام عمل میں آیا تو بندے کے ذہن میں یہ صورت آئی کہ ہمارا دارالافتاء اس کے لیے معین ثابت ہوسکتا ہے، وہ اس طرح کہ طلبۂ افتاء کو شروع سال میں مختلف ابواب فقہیہ سے متعلق مسائل پر تمرین کروائی جائے، اور بعد میں جدید مسائل پر، مگر محقق و مدلل انداز میں، یعنی ہر مسئلہ کو حتی الامکان کتاب اللہ وسنت رسول اللہ، اور ساتھ ہی ساتھ قواعد فقہ وجزئیاتِ فقہیہ سے حل کروایا جائے؛ کہ اس سے، جہاں طلباء افتاء کی تمرین وتدریب ہوگی وہیں مسائلِ جدیدہ پر تخریج وتحقیق کا کام بھی ہوتا رہے گا۔

الحمدللہ! محض اللہ کے فضل، اس کی توفیق اور نصرت سے یہ کام شروع ہو چکا ہے، سالِ اول کے طلبہ سے تقریباً چار سو باون (۴۵۲) ان مسائل پر کام کروایا گیا، جن کو ناکارہ بیانِ مصطفیٰ میں عوام کی ضرورت کے لیے صرف مسائل کی صورت میں بعنوان ''عصر حاضر کے پیش آمدہ جدید مسائل'' لکھتا رہا، ان طلباء نے ماشاءاللہ بحسن خوبی اور انتہائی جانفشانی سے، دن رات ایک کر کے اس کام کو انجام دیا، اور حضرت مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی بڑی دلچسپی وجدوجہد سے اس عملِ تحقیق اور تخریج وتطبیق پر نظر فرماتے رہے۔ **فجزاهم الله خير الجزاء**

محقق و مدلل جدید مسائل جلد دوم جو تقریباً چھ سو ستر (۶۷۰) مسائل پر مشتمل ہے، یہ بھی اسی سلسلہ کی ایک زرین کڑی ہے، ان شاءاللہ ہر سال اسی طرح کام ہوتا رہے گا، اور یہ کوشش کی جائے گی کہ جدید مسائل کا ایک انسائیکلوپیڈیا تیار ہو جائے، تاکہ وقت کی ایک اہم ضرورت پوری ہو، دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی نصرت واعانت شاملِ حال رکھے!

ربنا تقبل منا انک انت السميع العليم

وتب علينا إنک أنت التواب الرحيم

حذیفہ وستانوی

۲۵/۴/۱۴۳۶ھ-۱۵/۲/۲۰۱۵ء

ابتدائیہ

مفتی محمد جعفر ملی رحمانی

صدر دارالافتاء جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم، اکل کوا

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على رسوله الكريم ، اما بعد!

زیرِ نظر کتاب ''محقق ومدلل جدید مسائل'' جلد دوم، اسی سلسلہ کی دوسری اہم کڑی ہے، جسے جامعہ نے قیام دارالافتاء کے روزِ اول سے شروع کر رکھا ہے، پہلی جلد......ایمان وعقائد، بدعات ورسومات، طہارت، تیمّم، اذان، جمعہ، امامت، سجدۂ تلاوت، قبلہ، زکوۃ، روزہ، اعتکاف، نکاح، معاملات، شیئرز، سود، اجارہ، مباح وممنوع، موبائل، لباس اور زیب وزینت وغیرہ سے متعلق (۴۵۲) جدید مسائل پر مشتمل تھی، اب یہ دوسری جلد بھی- ایمان وعقائد، قرآنیات، طہارت، نماز، جنائز، مساجد، زکوۃ وصدقۂ فطر، روزہ، حج، قربانی، نکاح، طلاق، معاملات (بیع، سود، انشورنس، اجارہ، شرکت، غصب ولقطہ وغیرہ)، لباس اور زیب زینت، مباح وممنوع، طب اور تفریحی امور ......وغیرہ سے متعلق چھ سو ستر (۶۷۰) جدید مسائل پر مشتمل ہے۔

میں دعا گو ہوں طلبۂ سال دوم وسوم کے لیے، جنہوں نے بوقت تمرین ان مسائل کی تحقیق وتخریج میں بڑی جانفشانی سے کام کیا، اللہ تعالیٰ انہیں تفقہ فی الدین کی دولت سے مالا مال فرمائے!

اسی طرح میں مشکور ہوں اپنے معاونین مفتی عبد المتین، مفتی افضل، مفتی مجیب الرحمٰن صاحبان کا جنہوں نے ان مسائل کی مراجعت، کمپوزنگ و پروف ریڈنگ میں بڑی محنت فرمائی۔

اہل علم سے درخواست ہے کہ اگر تصویر مسئلہ وتطبیق عبارات میں کچھ خلل ہو، تو صحیح تصویر مسئلہ وتطبیقِ عبارت سے احقر کو مطلع فرمائیں، یہ ان کا احسان عظیم ہوگا۔

ربنا تقبل منا انک انت السميع العليم !!

مؤلف-: ۲۵/۴/۱۴۳۶ھ-۱۵/۲/۲۰۱۵ء

کتاب الإیمان والعقائد

☆......ایمان وعقائد کے مسائل......☆

ضروریات دین کی وضاحت

مسئلہ (۱): ضروریاتِ دین وہ بنیادی باتیں ہیں جن پر ایمان کا مدار ہے، اوران کا حضور ﷺ کے لائے ہوئے دین میں سے ہونا قطعی، یقینی اورمتواتراً ثابت ہو، نیز ان کی شہرت اس درجہ ہو کہ عوام بھی ان کا حضور ﷺ کے دین سے ہونا جانتے ہوں، جیسے توحید، رسالت، ختم نبوت، حیات بعد الممات، سزا وجزاء اعمال، نماز، روزہ، زکوٰۃ کی فرضیت، سود اورخمر کی حرمت وغیرہ۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " اکفار الملحدین في موسوعة رسائل الکشمیري " : والمراد بالضروریات علی ما اشتهر في الکتب ما علم کونه من دین محمد ﷺ بالضرورة ، بأن تواتر عنه واستفاض ، وعلمته العامة کالوحدانیة والنبوّة وختمها بخاتم الأنبیاء وانقطاعها بعده ..... وکالبعث والجزاء ووجوب الصلوٰة والزکوٰة وحرمة الخمر ونحوها . (۲/۳)

ما في " رد المحتار " : قوله : (هو تصدیق الخ) معنی التصدیق قبول القلب وإذعانه لما علم بالضرورة أنه من دین محمد ﷺ بحیث تعلمه العامة من غیر افتقار إلی نظر واستدلال کالوحدانیة والنبوة والبعث والجزاء ، ووجوب الصلاة والزکاة وحرمة الخمر ونحوها . اهـ.

(۶/۳۵۴ ، ۳۵۵ ، کتاب الجهاد ، باب المرتد ، بیروت)

(فتاویٰ محمودیہ: ۱/۱۹۰، کراچی)

کیا ''خدا'' ہر شئ میں ہے؟

مسئلہ (۲): بعض لوگ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ خدا ہر شئ (چیز) میں حُلول کیے ہوئے ہے، جب کہ یہ اسلامی عقیدہ نہیں ہے، کیوں کہ اس سے یہ لازم آئے گا کہ اللہ تعالیٰ حسین وقبیح، پاک وپلید ہر شئ (چیز) میں موجود ہے، اور اس امر کی قباحت ظاہر ہے، لہٰذا ایسا عقیدے رکھنے والے کو خارج از اسلام سمجھا جائیگا۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' فتح الباري '' : وأما قوله : '' عنده '' . فقال ابن بطال : '' عنده '' فی اللغة للمکان، والله منزه عن الحلول فی المواضع ؛ لأن الحلول عرض یفنی وهو حادث والحدث لا یلیق بالله . (۴۶۰/۱۳)

ما في '' شرح الفقه الأکبر '' : ولیس حالا ولا محلاً . (ص/۳۶)

ما في '' أصول الدین لأبي منصور التمیمي '' : وأما الحلولیة فإن أرادوا بحلول الإله فی الأشخاص مماسته أو مجاورته لها فقد أبطلنا ذلک وإن أرادوا حلولاً مثل حلول الأعراض في الأجسام فقد أوجبوا کون الإله عرضاً غیر قائم بنفسه ، وما لا یقوم بنفسه لا یصح کونه صانعاً وإن أرادوا بالحلول وقوع ضوء منه علی الصورة فلیس الإله حسماً ذا شعاع وإنما وصفناه بأنه نور السموات والأرض علی معنی أنه منورهما . (ص/۹۹)

(فتاویٰ محمودیہ: ۱/ ۲۴۷، کراچی)

اللہ تعالیٰ کو ''ظالم'' کہنا

مسئلہ (۳): اللہ تعالیٰ کے متعلق ایسے کلمات کا استعمال جو اس کی عالی ذات وصفات سے متصادم (ٹکرا جانے والے) ہیں، مثلاً: ''اللہ تعالیٰ ظالم ہے''، یہ انتہائی بے ادبی ہے، اور اُن کے اِجراء یعنی کہنے سے کفر کا اندیشہ ہے [1]، خدا تعالیٰ اپنی مملوک مخلوق میں جیسا چاہے تصرف کرسکتا ہے [2]، حقیقت پسند اس کو ہرگز ظلم نہیں کہہ سکتا [3]، کیوں کہ مالک کو اپنی مملوک میں ہر قسم کے تصرف کی اجازت ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : من نسب الله تعالى إلى الجور فقد كفر . (۲/۲۵۹)

ما في " البحر الرائق " : يكفر إذا وصف الله تعالى بما لا يليق به . (۵/۲۰۲)

(۲) ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز " : كل يتصرف في ملكه كيف شاء .

(ص/۶۵۴ ، رقم المادة : ۱۱۹۲)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إن الله لا يظلم مثقال ذرة﴾ . (سورة النساء : ۴۰)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما الله يريد ظلماً للعباد﴾ . (سورة آل عمران : ۱۰۸)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما ربك بظلام للعبيد﴾ . (سورة فصلت : ۴۶)

(فتاوی محمودیہ: ۲/۴۱۰، ۴۱۱، کراچی)

اللہ تعالیٰ کی طرف ’’بے انصافی‘‘ کی نسبت

مسئلہ (۴): بے انصافی کی حقیقت؛ ملکِ غیر میں ناحق تصرف کرنا ہے، اگر یہ تعریف ذہن میں رہے، تو اب خالق کا کوئی بھی تصرف اپنی مخلوق میں ظلم ہو ہی نہیں سکتا، کیوں کہ مالک اپنی ملک میں ہی تصرف کررہا ہے[۱]، لہٰذا اللہ تعالیٰ کی طرف بے انصافی کی نسبت کرنا[۲]، بارگاہِ خداوندی میں شدید گستاخی ہے، اِس سے کفِ لسان (زبان کو روکنا) ضروری ہے، ورنہ کفر کا اندیشہ ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' شرح المجلة لسليم رستم باز '' : كل يتصرف في ملكه كيف شاء .
(ص/۶۵۴ ، رقم المادة : ۱۱۹۲)

(۲) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿إن الله لا يظلم مثقال ذرة﴾ . (سورة النساء : ۴۰)
ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿وما الله يريد ظلماً للعباد﴾ . (سورة آل عمران : ۱۰۸)
ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿وما ربک بظلام للعبيد﴾ . (سورة فصلت : ۴۶)

(۳) ما في '' الفتاوى الهندية '' : من نسب الله تعالى إلى الجور فقد كفر . (۲/۳۵۹)
ما في '' البحر الرائق '' : يكفر إذا وصف الله تعالى بما لا يليق به . (۵/۲۰۲)
(فتاویٰ محمودیہ: ۲/۴۱۰، ۴۱۱، کراچی)

اذانِ جمعہ کے بعد" الصلوۃُ سنّۃ رسولِ اللّٰہ" پکارنا

مسئلہ (۵): اذانِ جمعہ کے بعد" الصلاۃ سنّۃ رسولِ اللّٰہ" پکارنا محض بے بنیاد اور بدعت ہے، جس کا کوئی ثبوت نہیں، جب تثویب للفرض (اذان کے بعد دوبارہ نماز کے لیے بلانا) میں اختلاف ہے [1]، حالانکہ یہ ائمہ سے ثابت بھی ہے [2]، تو تثویب للسنۃ (سنت کے لیے بلانا) بر بنائے عدمِ ثبوت (ثابت نہ ہونے کی بناپر) یقیناً ناجائز ہوگی۔ [3]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط للسرخسي " : لما روي أن علياً رضي الله عنه رأى مؤذناً يثوب في العشاء فقال : " أخرجوا هذا المبتدع من المسجد " . ولحديث مجاهد رضي الله عنه قال : دخلت مع ابن عمر رضي الله عنهما مسجداً نصلي فيه الظهر ، فسمع المؤذن يثوب فغضب وقال : " قم حتى نخرج من عند هذا المبتدع ، فما كان التثويب على عهد رسول الله ﷺ إلا في صلاة الفجر " . (۱/۲۷۴ ، باب الأذان)

(۲) ما في " المبسوط للسرخسي " : وقد روي عن أبي يوسف رحمه الله تعالى أنه قال : لا بأس بأن يخص الأمير بالتثويب فيأتي بابه فيقول : السلام عليك أيها الأمير ورحمة الله وبركاته ، حيّ على الصلاة مرتين ، حيّ على الفلاح مرتين ..... غير أن محمد رحمه الله تعالى حين حج أتاه مؤذن مكة يؤذنه بالصلاة فانتهره وقال : ألم يكن في أذانك ما يكفينا .
(۱/۲۷۳ ، باب الأذان)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويثوب بين الأذان والإقامة في الكل للكل . در مختار . وفي الشامية : خصه أبو يوسف بمن يشتغل بمصالح العامة كالقاضي والمفتي والمدرس ، واختاره قاضي خان وغيره . (۱/۱۵ ، كتاب الصلوٰة ، مطلب في أول من بنى المنائر للأذان)

ما في " السعاية " : أقول : التثويب الذي نحن فيه لم تعهد في الصدر الأول ، وإنما =

مسجد نبوی ﷺ کے نقشے کی جانب رخ کر کے درود شریف پڑھنا

مسئلہ (۶): ہر نماز کے بعد مسجد نبوی ﷺ کے نقشے کی جانب رخ کر کے ہاتھ باندھ کر درود شریف پڑھنا کسی دلیلِ شرعی سے ثابت نہیں ہے، البتہ نماز سے پہلے یا بعد میں جب دل چاہے، جس قدر بھی توفیق ہو، بڑے ادب واحترام کے ساتھ بیٹھ کر درود شریف پڑھنا بہت بڑی سعادت ہے، کیوں کہ درود شریف کی حدیث پاک میں بڑی فضیلت آئی ہے۔(۱)

=استحسنه المتأخرون للتواني في الصلوات كلها : السلام عليک أيها الأمير ورحمة الله وبركاته ، حيّ على الصلاة ، حيّ على الفلاح ، الصلاة يرحمک الله ، واستبعد محمد رحمه الله ، لأن الناس سواسية في أمر الجماعة . (۲/۲۷ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان)

(۳) ما في " صحيح البخاري " : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد " . (ص/۳۷۷ ، كتاب الصلح ، باب قول الله تعالى الخ)

ما في " فتح الباري " : قال ابن المنير : ان المندوبات قد تنقلب مكروهات ، إذا رفعت عن رتبتها . (۲/۴۳۷) (احسن الفتاوی:۱/۳۳۶، ۳۳۷، باب ردّ البدعات)

ما في " مرقاة المفاتيح " : ان من أصرّ على أمر مندوب وجعله عزماً ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال ، فكيف من أصرّ على بدعة أو منكر . (۳/۲۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إن الله وملٰئكته يصلّون على النبي يآيها الذين اٰمنوا صلّوا عليه وسلّموا تسليماً﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۶)

ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الرحمن بن أبى ليلىٰ قال : لقيني كعب بن عجرة فقال : ألا أهدي لک هدية؟ إن النبي ﷺ خرج علينا فقلنا : يا رسول اللّٰه ! قد علّمنا كيف نسلم عليک ، فكيف نصلي عليک ؟ قال : فقولوا : " اللهم صل على محمد وعلى آل محمد كما صليت على آل إبراهيم وعلى آل إبراهيم إنک حميد مجيد ، اللهم بارک على =

مسجد میں میلاد شریف پڑھوانے کی نذر

مسئله (۷): اگر کوئی شخص اس بات کی نذر مانے کہ اگر میرا فلاں کام ہوگیا، تو میں مسجد میں میلاد شریف پڑھواؤں گا، تو اس کی نذر منعقد نہیں ہوگی، اور نہ اس کا ایفا (پورا کرنا) واجب ہے، کیوں کہ بطریقِ مروّجہ مجلسِ میلاد منعقد کرنا شرعاً بے اصل، بدعت اور ناجائز ہے، جب کہ نذر کے منعقد ہونے کے لیے منذور بہ کا قربتِ مقصودہ ہونا ضروری ہے، اور مجلسِ میلاد قربتِ مقصودہ نہیں ہے، لہٰذا یہ نذر منعقد نہیں ہوگی، اور اس طرح کی نذر ماننے سے احتراز لازم ہے۔(۱)

=محمد وعلى آل محمد كما باركت على آل إبراهيم وعلى آل إبراهيم إنک حميد مجيد" . (ص/۱۱۳۵ ، كتاب الدعوات ، باب الصلاة على النبي ﷺ)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه ، أن رسول الله ﷺ قال : " من صلى عليّ واحدة صلى الله عليه عشراً " .

(۳/۲۲۹ ، كتاب الصلوٰة ، باب الصلاة على النبي ﷺ بعد التشهد)

ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله بن مسعود ، أن رسول الله ﷺ قال : " أولى الناس بي يوم القيامة أكثرهم عليّ صلاة " . (۱/۱۱۰ ، قديمي ، ۱/۳۵۹ ، أبواب الوتر ، باب ما جاء في فضل الصلاة على النبي ﷺ ، بيروت)

ما في " سنن النسائي " : عن أنس بن مالک رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " من صلى عليّ صلاة واحدة صلى الله عليه عشر صلوات ، وحطت عنه عشر خطيئات ، ورفعت له عشر درجات " . (۱/۳۸۵ ، كتاب صفة الصلوٰة ، الفضل في الصلاة على النبي ﷺ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " اعلاء السنن " : عن عمرو بن شعيب ، عن أبيه ، عن جده : أن رسول الله ﷺ قال : " لا نذر إلا فيما يبتغي به وجه الله ، ولا يمين في قطيعة رحم " . (۱۱/۴۹۷)=

۱۲/ربیع الاول وغیرہ تاریخوں میں عرس

مسئلہ (۸): ۱۲/ربیع الاول یا کسی بزرگ کی تاریخ وفات پر جو عرس لگتا ہے، اوراس میں ڈھول باجوں کے ساتھ قوالیاں ہوتی ہیں، شریعتِ مطہرہ میں اس کی کوئی اصل نہیں [۱]، بلکہ یہ بہت سے مفاسد وبرائیوں پر مشتمل ہیں [۲]، جن میں سے ایک میوزک کے ساتھ قوالی کی محفل ہے، جس کے ناجائز ہونے پر دلائلِ فقہیہ دال ہیں [۳]، لہٰذا یہ دونوں چیزیں (عرس وقوالی) شرعاً ناجائز اور ممنوع ہیں۔ [۴]

=وما في " اعلاء السنن " : قال المؤلف : دلالته على الباب ظاهرة ، فإن ما يبتغي به وجه اللّٰه ظاهر في العبادة المقصودة ، فغير المقصود لا يبتغى به وجه الله إلا بواسطة ، والمطلق إذا أطلق يراد به الفرد الكامل ، فالمراد العبادة المقصودة لا غير . فافهم . ويؤيد ما مرّ من أنه ﷺ ألغى تعيين بيت المقدس للصلاة في النذر مع أن للصلاة فيه فضلا تدل على أن النذر بعبادة غير مقصودة لا ينعقد ولا يجب إيفاؤه . (۱۱/۴۹۷)

ما في " بدائع الصنائع " : ومنها أن يكون قربة مقصودة فلا يصح النذر بعبادة المرضى وتشييع الجنائز والوضوء والإغتسال ، ودخول المسجد ، ومسّ المصحف والأذان ، وبناء الرباطات والمساجد ، وغير ذلک ، وإن كانت قربا ، لأنها ليست بقرب مقصودة . (۴/۲۲۸)

ما في " البحر الرائق " : واعلم بأنهم صرّحوا بأن شرط لزوم النذر ثلاثة : كون المنذور ليس بمعصية ، وكونه من جنسه واجب ، وكون الواجب مقصوداً لنفسه . (۲/۵۱۴)

ما في " رد المحتار " : وأقبح منه النذر بقراء ة المولد في المنابر مع اشتماله على الغناء واللعب ، وايهاب ثواب ذلک إلى حضرة المصطفىٰ ﷺ . (۳/۳۸۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المنتقى مع مجمع الأنهر " : (فما ظنک به عند الغناء الذي يسمون وجدًا) ومحبة ، فإنه مكروه ، لا أصل له في الدين ، زاد في الجواهر : وما يفعله متصوفة زماننا حرام ، لا يجوز القصد والجلوس إليه ، ومن قبلهم لم يفعله .(۴/۲۱۹ ، كتاب الكراهية ، في المتفرقات)=

....

=(۲) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وأما الرقص والتصفيق والصريخ ، وضرب الأوتار ، والضج والبوق الذي يفعله بعض من يدعي التصوف ، فإنه حرام بالإجماع ، لأنه زيّ الكفار ، كما في سكب الأنهر . (۳۱۹ ، كتاب الصلاة ، قبيل باب ما يفسد الصلاة)
(۳) ما في " البزازية على هامش الهندية " : استماع صوت الملاهي كالضرب بالقضب ونحوه حرام ، قال عليه السلام : " استماع الملاهي معصية ، والجلوس عليها فسق ، والتلذّذ بها كفر " أي بالنعمة . (۳۵۹/۶ ، كتاب الكراهية ، الباب الثالث فيما يتعلق بالملاهي)
ما في " حاشية الطحطاوي " : وأجاز بعضهم الغناء في العرس كضرب الدف فيه ، ...... قلت : لكن في البحر : والمذهب حرمته مطلقاً ، فانقطع الاختلاف ، بل ظاهر الهداية أنها كبيرة ولو نفسه . (ص/۳۱۹ ، كتاب الصلاة)
(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿واستفزِزْ من استطعتَ منهم بصوتک﴾ . (الإسراء : ۶۴)
ما في " روح المعاني " : ﴿بصوتک﴾ أي بدعائک إلى معصية الله تعالى ....عن مجاهد تفسيره بالغناء والمزامير واللهو والباطل . (۱۶۱/۹)
ما في " التفسير المنير " : قال القرطبي : دلّت آية ﴿واستفزز من استطعت منهم بصوتک﴾ على تحريم المزامير والغناء واللهو ، لأن صوته : كل داع يدعو إلى معصية الله تعالى ، وكل ما كان من صوت الشيطان أو فعله ، وما يستحسنه فواجب التنزّه عنه . (۱۲۸/۸)
ما في " الدر المنثور للسيوطي " : ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث﴾ عن عبد الرحمن بن عوف رضي الله تعالى عنه ، أن رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم قال : " إنما نهيت عن صوتين أحمقين فاجرين : صوت عند نغمة لهو ولعب ، ومزامير شيطان ، وصوت عند مصيبة خدش وجوه ، وشق جيوب ورنّة شيطان " .
(۳۰۹/۵) (فتاوی محمودیہ:۲۴۳/۳،باب البدعات والرسوم،کراچی)
ما في " العقود الدرية في تنقيح الفتاوى الحامدية " : سئل العلامة الجد عبد الرحمن آفندي العمادي عن السماع بما صورته فيما إذا سمع من الآلات المطربة ...... فأجاب المولى المذكور ..... قلت : والحق الذي هو أحق يتبع ، وأحرى أن يدان به ويسمع ، أن ذلک كله من سيئات البدع ، حيث لم ينقل فعله من السلف الصالحين ، ولم يقل محله أحد من أئمة الدين المجتهدين رضي الله تعالى عنهم أجمعين . (۲/۵۵۸– ۵۵۹ ، الحظر والإباحة ، مطلب في سماع الآلات)

سیرت کانفرنس

مسئلہ(۹): سیرتِ پاک کو بیان کرنا اور لوگوں تک اسے پہنچانا موجبِ اجر وثواب ہے، جب کہ اس میں التزامِ مالا یلزم نہ ہو، اور کوئی عمل خلافِ شرع نہ ہو، مثلاً: زمان ومکان، مہینے، تاریخ، دن، خاص ہیئت اور اسے مستحب وواجب کا درجہ دینا؛ کہ شریک نہ ہونے والوں پر ملامت ہو، وغیرہ وغیرہ۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الحديثية " : المواليد والأذكار التي تفعل عندنا أكثرها مشتملة على خير، كصدقة وذكره صلاة وسلام على رسول الله ﷺ ومدحه، وعلى شر بل شرور، لو لم يكن منها إلا رؤية النساء للرجال الأجانيب ، وبعضها ليس شر، لكنه قليل نادر ، ولا شك أن القسم الأول ممنوع للقاعدة المشهورة المقررة ؛ أن درء المفاسد مقدم على جلب المصالح .... والقسم الثانى سنة تشمله الأحاديث الواردة فى الأذكار المخصوصة والعامة ، كقوله ﷺ : " لا يقعد قوم يذكرون الله إلا حفتهم الملائكة ، وغشيتهم الرحمة ، ونزلت عليهم السكينة ، وذكرهم الله تعالى فيمن عنده " . رواه مسلم . وروى أيضًا أنه عليه الصلاة والسلام قال لقوم جلوس يذكرون الله تعالى ويحمدونه على أن هداهم للإسلام : " أتانى جبريل عليه والصلاة والسلام فأخبرنى أن الله تعالى يباهي بكم الملائكة " . وفى الحديثين أوضح دليل على فضل الإجتماع على الخير والجلوس له ، وأن الجالسين على خير كذلک، يباهى الله بهم الملائكة ، وتنزل عليهم السكينة ، وتغشاهم الرحمة ، ويذكرهم الله تعالى بالثناء عليهم بين الملائكة فأى فضائل أجل من هذه .

(۱/ ۳۲۵ ، مطلب الإجتماع للموالد والأذكار مطلوب ما لم يترتب عليه شر وإلا فيمنع منه ، مطبع مصطفى الحلبي ، أحمد شهاب الدين بن حجر الهيتمي المكي)

(فتاویٰ محمودیہ:۳/ ۲۱۸،۲۱۹، کراچی)

بغرضِ تخفیفِ عذاب، قبر پر پھول کی چادر چڑھانا

مسئلہ (۱۰): بعض لوگ اُس حدیث کو دلیل بنا کر؛ جس میں آپ ﷺ کا دو قبروں پر ہری ٹہنیاں رکھنے کا تذکرہ ہے، تخفیفِ عذاب کے لیے قبر پر پھول دار چادر ڈالتے ہیں، جب کہ حضور اکرم ﷺ نے دو قبروں پر کھجور کی شاخ کے دو ٹکڑے رکھ کر یہ فرمایا تھا کہ جب تک یہ خشک نہ ہوں گے عذاب میں تخفیف رہیگی، یہ آپ ﷺ کے دستِ اقدس کی برکت تھی، یقینی طور پر عذاب کا ہونا آپ ﷺ کو بذریعہ وحی معلوم تھا، اور آپ ﷺ نے تخفیفِ عذاب کے لیے دعا بھی فرمائی تھی، اِن تمام چیزوں کا حصول ہمارے لیے ممکن نہیں، معلوم ہوا کہ یہ عمل آپ ﷺ کے ساتھ خاص تھا، اگر عام ہوتا، تو صحابہ اور تابعین ضرور اس کا اہتمام فرماتے، لیکن کہیں اس کا ثبوت نہیں ملتا، اس لیے اِس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے قبروں پر پھول ڈالنا شرعاً ناجائز اور بدعت ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عباس قال : " مرّ النبي ﷺ على قبرين فقال : إنهما يعذبان ..... ثم دعا بعسيب رطب فشقّه باثنين ، ثم غرس على هذا واحداً ، وعلى هذا واحدا وقال : لعله يخفف عنهما ما لم ييبسا " . (ص/۴، كتاب الطهارة ، باب الاستبراء من البول)

ما في " فتح الباري " : قال الخطابي : هو محمول على أنه دعا لهما بالتخفيف مدة بقاء النداوة ..... وقد استنكر الخطابي ومن تبعه وضع الناس الجريد ونحوه في القبر عملاً بهذا الحديث ، قال الطرطوشي: لأن ذلک خاص ببركة يده . (۱/۴۱۷ ، كتاب الوضوء ، باب من الكبائر ... الخ ، معالم السنن للخطابي : ۱/۱۷، ۱۸، رقم الحديث : ۱۳)

ما في " بذل المجهود " : قال الحافظ في فتح الباري : قال المازري : يحتمل أن يكون =

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=أوحى إليه أن العذاب يخفف عنهما هذه المدة .

(۱/۲۳۶ ، كتاب الطهارة ، باب الاستبراء من البول)

ما في " فيض الباري " : أما إلقاء الرياحين على القبور ، ففي الفتاوى الهندية عن مطالب المؤمنين ، أنه جائز تمسكاً بحديث الباب ، قلت : وصرح العيني أنه لغو وعبث ، وقال الخطابي : إن ما يفعله الناس على القبور لا أصل له . كما في النووي .

(۱/۴۱۱ ، كتاب الوضوء ، باب في الكبائر)

ما في " حاشية البدر الساري إلى فيض الباري " : قلت : وقد توغّل الناس في إلقاء الرَّياحين على القبور، حتىٰ انهم جعلوه من سمات الحنفية ، ومن لا يتبع هواهم يرمونه بالوهّابية ، ويسخرون به ، وينبزونه بالألقاب ، فهداهم الله تعالى طريق الصواب .... إن كانوا يدّعون اتباع الحديث ، فعليهم أن يضعوا الجرائد دون الرّياحين ، وعلى المعذَّبين دون المقرَّبين ، لأن الحديث إنما ورد في المعذَّبين .

(فيض الباري : ۱/۴۱۲ ، كتاب الوضوء ، كذا في اعلاء السنن : ۴/۳۳۱ ، بيروت)

(فتاوی محمودیہ: ۹/۱۷۳،۱۷۴، کراچی)

گھر، گھوڑے اور عورت میں نحوست

مسئلہ (۱۱): اسلام میں کسی چیز کے منحوس ہونے کا تصور واعتقاد درست نہیں، اور احادیث میں جو آیا ہے کہ: ”گھر، عورت اور گھوڑے میں نحوست ہے“(۱)، محدثین نے اس کے متعدد معانی بیان کیے ہیں، چنانچہ (فتح الباری، عمدۃ القاری اور مرقاۃ المفاتیح وغیرہ شروح کتب حدیث میں یہ تفاصیل دیکھی جاسکتی ہیں)، حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں جس توجیہ کی اَولویت (فوقیت) کی طرف اشارہ کیا ہے، اس کا حاصل یہ ہے کہ حضور ﷺ کا یہ ارشاد ضعیف الاعتقاد لوگوں کے اعتقاد کی حفاظت کے لیے ہے، مطلب یہ ہے کہ جس کو اپنے گھر یا گھوڑے یا بیوی کے متعلق دل میں کدورت ہو، اس کو ان سے مفارَقت کر لینی چاہیے، تاکہ اگر تقدیر کے فیصلہ کے مطابق کوئی مصیبت آجائے، تو کم از کم آدمی کا اعتقاد تو محفوظ رہے؛ کہ اپنی مصیبت کا سبب ان چیزوں کو قرار نہ دے سکے، کیوں کہ ان سے مفارقت کی جاچکی ہے۔(۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في ” صحیح مسلم “ : عن عبد الله بن عمر أن رسول الله ﷺ قال : ” الشؤم في الدار والمرأة والفرس “ . (رقم : ۵۹ ۳۷ ، باب الطیرة والفأل وما یکون فیه الشؤم)

(۲) ما في ” فتح الباری “ : والمراد بذلک حسم المادة وسد الذریعة لئلا یوافق شيء من ذلک القدر فیعتقد من وقع له أن ذلک من العدوی أو الطیرة فیقع فی اعتقاده ما نهی عن اعتقاده فأشیر إلی اجتناب مثل ذلک والطریق فیمن وقع له ذلک فی الدار مثلا التبادر إلی التحول منها لأنه متی استمر فیها ربما حمله ذلک علی اعتقاد صحة الطیرة والتشاؤم .

(۶/ ۷۸)

(فتاویٰ محمودیہ: ۱/ ۲۳۲، ۲۳۳، کراچی)

منگل اور بدھ کو حجامت بنوانے کو منحوس سمجھنا

مسئلہ (۱۲): بہت سے حضرات منگل اور بدھ کے دن حجامت بنوانے کو منحوس سمجھتے ہیں، جب کہ شریعتِ اسلامیہ میں کسی بھی وقت یا دن کے منحوس ہونے کا تصور نہیں ہے، یہ جاہلانہ اور ہندوانہ خیال ہے، متعدد احادیث میں اس خیال کی تردید کی گئی ہے۔(۱)

رات میں قرض دینے کو منحوس سمجھنا

مسئلہ (۱۳): بہت سے لوگ رات میں قرض دینے کو منحوس سمجھتے ہیں، جب کہ ایسے خیال کی شرعاً کوئی بنیاد نہیں ہے، بلکہ احادیث میں اس کی تردید آئی ہے۔(۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحیح البخاري " : عن أبی هریرة رضی الله تعالی عنه قال : " لا عدوی ولا طیرة ولا هامة ولا صفر". (۲/۸۵۷)

ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن مسعود عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال : " الطیرة شرک، الطیرة شرک ، ثلاثاً، وما منا إلا ولکن الله یذهبه بالتوکل " . (ص/۵۴۶)

ما في " صحیح البخاري " : عن أنس أن النبي صلی الله علیه وسلم قال : " لا عدوی ولا طیرة ، ویعجبنی الفال الصالح ، والفال الصالح ؛ الکلمة الحسنة " . (۲/۸۵۷ ، سنن أبي داود:ص/۵۴۶)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما في " صحیح البخاري " : عن أبی هریرة رضي الله تعالی عنه قال : " لا عدوی ولا طیرة ولا هامة ولا صفر " . (۲/۸۵۷)

ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن مسعود عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال : " الطیرة شرک، الطیرة شرک ثلاثاً ، وما منا إلا ولکن الله یذهبه بالتوکل " . (ص/۵۴۶)

ما في " صحیح البخاري " : عن أنس أن النبي صلی الله علیه وسلم قال : " لا عدوی ولا طیرة ، ویعجبنی الفال الصالح ، والفال الصالح ؛ الکلمة الحسنة " . (۲/۸۵۷ ، سنن أبي داود:ص/۵۴۶)

کیا رام، لچھمن وغیرہ پیغمبر تھے؟

مسئلہ (۱۴): جس طرح ثابت النبوۃ نبی (جس نبی کی نبوت ثابت ہو) کی نبوت کا انکار جائز نہیں، اسی طرح غیر ثابت النبوۃ نبی (جس کی نبوت ثابت نہ ہو) کی نبوت کا اعتراف بھی جائز نہیں، اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں جن انبیاء کرام کے ناموں کی تصریح کی ہے، ان میں سے ہر ایک پر بالتعیین ایمان رکھنا ضروری ہے، البتہ جن کے احوال کو رب سبحانہٗ نے پردۂ خفاء میں رکھا اُن پر اِجمالی ایمان کافی ہے، نہ تو ان کی بحث وتفتیش کرنی ہے، اور نہ اس کا علم انقطاعِ وحی (سلسلۂ وحی بند ہونے) کے بعد ہوسکتا ہے، رام لچھمن وغیرہ حضرات کی نبوت پر کوئی دلیل قطعی قائم نہیں، لہٰذا ان کی نبوت کا اعتراف کرنا یا اس کا عقیدہ رکھنا جائز نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ورسلا قد قصصناهم عليک من قبل ورسلا لم نقصصهم عليک﴾ . (سورة النساء : ۱٦۴)

ما في " شرح الفقه الأكبر " : يجب أن يقول : آمنت بالله وملائكته وكتبه ورسله . (ص/۲٦)

ما في " شرح العقائد النسفية " : والأولى أن لا يقتصر على عدد في التسمية ...... ولا يؤمن في ذكر العدد أن يدخل فيهم من ليس منهم أو يخرج منهم من هو فيهم ..... ويحتمل مخالفة الواقع وهو عد النبي ﷺ من غير الأنبياء أو غير النبي من الأنبياء . (ص/۱۳۹، ۱۴۰)

ما في " شرح عقيدة الطحاوي " : وأما الأنبياء والمرسلون فعلينا الإيمان بمن سمى الله تعالى في كتابه من رسله ، والإيمان بأن الله أرسل رسلا سواهم وأنبياء لا يعلم أسمائهم وعددهم إلا الله تعالى الذي أرسلهم ، فعلينا الإيمان بهم جملة لأنه لم يأت في عددهم نص .

(ص/۲۸۹) (فتاویٰ محمودیہ: ۱/۴۵۳، ۴۵۵، کراچی)

مرچی وغیرہ سے نظر بد اتارنا

مسئلہ (۱۵): نظر بد اتارنے کے لیے مرچی وغیرہ پر پڑھ کر آگ میں جلانا درست ہے(۱)، بشرطیکہ کوئی خلافِ شرع چیز اُس پر نہ پڑھی جائے، اور کسی شیطان وجنات سے استعانت ومدد نہ لی جائے۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت : " كان يؤمَر العائن فيتوضأ ثم يغتسل منه المَعِينُ " . (ص/ ۵۴۱، ۵۴۲، كتاب الطب، باب ما جاء في العين)

ما في " شرح معاني الآثار للطحاوي " : عن عائشة رضى الله تعالى عنها قالت : " أمرنى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن استرقى من العين " . (۲/ ۴۲۷، مكتبه سعيد)

ما في " رد المحتار " : لا بأس بوضع الجماجم فى الزرع ، والمبطخة لدفع ضرر العين ، حتى تصيب المال ، والآدمى والحيوان ويظهر أثره فى ذلك عرف بالآثار ..... روى أن امرأة جاء ت إلى النبي صلى الله عليه وسلم وقالت : نحن من أهل الحرث ، وإنا نخاف عليه العين ، فأمر النبي صلى الله عليه وسلم أن يجعل فيه الجماجم . (۹/ ۴۴۴، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى اللبس)

(فتاویٰ محمودیہ: ۲۰/ ۸۱، کراچی)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عوف بن مالك قال : كنا نرقى فى الجاهلية يا رسول الله ! كيف ترىٰ فى ذلك ؟ فقال : " أعرضوا علي رقاكم لا بأس بالرقىٰ ما لم يكن فيه شرك " . (۲/ ۳۸۸)

ما في " مرقاة المفاتيح " : رقية فيها اسم صنم أو شيطان أو كلمة كفر أو غيرها مقالا لا يجوز شرعًا . (۸/ ۳۷۱، كتاب الطب والرقى)

دعا میں وسیلہ پکڑنا

مسئلہ (۱۶): اگر کوئی شخص اس طرح دعا کرے کہ؛ اے اللہ! میری فلاں حاجت رسول اللہ ﷺ کے طفیل پوری فرمادے، یا اولیاء کرام کا نام لے، تو دعا میں اس طرح وسیلہ لگانا جائز ہے، کیوں کہ خود حضور ﷺ نے اس وسیلہ کی تعلیم دی ہے [۱]، حضرت عمر ابن خطاب اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہما سے بھی اس طرح کا وسیلہ ثابت ہے [۲]، البتہ اپنے پیر یا بزرگوں کو مدد کے لیے بلانا، ان سے اپنی مرادیں مانگنا، ان کو خدا کے کاموں میں دخیل سمجھنا وغیرہ، یہ سب اُمور ناجائز بلکہ شرک ہیں۔ [۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن عثمان بن حنيف أن رجلاً ضرير البصر أتى النبي ﷺ فقال : أدع الله أن يعافيني، قال : " إن شئت دعوت وإن شئت صبرت فهو خير لک فادعه قال : فأمره أن يتوضأ فيحسن وضوء ه ويدعو بهذا الدعاء : " أللهم إني أسألک وأتوب إليک بنبيک محمد نبي الرحمة إني توجهت بک ، إلى ربي في حاجتي هذه لتقضي لي أللهم فشفعه فيّ " . (۲/۱۹۸ ، باب الدعوات)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس بن مالک ؛ أن عمر بن الخطاب رضي الله عنه كان إذا قُحِطُوْا استسقى بالعباس بن عبد المطلب رضي الله عنه ، فقال : " اللهم إنا كنا نتوسل إليک بنبيّنا فتسقينا ، وإنا نتوسّل إليک بعمّ نبيّنا فأسقِنا ، قال : فيُسقَون " .

(۱/۱۳۷ ، أبواب الاستسقاء ، باب سؤال الناس الإمام الاستسقاء إذا قحطوا ، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال ابن حجر : واستسقىٰ معاوية بيزيد بن الأسود ، فقال : " اللهم إنا نستسقي بخيرنا وأفضلنا ، اللهم إنا نستسقي بيزيد بن الأسود ، يا يزيد ! ارفع يديک=

" اطلبوا العلم ولو بالصّین " کی تحقیق

مسئلہ (۱۷): " اُطْلُبُوْا الْعِلْمَ وَلَوْ بِالْصِّیْن " (علم حاصل کرو گرچہ اس کے لیے چین کا سفر درکار ہو)، یہ روایت معتبر نہیں ہے، مشہور محدث امام بیہقی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ یہ روایت ضعیف ہے، اور جتنی سندوں سے منقول ہے، وہ تمام ہی سندیں ضعیف ہیں [1]، اور ممتاز محدث علامہ ابن جوزی رحمہ اللہ نے بحوالہ ابن حبان لکھا ہے کہ: " یہ روایت باطل ہے اس کی کوئی اصل نہیں۔ " [2]

= إلى الله تعالى فرفع يديه ، ورفع الناس أيديهم فثارت سحابة من المغرب كأنها ترس وهبّت ريح فسقوا حتى كاد الناس لا يبلغون منازلهم " . (۳/ ۵٦٠ ، باب الاستسقاء)

(۳) ما في " روح المعاني " : ان الناس قد أكثروا من دعاء غير الله تعالى من الأولياء الأحياء منهم والأموات وغيرهم ، مثل : يا سيدي فلان ! أغثني ، وليس ذلك من التوسل المباح في شيء ، واللائق بحال المؤمن عدم التفوه بذلك ، وأن لا يحوم حول حماه ، وقد عَدَّه أناس من العلماء شركاً ، وأن لا يكنيه ، فهو قريب منه . (۴/ ۱۸۸ ، سورة المائدة : الآية/ ۳۵ ، مكتبه زكريا بكڈپو ديوبند) (فتاویٰ محمودیہ:۱/ ۲/۵۷ ، کراچی، نظام الفتاویٰ:۱/ ۷۰، ۷۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " شعب الإيمان للبيهقي " : " أطلبوا العلم ولو بالصّين ، فإن طلب العلم فريضة على كل مسلم " . هذا الحديث شبه مشهور ، وإسناده ضعيف ، وقد روى من وجه كلها ضعيفة . (۲/ ۲۵۴ ، باب فى طلب العلم)

(۲) ما في " كتاب الموضوعات لإبن الجوزي " : هذا حديث لا يصح عن رسول الله ﷺ ، وقال ابن حبان : هذا الحديث باطل لا أصل له . (۱/ ۱۵۴ ، باب طلب العلم ولو بالصين ، تنزيه الشريعة المرفوعة عن الأحاديث الشنيعة : ۱/ ۲۵۸ ، اليواقيت الغالية في تحقيق وتخريج الأحاديث العالية : ۲/ ۴۳۰) (کتاب الفتاویٰ:۱/ ۴۹۷، ۴۹۸، فتاویٰ حقانیہ:۲/ ۲۱۴)

” من أحیٰی سنّتي “اور ” من أحبّ سنتي فقد أحبّني ومن أحبّني کان معي في الجنّةِ “ کی تحقیق

مسئلہ (۱۸): ” مَنْ أحیٰی سنّةً مِن سُنّتي قد اُمیتَتْ بعدي فإن له من الأجر مثل أجور من عمل بها من غیر أن ینقص من أجورهم شیئًا “. (رواه الترمذي وابن ماجه) اور ”مَن أَحَبَّ سُنّتِي فَقدْ أحبَّنِی ، ومَنْ أَحَبَّنِي کَانَ مَعِيْ فِي الْجَنَّةِ “(رواه الترمذي) یہ دونوں صحیح حدیثیں ہیں، اور حدیث کی معتبر کتاب ”مشکوٰۃ المصابیح“ کے ”باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ، الفصل الثانی“ صفحہ۳۰ / پر بحوالہ ترمذی وابن ماجہ موجود ہیں۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في ” مشکوٰة المصابیح “ : عن بلال بن الحارث المزني قال : قال رسول الله ﷺ : ” من أحیٰی سنة من سنتی قد أمیتت بعد فإن له من الأجر مثل أجور من عمل بها من غیر أن ینقص من أجورهم شیئاً . ومن ابتدع بدعة ضلالة لا یرضاها الله ورسوله کان علیه من الإثم مثل آثام من عمل بها لا ینقص ذلک من أوزارهم شیئًا “ . رواه الترمذي وابن ماجه عن کثیر بن عبد الله بن عمرو عن أبیه عن جده . (ص/ ۳۰ ، باب الاعتصام بالکتاب والسنة ، الفصل الثاني ، قدیمی ، جامع الترمذي : رقم الحدیث :۲۶۷۷ ، بیروت)

ما في ” مشکوٰة المصابیح “ : وعن أنس قال : قال لي رسول الله ﷺ : ” یا بنيّ ! إن قدرت أن تصبح وتمسي ولیس في قلبک غِشٌّ لأحد فافعل ، قم قال : یا بنيّ ! وذلک من سنّتي ، ومن أحب سنتي فقد أحبني ، ومن أحبّني کان معي في الجنة “ . رواه الترمذي .

(ص/ ۳۰ ، باب الاعتصام بالکتاب والسنة ، الفصل الثاني)

(جامع الترمذي : رقم الحدیث :۲۶۷۸ ، بیروت)

بیعت کا ثبوت اور عورتوں کی بیعت

مسئلہ (۱۹): نصوصِ شرعیہ میں بیعت کا ثبوت ہے [۱]، عورتوں کو بھی بیعت کیا جا سکتا ہے، کیوں کہ اصلاحِ نفس کی ضرورت مردوں کی طرح عورتوں کو بھی ہے، البتہ بیعت کرنے میں پردے کا خیال کرنا، اور اس بات کا لحاظ رکھنا کہ شیخ کا ہاتھ عورتوں کے ہاتھ سے مس نہ ہو، ضروری ہے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها النبي إذا جآء ک المؤمنٰت يبايعنک علٰى أن لا يشركن بالله شيئاً ولا يسرقن ولا يزنين ولا يقتلن أولادهنّ ولا يأتين ببهتٰن يّفترينه بين أيديهنّ وأرجلهنّ ولا يعصينک فى معروف فبايعهنّ واستغفر لهنّ الله﴾ . (سورة الممتحنة : ۱۲)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن عبادة بن الصامت قال : قال رسول الله ﷺ وحوله عصابة من أصحابه: "بايعوني على أن لا تشركوا بالله شيئاً ولا تسرقوا ، ولا تزنوا ، ولا تقتلوا أولادكم " . (۱/۱۳ ، كتاب الإيمان)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت : كانت المؤمنات إذا هاجرن إلى النبي ﷺ يمتحنهنّ بقول الله : ﴿يآيها الذين اٰمنوا إذا جآء كم المؤمنٰت مُهٰجِرٰت فامتحنوهنّ﴾ . قالت عائشة رضى الله تعالى عنها : فمن أقر بهذا الشرط من المؤمنات فقد أقر بالمحنة ...... قال لهن رسول الله : إنطلقن فقد بايعتكن لا والله ما مست يد رسول الله ﷺ يد امرأة قط غير أنه بايعهن بالكلام . (۲/۷۹۶)

ما في " روح المعانی " : عن أميمة بن رقية قالت : أتيت النبي ﷺ لنبايعه فأخذ علينا ما فى القرآن " أن لا نشرک بالله " حتى بلغ " ولا يعصين فى معروف " فقال : فيما استطعن وأطقن ، قلنا : الله ورسوله أرحم بنا من أنفسنا يا رسول الله ! ألا تصافحنا ؟ قال : إنى لا أصافح النساء ، إنما قولى لمائة امرأة كقولي لامرأة واحدة . (۱۱۹/۱۵)

(فتاویٰ محمودیہ:۴/۴۱۶، ۴۱۷، کراچی، فتاویٰ حقانیہ:۲/۲۴۵، ۲۴۶)

تبلیغ فرضِ کفایہ ہے

مسئلہ (۲۰): تبلیغی جماعت میں جانا فرضِ کفایہ ہے، کیوں کہ مروّجہ تبلیغ میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر جیسا اہم کام انجام دیا جاتا ہے، جو بالاتفاق فرضِ کفایہ ہے (۱)، البتہ بقدرِ ضرورت دین کا سیکھنا فرضِ عین ہے، خواہ مدرسہ میں داخل ہوکر ہو یا خارجِ مدرسہ پڑھ کر، خواہ اہلِ علم اور اہلِ دین کی خدمت میں جاکر ہو، یا تبلیغی جماعت کے ساتھ نکل کر۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " روح المعاني " : قال العلامة الآلوسي رحمه الله : هذه الآية ﴿ولتكن منكم أمة يدعون إلى الخير ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر وأولئک هم المفلحون﴾ . [سورة آل عمران :۱۰۴] أن العلماء اتفقوا على أن الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر من فروض الكفايات . (۳۴/۴)

ما في " مرقاة المفاتيح " : وفى الإتيان بمن التبعيضية اشعار بأنه من فروض الكفاية ..... وهذا المعنى مقتبس من قوله تعالى : ﴿ولتكن منكم أمة يدعون إلى الخير ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر﴾ . (۳۲۳/۹)

(۲) ما في " فيض القدير للمناوي " : " طلب العلم فريضة على كل مسلم " . (۲٦٨/۴)

ما في " رد المحتار " : من فرائض الإسلام تعلم ما يحتاج إليه العبد في إقامة دينه واخلاص عمله لله تعالى ومعاشرة عباده ، وفرض على كل مكلف ومكلفة بعد تعلمه علم الدين والهداية تعلم علم الوضوء والغسل والصلاة والصوم ، وكل من اشتغل بشيء يفرض عليه علمه وحكمه ليمتنع عن الحرام فيه . (۱۲۱/۱) (فتاویٰ محمودیہ:۴/ ۲۰۸، کراچی)

تبلیغ کا ثواب

مسئلہ (۲۱): خروج فی سبیل اللہ (اللہ کے راستے میں نکلنا) کی حالت میں کی جانے والی ہر نیکی سات لاکھ نیکیوں کا درجہ رکھتی ہے [۱]، اور لفظ ''خروج فی سبیل اللہ'' بہت عام ہے، دین کی ہر جدوجہد کے لیے نکلنا ''خروج فی سبیل اللہ'' میں داخل ہے، مثلاً: علم دین سیکھنے کے لیے، وعظ کہنے کے لیے، اصلاحِ نفس کی خاطر کسی بزرگ کی خدمت میں رہنے کے لیے، دعوت وتبلیغ میں جانے کے لیے گھر سے نکلنا، ''خروج فی سبیل اللہ'' میں شامل ہے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن الحسن بن علي بن أبي طالب وأبي الدرداء وأبي هريرة وأبي أمامة الباهلي وعبد الله بن عمر وجابر بن عبد الله وعمران بن حصين رضى الله تعالى عنهم أجمعين كلهم يحدث عن رسول الله ﷺ أنه قال : " من أرسل نفقة فى سبيل الله وأقام فى بيته فله بكل درهم سبع مائة درهم ، ومن غزا بنفسه فى سبيل الله وأنفق فى وجهه ذلک ، فله بكل درهم سبع مائة ألف درهم ثم تلا هذه الآية : ﴿والله يُضٰعِفُ لمن يشاء﴾ . (۱/۳۳۵)

(۱) مہرِ مسمیٰ: وہ مہر ہے جو زوجین یا ان کے وکلاء نکاح کرتے وقت باہمی رضامندی سے مقرر کرتے ہیں۔

(۲) مہرِ مثل: وہ مہر ہے جو عورت کے خاندان کی دیگر عورتوں مثلاً: سگی بہنوں، پھوپھیوں اور چچازاد بہنوں کے مہر کے برابر ہوتا ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : المهر عند الفقهاء نوعان : مهر مسمى ومهر المثل : أما المهر المسمى : فهو ما سمى فى العقد أو بعده بالتراضى ، بأن اتفق عليه صراحة فى العقد ، أو فرض للزوجة بعده بالتراضى ، وأما مهر المثل : فقد حدده الحنفية بأنه مهر امراة تماثل الزوجة وقت العقد من جهة أبيها لا أمها إن لم تكن من قوم أبيها كأختها وعمتها وبنت عمها ، فى بلدها وعصرها . (۹/۶۷۷۴، رابعاً: انواع المهر وحالات وجوب كل نوع)

ما في " الموسوعة الفقهية " : المهر الواجب نوعان : المهر المسمى : وهو العوض فى عقد النكاح والمسمى بعده لمن لم يسم لها فى العقد ، مهر المثل : وهو القدر الذى يرغب به فى أمثال الزوجة . (۳۹/۱۵۳، مهر) (فتاویٰ حقانیہ:۴/۳۶۸)

مہر ادا نہ کرنے کی نیت سے نکاح اور نسب کا ثبوت

مسئلہ (۱۶۰): اگر کوئی شخص مجلسِ نکاح میں مہر کو ذکر کرے اور ادا کرنے کی نیت نہ ہو، تب بھی نکاح صحیح ہوگا، اور اس پر اس مہر کی ادائیگی لازم ہوگی [۱]، نیز جب نکاحِ فاسد میں اولاد کا نسب باپ سے ثابت ہوتا ہے، تو اِس نکاحِ صحیح میں بدرجۂ اولیٰ ثابت ہوگا [۲]، اور پیدا شدہ اولاد کو ولدالحرام کہنا جائز نہیں ہوگا۔ [۳]

لڑکے کو مہر بتائے بغیر نکاح

مسئلہ (۱۶۱): آج کل بہت سے اولیاء لڑکے کا نکاح کراتے ہیں، لیکن لڑکے کو یہ نہیں بتاتے کہ تمہاری بیوی کا مہر کتنا ہے، اور خود ہی اپنی طرف سے مہر ادا بھی کردیتے ہیں، اس صورت میں نکاح شرعاً درست ہوجائے گا۔ [۴]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوی الهندیة " : (ثم الأصل) فی التسمیة أنها إذا صحت وتقررت یجب المسمی ثم ینظر إن کان المسمی عشرة فصاعدًا فلیس لها إلا ذلک ، وإن کان دون العشرة یکمل عشرة عند أصحابنا الثلاثة . (۱/۳۰۳ ، کتاب النکاح ، الباب السابع فی المهر)

(۲) ما في " المحیط البرهاني في الفقه النعماني " : ذکر فی " فتاوی أبی اللیث " : رجل تزوج امرأة نکاحًا فاسدًا وجاء ت بولد أتی بستة أشهر ثبت النسب ، فالنکاح الفاسد بعد الدخول في حق النسب بمنزلة النکاح الصحیح . (۳/۲۴۸، کتاب النکاح ، الفصل السادس عشر فی النکاح الفاسد وأحکامه ، احیاء التراث العربي) (امدادالاحکام:۳/۳۶۵)

(۳) ما في " القرآن الکریم " : ﴿إن الذین جآء وا بالإفک عصبة منکم .... لکل امرئ منهم ما اکتسب من الإثم ، والذي تولّٰی کبره منهم له عذاب عظیم﴾ . (سورة النور: ۱۱)=

مہر مؤجل اور مہر معجّل میں فرق

مسئلہ (۱۶۲): مہر معجّل سے مراد، مہر کی کل یا بعض وہ مقدار ہے جس کا فی الفور ادا کرنا لازم ہے۔ اور مہر مؤجل سے مراد، مہر کی کل یا بعض وہ مقدار ہے جس کی ادائیگی فوری لازم نہ ہو، بلکہ اس کے لیے کوئی میعاد مقرر کردی گئی ہو۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۴) ما في " البحر الرائق " : قوله : (وصح ضمان الولي المهر) لأنه من أهل الالتزام ..... وفى الاستحسان لا رجوع له لأن الآباء يتحملون المهور عن أبنائهم عادة ولا يطمعون فى الرجوع ، والثابت بالعرف كالثابت بالنص ..... والحاصل أن عدم الرجوع مخصوص بالأب . (۳/۳۰۵، ۳۰۶ ، كتاب النكاح ، باب المهر)

ما في " رد المحتار " : (وكذا الصبي كفء بغنى أبيه) أو أمه أو جده . نهر عن المحيط . (بالنسبة إلى المهر) يعني المعجل كما مر (لا) بالنسبة إلى (النفقة) لأن العادة أن الآباء يتحملون عن الأبناء المهر لا النفقة . ذخيرة . (تنوير مع الدر) . وفي الشامية : ومقتضٰى تخصيصه بالصبي أن الكبير ليس كذلک ، ووجهه أن الصغير غنيّ بغنى أبيه في باب الزكاة ، بخلاف الكبير ، لكن إذا كان المناط جريان العادة بتحمل الأب لا يظهر الفرق بينهما ولا بين المهر والنفقة فيهما حيث تعورف ذلک . والله تعالى أعلم .

(۴/۲۲۰، كتاب النكاح ، باب الكفاءة ، بيروت)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وإن بينوا قدر التعجيل يعجل ذلک ...... لا خلاف لأحد أن تأجيل المهر إلى غاية معلومة نحو شهرًا وسنة صحيح .

(۱/۳۱۸ ، كتاب النكاح ، التنوير مع الدر والرد :۴/۲۱۶)

(کفایت المفتی:۵/۱۲۴، ۱۲۵، کراچی، فتاوی دار العلوم:۸/ ۲۴۹)

نکاح میں مقدارِ مہر کا تعیُّن

مسئلہ (۱۶۳): نکاح میں مقدارِ مہر کا تعیُّن ضروری نہیں ہے، بغیر تعیُّن کے بھی نکاح صحیح ہو جائے گا(۱)، اور اس صورت میں مہرِ مثل واجب ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : ويصح النكاح وإن لم يسم فيه مهرًا ، لأن النكاح عقد انضمام وازدواج لغة فيتم بالزوجين . (۱/۳۲۳)

ما في " حاشية الهداية " : ثم المهر هذا كلام على سبيل التنزل أى إن اسلمنا أن لا يصح بدون المهر لكن لا حاجة إلى ذكره لأن الشارع عيّن وكفى كفاية . (۱/۳۲۳)

ما في " العناية " : لا خلاف فى أحد فى صحة النكاح بلا تسمية المهر، قال الله عز وجل : ﴿فانكحوا﴾ . والنكاح لغة لا ينبئ إلا عن الانضمام والازدواج فيتم بالمتناكحين ، فلو شرطنا التسمية فيه زدنا على النص . (۲/۲۸۲، باب المهر، فتح القدير لإبن الهمام : ۳/۳۰۴ ، تبيين الحقائق : ۲/۵۳۳ ، باب المهر)

(۲) ما في " الجوهرة النيرة " : فإن تزوجها ولم يسمّ لها مهرًا أو تزوجها على أن لا مهر لها فلها مهر مثلها إن دخل بها أو مات عنها ، وكذا إذا ماتت هي . (۲/۱۲۹)

ما في " النهر الفائق " : (وإن لم يسمه) تسمية صحيحة أو سكت عنه (لو نفاه فلها مهر مثلها إن وطى) ولو حكما (أو مات عنها) أو ماتت .

(۲/۲۳۱ ، باب المهر، رد المحتار : ۴/۱۷۷ ، باب المهر)

(فتاوی دار العلوم : ۷/۶۳)

یک مُشت مہر کی ادائیگی

مسئلہ (۱۶۴): مہر یک مُشت ادا کرنا بہتر ہے، لیکن اگر یک مُشت مہر کی ادائیگی مشکل ہو، تو اسے قسط وار بھی ادا کیا جاسکتا ہے، باہمی مشورہ کے ذریعے قسطیں مقرر کرلی جائیں کہ کل قسطیں اتنی ہوں گی، اور ہر قسط میں اتنی مقدار دی جائے گی، نیز وقت کی تعیین بھی کرلی جائے تو بہتر ہے، تاکہ جھگڑے فساد سے بچ جائیں، اسی طرح اگر عقدِ نکاح کے وقت تمام مہر یا بعض مہر کا مؤجل یا معجّل دینا طے ہوا ہو، تو اس کے موافق عمل کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : (لأخذ ما بين تعجيله) من المهر كله أو بعضه (أو) أخذ (قدر ما يعجل لمثلها عرفاً) . به يفتى . لأن المعروف (ان لم يؤجل) أو يعجل (كله) فكما شرط لأن الصريح يفوق الدلالة . (۲۹۰/۴، كتاب النكاح ، باب المهر)

ما في " الفتاوى الهندية " : وان بينوا قدر المعجل يعجل ذلك وإن لم يبينوا شيئًا ينظر إلى المرأة وإلى المهر المذكور في العقد أنه كم يكون المعجل لمثل هذه المرأة من مثل هذا المهر فيجعل ذلك معجلاً ولا يقدر بالربح ولا بالخمس ، وإنما ينظر إلى المتعارف وإن شرطوا فى العقد تعجيل كل المهر يجعل الكل معجلاً ويترك العرف . كذا في فتاوى قاضي خان . (۳۱۸/۱ ، كتاب النكاح ، الفصل الحادي عشر في منع المرأة)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا كان المهر مؤجلاً أجلاً معلومًا فحل الأجل ليس لها أن تمنع نفسها لتستوفى في المهر في أصل أبي حنيفة ومحمد رحمهما الله تعالى .... ولو كان بعضه عاجلاً وبعضه آجلاً فاستوفت العاجل ، وكذلك لو أجلته بعد العقد مدة معلومة ليس لها أن تحبس نفسها . (۳۱۸/۱ ، كتاب النكاح ، الباب السابع فى المهر ، الفصل الحادى عشر ، الموسوعة الفقهية : ۱٦٦/۳۹ ، مهر) (فتاوی حقانیہ:۳۷۱/۴، امداد الاحکام:۳۶۲/۳، ۳۶۳)

ناقابلِ جماع عورت مہر کی حق دار ہوگی یا نہیں؟

مسئلہ (۱۶۵): عورت کا، مہرِ کامل کی حق دار ہونے کے لیے کم از کم اس کے ساتھ خلوتِ صحیحہ کا پایا جانا ضروری ہے(۱)، اور عورت کا جماع کے قابل نہ ہونا یہ خلوتِ صحیحہ کے لیے مانع ہے(۲)، لہٰذا اگر کوئی عورت قابلِ جماع نہ ہو، اور میاں بیوی کے مابین فُرقت واقع ہوجائے، تو اگر مہر، مہرِ مسمّٰی ہو، تو وہ نصفِ مہر کی حق دار ہوگی(۳)، اور اگر مہر، مہرِ مسمّٰی نہ ہو، تو وہ متعہ (قمیص، اوڑھنی اور چادر) کی حق دار ہوگی(۴)، یعنی ایک ایسا مکمل لباس جسے پہن کر دیندار عورت اپنے گھر سے باہر نکلتی ہے۔(۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : فقال [البسيط] :

وخــلوة الزوج مثــل الوطء في صور وغيره وبهذا العقد تحصيل

تكميل مهر وأعداد كذانسب إنفاق سكنى ومنع الأخت مقبــول .

(۴/۲۵۸ ، كتاب النكاح ، مطلب فى أحكام الخلوة)

(الفتاوى الهندية : ۱/۳۰۳ ، كتاب النكاح ، الباب السابع)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : والخلوة الفاسدة أن لا يتمكن من الوطء حقيقةً كالمريض المدنف الذي لا يتمكن من الوطء ..... أما المرض والمراد به ما يمنع الجماع . (۱/۳۰۴)

(۳) ما في " رد المحتار " : ان المهر يجب بنفس العقد والدخول أو الموت مؤكد له ، والطلاق قبلهما منصف له . (۴/۱۹۱ ، كتاب النكاح ، مطلب في أحكام الخلوة ، ديوبند ،

بدائع الصنائع : ۲/۵۹۳ ، كتاب النكاح ، ما يسقط به نصف المهر)

(۴) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وتجب متعة لمفوضة وهي من زوجت بلا مهر طلّقت قبل الوطء وهي درع وخمار وملحفة لا تزيد على نصفه . (۴/۱۷۸ ، كتاب النكاح=

مہر معاف کردینے کے بعد دوبارہ اُس کا مطالبہ

مسئلہ (۱٦٦): عورت اگر اپنا مہر معاف کردے، تو اسے دوبارہ مطالبہ کا حق حاصل نہیں ہوگا، کیوں کہ اس نے خود اپنے حق کو ساقط کردیا(۱)، اور قاعدۂ فقہیہ ہے کہ ''ساقط لوٹتا نہیں ہے۔''(۲)

= باب المهر ، الفتاوى الهندية : ۱/۳۰۴ ، كتاب النكاح ، الباب السابع)

(۵) ما في '' رد المحتار '' : وأدنى ما تكتسي به المرأة وتستر به عند الخروج ثلاثة أثواب . اهـ . قلت : ومقتضى هذا مع ما مرّ عن فخر الإسلام من أن هذا في ديارهم الخ ، أن يعتبر عرف كل بلدة لأهلها فيها تكتسي به المرأة عند الخروج . تأمل . (۲۴۴/۴، باب المهر)

(امداد الفتاویٰ:۳/۳۵۴، ادارہ تالیفات اشرفیہ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' الفتاوى الهندية '' : والمهر يتأكد بأحد معان ثلاثة : الدخول والخلوة الصحيحة وموت أحد الزوجين ، سواء كان مسمى أو مهر المثل حتى لا يسقط منه شيء بعد ذلك إلا بالإبراء من صاحب الحق . كذا في البدائع .

(۱/۳۰۴ ، الفصل الثاني فيما يتأكد به المهر والمتعة)

ما في '' الدر المختار مع الشامية '' : (وصحّ حطّها) لكله أو بعضه (عنه) قبل أو لا ، ويرتد بالرد كما في البحر . '' در مختار ''. (۲۴۸/۴ ، كتاب النكاح ، باب المهر)

ما في '' الهداية '' : وإن حطت عنه من مهرها صح الحط لأن المهر حقها ، والحط يلاقيه حالة البقاء . (۳۲۵/۲ ، كتاب النكاح ، باب المهر)

(۲) ما في '' قواعد الفقه '' : الساقط لا يعود . (ص/۸۳ ، قاعدة : ۱۴۴)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۲/۶۱-۷۰، کفایت المفتی:۵/۱۱۱،۱۱۲)

مہر معاف کرنے پر ولی کو حقِ اعتراض

مسئلہ (۱۶۷): عورت اپنے مہر کی خود مالکہ ہے، وہ اس کو جس طرح چاہے استعمال کرسکتی ہے، چاہے شوہر کو معاف کرے یا کسی کو ہدیہ دیدے، باپ یا کسی رشتہ دار کو اعتراض کا حق حاصل نہیں ہوگا۔[۱]

مہر کے علاوہ رقم کا مطالبہ

مسئلہ (۱۶۸): نکاح کے موقع پر لڑکی یا لڑکے والوں کی طرف سے مہر کے علاوہ کسی چیز کا مطالبہ کرنا، اور اس کا لینا دینا رشوت ہے[۲]، اور رشوت شریعتِ اسلامیہ میں حرام ہے، لہٰذا اس رقم کو جس سے لیا ہے اس کو واپس کرنا لازم ہے۔[۳]

---

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : للمرأة أن تهب مالها لزوجها من صداق دخل بها زوجها أو لم يدخل ، وليس لأحد من أوليائها أب ولا غيره الاعتراض عليها . كذا في شرح الطحاوي .
(۱/۳۱۶ ، كتاب النكاح ، الفصل العاشر في هبة المهر)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وللمرأة : سواء أكانت بكرًا أم ثيبًا ولاية التصرف في مهرها بكل التصرفات الجائزة لها شرعًا ، ما دامت كاملة الأهلية كما هو الشان في تصرف كل مالك في ملكه ، فلها أن تشترى به ، وتبيعه ، وتهبه لأجنبى أو لزوجها ، وليس لأحد حق الاعتراض على تصرفها ، كما ليس لأحد أن يجبرها على ترك شيء من مهرها لزوجها أو لغيره ، ولو كان أباها أو أمها ، لأن المالك لا يجبر على ترك شيء من ملكه ، ولا على اعطائه لغيره ويورث عنها مهرها بوصفه من سائر أموالها مع مراعاة أن يكون من ضمن ورثتها، وهذا عند جمهور الفقهاء . (۳۹/۱۹۵ ، ۱۹۶) (فتاوی حقانیہ:۴/۳۶۶)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " رد المحتار " : (أخذ أهل المرأة شيئًا عند التسليم فللزوج أن يستردّه) لأنه =

مہر میں نقد روپیوں کی بجائے کپڑے یا زیورات

مسئلہ (۱۶۹): اگر کوئی شخص مہر کی ادائیگی میں نقد روپیوں پیسوں کی بجائے کپڑے یا زیورات وغیرہ دیتا ہے، تو اس سے بھی مہر ادا ہو جائے گا[۱]، بشرطیکہ یہ کپڑے اور زیورات وغیرہ مقرر کردہ مہر کی مالیت کے برابر ہوں۔[۲]

=رشوة . در مختار . وفي الشامية : قوله : (عند التسليم) أى بأن أبى أن يسلمها أخوها أو نحوه حتى يأخذ شيئًا ، وكذا لو أبى أن يزوجها فللزوج الاسترداد قائمًا أو هالكًا لأنه رشوة . بزازيه.(۴/۲۲۷ ، كتاب النكاح ، مطلب أنفق على معتدة الغير، الفتاوى الهندية : ۱/۳۲۷ ، كتاب النكاح ، الباب السابع في المهر ، الفصل السادس عشر، البحر الرائق :۳/۳۲۵ ، كتاب النكاح ، باب المهر) (فتاوی رحیمیہ:۸/۲۳۳،۲۳۴،کراچی،کفایت المفتی:۵/ ۱۰۹،کراچی)

(۳) ما في " رد المحتار " : وفي " القنية " : الرشوة يجب ردّها ولا تملك .

(۸/۳۳ ، كتاب القضاء ، مطلب فى الكلام على الرشوة والهدية)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وأحل لكم ما ورآء ذٰلكم أن تبتغوا بأموالكم﴾ .

(سورة النساء : ۲۴)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : المهر هو كل مال متقوم معلوم مقدور على تسليمه ، فيصح كون المهر ذهبًا أو فضًا ، مضروبة أو سبيكة ، أي نقدًا أو حليًا ونحوه ، دينًا أو عينًا ، ويصح كونه فلوسًا أوأوراقًا نقدية ، مكيلا أو موزونًا ، حيوانًا أو عقارًا ، أو عروضًا تجارية كالثياب وغيرها . (۹/۶۷۶۸، الفصل السادس ، آثار الزواج ، المبحث الأول ، ثالثًا : شروط المهر أو ما يصلح أن يكون مهراً وما لا يصلح)

(الفتاوى التاتارخانية : ۲/۳۲۷ ، الفصل السابع عشر في المهر)

(۲) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن الشعبي ، عن علي رضي الله عنه : " لا مهر أقلَّ من عشرة دراهم " . (۷/۲۴۰ ، باب ما يجوز أن يكون مهرًا ، مجلس دائرة المعارف النظامية=

تجدید نکاح میں مہر جدید

مسئلہ (۱۷۰): کسی شخص کو نکاحِ جدید کی ضرورت پڑ جائے، اور اس نے نکاحِ اول کا مہر ابھی تک ادا نہ کیا ہو، تو نکاحِ جدید کے بعد دوسرا مہر بھی اسے ادا کرنا ہوگا، کیوں کہ مہر عقدِ نکاح کا حکم ہے، لہٰذا جب بھی عقدِ نکاح پایا جائیگا، اس کا حکم بھی ثابت ہوگا، یعنی ہر مرتبہ ایک مہر لازم ہوگا۔ (۱)

=الكائنة في الهند ببلدة حيدر آباد في الهند)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن الشعبي عن علي رضى الله عنه : " لا مهر أقل من عشرة دراهم " . (۲۴۰/۷ ، باب ما يجوز أن يكون مهرًا ، ۱۴۱۶ ، بيروت)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وفي المهر حقوق ثلاثة : حق الشرع ؛ وهو أن لا يكون أقل من عشرة . (۳۲۹/۲ ، الفصل السابع عشر في المهر ، الفتاوى الهندية : ۳۰۲/۱ ، الفصل الأول ، الباب السابع) (فتاوی دار العلوم: ۲۴۷/۸، مہر کے بدلے میں مکان دیا تو کیا حکم ہے؟)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : هو حكم العقد .... ثم المهر واجب شرعًا إبانة لشرف المحل . (۲۴۹/۲، باب المهر)

ما في " رد المحتار " : لما فرغ من بيان ركن النكاح وشرطه شرع فى بيان حكمه وهو المهر، فإن مهر المثل يجب بالعقد فكان حكمًا . كذا فى الغياثية . واعترضه فى " السعدية " بأن المسمى من أحكامه أيضًا ، وأجاب فى النهر بأنه إنما خص مهر المثل لأن حكم الشيء هو أثره الثابت به والواجب بالعقد إنما هو مهر المثل ، ولذا قالوا : انه الموجب الأصلي فى باب النكاح ، وأما المسمى فإنما هو قام مقامه للتراضى به . (۱۶۸/۴ ، باب المهر)

ما في " الموسوعة الفقهية " : المهر واجب فى كل نكاح لقوله تعالى : ﴿وأحل لكم ما ورآء ذٰلكم أن تبتغوا بأموالكم﴾ . (۱۵۱/۳۹ ، مهر) (فتاوی دار العلوم دیو بند: ۲۸۲/۸)

ما في " ترتيب اللآلي في سلك الامالي " : الشيء إذا ثبت ثبت بجميع لوازمه . (۷۷۸/۲)

باب الولیمۃ

ولیمہ کی شرعی حیثیت

مسئلہ (۱۷۱): ولیمہ بالاتفاق مسنون ہے، اور حدیث شریف سے بھی ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے ولیمہ کیا ہے۔ (۱)

دعوتِ ولیمہ میں امتیازی سلوک

مسئلہ (۱۷۲): ولیمہ کی دعوت میں اپنے اعزہ واَقارب اور دوست واحباب کو عمدہ اور بڑھیا کھانا کھلانا، اور عام مہمانوں کو ایک الگ قسم کا معمولی کھانا کھلانا، یہ کرم ومروت کے خلاف ہے، بالخصوص ایک مقام پر ایک دوسرے کے مقابلے میں ایسا فرق کرنا، تو بہت ہی نازیبا حرکت ہے (۲)، البتہ اگر علیحدہ دسترخوان پر بیٹھا کر اس طرح کا امتیاز برتا جائے، تو اس میں کوئی حرج نہیں (۳)، اور اگر دیگر مہمانوں کی تحقیر وتذلیل کی نیت سے ایسا کیا جائے، تو یہ حرام ہے۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن صفية بنت شيبة قالت : " أولم النبي ﷺ على بعض نسائه بمدين من شعير ". (ص/۲۷۸)

ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أنس قال : " إن رسول الله ﷺ أعتق صفية وتزوجها وجعل عتقها صداقها وأولم عليها بحيس " . (ص/۲۷۸)

وفيه أيضًا : وعنه قال : أولم رسول الله ﷺ حين بنى بزينب بنت جحش فاشبع الناس خبزًا ولحمًا " . (ص/۲۷۸) (خیر الفتاویٰ:۴/۶۰۴)

ما في " الفتاوى الهندية " : وليمة العرس سنة وفيها مثوبة عظيمة . (۱/۲۷۹)=

متفرقاتِ نکاح

بالغ ہونے پر اولاد کا نکاح کر دیا جائے

مسئلہ(۱۷۳): حدیث پاک میں وارد ہے کہ جب اولاد بالغ ہوجائیں، اور والدین ان کا نکاح نہ کریں، تو اس صورت میں اگر اولاد کسی غلطی کی مرتکب ہوجائیں، تو والدین اس جرم میں برابر کے شریک ہوں گے [۱]، ہاں! اگر رشتہ ہی نہ ملتا ہو، تو پھر والدین پر کوئی گناہ نہیں۔ [۲]

=(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما المؤمنون إخوة﴾ . (سورة الحجرات : ۱۰)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة رضى الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليُكرم ضيفه " . (ص/۳۶۸ ، باب الضيافة)

(۳) ما في " فتح الباري " : قال ابن بطال : وإذا ميز الداعي بين الأغنياء والفقراء فأطعم كلا على حدة لم يكن به بأس . (۹/۱۷۵ ، كتاب النكاح ، من ترك الدعوة)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبى هريرة رضى الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " المسلم أخو المسلم ؛ لا يظلمه ولا يخذله ولا يحقره ، التقوىٰ هٰهُنا ، ويشير إلى صدره ثلٰث مرارٍ ، بحسب امرءٍ من الشر أن يحقر أخاه المسلم ، كل المسلم على المسلم حرام ؛ دمه وماله وعرضه " . رواه مسلم . (ص/۴۲۲ ، باب الشفقة والرحمة على الخلق)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبى سعيد وابن عباس قالا : قال رسول الله ﷺ : "من ولد له ولد فليحسن اسمه وأدبه ، فإذا بلغ فليزوّجه ، فإن بلغ ولم يزوجه فأصاب إثمًا فإنما إثمه على أبيه " . (ص/۲۷۱ ، باب الولي)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن عمر بن الخطاب وأنس بن مالك عن رسول الله ﷺ قال: " في التوراة مكتوب : من بلغت ابنته اثنتي عشرة سنة ولم يزوجها فأصابت إثمًا=

ساس کی خدمت

مسئلہ (۱۷۴): آج کے عرف ورَواج میں ساس کی خدمت کرنا بہو کے لیے لازم سمجھا جاتا ہے، اگر بہو ساس کی خدمت نہیں کرتی ہے، تو اسے لعن طعن بھی کیا جاتا ہے، جب کہ بہو پر ساس کی خدمت کرنا لازم نہیں ہے، ہاں! اگر بہو اپنی خوشی سے شوہر کے والدین کی خدمت کرتی ہے، تو یہ بہت اچھی بات ہے، بہو کے لیے موجبِ سعادت ہے، اور یہ حسنِ اخلاق بھی ہے (۱)، لیکن خدمت نہ کرنے پر لعن طعن کرنا درست نہیں ہے۔ (۲)

= فاثم ذلک علیه " . رواهما البيهقي في شعب الإيمان . (ص/ ۲۷۱)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : " فأصاب إثمًا " أي ما اثم به من الفواحش ، وقوله : " فإنما إثمه على أبيه " . أى جزاء الإثم عليه حقيقة ، ودل هذا الحصر على أن لا إثم على الولد مبالغة ، لأنه لم يتسبب لما يتفادى ولده من إصابة الإثم . (۶/ ۲۷۶، كتاب النكاح)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لا يكلّف الله نفسًا إلا وُسعها﴾ . (سورة البقرة : ۲۸۶)

ما في " بدائع الصنائع " : العاجز عن الفعل لا يكلّف به . (۱/ ۲۸۴، فصل في أركان الصلاة)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت : سمعت رسول الله ﷺ يقول: " إن المؤمن ليدرک بحسن خلقه درجة الصائم القائم " .

(ص/ ۶۶۱، باب في حسن الخلق)

وفيه أيضًا : عن أبي الدرداء رضي الله تعالى عنه ، عن النبي ﷺ قال : " ما من شيء أثقل في الميزان من حسن الخلق " . (ص/ ۶۶۱، باب في حسن الخلق)

(۲) ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : ترک الإحسان لا يكون إساءة .

(ص/ ۱۴۴، القاعدة :۸۷)=

جہیز کی نمائش

مسئلہ (۱۷۵): والدین کا اپنی لڑکی کو دیئے جانے والے جہیز کی نمائش کرنا جاہلانہ رسم ہے، جو محض نام ونمود اور ریا کاری ہے، لہٰذا اس سے اجتناب ضروری ہے۔[۱]

=(کفایت المفتی: ۵/ ۲۲۹، ۲۳۰، کراچی، فتاوی بینات: ۳/ ۳۴۲، ۳۴۳، کتاب الفتاوی: ۴/ ۴۰۹، ۴۱۰، آپ کے مسائل اوران کا حل: ۵/ ۱۷۵، قدیم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مرقاة المفاتيح " : ان من أصر على أمر مندوب وجعله عزماً ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال ، فكيف من أصر على بدعة أو منكر . (۲۶/۳)

ما في " السعاية " : الإصرار على أمر مندوب يبلغه إلى حد الكراهة ، فكيف إصرار البدعة التي لا أصل لها في الشرع . (۲۶۵/۲ ، باب صفة الصلوٰة، قبيل فصل في القراءة)

ما في " مجموعة رسائل اللكنوي " : فكم من مباح يصير بالإلتزام من غير لزوم والتخصيص من غير محض مكروهاً . (۳۴/۳ ، سباحة الفكر في الجهر بالذكر)

ما في " فتاوى محموديه " : البدعات والرسوم الغير الثابتة التي يلتزمونها مثل العبادات باطلة، يجب ردها وقلعها ، سواء كانت متعلقة بالعبادات أم بالمعاملات والمعاشرات وغيرها . (۲۰۲/۱۱ ، كتاب النكاح ، باب ما يتعلق بالرسوم عند الزفاف)

جہیز میں دیئے گئے زیورات

مسئلہ (۱۷۶): ۱- دولہے کے ماں باپ نے اپنی بہو کو زیورات دیتے وقت ملکیت یا عاریت کی صراحت کردی، تو حکم اسی کے مطابق ہوگا، اور اگر اس کی صراحت نہیں کی تو شوہر کے خاندان کا رَواج معتبر ہوگا، اگر رَواج تملیک کا ہے تو وہ بہو کی ملکیت ہوں گے، اور اگر رَواج عاریت کا ہے تو وہ عاریت ہیں، دولہے کے ماں باپ کی ملک ہیں، اور اگر کوئی عرف ورَواج نہ ہو (نہ ملکیت کا اور نہ عاریت کا) تو اس صورت میں دولہے کے ماں باپ کی نیت اور قول کا اعتبار ہوگا۔ (۱)

۲- شادی کے موقع پر دولہے کے رشتہ داروں نے ہونے والی بہو کو جو تحفے تحائف دیئے، اس میں عرفِ عام یہی ہے کہ وہ بہو کی ملک ہوتے ہیں، لہٰذا دولہے کے ماں باپ یا اس کے رشتہ داروں کو یہ حق نہیں ہے کہ بہو سے ان کی واپسی کا مطالبہ کرے۔ (۲)

۳- وہ زیورات جو بہو کو خالصۃً تحفہ کے طور پر، یعنی تحفہ کی صراحت کے ساتھ دیئے گئے، شرعاً وہ بہو کی ملک ہیں، انہیں واپس نہیں لیا جاسکتا۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا بعث الزوج إلى أهل زوجته أشياء عند زفافها منها ديباج فلما زنت إليه أراد أن يسترد من المرأة الديباج ليس له ذلك إذا بعث إليها على جهة التمليك . كذا في فصول العمادية . جهز بنته وزوجها ثم زعم أن الذى دفعه إليها ماله وكان على وجه العارية عندها ، وقالت : هو ملكي جهّزتني أو قال الزوج ذلك بعد موتها فالقول=

جہیز پر قبضے سے پہلے لڑکی کا انتقال

مسئلہ (۱۷۷): اگر لڑکی بالغہ ہو اور باپ نے سامانِ جہیز خرید کر ابھی لڑکی کے قبضے میں نہیں دیا تھا، اور وہ اس سے پہلے ہی انتقال کر جائے، تو یہ سامانِ جہیز باپ کی ملک شمار ہوگا[1]، اور اگر لڑکی صغیرہ ہو، تو یہ سامانِ جہیز لڑکی کی ملک شمار ہوگا۔[2]

=قولهما دون الأب ، وحكى عن على السغدي أن القول قول الأب وذكر مثله السرخسى وأخذ به بعض المشايخ وقال فى الواقعات ان كان العرف ظاهرا بمثله فى الجهاز كما فى ديارنا فالقول قول الزوج وإن كان مشتركا فالقول قول الأب . كذا فى التبيين . قال الصدر الشهيد رحمه الله تعالى : وهذا التفصيل هو المختار للفتوى . كذا في النهر الفائق .
(۱/ ۳۲۷ ، كتاب النكاح ، الباب السابع فى المهر ، الفصل السادس عشر فى جهاز البنت ، تبيين الحقائق : ۲/ ۵۸۲ ، باب المهر ، النهر الفائق : ۲/ ۲۶۴ ، البحر الرائق :۳/ ۳۲۵ ، باب المهر، الدر المختار مع الشامية : ۴/ ۲۲۹)

(۲) ما في " رد المحتار " : قلت : ومن ذلک ما يبعثه إليه قبل الزفاف فى الأعياد والمواسم من نحو ثياب وحلي وكذا ما يعطيها أو من دراهم أو دنانير صبيحة ليلة العرس ويسمى فى العرف صبحة فإن كل ذلک تعورف فى زماننا كونه هدية لا من المهر .
(۴/ ۲۲۶ ، مطلب فيما يرسله إلى الزوجة)

(۳) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : تنعقد الهبة بالإيجاب والقبول وتتم بالقبض . (۲/ ۴۰۲)

ما في " جامع الترمذي " : عن ابن عمر قال : قال النبي ﷺ : " لا يحل لرجل أن يعطى عطية ثم يرجع فيها إلا الوالد فيما يعطى ولده ومثل الذى يعطى العطية ثم يرجع كمثل الكلب أكل حتى إذا شبع قاء ثم عاد فى قيئه " . (۲/ ۳۴ ، باب ما جاء فى كراهية الرجوع فى الهبة)

(فتاوی محمودیہ:۱۲/ ۱۲۶، ۱۲۷، کراچی، فتاوی رحیمیہ: ۸/ ۲۳۵، ۲۳۶، کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تنقيح الفتاوى الحامدية " : سئل في رجل اشترى في حال صحته بنته الصغيرة=

’’بَری‘‘ کا مالک کون؟

مسئلہ (۱۷۸): بوقتِ نکاح دولہے والے ’’بَری‘‘ کے نام سے کچھ سامان مثلاً: کھوپرا، کھجور، مصری یا بادام وغیرہ دولہن کے گھر بھیجتے ہیں، وہ ہدیہ ہے، اور لڑکی اس کی مالک ہے۔(۱)

= آوانيَ ليجهزها بها ثم مات عن ورثته فهل يكون ذلك للبنت خاصة ؟ الجواب : نعم ! إذا جهز الأب ابنته ثم مات وبقية الورثة يطلبون القسم منها ، فإذا كان الأب اشترى لها في صغرها أو بعد ما كبرت وسلم إليها ذلك في صحته فلا سبيل لورثته عليه ويكون للإبنة خاصة . (۱/۲٦ ، مسائل الجهاز ، طبع قندهار پاکستان ،بحوالہ کفایت المفتی: ۵/۱۳۹، مکتبہ دار الاشاعت کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : ومن بعث إلى امرأته شيئًا فقالت : هو هدية ، وقال الزوج : هو من المهر ، فالقول قوله ، لأنه هو المملِّک ، فكان اعرف بجهة التمليک كيف ، وإن الظاهر أنه يسعى في اسقاط الواجب . قال : إلا في الطعام الذي يؤكل فإن القول قولها ، والمراد منه ما يكون مهيأً للأكل لأنه يتعارف هدية .

(۱/۳۳۷ ، كتاب النكاح ، باب المهر ، البحر الرائق: ۳/۳۲۱ ، كتاب النكاح ، باب المهر، تبيين الحقائق :۳/۵۸۱ ،۵۸۲ ، باب المهر، فتح القدير لإبن الهمام :۳/۳٦۰ ، الفتاوى الهندية : ۱/۳۲۷) (فتاوی محمودیہ:۱۲/۱۲۱)

بیوی کو جبراً لانا

مسئلہ (۱۷۹): شوہر اگر مہرِ معجّل ادا کرچکا ہے، تو عورت یا اس کے والدین کی رضامندی کے بغیر وہ اُسے اپنے گھر لاسکتا ہے، اور اگر مہرِ معجّل ادا نہیں کیا ہے، تو جب تک ادا نہ کردے، اس وقت تک عورت کو اختیار رہے کہ وہ آنے سے انکار کردے [1]،

اور اگر عرف یہ ہو کہ کل مہر، مہرِ مؤجل ہوتا ہے، جو موت یا طلاق ہی کے وقت مانگا جاتا ہے، جیسا کہ بکثرت اس کا وقوع ہے، تو پھر عورت کو شوہر کے گھر جانے سے انکار کا کوئی حق نہیں، مسافتِ قصر سے کم مسافت میں شوہر جہاں چاہے اس کو لے جاسکتا ہے، اور جبراً اپنے گھر پر بھی لاسکتا ہے۔ [2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ولها منعه من الوطء) ودواعيه . شرح مجمع . (والسفر بها ولو بعد وطء وخلوة رضيتهما) ..... (لأخذ ما بين تعجيله) من المهر كله أو بعضه (أو) أخذ (قدر ما يعجل لمثلها عرفًا) . به يفتى . لان المعروف كالمشروط . (إن لم يؤجل) أو يعجل (كله) . التنوير وشرحه . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله : قوله : (والسفر) الأولى التعبير بالإخراج كما عبر في الكنز ليعم الإخراج من بيتها كما قاله شارحوه .... قوله : (لأخذ ما بين تعجيله) علّة لقوله : " ولها منعه " أو غاية له ، واللام بمعنى إلى .... قوله : (أو أخذ قدر ما يعجل لمثلها عرفًا) أي إن لم يبين تعجيله أو تعجيل بعضه فلها المنع لأخذ ما يعجل لها منه عرفًا .

(۲۱۶/۴ ، كتاب النكاح ، مطلب في منع الزوجة نفسها لقبض المهر ، ديوبند)

(۲) ما في " رد المحتار " : (وفي الصيرفية) الفتوى على اعتبار عرف بلدهما من غير اعتبار الثلث أو النصف ، (وفي الخانية) : يعتبر التعارف لأن الثابت عرفًا كالثابت شرطًا .(۲۱۶/۴)

ما في " شرح عقود رسم المفتي " : والعرف في الشرع له اعتبار ☆ لذا عليه الحكم=

بیوی سے دوری کتنے عرصے تک؟

مسئلہ (۱۸۰): شوہر اپنی بیوی سے کتنے عرصہ تک دور رہ سکتا ہے؟ اس سلسلے میں سب کے لیے ایک ہی مدت متعین کرنا درست نہیں ہے، کیوں کہ صحت، قوت، شہوت اور صبر وتحمل کے اعتبار سے عورتوں کے حالات مختلف ہوتے ہیں، تاہم! چار ماہ سے زائد بیوی کی رضا مندی واجازت کے بغیر اس سے جدا نہ رہے۔ (۱)

= قد يدار . (ص/۱۷۵)

ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : الثابت بالعرف كالثابت بالنصّ .

(ص/۱۵۴ ، القاعدة :۱۰۷)

(امداد الاحکام:۳/۳۸۰، کتاب النکاح، شوہر اپنی بیوی کو والدین کے گھر سے جبراً لا سکتا ہے)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ولا يبلغ مدة الإيلاء إلا برضاها ، وهو أربعة أشهر يفيد أن المراد إيلاء الحرة، ويؤيد ذلک أن عمر رضي الله تعالى عنه سمع في الليل امرأة .... فسأل بنته حفصة : كم تصبر المرأة عن الرجل ؟ فقالت : أربعة أشهر ، فأمر أمراء الأجناد أن لا يتخلف المتزوج عن أهله أكثر منها .

(۳۸۴/۴ ، كتاب النكاح ، باب القسم ، دار الكتاب ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لكن الكمال بن الهمام عقب على ذلک بقوله : لو أراد أن يدور سنة سنة ما يظن إطلاق ذلک له ، بل ينبغي أن لا يطلق له مقدار مدة الإيلاء ، وهو أربعة أشهر، وإذا كان وجوبه للتأنيس ودفع الوحشة ، وجب أن تعتبر المدة القريبة وأظن أكثر من جمعة مضارة إلا أن ترضيا به . (۱۹۵/۳۳ ، قسم بين الزوجات ، مدة القسم)

ما في " النهر الفائق " : ويجب أن لا يبلغ به مدة الإيلاء إلا برضاها . (۲۹۴/۲ ، كتاب النكاح ، باب القسم ، دار الإيمان سهارنفور ، البحر الرائق : ۳۸۲/۳ ، كتاب النكاح ، باب القسم ، فتح القدير : ۴۱۳/۳ ، كتاب النكاح) (فتاوی محمودیہ:۱۸/۵۷۴،کراچی)

دولہا دولہن کو کرسی پر بٹھانا

مسئلہ (۱۸۱): بہت سے مقامات پر یہ رَواج ہے کہ عقدِ نکاح کے وقت دولہا دولہن کو کرسیوں پر بٹھایا جاتا ہے، یہ مزاجِ شریعت اور اصولِ اسلامی کے بالکل خلاف اور غیروں کی تہذیب ہے، اور اسلام نے ہمیں غیروں کی تہذیب اختیار کرنے سے منع کیا ہے، لہٰذا اس سے احتراز لازم وضروری ہے۔ (۱)

سہرا باندھنا

مسئلہ (۱۸۲): آج کل لوگ دولہے کو سہرا باندھتے ہیں، حالانکہ یہ ہندوانہ رسم ہے، جس کی اتباع وتقلید سے ہمیں منع کیا گیا ہے، لہٰذا اس کا ترک واجب ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تركنوآ إلى الذين ظلموا فتمسّكم النار﴾ .

(سورة هود :۱۱۳)

ما في " التفسير المظهري " : قال ابن عباس : أي لا تميلوا ، الركون المحبة والميل بالقلب، وقال أبوالعالية : لا ترضوا بأعمالهم ، وقال عكرمة : لا تطيعوهم ، قال البيضاوي : لا تميلوا إليهم أدنى ميل فإن الركون هو الميل اليسير كالتزين بزيهم وتعظيم ذكرهم . (۴/۴۲۰)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قال قتادة : معناه لا تؤدوهم ولا تطيعوهم ، وقال ابن جريج : لا تميلوا إليهم ، وقال أبو العالية : لا ترضوا بأعمالهم . (۹/۱۰۸)

ما في " صحيح البخاري " : " أبغض الناس إلى الله ثلاثة : ملحد في الحرم ، ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ، ومطلب دم امرئ مسلم بغير حق ليهريق دمه " . (۲/۱۰۱۶)

ما في " فتح الباري " : قوله : (ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية) قيل : المراد من يريد بقاء سيرة الجاهلية أو إشاعتها أو تنفيذها . (۱۲/۲۶۲، رقم :۶۸۸۲)=

کتاب الطلاق

☆......طلاق کے مسائل......☆

طلاق خالص شوہر کا حق ہے

مسئلہ (۱۸۳): شرعاً طلاق کا وقوع یونین کونسل کو اطلاع دینے یا اس کی اجازت پر موقوف نہیں، بلکہ یہ خالص شوہر کا حق ہے [۱]، وہ جب بھی اپنی بیوی کو طلاق دیدے، طلاق واقع ہوگی، اور اسی تاریخ سے عدت بھی شروع ہوجائے گی [۲]، لہٰذا اگر طلاق دینے کی تاریخ سے عورت کو تین حیض آ گئے ہوں، تو وہ دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے، اس کو نکاح سے روکنا شرعاً درست نہیں ہوگا۔ [۳]

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تركنوآ إلى الذين ظلموا فتمسّكم النار﴾ .

(سورة هود :۱۱۳)

ما في " صحيح البخاري " : " أبغض الناس إلى الله ثلاثة : ملحد في الحرم ، ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ، ومطلب دم امرئ مسلم بغير حق ليهريق دمه " . (۱۰۱۶/۲)

ما في " فتح الباري " : قوله : (ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية) قيل : المراد من يريد بقاء سيرة الجاهلية أو إشاعتها أو تنفيذها . (۲۶۲/۱۲، رقم :۶۸۸۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن ابن ماجة " :عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال : أتى النبي ﷺ رجل فقال : يا رسول الله ! إن سيدي زوجني أمته ، وهو يريد أن يفرق بيني وبينها ، قال : فصعد النبي ﷺ المنبر فقال : " يا أيها الناس ! ما بال أحدكم يزوّج عبده أمته ثم يريد أن يفرق=

....

= بينهما ، إنما الطلاق لمن أخذ بالساق ".
(۱/ ۱۵۱ ، باب طلاق العبد ، مکتبه بلال دیوبند ، فتح القدير لإبن الهمام :۳/۴۷٦ ، كتاب الطلاق ، فصل ويقع طلاق كل زوج الخ ، دار الكتب العلمية بيروت)
ما في " شروح ابن ماجة " : قوله : (إنما الطلاق لمن أخذ بالساق) كناية عن الجماع أي إنما يملك الطلاق من يملك الجماع .... فليس للسيد جبر على عبده إذا أنكح أمته " انجاح " . (۱/ ۸۱۵ ، كتاب الطلاق ، باب طلاق العبد ، رقم الحديث : ۲۰۸۱)
(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والمطلّقٰت يتربّصن بأنفسهنّ ثلٰثة قروء﴾ . [سورة البقرة :۲۲۸] وقوله تعالى : ﴿وإذا طلّقتم النسآء فبلغن أجلهنّ فلا تعضلوهنّ أن ينكحن أزواجهنّ إذا تراضهوا بينهم بالمعروف﴾ . (سورة البقرة :۲۳۲)
ما في " البحر الرائق " : (ومبدأ العدة بعد الطلاق والموت) يعنى إبتداء عدة الطلاق من وقته وإبتداء عدة الوفاة من وقتها .... لأن سبب وجوبها الطلاق أو الوفاة فيعتبر إبتداء ها من وقت وجود السبب . كذا في الهداية . (۲۴۳/۴ ، باب العدة)
ما في " الفتاوى الهندية " : وإبتداء العدة فى الطلاق عقيب الطلاق وفى الوفاة عقيب الوفاة . كذا في الهداية . (۱/ ۵۳۱ ، الباب الثالث عشر فى العدة)
ما في " الدر المختار مع الشامية " : ومبدأ العدة بعد الطلاق وبعد الموت على الفور . (۲۰۲/۵ ، باب العدة ، الهداية : ۴۲۵/۲ ، باب العدة ، شرح الوقاية :۱۵۰/۲ ، باب العدة، عمدة الرعاية على شرح الوقاية : ۱۵۰/۲)
ما في " الفتاوى الهندية " : إذا طلّق الرجل امرأته طلاقاً بائناً أو رجعياً أو ثلاثاً أو وقعت الفرقة بينهما بغير طلاق ، وهي حرة ممن تحيض ، فعدتها ثلاثة أقراء ، سواء كانت الحرة مسلمة أو كتابية . (۱/ ۵۲٦ ، كتاب الطلاق ، الباب الثالث عشر في العدة)
ما في " تبيين الحقائق " : قال رحمه الله : (عدة الحرة الطلاق أو الفسخ ثلاثة أقراء أي حيض) أي إذا طلقت الحرة، أو وقعت الفرقة بينهما بغير طلاق ، فعدتها ثلٰثة قروء ، إن كانت من ذوات الحيض ، لقوله تعالى : ﴿والملطلقٰت يتربصن بأنفسهن ثلاثة قروء﴾ . (۲۴۸/۳ ، باب العدة ، الدر المختار مع الشامية :۱۴۴/۵ ، ۱۴۵ ،كتاب الطلاق ، باب العدة)=

لفظ ''ڈائی ورس'' (Divorce) سے طلاق

مسئلہ (۱۸۴): اگر لفظ ''ڈائی ورس'' (Divorce) کسی علاقہ کی زبان میں طلاق ہی کے لیے مستعمل ہے، تو اگر چہ یہ لفظ عربی کا نہیں ہے، انگریزی کا ہے، مگر جب وہ طلاق ہی کے لیے مستعمل ہے، تو وہ صریح ہے، اور اس سے بلانیت طلاق واقع ہوجائے گی، ایک مرتبہ کہنے سے ایک طلاق رجعی، دومرتبہ کہنے سے دوطلاق رجعی، اور تین مرتبہ کہنے سے تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی، اورعورت مغلظہ بائنہ ہوجائے گی، اور اگر یہ لفظ طلاق کے علاوہ کسی اور معنیٰ میں بھی مستعمل ہے، تو اس سے طلاق کے واقع ہونے کے لیے نیت کا ہونا ضروری ہے، طلاق کی نیت ہوگی تو ایک طلاق بائن واقع ہوگی، اور اگر تین طلاقوں کی نیت کرے گا، تو تینوں واقع ہوجائیں گی۔

لفظ ''ڈائی ورس'' اصل میں کنایہ ہے، طلاق کے لیے موضوع نہیں ہے، لیکن اگر طلاق میں غلبۂ استعمال سے صریح کے حکم میں ہوجائے، تو نیت کا محتاج نہیں ہے، بلا نیت، طلاقِ بائن واقع ہوجائیگی، اگر بائن متعارف ہو، جس طرح لفظ ''فارغ خطی''

=(۳) ما في '' القرآن الکریم '' : ﴿فإذا بلغن أجلهنّ فلا جناح علیکم فیما فعلن في أنفسهنّ بالمعروف ، والله بما تعملون خبیر﴾ . (سورة البقرة : ۲۳۴)

ما في '' أحکام القرآن لإبن العربي '' :﴿فإذا بلغن أجلهنّ﴾ یعنی انقضت العدة فلا جناح علیکم فیما فعلن في أنفسهنّ ، هذا خطاب للأولیاء ، وبیان أن الحق فی التزویج لهن فیما فعلن في أنفسهن بالمعروف أي من جائز شرعاً یرید من اختیار أعیان الأزواج . (۱/۲۱۲)

(فتاوی مفتی محمود:۶/۷۹،۸۰)

میں متعارف ہے، ورنہ طلاقِ رجعی واقع ہوگی، جیسے لفظ ''چھوڑ دی'' میں رجعی متعارف ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : (صريحة ما لم يستعمل إلا فيه) ولو بالفارسية . قوله : (ما لم يستعمل إلا فيه) فما لا يستعمل فيها إلا في الطلاق ، فهو صريح يقع بلا نية ، وما لا استعمل فيها استعمال الطلاق وغيره ، فحكمه حكم كنايات العربية في جميع الأحكام . " بحر " .... كناية عند الفقهاء (ما لم يوضع له) أي الطلاق (واحتمله وغيره) والكنايات (لا تطلق بها) قضاء (إلا بنية الحال) وهي حالة مذاكرة الطلاق أو الغضب .

(۲۱۸/۱ ، باب الصريح ، ۲۲۴/۱ ، باب الكنايات)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا قال الرجل لإمرأته : أنت طالق ولا يعلم معنى قوله : أنت طالق ، فإنه يقع الطلاق ، وإذا قال لإمرأته : أنت طالق ، ولا يعلم أن هذا القول طلاق ، طلقت في القضاء . (۳۵۳/۱ ، فصل فيمن يقع طلاقه وفيمن لا يقع طلاقه)

(**صريح**): ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : هو اللفظ الذي ظهر المراد منه وغلب استعماله عرفاً في الطلاق، كألفاظ المشتقة من كلمة (الطلاق) مثل : أنت طالق ومطلقة ، .... لأنه وإن كان في الأصل كناية ، فقد غلب استعماله بين الناس في الطلاق ، فصار من الألفاظ الصريحة فيه ، هذا مذهب الحنفية . (۶۸۹۷/۹)

(**كنايه**): وفيه أيضًا : هو كل لفظ يحتمل الطلاق وغيره ، ولم يتعارفه الناس في إرادة الطلاق مثل قول الرجل لزوجته : الحقي بأهلک ، إذهبي ، أخرجي ، أنت بائن ، اعتدّي ، ونحوها من الألفاظ التي لم توضع للطلاق ، وإنما يفهم الطلاق منها بالقرينة ، أو دلالة الحال ، وهي حالة مذاكرة الطلاق أو الغضب . (۶۸۹۹/۹)

(**صريح**): ما في " البناية شرح الهداية " : فالصريح قوله : أنت طالق ومطلقة وطلقتک ، فهذا يقع به الطلاق الرجعي ، لأن هذا الألفاظ تستعمل في الطلاق ، ولا تستعمل في غيره فكان صريحاً ، وانه يعقب الرجعة بالنص ، ولا يفتقر إلى النية ، لأنه صريح فيه لغلبة الاستعمال . (۳۳/۵ ، باب إيقاع الطلاق)=

ایک مجلس کی تین طلاق

مسئلہ (۱۸۵): ایک مجلس میں دی گئیں تین طلاقیں تین ہی واقع ہوتی ہیں، وہ حضرات جو تین طلاق کو ایک ہی شمار کرتے ہیں، ان کا نظریہ سراسر غلط، گمراہ کن اور قرآن وحدیث، اجماعِ صحابہ، فقہاء، مشائخ اور ائمہ مسلمین، نیز سعودی عرب کے جید علماء کی نامزد ومنتخب تحقیقاتی کمیٹی کے متفقہ فیصلہ کے خلاف ہے۔

تین طلاق کا ثبوت قرآنِ کریم سے: ﴿الطّلاق مرّتٰن﴾ . ﴿فإن طلّقها فلا تحلُّ له من بعد حتّى تنكح زوجاً غيره﴾ .

مفسرینِ عظام اس آیت کا شانِ نزول یہ بیان کرتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں لوگوں کی یہ عادت تھی کہ بے حساب واَن گنت طلاقیں دیا کرتے تھے، اور کوئی یہ کرتا کہ طلاق دیتا اور جب عدت ختم ہونے کا وقت قریب آتا، تو ایذا رسانی کی نیت سے رجعت کرلیتا، پھر طلاق دیتا پھر رجعت کرتا، اس لیے اللہ تعالیٰ نے آیتِ کریمہ: ﴿الطلاق مرّتان﴾ نازل فرمائی، "مرتان" یہاں " اثنتان " کے معنی میں ہے، اسی کو علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے نظمِ قرآن سے زیادہ مناسب اور سببِ نزول سے خوب چسپاں بتایا ہے، یعنی طلاقِ رجعی دو ہیں، اس کے بعد رجعت کا حق نہیں، نیز اس آیت کا مقصد

=(**کنایہ**): وفيه أيضًا : .... وهو الكنايات لا يقع بها الطلاق إلا بالنية أو بدلالة الحال ، لأنها غير موضوعة للطلاق ، بل تحتمله وغيره فلا بد من التعيين أو دلالته .

(۵/۱۰۵ ، باب الطلاق بلفظ الكناية)

ما في " قواعد الفقه " : الأصل للحالة من الدلالة كما للمقالة . (ص/۱۳ ، رقم الأصول : ۷)

(جامع الفتاویٰ:۱۰/ ۱۶۹،۱۷۰)

طلاقِ رجعی کی حد اور طلاقوں کی انتہائی تعداد بیان کرنا ہے، قطعِ نظر اس کے کہ یہ طلاق بلفظ واحد دی گئی ہو یا بالفاظِ مکررہ، ایک مجلس میں دی گئی ہو، یا مختلف مجلسوں میں، دو طلاقیں دی ہے تو دو ہی واقع ہوں گی، اسی طرح تین دی ہے تو تین ہی واقع ہوں گی۔ (۱)

تین طلاق کا ثبوت احادیث نبوی ﷺ سے: محمود بن لبید سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کو خبر دی گئی کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک ساتھ تین طلاقیں دیدی، تو آپ ﷺ غضبناک ہوئے اور ارشاد فرمایا: ''کیا کتاب اللہ کے ساتھ کھلواڑ کیا جارہا ہے؟ حالانکہ میں تمہارے درمیان موجود ہوں''، آپ ﷺ کا یہ غصہ دیکھ کر ایک صحابی کھڑے ہوگئے، اور عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اسے قتل نہ کردوں؟ (۲)

حدیث مذکور سے ثابت ہوتا ہے کہ ایک ساتھ دی جانے والی تینوں طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں، اگر واقع نہ ہوتیں، تو آپ ﷺ غضبناک نہ ہوتے، اور فرمادیتے کوئی حرج نہیں، رجوع کرلو۔

حضرت عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ کو حضور ﷺ کے سامنے تین طلاقیں دیدی، اور آپ ﷺ نے ان کو نافذ کردیا، یعنی تین کو ایک نہیں قرار دیا۔ (۳)

عامر شعبی کہتے ہیں کہ میں نے فاطمہ بنت قیس سے کہا کہ آپ اپنی طلاق کا قصہ بیان کیجئے، تو انہوں نے کہا: میرے شوہر یمن گئے ہوئے تھے، انہوں نے وہیں سے مجھے تین طلاقیں دیدیں، اور آپ ﷺ نے ان تینوں طلاقوں کے واقع ہوجانے کا فتویٰ صادر فرمایا۔ (۴)

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے آثار و فتاویٰ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایسا

شخص لایا جاتا، جس نے اپنی بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاقیں دی ہوتی، تو آپ اس کو سزا دیتے، اور دونوں میں تفریق کر دیتے۔ (۵)

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کا فتویٰ: معاویہ ابن یحی فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا اور کہا: میں نے اپنی بیوی کو ہزار طلاقیں دیدی ہے، تو آپ نے جواب دیا: تیری بیوی تجھ سے تین طلاقوں سے جدا ہوگئی۔ (۶)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اثر وفتویٰ: حضرت حبیب ابن ثابت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس ایک شخص آیا اور کہا: میں نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دیدی ہے، تو آپ نے فرمایا: تین طلاقوں سے عورت تجھ سے بائنہ ہوگئی۔ (۷)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا اثر وفتویٰ: ایک شخص نے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا: ایک آدمی نے اپنی بیوی کو سو (۱۰۰) طلاقیں دیدی ہے، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ان میں سے تین معتبر ہیں، اور بقیہ ستانوے (۹۷) غیر معتبر۔ (۸)

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کا فتویٰ: حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے جب کسی ایسے شخص کے متعلق سوال کیا جاتا، جس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدی ہو، تو آپ جواب دیا کرتے: اگر ایک بار یا دو بار طلاق دی ہوتی تو رجعت کرسکتا تھا، اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ کو اسی کا حکم دیا تھا، لیکن

اگر تین طلاقیں دی ہے، تو وہ حرام ہوگئی، جب تک دوسرے مرد سے نکاح نہ کرلے۔ (۹)

اجماع صحابہ، فقہاء، مشائخ اور ائمۂ مسلمین سے تین طلاق کا ثبوت:

علامہ شامی رحمہ اللہ طلاقِ بدعی کے الفاظ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ایک کلمہ میں دی گئی تین طلاقیں تین ہی واقع ہوں گی، اور یہ مذہب جمہور صحابہ، تابعین اور ان کے بعد تمام ائمۂ مسلمین کا ہے، اور یہی بات فتح القدیر اور دیگر کتبِ فقہیہ میں مذکور ہے۔ (۱۰)

سعودی عرب کے جید علماء کی نامزد و منتخب تحقیقاتی کمیٹی کا متفقہ فیصلہ:

''مجلس هيئة كبار العلماء'' کے سامنے '' الطلاق الثلاث بلفظ واحد'' یعنی ایک لفظ سے تین طلاق کا مسئلہ پیش ہوا، اس مسئلے کے متعلق مجلس کا ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایک ساتھ دی جانے والی تین طلاقوں کے؛ تین واقع ہونے، یا صرف ایک واقع ہونے کے دلائل پیش کیے گئے، پھر ان کا تجزیہ ومناقشہ کیا گیا، مسلسل چھ ماہ انتہائی محنت اور سیر حاصل بحث کرنے کے بعد کمیٹی کی اکثریت نے واضح الفاظ میں فیصلہ کردیا کہ ''ایک لفظ سے دی گئی تین طلاقیں بھی تین ہی ہیں۔'' (۱۱)

الحجة على ما قلنا :

(ا) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿الطلاق مرّتٰن﴾ . (سورة البقرة : ۲۲۹)

ما في '' روح المعاني '' : عن عروة قال : كان الرجل إذا طلق امرأته ثم ارتجعها قبل أن تقضي عدتها كان ذلک له ، وإن طلقها ألف مرة ، فعمد رجل إلى امرأته فطلقها حتى إذا ما شارفت انقضاء عدتها ارتجعها ثم طلقها ، ثم قال : والله لا آويک إليّ ولا تخلينّ أبداً ، فأنزل الله تعالى الآية . (۲/۲۰۴)

ما في '' أحكام القرآن للجصاص '' : روي عن ابن عباس وغيره أنهم كانوا يطلقون =

....

=ما شاء وا من العدد ثم يراجعون ، فقصروا على الثلاث ونسخ به ما زاد ، ففي هذه الآية دلالة على حكم العدد المسنون من الطلاق . (۱/۴۵۹)

ما في " روح المعاني " : يدل على أن معنى (مرتان) اثنتان ...... ولعله أليق بالنظم ، ...... وأوفق بسبب النزول . (۲/۴۰۲)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ﴿الطلاق مرتان﴾ منتظم لجميع الطلاق المسنون ، فلا يبقى شيء من مسنون الطلاق إلا وقد انطوى تحت هذا اللفظ ، فإذا ما خرج عنه فهو على خلاف السنة، فثبت بذلک أن من جمع اثنتين أو ثلاثاً في كلمة فهو مطلق لغير السنة . (۱/۴۵۹)

ما في " التفسير المظهري " :﴿فإن طلقها فلا تحل له من بعد﴾ لأن قوله تعالى : ﴿الطلاق﴾ على هذا التأويل يشتمل الطلقات الثلاث أيضاً ، وعلى كلا التأويلين يظهر أن جمع التطليقتين ، أو ثلاث تطليقات بلفظ واحد ، أو بألفاظ مختلفة في طهر واحد حرام بدعة مؤثم، خلافاً للشافعي ، فإنه يقول : لا بأس به ، لكنهم أجمعوا على أنه من قال لإمرأته : أنت طالق ثلاثاً ، يقع ثلاثاً بالإجماع . (۱/۳۳۴)

(۲) ما في " السنن للنسائي " : عن محمود بن لبيد قال : أخبر رسول الله ﷺ عن رجل طلق امرأته ثلاث تطليقات جميعاً ، فقام غضباناً ثم قال : " أيلعب بكتاب الله وأنا بين أظهركم " . حتى قام رجل وقال : يا رسول الله ! ألا أقتله؟ (۲/۸۲ ، كتاب الطلاق)

(۳) ما في " السنن لأبي داود " : عن ابن شهاب ، عن سهل بن سعد في هذا الخبر قال : "فطلقها ثلاث تطليقاتٍ عند رسول الله ﷺ فأنفذه رسول الله " . (ص/۳۰۶)

(۴) ما في" السنن لإبن ماجة " : عن عامر الشعبي قال : قلت لفاطمة بنت قيس : " حدثيني عن طلاقک ، قالت : طلقني زوجي ثلاثاً ، وهو خارج إلى اليمن ، فأجاز ذلک رسول الله ﷺ " . (ص/۱۴۵)

(۵) ما في " المصنف لإبن أبي شيبة " : عن أنس : " كان عمر إذا أتي برجل قد طلّق امرأته ثلاثاً في مجلس، أوجعه ضرباً وفرّق بينهما " . (۹/۵۱۹ ، من كره أن يطلق الرجل امرأته ثلاثاً)

(۶) ما في " هامش مصنف عبد الرزاق " : عن معاوية بن يحي قال : جاء رجل إلى عثمان بن عفان ، فقال : طلقت امرأتي ألفاً ، فقال : " بانت منک بثلاث " .(۶/۳۹۴ ، باب المطلق ثلاثا)=

....

=(۷) ما في " المصنف لإبن أبي شيبة " : عن حبيب ، عن رجل من أهل مكة قال : جاء رجل إلى علي فقال : إني طلقت امرأتي ألفاً ، قال : " الثلاث تحرمها عليک ، واقسم سائرهنّ بين أهلک " . (۵۲۳/۹)

(۸) ما في " المصنف لعبد الرزاق " : أن رجلاً قال لإبن عباس : رجل طلّق امرأته مأة ، فقال ابن عباس : " يأخذ من ذلک ثلاثاً ، ويدع سبعاً وتسعين " . (۳۹۶/۶ ، باب المطلق ثلاثاً)

(۹) ما في " صحيح البخاري " : عن نافع : كان ابن عمر إذا سئل عمن طلق ثلاثاً ، قال : " لو طلقت مرة أو مرتين ، فإن النبي ﷺ أمرني بهذا (المراجعة) ، فإن طلّقها ثلاثاً حرمت ، حتى تنكح زوجاً غيره " . (۷۹۲/۲ ، كتاب الطلاق)

(۱۰) ما في " رد المحتار " : (والبدعي ثلاث متفرقة) ، وكذا بكلمة واحدة بالأولى .... قال : إن الناس قد استعجلوا في أمر كان أناة ، فلو أمضيناه عليهم ، فأمضاه عليهم ، وذهب جمهور الصحابة والتابعين ، ومن بعدهم من أئمة المسلمين إلى أنه يقع ثلاث .

(۳۲۰/۴ ، كتاب الطلاق ، كذا في فتح القدير : ۴۵۱/۳، كتاب الطلاق)

ما في " بدائع الصنائع " : أما الألفاظ التي يقع بها طلاق البدعة فنحو أن يقول : أنت طالق طلاق الشيطان ، فإن نوى ثلاثاً فهو ثلاث....... أما حكم طلاق البدعة فهو أنه وقع عند عامة العلماء . (۱۵۳/۳ ، كتاب الطلاق ، حكم طلاق البدعة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : البدعي أن يطلّقها مرتين أو ثلاثاً في طهر واحد معاً أو متفرقاً . (۳۴/۲۹)

وفيه أيضاً : اتفق جمهور الفقهاء على وقوع الطلاق البدعي ، مع اتفاقهم على وقوع الإثم فيه على المطلق لمخالفته السنة المتقدمة . (۳۵/۲۹ ، طلاق)

(۱۱) ما في " مجلة بحوث الإسلامية " : بعد الإطلاع على البحث المقدم من الأمانة العامة لهيئة كبار العلماء، والمعدّ من قبل اللجنة الدائمة للبحوث والإفتاء في موضوع : " الطلاق الثلاث بلفظ واحد " وبعد دراسة المسألة وتداول الرأي واستعراض الأقوال التي قبلت فيها، ومناقشة ما على كل قول من إيراد توصل المجلس بأكثريته إلى اختيار القول بوقوع الطلاق الثلاث بلفظ واحد ثلاثا . (بحوالہ خیر الفتاوی:۶۴۹/۵)

قوتِ تولید کے ختم ہونے پر فسخِ نکاح

مسئلہ (۱۸۶): اگر کسی شخص نے نس بندی کرالی، جس کی وجہ سے اس کی قوتِ تولید ختم ہوگئی، مگر وہ جماع پر قادر ہے، تو اس صورت میں عورت کو فسخ نکاح کے مطالبہ کا حق حاصل نہیں ہوگا، فتاویٰ عالمگیری میں ہے: ''اگر مرد کا پانی (منی) نہ ہو، وہ جماع کرتا ہومگر انزال نہ ہوتا ہو، تو عورت کو خصومت کا حق حاصل نہیں ہے۔''(۱)

فسخ نکاح کی ایک صورت

مسئلہ (۱۸۷): کسی خاتون کا شوہر بیرون ملک چلا جائے، ایک طویل عرصے تک اس کا کوئی پتہ نہ چلے کہ آیا وہ زندہ ہے یا مردہ، نہ خط سے، نہ کسی اور ذریعے سے، اور عورت کے گھر والے یہ سوچ کر کہ شوہر کا انتقال ہوگیا، اس عورت کا دوسری جگہ نکاح کردے، تو محض عورت، یا اس کے گھر والوں کے یہ سوچ لینے سے کہ: ''پہلا شوہر مرگیا ہوگا''، اُس شخص کی موت ثابت نہیں ہوگی، اور یہ عورت بدستور اپنے پہلے شوہر کے نکاح میں ہی رہے گی، دوسرا نکاح ناجائز ہوگا، اس کے باوجود اگر دوسرا نکاح کردیا گیا، تو مرد وعورت دونوں کو فوراً علیحدگی اختیار کرلینی چاہیے۔

اگر عورت شوہرِ اول سے نکاح کو فسخ کرانا چاہتی ہے، تو اس پر لازم ہے کہ وہ عدالت میں اس بات کو ثابت کرے کہ اس کا نکاح فلاں شخص سے ہوا تھا، پھر گواہوں کے ذریعے سے شوہر کا مفقود الخبر اور لاپتہ ہونا ثابت کرے، بعد ازاں خود قاضی بھی اپنے

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' الفتاوی الهندیة '': لو لم یکن له ماء ویجامع فلا ینزل لا یکون لها حق الخصومة. (۱/ ۵۲۵) (فتاوی رحیمیه: ۳۸۱/۸، فتاوی حقانیه: ۵۳۲/۴)

ذرائع سے مفقود کی پوری تفتیش وتلاش کروائے، جب مایوسی ہو جائے، تو قاضی زوجۂ مفقود الخبر کو مزید چار سال تک انتظار کا حکم دے، اور یہ چار سال کی مدت قاضی کے یہاں مُرافعہ اور اس کی جستجو ویاس کے بعد شروع ہوگی، پھر جب چار سال کی مدت ختم ہو جائے اور اس کے اندر بھی مفقود الخبر کا پتہ نہ چلے، تو زوجۂ مفقود الخبر دوبارہ درخواست دے کر قاضی سے مفقود الخبر کی موت کا حکم حاصل کرے، اور قاضی زوجۂ مفقود الخبر کے لیے یہ فیصلہ دے کہ اب اس کو چار ماہ دس دن عدتِ وفات گذار کر، دوسرے مرد سے نکاح کر لینے کا حق ہے، اور وہ اپنے نفس کی مجاز ہے۔ یہ چار سال کی تاجیل اس شرط کے ساتھ مشروط ہے کہ اِس چار سال کی مدت کے اندر اس کو برابر نفقہ ملتا رہے، ورنہ بلا تاجیل عورت کو مطالبۂ تطلیق کا حق ہے، لہٰذا قاضی کو یہ دیکھنا چاہیے کہ عورت نے اپنے استغاثہ میں علیحدگی اور فسخ نکاح کے لیے عدمِ نفقہ کا ذکر کیا ہے یا نہیں؟ اگر عدمِ نفقہ کا ذکر کیا ہے تو اسی کے لحاظ سے فیصلہ کرنا چاہیے، یعنی تفریق کر دینی چاہیے۔

نیز زوجۂ مفقود الخبر کے لیے چار سال انتظار کا حکم اُس صورت میں ہے جب کہ وہ اتنی مدت تک صبر وتحمل اور عفت سے گذار سکے، لیکن اگر صورتِ حال ایسی نہ ہو، اور عورت اپنے ابتلائے معصیت کا اندیشہ ظاہر کرے، تو قاضی ایک سال کے بعد تفریق کا فیصلہ کر دیگا۔ (۱)

نوٹ:- زوجۂ مفقود الخبر سے متعلق یہ پورا مسئلہ ''مسلکِ مالکیہ'' کے اعتبار سے ہے، اس لیے اس میں اُس مسلک کی جو بھی شرطیں ہیں اُن سب کی پوری رعایت کی جائیگی، جیسا کہ علامہ شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

” وانه يجوز العمل بما يخالف ما عمله على مذهبه مقلدا فيه غير إمامه مستجمعا شروطه “ . (شامية : ١ / ١٨٩ ، مقدمة ، من موقع المكتبة الشاملة)
(کتاب الفسخ والتفریق:ص/۴۳-۵۱)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في ” اعلاء السنن “ : قال الموفق في المغني : فإن غاب عن زوجته سنين فبلغتها وفاته فاعتدت ونكحت نكاحاً صحيحاً في الظاهر ودخل بها الثاني وأولدها أولادا ثم قدم الأول فسخ نكاح الثاني وردت إلى الأول ، وتعتد من الثاني . (١٣ / ٦٧)

ما في ” رد المحتار “ : (واختار الزيلعي تفويضه للإمام) قال في الفتح : فأي وقت رأي المصلحة حكم بموته .... ومقتضاه أنه يجتهد ويحكم القرائن الظاهر الدالة على موته ، وعلى هذا يبتني على ما في جامع الفتاوى حيث قال : وإذا فقد في المهلكة فموته غالب فيحكم به ، كما إذا فقد في وقت الملاقاة مع العدو أو مع قطاع الطريق ، أو سافر على المرض الغالب هلاكه ، أو كان سفره في البحر ، وما أشبه ذلك حكم بموته ، لأنه الغالب في هذه الاحتمالات وإن كان بين احتمالين موته ناشئ عن دليل لا احتمال حياته ، لأن هذا الاحتمال كاحتمال ما إذا بلغ المفقود مقدار ما لا يعيش على حسب ما اختلفوا في مقدار الفتاوى ، لكن لا يخفى أنه لا بد من مضى مدة طويلة ، حتى يغلب على الظن موته ، لا بمجرد فقده عند ملاقاة العدو أو سفر البحر ونحوه . (٦ / ٣٥٩)

ما في ” الفتاوى التاتارخانية “ : وفي المختصر : بعد أربع سنين يفرق القاضي بينهما عنده ، وفي الكافي : إذ طلبت ذلك فحينئذ تعتد أربعة أشهر وعشرة أيام ، ثم تتزوج من شاء ت ، فإن عاد زوجها بعد مضي المدة فهو أحق بها .

(٤/٣٢٤ ، الموسوعة الفقهية : ٣٨/ ٢٧٩ ، كتاب المبسوط : ١١ / ٤٠)
(الحیلۃ الناجزۃ:ص/۱۱۴،کتاب الفتاوی:۵/۱۸۳،فتاوی محمودیہ:۱۳/۲۲۰،۲۲۱،کراچی)

شرعی کمیٹی سے فسخ نکاح

مسئلہ (۱۸۸): اگر کوئی عورت شوہر کی طرف سے عدم ادائیگیٔ حقوق کی بنا پر طلاق کا مطالبہ کرے، لیکن شوہر نہ طلاق دیتا ہو، نہ حقوق ادا کرتا ہو، اور یہ اندیشہ ہو کہ زوجین اللہ کے قائم کردہ حقوق کو پامال کریں گے، تو اس صورت میں وہ شوہر کو کچھ مال وغیرہ دے کر اُس سے خلع لے سکتی ہے [۱]، اگر شوہر خلع کے لیے بھی راضی نہ ہو، تو وہ غیر اسلامی عدالت سے طلاق نہیں لے سکتی، کیوں کہ طلاق دینا صرف مرد کا حق ہے [۲]، البتہ وہ دار القضا (اسلامی عدالت) یا شرعی کمیٹی میں اپنا مقدمہ داخل کر کے نکاح کو فسخ کرا سکتی ہے، اگر دار القضا یا شرعی کمیٹی نکاح کو فسخ کر دے، تو نکاح فسخ ہو جائے گا، اور اس کے بعد عورت عدت گزار کر دوسرا نکاح کر سکتی ہے۔ [۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فإن خفتم أن لا يقيما حدود الله ، فلا جناح عليهما فيما افتدت به﴾ . (سورة البقرة : ۲۲۹)

ما في " فتح القدير للشوكاني " : (فلا جناح عليهما فيما افتدت به) أي لا جناح على الرجل في الأخذ، وعلى المرأة في الإعطاء ، بأن تفتدي نفسها من ذلك النكاح ببذل شيء من المال يرضى به الزوج فيطلقها لأجله ، وهذا هو الخلع ، وقد ذهب الجمهور إلى جواز ذلك للزوج ، وأنه يحل له الأخذ مع ذلك الخلع ، وهو الذي صرح به القرآن . (۱/۱۹۵)

ما في " سنن أبي داود " : عن حبيبة بنت سهل الأنصارية أنها كانت تحت ثابت بن قيس بن شماس، وأن رسول الله ﷺ خرج إلى الصبح فوجد حبيبة بنت سهل عند بابه في الغلس ، فقال رسول الله ﷺ : "من هذه ؟ قالت : أنا حبيبة بنت سهل ، قال : ما شانك ؟ قالت : لا أنا ولا ثابت بن قيس لزوجها ، فلما جاء ثابت بن قيس قال له رسول الله ﷺ : هذه حبيبة=

....

= بنت سهل فذكرت ما شاء الله أن تذكر، وقالت حبيبة : يا رسول الله ! كل ما أعطاني عندي ، فقال رسول الله ﷺ لثابت بن قيس : " خذ منها " . فأخذ منها ، وجلست في أهلها" . (ص/٣٠٣ ، كتاب الطلاق ، باب في الخلع ، قديمي)

ما في " بذل المجهود " :(......خذ منها) ما أعطيتها في المهر ، وخالعها ، (فأخذ) ثابت (منها) أي من حبيبة وفارقها ، (وجلست في أهلها) .

(٢٥٥/٨ ، كتاب الطلاق ، رقم الحديث : ٢٢٢٩)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (هو .... إزالة ملك النكاح .... المتوقعة على قبولها ... بلفظ الخلع ...... أو ما فيمعناه .... ولا بأس به عند الحاجة) للشقاق بعدم الوفاق (بما يصلح المهر) ... (و) حكمه أن (الواقع به) ولو بلا مال (وبالطلاق) الصريح (على مال طلاق بائن ..... وكره) تحريماً (أخذ شيء إن نشز، وإن نشزت لا) . التنوير وشرحه . (٦٨/٥ – ٧٤ ، كتاب الطلاق ، باب الخلع)

(٢) ما في " السنن لإبن ماجة " :عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال : أتى النبي ﷺ رجل فقال : يا رسول الله ! إن سيدي زوجني أمته ، وهو يريد أن يفرق بيني وبينها ، قال : فصعد النبي ﷺ المنبر فقال : " يا أيها الناس ! ما بال أحدكم يزوّج عبده أمته ثم يريد أن يفرق بينهما ، إنما الطلاق لمن أخذ بالساق " . (١٥١/١ ، باب طلاق العبد ، مكتبه بلال ديوبند ، فتح القدير لإبن الهمام :٤٧٦/٣ ، كتاب الطلاق ، فصل ويقع طلاق كل زوج الخ)

ما في " شروح ابن ماجة " : قوله : (إنما الطلاق لمن أخذ بالساق) كناية عن الجماع أي إنما يملك الطلاق من يملك الجماع .... فليس للسيد جبر على عبده إذا أنكح أمته "انجاح" . (١٥٨١/١ ، كتاب الطلاق ، باب طلاق العبد ، رقم الحديث : ٢٠٨١)

ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : (وإذا تزوج العبد امرأة) بإذن مولاه وطلقها (وقع طلاقه ، ولا يقع طلاق مولاه على امرأته) ، لأن ملك النكاح حق العبد ، فيكون الإسقاط إليه دون المولى ، قوله : (وإذا تزوج العبد ..... لأن ملك النكاح يثبت العبد) ..... فإذا التزم حتى ثبت له الملك كان إليه دفعه لا إلى غيره . (٤٧٦/٢ ، ويقع الطلاق كل زوج)

(٣) ما في " الموسوعة الفقهية " : والتفريق في اصطلاح الفقهاء : أنها العلاقة الزوجية=

غیر مسلم جج کا فسخ نکاح

مسئلہ (۱۸۹): ازرُوئے شرع فسخ نکاح کے لیے شرعی قاضی کا ہونا ضروری ہے، لہٰذا اگر کوئی غیر مسلم جج فسخ نکاح کا فیصلہ کرے، تو وہ فیصلہ شرعاً غیر معتبر ہے، اس سے نکاح فسخ نہیں ہوگا۔(۱)

= بين الزوجين بحكم القاضي بناء على طلب أحدهما لسبب كالشقاق والضرر وعدم الإنفاق ..... أو بدون طلب من أحد حفظاً لحق الشرع ، كما إذا ارتدّ أحد الزوجين ، وما يقع بتفريق القاضي طلاق بائن في أحوال ، وفسخ في أحوال أخرى . (۶/۲۹ ، ۷ ، طلاق ، التفريق) (جدید مسائل کا حل:ص/ ۳۳۹،۳۴۰،فتاوی رحیمیہ:۸/۳۸۳،فتاوی محمودیہ:۱۳/ ۱۶۷،۱۶۸،کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وأهله (القضاء) أهل الشهادة ، وحاصله ؛ أن شروط الشهادة من الإسلام والعقل والبلوغ والحرية .... إلى قوله : ...... ومقتضاه تقليد الكافر لا يصح . (۸/۲۳ – ۲۴ ، مطلب الحكم الفعلي)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا تصح ولاية القاضي حتى يجتمع في المولى شرائط الشهادة ، من الإسلام والتكليف والحرية وكونه غير أعمى ولا محدوداً في قذف ولا أصم ولا أخرس .
(۳/۳۰۷ ، كتاب أدب القاضي ، الباب الأول في تفسير معنى الأدب)

ما في " النهر الفائق " : (أهله) أي : القضاء (لأهل الشهادة) ..... وشرط أن يكون من أهل الشهادة ، لأن كلا منهما يستمد من أمر واحد هو شروط الشهادة من الإسلام والتكليف والحرية . (۳/۵۹۹ ، كتاب القضاء)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (أهله أهل الشهادة) أي أهل القضاء .... وإنما المراد انهما يرجعان في شيء واحد ، وهو أن يكون حراً مسلماً بالغاً عاقلاً عدلاً ، وفي منحة الخالق : شروط القضاء تسع ، عليک بحفظها لتحرز سبقاً في طلابک للعلا ، بلوغ وإسلام وعقل ومنطق . (۶/۴۳۷ ، كتاب القضاء)

ما في " الحيلة الناجزة " : "اگر کسی جگہ فیصلہ کرنے والا حاکم غیر معتبر ہے اس کے حکم سے (شرعاً) فسخ=

غیر اسلامی عدالت میں فسخ نکاح

مسئلہ (۱۹۰): مسلمانوں کے لیے جائز ہی نہیں کہ وہ اپنے معاملات غیر اسلامی عدالتوں میں لے جائیں، کیوں کہ غیر مسلم قاضی (جج) کا فیصلہ مسلمانوں کے حق میں قابل قبول نہیں[۱]، لیکن چوں کہ آج کل حالات ایسے ناگفتہ بہ ہیں کہ غیر مسلم ممالک میں بکثرت مسلمان آباد ہیں، اور انہیں اپنے نجی وذاتی مسائل غیر مسلم عدالتوں میں پیش کرنا، ناگزیر ہے، غیر مسلم ممالک میں عدالت کے ذریعہ ''مسئلۂ طلاق'' کے موضوع پر، ''مجمع الفقہ الاسلامی الہند'' نے اپنے انیسویں سمینار میں کمالِ بحث ومباحثہ کے بعد ہند وبیرونِ ہند کے ممتاز علماء وفقہاء کے اتفاق سے جو قرار دادیں منظور کی وہ یہ ہیں:

۱- غیر مسلم ممالک کی عدالت کا جج اگر مسلمان ہو، اور وہ فیصلہ کرتے وقت شرعی ضوابط کوملحوظ رکھتا ہو، تو اسے مسلم حاکم کے قائم مقام تسلیم کرتے ہوئے فسخ نکاح کے سلسلے میں اس کا فیصلہ معتبر ہوگا۔[۲]

۲- جن غیر مسلم ممالک میں حکومت کی طرف سے مسلمانوں کے لیے شرعی اصولوں کے مطابق قضاء کا نظام قائم نہیں ہے، وہاں کے مسلمانوں پر واجب ہے کہ اربابِ حلّ وعقد کے مشورے سے دار القضاء، شرعی پنچایت یا ان جیسے ادارے

=وغیرہ نہیں ہوسکتا۔'' ''لأن الكافر ليس بأهل للقضاء على المسلم ، كما هو مصرح في جميع كتب الفقه ''، ''یعنی کافر مسلمان کے فیصلے کرنے کا مجاز نہیں ہے، جیسا کہ کتبِ فقہ میں وضاحت ہے۔''

(ص/۲۰، مسلمان مجسٹریٹ کا فیصلہ کرنا، مکتبہ رضي دیوبند، فتاوی رحیمیہ: ۸/ ۳۸۹)=

قائم کریں، اوراپنے نزاعات ومعاملات میں ان کی طرف رجوع کریں۔ (۳)

۳- طلاق چوں کہ ابغض المباحات ہے، اس لیے اسے اختیار کرنے سے پہلے پورے طور پر مصالحت اورنباہ کی صورت نکالنی چاہیے، اورحتی الامکان طلاق وخلع سے بچنے کی کوشش کی جانی چاہیے۔ (۴)

۴- غیر مسلم ممالک کی عدالت میں شوہر قانونی مجبوری کے تحت غیر مسلم جج کو درخواست دیتا ہے کہ میرا رشتۂ نکاح ختم کردیا جائے، اور جج تفریق کا فیصلہ کرتا ہے، تو جج کے فیصلۂ تفریق کو طلاقِ بائن مانا جائے گا، البتہ بہتر ہے کہ عدالت کے فیصلے کے بعد شوہر اپنی زبان سے بھی الفاظ کہہ دے۔ (۵)

۵- اگر غیر مسلم ممالک کی عدالت میں غیر مسلم جج کے سامنے عورت رشتۂ اِزدِواج کو ختم کرنے کے لیے درخواست دیتی ہے، اور غیر مسلم جج اس کی درخواست پر شوہر کی اجازت سے تفریق کا فیصلہ کرتا ہے تو معتبر ہے، ورنہ یہ تفریق شرعاً معتبر نہیں ہوگی، ایسی صورت میں عورت یا تو شوہر سے خلع حاصل کرے، یا دارالقضاء وشرعی پنچایت کے ذریعہ نکاح فسخ کرائے۔ (۶)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولن يجعل الله للكفرين على المؤمنين سبيلاً﴾ .

(سورة النساء : ۱۴۱)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما بيان من يصلح للقضاء فنقول : الصلاحية للقضاء لها شرائط : منها العقل ، ومنها البلوغ ، ومنها الإسلام . (۹/۸۵ ، كتاب أدب القاضي)

(۲) ما في " رد المحتار " : قوله : (ويشترط كونه مسلمًا . الخ) أي لأن الكافر لا يلي على=

خاوند کا قادیانی ہوجانا

مسئلہ (۱۹۱): اگر نکاح کے بعد خاوند قادیانی ہوگیا، تو نکاح فسخ ہوجائیگا، اس لیے کہ قادیانی کے کافر ہونے پر علماء کا اتفاق ہے۔(۱)

=المسلم . (۲/ ۲۸۰، الصلوٰة ، باب الإمامة ، مطلب شروط الإمامة الکبری ، بیروت)

(۳) ما في " رد المحتار " : وأما بلاد علیها ولاة کفار فیجوز للمسلمین إقامة الجمع والأعیاد ، ویصیر القاضي قاضیًا بتراضي المسلمین ، فیجب علیهم أن یلتمسوا والیًا مسلمًا منهم .(۸/ ۴۳ ، کتاب القضاء ، مطلب : أبو حنیفة دُعي إلی القضاء ثلاث مرّات فأبی ، بیروت)

(۴) ما في " القرآن الکریم " : ﴿وإن خفتم شقاق بینهما فابعثوا حکمًا من أهله وحکمًا من أهلها إن یریدآ إصلاحًا یُوفّق اللّٰه بینهما﴾ . (سورة النساء :۳۵)

(۵) (انیسواں فقہی سمینار، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا، تجویز نمبر:۴)

(۶) (انیسواں فقہی سمینار، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا، تجویز نمبر:۵)

ما في " الهدایة " : وإذا تشاق الزوجان وخافا أن لا یقیما حدود الله ، فلا بأس بأن تفتدی نفسها منه بمال یخلعها به. (۲/ ۴۰۴ ، باب الخلع)

(الحیلۃ الناجزۃ: ص/ ۷۶، شرعی کمیٹی کی حیثیت واختیارات)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " التنویر وشرحه مع الشامیة " : (وارتداد أحدهما) أی الزوجین (فسخ) فلا ینقص عددًا (عاجل) بلا قضاء . تنویر وشرحه . (۴/ ۳۶۶ ، کتاب النکاح ، باب نکاح الکافر)

ما في " الموسوعة الفقهیة " : ثم قال الحنفیة : إذا ارتد أحد الزوجین المسلمین بانت منه امرأته مسلمة کانت أو کتابیة ، دخل بها أو لم یدخل ، لأن الردّة تنافي النکاح ویکون ذلک فسخًا عاجلا لا طلاقاً ولا یتوقف علی قضاء .(۲۲/ ۱۹۸، البحر الرائق :۳/ ۳۷۲ ، کتاب النکاح ، باب نکاح الکافر، بدائع الصنائع : ۳/ ۶۲۰، کتاب النکاح ، فصل في النکاح الفاسد ، الفتاوی الهندیة : ۱/ ۳۳۹ ، فصل في النکاح الکافر) (فتاوی دار العلوم: ۸/ ۳۷۰)

کافر شوہر کا حلالہ

مسئلہ (۱۹۲): کوئی مطلقہ ثلاثہ مرتد ہوجائے، اور ارتداد کے بعد کسی کافر سے باقاعدہ نکاح کرلے، اور کافر شوہر دخول کے بعد اسے طلاق دیدے، اور وہ عورت دوبارہ مسلمان ہوجائے، تو شوہرِ اول کے لیے حلال ہوجائے گی، اس لیے کہ حلالہ کی شرط ﴿حتی تنکح زوجًا غیره﴾ پائی گئی، اب دوبارہ حلالہ کی ضرورت نہیں، کافر شوہر کا حلالہ کافی ہے۔[۱]

---

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجًا غيره﴾ .
(سورة البقرة : ۲۳۰)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (حتى يطأها غيره ولو) الغير (مراهقًا) يجامع مثله ، وقدره شيخ الإسلام بعشر سنين أو خصيًا أو مجنونًا أو ذميًّا لذمية (بنكاح) نافذ خرج الفاسد والموقوف . در مختار . قوله : أو (ذميًّا لذمية) أى ولو كان التحليل لأجل زوجها المسلم كما فى البحر . (۵/۴۲ ، كتاب النكاح ، باب الرجعة)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا كانت النصرانية تحت مسلم طلّقها ثلاثاً فتزوجت نصرانيًا ودخل بها حلت للمسلم الذي طلّقها ثلاثا . (۱/۴۷۳، الطلاق ، فصل فيما تحل به المطلقة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أول شروط التحليل ، النكاح لقوله تعالى : ﴿حتى تنكح زوجًا غيره﴾ فقد نفى حل المرأة لمطلقها ثلاثاً ، وحد النفى إلى غاية التزوج بزوج آخر .... يشترط فى النكاح الثانى لكى تحل المرأة للأول : أن يكون صحيحاً ، ولا تحل للأول إذا كان النكاح فاسدًا حتى لو دخل بها ، لأن النكاح الفاسد ليس بنكاح حقيقة ، ومطلق النكاح ينصرف إلى ما هو نكاح حقيقة .... وأما الذمية فقد ذهب جمهور الفقهاء إلى أن وطء زوجها الذمى يحلها للأول ، لأن النصرانى زوج . (۱۰/۲۵۵،۲۵۶، تحليل)

فسخ نکاح میں حَکَم کا فیصلہ

مسئلہ (۱۹۳): شرعی حَکَم کا فیصلہ فسخ نکاح وغیرہ میں نافذ العمل ہوگا[۱]، اسی طرح مسلم سِوِل جج، مجسٹریٹ وغیرہ جو گورنمنٹ کی جانب سے اس قسم کے معاملات میں فیصلہ کرنے کا اختیار رکھتے ہوں، اگر وہ مسلمان ہیں اور قانونِ شرع کے مطابق فیصلہ کرتے ہیں، تو ان کا فیصلہ، شرعی قاضی کے فیصلہ کے قائم مقام ہوگا، یعنی اگر وہ نکاح کو فسخ کردیں، تو نکاح فسخ ہوجائے گا۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ويصير القاضي قاضياً بتراضي المسلمين ، فيجب عليهم أن يلتمسوا والياً مسلماً منهم . اهـ . وعزاه مسكين في شرحه إلى الأصل .... وفي " الفتح " : وإذا لم يكن سلطان ولا من يجوز التقلد منه كما هو في بعض بلاد المسلمين غلب عليهم الكفار كقرطبة الآن ، يجب على المسلمين أن يتفقوا على واحد منهم يجعلونه والياً فيولي قاضياً ، ويكون هو الذي يقضي بينهم . (۸/ ۴۱ ، ۴۲ ، كتاب القضاء ، مطلب أبو حنيفة دعي إلى القضاء ثلاث مرات فأبى ، ومطلب في حكم تولية القضاء في بلاد تغلب عليها الكفار ، ديوبند) (الحیلۃ الناجزۃ:ص/۶۰، فتاویٰ حقانیہ:۴/ ۵۹۰، ۵۹۱، فتاویٰ دار العلوم:۸/ ۱۴۷)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (تولية الخصمين حاكمًا يحكم بينهما ، وركنه لفظه الدّالّ عليه مع قبول الآخر) ذلک (وشرطه من جهة المحكم) بالكسر (العقل لا الحرية والإسلام) ..... (و) شرطه (من جهة المحكم) بالفتح (صلاحيته للقضاء) .

(۸/ ۱۱۲ ، كتاب القضاء ، باب التحكيم ، دار الكتاب ديوبند)

(۲) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ويجوز تقلّد القضاء من السلطان العادل والجائر) ولو كافراً . ذكره مسكين وغيره . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (ولو كافراً) في التاتارخانية : الإسلام ليس بشرط فيه : أي في السلطان الذي يقلد .

(۸/ ۴۱ ، كتاب القضاء ، مطلب أبو حنيفة دعي إلى القضاء ثلاث مرات فأبى ، ديوبند)

پہلی بیوی کی وجہ سے فسخِ نکاح کا مطالبہ

مسئلہ (۱۹۴): اگر کوئی شخص یہ بتائے بغیر کہ اس کی ایک بیوی پہلے سے موجود ہے، کسی عورت سے نکاح کرلے، تو اُس کا یہ نکاح صحیح ہے، اور دوسری بیوی کو یہ معلوم ہونے پر کہ اس شخص کی ایک بیوی پہلے سے موجود ہے، فسخ نکاح کے مطالبہ کا حق حاصل نہیں ہوگا[۱]، البتہ اگر نباہ ممکن نہ ہو، تو وہ طلاق کا مطالبہ کرسکتی ہے، اور شوہر طلاق نہ دے، تو خلع لے سکتی ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فانكحوا ما طاب لكم من النسآء مثنٰى وثلٰث وربٰع﴾ .

(سورة النساء :۳)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وأما قوله تعالى : ﴿مثنى وثلٰث وربٰع﴾ . فإنه إباحة للثنتين إن شاء ، وللثلاث إن شاء ، وللرباع إن شاء على أنه مخير فى أن يجمع فى هذه الأعداد من شاء . (۲/۶۹، تزويج الصغار، سورة النساء)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا يحل لكم أن تأخذوا ممآ اٰتيتموهنّ شيئاً إلا أن يخافا ألا يقيما حدود الله ، فإن خفتم ألا يقيما حدود الله فلا جناح عليهما فيما افتدت به﴾ .

(سورة البقرة : ۲۲۹)

ما في " فتح البارى " : عن ابن عباس أن امرأة ثابت بن قيس أتت النبي ﷺ فقالت : يا رسول الله ! ثابت بن قيس ما أعتب عليه فى خلق ولا دين ، ولكنى أكره الكفر فى الإسلام ، فقال رسول الله ﷺ : " أتردين عليه حديقته ؟ " . قالت : نعم ، قال رسول الله ﷺ : " اقبل الحديقة وطلقها تطليقة " . (۹/۳۵۲ ، باب الخلع ، مكتبه شيخ الهند ديوبند)

ما في " الهداية " : وإذا تشاقّ الزوجان وخافا أن لا يقيما حدود الله فلا بأس بأن تفتدى نفسها منه بمال يخلعها به . (۲/۴۰۴ ، باب الخلع)

زنا سے ثبوتِ نسب

مسئلہ (۱۹۵): کسی شخص کے کسی عورت سے زنا کرنے پر وہ حاملہ ہوجائے، اور وہ اس معاملہ کو دبانے کے لیے اس سے شادی کرلے، اور اس بچے کے اپنے نطفے سے پیدا ہونے کا اقرار کرے، تو محض اُس کے اِس اقرار سے نسب ثابت نہیں ہوگا، بلکہ یہ دیکھا جائے گا کہ بچہ نکاح کے بعد کب پیدا ہوا؟ اگر نکاح سے چھ ماہ بعد، یا اُس سے زائد مدت میں بچہ پیدا ہوا، تو قضاءً نسب ثابت ہوجائے گا، اور اگر نکاح کے بعد چھ ماہ سے کم مدت میں پیدا ہوا، تو نسب ثابت نہیں ہوگا۔ (۱)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله تعالى عنها :........ فتساوقا إلى رسول الله ﷺ فقال سعد : يا رسول الله ! ابن أخي ، كان عهد إليّ فيه ، فقال عبد بن زمعة : أخي وابن وليدة أبي ، وقال رسول الله ﷺ : " هو لک يا عبد بن زمعة ، الولد للفراش وللعاهر الحجر ، ثم قال لسودة بنت زمعة : احتجبي منه لما رأى من شبهه بعتبة ، فما رآها حتى لقي الله " .

(۴۹۰ ، كتاب الوصايا ، قول الموصى لوصيه)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو زنى بإمرأة فحملت ثم تزوجها فولدت إن جاء ت به لستة أشهر فصاعداً ثبت نسبه ، وإن جاء ت به لأقل من ستة أشهر لم يثبت نسبه .

(۱/ ۵۴۰ ، كتاب الطلاق ، الباب الخامس عشر في ثبوت النسب)

ما في " الهداية " : وإذا تزوج رجل إمرأة فجاء ت بولد لأقل من ستة أشهر منذ يوم تزوجها لم يثبت نسبه ، لأن العلوق سابق على النكاح ، فلا يكون منه ، وإن جاء ت به لستة أشهر فصاعدًا يثبت نسبه منه .... لأن الفراش قائم والمدة تامة . (۲/ ۴۳۲ ، كتاب الطلاق ، ثبوت النسب ، العناية شرح الهداية : ۲/ ۲۱۰ ، كتاب الطلاق ، ثبوت النسب ، الموسوعة الفقهية : ۱۵/ ۹ ، ثبوت النسب ، النهر الفائق : ۲/ ۴۹۱ ، كتاب الطلاق ، ثبوت النسب ، مجمع الأنهر : ۲/ ۱۵۸ ، كتاب الطلاق ، ثبوت النسب) (فتاوی حقانیہ: ۴/ ۵۶۲)

منکوحۃ الغیر سے نکاح اور اس سے پیدا شدہ اولاد

مسئلہ (۱۹۶): منکوحۃ الغیر سے نکاح کرنا حرام ہے، اور یہ نکاح، نکاحِ باطل ہوگا[1]، اگر کسی عورت کے غیر کی منکوحہ ہونے کا علم نہ ہو، اور کوئی مرد اس سے نکاح کرلے، تو اس نکاح سے پیدا ہونے والی اولاد کا نسب بالاتفاق اس مرد سے ثابت ہوگا، اور اگر کسی عورت کے غیر کی منکوحہ ہونے کا علم ہونے کے باوجود کوئی مرد اس سے نکاح کرلے، تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اس نکاح سے پیدا ہونے والی اولاد کا نسب اس مرد سے ثابت ہوگا، اور صاحبین اور جمہور علماء کے نزدیک ثابت نہیں ہوگا۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : ومنها : ألا تكون منكوحة الغير ، لقوله تعالى : ﴿والمحصنٰت من النسآء﴾ . [سورة النساء :۲۴] معطوفاً على قوله عزّ وجلّ : ﴿حرّمت عليكم امهٰتكم﴾ . [النساء :۲۳] إلى قوله تعالى : ﴿والمحصنٰت من النسآء﴾ . وهنّ ذوات الأزواج سواء كان زوجها مسلماً أو كافراً . (۳/ ۴۵۱ ، كتاب النكاح ، فصل في شروط ألا تكون منكوحة الغير)

ما في " الفتاوى الهندية " : لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره ، وكذا في المعتدة . كذا في السراج الوهاج . (۱/ ۲۸۰، كتاب النكاح ، القسم السادس ، المحرمات التى .. الخ)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : ويتفقون كذلک على وجوب العدة وثبوت النسب في النكاح المجمع على فساده بالوطء كنكاح المعتدة وزوجة الغير والمحارم إذا كانت هناک شبهة تسقط الحد ، بأن كان لا يعلم بالحرمة ، ولأن الأصل عند الفقهاء أن كل نكاح يدرأ فيه الحد فالولد لاحق بالواطئ ، أما إذا لم تكن هناک شبهة تسقط الحد ، بأن كان عالماً بالحرمة فلا يلحق به الولد عند الجمهور ، وكذلک عند بعض مشايخ الحنفية ، لأنه حيث وجب الحد فلا يثبت النسب ، وعند أبي حنيفة وبعض الحنفية يثبت النسب لأن العقد شبهة ..... ومجمع الفتاوى أنه يثبت النسب عند أبى حنيفة خلافاً لهما . (۸/ ۱۲۳، ۱۲۴، بطلان، رد المحتار: ۵/ ۱۹۷، كتاب الطلاق ، باب العدة ، مطلب في النكاح الفاسد والباطل ، رد المحتار: ۶/ ۳۱ ، كتاب الحدود ، مطلب إذا استحل المحرم على وجه)

(کفایت المفتی: ۵/ ۲۵۸)

کتاب البیوع

☆......خرید وفروخت کے مسائل......☆

معاملات دین کا ایک اہم شعبہ ہے

مسئلہ (۱۹۷): معاملات دین کا ایک اہم شعبہ ہے، جیسے اللہ تعالیٰ نے ہمیں عبادات کا مکلّف بنایا ہے، اسی طرح معاملات میں بھی کچھ احکام کا مکلّف بنایا، تاکہ ہم آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ لین دین کے وقت ان باتوں کا خیال رکھیں کہ کونسی چیزیں حلال ہیں، اور کون سی چیزیں حرام ہیں۔ شریعتِ اسلامی کے احکام جاننے سے معلوم ہوتا ہے کہ عبادت سے متعلق جو احکام ہیں وہ ایک چوتھائی ہیں، اور تین چوتھائی احکام معاملات اور معاشرت سے متعلق ہیں، سورۂ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

''تم آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق طریقے سے مت کھاؤ۔''[1]

آیتِ مذکورہ معاملات کی تمام ناجائز صورتوں کو شامل ہے، سود، قمار، رشوت خوری، ملاوٹ اور دھوکہ وفریب، غرض اُن تمام ناجائز ذرائعِ آمدنی کو شامل ہے، جنہیں اللہ رب العزت نے ناجائز وحرام قرار دیا ہے[2]، حرام سے بچنے اور حلال کو حاصل کرنے کے لیے قرآن وسنت میں مختلف عنوانات سے تاکیدیں کی گئی ہیں، ایک آیت میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ حلال کھانے کو انسان کے اعمال واخلاق میں بہت بڑا دخل ہے، اس کا کھانا پینا حلال نہیں، تو اس سے اچھے اخلاق واعمال کی توقع مشکل ہے، ارشادِ ربانی ہے کہ: ''حلال اور پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو''۔ اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ اعمالِ صالحہ کا صدور اسی وقت ہوسکتا ہے، جب کہ انسان کا کھانا پینا حلال

ہو۔(۳) اللہ کے رسول ﷺ کا ارشاد ہے: ''بہت سے لوگ عبادت کرتے ہیں، اپنے رب کے سامنے گڑگڑاتے ہیں، مگران کا کھانا حرام، پینا حرام، لباس حرام، تو ان کی دعا کیسے قبول ہوسکتی ہے''(۴)، ایک دوسری حدیث میں آپ ﷺ کا ارشاد ہے: ''اپنے اور اپنے متعلقین کی لازمی ضروریات کی تکمیل کے لیے حلال کمائی کی طلب وجستجو مستقل ودائمی فریضہ ہے''(۵)، اسی وجہ سے آپ ﷺ نے فرمایا کہ: ''سچا اور امانت دار تاجر کل قیامت کے دن انبیاء اور شہداء کے ساتھ ہوگا''۔(۶)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿یا أیها الذین اٰمنوا لا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل﴾ .

(سورة النساء : ۲۹)

(۲) ما في " البحر المحیط " : قال أبوحیان الغرناطي : والباطل هو کل طریق لم تبحه الشریعة ، فیدخل فیه السرقة ، والخیانة ، والغصب ، والقمار ، وعقود الربا . وقال السدي : هو أن یأکل بالربا والقمار والبخس والظلم ، وغیر ذلک مما لم یبح الله تعالی أکل المال فیه. (۳/۲۲۲)

(۳) ما في " القرآن الکریم " : ﴿یا أیها الرسل کلوا من الطیبٰت واعملوا صالحًا﴾ .

(سورة المؤمنون : ۵۱)

(۴) ما في " الصحیح لمسلم " :وقال : " أیها الناس ! إن الله طیب لا یقبل إلا طیباً ، وإن الله أمر المؤمنین بما أمره به المرسلین ، فقال : ﴿یا أیها الرسل کلوا من الطیبٰت واعملوا صالحا، إني بما تعملون علیم﴾ . وقال : ﴿یا أیها الذین اٰمنوا کلوا من طیبٰت ما رزقنکم﴾ . ثم ذکر الرجل یطیل السفر ، أشعث أغبر ، یمُدُّ یدیه إلی السماء ، یا رب ! یا رب ! ومطعمه حرام ، ومشربه حرام ، وملبسه حرام ، وغذي بالحرام ، فأنیٰ یستجاب لذلک " . (۱/۳۲۶)

(۵) ما في " مشکوة المصابیح " : عن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " طلب کسب=

حقوق العباد کی اہمیت وفضیلت

مسئلہ (۱۹۸): شریعت میں حقوق العباد کی بڑی فضیلت آئی ہے، یہاں تک کہ کافروں کے ساتھ بھی امانتداری کا ثبوت دینے کا حکم دیا گیا (۱)، حقداروں کے حقوق کی پامالی، ان کے لیے مضرت کا سبب ہوتی ہے، اس لیے دوسروں کو ایذا پہنچانے پر ڈرایا دھمکایا گیا ہے (۲)، چنانچہ حدیث پاک میں وارد ہے کہ کل قیامت کے روز ایک شخص؛ نماز، روزہ، زکوٰۃ وغیرہ عبادات اور نیکیاں لے کر آئے گا، لیکن کسی کو گالی دی ہوگی، کسی کا مال کھایا ہوگا، تو اہلِ حقوق آئیں گے اور اپنے حقوق کی پامالی پر اس کی نیکیاں لے جائیں گے (۳)، اس سے بڑھ کر اور کیا خسارہ ہوسکتا ہے۔

=الحلال فريضة بعد الفريضة ". رواه البيهقي في شعب الإيمان .
(ص/۲۴۲، باب الكسب وطلب الحلال)
ما في " هامش مشكوة المصابيح " : قوله : فريضة – أي على من احتاج إليه لنفسه أو لمن يلزم مؤنته والمراد بالحلال غير الحرام المتيقن ليشمل المشتبه لما مر في الحادث ثم ان التنزه عن المشتبه احتياط لا فرض . ثم هذه الفريضة لا يخاطب بها كل أحد بعينه لأن كثيرا من الناس يجب نفقته على غيره . قوله : بعد الفريضة – كناية عن أن فرضية طلب كسب الحلال ليس في مرتبة فرضية الصلاة والصوم والحج وغيرها ، وقيل : معناه أنه فريضة متعاقبة يعاقب بعضها البعض لا غاية له أي مستمرة فرض دائمي إذ كسب الحلال أصل الورع وأساس التقوى . ۱۲ . (ص/۲۴۲)
ما في " كنز العمال " : قال عليه الصلاة والسلام : " طلب الحلال واجب على كل مسلم " . وفيه أيضًا : " طلب الحلال فريضة بعد الفريضة " . (۴/۴)
(۲) ما في " جامع الترمذي " : وقال : " التاجر الصدوق الأمين مع النبيين والصديقين والشهداء " .
(۲۲۹/۱)=

....

الحجة على ما قلنا :

=(١) ما في" القرآن الكريم " :﴿إن الله يأمركم أن تؤدّوا الأمٰنٰت إلٰى أهلها وإذا حكمتم بين الناس أن تحكموا بالعدل﴾ . (سورة النساء : ٥٨)

ما في " تفسيرات أحمديه " : قوله تعالى : ﴿إن الله يأمركم أن تؤدّوا الأمٰنٰت إلٰى أهلها﴾ . نقل في بيان قصته أنه لما أغلق عثمان بن طلحة سادن الكعبة باب الكعبة يوم الفتح وأبى أن يدفع المفتاح ليدخل فيها رسول الله ﷺ وقال : لو علمت أنه رسول الله لم أمنعه ، فلوى علي يده وأخذ منه وفتح ، فدخل رسول الله ﷺ وصلى ركعتين ، فلما خرج سأله العباس أن يعطيه المفتاح ، فنزلت هذه الآية ، يعني : ﴿إن الله يأمركم أن تؤدوا الأمانات﴾ إلى من أخذتم منه ، لا إلى غيره ، فأمر رسول الله ﷺ عليًا أن يردّ المفتاح إلى عثمان ، فأسلم عثمان ودعا رسول الله ﷺ أن سدانة الكعبة في أولاده أبداً . (ص/١٩١ ، النساء)

ما في " حاشية القونوي على تفسير البيضاوي " : (خطاب يعم المكلفين والأمانات) المكلفين من الرجال والنساء ، والأمانات أي يعم كلها أي يعم كل أمانة . (٧/١٠٢)

(٢) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين يؤذون المؤمنين والمؤمنٰت بغير ما اكتسبوا﴾ .
(سورة الأحزاب : ٥٨)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : أذية المؤمنين والمؤمنات هي أيضاً بالأفعال والأقوال القبيحة ...... لأن أذاه في الجملة حرام . (١٤/٢٤٠)

ما في " الدر المنثور " : وأخرج ابن أبي حاتم ، عن مجاهد رضي الله تعالى عنه في الآية قال : " يلقى الجرب على أهل النار ، فيحكون حتى تبدو العظام ، فيقولون : ربنا بم أصابنا هذا ؟ فيقال : بأذاكم المسلمين " . (٥/٤١٣)

(٣) ما في " الصحيح لمسلم " : عن أبي هريرة (رضي الله تعالى عنه) ، أن رسول الله ﷺ قال : "أتدرون من المفلس؟ " . قالوا : المفلس فينا من لا درهم له ولا متاع ، فقال : " إن المفلس من أمتي من يأتي يوم القيامة بصلاة وصيام وزكاة ، ويأتي قد شتم هذا ، وقذف هذا ، وأكل مال هذا ، وسفك دم هذا ، وضرب هذا ، فيُعطى هذا من حسناته ، وهذا من حسناته ، فإن فَنِيَتْ حسناته قبل أن يقضى ما عليه ، أخذ من خطاياهم فطرحت عليه ، ثم طرح في النار " .(٨/١٨٩ ، كتاب البر والصلة والآداب ، باب تحريم الظلم ، رقم الحديث : ٢٥٨١ ، بيروت ، ٢/٣٢٠ ، قديمي) (جدید مسائل کا حل:ص/٣١٦)

بیع اور وعدۂ بیع میں فرق

مسئلہ (۱۹۹): قطعی ایجاب وقبول کو ’’بیع‘‘ کہا جاتا ہے۔ اور اس کے بعد متعاقدین میں سے کسی کو بھی اس بیع کے خلاف کرنے کا اختیار باقی نہیں رہتا۔ اور وعدۂ بیع میں چوں کہ متعاقدین قطعی ایجاب وقبول نہیں کرتے، بلکہ دونوں اس بات پر محض اتفاق ومعاہدہ کرلیتے ہیں کہ مدتِ معینہ میں مشتری جب بھی چاہیگا، بائع اپنی چیز اس کے ہاتھ بیچ دے گا۔ اس وعدۂ بیع کو اخلاقی طور پر پورا کرنا لازم ہے، قانوناً اس وعدہ کو پورا کرنے پر جبر نہیں کیا جاسکتا، اگر بائع وعدہ خلافی کرتے ہوئے اپنی چیز شخصِ مذکور (جس سے وعدۂ بیع ہوچکا تھا) کے علاوہ کسی اور کے ہاتھ فروخت کردے، تو یہ بیع بھی صحیح ہوجائے گی، اگرچہ ایسا کرنا اخلاق ومروت کے خلاف ہے۔ محض وعدۂ بیع سے نہ بائع ثمن کا مستحق ہوتا ہے، اور نہ ہی مشتری مبیع کا مالک ہوتا ہے، لہٰذا مشتری وعدۂ بیع کے مکمل ہونے (قطعی ایجاب وقبول) سے پہلے مبیع کو، آگے کسی اور شخص کے ہاتھ فروخت نہیں کرسکتا، ورنہ یہ غیر مملوک کی بیع ہوگی، جو شرعاً منع ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ويكون بقول أو فعل ، أما القول فالإيجاب والقبول) .... (وهما عبارة عن كل لفظين ينبئان عن معنى التملّك والتمليك ماضيين) ... (أو حالين) كمضارعين لم يقرنا بسوف والسين كأبيعك فيقول : أشتريه ، أو أحدهما ماض والآخر حال ، (و) لكن (لا يحتاج الأول إلى نية بخلاف الثاني) فإن نوى به الإيجاب للحال صحَّ على الأصحِّ وإلا لا . (۱۰/۷ ، ۱۷ ، ۱۸ ، كتاب البيوع)=

خریدنے کا وعدہ کرکے پورا نہ کرنا

مسئلہ (۲۰۰): اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص سے ایک متعین قیمت میں کوئی چیز خریدنے کا وعدہ کرے، اور وہ شخص اس چیز کو خریدنے والے کے بھروسے پر اپنے پاس رکھے رہا، بعد میں وہ آکر یوں کہے کہ میں اتنی قیمت میں نہیں خریدوں گا، مثلاً خالد حامد سے کہے کہ میں تجھ سے یہ گھڑی پانچ سو روپے میں خریدوں گا، جب کہ اس گھڑی کی قیمت چار سو روپے ہے، پھر کچھ ایام گزرنے کے بعد خالد خریدنے سے انکار کردے، جب کہ حامد اس گھڑی کو کسی اور کے ہاتھ بیچتا، تو اُسے چار سو روپے مل جاتے، لیکن اس نے خالد کے بھروسے پر اُسے فروخت نہیں کیا، اب اس صورت میں حامد کو جو سو روپے کا نقصان اٹھانا پڑا، وہ

=ما في " الفتاوى الهندية " : البيع ينعقد بالإيجاب والقبول إذا كانا بلفظي الماضي مثل أن يقول أحدهما : بعت ، والآخر : اشتريت ، لأن البيع انشاء تصرف ، والانشاء يعرف بالشرع، والموضوع للاخبار قد استعمل فيه ، فينعقد به ، ولا ينعقد بلفظين أحدهما لفظ المستقبل ...... وإذا حصل الإيجاب والقبول لزم البيع ، ولا خيار لواحد منهما إلا من عيب أو عدم رؤية . (۱۸/۳ - ۲۰ ، كتاب البيوع)

ما في " عقد البيع لمصطفى أحمد الزرقاء " : الوعد المجرد بالبيع أو بغيره من العقود أو الأعمال ، كوعد الإنسان لمدين بأن يؤدي عنه دينه ، لم يقم له الفقهاء وزناً من الوجهة القضائية ، أي انه لا يلزم صاحبه بالوفاء إلا من الناحية الدينية الأخلاقية ، أما القضاء فلا يجبر على الوفاء بوعده ، والمراد من الوعد المجرد ما لا يشتمل على إيجاب وقبول قطعيين ، كما لو قال الإنسان لآخر : سأبيعک ، أو : أعدک بأن أبيعک المال الفلاني بكذا ، فهذا من قبيل الوعد المجرد ..... إن الوعد بالبيع هو اتفاق يتعهد فيه شخص ببيع شيء من شخص آخر عند ما يختار شراء ه خلال مدة معينة . (۱۷۱ ، ۱۷۲ ، الفصل السابع في الوعد بالبيع)

خالد سے اس کا مطالبہ نہیں کرسکتا، کیوں کہ یہ عین کا نقصان نہیں بلکہ متوقع نفع کا نقصان ہے، جس کو شریعت نقصان نہیں گردانتی (۱)، البتہ اگر خالد شروع ہی سے اپنے اِس وعدے کو پورا نہ کرنے کی نیت رکھتا ہے، تو وہ اخروی اعتبار سے گنہگار ہے (۲)، اور اگر خریدنے کی نیت تھی مگر کسی مجبوری کی وجہ سے نہ خرید سکا، تو وہ معذور ہے، جس میں گناہ بھی لازم نہیں ہوگا۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في" الموسوعة الفقهية ": الضرر إسم من الضر ، وقد أطلق على كل نقص يدخل الأعيان ، والضر بفتح الضاد ، لغة ضد النفع وهو النقصان . (۲۸/۱۷۹ ، تحت الضرر)

(۲) ما في" القرآن الكريم ": ﴿يا أيها الذين اٰمنوا أوفوا بالعقود﴾ . (سورة المائدة : ۱)

ما في " فتح القدير للشوكاني ": والعقود العهود ..... وقيل : هي العقود التي يعقدونها بينهم من عقود المعاملات ... قال الزجاج : المعنى أوفوا بعقد الله عليكم وبعقدكم بعضكم على بعض . انتهى . (۱/۴۴۴)

ما في " التفسير المنير ": ﴿أوفوا بالعقود﴾ أي العهود التي عقدتموها بينكم وبين الله ، أو بينكم وبين الناس ، وهي التكاليف التي ألزمكم الله بها والتزمتموها ..... الأمر بالوفاء بالعقد التي يتعاقد بها الناس ، ووجوب الوفاء بالتكاليف الإسلامية ، فيلزم دفع أثمان المبيعات ... يدل على لزوم العقد وثبوته . (۳/۴۱۵ . ۴۱۹)

ما في " صحيح البخاري ": عن أبي هريرة رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ قال : " آية المنافق ثلاث : إذا حدث كذب ، وإذا وعد أخلف ، وإذا اؤتمن خان ".

(ص/۱۳ ، كتاب الإيمان ، باب علامة المنافق ، رقم الحديث : ۳۳)

ما في" فيض الباري ": وفي خلف الوعد عندنا قولان : الأول : أنه مكروه كراهة تحريم ، والثاني : كراهة تنزيه .... بل الأمر عندي أن يقسم على الأحوال ، فإن أراد الاخلاف عند الوعد كره تحريماً ، وإن أراد الانجاز ثم منعه مانع لا يكون مكروهاً . (۱/۱۹۹ ، كتاب =

انٹرنیٹ پر نمونہ دیکھ کر بیع

مسئلہ (۲۰۱): کوئی شخص انٹرنیٹ پر نمونہ (Model) دیکھ کر کسی چیز کو خریدے، پھر معقود علیہ (مبیع) کے وصف کو مفقود پائے، تو اُسے فسخِ عقد کا اختیار حاصل ہوگا۔[1]

=الإيمان ، باب علامة المنافق)

(۳) ما في" جامع الترمذي" : قال رسول الله ﷺ : " إذا وعد الرجل أخاه ، ومن نيته أن يفي له ، فلم يف ولم يجئ للميعاد ، فلا إثم عليه " .

(۳/۴۵۰ ، باب ما جاء في علامة المنافق ، رقم الحديث : ۲۶۳۳)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قوله : (فلم يف) أي بعذر ... ومفهومه أن من وعد وليس من نيته أن يفي ، فعليه الإثم ، وفىٰ به أو لم يف ، فإنه من أخلاق المنافقين . (۹/۱۰۳ ، كتاب الآداب، باب الوعد ، رقم الحديث : ۴۸۸۱) (جدید مسائل کا حل:ص/۲۲۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : هل تكفي رؤية ما يعرض بالنموذج ، الأصل في هذا أن رؤية جميع المبيع غير مشروط لتعذّره ، فيكتفى برؤية ما يدل على العلم بالمقصود إذا كان المبيع مثليا أى مكيلاً أو موزوناً أو عدديا متقارباً ، فرؤية ما يعرف بالنموذج تكفي ، إلا إذا كان الباقي أردأ مما رأى فحينئذٍ يكون له الخيار .

(۳/۱۲۵، ۱۲۶ ، كتاب البيوع ، خيار الشرط)

ما في " رد المحتار " : قال في " الفتح " : فإن دخل في البيع أشياء ، فإن كانت الآحاد لا تتفاوت كالمكيل والموزون ، وعلامته أن يعرض بالنموذج فيكتفي برؤية واحد منها في سقوط الخيار ، إلا إذا كان الباقي أردأ مما رأى فحينئذ يكون له الخيار : أي خيار العيب لا خيار الرؤية . ذكره في " الينابيع " .

(۷/۱۱۱، ۱۱۲ ، كتاب البيوع ، باب خيار الرؤية ، ديوبند ، الفقه الإسلامي وأدلته : ۵/۳۵۹۰ ، خيار الرؤية ، المطلب الخامس ، شرائط ثبوت الخيار ، البيع بالنموذج)

بیع الحصاۃ (کنکر پھینک کر خرید وفروخت)

مسئلہ (۲۰۲): ''بیع الحصاۃ'' جسے ''بیع بالقاء الحجر'' بھی کہا جاتا ہے، اس کی تعریف یہ ہے کہ متعاقدین آپس میں کسی چیز کا بھاؤ لگا رہے ہوں کہ اچانک خریدار اس پر ایک پتھر رکھ دے، جس کے نتیجے میں یہ بیع لازم ہوجائے (۱)، ائمۂ اربعہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اس طرح کی بیع ناجائز ہے، احادیث میں بھی اس کی صریح ممانعت موجود ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' البحر الرائق '' : والملامسة وإلقاء الحجر ..... وهو أن يتراوض الرجلان على سلعة أي يتساوي فإذا لمسها المشترى أو نبذها إليه البائع أو وضع المشتري عليها حصاة لزم البيع رضي البائع أو لم يرض . (۱۲۵/۶ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

(۲) ما في '' صحيح مسلم '' : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : '' نهى رسول الله ﷺ عن بيع الحصاة وعن بيع الغرر '' . (۲/۲، باب بطلان بيع الحصاة والبيع الذي فيه غرر)

ما في '' سنن أبي داود '' : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه : أن النبي ﷺ نهى عن بيع الغرر '' . زاد عثمان : والحصاةِ . (۲۶۲/۳ ، باب في بيع الغرر ، رقم : ۳۳۷۸ ، دار الكتاب العربي بيروت ، مسند أحمد بن حنبل : ۳۷۶/۲ ، رقم : ۸۸۷۱ ، مسند أبي هريرة رضي الله عنه ، مؤسسة قرطبة القاهرة)

ما في '' البحر الرائق '' : والملامسة والقاء الحجر ومثلها المنابذة وهذه بيوع كانت في الجاهلية فنهى عنها . (۱۲۵/۶)

بیع صرف

مسئلہ (۲۰۳): ''بیع صرف'' یعنی ثمن کی بیع ثمن کے عوض کرنا[1] جائز ہے، بیع صرف میں عوضین چوں کہ ثمن ہوتے ہیں، اس لیے اس میں مجلسِ عقد میں قبضہ کرنا ضروری ہے، اُدھار جائز نہیں، نیز جب عوضین متحد الجنس ہوں (یعنی دونوں کی جنس ایک ہو مثلاً؛ سونے کو سونے کے عوض، یا چاندی کو چاندی کے عوض بیچا جا رہا ہو)، تو تفاضل (کمی بیشی) درست نہیں ہے، اور اگر متحد الجنس نہ ہوں، مثلاً: سونے کو چاندی کے عوض، یا چاندی کو سونے کے عوض بیچا جا رہا ہو، تو تفاضل جائز ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' كتاب التعريفات '' : الصرف في الشريعة بيع الأثمان بعضها ببعض . (ص/۱۳۶)

ما في '' البحر الرائق '' : هو بيع بعض الأثمان ببعض كالذهب والفضة إذا بيع أحدهما بالآخر أى بيع ما من جنس الأثمان بعضها ببعض . (۳۲۱/۷ ، كتاب الصرف)

ما في '' تنوير الأبصار مع الدر المختار '' : بيع الثمن بالثمن . (۴۰۲/۷)

(۲) ما في '' صحيح البخاري '' : عن أبى المنهال قال : سألت البراء بن عازب وزيد بن أرقم عن الصرف ، فكل واحد منهما يقول : هذا خير منى ، فكلاهما يقول : '' نهى رسول الله ﷺ عن بيع الذهب بالورق دينا '' . (۲۹۱/۱ ، باب بيع الورق بالذهب نسيئة)

ما في '' الفقه الحنفى فى ثوبه الجديد '' : شرع الصرف بالسنة النبوية الشريفة ، فقد ورد في مشروعيته عدد من الأحاديث الشريفة ، منها : حدثنا عبد الله بن أبي بكرة قال : قال أبو بكرة رضى الله تعالى عنه : قال رسول الله ﷺ : '' لا تبيعوا الذهب بالذهب إلا سواء بسواء، والفضة بالفضة إلا سواء بسواء ، وبيعوا الذهب بالفضة ، والفضة بالذهب كيف شئتم '' . (۳۱۷/۴) (قاموس الفقہ :۲۲۴/۴)

بیع المنابذۃ (مبیع پھینک کر خرید وفروخت)

مسئلہ (۲۰۴): ''بیع المنابذۃ'' کی تعریف علامہ شامی یوں فرماتے ہیں:

عاقدین میں سے ہر ایک اپنے کپڑے کو دوسرے کی طرف پھینکے، اور کوئی ایک دوسرے کے کپڑے کی طرف نہ دیکھے، صرف کپڑا پھینکنے سے ہی بیع ہو جائے۔ (۱)

علامہ مرغینانی فرماتے ہیں: بیع منابذہ یہ ہے کہ دو آدمی کسی سامان پر بولی لگا رہے ہوں، کہ اچانک بائع خریدار کی طرف وہ چیز پھینک دے، تو اس سے بیع لازم ہو جائے۔ (۲)

مذکورہ دونوں تعریفات باعتبار حقیقت ایک جیسی ہیں، کہ دونوں میں مبیع کے پھینکنے سے بیع لازم ہو رہی ہے، البتہ دونوں میں فرق اتنا ہے کہ علامہ شامی رحمہ اللہ کی بیان کردہ تعریف میں عاقدین میں سے ہر ایک اپنی مبیع کو پھینکتا ہے، جب کہ علامہ مرغینانی رحمہ اللہ کی بیان کردہ تعریف کے مطابق صرف بائع اپنی مبیع کو پھینکتا ہے۔

غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ علامہ شامی رحمہ اللہ کی بیان کردہ تعریف زیادہ راجح ہے، کیوں کہ اس میں لفظ ''منابذہ'' کی رعایت زیادہ ہے۔ اس بیع کے عدمِ جواز پر علماء کا اتفاق ہے، (۳)۔ کیوں کہ اس عقد میں جہالت کے اعتبار سے غرر پایا جاتا ہے، یعنی جس وقت عقد انجام دیا جا رہا ہوتا ہے، اس وقت کچھ معلوم نہیں ہوتا کہ بعد میں کس چیز کی یا کس ثمن پر بیع واقع ہوگی۔ لہٰذا یہ عقد شرعاً ناجائز ہے۔

الحجة على ما قلنا : =

مجہول الصفت مبیع کی طرف اشارہ

مسئلہ (۲۰۵): جس مبیع کی صفت وکوالٹی بیان نہ کی جائے اسے ''مجہول الصفۃ مبیع'' کہا جاتا ہے۔ جمہور فقہائے احناف کی رائے یہ ہے کہ اگر مبیع کی طرف اشارہ کردیا جائے، تو پھر اس کی صفت بیان کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ ایسی صورت میں بیچی جانے والی چیز کے اوصاف ذکر کیے بغیر بھی بیع درست ہے۔(۱)

=(۱) ما في " رد المحتار " : والمنابذة أن ينبذ كل واحد منها ثوبه إلى الآخر ولا ينظر كل واحد منهما إلى ثوب صاحبه على جعل النبذ بيعا . (۶۵/۵ ، کراچی ایچ ایم سعید)

ما في " التعريفات الفقهية " : المنابذة : وهي أن ينبذ كل واحد من العاقدين ثوبه مثلاً إلى الآخر ولم ينظر واحد منهما إلى ثوب صاحبه . (ص/۲۱۷)

(۲) ما في " الهداية " : هو أن يتراوض الرجلان على سلعة أي يتساومان فإذا نبذها إليه البائع لزم البيع . (الهداية مع الفتح : ۶/۵۵)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة أنه قال : " نهى عن بيعتين المُلامسة والمُنابذة " . (۲/۲، كتاب البيوع ، باب إبطال بيع الملامسة والمنابذة ، قديمي)

ما في " صحيح البخاري " : عن ابن شهاب أخبرني عامر بن سعد أن أبا سعيد الخدري رضي الله تعالى عنه أخبره: " أن رسول الله ﷺ نهى عن المنابذة " .

(۱/۱۸۷، باب بيع الملامسة)

ما في " البحر الرائق " : قوله : والملامسة وإلقاء الحجر ومثلها المنابذة وهذه بيوع كانت في الجاهلية فنهي عنها . (۱۲۵/۶) (غرر کی صورتیں:ص/۱۷۲،۱۷۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : والأعواض المشار إليها لا يحتاج إلى معرفة مقدارها في جواز البيع ، لأن بالإشارة كفاية في التعريف وجهالة الوصف فيه لا تفضي إلى المنازعة .

(الهداية :۳/۴ ، كتاب البيوع ، الدر المختار مع الشامية :۳۶/۷ ، ۳۷)=

تخلیہ

مسئلہ (۲۰۶): تخلیہ کہتے ہیں بائع - مبیع اور مشتری کے درمیان سے ہر قسم کی رکاوٹ (حائل) کو ختم کردے، کہ مشتری کو اس پر تصرف کرنے کا پورا اختیار حاصل ہوجائے، جب یہ بات پائی جائے تو شرعاً یوں سمجھا جائے گا کہ بائع نے مبیع مشتری کے حوالہ کردی، اور خریدار نے مبیع پر قبضہ کرلیا۔ (۱)

=ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (وشرط لصحته معرفة قدر) مبيع وثمن (ووصف ثمن) . التنوير وشرحه . وفي الشامية : تنبيه : ظاهر كلامه كالكنز يعطى أن معرفة وصف المبيع غير شرط . (۳٦/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب ما يبطل الإيجاب سبعة ، ديوبند)

ما في " رد المحتار " : وللعلامة الشرنبلالي في رسالة سماها : " نفيس المتجر بشراء الدرر" حقق فيها أن المبيع المسمى جنسه ، لا حاجة فيه إلى بيان قدره ولا وصفه ، ولو غير مشار إليه أو إلى المنازعة ، لأن الجهالة المانعة من الصحة تنتفي بثبوت خيار الرؤية . (۳۷/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب ما يبطل الإيجاب سبعة ، ديوبند) (غرر کی صورتیں: ص/۲۱۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : أما تفسير التسليم والقبض فالتسليم والقبض عندنا هو التخلية والتخلي ، وهو أن يخلى البائع بين المبيع وبين المشترى برفع الحائل بينهما على وجه يتمكن المشتري من التصرف فيه فيجعل البائع مسلماً للمبيع والمشترى قابضاً له .

(۴۹۸/۴ ، كتاب البيوع ، تفسير التسليم والقبض ، ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وفي اصطلاح الفقهاء : تمكين الشخص من التصرف في الشيء دون مانع ، ففي البيع مثلاً إذا أذن البائع للمشترى فى قبض المبيع مع عدم وجود المانع حصلت التخلية ، ويعتبر المشتري قابضاً للمبيع مطلقاً . (۵٦/۱۱، تخلية ، الفقه الإسلامى وأدلته :۳۳۸۸/۵ ، معنى التسليم أو القبض ، قبيل ؛ المبحث الرابع ، البيع الباطل والفاسد ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد :۱۰۰/۴ ، كتاب البيوع ، هل التخلية قبض؟)

صحتِ تخلیہ کی شرطیں

مسئلہ (۲۰۷): صحت تخلیہ کی چند شرطیں ہیں:

(۱) بائع مشتری کو قبضہ کرنے کی اجازت دیدے، بایں طور کہ میں نے تیرے اور مبیع کے درمیان تخلیہ کردیا، تو اس پر قبضہ کرلے۔ (۱)

(۲) دوسری شرط یہ ہے کہ مبیع مشتری کے سامنے ہو، اس طور پر کہ بائع کے بغیر مشتری اس کو حاصل کرسکے، یہ صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک ہے، امام صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مبیع مشتری کے سامنے اس طرح ہو کہ تخلیہ صحیح ہوجائے، اگرچہ مبیع دور ہی ہو۔ (۲)

(۳) تیسری شرط یہ ہے کہ مبیع خالی ہو، یعنی دوسرے کے حق میں مشغول نہ ہو۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التقابض في الفقه الإسلامي " : الشرط الأول : الإذن بالقبض وذلک أن يقول البائع للمشتري : خليت بينک وبين المبيع ، ويقول المشترى : قبضت .

(ص/۶۷ ، البحث الأول ؛ التخلية)

(۲) وفيه أيضًا : الشرط الثاني : أن يكون المبيع بحضرة المشتري بحيث يصل إلى أخذه من غير مانع عند الصاحبين ، خلافاً لأبي حنيفة حيث تصح التخلية ولو كان المبيع بعيدًا .

(ص/۶۷ ، البحث الأول ؛ التخلية)

(۳) وفيه أيضًا : أن يكون المبيع مفوزًا غير مشغول بحق الغير .

(ص/۶۷ ، البحث الأول ؛ التخلية)

قبضۂ حقیقی وحکمی

مسئلہ (۲۰۸): قبضۂ حقیقی: یہ ہے کہ مبیع مشتری کے ہاتھ میں آجائے، یا مبیع تول کر یا ناپ کر کے الگ کردی جائے، یا مبیع قابض کی تحویل میں آجائے۔

قبضۂ حکمی: قبضۂ تقدیری ومعنوی کو کہتے ہیں، جس میں مشتری مبیع پر حساً قبضہ نہیں کرتا، محض مبیع اور مشتری کے درمیان تخلیہ کردیا جاتا ہے، جس کی بنا پر مبیع مشتری کے ضمان میں آجائے، مثلاً عقار (غیر منقولی چیزوں) میں بالاتفاق محض تخلیہ سے قبضۂ حکمی ہوجائے گا، اور اشیائے منقولہ میں بھی محض تخلیہ قبضۂ حکمی شمار ہوگا، بشرطیکہ مبیع کو الگ کردیا گیا ہو۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التقابض في الفقه الإسلامي " : المراد بالقبض الحقيقي ؛ هو القبض الذي يدرک بالحس ، كما في حالة الأخذ باليد مناولةً ، أو الكيل أو الوزن في الطعام ، أو النقل والتحويل إلى حوزة القابض . (ص/۴۵ ، المطلب الأول ، القبض الحقيقي)

ما في " التقابض في الفقه الإسلامي " : والمراد بالقبض الحكمي ؛ هو القبض التقدير الذي لا يدرک بالحس كالتخلية ويدخل فيه جميع أنواع العقار والمنقولات ، كما تناولنا في القبض الحقيقى القبض في المنقول وفي العقار .... اتفق الفقهاء على أن قبض العقار يكون بالتخلية وعلى الإكتفاء به في غير المنقول كالدور والأراضي والأشجار والغرس .... واختلف الفقهاء في كيفية القبض الحكمي في المنقول كالحبوب والثمار والنحاس والرصاص ، هل يكفي فيه القبض الحكمي (التخلية) أم لا بد فيه من القبض الحقيقي ؟ ..... القول الثاني : ان التخلية كافية مع التمييز ولو لم يحصل تقدير أو نقل ، وهذا هو مذهب الحنفية وقول المالكية والحنابلة والشافعية ، جاء في حاشية ابن عابدين : وحاصله ان التخلية قبض حكما ولو مع القدر عليه بلا كلفة ، لكن ذلک يختلف بحسب حالة المبيع .

(ص/۵۳ – ۵۵ ، المبحث الثاني : أقسام القبض وكيفيته ، المطلب الثاني ؛ القبض الحكمي)

گھر کی چابی سونپ دینا تخلیہ ہے یا نہیں؟

مسئلہ (۲۰۹): بائع مشتری سے کہے کہ میں نے مبیع اور تیرے درمیان تخلیہ کردیا، جب کہ مبیع گھر کے اندر ہے، اور ابھی اسے تولا اور ناپا بھی نہیں گیا، مگر بائع نے مشتری کو گھر کی چابی سپرد کردی، تو اب مشتری کا مکمل قبضہ شمار ہوگا۔ (۱)

تخلیہ کے بعد مبیع تلف ہوجائے

مسئلہ (۲۱۰): دو شخصوں کے درمیان عقدِ بیع ہوا، بائع نے مبیع اور مشتری کے درمیان تخلیہ بھی کردیا، لیکن مبیع ابھی بائع ہی کی ملکیت میں تھی، اور مشتری کے ہاتھ سے وہ تلف ہوگئی، تو ایسی صورت میں مشتری ضامن ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : رجل باع مكيلاً في بيت مكايلة أو موزوناً موازنة وقال : خليت بينك وبينه ، ودفع إليه المفتاح ولم يكله ولم يزنه صار المشتري قابضاً .

(۳/ ۱٦ ، كتاب البيوع ، الباب الرابع ، الفصل الثاني)

ما في " بدائع الصنائع " : وإن باع مكايلة أو موازنةً في الكيل والموزون وخلى ، فلا خلاف في أن المبيع يخرج عن ضمان البائع ويدخل في ضمان المشتري ، حتى لو هلك بعد التخلية قبل الكيل والوزن يهلك على المشتري وكذا لا خلاف في أنه يجوز للمشتري بيعه والانتفاع به قبل الكيل والوزن . (۷/۲۳۷، كتاب البيوع ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد : ۴/ ۲۰۲ ، كتاب البيوع ، أحكام التصرف في المبيع ، التقابض في الفقه الإسلامي : ص/ ۴٦)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " التقابض في الفقه الإسلامي " : من المقرر شرعاً أن المبيع قبل قبضه في ضمان البائع ، وأن اتلاف المشترى له وهو في يد البائع يعتبر قبضاً ، فيلزمه الثمن ، لأنه لا يمكن إتلافه إلا بعد اثبات يده عليه ، وهو معنى القبض ، فيتقرر عليه الثمن .

(ص/ ٦۸، المبحث الثاني ، الإتلاف ، الموسوعة الفقهية : ۱/ ۲۲٦)

مبیع ہلاک ہوجائے

مسئلہ (۲۱۱): اگر مبیع پر مشتری کے قبضہ سے پہلے ہی وہ آفتِ سماویہ سے ہلاک ہوجائے، تو مشتری پر کوئی ضمان نہیں آئے گا۔[۱]

مبیع عیب دار ہوجائے

مسئلہ (۲۱۲): ایجاب وقبول کے بعد مشتری کے قبضہ سے پہلے، مبیع بائع کے پاس عیب دار ہوجائے، تو مشتری کو مبیع نہ لینے کا مکمل اختیار حاصل ہوگا۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التقابض في الفقه الإسلامي " : ذهب جمهور العلماء إلى أن البيع ينفسخ إذا تلف المبيع كله قبل القبض بآفة سماوية ، ولا شيء في ضمان المشتري لأنه لم يقبض المبيع أصلا . (ص/٦٨، المبحث الثاني ، الإتلاف ، بدائع الصنائع :۵/۲۳۸ ، حاشية الدسوقي: ۳/۱۴۷ ، مغني المحتاج : ۲/٦۵ ، كشاف القناع :۳/۲۴۲)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " التقابض في الفقه الإسلامي " : العيب الذي يحدث في المبيع ، وهو في يد البائع بعد العقد وقبل القبض ، حكمه حكم العيب القديم الذي يوجب الرد .

(ص/۷۴ ، المبحث الثالث ، درر الحكام شرح مجلة الأحكام : ۱/۳۴٦ ، المادة : ۳۴۰)

کرنسی نوٹوں کی حیثیت

مسئلہ (۲۱۳): ہمارے نزدیک کرنسی نوٹوں کی حیثیت ثمنِ خلقی کی طرح ہے، لہٰذا اس اعتبار سے کرنسی کی، کرنسی سے بیع کے دو اصول ہیں:

(۱) جب ایک ملک کی کرنسی کا تبادلہ اسی ملک کی کرنسی سے کیا جائے تو نہ کمی و بیشی جائز ہے نہ ادھار، بلکہ برابر سرابر نقدا نقدی ضروری ہے۔(۱)

(۲) دو ملک کی کرنسیاں دو مختلف اَجناس ہیں، اس لیے ان کے باہمی تبادلہ میں کسی خاص قیمت کی پابندی ضروری نہیں، گورنمنٹ یا بینک کے مقررہ نرخ سے کمی و بیشی کے ساتھ باہمی رضامندی سے خرید و فروخت ہو سکتی ہے، البتہ یہ بات ضروری ہے کہ دونوں طرف سے نقد لین دین ہو، اگر ایک طرف سے نقد اور دوسری طرف سے ادھار ہو، تو یہ جائز نہیں ہے، کیوں کہ یہ بیعِ صرف ہے، جس میں دونوں طرف سے نقد معاملہ ضروری ہے۔(۲)

اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا کا دوسرا فقہی سیمینار جو ۸ر تا ۱۱ر دسمبر ۱۹۸۹ء، مطابق ۸ر تا ۱۱ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ، میں منعقد ہوا تھا، اس کے عناوین میں سے ایک عنوان ''کرنسی نوٹوں کی شرعی حیثیت'' بھی تھا، اس سیمینار میں کرنسی نوٹوں کے متعلق جو تجاویز منظور ہوئی تھیں، وہ درج ذیل ہیں:

۱- کرنسی نوٹ سند و حوالہ نہیں بلکہ ثمن ہے، اور اسلامی شریعت کی نظر میں کرنسی نوٹوں کی حیثیت زرِ اصطلاحی و قانونی کی ہے۔(۳)

۲- عصر حاضر میں نوٹوں نے ذریعۂ تبادلہ ہونے میں مکمل طور پر زرِ خلقی (سونا چاندی) کی جگہ لے لی ہے، اور باہمی لین دین نوٹوں کے ذریعہ انجام پاتا ہے، اس لیے کرنسی

نوٹ بھی احکام میں ثمنِ حقیقی کے مشابہ ہے، لہٰذا ایک ملک کی کرنسی کا تبادلہ اسی ملک کی کرنسی کے ساتھ کمی وبیشی کے ساتھ نہ تو نقد جائز ہے نہ ادھار۔(۴)

۳- دو ملک کی کرنسیاں دو اجناس ہیں، اس لیے ایک ملک کی کرنسی کا تبادلہ دوسرے ملک کی کرنسی سے کمی وبیشی کے ساتھ حسبِ رضاءِ فریقین جائز ہے۔(۵)

۴- کرنسی نوٹوں پر زکوٰۃ لازم ہے۔(۶)

۵- نوٹوں میں زکوٰۃ کا نصاب چاندی کے نصاب کی قیمت کے مساوی ہوگا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فقه وفتاوى البيوع " : وإذا اتحد جنس العملات ، كالذهب بالذهب ، والفضة بالفضة ، والريال السعودي مثلاً بالريال السعودي ، والمصري بالمصري ، وجب شيئان : التساوي في المقدار ، والتقابض في مجلس العقد ، فإن اختل الشرطان أو أحدهما كان رباً . (ص/۲۸٦ ، حكم تجارة العملة)

ما في " تكملة فتح الملهم " : إن المختار عندنا قول من يجعلها أثمانا اصطلاحية ، وحينئذٍ تجري عليها أحكام الفلوس النافقة سواء بسواء ، وقدمنا آنفاً أن مبادلة الفلوس بجنسها لا يجوز بالتفاضل عند محمد رحمه الله تعالى، وينبغي أن يفتى بهذا القول في هذا الزمان سداً لباب الربا ، وعليه فلا يجوز مبادلة الأوراق النقدية بجنسها متفاضلة ، ويجوز إذا كانت متماثلة ، والمماثلة ههنا تكون بالقيمة . (۱/۵۹۰ ، حكم أوراق النقدية)

(۲) ما في " فقه وفتاوى البيوع " : وإن اختلف جنس العملات ، كأن باع ذهباً بالفضة ، أو ريالاً سعودياً بجنيه مصري مثلاً ، وجب شيء واحد ، وهو التقابض في مجلس العقد ، وجاز التفاضل ، لقوله ﷺ : " الذهب بالذهب ، والفضة بالفضة ، مثلاً بمثلٍ ، سواء بسواء ، يداً بيدٍ ، فإن اختلف هذه الأجناس فبيعوا كيف شئتم ، إذا كان يداً بيد " . الحديث .

(ص/۲۸٦ ، حكم تجارة العملة)=

....

ما في " الهداية " : وإذا عدم الوصفان ، الجنس والمعنى المضموم إليه ، حلّ التفاضل والنسأ لعدم العلة المحرمة ، والأصل فيه الإباحة ، وإذا وجدا حرم التفاضل والنسأ لوجود العلة ، وإذا وجد أحدهما وعدم الآخر ، حلّ التفاضل وحرم النسأ .

(۱۰۴/۳ ، كتاب البيوع ، باب الربا)

(۳) ما في " شرح كتاب السير الكبير " : " الثابت بالعرف كالثابت بالنص " .

(۱/۱۲۰ ، باب ما يجب من طاعة الوالى وما لايجب، قواعد الفقه : ۷۴)

ما في " قواعد الفقه " : " العادة محكمة " . (ص/۹۰) . وفيه أيضًا : " إنما تعتبر العادة إذا اطّردت أو غلبت " . [ص/۶۲] . " استعمال الناس حجة يجب العمل بها " . (ص/۵۷)

(۴) ما في " تكملة فتح الملهم " : وبالجملة صارت هذه الأوراق اليوم كالنقود ويطلق عليها اسم النقد، والعملة في العربية والانكليزية والأردية .

(۱/۵۱۹ ، كتاب المساقاة والمزارعة ، حكم الأوراق المالية)

وما في " تكملة فتح الملهم " : إن المختار عندنا من يجعلها اثمانا اصطلاحية ، وحينئذ تجري عليها أحكام الفلوس النافقة سواء بسواء ، وقدمنا آنفا أن مبادلة الفلوس بجنسها لا يجوز بالتفاضل عند محمد رحمه الله ، وينبغي أن يفتى بهذا القول في هذا الزمان سداً لباب الربا ، وعليه فلا يجوز مبادلة الأوراق النقدية بجنسها متفاضلة ، ويجوز إذا كانت مماثلة ، والمماثلة ههنا أيضاً تكون بالقيمة لا بالعدد .

(۱/۵۸۹ ، كتاب المساقاة والمزارعة ، حكم الأوراق النقدية)

(۵) ما في " تكملة فتح الملهم " : وأما العملة الأجنبية من الأوراق فهي جنس آخر ، فيجوز مبادلتها ، فيجوز بيع ثلاث روبيات باكستانية بريال واحد سعودي .

(۱/۵۸۹ ، كتاب المساقاة والمزارعة)

ما في" الهداية " : وإذا عدم الوصفان ، الجنس والمعنى المضموم إليه حلّ التفاضل والنسأ لعدم العلة المحرمة ، والأصل فيه ..... وإذا وجدا ، حرم التفاضل والنسأ لوجود العلة ، وإذا وجد أحدهما وعدم الآخر ، حلّ التفاضل وحرم النسأ . (۱۰۴/۳ ، كتاب البيوع ، باب الربا)

(۶) ما في" شرح الفتح الرباني " : فالذي أراه حقاً وادين الله عليه ، ان حكم الورق المالي=

دمِ مسفوح کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۱۴): حلال جانوروں کا خون (دمِ مسفوح) جو ذبح کے وقت نکلتا ہے، اس کی خرید وفروخت جائز نہیں ہے۔(۱)

=كحكم النقدين في الزكاة سواء بسواء ، لأنه يتعامل به كالنقدين تماماً وإن مالكه يمكنه صرفه قضاء مصالحه به في أي وقت شاء ، فمن ملك النصاب من الورق المالي ومكث عنده حولاً كاملاً وجبت عليه زكاته . (۱/۱ ۲۵ ، آخر باب زكاة الذهب والفضة ، بحوالہ حاشیہ فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۲۴۸) (فتاوی رحیمیہ:۹/ ۲۰۷،اہم فقہی فیصلے:ص/۱۴)

ما في " رد المحتار " : وفي الشرنبلالي : الفلوس إن كانت اثماناً رائجة أو سلعاً للتجارة تجب الزكاة في قيمتها، وإلا فلا . (۳/۲ ۱ ۲ ، باب زكاة المال ، دارالكتاب ديوبند)

ما في " البحر الرائق " : إن الزكاة تجب في الغطارفة إذا كانت مائتين ، لأنها اليوم من دراهم الناس ، وإن لم تكن من دراهم الناس في الزمن الأول ، وإنما يعتبر في كل زمان عادة أهل ذلك الزمان . (۲/۷ ۹ ۳ ، كتاب الزكاة ، باب زكوٰة المال)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : بطل بيع ما ليس بمال كالدم المسفوح ، فجاز بيع كبد وطحال . (۷/۰ ۷ ۱ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

ما في " الهداية " : وإذا كان أحد العوضين أو كلاهما محرماً فالبيع فاسد كالبيع بالميتة والدم .... فنقول : البيع بالميتة والدم باطل ، وكذا لإنعدام ركن البيع ، وهو مبادلة المال بالمال ، فإن هذه الأشياء لا تعدّ مالاً عند أحد . (۳/ ۴۹ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

ما في " البحر الرائق " : لم يجز بيع الميتة والدم لإنعدام المالية التي هي ركن البيع فإنهما لا يعدّان مالاً عند أحد ، وهو من قسم الباطل . (۶/۵ ۱ ۱ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، كذا في فتاوى قاضيخان على هامش الهندية : ۲/۱۳۳ ، كتاب البيوع ، باب البيع الباطل ، كذا في مجمع الأنهر : ۳/۷۷ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

(فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۷۸،۷۹،کراچی)

آلاتِ موسیقی کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۱۵): اسلام میں موسیقی ناجائز اور حرام ہے، اس لیے وہ آلات جو محض موسیقی کے لیے استعمال ہوتے ہوں، اور بغیر کسی تغییر وتبدیلی کے ان سے موسیقی کا ہی کام لیا جاتا ہو، ان آلات کے، آلاتِ معاصی ہونے کی وجہ سے ان کی خرید وفروخت جائز نہیں ہوگی، کیوں کہ اس میں اعانت علی المعصیت ہے، جو شرعاً ممنوع ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوى ، ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما في " أحكام القرآن للجصاص ": قوله تعالى : ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوى﴾ ليقتضي ظاهره إيجاب التعاون على كل ما كان طاعة الله تعالى ، وقوله تعالى : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ نهى عن معاونة غيرنا على معاصي الله تعالى . (۲/ ۳۸۱)

ما في " الدر المنثور للسيوطي " : عن عبد الرحمن بن عوف رضي الله عنه أن رسول الله ﷺ قال : " إنما نهيت عن صوتين فاجرين : صوت عند نغمة لهو ولعب ، ومزامير الشيطان، وصوت عند مصيبة خدش وجوه ، وشقّ جيوب ورنة الشيطان " . (۵/ ۳۰۹)

ما في " البحر الرائق " : وكره بيع السلاح من أهل الفتنة ، لأنه إعانة على المعاصي ، قيّد بالسلاح لأن بيع ما يتخذ منه السلاح كالحديد ونحوه لا يكره ، لأنه لا يصير سلاحاً إلا بالصنعة ، نظيره بيع المزامير يكره . (۵/ ۲۴۰ ، كتاب السير ، باب البغاة)

ما في " رد المحتار " : قلت : وأفاد كلامهم أن ما قامت المعصية بعينه يكره بيعه تحريماً ، وإلا فتنزيهاً . نهر . قوله : (تحريماً) وظاهر كلامهم أن الكراهة تحريمية لتعليلهم بالإعانة على المعصية ، وقوله : (لأنه إعانة على المعصية) لأنه يقاتل بعينه بخلاف ما لا يقاتل به إلا بصنعه تحدث فيه كالحديد ، ونظيره كراهة بيع المعازف ، لأن المعصية تقام بها عينها .

(۶/ ۳۲۳ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة)=

شپمنٹ کے ذریعہ سامان کی منتقلی

مسئلہ (۲۱۶): شپمنٹ یعنی سامان کو جہاز کے ذریعہ امپورٹر کی طرف منتقل کرنے کے تین طریقے ہیں:

(۱)"F.O.B" (۲)"C.F" (۳)"C.I.F"

پہلے طریقے میں "ایکسپورٹر" کی صرف یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ سامان جہاز پر روانہ کرادے، آگے اس کا کرایہ اور دوسرے مصارف خود "امپورٹر" ادا کرتا ہے۔ اس صورت میں "شپنگ کمپنی" امپورٹر کی ایجنٹ ہوتی ہے، لہٰذا جس وقت شپنگ کمپنی اس سامان کی ڈیلیوری (قبضہ) لے گی، تو اس کا قبضہ "امپورٹر" کا قبضہ سمجھا جائے گا، اور اس سامان کا "رِسک" (ضمان) اسی وقت امپورٹر (خریدار) کی طرف منتقل ہوجائے گا۔

اگر دوسرے طریقے یعنی C.F کے طریقے سے مال روانہ کیا تو اس صورت میں اس سامان کو بھیجنے کا کرایہ "ایکسپورٹر" (بائع) ادا کرتا ہے۔ اس صورت میں تاجروں کے درمیان تو موجودہ "عرف" یہ ہے کہ C.F کی صورت میں بھی "شپنگ کمپنی" کو امپورٹر (خریدار) ہی کا ایجنٹ سمجھا جاتا ہے۔ اور اس "عرف" میں شرعاً کوئی حرج نہیں، یعنی اس دوسرے طریقے میں بھی جب کہ کرایہ

=ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً ، وتكون واجبةً إذا كان المقصد واجباً . (ص/۴۶) (فتاوی حقانیہ:۶/۴۶)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " الإعانة على محظور محظور " . (۲/۶۴۴)

''ایکسپورٹر'' ادا کررہا ہے، ''شپنگ کمپنی'' ہی کو ''امپورٹر'' کا ایجنٹ سمجھا جائے، لہٰذا جس وقت ''ایکسپورٹر'' نے وہ سامان شپنگ کمپنی کے حوالہ کردیا، اسی وقت اس سامان کا ضمان (رِسک) ''امپورٹر'' (خریدار) کی طرف منتقل ہوجائے گا۔

اگر تیسرے طریقے کے ذریعہ ہو، تو چوں کہ تیسرا طریقہ بھی دوسرے طریقے کی طرح ہے، صرف اتنا فرق ہے کہ اس میں ایکسپورٹر، امپورٹر کے لیے مال کا بیمہ کراتا ہے، اوراس بیمہ کا فائدہ بھی امپورٹر کو حاصل ہوتا ہے، ایکسپورٹر بیمہ کرانے اور مال جہاز پر چڑھانے کے بعد فارغ ہوجاتا ہے، لہٰذا اس کا حکم بھی دوسرے طریقے کی طرح ہوگا۔ گویا عرف عام کی وجہ سے FOB، CF، اور CIF تینوں طریقوں میں شپمنٹ کے بعد مال کا رِسک امپورٹر کی طرف شرعاً منتقل ہوجاتا ہے۔[1]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' الموسوعة الفقهية '' : ذهب جمهور الفقهاء إلى أن المبيع في البيع الصحيح في ضمان البائع ، حتى يقبضه المشتري . (۲۸/۲۳۸ ، الضمان في عقد البيع)

ما في '' البناية '' : فإن هلك المبيع في يده أي في يد الوكيل قبل حبسه هلك من مال المؤكل ، ولم يسقط الثمن ، لأن يده كيد المؤكل ، فإذا لم يحبس يصير قابضاً بيده أي حكماً ، والهلاك في يده كالهلاك في يد المؤكل ، فلا يبطل الرجوع ، ويقال : لأن المبيع أمانة في يد الوكيل ، لأنه قبضه للمؤكل . (۸/۲۹۵ ، كتاب الوكالة ، باب الوكالة بالبيع والشراء)

ما في '' الموسوعة الفقهية '' : الوكيل أمين ، وذلک لأنه نائب عن المؤكل في اليد والتصرف ، فكانت يده كيده، والهلاک في يده كالهلاک في يد المالک .

(۲۸/۲۵۰ ، الضمان في عقد الوكالة)

ما في '' نتائج الأفكار '' : فإن هلک في يده أي في يد الوكيل قبل حبسه ، أي قبل حبس=

ایگریمنٹ ٹوسیل کا حقیقی سیل میں تبدیل ہوجانا

مسئلہ (۲۱۷): ایکسپورٹر کوئی بھی سامان ایکسپورٹ کرتا ہے، تو پہلے وہ امپورٹر کی طرف سے اس کا آرڈر لیتا ہے، لیکن بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ امپورٹر کی طرف سے آرڈر کے وقت، وہ سامان ایکسپورٹر کے پاس موجود نہیں ہوتا، تو اگر ایکسپورٹر آرڈر دینے والی پارٹی کے ساتھ ایگریمینٹ ٹو سیل (وعدۂ بیع) کرلے، تاکہ یہ ایگریمینٹ ٹوسیل حقیقی سیل (بیع) میں تبدیل ہوجائے، تو اس کی دو صورتیں ہوسکتی ہیں:

(۱) جس وقت وہ مال تیار ہوکر ایکسپورٹر کے قبضہ میں آجائے، اس وقت وہ موبائل، فون، فیکس یا کسی اور ذریعہ سے ایک جدید آفر کریں، اور خریدار اس آفر کو قبول کرلے، اس وقت حقیقی بیع منعقد ہوجائے گی۔[۱]

(۲) بعض اوقات ایجاب وقبول کے بغیر محض چیز لینے اور دینے سے بھی حقیقی بیع منعقد ہوجاتی ہے، جس کو ''بیع تعاطی'' کہا جاتا ہے، چونکہ پہلے سے خریدار کے

= الوكيل المبيع هلک من مال المؤكل ، ولم يسقط الثمن ، أي لم يسقط عن المؤكل ، هذا لفظ القدوري ، يعني أن هلاک المبيع في يد الوكيل قبل حبسه إياه لا يسقط الرجوع على المؤكل ، لأن يده أي يد الوكيل كيد المؤكل، فإذا لم يحبسه أي الوكيل يصير المؤكل قابضاً بيده أي بيد المؤكل ، فالهلاک في يد الوكيل كالهلاک في يد المؤكل ، فلا يسقط الرجوع . (۸/۴۲ ، الوكالة في البيع ، الجوهرة النيرة : ۱/۲۴۳ ، كتاب الوكالة)

ما في '' جمهرة القواعد الفقهية '' : '' قبض الوكيل يقوم مقام قبض مؤكله '' .

(۲/۸۰۳ ، حرف القاف) (اسلام اور جدید معاشی مسائل:۳/۲۰۴)=

ساتھ وعدۂ بیع کا معاملہ ہو چکا ہے، اور جب وہ سامان تیار ہو کر ایکسپورٹر کے قبضہ میں آ گیا، اس وقت اس نے خریدار یعنی امپورٹر کی طرف روانہ کر دیا، تو جس وقت ایکسپورٹر وہ سامان شپنگ کمپنی کے حوالے کر دے، تو یہ حوالہ کر دینا بیع تعاطی کے طور پر ایجاب وقبول سمجھا جائے گا، اور بیع منعقد ہو جائے گی، اور بیع منعقد ہونے کے ساتھ ساتھ اس سامان پر خریدار کا قبضہ بھی ہو جائے گا، اس لیے کہ شپنگ کمپنی بحیثیت خریدار کے وکیل کے اس سامان پر قبضہ کرتی ہے، لہٰذا اس سامان کا ضمان (رسک) بھی خریدار (امپورٹر) کی طرف منتقل ہو جائے گا، اور حقیقی بیع منعقد ہو جائے گی۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " بدائع الصنائع " : أما ركن البيع فهو مبادلة شيء مرغوب بشيء مرغوب ، وذلک قد يكون بالفعل وقد يكون بالفعل ، أما القول فهو المسمى بالإيجاب والقبول في عرف الفقهاء .... أما بصيغة الماضي فهي أن يقول البائع : بعت، ويقول المشتري : اشتريت ، فيتم الركن ...... وكذا إذا قال البائع : خذ هذا الشيء بكذا، أو اعطيتكه بكذا ، أو هو لک بكذا ، أو بذلتكه بكذا ، وقال المشتري : قبلت أو أخذت أو رضيت أو هويت ونحو ذلک ، فإنه يتم الركن ، لأن كل واحد من هذه الألفاظ يؤدي معنى البيع، وهو المبادلة والعبرة للمعنى لا للصورة . (۳۱۸/۴)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : واصطلاحاً : التعاطي في البيع ، ويقال فيه أيضاً المعاطاة أن يأخذ المشتري المبيع ، ويدفع للبائع الثمن ، أو يدفع البائع للمبيع فيدفع له الآخر الثمن من غير تكلم ولا إشارة ...... اختلف الفقهاء في انعقاد البيع التعاطي ، فذهب الحنفية والمالكية والحنابلة ، وفي قول الشافعية إلى جواز البيع بالتعاطي ..... وبيع المعاطاة صورتان : الأولى ؛ أن يتم التعاطي من غير تكلم ولا إشارة من أحد الطرفين ، وهو جائز عند الحنفية والمالكية والحنابلة ، ورجح النووي الجواز بخلاف المذهب . (۱۹۸/۱۲)

ما في " الهداية " : فإن هلک المبيع في يده قبل حبسه ، هلک من مال المؤكل ، ولم يسقط الثمن ، لأن يده كيد المؤكل . (۱۸۲/۲ ، كتاب الوكالة ، رد المحتار : ۱۱/۴ ، نعمانيه)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " فعل الوكيل كفعل المؤكل " . [۸۰۰/۲] . " قبض الوكيل يقوم مقامه قبض مؤكله " . (۸۰۳/۲) (اسلام اور جدید معاشی مسائل:۲۰۳/۳)

ایکسپورٹ فائنانسنگ کے طریقے

مسئلہ (۲۱۸): ایکسپورٹر فائنانسنگ کے دوطریقے رائج ہیں:

(۱) پری شپمنٹ فائنانسنگ۔ (۲) پوسٹ شپمنٹ فائنانسنگ۔

۱- پری شپمنٹ فائنانسنگ کا طریقہ یہ ہے کہ ایکسپورٹر پہلے آرڈر وصول کرتا ہے، جب کہ اس کے پاس مال سپلائی کرنے کے لیے رقم نہیں ہوتی، آرڈر کی وصولیابی کے بعد وہ پہلے رقم کے حصول کی فکر کرتا ہے، اب اگر ایکسپورٹر چاہے کہ وہ غیر سودی طریقے سے کسی بینک یا مالیاتی ادارے سے پیسے حاصل کرے، تو اس کا طریقہ بہت آسان ہے، وہ یہ ہے کہ اس فائنانسنگ کو مشارکہ کی بنیاد پر عمل میں لایا جائے، اس لیے کہ ایکسپورٹر کے پاس معین طور پر آرڈر موجود ہے، اور آرڈر میں عام طور پر اس سامان کی قیمت بھی متعین ہوتی ہے کہ اس قیمت پر اتنا سامان فراہم کیا جائے گا، اور اس قیمت کی بنیاد پر بینک میں ایل سی (L.C) کھلی ہوئی ہے، اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس سامان کے فراہم کرنے پر اتنا نفع ملے گا، کاسٹ (خرچہ) بھی متعین ہوتا ہے، اس لیے کہ کاسٹ ہی کی بنیاد پر قیمت کا تعین کیا جاتا ہے، لہٰذا کاسٹ بھی تقریباً متعین ہے، قیمت بھی تقریباً متعین اور اس پر ملنے والا نفع بھی تقریباً متعین ہے، اب اگر کوئی بینک یا مالیاتی ادارہ اس خاص معاملہ (ٹرانزکشن) کی حد تک ایکسپورٹر کے ساتھ مشارکہ کرے، اور اس سے یہ کہے کہ ہم آپ کو سرمایہ فراہم کرتے ہیں، آپ آرڈر کے مطابق مال تیار کرکے امپورٹر کی طرف روانہ کردیں، اور امپورٹر کی طرف سے جو رقم آئے گی اور

جو نفع ہوگا، وہ اس تناسب کے ساتھ آپس میں تقسیم ہوگا، تو اس طرح بہت آسانی سے سود کے بغیر فائنانسنگ حاصل ہو جائے گی، البتہ مشارکہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ کچھ رقم ایکسپورٹر بھی لگائے، اور باقی رقم بینک یا مالیاتی ادارہ لگائے، لیکن اگر ایکسپورٹر اپنی طرف سے کوئی رقم نہ لگائے، بلکہ ساری رقم بینک یا مالیاتی ادارے کی ہو، تو اس صورت میں ''مضاربہ'' کا معاملہ کیا جاسکتا ہے، اس لیے کہ مضاربہ کے اندر ایک فریق کا سرمایہ ہوتا ہے، اور دوسرے فریق کا کام اور عمل ہوتا ہے، لیکن عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ ایکسپورٹر بھی اپنا کچھ نہ کچھ سرمایہ ضرور لگاتا ہے، اس لیے اس کو ''مشارکہ'' ہی کہا جائے گا، اور منافع کی شرح بھی باہمی رضامندی سے متعین کی جاسکتی ہے، بہر حال پری شپمنٹ فائنانسنگ میں بہت آسانی کے ساتھ ''مشارکہ'' کیا جاسکتا ہے۔ (۱)

۲- دوسرا طریقہ پوسٹ شپمنٹ فائنانسنگ (بل ڈسکاؤنٹنگ) کا ہے، اس میں یہ ہوتا ہے کہ ایکسپورٹر آرڈر کا مال روانہ کر چکا ہے، اور بل اس کے پاس موجود ہے، لیکن اس بل کی رقم آنے میں کچھ مدت باقی ہے، اور ایکسپورٹر کو فوری طور پر پیسوں کی ضرورت ہے، چنانچہ وہ یہ بل لے کر بینک کے پاس جاتا ہے، اور اس سے کہتا ہے کہ اس بل کی رقم تم مجھے ابھی دیدو، امپورٹر سے اس بل کی رقم وقت آنے پر تم وصول کر لینا، چنانچہ بینک اس بل میں سے کچھ کٹوتی کر کے باقی رقم ایکسپورٹر کو دے دیتا ہے، جس کو بل ڈسکاؤنٹنگ کہا جاتا ہے، مثلاً: ایک لاکھ روپئے کا بل ہے تو اب بینک اس میں سے دس فیصد کٹوتی کر کے، ۹۰/ ہزار روپئے ایکسپورٹر کو دیدیتا ہے، اور بعد میں امپورٹر سے بل کی پوری رقم ایک لاکھ

روپئے وصول کرلیتا ہے، پوسٹ شپمنٹ (بل ڈسکاؤنٹنگ) کا یہ طریقہ شریعت کے مطابق نہیں ہے، ناجائز ہے، اس لیے کہ اس میں سودی معاملہ پایا جارہا ہے، لہٰذا ایکسپورٹ فائنانسنگ کا یہ طریقہ ناجائز وحرام ہے۔[۲]

البتہ ''بل ڈسکاؤنٹنگ'' کے جواز کی دو صورتیں ہوسکتی ہیں، ایک یہ کہ جس ''ایکسپورٹر'' کا ''پوسٹ شپمنٹ فائنانسنگ'' کرنے کا ارادہ ہو، وہ شپمنٹ اور سامان بھیجنے سے پہلے بینک کے ساتھ ''مشارکہ'' کرلے، جس کی تفصیل اوپر گزری۔ دوسری صورت یہ ہے کہ ''ایکسپورٹر'' امپورٹر کو سامان بھیجنے سے پہلے وہ سامان بینک یا کسی مالیاتی ادارے کو ''ایل سی'' کی قیمت سے کم قیمت پر فروخت کردے، اور پھر بینک یا مالیاتی ادارہ ''امپورٹر'' کو ''ایل سی'' کی قیمت پر فروخت کردے، اور اس طرح دونوں قیمتوں کے درمیان جو فرق ہوگا، وہ بینک کا نفع ہوگا، مثلاً: ایل سی ایک لاکھ روپئے کھولی ہے، تو اب ''ایکسپورٹر'' بینک کو وہ سامان مثلاً؛ پچانوے ہزار روپئے میں فروخت کردے، اور بینک ''امپورٹر'' کو ایک لاکھ روپئے میں فروخت کرے، اور پانچ ہزار روپئے نفع کے بینک کو حاصل ہوجائیں گے، لیکن یہ دوسری صورت اسی وقت ممکن ہے جب کہ ابھی تک ''امپورٹر'' کے ساتھ ''حقیقی بیع'' نہیں ہوئی، بلکہ ابھی تک ''وعدۂ بیع'' (اگریمنٹ ٹو سیل) ہوا ہے، لہٰذا اگر ''امپورٹر'' کے ساتھ حقیقی بیع ہوچکی ہے، تو پھر یہ صورت اختیار کرنا ممکن نہیں۔ بہرحال اس طرح سے ایکسپورٹر کو اپنی لگائی ہوئی رقم فوراً وصول ہوجائے گی، اور اس کو مدت آنے کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔ البتہ بینکوں میں ''بل

ڈسکاؤنٹ“ کرنے کا جو طریقہ اس وقت رائج ہے، وہ شرعی لحاظ سے جائز نہیں۔
(اسلام اور جدید معاشی مسائل:۳/ ۲۰۹،۲۱۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : شركة ملک وهي أن يملک متعدد عيناً أو ديناً بإرث أو بيع أو غيرهما. (۶/۳۶۳)

ما في " الموسوعة الفقهية " : فشركة الأموال عقد بين اثنين فأكثر على أن يتجروا في رأس مال لهم ، ويكون الربح بينهم بنسبة معلومة ، سواء علم مقدار رأس المال عند العقد أم لا ، لأنه يعلم عند الشراء ، وسواء شرطوا أن يشتركوا جميعاً في كل شراء وبيع ، أم شرطوا أن ينفرد كل واحد بصفقاته أم أطلقوا ، وليس حتماً أن يقع العقد بلفظ التجارة ، بل يكفي معناها كأن يقول الشريكان ، اشتركنا في مالنا هذا على أن نشتري ونبيع ونقسم الربح مناصفة .
(۲۶/۳۶)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أحل الله البيع وحرم الربوا﴾ . (سورة البقرة : ۲۷۵)

ما في " التفسير المنير " : ﴿أحل الله البيع وحرم الربوا﴾ أي أن البيع لا يكون إلا لحاجة، وهو معاوضة لا غبن فيه، والربا محض استغلال لحاجة المضطر ، وليس له مقابل ولا عوض .... ومن عاد إلى أخذ الربا بعد تحريمه فقد استوجب العقوبة واستحق الخلود في نار جهنم ، والمراد بالخلود هنا المكث الطويل ، إذا كان الفاعل مؤمنا ، وعبّر به تغليظاً لفعله ، ثم نبه الله تعالى على أضرار الربا وتبديد أثره ، فالربا يذهب الله بركته ولا ينميه ولا يزيده في الحقيقة والواقع وإن زاد المال بسببه في الظاهر فهو إلى ضياع وفناء . (۲/۹۶)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن جابر قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه ، وقال : هم سواء " . (۲/۲۷) (اسلام اور جدید معاشی مسائل:۳/ ۲۰۸،۲۰۹)

ما في " فتح الملهم " : قوله : (وموكله) يعني الذي يؤدي الربا إلى غيره فإثم عقد الربا والتعامل به سواء في كل من الآخذ والمعطي ، ثم أخذ الربا أشد من الإعطاء لما فيه من التمتع بالحرام ، ولهذا جاز اعطاء ہ عند الضرورة الشديدة . (۷/۵۷۴)

ما في " رد المحتار " : هو لغة : مطلق الزيادة ..... فضل مال بلا عوض في معاوضة مال بمال . (۷/۳۰۱ ، البحر الرائق : ۷/۲۰۱)

سیمنٹ کی تصویردار جالی

مسئلہ (۲۱۹): سیمنٹ کی جالی میں ذی روح کی تصویر بنا کر بیچنا جائز نہیں ہے، البتہ غیر ذی روح کی تصویر بنا کر بیچنے کی اجازت ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن سعيد بن أبي الحسن قال : كنت عند ابن عباس إذ أتاه رجل فقال : يا عباس ! إني انسان ، إنما معيشتي من صنعة يدي ، وإني أصنع هذه التصاوير، فقال ابن عباس : لا أحدثك إلا ما سمعت رسول الله ﷺ يقول : " من صوّر صورة ، فإن الله معذّبه حتى ينفخ فيها الروح، وليس بنافخ فيها أبداً " . فربا الرجل ربوة شديدة واصفرّ وجهه ، فقال : ويحک ، إن أبيت إلا أن تصنع ، فعليک بهذا الشجر ، وكل شيء ليس فيه روح " . (۱/۲۹۶ ، باب بيع التصاوير)

ما في " عمدة القاري شرح البخاري " : وفيه إباحة تصوير ما لا روح له كالشجر ونحوه ، هو قول جمهور الفقهاء وأهل الحديث ، فإنهم استدلوا على ذلک بقول ابن عباس : فعليک بهذا الشجر ، الخ . (۱۲/۵۶ ، رقم الحديث : ۲۲۵۶)

وما في " عمدة القاري شرح البخاري " : وفي " التوضيح " : قال أصحابنا وغيرهم : تصوير صورة الحيوان حرام أشد التحريم ، وهو من الكبائر ، وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيرهم فحرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو دينار أو درهم أو فلس أو إناء أو حائط ، وأما ما ليس فيه صورة حيوان كالشجر ونحوه فليس بحرام ، وسواء كان في هذا كله ما له ظل وما لا ظل له . (۲۲/۱۱۰ ، كتاب اللباس ، باب عذاب المصورين)

ما في " شرح مسلم للنووي " : قال أصحابنا وغيرهم من العلماء : تصوير صورة الحيوان حرام شديد التحريم وهو من الكبائر ، لأنه متوعد عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور في الأحاديث ، وسواء صنعه بما يمتهن أو بغير، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى ، وسواء ما كان في ثوب أو بساط أو درهم أو فلس أو دينار أو إناء أو حائط أو غيرها ، وأما تصوير صورة الشجر ورحال الإبل ، وغير ذلک مما ليس فيه صورة حيوان،=

حق تصنیف کو خاص کرنا

مسئلہ (۲۲۰): تصنیف مصنف کی دن رات کی محنتوں کا نچوڑ ہوتی ہے، جس سے مصنف کچھ مادی نفع کا بھی امیدوار ہوتا ہے، اورحقِ تصنیف کو محفوظ نہ کرنے کی صورت میں مصنف کو ضرر لاحق ہوتا ہے، اس لیے دفعِ ضرر کے خاطر حق تصنیف کو خاص کرنا جائز ہے، اوراگر مصنف اپنے حق تصنیف کو بیچنا چاہے تو بیچ بھی سکتا ہے، کیوں کہ صحتِ بیع کے لیے مبیع کا قابلِ ادّخار ہونا ضروری ہے، اور احراز وتحفظ قانوناً رجسٹریشن کرانے سے ہوجاتا ہے۔ (۱)

=فليس بحرام ، هذا حكم نفس التصوير ، وأما اتخاذ المصور فيه صورة حيوان فإن كان معلقاً على حائط أو ثوباً ملبوساً أو عمامة ونحو ذلک مما لا يعدّ ممتهنا فهو حرام .

(۲۱۰/۷ ، باب تصوير صورة الحيوان ، مرقاة المفاتيح : ۳۲۳/۸ ، رد المحتار : ۳۶۰/۲ ، كتاب الصلوٰة ، مطلب إذا تردد الحكم بين السنة والبدعة كان ترک السنة أولى ، البحر الرائق : ۴۸/۲ – ۴۹ ، فصل ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

(احسن الفتاوی: ۴۱۷/۸-۴۳۹، رسالہ نذیرالعریان عن عذاب صورۃ الحیوان)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أسمر بن مضرس قال : أتيت النبي ﷺ فبايعته فقال : "من سبق إلى ما لم يسبقه إليه مسلم فهو له " . وفي نسخة : " إلى ما لم يسبقه " .

(ص/۴۳۷ ، بذل المجهود : ۳۱۶/۱۰)

ما في " بحوث في قضايا فقهية معاصرة " : وإن كان العلامة المناوي رحمه الله تعالى رجّح أن هذا الحديث واردٌ في سياق احياء الموات ، ولكنه نقل عن بعض العلماء أنه يشمل كل عين وبئر ومعدن ، ومن سبق لشيء منها فهي له ، ولا شکّ أن العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب . (ص/۱۲۳ ، حق الابتكار وحق الطباعة)=

....

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي الأشباه : لا يجوز الاعتياض عن الحقوق المجردة كحق الشفعة ، وعلى هذا لا يجوز الاعتياض عن والوظائف بالأوقاف ..... المذهب عدم اعتبار العرف الخاص ، لكن أفتى كثير باعتباره ، وعليه فيفتى بجواز النزول عن الوظائف بمال . (در مختار) .
(۳۳/۷ ، ۳۴ ، ۳۵ ، كتاب البيوع ، مطلب في الاعتياض عن الوظائف والنزول عنها ، ومطلب في النزول عن الوظائف بمال ، ط : بيروت)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : والمؤلف قد بذل جهداً كبيراً في اعداد مؤلفه ، فيكون أحق الناس به ، سواء فيما يمثل الجانب المادي ، وهو الفائدة المادية التي يستفيدها من علمه ، أو الجانب المعنوي وهو نسبة العمل إليه ، ويظل هذا الحق خالصاً دائماً له ، ثم لورثته لقول النبي ﷺ فيما رواه البخاري وغيره : " من ترك مالاً أو حقاً فلورثته " . (۲۸۶۱/۴)

ما في " بحوث في قضايا فقهية معاصرة " : ومقتضى ذلك أن يجوز النزول عن حق الابتكار أو حق الطباعة لرجل آخر بعوض يأخذه النازل ، ولكن هذا إنما يتأتى في أصل حق الابتكار وحق الطباعة ، أما إذا قرن هذا الحق بالتسجيل الحكومي الذي يبذله المبتكر من أجله جهده وماله ووقته ، والذي يعطي هذا الحق مكانة قانونية تمثلها شهادة مكتوبة بيد المبتكر ، وفي دفاتر الحكومة ، وصارت تعتبر في عرف التجار ما لاً متقوماً ، فلا يبعد أن يصير هذا الحق المسجل ملحقاً بالأعيان والأموال بحكم هذا العرف السائر ، وقد أسلفنا أن للعرف مجالا في ادراج بعض الأشياء في حكم الأموال والأعيان ، لأن المالية كما حكينا عن ابن عابدين رحمه الله تعالى تثبت بتموّل الناس ، وإن هذا الحق بعد التسجيل يحرز أحد الأعيان ويدّخر لوقت الحاجة ادخار الأموال ، وليس في اعتبار هذا العرف مخالفة لأي نص شرع من الكتاب أو السنة ، وغايته أن يكون مخالفاً للقياس ، والقياس يترك للعرف ، ونظراً إلى هذه النواحي أفتى جمع من العلماء المعاصرين بجواز هذا الحق ، أذكر منهم علماء القارة الهندية مولانا الشيخ فتح محمد اللكنوي ، تلميذ الإمام عبد الحي اللكنوي ، والعلامة الشيخ المفتي محمد كفايت الله ، والعلامة الشيخ نظام الدين مفتي دار العلوم بديوبند ، وفضيلة الشيخ المفتي عبد الرحيم اللاجفوري . (ص/۱۲۳) (فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۱۸۶، نظام الفتاوی:۱/ ۱۲۸، فتاوی رحیمیہ:۹/ ۲۱۹، جدید فقہی مسائل:۴/ ۱۷۸، فقہی مقالات:۱/ ۲۲۴-۲۲۹)

کمیشن پر اسٹامپ پیپر بیچنا

مسئلہ (۲۲۱): لائسنس دار جو اسٹامپ خزانہ سے بیچنے کے لیے لاتے ہیں، ان کو ایک روپئے پر تین پیسے کمیشن کے طور پر ملتے ہیں، اور قانوناً ان کو ہدایت ہوتی ہے کہ وہ ایک روپیہ تین پیسے سے زائد میں اسٹامپ کو نہ بیچیں، لیکن وہ ایک روپیہ تین پیسے سے زائد میں اسٹامپ فروخت کرتے ہیں، جب کہ درحقیقت یہ بیع نہیں ہے، بلکہ معاملات طے کرنے کے لیے جو عملہ درکار ہے، اس عملہ کے مصارف اہلِ معاملات سے بایں صورت لیے جاتے ہیں کہ انہی کے نفع کے لیے اس عملہ کی ضرورت پڑتی ہے، اس لیے اس کے مصارف کا ذمہ دار انہیں کو بنانا چاہیے، اور لائسنس دار بھی مصارف پیشگی داخل کر کے اہل معاملہ سے وصول کرنے کی اجازت حاصل کر لیتا ہے، اور اس جلدی ادا کر دینے کے صلے میں اس کو کمیشن ملتا ہے، پس یہ شخص عدالت کا وکیل ہے، مبیع کا ثمن لینے والا نہیں، اس لیے مؤکل (عدالت) کے خلاف کر کے زائد وصول کرنا حرام ہوگا۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فابعثوا أحدكم بورقكم هذهٓ إلى المدينة﴾ . (الكهف : ۱۹)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : هذا يدل على صحة الوكالة ، وهوعقد نيابة أذن الله فيه للحاجة إليه ، وقيام المصلحة به ، إذ يعجز كل واحد عن تناول أموره لا بمؤنة من غيره .... ويصح أن يؤكل الحاكم من يحجز ، وينفذ سائر الأحكام عنه ، والخيانات لا يصح التوكيل فيها لهذه الآية من أنها باطل وظلم .

(۳/ ۱۲۳۰ ، أحكام القرآن للجصاص : ۳/ ۲۷۷ ، قبل باب الاستثناء في اليمين)=

گنا کھیت سے نکلنے سے قبل ہی بھاؤ تاؤ

مسئلہ (۲۲۲): کچھ علاقوں میں کولہو والے اس طرح کا معاملہ کرتے ہیں، مثلاً: اگر گنے کا بھاؤ دس روپئے کوئنٹل چل رہا ہے، تو وہ گیارہ بارہ روپئے کوئنٹل کے حساب سے پچاس یا سو کوئنٹل کا محض سودا کرلیتے ہیں، پھر چاہے گنے کبھی تک ڈالے جائیں، اور بھاؤ کچھ بھی ہو، اس میں کبھی تو بھاؤ چڑھ کر کولہو والوں کو فائدہ ہوتا ہے اور کبھی بھاؤ کم ہوکر کسانوں کو فائدہ ہوتا ہے، وہ لوگ ایسا کرنے کو بونڈ کہتے ہیں، تو یہ صورت بیع

=ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : " وكلني النبي ﷺ بحفظ زكاة رمضان " الحديث . (ص۳۰۴ ، كتاب الوكالة ، باب إذا وكل رجل رجلاً فترك الوكيل شيئًا ، رقم الحديث : ۲۳۱۱ ، بيروت)

ما في " فتح الباري " :قال المهلب : مفهوم الترجمة أن المؤكل إذا لم يجز ما فعله الوكيل مما لم يأذن له فيه ، فهو غير جائز . (۴/۶۰۰)

ما في " شرح ابن بطال " : ففهم من ذلک الحديث أن من وكل على حفظ شيء ، أو اؤتمن على مال ، فأعطى منه شيئاً لأحد انه لا يجوز . (۶/۳۶۹ ، كتاب الوكالة)

ما في " رد المحتار " : (التوكيل صحيح) بالكتاب والسنة (وهو إقامة الغير مقام نفسه) ترفهاً أو عجزًا (في تصرف جائز معلوم) . (۸/۲۱۰ . ۲۱۳ ، كتاب الوكالة)

ما في" الفتاوى الهندية " : أما معناها شرعاً : فهو إقامة الإنسان غيره مقام نفسه في تصرف معلوم ..... (وأما حكمها) فمنه قيام الوكيل مقام المؤكل فيما وكله به .

(۳/۵۶۰ . ۵۶۶ ، كتاب الوكالة ، الباب الأول في بيان معناها شرعاً وركناً)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما الوكيل بالبيع لا يخلو إما أن يكون مطلقاً ، وإما أن يكون مقيداً، فإن كان مقيداً يراعى فيه القيد بالإجماع .

(۵/۲۶ ، كتاب الوكالة ، فصل أما بيان حكم التوكيل)

ما في" جمهرة القواعد الفقهية ": " الوكيل قائم مقام مؤكله فيما وكله فيه " . (۲/۹۸۸)

(جدید مسائل کا حل:ص/۲۶۲،امداد الفتاوی:۳/۱۱۳)

نہیں ، بلکہ وعدۂ بیع ہے، اگر طرفین اس وعدہ کو پورا کریں تو بہتر ہے، پورا کرنا چاہیے [۱]، ہاں! اگر پہلے سے وعدہ پورا کرنے کا ارادہ تھا، لیکن کسی عذر کی وجہ سے پورا نہ کرسکا تو گنہگار نہ ہوگا [۲]، پھر جس وقت گنا تول کر مقررہ بھاؤ دیدیا جائیگا، بیع درست ہوجائے گی۔ [۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوا أوفوا بالعقود﴾ . (سورة المائدة : ۱)

ما في " التفسير المنير " : ﴿أوفوا بالعقود﴾ أي العهود التي عقدتموها بينكم وبين الله ، أو بينكم وبين الناس ، وهي التكاليف التي ألزمكم الله بها والتزمتموها ...... الأمر بالوفاء بالعقد التي يتعاقد بها الناس ...... فيلزم دفع أثمان المبيعات .... يدل على لزوم العقد وثبوته . (۳/۴۱۵ . ۴۱۹)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وعن الحسن قال : يعني عقود الدين ، واقتضى أيضاً الوفاء بعقود البياعات والإجارات والنكاحات ، وجميع ما يتناوله إسم المعقود . (۲/ ۳۷۱ ، شرط انعقاد البر)

ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن أبي الحسماء ، قال : " بايعت النبي ﷺ بمبيع قبل أن يبعث وبقيت له بقية ، فوعدته أن آتيه بها في مكانه ، فنسيت ، فذكرت بعد ثلاث ، فجئت فإذا هو في مكانه ، فقال : " يا فتى ! لقد شققتَ عليَّ ، أنا ههنا منذ ثلاث انتظرک " .

(ص/ ۶۸۲ ، كتاب الأدب ، باب في العدة ، رقم الحديث : ۴۹۹۶ ، عون المعبود : ص/۴۴/ ۲۱۴)

ما في " مختصر القدوري " : البيع ينعقد بالإيجاب والقبول إذا كانا بلفظ الماضي ، وإذا أوجب أحد المتعاقدين البيع فالآخر بالخيار . (ص/ ۱۷ ، كتاب البيوع)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : قال رسول الله ﷺ : " إذا وعد الرجل أخاه ، ومن نيته أن يفي له ، فلم يف ولم يجيء للميعاد ، فلا إثم عليه " . (۳/۴۵۰ ، كتاب الإيمان ، باب ما جاء علامة المنافق ، بيروت)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قوله : (فلم يف) أي بعذر ...... ومفهومه أن من وعد وليس من نيته أن يفي ، فعليه الإثم ، سواء وفىٰ به أو لم يف ، فإنه من أخلاق المنافقين .

(۹/ ۱۰۳ ، كتاب الأدب ، باب الوعد ، رقم الحديث : ۴۸۸۱)=

تصویر دار برتنوں کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۲۳): ایسے برتن جن پر تصاویر ہوں ان کو خریدنا جائز ہے، اس لیے کہ مقصود برتنوں کو استعمال کرنا ہے، تصاویر مقصود نہیں ہیں، ہاں! خریدنے کے بعد تصاویر کے ساتھ ان کا استعمال ممنوع ومکروہ ہے[۱]، اس لیے ان تصاویر کو محو کردیں۔[۲]

=(۳) ما في " رد المحتار " :(هو مبادلة شيء مرغوب فيه بمثله على وجه) مفيد (مخصوص) أي بإيجاب أو تعاط ..... (فالإيجاب ما يذكر أولا من كلام المعاقدين) والقبول ما يذكر ثانيا من الآخر (الدال على التراضي) قيد به اقتداءً بالآية ، وبياناً للبيع الشرعي .
(۲۱۳/۷ ، كتاب البيوع)(جدید مسائل کا حل:ص/۲۴۹،۲۵۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " أتاني جبريل ، فقال لي : أتيتک البارحة فلم يمنعني أن أكون دخلت إلا أنه كان على الباب تماثيل ، وكان في البيت قرام ستر فيه ثماثيل ، وكان في البيت كلب ، فمُر برأس التمثال الذي في البيت يقطع ، فيصير كهيئة الشجرة ، ومُر بالستر فليقطع فليجعل منه وسادتين منبوذتين توطأن ..." . الحديث . (ص/۵۷۳ ، رقم الحديث : ۴۱۵۸ ، كتاب اللباس ، باب في الصور)
ما في " عون المعبود " : فأما الصورة فهو كل ما تصورت من الحيوان ، سواء في ذلک الصور المنصوبة القائمة التي لها أشخاص ، وما لا شخص له من المنقوشة في الجدر .
(ص/۱۷۷۷ ، كتاب اللباس ، باب في الصور)
ما في " عارضة الأحوذي " : فإنه غير جائز في شرعنا قطعاً ..... ونظرنا قول النبي ﷺ لعائشة في الثوب المصور : " أخّريه عني فإني كلما رأيته ذكرت الدنيا " . واستفدنا أنه قول يقتضي الكراهة . (۱۰/۱۸۴ ، كتاب الأدب ، باب ما جاء أن الملائكة لا تدخل بيتاً فيه صور)
ما في " رد المحتار " : وظاهر كلام النووي في " شرح مسلم " : الإجماع على تحريم تصوير الحيوان ، وقال : وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو درهم وإناء وحائط وغيرها . =

بیرون ممالک سے مال لانا

مسئلہ (۲۲۴): اگر کوئی شخص باعزت طریقے سے بیرون ملک سے حلال مال لا رہا ہو، اور اُسے خطرہ سے محفوظ رہنے کا پورا یقین بھی ہو، تو اس کا یہ عمل فی نفسہ جائز ہے، لیکن اگر قانون کی خلاف ورزی کی وجہ سے عزتِ نفس و مال دونوں کا خطرہ ہو، تو ایسا خطرہ مول لینے سے بچنا چاہیے، کیوں کہ شریعت عزتِ نفس و مال دونوں کی حفاظت کا حکم دیتی ہے۔ (۱)

=(۲/۰ ۳۶ ، کتاب الصلاة ، مطلب إذا تردّد الحکم بین سنة وبدعة کان ترک السنة أولیٰ)
ما في " منحة الخالق علی البحر الرائق " :(وتکره التصاویر علی الثوب) ویمکن أن یقال : لیس مراد الخلاصة تصویر التصاویر ، بل استعمالها أي استعمال الثوب .
(۲/۴۷ ، کتاب الصلاة ، باب ما یفسد الصلاة وما یکره فیها ، کذا في البحر الرائق : ۲/۴۸، کتاب الصلاة ، باب ما یفسد الصلاة وما یکره فیها)
ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجیم " : " الأمور بمقاصدها " . (۱/۱۳ ۱ ، القاعدة الثانیة)
(کذا في قواعد الفقه:ص/۲ ۶ ، القاعدة : ۱ ۵)
(۲) ما في " عون المعبود " : وقال الخطابي في " معالم السنن " : فیه دلیل علی أن الصورة إذا غیرت ، بأن یقطع رأسها أو تحل أوصالحها ، حتی یغیر هیئتها عما کانت لم یکن بها بعد ذلک بأس . (ص/۹ ۷۷ ۱ ، کتاب اللباس، باب في الصور ، رد المحتار : ۲/۱ ۳۶ ، الصلاة ، مطلب إذا تردّد الحکم بین سنة وبدعة)(جدید مسائل کا حل:ص/ ۱۹۸، فتاوی رشیدیہ:ص/۴۹۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿لا یحب الله الجهر بالسوء من القول إلا من ظلم﴾ .
(سورة النساء : ۱۴۸)
ما في " التفسیر المنیر " : والشکوی علی الظالم أمر مطلوب شرعاً ، إذ لا یحب الله لعباده أن یسکتوا علی الظلم ، أو أن یخضعوا للضیم ، أو أن یقلبوا المهانة ، ویسکتوا علی الذل،=

....

=روى الإمام أحمد : " إن لصاحب الحق مقالاً " . وهذا من قبل ارتكاب أخف الضررين ودفع أعظم الشرين . (۳۵۲/۳)

ما في " روح المعاني " :واستدل بالآية على تحريم الإقدام على ما يخاف منه تلف النفس ، وجواز الصلح مع الكفار والبغاة إذا خاف الإمام على نفسه ، أو على المسلمين . (۱۱۸/۳)

ما في " فتح القدير للشوكاني " : فكل ما صدق عليه تهلكة في الدين أو الدنيا فهو داخل في هذا . (۱۵۸/۱)

ما في " مشكوٰة المصابيح " : عن أنس رضي الله عنه ، أن رجلاً قال للنبي ﷺ : أوصيني ، فقال : " خذ الأمر بالتدبير ، فإن رأيت في عاقبته خيراً فامضه ، وإن خفت غيا فامسک " .

(۱۴۰۴/۳ ، الجامع الصغير : ۲۳۶/۳ ، رقم الحديث : ۳۸۸۵)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (خذا الأمر) أي الذي تريد أن تفعله (بالتدبير) ..... أي بالتفكر في دبره ، والتأمل في مصالحه ومفاسده ، والنظر في عاقبة أمره (فإن رأيت في عاقبته خيراً) أي نفعاً دنيوياً أو أخرويًا، (وإن خفت) أي رأيت بقرينة (فأمسک) أي كفّ عنه واتركه .

(۳۵۵/۹ ، كتاب الآداب ، باب الحذر والتأني في الأمور)

ما في" الدر المختار مع الشامية " : (افترض عليه اجابته) لأن طاعة الإمام فيما ليس بمعصية فرض . (۳۱۹/۶ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، مطلب في وجوب طاعة الإمام)

ما في " شرح المجلة " :درء المفاسد أولى من جلب المنافع ، أي إذا تعارض مفسدة ومصلحة قد دفع المفسدة ..... إن الرجل يمنع من التصرف في ملكه إذا كان تصرفه يضر بجاره ضرراً فاحشاً ، لأن درء المفاسد عن جاره أولى من جلب المنافع لنفسه . (۳۲/۳)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " :درء المفاسد أولى من جلب المصالح ، فإذا تعارضت مفسدة ومصلحة قدم دفع المفسدة غالباً .

(۳۲۲/۱ ، الفن الأول ، القاعدة الخامسة : الضرر يزال)

(جدید مسائل کا حل:ص/ ۱۶۸)

ٹیکس کی قیمت ملا کر خرید وفروخت

مسئلہ (۲۲۵): موجودہ دور میں حکومت کی طرف سے عائد کردہ سیلز ٹیکس یا دیگر ٹیکس چوں کہ جائز حدود سے نکل کر ظلم وتعدی کے دائرے میں داخل ہے، اور اس میں کسی امیر یا غریب کی تمیز بھی نہیں ہے، شرحِ ٹیکس بھی اتنی زیادہ ہے کہ دینے والا اس کی ادائیگی سے عاجز ہو جاتا ہے، اور سیلز ٹیکس بالکل اسی رقم کی طرح ہے جو راستے میں تاجروں سے ظلماً وجبراً وصول کی جاتی ہے [1]، اس لئے مشتری کو قیمت خرید بتاتے وقت، اس میں ٹیکس کا اضافہ ضم کرنے میں خیانت کا پہلو غالب ہو جاتا ہے، تاہم اگر بائع مشتری کو قیمت خرید بتائے بغیر جملہ ٹیکسوں کا حساب کر کے اس سے کسی قیمت پر اتفاق کر لے، تو کوئی حرج نہیں۔ [2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : لا يضمّ أجر الطبيب ..... وما يؤخذ في الطريق من الظلم إلا إذا جرت العادة بضمه . (۷/۲۶۶)

ما في " الفتاوى الهندية " : وكذا لا يضم أجرة الطبيب .... وما يؤخذ في الطريق من الظلم لا يضم إلا في موضع جرت العادة فيه بينهم بالضم ، كذا في النهر الفائق .

(۳/۱۶۲ ، البحر الرائق : ۶/۱۸۳ ، كذا في النهر الفائق : ۳/۴۵۷)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " :ويجوز أن يضم إلى رأس المال أجر القصار ..... والأصل أن عرف التجار معتبر في بيع المرابحة ، فما جرى العرف بإلحاقه برأس المال يلحق به ، وما لا فلا ، كذا في الكافي . (۳/۱۶۱ ، ۱۶۲ ، النهر الفائق : ۳/۴۵۶ ، البحر الرائق : ۶/۱۸۲ ، رد المحتار : ۷/۲۶۴ ، ۲۶۵ ، باب المرابحة والتولية)

(فتاوی حقانیہ: ۶/۱۴۰، جدید مسائل کا حل: ص/۲۴۴)

اضافی اخراجات قیمت خرید میں ملانا

مسئلہ (۲۲۶): آج کل حکومت کے عائد کردہ ،ضلع ٹیکس، پل ٹیکس، راہداری اورمحصول چونگی وغیرہ ظالمانہ اور جابرانہ صورت اختیار کر چکے ہیں، ان اضافی اخراجات کا مبیع کی قیمتِ خرید میں ملانا یا نہ ملانا تاجروں کی عادت اورعرف پر موقوف ہوگا، پس اگر تاجروں کی عادت اورعرف ملانے کی ہو،تو پھر ایسا کرنا جائز ہے، ورنہ اضافی اخراجات کا اصل قیمت میں ملانا جائز نہیں ہے۔[۱]

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : قال العلامة علاء الدين الحصكفي : لا يضمّ أجر الطبيب ، ..... وما يؤخذ في الطريق من الظلم إلا إذا جرت العادة بضمه ، هذا هو الأصل .

(۲٦۵/۷ ، باب المرابحة والتولية)

ما في " البحر الرائق " : قال العلامة ابن نجيم المصري : والذي يؤخذ في الطريق من الظلم لا يضمّ إلا في موضع جرت العادة فيه بينهم بالضمّ .

(۱۸۳/٦ ، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية)

ما في" الفتاوى الهندية " : لا يضم أجر الطبيب ..... وما يؤخذ في الطريق من الظلم إلا إذا جرت العادة بضمه . كذا في النهر الفائق .

(۱٦۲/۳ ، كتاب البيوع ، الباب الخامس في المرابحة التولية)

ما في " النهر الفائق " : لا تضم أجر الطبيب ..... وما يؤخذ في الطريق من الظلم إلا إذا جرت العادة بضمه . (۴۵۷/۳ ، كاب البيوع ، باب التولية) (فتاوی حقانیہ:۱۴۰/٦)

شراب کی خالی بوتلوں کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۲۷): شراب کی خالی بوتلیں اگر صرف شراب ہی کے لیے استعمال ہوتی ہوں، شراب کے علاوہ کسی اور کام میں استعمال نہ ہوتی ہوں، تو ان کو فروخت کرنا ایک اعتبار سے شراب فروخت کرنے والوں اور خریدنے والوں کی اعانت کرنا ہے، جوشرعاً ممنوع ہے۔(۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " :﴿وتعاونوا علی البرّ والتقوی ، ولا تعاونوا علی الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما في " التفسیر لإبن کثیر " : یأمر تعالی عباده المؤمنین بالمعاونة علی فعل الخیرات وهو البر ، وترک المنکرات وهو التقوی ، وینهاهم عن التناصر علی الباطل ، والتعاون علی المآثم والمحارم . (۱/۴۷۸ ، سورة المائدة)

ما في " الجامع لأحکام القرآن للقرطبي " : وهو أمر لجمیع الخلق بالتعاون علی البر والتقوی، أي لیُعن بعضکم بعضًا ، وتحاثّوا علی أمر الله تعالی واعملوا به ، وانتهوا عما نهی الله عنه وامتنعوا منه . (۶/۴۶ ، سورة المائدة)

ما في " جواهر الفقه " : والثالث : بیع أشیاء لیس لها مصرف إلا في المعصیة ، فیتمحض بیعها وإجارتها وإن لم یصرح بها ، ففي جمیع هذه الصور قامت المعصیة بعین هذا العقد ، والعاقدان کلاهما آثمان بنفس العقد ، سواء استعمل بعد ذلک أم لا .

(۲/۴۴۸ ، تفصیل الکلام في مسئلة الإعانة علی الحرام ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۱۶/۱۳۲)

ما في " جامع الترمذي " : عن أنس بن مالک قال : " لعن رسول الله ﷺ في الخمرِ عشرةً : عاصِرَهَا ، ومُعْتَصِرَهَا، وشَارِبَهَا ، وحَامِلَهَا ، والمَحْمُوْلَةُ إلیْهِ ، وسَاقِیَهَا ، وبَائِعَهَا ، وآکِلَ ثَمَنِهَا ، والمُشْتَرِيُ لَهَا ، والمُشْتَرَاةُ لَه " .

(۲/۳۱۰ ، کتاب البیوع ، باب النهي أن یتخذ الخمر خلاً ، رقم الحدیث : ۱۲۹۵)=

درخت پر آموں کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۲۸): آموں کے پکنے سے پہلے انہیں فروخت کرنا جائز ہے، اور بیع ہوجانے کے بعد بائع کی اجازت سے، ان کا درخت پر چھوڑے رکھنا بھی جائز ہے۔(۱)

=ما في " مرقاة المفاتيح " : قال الطيبي : لعن من سعى فيها سعياً ما على ما عدد من العاصر والمعتصر ، وما أردفهما ، وإنما أطنب فيه ليستوعب من زاولها مزاولة بأي وجه كان .

(۲۳/۶ ، كتاب البيوع ، باب الكسب وطلب الحلال)

(فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۱۳۱،۱۳۲،۱۳۳، کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : ومن باع لم يبد صلاحها ، أو قد بدأ جاز البيع ، لأنه مال متقوم ، إما لكونه منتفعاً به في الحال أو في المآل ، وقد قيل لا يجوز قبل أن يبدو صلاحها ، والأول أصح، وعلى المشتري قطعها في الحال تفريغًا لملك البائع هذا اشتراها مطلقًا أو تركها بإذن البائع طاب له الفضل . انتهى ملخصًا . (۳۲/۳ ، كتاب الشركة)

ما في " تبيين الحقائق " : ومن باع ثمرة بدا صلاحها أو لا صحّ ، ويقطعها المشتري تفريغًا لملك البائع إذا اشتراها بشرط القطع ، ولو اشتراها مطلقًا وتركها بإذن البائع طاب له الفضل . (۲۹۵/۴، كتاب البيوع ، بيروت)

ما في " مجمع الأنهر " : ومن باع ثمرة بدا صلاحها أو لم يبد صحّ ، ويقطعها المشتري للحال .... فإن تراضيا على بقائه جاز .

(۴۷۷/۳ ، كتاب البيوع ، باب بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو اشتراها مطلقًا وتركها بإذن البائع طاب له الفضل .

(۱۰۶/۳ ، كتاب البيوع ، الباب التاسع فيما يجوز بيعه وما لا يجوز)

(فتاوی عبدالحی :ص/۲۷۴، مکتبہ تھانوی دیوبند)

بلا اجازت کسی کی تالیف شائع کرنا

مسئلہ (۲۲۹): اگر کسی مصنف ومؤلف یا مرتب نے اپنی کتاب پر ''حقوق الطبع محفوظۃ'' یا ''جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں'' لکھا ہو، تو دوسرے شخص کا بلا اجازتِ مصنف ومؤلف کتاب کو شائع کرنا جائز نہیں، کیوں کہ وہ مصنف ومؤلف یا مرتب کا حق ہے، جس میں اس کی اجازت کے بغیر تصرف درست نہیں۔ (۱)

مصنف ومؤلف کا مکتبہ والوں سے کتاب کے نسخے لینا

مسئلہ (۲۳۰): کسی شخص نے کوئی کتاب تالیف یا تصنیف کی، اپنے خرچ پر اس کی کتابت کرائی، خود ہی اس کی طباعت بھی کروائی، اب کوئی تاجرِ کتب اپنے خرچ سے اُسے دوبارہ طبع کرانا چاہتا ہے، تو مؤلف اسے اس شرط پر اس کی اجازت دیتا ہے کہ اس کتاب کی سو یا دوسو کاپیاں اصل لاگت پر اسے دی جائیں، اور اس کی دیگر تالیفات کے متعلق کچھ اشتہارات بھی کتاب کے آخر میں، یا کسی دوسرے مقام پر چھپوا دیئے جائیں، تو کتابت کی کاپی کا مالک چوں کہ مؤلف ہے، اور اس کے اجارہ کا عرف بھی عام ہو چکا

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' سنن أبي داود '' : حدثنا محمد بن بشار حدثني عبد الحميد بن عبد الواحد حدثني ام جَنوب بنت نميلة عن أمها سويدة بنت جابر عن أمها عقيلة بنت أسمرَ بن مضرِّس عن أبيها أسمر بن مضرّس قال : أتيت النبي ﷺ فبايعته فقال : '' من سبق إلى ما لم يسبقه إليه مسلم فهو له '' . قال : فخرج الناس يتعادَوْن يتخاطُّون .

(ص/۴۳۷ ، كتاب الخراج ، قبيل احياء الموات)

ما في '' قواعد الفقه '' : لا يجوز لأحد أن يتصرف فى ملك بغير إذنه .

(ص/۱۱۰ ، رقم قاعدة : ۲۷۰) (فقہی مقالات: ۱/۲۲۴)

ہے، لہٰذا اس کے استعمال کی اجرت کے طور پر تاجر سے کتاب کے کچھ نسخے لے سکتا ہے[۱]، البتہ اشتہارات کی شرط لگانا جائز نہیں۔[۲]

زائد ٹکٹ واپس کر کے پیسہ وصول کرنا

مسئلہ (۲۳۱): سفر کے ٹکٹ نکال لیے جانے کے بعد، کسی عذر سے اگر کسی فرد کا یا پوری جماعت کا ارادۂ سفر ملتوی ہو جائے، تو زائد یا پورے ٹکٹ کو واپس کر دینا اور اپنا پیسہ وصول کرنا درست ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وأما حق النشر أو التوزيع فيحكمه العقد أو الاتفاق الحاصل بين المؤلف والناشر أو الموزع ، فيجب على طرفي الاتفاق الالتزام بمضمونه من حيث عدد النسخ المطبوعة والمدة التي يسرى فيها الاتفاق . (۲۸۶۲/۴)

ما في " نوازل فقهية معاصرة " : وبيع حق التاليف والطبع والاختراع قد أجازه القانون الدولي ، وراجت في العالم كله عرفاً وعادةً ، ويقول سماحة الشيخ تقي العثماني حفظه الله مثبتاً أصله بالحديث الذي رواه أبو داود في كتابه : " من سبق إلى ما لم يسبقه مسلم فهو له " . فالحقيقة أن هذه الحقوق مباحة شرعًا ومنفعة ، وراج بيعها في العرف ، ولذلک يجوز بيعها ، وإن من الفقهاء والعلماء الكبار قد قالوا إلى جوازها، وبالأخص الشيخ المفتي محمد كفاية الله ، والمفتي عبد الرحيم لاجفوري والمفتي نظام الدين حفظهم الله من العلماء الهند وفقهائها. (ص/۲۹۸ ، شيخ محمد خالد سيف الله رحماني) (احسن الفتاویٰ:۳۱۷/۷، کتاب الاجارۃ)

(۲) ما في " التنوير الأبصار مع الدر والرد " : (و) لا (بيع بشرط) ..... (لا يقتضيه العقد ، ولا يلائمه، وفيه نفع لأحدهما أو) فيه نفع (لمبيع) هو (من أهل الاستحقاق) للنفع بأن يكون آدمياً . (۲۰۶/۷ ، ۲۰۷ ، كتاب البيوع ، مطلب في البيع بشرط فاسد)

الحجة على ما قلنا :

(۳) ما في " السنن لأبي داود " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ :=

پینشن کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۳۲): پینشن ایک قسم کا انعام ہے، جب تک ملازم کا اس پر قبضہ نہ ہو وہ اس کا مالک نہیں بنتا، اس لیے اس کی بیع جائز نہیں (۱)، البتہ خود حکومت سے اس کی بیع کرنا حقیقت میں بیع نہیں ہے، بلکہ صرف نام وصورت کی بیع ہے، کہ حقیقۃً حکومت نے جو بڑا انعام قسط وار دینے کا وعدہ کیا ہے، اب اسی کو کم مقدار میں یکمشت دے رہی ہے، اس لیے حکومت سے یہ معاملہ جائز ہے۔ (۲)

= " من أقال مسلمًا أقاله الله عثرته " . (ص/۴۹۰)

ما في " حاشية سنن أبي داود " : لكن إيراد المؤلف هذا الحديث في هذه الباب يدل على إقالة البيع وصورته إذا اشترى أحد شيئاً من رجل ثم ندم على اشترائه ، أما لظهور الغبن أو لزوال حاجته إليه أو لانعدام الثمن ، فردّ المبيع على البائع ، وقبل البائع ردّه ، أزال الله تعالى مشقته وعثرته يوم القيامة ، لأنه إحسان منه على المشتري . (رقم الحاشية/۵ ، ص/۴۹۰)

ما في " بذل المجهود " : معناه تبايع رجلان فندم واحد منهما فاستقال الآخر فقبل الآخر ، وأقال البيعة يعني قبل فسخها ، محا الله سبحانه ذنوبه . والعثرة ؛ الذلة . (۱۱/۱۷۶)

ما في" الهداية " : الإقالة جائزة في البيع بمثل الثمن الأول ، ولأن العقد حقهما فيملكان رفعه دفعاً لحاجتهما ، فإن شرط أكثر منه أو أقل ، فالشرط باطل ، ويرد بمثل الثمن الأول . (۶۹/۲ ، كذا في فتح القدير : ۴۴۸/۶ ، البحر الرائق : ۱۶۷/۶ ، منحة الخالق على البحر الرائق : ۱۶۸/۶ ، فتح باب العناية بشرح النقاية : ۳۵۱/۲ ، الجوهرة النيرة : ۲۷۷/۱ ، بدائع الصنائع : ۵۹۴/۴ ، الموسوعة الفقهية : ۳۲۷/۵ ، المختصر القدوري : ص/۸۰)

(جدید مسائل کا حل: ص/۲۸۴، امداد الفتاوی: ۴۰۳/۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن حكيم بن حزام قال : " نهاني رسول الله ﷺ أن أبيع ما ليس عندي " . (۲/۱)=

سانپ کے چمڑے کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۳۳): سانپ کا کچا چمڑا دباغت سے پہلے خریدنا اور بیچنا جائز نہیں، لیکن دباغت دینے کے بعد اس کی خرید وفروخت جائز ہے۔[1]

=ما في " بدائع الصنائع " : ومنها أن يكون مقدور التسليم عند العقد ، فإن كان معجوز التسليم عنده لا ينعقد . (۳۴۱/۴)

وما في " بدائع الصنائع " : ومنها القبض في بيع المشترى والمنقول ، فلا يصح بيعه قبل القبض . (۳۹۴/۴)

ما في " الفتاوى الهندية " : ومنها في المبيع ، وهو أن يكون موجوداً ، فلا ينعقد بيع المعدوم وما له خطر العدم كبيع نتاج النتاج والحمل ، وأن يكون مملوكاً في نفسه وأن يكون ملك البائع فيما يبيعه لنفسه . (۲/۳)

(۲) ما في " تكملة فتح الملهم " :والثالث قول مالک المشهور : والعرايا عنده أن يهب الرجل ثمرة نخلة ، أو نخلات من حائط لرجل بعينه ، ثم يتأذى بدخول الموهوب له في حائطه لمكان أهل بيته في الحائط ، فيجوز للواهب أن يشتري الثمار المعلقة من الموهوب له بخرصها تمراً . (۳۹۰/۷ ، العناية شرح الهداية على هامش فتح القدير : ۳۸۳/۶) (فتاویٰ محمودیہ:۱۱۴/۱۶، ۱۱۵، کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن النسائي " : قال رسول الله ﷺ : " أيما إهاب دُبغ فقد طهر " .(۱۶۹/۲)

ما في " الهداية " : قال : ولا بيع جلود الميتة قبل أن تدبغ ، لأنه غير منتفع به ، ولا بأس بيعها والانتفاع بها بعد الدباغ ، لأنه قد طهرت بالدباغ . (۴۶/۲ ، ۴۷)

ما في " الفتاوى الهندية " : وأما جلود السباع والحمر والبغال ، فما كانت مذبوحة أو مدبوغة جاز بيعها، وما لا فلا ، وهذا بناء على أن الجلود كلها تطهر بالذكاة أو بالدباغة ، إلا جلد الإنسان والخنزير . (۱۱۵/۳)

ما في " تبيين الحقائق " : قال : (وجلد الميتة قبل الدباغ) يعني لايجوز بيعه ، قال : (وبعده يباع وينتفع به) يعني بعد الدباغ يجوز بيعه . (۳۷۷/۴ ، البحر الرائق : ۱۳۳/۶ ، الجوهرة النيرة : ۵۳/۱ ، فتح باب العناية : ۹۰/۱) (فتاویٰ محمودیہ:۶۲/۱۶، کراچی)

اَپر چونیٹی کاسٹ (متوقع نفع)

مسئلہ (۲۳۴): آج کل عدالتی نظام میں جن نقصانات کو وصول کرنے کی اجازت ہوتی ہے، اس کی بنیاد متوقع نفع (اَپر چونیٹی کاسٹ) پر ہوتی ہے، مثلاً کوئی شخص کسی دوسرے سے کہے کہ میں تم کو یہ سامان فروخت کروں گا، اور اس نے وعدہ کرلیا کہ میں خرید لوں گا، لیکن بعد میں مشتری نے خریدنے سے انکار کردیا، تو اب بائع کو وہ سامان کم دام میں فروخت کرنا پڑ رہا ہے، اگر وہ شخص اس کو خرید لیتا تو بائع کو فائدہ ہوتا، مگر اس کے انکار کرنے کی صورت میں اس کو نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، تو اب قیمتوں کے درمیان کے فرق کو نقصان تصور کیا جاتا ہے، اور عدالت کی جانب سے اس نقصان کو وصول کرنے کی اجازت ہوتی ہے، جب کہ شریعت میں اس قسم کے نقصانات کا کوئی اعتبار نہیں ہے، شریعت میں دو چیزوں کے درمیان فرق رکھا گیا ہے، ایک چیز ہے ''نفع کا نہ ہونا''۔ اور دوسری چیز ہے ''نقصان کا ہونا''، ان دونوں میں فرق ہے۔

نقصان ہونے کا مطلب یہ ہے کہ واقعۃً کسی کے کچھ پیسے خرچ ہوگئے، اور نفع نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ کسی نے اپنے ذہن میں یہ تصور کرلیا تھا کہ اس معاملے میں اتنا نفع ہوگا، لیکن اتنا نفع نہیں ہوا، آج کل تاجروں کی اصطلاح میں نفع نہ ہونے کو بھی نقصان سے تعبیر کیا جاتا ہے، شریعت میں اس نقصان کا کوئی اعتبار نہیں ہے، لہٰذا بائع کے لیے خریدنے کا انکار کرنے والے شخص سے، قیمتوں کے درمیان کے فرق کو نقصان تصور کرکے، اس کی وصولیابی کرنا جائز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل إلا أن=

....

=تكون تجارة عن تراض منكم﴾ . (سورة النساء : ۲۹)
ما في " أحكام القرآن للجصاص " : نهى لكل أحد عن أكل مال نفسه ومال غيره بالباطل ، وأكل مال نفسه انفاقه في معاصي الله ، وأكل مال الغير بالباطل ، قد قيل فيه وجهان : أحدهما ما قال السدي ، وهو أن يأكل الربا والقمار والبخس والظلم ، وقال ابن عباس : أن يأكله بغير عوضٍ . (۲/۲۱٦)
ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ . (سورة البقرة : ۲/۱۸۸)
ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وأكل المال بالباطل على وجهين : أحدهما على وجه الظلم والسرقة والخيانة والغصب ، وما جرى مجراه ، والآخر أخذه من جهة محظورة نحو القمار وأجرة الغناء وغيرها . (۱/۳۰۴)
ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : أن رسول الله ﷺ قال : " لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه " . (٦/۱٦٦ ، كتاب الغصب ، رقم الحديث : ۱۱۵۴۵)
ما في " المسند للإمام أحمد بن حنبل " : عن عبد الله بن مسعود قال : قال رسول الله ﷺ : " من اقتطع مال امرئ مسلم بغير حق لقي الله عزّ وجلّ ، وهو عليه غضبان " .
(۱٦/۱۱۳ ، رقم الحديث : ۲۱۷۴۵)
وما في " مسند أحمد " : عن أبي حميد الساعدي : أن رسول الله ﷺ قال: " لا يحل لامرئ أن يأخذ مال أخيه بغير حقه ، وذلك لما حرم الله مال المسلم على المسلم " .
(۱۷/۵۰ ، رقم الحديث : ۲۳۴۹٦)
ما في " رد المحتار " : لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي .
(٦/۷۷ ، كتاب الحدود ، مطلب في التعزير بأخذ المال ، كذا في البحر الرائق :۵/٦۸ ، كتاب الحدود ، فصل في التعزير) (فقہی مقالات:۳/۸۰،۸۱،۸۲)
ما في " الموسوعة الفقهية " : لا يجوز أخذ مال إنسان بغير سبب شرعي . (۱۲/۲۷۱)
ما في" قواعد الفقه " : الأصل أن الضمانات في الذمة لا تجب إلا بأحد الأمرين : إما بأخذ (وهو الغصب وقبض الرهن والتقاط من غير اشهاد ونحوها) أوبشرط (والشرط قبول العقد كالشراء والاستيجار والكفالة ونحوها) فإذا عدما لم تجب . (ص/۱۵)

بونس واؤچر کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۳۵): مال برآمد کنندہ یعنی امپورٹر حکومت کے پاس برآمد کا ثبوت پیش کرتا ہے، جس پر حکومت اسے بونس کے نام سے انعام دیتی ہے، انعام کی رقم نقد نہیں ہوتی، بلکہ اس کی رسید ہوتی ہے، جسے بونس واؤچر کہتے ہیں، برآمد کنندہ اسے بازار میں زیادہ قیمت پر فروخت کرتا ہے، مثلاً سو روپئے کا بونس واؤچر دوسو روپئے میں، تو چوں کہ برآمد کنندہ یعنی امپورٹر قبل القبض اس رقم کا مالک نہیں، اس لیے اس کی خرید وفروخت جائز نہیں (۱)، نیز بونس واؤچر کی اصل رقم سے زیادہ قیمت وصول کرنا سود ہونے کی وجہ سے حرام ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن حكيم بن حزام قال : " نهاني رسول الله ﷺ أن أبيع ما ليس عندي " . (۲/ ۲۷۱ ، كتاب البيوع ، باب في كراهية بيع ما ليس عندك)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وبطل بيع ما ليس في ملكه . (۷/ ۱۷۹، البيع الفاسد)

ما في " البحر الرائق " : (والسمك قبل الصيد) أي لم يجز بيعه لكونه باع ما لا يملكه فيكون باطلاً . (۶/ ۱۱۹ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، النهر الفائق : ۳/ ۴۱۹ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، تبيين الحقائق : ۲/ ۲۷۵ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

ما في " تبيين الحقائق " : ولو اجتمع في أرضه الصيد فباعه من غير أخذه لا يجوز، لأنه لم يملكه . (۴/ ۳۶۵ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن عبادة بن الصامت ، عن النبي ﷺ قال : " الذهب بالذهب مثلاً بمثل ، والفضة بالفضة مثلاً بمثلٍ ، والتمر بالتمر مثلاً بمثلٍ ، والملح بالملح مثلاً بمثلٍ ، والشعير بالشعير مثلاً بمثلٍ ، فمن زاد أو ازداد فقد أربى " .

(۲/ ۲۷۶ ، باب ما جاء أن الحنطة بالحنطة)=

کنٹرول (راشن) کا مال بلیک میں فروخت کرنا

مسئلہ (۲۳۶): راشن دکان میں جو مال فروختگی کے لیے آتا ہے، دکاندار حکومت کو اس کی قیمت دے کر خریدتا ہے، لہٰذا وہ اس کی ملک ہے، اس لیے وہ جس قیمت پر بھی اسے فروخت کرے، اس کی یہ بیع درست ہے [۱]، لیکن حکومت چوں کہ راشن ڈیلر کو اپنا کچھ نقصان برداشت کر کے کم قیمت پر یہ مال فراہم کرتی ہے، اور ڈیلر کو اصولی طور پر اس بات کا پابند بناتی ہے کہ راشن کارڈ ہولڈروں کو کم قیمت پر ہی یہ مال فراہم کیا جائے، لہٰذا راشن دکان کے مالکان پر بھی اِس کی رعایت کرنا واجب ہے، لیکن اگر وہ ایسا نہیں کرتے اور بلیک میں یہ مال زیادہ قیمت پر فروخت کرتے ہیں، تو اُن کا یہ عمل مکروہ ہے، اور جو لوگ واقف ہوں کہ یہ دکاندار غریبوں کا حق مار کر، اُن کے ہاتھ اس مال کو بلیک میں بیچ رہا ہے، تو ان کے لیے اس مال کا خریدنا بھی مکروہ ہے [۲]، البتہ چوں کہ خریداروں نے قیمت دے کر اس مال کو خریدا ہے، اس لیے اُن کو حرام کھانے والا نہیں سمجھا جائے گا، اور نہ اُن پر حرام کھانے کا گناہ ہوگا، لیکن ایک غلط کام میں تعاوُن کا گناہ ضرور ہوگا۔ [۳]

=ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وعلته) أي علة تحريم الزيادة (القدر مع الجنس فإن وجدا حرم الفضل) أي الزيادة (والنساء) . (۳۰۵/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب في الإبراء عن الربا ، تبيين الحقائق : ۴۵۴/۴ ، باب الربا ، البحر الرائق : ۲۱۳/۶ ، باب الربا)
ما في " مجمع الأنهر " : (فإن وجد الوصفان) أي الكيل أو الوزن مع الجنس حرم الفضل والنساء . (۱۲۱/۳ ، كتاب البيوع ، باب الربا ، كذا في الهداية : ۷۹/۳ ، باب الربا)
(احسن الفتاویٰ: ۵۲۰/۶، جدید مسائل کا حل: ص/۲۶۴)

الحجة على ما قلنا :=

بینڈ باجہ

مسئلہ (۲۳۷): بینڈ باجہ بجانا اور سننا دونوں حرام ہیں (۱)، اور اس کی خرید وفروخت کرنا بھی ناجائز ہے۔ (۲)

=(۱) ما في " رد المحتار " : الملک ما من شأنه أن يتصرف فيه بوصف الاختصاص .
(۱۷۱/۷ ، کتاب البیوع ، مطلب في تعریف المال)
ما في " فتح القدير" : الملک قدرة يثبتها الشارع ابتداء على التصرف . (۲۳۰/۶)
ما في " بدائع الصنائع " : ولو نحل بعضاً وحرم بعضاً جاز من طريق الحكم ، لأنه تصرف في خالص ملكه لا حق لأحد فيه . (۸۲/۵ ، كتاب الهبة)
ما في " الموسوعة الفقهية " : الملک هو احتواء الشيء والقدرة على الاستبداد به والتصرف بانفراد . (۳۱/۳۹ ، ملک)
ما في " شرح المجلة " : كل يتصرف في ملكه كيف شاء . (ص/۶۵۴ ، المادة : ۱۱۹۲)
(۲) ما في " شرح المجلة " : درء المفاسد أولى من جلب المنافع .... إن الرجل يمنع من التصرف في ملكه إذا كان تصرفه يضر بجاره ضرراً فاحشاً ، لأن درء المفاسد عن جاره أولى من جلب المنافع لنفسه . (ص/۳۲ ، المادة : ۳۰)
ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : درء المفاسد أولى من جلب المصالح ، فإذا تعارضت مفسدة ومصلحة قدم دفع المفسدة غالباً . (۳۲۲/۱ ، القاعدة الخامسة : الضرر يزال)
(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الاثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)
ما في " أحكام القرآن للجصاص ": قوله تعالى : ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوى﴾ ليقتضي ظاهره إيجاب التعاون على كل ما كان طاعة الله تعالى ، وقوله تعالى : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ نهى عن معاونة غيرنا على معاصي الله تعالى . (۳۸۱/۲)
(کتاب الفتاویٰ: ۲۷۸/۵، جدید مسائل کا حل: ص/ ۲۳۵، احسن الفتاویٰ: ۵۴۹/۶)
الحجة على ما قلنا :=

....

=(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿واستفزز من استطعتَ منهم بصوتک وأجلب عليهم بخيلک ورجلک وشارکهم في الأموال والأولاد﴾ . (سورة الإسراء : ٦۴)
ما في " أحكام القرآن للجصاص " :﴿بصوتک﴾ روي عن مجاهد أنه الغناء واللهو، وهما محظوران ، وأنهما من صوت الشيطان . (۲۶۶/۳ ، قبح الزنا في العقل)
ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليُضِلَّ عن سبيل الله بغير علم ويتخذَها هزوًا ، أولٓئک لهم عذاب مهين﴾ . (سورة لقمٰن : ٦)
ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قلت : هذه إحدى الآيات الثلاث التي استدل بها العلماء على كراهة الغناء والمنع منه . (۵۱/۱۴)
ما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " ليكوننّ من أمتي أقوام ، يستحلون الحر والحرير ، والخمر والمعازف ، ولينزلنّ أقوام إلى جنب علم ، يروح عليهم بسارحة لهم يأتيهم ، يعني الفقير لحاجة فيقولون : ارجع إلينا غداً ، فيبيِّتهم الله ، ويضع العلم ، ويمسخ آخرين قردة وخنازير إلى يوم القيامة " .
(ص/۱۰۲۲ ، كتاب الأشربة ، باب ما جاء فيمن يستحل الخمر ويسميه بغير إسمه)
ما في " الدر المختار مع الشامية " : قلت : وفي البزازية : استماع صوت الملاهي كضرب قصب ونحوه حرام لقوله عليه السلام : " استماع الملاهي معصية ، والجلوس عليها فسق ، والتلذّذ بها كفر " . أي بالنعمة ، فصرف الجوارح إلى غير ما خلق لأجله كفر بالنعمة لا شكر. (۴۲۵/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، قبيل فصل في اللبس)
ما في " البحر الرائق " : دلت المسئلة على أن الملاهي كلها حرام حتى التغني بضرب القصب ، قال عليه الصلاة والسلام : " ليكوننّ من أمتي يستحلّون الحرّ والحرير والخمر والمعازف " . (۳۴۶/۸ ، قبيل فصل في اللبس ، مجمع الأنهر : ۲۱۸/۴ ، كتاب الكراهية)
(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : قال الحلواني رحمه الله تعالى : السماع ، والقول ، والرقص الذي يفعله المتصوّفة في زماننا حرام لا يجوز القصد إليه ، والجلوس عليه ، وهو الغناء والمزامير .(۳۵۲/۵ ، الكراهية ، الباب السابع عشر في الغناء واللهو وسائر المعاصي)
ما في " القرآن الكريم " :﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليُضلّ عن سبيل الله بغير=

....

....

....

....

....

=علم ويتخذها هزواً ، أولٓئک لهم عذاب مهين﴾ . (سورة لقمٰن : ٦)
ما في '' فتح القدير للشوكاني '' : لهو الحديث كل ما يلهى عن الخير من الغناء والملاهي ، والأحاديث المكذوبة وكل ما هو منكر ، وقيل المراد شراء القنيات والمغنيات والمغنين ...... قال الحسن : لهو الحديث المعازف والغناء . (۲/۳۷۷)
ما في '' جامع الترمذي '' : عن أبي أمامة ، عن رسول الله ﷺ قال : '' لا تبيعوا القينات ، ولا تشتروهنّ ، ولا تعلموهنّ ، ولا خير في تجارة فيهنّ ، وثمنهنّ حرام . في مثل هذا أنزلت هذه الآية : ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليُضلّ عن سبيل الله﴾ . إلى آخر الآية .
(۲/۳۰۳ ، كتاب البيوع ، باب ما جاء في كراهية بيع المغنّيات)
ما في '' رد المحتار '' : (ويكره) تحريماً (بيع السلاح من أهل الفتنة إن علم) لأنه إعانة على المعصية (وبيع ما يتخذ منه كالحديد) ونحوه يكره لأهل الحرب (لا) لأهل البغي .... قلت : أفاد كلاهم أن ما قامت المعصية بعينه يكره بيعه تحريماً وإلا فتنزيهاً . الدر المختار . وفي الشامي : (لأنه إعانة على المعصية) لأنه يقاتل بعينه بخلاف ما لا يقاتل به إلا بصنعه تحدث فيه كالحديد ، ونظيره كراهة بيع المعازف ، لأن المعصية تقام بيعنها ، ولا يكره بيع الخشب المتخذة هي منه .
(۶/۳۲۳ ، كتاب الجهاد ، مطلب في كراهة بيع ما تقوم المعصية بعينه)
ما في '' البحرالرائق '' : بيع المزامير يكره ، ولا يكره بيع ما يتخذ منه المزامير ، وهو القصب والخشب . (۵/۲۴۰ ، كتاب السير، باب البغاة ، كذا في بدائع الصنائع : ۶/۱۳۰ ، كتاب السير ، بيان أحكام البغاة ، فتح القدير : ۶/۱۰۲ ، كتاب السير ، باب البغاة)
(فتاوی محمودیہ:۱۶/۱۳۰،کراچی)

گاڑی بکنگ کی رسید فروخت کرنا

مسئلہ (۲۳۸): اگر کوئی شخص مثلاً دس ہزار روپئے میں کوئی گاڑی بُک کرتا ہے، تو یہ بُکنگ اسے چھ مہینے پہلے کرانی ہوتی ہے، اب چھ مہینے کے بعد اس کے نام پر گاڑی نکلے گی، تو اس کو اس میں کچھ نفع ہوتا ہے، تو وہ شخص اس گاڑی کو شوروم سے نکالے بغیر صرف ''رسید'' فروخت کر دیتا ہے، تو یہ جائز نہیں ہے، کیوں کہ خریدی گئی چیز کو وصول کر کے جب تک اس پر قبضہ نہ کر لے، اس کا آگے فروخت کرنا جائز نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' الصحيح لمسلم '' : عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : '' من ابتاع طعاماً فلا يبعه حتى يقبضه '' . قال ابن عباس رضي الله تعالى عنهما : وأحسب كل شيء بمنزلة الطعام ..... عن ابن عمر رضي الله تعالى عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : '' من ابتاع طعامًا فلا يبعه حتى يستوفيه '' . قال : حدثني أبو الزبير أنه سمع جابر بن عبد الله يقول : '' إذا ابتعت طعاماً فلا تبعه حتى تستوفيه '' . (۵/۲ ، باب بطلان بيع المبيع قبل القبض)

ما في '' تكملة فتح الملهم '' : فيحرم بيع كل شيء قبل قبضه ، طعاماً كان أو غيره .

(۳۵۰/۱ ، كتاب البيوع ، بيع المبيع قبل القبض)

ما في '' مجمع الأنهر '' : لا يصح بيع المنقول قبل قبضه ، لنهيه عليه السلام عن بيع ما لم يقبض . (۱۱۳/۳ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

ما في '' تبيين الحقائق '' : لا يجوز بيع المنقول قبل القبض لما روينا ، ولقوله عليه السلام : ''إذا ابتعت طعاماً فلا تبعه حتى تستوفيه '' . (۴۳۷/۴ ، البيوع ، صح بيع العقار قبل قبضه)

ما في '' الهداية '' : ومن اشترى شيئاً مما ينقول ويحوّل ، لم يجز بيعه حتى يقبضه ، لأنه نهى عن بيع ما لم يقبض، ولأن فيه غرر انفساخ العقد على اعتبار الهلاک . (۷۷/۳ ، كتاب البيوع ، باب التولية ، الفتاوى الهندية : ۱۳/۳ ، كتاب البيوع ، الباب الثالث في معرفة المبيع ، البحر الرائق : ۱۹۳/۶ ، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية)

(آپ کے مسائل اوران کا حل: ۲۹/۶، قدیم، و۵۲/۷، تخریج شدہ ایڈیشن)

بیع سلم

مسئلہ (۲۳۹): بیع سلم ایک ایسی بیع ہے، جس کے ذریعے بائع یہ ذمہ داری قبول کرتا ہے کہ وہ مستقبل کی کسی تاریخ میں متعین چیز خریدار کو فراہم کرے گا، اور اس کے بدلے میں مکمل قیمت بیع کے وقت ہی پیشگی لے لیتا ہے(۱)، اور یہ عقد جائز ہے۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : هو بيع آجل وهو المسلم فيه بعاجل وهو رأس المال . (۷/۳۴۷ ، باب السلم)

ما في " تبيين الحقائق " : وهو بمعنى السلف لغة فإنه أخذ عاجل بآجل وسمى هذا العقد به لكونه معجلاً على وقته . (۴/۴۹۸ ، باب السلم)

ما في " الدر المنتقى مع مجمع الأنهر " : هو لغة كالسلف وزناً ومعنى وشرعاً (بيع آجل) وهو المسلم فيه (بعاجل) وهو رأس المال . (۳/۱۳۷ ، باب السلم ، بيروت)

(۲) ما في " مجمع الأنهر " : وفي الدرر ، وهو مشروع بالكتاب ، وهو قوله تعالى : ﴿إذا تداينتم بدين﴾ . [البقرة : ۲۸۲] الآية ، فإنها تشمل السلم والبيع بثمن مؤجل وتأجيله بعد الحلول ، والسنة وهي قوله عليه الصلاة والسلام : " من أسلم منكم فليسلم فى كيل معلوم ووزن معلوم إلى أجل معلوم " وبالإجماع . (۳/۱۳۸ ، باب السلم)

ما في " تبيين الحقائق " : وهو مشروع بالكتاب والسنة وإجماع الأمة ، قال ابن عباس رضى الله تعالى عنهما : " أشهد أن الله أحلّ السلم المؤجل وأنزل فيه أطول آية ، وتلا قوله تعالى : ﴿يآيها الذين اٰمنوا إذا تداينتم بدين إلىٓ أجل مسمًّى فاكتبوه﴾ . [البقرة : ۲۸۲] . وقد روينا أنه عليه السلام نهى عن بيع ما ليس عند الإنسان ورخص فى السلم .

(۴/۴۹۹ ، كتاب البيوع ، باب السلم)

(اسلام اور جدید معاشی مسائل: ۵/۱۴۷)

بیع کی اضافت مستقبل کی طرف

مسئلہ (۲۴۰): غائب سودے جن میں بیع کی اضافت مستقبل کی طرف کی جاتی ہے، مثلاً اگر کوئی شخص یہ کہے کہ جب میری مرغی انڈا دے گی تو میں اسے تمہارے ہاتھ بیچ دوں گا، تو یہ بیعِ سلم ہے، قیاس کا تقاضا تو یہی ہے کہ یہ بیع ناجائز ہو، اس لیے کہ یہ دراصل معدوم چیز کی بیع ہے[1]، لیکن قرآن وحدیث کے حکم کے مطابق ائمۂ اربعہ اور جمہور فقہائے کرام اس بیع کو جائز کہتے ہیں۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن حكيم بن حزام قال : قلت : يا رسول الله ! الرجل يطلب منى البيع وليس عندي أفأبيعه له ؟ فقال رسول الله ﷺ : " لا تبع ما ليس عندك " .

(۴۳۸/۵ ، كتاب البيوع ، ۱۰۷۲۵ ، ۱۱۰۱۹ ، بيروت)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوآ إذا تداينتم بدين الى اجلٍ مسمًّى فاكتبوه﴾. (سورة البقرة : ۲۸۲)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : عن ابن عباس قال : أشهد أن السلم المؤجل فى كتاب الله ، وأنزل فيه أطول آية فى كتاب الله : ﴿يآيها الذين اٰمنوآ إذا تداينتم بدين الى اجلٍ مسمًّى فاكتبوه﴾ . فأخبر ابن عباس أن السلم المؤجل مما انطوى تحت عموم الآية .

(۵۸۶/۱ ، عقود المداينات)

ما في " صحيح مسلم " : عن ابن عباس قال : قدم رسول الله ﷺ والناس يسلفون ، فقال لهم رسول الله ﷺ : " من أسلف فلا يسلف إلا فى كيل معلوم ووزن معلوم " .

(۳۱/۲ ، باب السلم ، قديمي)

ما في " نيل الأوطار من أحاديث سيد الأخيار " : واتفق العلماء على مشروعيته إلا ما حكي عن ابن المسيب . (۲۴۰/۵ ، كتاب السلم ، بيروت)=

بیعِ استصناع منسوخ کرنا

مسئلہ (۲۴۱): بیعِ استصناع منعقد ہو جانے کے بعد کسی شرعی و شدید عذر کے بغیر فریقین میں سے کسی کو فسخ کرنے کا حق نہ ہوگا، لہٰذا آرڈر کے بعد کاریگر پر لازم ہے کہ وہ طے شدہ شرائط کے مطابق مال تیار کرے، اور آرڈر دہندہ کے لیے درمیان میں معاملہ ختم کرنے کا اختیار نہ ہوگا۔ (۱)

=ما في " الهداية شرح البداية " : السلم عقد مشروع بالكتاب وهو آية المداينة ، فقد قال ابن عباس : " أشهد أن الله تعالى أحل السلف المضمون وأنزل فيها أطول آية فی كتابه " ، وتلا قوله تعالى : ﴿يآيها الذين اٰمنوآ إذا تداينتم بدين الى اجلٍ مسمًّى فاكتبوه﴾ . الآية ، وبالسنة هو ما روى أنه عليه السلام : " نهى عن بيع ما ليس عند الإنسان ورخص فی السلم"، والقياس وإن كان يأباه ولكنا تركناه بما رويناه ، ووجه القياس أنه بيع المعدوم ، إذ المبيع هو المسلم فيه . (۳/۷۵ ، ۷٦ ، باب السلم)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/ ۲۹، ۳۰، محمود الفتاوی: ۲/ ۴۹۲، انعام الباری: ٦/ ۴۲٦، کتاب السلم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : فيجبر الصانع على عمله ولا يرجع الأمر عنه .

(۷/ ۳٦٦ ، مطلب فی الاستصناع ، دار الكتاب ديوبند)

ما في " الهداية " : وعن أبی يوسف أنه لا خيار لهما ، أما الصانع فلما ذكرنا ، وأما المستصنع فلأن فی إثبات الخيار له اضرارًا بالصانع لأنه لا يشتريه غيره بمثله .

(۳/ ۸۵ ، كتاب البيوع ، باب السلم ، قبيل مسائل منثورة)

ما في " المعاملات المالية المعاصرة " : الخلاصة : يتلخص هذا البحث في أن عقد الاستصناع عقد مستقل محله العمل ، والعين الموصوفة فی الذمة ، ولذلک له شروطه الخاصة وخصائصه وآثاره ، وأن من أهم آثاره التی رجحناها هی ثبوت الملک للمستصنع في الشيء المستصنع ، وثبوت الملک في الثمن المتفق عليه للصانع ، ولزوم قيام الصانع=

مطلوبہ صفات کے مطابق سامان تیار نہ کرنا

مسئلہ (۲۴۲): استصناع میں اگر صانع مطلوبہ صفات کے مطابق سامان تیار نہ کرے، تو خریدار کو وہ سامان قبول نہ کرنے کا اختیار رہوگا۔ [1]

= بعمله في العين حسب الإتفاق ، ولزوم دفع الثمن من قبل المستصنع معجلا أو مؤجلا ومقسطاً ، وثبوت خيار الوصف وعدم بطلان الاستصناع بموت أحدهما ، حسب ترجيحنا وإن حق المستصنع لا يتعلق بشيء من عين ، وإنما المطلوب من الصانع أن يصنع له المطلوب حسب المواصفات والشروط ، وقد انتهى البحث كذلک إلى لزوم عقد الاستصناع للطرفين وعدم جواز الفسخ إلا في حالات الظروف الطارئة ، أو بموافقة الطرفين. (ص/۱۵۸، ۱۵۷ ، المؤلف ؛ الدكتور علي محي الدين القرة داغي)

(ایضاح النوادر:ص/۳۱،مستفاد از امداد الفتاوی:۳/۱۴۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : وذهب أبو يوسف إلى أنه إن تم صنعه وكان مطابقاً للأوصاف المتفق عليها ، يكون عقدًا لازمًا ، وأما إن كان غير مطابق لها فهو غير لازم عند الجميع لثبوت خيار فوات الوصف . (۳/۳۲۹)

ما في " بدائع الصنائع " : ولا خيار لواحد منهما إذا سلم الصانع المصنوع على الوجه الذي شرط عليه . (۴/۹۴، كتاب الاستصناع) (مالی معاملات پرغرر کے اثرات:ص/۶۹)

مبیع خراب ہونے پر درستگی کی شرط

مسئلہ (۲۴۳): اگر کوئی چیز خریدتے وقت مشتری کی طرف سے یہ شرط لگائی جائے کہ خرابی واقع ہونے پر بائع اسے درست کرکے دے گا، اور بائع اس شرط کو قبول کرلے، تو اس طرح شرط لگانا درست ہے، گرچہ یہ شرط مقتضائے عقد کے خلاف ہے[1]، لیکن چوں کہ یہ شرط متعارَف ہے، اس پر سب عمل کرتے ہیں، تو متعارف ہونے کی وجہ سے شرعاً یہ عقد اس شرط کے ساتھ درست ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : وكل شرط لا يقتضيه العقد وفيه منفعة لأحد المتعاقدين أو للمعقود عليه وهو من أهل الاستحقاق يفسده . (۴۳/۳ ، باب البيع الفاسد)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن كثير بن عبد الله بن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده أن رسول الله ﷺ قال : " الصلح جائز بين المسلمين إلا صلحًا حرم حلالا وأحل حرامًا ، والمسلمون على شروطهم إلا شرطاً حرم حلالا أو أحل حرامًا " . قال أبوعيسى : هذا حديث حسن صحيح . (۳۴۳/۲ ، رقم الحديث : ۱۳۵۲)

ما في " فقه النوازل " : النوع الأول : ضمان الأداء ؛ وهو يتعلق بأمرين ، فما كان منه متعلقاً بسلامة المبيع من العيوب المصنعية والفنية ، فإنه يتخرج على ضمان العيب الذي لا يعلم إلا بامتحان وتجربة واستعلام ، وأما ما كان منه متعلقاً بصلاحية المبيع وقيامه بالعمل فإنه يخرج على ضمان العيب الحادث في المبيع عند المشتري والمستند سبب سابق ، والراجح جواز ضمان الأداء . (۱۱۹/۳ ، وثيقة رقم : ۱۴۰ ، مكتبه دار ابن الجوزي) (انعام الباری:۳۲۱/۶)

ما في " قواعد الفقه " : استعمال الناس حجة يجب العمل بها . (ص/۵۷ ، رقم المادة : ۲۶)

ما في " شرح عقود رسم المفتي " :

والعرف في الشرع له اعتبار لذا عليه الحكم قد يدار

(ص/۱۷۵)

قسطوں پر خریدی گئی گاڑی کا حادثہ اور ضمان

مسئلہ (۲۴۴): کسی شخص نے شوروم (Show Room) سے قسط پر گاڑی خریدی، لیکن ابھی مکمل قسطیں ادا بھی نہیں کر پایا تھا کہ گاڑی کسی حادثہ، ایکسیڈنٹ وغیرہ کا شکار ہوگئی، تو گاڑی کو ہونے والے نقصان کا ذمہ دار مشتری ہی ہوگا، نہ کہ شوروم (Show Room)، کیوں کہ قسطوں پر کسی بھی چیز کے خریدنے کی صورت میں مشتری چوں کہ مبیع کا مالک ہوجاتا ہے، اس لیے مبیع کو پہنچنے والا نقصان مشتری ہی کا شمار ہوگا، نہ کہ بائع (شوروم) کا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : ولو اشترى دابة والبائع راكبها فقال المشتري : احملني معک فحمله معه فهلكت فهي على المشتري وركوبه قبض . كذا في المحيط .

(۵/۵۱۴ ، كتاب البيع ، الفتاوى الهندية :۳/۱۷)

ما في " الفتاوى الهندية " : اشترى عبدًا في منزل البائع فقال البائع للمشترى : قد خليتک ، فأبى المشتري أن يقبضه ثم مات العبد فهو من مال المشتري . كذا في مختار الفتاوى .

(۳/۱۷ ، الباب الرابع فى حبس المبيع)

ما في " الفقه الإسلامى أدلته " : إذا هلک المبيع كله بعد القبض ، إن كان بآفة سماوية أو بفعل المشترى أو بفعل المبيع أو بفعل أجنبى فلا ينفسخ البيع ، ويكون هلاكه على ضمان المشتري ، لأن المبيع خرج عن ضمان البائع بقبض المشتري ، فتقرر الثمن عليه ، ويرجع بالضمان على الأجنبي حال كون الاعتداء منه . (۵/۳۳۷۶ ، مكتبه رشيديه كوئٹه)

ما في " الهداية " : فلو قبضه المشتري وهلک في يده في مدة الخيار ضمنه بالقيمة . (۳/۱۴)

ما في " شرح المجلة " : إذا هلک المبيع بعد القبض هلک من مال المشتري ولا شيء على البائع . (ص/۱۵۱ ، رقم المادة : ۲۹۴) (فتاوی حقانیہ:۶/۱۰۶،آپ کے مسائل اوران کا حل:۶/۱۵۴،قدیم)

ٹیکسی پرمٹ (لائسنس) کی بیع

مسئلہ (۲۴۵): گورنمنٹ کی جانب سے ٹیکسی ڈرائیور کو ٹیکسی کا پرمٹ (لائسنس) دیا جاتا ہے، جس پرمٹ پر ٹیکسی کاروبار کے لیے ڈالی جاسکتی ہے، اگر کسی شخص کو پرمٹ ملا، لیکن اس میں ٹیکسی خریدنے کی قوت نہیں ہے، اس لیے وہ دوسرے ساتھی کو جس کے پاس پیسے ہیں، اس پرمٹ کو بیچ دے، اور وہ اپنی ٹیکسی کاروبار میں ڈال دے، اور پرمٹ والا اُس سے اپنے اِس پرمٹ کا سالانہ عوض وصول کرے، تو اس کا یہ عوض وصول کرنا شرعاً جائز نہیں ہے، کیوں کہ پرمٹ کی بیع کذب وفریب پر مشتمل ہے [۱]، اوراس میں حکومت کے قوانین کی خلاف ورزی ہے، جب کہ حکومت کے قوانین کا پاس ولحاظ رکھنا لازم ہے [۲]، نیز اس میں بدعہدی بھی ہے، جب کہ بدعہدی سے منع کیا گیا ہے۔ [۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تكملة فتح الملهم " : ولكن الذي يظهر لهذا العبد الضعيف عفا الله عنه – والله سبحانه أعلم – أن هذه الرخصة إن كانت باسم رجل مخصوص ، حتى لا تسمع الحكومة لرجل آخر باستعمالها ، فلا شبهة في عدم جواز بيعها ، لأن بيعه يؤدي حينئذ إلى الكذب والخديعة ، فإن مشتري الرخصة سيستعملها باسم البائع لا بإسم نفسه ، ولأن الإذن إنما حصل لرجل مخصوص ، فلا يحل له أن ينقل ذلک إلى غيره . (۷/۳۵۰ ، کتاب البیوع ، حكم الكمبيالات ، الجزء الأول من كتاب تكملة فتح الملهم ، احياء التراث العربي)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه ، أن رسول الله ﷺ قال : "من حمل علينا السلاح فليس منا ، ومن غشنا فليس منا " .

(۲/۱۷۷ ، كتاب الإيمان ، باب قول النبي ﷺ : من غشنا فليس منا)=

اسکیم والی چیزوں کی خرید وفروخت

مسئلہ(۲۴۶): آج کل دوکانوں پر کچھ اسکیمیں (Schemes) شروع ہیں، مثلاً اگر کوئی شخص چاکلیٹ (Chocolate) وغیرہ خریدے، تو اس میں سے کچھ نمبرات (Number,s) نکلتے ہیں، جن کو جمع کرنا ہوتا ہے، یا چاکلیٹ کے اندر سے کاغذ نکلتا ہے، جس پر ایک روپیہ یا دو روپیہ کی تصویر (Photo) بنی ہوتی ہے، جس کے حصے میں یہ چٹھی نکلتی ہے، وہ تصویر میں موجود روپیہ کا حق دار

=ما في " رياض الصالحين " : عن ابن مسعود رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ قال : " إن الصدق يهدي إلى البرّ ، وإن البرّ يهدي إلى الجنة ، وإن الرجل ليصدُق حتى يُكتب عند الله صدّيقًا ، وإن الكذب يهدي إلى الفجور ، وإن الفجور يهدي إلى النار ، وإن الرجل ليكذِب حتى يُكتب عند اللّٰه كذّابًا " . متفق عليه .

(ص/۴٦ ، رقم الحديث: ۵۴ ، باب الصدق ، مكتبة الإحسان ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق العلماء على أن الغشّ حرام ، سواء أكان بكتمان العيب فى المعقود عليه أو الثمن ، أم بالكذب والخديعة ، وسواء أكان في المعاملات أم في غيرها من المشورة و النصيحة . (۲۱۹/۳۱)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : طاعة الإمام فيما ليس بمعصية فرض .

(۳۱۹/٦ ، كتاب الجهاد ، مطلب في وجوب طاعة الإمام)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوا أوفوا بالعقود﴾ . (سورة المائدة : ۱)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسؤلا﴾ . (سورة الإسراء : ۳۴)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن عبد اللّٰه بن عمرو قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : " أربع من كنّ فيه كان منافقًا خالصًا ، ومن كانت فيه خصلة منهنّ كانت فيه خصلة من النّفاق حتى يدعها ؛ إذا اؤتمن خان ، وإذا حدّث كذب ، وإذا عاهد غدر ، وإذا خاصم فجر " . متفق عليه. (ص/ ۱۷) (محمود الفتاوی:۲/ ۴۸۱، ۴۸۲)

ہوجاتا ہے، توچوں کہ اس صورت میں مبیع اور ثمن دونوں متعین ہوتے ہیں، اور ہر خریدار کو اپنی مبیع حاصل ہوتی ہے، دکانیں اپنے منافع میں سے انعام دیتی ہیں، لہٰذا بیع کی یہ صورت جائز ہے، البتہ بیع کی یہ صورت اُس وقت مکروہ ہوگی جب کہ مشتری کو مبیع کی ضرورت نہ ہو، اور وہ محض انعام کی طمع اور لالچ میں اس چیز (چاکلیٹ وغیرہ) کو خریدے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فقه وفتاوى البيوع " : الصورة الأولى أن يقول التاجر : من اشترى مني بألف مثلا فله جائزة مقدارها كذا ، فهنا الجائزة معلومة والقدر معلوم ، فهذا ليس فيه محظور من حيث الشكل الظاهر ، لكن قد يكون فيه محظور من جهة المشترى ، فربما يشترى ما تبلغ قيمة الألف وليس له حاجة كاملة فيما اشتراه ، ولكن من أجل الجائز فيضيع ماله طالبًا للحصول على هذه الجائزة . (ص/ ۲۸۱)

ما في " نوازل فقهية معاصرة " : بناء على تعين المبيع والثمن ، وحصول كل مشترى على مبيعة المطلوب وتوزيع الجوائز من قبل الشركات من مكاسبها الخاصة ، يجوز هذا العمل ولو كان العوض الحاصل لأحد الجانبين مجهولا أو محتملا ، ويتلقى الواحد ويحرم الثانى يكون ذلک نوعًا من الميسر ويحرم ، لكن الصورة المذكورة هي " إحقاق بعض وإنجاح بعض " حسب قول الجصاص غير شاملة للميسر والقمار ، فلا بأس فيها ، وهذا هو رأي العلامة المفتي محمد شفيع من كبار علماء هذا العصر ، ولا يخفى علينا أن هذا الحكم للمسئلة هو باعتبار صورتها الظاهرة ، وإلا فإن وراء هذا العمل الإغرائي تكمن نفس الفكر والنظرية التي تعمل في القمار والميسر ، فعلى المسلمين المحاولة لا إحباط هذه الظاهرة وتشبيطها فإنها لا تخلو من الكراهة رغم جوازها .

(ص/۲۲۷ ، ۲۲۸ ، مكتبة الصحوة الكويتية)

(جواہر الفقہ :۲/ ۳۴۵، جدید فقہی مسائل:۴/ ۲۷۵، کتاب الفتاوی:۵/ ۲۴۷)

خودرو گھاس کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۴۷): بعض علاقوں میں گھاس اور پانی کی قلت ہوجاتی ہے، تو اس علاقے کے لوگ اپنے مویشی (بکریاں، بھیڑ وغیرہ) لے کر زرخیز اور سرسبز وشاداب علاقوں میں جاتے ہیں، اور پہاڑ یا کسی کی مملوکہ زمین پر پڑاؤ ڈال دیتے ہیں، تاکہ اپنے مویشیوں کو چرائیں، اس زمین کے مالکان یا گاؤں والے ان سے خودرو گھاس کی رقم وصول کرتے ہیں، تو اس سلسلے میں شرعی نقطۂ نظر یہ ہے کہ اگر وہ گھاس کسی کی زمین میں ازخود اُگی، نہ اس نے اسے لگایا اور نہ سینچا، تو یہ گھاس اس کی ملک نہیں ہے، اس لیے اُس کا بیچنا اور اسے کاٹنے سے منع کرنا اس کے لیے درست نہیں، جس کا جی چاہے کاٹ لے جاوے [1]، البتہ اگر اس نے پانی دے کر سینچا اور خدمت کیا ہو، تو یہ گھاس اُس کی ملک ہوجائے گی، اس لیے اُس کا بیچنا، اور لوگوں کو کاٹنے سے منع کرنا درست ہوگا۔ [2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن ثور بن يزيد يرفعه إلى النبي ﷺ قال : "المسلمون شركاء في الكلأ والماء والنار " .

(۲۴۸/۶، رقم الحديث : ۱۱۸۳۳، كتاب إحياء الموات)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (والمراعى) أى الكلأ (وإجارتها) أما بطلان بيعها فلعدم الملك لحديث : " الناس شركاء فى ثلاث : في الماء والكلأ والنار " . وأما بطلان إجارتها فلأنها على استهلاك عين . ابن كمال . (در مختار) .

(۲۵۶/۷ ، ۲۵۷ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، بيروت)=

انسانی بالوں کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۴۸): بعض عورتیں اپنے گرے ہوئے بالوں کو جمع کرتی ہیں، پھر جب پھیری والا غبارے لے کر آتا ہے، تو وہ غباروں کے عوض اُن بالوں کو فروخت کرتی ہیں، شرعاً یہ خرید وفروخت جائز نہیں ہے، کیوں کہ بال انسان کا عضو ہیں، اور انسان کے کسی بھی عضو کی خرید وفروخت درست نہیں ہے۔ (۱)

=(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وهذا إذا نبت بنفسه ، وإن أنبته بسقي وتربية ملكه ، وجاز بيعه . عيني . وقيل لا . (در مختار) . وفي الشامية : (وهذا) أي بطلان بيع الكلأ . (۲۵۷/۷ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : فأما إذا كان سقى الأرض وأعدها للإنبات فنبت في الذخيرة والمحيط والنوازل يجوز بيعه لأنه ملكه وهو مختار الصدر الشهيد .

(۱۰۹/۳ ، الفصل الثاني في بيع الثمار والحشيش)

(امداد الفتاوی:۶۴/۳، بہشتی زیور کراچی:۲۲۳/۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ اٰدم﴾ . (سورة بني اسرائيل : ۷۰)

ما في " الهداية " : ولا يجوز بيع شعور الإنسان ولا الانتفاع بها ، لأن الآدمي مكرم لا مبتذل.

(۳۹/۳ ، باب البيع الفاسد ، تبيين الحقائق : ۳۷۶/۴ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، مختصر الوقاية : ۶۰/۲ ، كتاب البيع ، بيروت) (فتاوی محمودیہ:۸۷/۱۶، کراچی)

نمک کے عوض ہڈیوں کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۴۹): بعض لوگ قربانی کے جانور کی ہڈیاں نمک کے عوض فروخت کرتے ہیں، ہڈیوں کی یہ بیع جائز ہے، مگر اس کے عوض جو نمک لیا گیا وہ یا اس کی قیمت کا صدقہ کرنا لازم ہے۔[۱]

مجبور شخص سے زیادہ قیمت لینا

مسئلہ (۲۵۰): مالِ تجارت پر منافع لینے کی شرعاً کوئی حد متعین نہیں ہے[۲]، اس لیے کسی شخص سے اُس کی مجبوری کی بنا پر کسی چیز کی زیادہ قیمت وصول کرنا جائز ودرست تو ہے[۳]، مگر خلافِ مروّت ہے[۴]، حدیث پاک میں ہے کہ ''معسر یعنی تنگ دست سے درگذر کرنا باعثِ مغفرت ہے''۔[۵]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط " : كما يكره له أن يعطي جلدها الجزار فكذلك يكره له أن يبيع الجلد ، فإن فعل ذلك تصدق بثمنه كما لو باع شيئا من لحمها . (۱۹/۱۲ ، باب الأضحية)

ما في " بدائع الصنائع " : روي عن سيدنا علي كرم الله وجهه أنه قال : إذ ضحيتم فلا تبيعوا لحوم ضحاياكم ولا جلودها ، وكلوا منها وتمتعوا ، فإن باع شيئا من ذلك نفذ عند أبي حنيفة ومحمد ، وعند أبي يوسف لا ينفذ لما ذكرنا فيما قبل الذبح ويتصدق بثمنه .

(۲۲۵/۴ ، كتاب التضحية ، ما يكره في الأضحية)

ما في " المغني والشرح الكبير " : روي عن ابن عمر أنه يبيع الجلد ويتصدق بثمنه . (۱۱۲/۱۱)

ما في " رد المحتار " : إن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلك أو بدرهم تصدق بثمنه ومفاده صحة البيع مع الكراهة وهو قول أبي حنيفة ومحمد لقيام الملك والقدرة على التسليم .

(۳۹۸/۹ ، البحر الرائق : ۳۲۷/۸ ، كتاب الأضحية)=

....

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " سنن ابن ماجة " : عن أنس بن مالک قال : غلا السعر على عهد رسول اللّٰہ ﷺ فقالوا : يا رسول اللّٰہ ! قد غلا السعر فسعر لنا ، فقال : " إن اللّٰہ هو المسعّر القابض الباسط الرّازق " . (ص/۱۵۹ ، أبواب التجارات ، باب من کره أن يسعر)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق المذاهب الأربعة على أن الأصل فی التسعير هو الحرمة لأن فی قوله تعالی : ﴿يآيها الذين اٰمنوا لا تأكلوآ أموالكم بينكم بالباطل إلا أن تكون تجارة عن تراض بينكم﴾ . اشترطت الآية التراضي، والتسعير لا يتحقق به التراضي . (۳۰۲/۱۱)

(۳) ما في " الهداية " : وعجز القاضي عن صيانة حقوق المسلمين إلا بالتسعير فحينئذٍ لا بأس به بمشورة من أهل الرأي ، فإذا فعل ذلک ، وتعدى رجل عن ذلک وباع بأكثر منه أجازه القاضي ، وهذا ظاهر عند أبي حنيفة ، لأنه لا يرى الحجر على الحر وكذا عندهما .

(۴۵۶/۴)

ما في " رد المحتار " : إذا سعر الإمام وخاف البائع ضرب الإمام ، لا يحل للمشتري الشراء لأن البائع في معنى المكره ، وظاهره لو باع بأكثر يحل وينفذ البيع . (۴۸۹/۹)

(۴) ما في " سنن أبي داود " : عن علي قال : " سيأتي على الناس زمان عضوض ، يعض المؤسر على ما في يديه ، ولم يؤمر بذلک ، قال الله تعالى : ﴿ولا تنسوُا الفضل بينكم﴾ . ويباع المضطرّون ، وقد نهى النبي ﷺ عن بيع المضطرّ . (ص/۴۷۹)

ما في " اعلاء السنن " : هو أن يضطرّ الرجل إلى طعام وشراب وغيرها ، ولا يبيعه البائع إلا بأكثر من ثمنها بكثير ، وفيه قال الخطابي : إن عقد البيع مع الضرورة على هذا الوجه جائز في الحكم ، ولا يفسخ إلا أن سبيله في حق الدين والمروء ة أن لا يباع على هذا الوجه ، ولكن يعاون ، ويقرض ويستمهل إلى الميسرة . (۲۴۱/۱۴)

(۵) ما في " مشكوة المصابيح " : عن حذيفة قال : قال رسول اللّٰہ ﷺ : " إن رجلا فيمن كان قبلكم ، أتاه الملک ليقبض روحه ، فقيل له هل عملتَ من خير ؟ قال ما أعلم قيل له انظر ، قال : ما أعلم شيئًا غير أني كنت أبائع الناس في الدنيا ، فأنظر الموسر وأتجاوز عن المعسر ، فأدخله اللّٰہ الجنة " . (ص/۲۴۳)

ٹیلی فون پر عقدِ بیع

مسئلہ (۲۵۱): ایجاب وقبول کے ذریعے صحتِ عقد بیع کے لیے اتحادِ مجلس ضروری ہے[۱]، اور ٹیلی فون کے ذریعے ایجاب وقبول کرنے میں حقیقۃً اتحادِ مجلس تو نہیں ہوتا، مگر حکماً ہوتا ہے[۲]، اس لیے ٹیلی فون کے ذریعے اگر باقاعدہ ایجاب وقبول ہو جائے، عاقدین اچھی طرح ایک دوسرے کے کلام کو سن لیں، سمجھ لیں، اور مبیع وثمن کی مقدار بھی معلوم ہو جائے[۳]، تو شرعاً یہ بیع درست ہوگی۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : شرطه أن يكون الإيجاب والقبول فى مجلس واحد . (۳۳۲۷/۵)

(۲) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : قال الدكتور الوهبة الزحيلي : البيع بالمراسلة أو بواسطة رسول يصح اتفاقاً . (۳۳۲۷/۵ ، رد المحتار: ۱۹/۷)

(۳) ما في " البحر الرائق " : لا يصح البيع إلا بمعرفة قدر المبيع والثمن ووصف الثمن إذا كان كل منهما غير مشار إليه ، أما المشار إليه فغير محتاج إليهما . (۴۵٦/۵)

(۴) ما في " البحر الرائق " : رجل في البيت فقال للذي في السطح : بعته منک بكذا ، فقال: اشتريت صح إذا كان لا يلتبس الكلام للبعد ، ولو تعاقد البيع وبينهما النهر يصح البيع، وإن كان نهرًا عظيمًا تجري فيه السفن ، قال : وقد تقرر رأي في أمثال هذه الصورة على أنه إن كان البعد بحال يوجب التباس ما يقول كل واحد منهما لصاحبه يمنع ، وإلا فلا ، فعلى هذا الستر بينهما الذي لا يمنع الفهم والسماع لا يمنع البيع . (۴۵٦/۵)

ما في " فتاوى الكاملية " : قال الشيخ محمد كامل ابن مصطفى الطرابلسي : سئل بعد صلوة الجمعة حضر خبر الشام في التلغراف لبعض الثعور بأنه ثبت في الشام رؤية هلال ، ...... فأجاب أن السلاطين المسلمين وضعوا التلغراف لتبليغ الأخبار من البلاد القريبة والبعيدة=

ریڈیو، ٹیپ ریکارڈ کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۵۲): ریڈیو، ٹیپ ریکارڈ کی خرید وفروخت جائز ہے(۱)، کیوں کہ امر منکر اس کی خرید وفروخت میں نہیں ہے، بلکہ امر منکر اس کا ناجائز کاموں میں استعمال کرنا ہے، ہاں! اگر بائع کو معلوم ہے کہ مشتری اس کو ناجائز کاموں میں استعمال کرے گا، تو تعاون علی الاثم کی وجہ سے اس کی یہ بیع مکروہِ تحریمی ہوگی۔(۲)

= في مدة يسيرة جداً ، أو أقاموا لأعماله أشخاصاً مسلمين ، وأنفقوا على ذلک أموالاً جسيمةً ، واستغنوا به عن السعاة وإرسال المكاتيب غالباً فصار قانوناً في ذلک يخاطب به السلاطين بعضهم لبعضهم في مهمّات الأمور وتبعهم الناس على ذلک . (ص/۲۸۵ ، مطلب هل يثبت رمضان بالتلغراف ، بحوالہ فتاوی حقانیہ:۶/۳۰، ٹیلی فون کے ذریعے عقدِ بیع کا حکم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : لا يكره بيع الجارية المغنية والكبش النطوح والديک المقاتل الطيارة ، لأنه ليس عينها منكراً ، وإنما المنكر في استعمال المحظور ، قلت : لكن هذه الأشياء تقام المعصية بعينها ، لكن ليست هي المقصود الأصلي منها ، فإن عين الجارية للخدمة مثلاً ، والغناء عارض ، فلم تكن عين المنكر بخلاف السلاح ، فإن المقصود الأصلي منه هو المحاربة به ، فكان عينه منكراً إذا بيع لأهل الفتنة ، فصار المراد بما تقام المعصية به ما كان عينه بلا عمل صنعةٍ فيه ، فخرج نحو الجارية المغنية لأنها ليست عين المنكر .

(۶/۴۲۰ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة)

ما في " خلاصة الفتاوى " : رجل آجر بيتاً ليتخذ فيه نارًا أو بيعة أو كنيسة أو يباح فيه الخمر فلا بأس به ولذا كل موضع تعلمت المعصية بفعل فاعل مختار . (۴/۳۷۶ ، كتاب الكراهية)

ما في " المبسوط للسرخسي " : ولا بأس بأن يؤاجر المسلم دارًا من الذمي ليسكنها فإن شرب فيها الخمر أو عبد فيها الصليب أو دخل فيها الخنازير لم يلحق المسلم إثم فة شيء من ذلک ، لأنه لم يؤاجرها لذلک ، والمعصية في فعل المستأجر . =

پانی کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۵۳): کسی شخص کا اپنی مملوکہ زمین میں موجود کنویں یا بورنگ مشین کے پانی کو، فلٹر کرکے بوتلوں میں بھر کر فروخت کرنا شرعاً جائز ہے۔(۱)

=(۱۶/ ۴۳ ، باب الإجارة الفاسدة ، بيروت)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما في " سنن أبي داود " : حدثنا عبيد الله بن معاذ حدثنا أبي حدثنا شعبة عن محمد بن جُحادة قال : سمعت أبا حازم سمع أبا هريرة قال:" نهى رسول الله ﷺ عن كسب الإماء" . (ص/۴۸۶ ، باب في كسب الإماء)

ما في " جواهر الفقه " : ثم السبب إن لم يكن محركًا وداعيًا ، بل موصلا محضًا ، وهو مع ذلك سبب قريب بحيث لا يحتاج في إقامة المعصية به إلى إحداث صنعة من الفاعل كبيع السلاح من أهل الفتنة ، وبيع العصير ممن يتخذه خمرًا .... فكلّه مكروه تحريمًا بشرط أن يعلم به البائع والآجر من دون تصريح به باللسان ، فإنه إن لم يعلم كان معذورًا .

(۲/ ۴۵۲ ، رد المحتار : ۹/ ۴۷۷)(فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۱۲۹،کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : أما بيع الماء فيه قال جمهور العلماء : يجوز بيع غير المباح للناس جميعاً كماء البئر والعين ، ولصاحبه أن ينتفع به لنفسه ، ويمنع غيره من الإنتفاع ، فله أن يمنع صاحب الحق في الشفعة من الدخول فى ملكه إذا كان يجد ماء بقربه فإن لم يجد يقال لصاحب البئر إما أن تخرج الماء إليه ، أو تتركه ليأخذ الماء ، واستدلوا على الجواز بدليلين : (۱) ثبت فى الحديث الصحيح أن عثمان اشترى بئر رومة من اليهودي فى المدينة ، وسبلها أو حبسها على المسلمين ، وذلك بعد أن سمع النبي ﷺ يقول : " من يشتري بئر رومة ، فيوسع بها على المسلمين وله الجنة " . وكان اليهودي يبيع مائها للناس ، فهذا الحديث يدل على جواز بيع البئر نفسها ، وكذلك يدل على جواز بيع الماء ، لتقريره ﷺ اليهودي على البيع . (۲) يقال بيع الماء المباح على بيع الحطب بعد احرازه، فإن =

شراب ملی ہوئی اشیاء کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۵۴): شراب اسلام میں حرام اور نجس وناپاک ہے[۱]، جس چیز میں شراب شامل ہوجائے وہ بھی حرام اور نجس ہے، اسی وجہ سے اس کا استعمال اور خرید وفروخت ناجائز وحرام ہے[۲]، تاہم اگر کسی دوا میں شراب ملی ہو، اور طبیبِ حاذق نے بتایا ہو کہ اس میں شفا ہے، اور اس کے علاوہ کوئی دوسری متبادل دوا نہ ہو، تو ضرورۃً اس کا استعمال اور خرید وفروخت جائز ہے۔[۳]

=النبي ﷺ أقر بيعه بقوله : لأن يأخذ أحدكم حبله ، ثم يغدو إلى الجبل ، فيحتطب ، فيبيع فيأكل ويتصدق خير له من أن يسأل الناس . (۳۴۳۸/۵)

ما في " الموسوعة الفقهية " : إذا كان يملك المنبع أو كان حفرها بقصد التملك فلصاحب البئر على هذا أن يمنع الغير من حق الشفعة أيضًا ، وأن يبيع الماء ، لأنه في حكم المحرز . (۸۰/۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجسٌ من عمل الشيطٰن فاجتنبوه﴾ . (سورة المائدة : ۹۰)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " كل مسكر خمرٌ وكل مسكر حرام " . (ص/۳۱۷ ، باب بيان الخمر ووعيد شاربها)

(۲) ما في " رد المحتار " : لا يجوز بيعها لأن الله تعالى لما نجسها فقد أهانها ، والتقوم يشعر بعزّتها ، وقال عليه الصلاة والسلام : " إن الذي حرّم شربها حرّم بيعها وأكل ثمنها " .

(۲۸/۱۰ ، كتاب الأشربة ، بيروت ، صحيح مسلم : ۲۲/۲ ، باب تحريم بيع الخمر)

ما في " الهداية " : إذا كان أحد العوضين أو كلاهما محرماً فالبيع فاسد ، كالبيع بالميتة والدم والخنزير والخمر . (۳۳/۳)=

یہ چیز مجھے اتنے میں پڑی

مسئلہ (۲۵۵): کسی چیز کی خرید وفروخت کے وقت اس پر آنے والے اخراجات، عقدِ مرابحہ کی صورت میں قیمتِ خرید میں ملاکر فروخت کرنا جائز ہے(۱)، البتہ احتیاطاً بائع مشتری سے یوں کہے کہ: ''یہ چیز مجھے اتنے میں پڑی ہے''، یہ نہ کہے کہ: ''میں نے اتنے میں خریدی''، تاکہ جھوٹ سے بچ جائے۔(۲)

=(۳) ما في " الفتاوى الهندية " : يجوز للعليل شرب الدم وأكل الميتة للتداوي إذا أخبره طيب مسلم أن شفاءه فيه ولم يجد من المباح ما يقوم مقامه .

(۵/۳۵۵ ، الباب الثامن عشر في التداوي)

ما في " رد المحتار " : يرخص إذا علم فيه الشفاء ولم يعلم دواء آخر كما رخص الخمر للعطشان . وعليه الفتوى . (۱/۳۲۵ ، مطب في التداوي بالمحرم)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وشرط الحنفية لجواز التداوي بالجنس والمحرم أن يعلم أن فيه شفاء ولا يجد غيره . (۱۱/۱۱۹) (فتاوی محمودیہ:۱۸/۱۷۸،کراچی)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : يحرم شرب قليلها وكثيرها إلا عند الضرورة .(۷/۵۴۹۳)

ما في " الأشباه والنظائر " : الضرورات تبيح المحظورات . (۱/۳۰۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المصنف لإبن أبي شيبة " : حدثنا أبو معاوية عن عبد الرحمن بن عجلان قال : قلت لإبراهيم : إنا نشتري المتاع ، ثم نزيد عليه القِصارة والكِراء ، ثم نبيعه به مرابحة ، قال : لا بأس " . (۱۰/۵۸۳ ، كتاب البيوع والأقضية ، باب في النفقة تضم إلى رأس المال، رقم : ۲۰۷۸۴ ، المجلس العلمي افريقه)

ما في " بدائع الصنائع " : لا بأس بأن يلحق برأس المال أجرة القصار، والصباغ ، وعلف الدواب ، لأن العادة فيما بين التجار انهم يلحقون هذه المُؤَنَ برأس المال ، ويعدّونها منه ، وعرف المسلمين وعادتهم حجة مطلقة لقوله عليه السلام : " ما رآه المسلمون حسنًا فهو=

انعامی بانڈز کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۵۶): بعض اوقات حکومت کی طرف سے عوام سے قرضے لیے جاتے ہیں، اوران قرضوں کے عوض میں ان کی توثیق کے لیے تحریر لکھ دی جاتی ہے، جس کو حکومت کی طرف سے بانڈ (Bond) کہتے ہیں۔ بانڈ کے معنی قرض کے وثیقہ کے ہیں۔ (انعام الباری:۶/۱۴۴)

یہ بانڈز مختلف مالیت کے ہوتے ہیں، اوراس کا طریقۂ کار یہ ہوتا ہے کہ بانڈز حاصل کرنے کے بعد ہر ماہ قرعہ اندازی ہوتی ہے، قرعہ اندازی میں جو نمبر نکلتے ہیں، ان کے حاملین کو زیادہ رقم دی جاتی ہے، باقی تمام ممبران کو صرف اپنی جمع شدہ رقم واپس لینے کا حق ہوتا ہے۔

انعامی بانڈز درحقیقت سودی معاملہ ہے، جس میں بانڈز کے تمام مالکوں کو دیا جانے والا سود قرعہ اندازی کے ذریعے کسی ایک فرد کو دیا جاتا ہے، اور بقیہ تمام افراد کو صرف اپنی جمع شدہ رقم واپس کی جاتی ہے، یعنی سود کو قمار کے ذریعے دیا جاتا ہے، وہ اس طرح کہ ہر بانڈ پر سود لگایا گیا، پھر ہر ایک کو سود نہ دیتے ہوئے مجموعی سود کی رقم قرعہ

=عند الله حسنٌ " . (۴/۴۶۴ ، وأما بيان ما يلحق برأس المال وما لا يلحق ، رد المحتار : ۶/۳۵۳ ، باب المرابحة والتولية)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : العادة محكمة . (ص/۳۲۸)

(۲) ما في " الهداية " : يجوز أن يضيف إلى رأس المال ، أجرة القصار ، والطراز والصبغ ، وأجرة حمل الطعام ، لأن العرف جار بالحاق هذه الأشياء برأس المال في عادة التجار ، إذ القيمة تختلف باختلاف المكان ، ويقول : قام علي بكذا ، ولا يقول : اشتريت بكذا كيلا يكون كاذبًا . (۳/۵۵ ، البحر الرائق : ۶/۱۸۲)

اندازی کے ذریعے کسی ایک کو دی گئی، معلوم ہوا کہ دیئے جانے والے سود میں قمار کا طریقۂ کار اور اس کی روح موجود ہے، اور چوں کہ سود شرعاً غیر معتبر و باطل ہے (۱)، لہٰذا اس قمار کو فقہی اصطلاح کے مطابق قمار نہیں کہیں گے (۲)۔ انعامی بانڈز کا یہ معاملہ سودی معاملہ ہے، لہٰذا اس کی خرید وفروخت شرعاً جائز نہیں ہوگی۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوا لا تأكلوا الربوا أضعافاً مضاعفة﴾ .

(سورة آل عمران : ۱۳۰)

ما في " صحيح مسلم " : عن جابر قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه ، وقال : هم سواء " . (۲/۲۷)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : الربا شرعاً : فضل خال عن عوض بمعيار شرعي مشروط لأحد المتعاقدين في المعاوضة . (۷/۳۰۲)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجسٌ من عمل الشيطٰن فاجتنبوه﴾ . (سورة المائدة : ۹۰)

ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن عمرو أن نبي الله ﷺ " نهى عن الخمر والميسر والكوبة والغبيراء " . (ص/۵۱۹ ، رقم :۳۶۸۷ ، باب النهي عن المسكر)

ما في " رد المحتار" : لأن القمار من القمر الذى يزداد تارةً وينقص أخرىٰ ، وسمى القمار قمارًا ، لأن كل واحد من المقامرين ممن يجوز أن يذهب ماله إلى صاحبه ، ويجوز أن يستفيد مال صاحبه وهو حرام بالنص . (۹/۴۹۲)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)

(جدید معاملات کے شرعی احکام:۱/ ۹۸،۹۹)

ڈپازٹ سرٹیفکٹ خرید کراس پر نفع حاصل کرنا

مسئلہ (۲۵۷): کسی شخص نے بینک سے ڈپازٹ سرٹیفکٹ خریدا، جس کی قیمت دس ہزار روپئے ہے، اب وہ رقم بینک میں رہے گی اور چند سالوں کے بعد اس رقم پر اس شخص کو نفع بھی دیا جائے گا، یہ صورت درست نہیں ہے، کیوں کہ بینک سے ڈپازٹ سرٹیفکٹ خرید کر، اس پر نفع حاصل کرنا بہر حال سود ہے، اور سود شریعتِ اسلامیہ میں ناجائز وحرام ہے۔(۱)

بیڑی، گٹکھا، تمباکو وغیرہ کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۵۸): خرید وفروخت کے سلسلہ میں اصول یہ ہے کہ جو چیز جائز ہو، اس کا بیچنا جائز ہے، جو چیز حرام ہو اس کا بیچنا بھی حرام، اور جو مکروہ ہو اس کا بیچنا بھی مکروہ ہے، پھر اس کے استعمال میں جس درجہ کی کراہت ہوگی، فروخت کرنے میں بھی اسی درجہ کی کراہت ہوگی، بیڑی، گٹکھا، تمباکو وغیرہ کا استعمال مکروہِ تنزیہی ہے، اس لیے ان کی خرید وفروخت بھی مکروہِ تنزیہی ہے۔(۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿یآیها الذین اٰمنوا لا تأکلوا الربوا أضعافاً مضاعفة﴾ .

(سورة آل عمران : ۱۳۰)

ما في " القرآن الکریم " : ﴿وأحل الله البیع وحرّم الربوٰا﴾ . (سورة البقرة :۲۷۵)

ما في " مشکوة المصابیح " : عن جابر رضي الله تعالی عنه قال : " لعن رسول الله ﷺ آکل الربوا وموکله وکاتبه وشاهدیه ، وقال : هم سواء " .

(ص/ ۲۴۴ ، صحیح البخاري : ۱/ ۱۸۰) (فتاویٰ عثمانی:۳/۲۸۴،۲۸۵)=

زندہ مرغی تول کرفروخت کرنا

مسئلہ (۲۵۹): زندہ مرغیوں کوتول کرفروخت کرنا شریعتِ مقدسہ میں جائز ہے[1]، کیوں کہ اس خرید وفروخت کا مقصود مبیع یعنی مرغیاں ہیں، اور وہ معلوم ومتعین ہیں۔[2]

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة:۲)

ما في " روح المعاني " : فيعم النهي كل ما هو من مقولة الظلم والمعاصي ، ويندرج فيه النهي عن التعاون على الإعتداء والإنتقام ، وعن ابن عباس رضى الله تعالى عنهما وأبى العالية انهما فسرا الإثم بترک ما أمرهم له وارتكاب ما نهاهم عنه . (۳/۲۳۰، سورة المائدة ، بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ان ما قامت به المعصية بعينه يكره تحريمًا وإلا فتنزيهًا . (۱۰۳/۷)

(کتاب الفتاوی:۵/۲۰۱،۲۰۲،فتاوی محمودیہ:۱۶/۱۲۰،۱۲۱،کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وشرعًا : (مبادلة شيء مرغوب فيه بمثله) . (۷/۶، كتاب البيوع ، ديوبند)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : البيع اصطلاحًا عند الحنفية : مبادلة مال بمال على وجه مخصوص ، أو هو مبادلة شيء مرغوب فيه بمثله على وجه مخصوص أي بإيجاب أو تعاطٍ . (۵/۳۳۰۵ ، فتح القدير : ۶/۲۳ ، كتاب البيوع)

(۲) ما في " الهداية " : كون المبيع معلومًا مالا متقومًا مقدور التسليم . (۳/۱۸)

(فتاوی حقانیہ:۶/۱۱۰)

بت فروشی

مسئلہ (۲۶۰): بت چوں کہ آلۂ معاصی اور شرک پرستی میں معین ہے، لہٰذا اعانت علی المعصیت کی بنا پر ان کی خرید وفروخت جائز نہیں ہے، علاوہ ازیں رسول اللہ ﷺ نے بت فروشی سے منع فرمایا ہے۔ (۱)

بجلی کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۶۱): بجلی کی خرید وفروخت شریعتِ مطہرہ میں جائز ہے، کیوں کہ بجلی اور اس قسم کی اشیاء مالیت میں داخل ہیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما أنه سمع رسول الله ﷺ يقول عام الفتح وهو بمكة : " إن الله ورسوله حرّم بيع الخمر والميتة والخنزير والأصنام " . (۱/۲۹۸ ، رقم : ۲۲۳٦ ، ۴۲۹٦ ، باب بيع الميتة والأصنام)

ما في " مرقاة المفاتيح " : حرم بيع الخمر والميتة والخنزير والأصنام وإن كانت من ذهب أو فضة . (٦/۱۴ ، عمدة القارى : ۱۲/۷٦) (فتاوی حقانیہ: ٦/۷۵)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " رد المحتار " : والمالية تثبت بتموّل الناس كافةً أو بعضهم . (۷/۷)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : المال هو كل عين ذات قيمة مادية بين الناس . (۵/۳۳۰۵)

ما في " الدر المنتقى في شرح الملتقى " : والمراد بالمال عين يجري فيه التنافس والابتذال . (۳/۴)

(فتاوی حقانیہ: ۴/۱۰۹)

ویڈیو گیم پر پیسوں کی شرط اور اس کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۶۲): ویڈیو گیم لوڈ کرنے کروانے اور کھیلنے میں وقت کا ضیاع ہے، انسان اس کھیل میں لگ کر اپنے دین اور دنیوی فرائض سے غافل ہو جاتا ہے، اور گھنٹوں اس میں برباد کر دیتا ہے، اس لیے ویڈیو گیم اگر پیسوں کی شرط کے بغیر ہو تب بھی مکروہِ تحریمی ہے، جیسا کہ فقہاء نے شطرنج کو مکروہ قرار دیا ہے [1]، اور اگر پیسوں کی شرط بھی لگائی جائے، تو جوا ہونے کی وجہ سے حرام ہے [2]، اور ویڈیو گیم کی خرید وفروخت کرنا یہ تعاون علی الاثم (گناہ کے کام پر تعاوُن) کی وجہ سے گناہ ہے۔ [3]

---

(۱) ما في " جمع الجوامع " : " من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه " . (۳۹۳/۶ ، رقم الحديث: ۱۹۹۹۷، ۲۰۰۰۷ ، كنز العمال :۳/۳۵۵ ، رقم الحديث : ۸۲۸۱)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (و) كره تحريماً (اللعب بالنرد) وكذا (الشطرنج) . (۴۸۱/۹)

ما في " التفسير المنير " : وكل شيء من القمار فهو من الميسر حتى لعب الصبيان بالجوز ، وورد عن علي قال : الشطرنج من الميسر ، وكذا النرد إذا كان على مالٍ .(۴۰/۷)

ما في " رد المحتار " : قال العلامة ابن عابدين الشامي رحمه الله : كل لعب وعبث حرام .

(۵۶۶/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يٰٓأيها الذين اٰمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجسٌ من عمل الشيطٰن فاجتنبوه لعلكم تفلحون﴾ . (سورة المائدة : ۹۰)

ما في " التفسير المنير " : والميسر حرام أيضًا ، ولك شيء من القمار فهو من الميسر .

(۴۰/۷ ، أحكام القرآن للعثماني : ۳۹۳/۱)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان واتقوا اللّٰه﴾ .

(سورة المائدة: ۲)

(کتاب الفتاویٰ: ۲۸۱/۵)

مقررہ مدت گذر جانے پر مزید رقم کا مطالبہ

مسئلہ (۲۶۳): مشتری (خریدار) نے بائع (بیچنے والا) سے کوئی چیز خریدا، اور ثمن (قیمت) کی ادائیگی کے لیے ایک مدت متعین کیا، لیکن اس مدت تک وہ ثمن (قیمت) بائع (بیچنے والا) کو نہیں دے سکا، تو اب بائع مشتری (خریدار) سے مدتِ مقررہ کے گزر جانے پر زائد رقم کا مطالبہ کرتا ہے، تو بائع کا مشتری کے ساتھ اس طرح کا معاملہ کرنا شرعاً ناجائز وحرام ہے، کیوں کہ یہ زائد، ربوا (سود) میں داخل ہوگا، جس کو شریعت نے حرام قرار دیا ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآأيها الذين اٰمنوا لا تأكلوا الرّبوٰا أضعافاً مضاعفة ، واتقوا الله لعلكم تفلحون﴾ . (سورة آل عمران : ۱۳۰)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وأحل الله البيع وحرّم الربوٰا﴾ . (سورة البقرة : ۲۷۵)

ما في " فيض القدير " : عن علي قال : قال رسول الله ﷺ: " كلّ قرض جر منفعة فهو ربًا " . (۲۸/۵)

ما في " المدوّنة الكبرىٰ " : وكان ربوا الجاهلية فى الديون أن يكون للرجل على الرجل الدين فإذا حل قال له : أتقضى أم ترى ، فإن قضاه أخذه وإلا زاده فى الحق وزاده في الأجل . (۱۸/۵ ، بحوالہ کتاب الفتاوی: ۲۲۳/۵، زمزم پبلیشرز)

ناخن پالش اور نرودھ کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۶۴): ایسا ناخن پالش جو ناخن پر جم جاتا ہو اور اس کے نیچے پانی پہنچنے کے لیے آڑ بن جاتا ہو، اُس کا استعمال کرنا جائز نہیں ہے، نیز ناخن پر اُس کے لگے ہونے کی حالت میں وضو اور غسلِ جنابت بھی درست نہ ہوگا، لہٰذا ایسے ناخن پالش کا کاروبار کرنا تعاوُن علی المعصیت (گناہ کے کام پر ایک دوسرے کی مدد) ہونے کی بنا پر ناجائز ہے، اسی طرح نرودھ بیچنا بھی مناسب نہیں، کیوں کہ اس کا استعمال جائز مواقع میں کم اور ناجائز طور پر زیادہ ہوتا ہے، جو اعانت علی المعصیت ہے[1]، نیز بدنامی سے خالی نہیں[2]، اور بے حیائی کا ذریعہ ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان واتقوا الله﴾ . (المائدة:۳)

ما في " روح المعاني " : فيعم النهي كل ما هو من مقولة الظلم والمعاصي ، ويندرج فيه النهي عن التعاون على الاعتداء والانتقام . (۸۵/۴) (فتاوی رحیمیہ:۲۰۵/۹)

ما في " المبسوط للسرخسي " : ولا تجوز الإجارة على شيء من الغناء والنوح والمزامير والطبل وشيء من اللهو لأنه معصية والاستيجار على المعاصي باطل . (۴۲/۱٦ ، باب الإجارة الفاسدة ، الدر الختار مع الشامية : ۶۴/۹ ، مطلب الاستيجار على المعاصي)

(۲) ما في " الموافقات في أصول الأحكام للشاطبي " : ومجموع الضروريات خمسة : وهي حفظ الدين والنفس والنسل والمال والعقل . (۴/۲ ، كتاب المقاصد ، المسئلة الأولى)

فصل تیار ہونے کے بعد اسی میں سے مزدوری

مسئلہ (۲۶۵): مزدوروں سے یہ کہہ کر کھیتی کٹانا کہ اس فصل کو گاہنے اور تیار کرنے کے بعد تمہاری مزدوری اسی میں سے دی جائے گی، یہ قفیزِ طحان ہی کی ایک صورت ہے، جو شرعاً ناجائز ہے۔(۱)

خچر اور کتے کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۶۶): حرام جانوروں اور ان کی جلدوں سے انتفاع (دوا وغیرہ بنانے) کے لیے ان کی خرید وفروخت جائز ہے، لہٰذا خچر اور کتے کی خرید وفروخت بھی جائز ہوگی۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : صورة قفيز الطحان ؛ أن يستأجر الرجل من آخر ثورًا ليطحن بها الحنطة على أن يكون لصاحبها قفيزٌ من دقيقها ، أو استأجر انساناً ليطحن له الحنطة بنصف دقيقها أو ثلثه أو ما أشبه ذلک ، فذلک فاسد ، والحيلة في ذلک لمن أراد الجواز ؛ أن يشترط صاحب الحنطة قفيزًا من الدقيق الجيد ولم يقل من هذه الحنطة .

(۱۱۳/۳ ، فتاوى قاضي خان على هامش الهندية : ۳۳۲/۲ ، مجمع الأنهر:۵۳۹/۳ ، باب الإجارة الفاسدة) (فتاویٰ محمودیہ:۵۸۶/۱۶،کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : ويجوز بيع جميع الحيوانات سوى الخنزير. وهو المختار . (۱۱۴/۳)

ما في " مجمع الأنهر " : (يصح بيع الكلب والفهد وسائر السباع علمت) الكلب والفهد والسباع (أو لا) . (۱۵۱/۳ ، كتاب البيوع ، الدر المختار مع الشامية : ۲۶۸/۷ ، كتاب=

عقدِ مرابحہ

مسئلہ(۲۶۷): کسی چیز کو خرید کر ثمنِ اول (پہلی قیمت) سے کچھ زیادتی (نفع) کے ساتھ فروخت کرنا "مُرابَحہ" کہلاتا ہے، شرعاً یہ جائز ہے۔(۱)

=البیوع ، باب المتفرقات ، تبیین الحقائق :۵۳۰/۴ ، کتاب البیوع ، باب المتفرقات ، البحر الرائق :۲۸٦/٦ ، کتاب البیع ، باب المتفرقات ، الهداية: ۱۰۳/۳ ، کتاب البیوع ، مسائل منثورة ، مجمع الأنهر: ۱۵۱/۳ ، کتاب البیوع ، مسائل شتیٰ)

ما في " الكوكب الدري " : قوله : " نهى رسول الله ﷺ عن ثمن الكلب " . وهذا التحريم كان إذا أمر بقتل الكلاب وحرم الإنتفاع بها ، فإذا استثنیٰ كلب الماشية وغيره جاز بيعه .

(۳۳۳/۱ ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۳۲/۱٦،کراچی)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وصح بيع الكلب والفهد والفيل والقرد والسباع بسائر أنواعها حتى الهرة ، وكذا الطيور سوى الخنزير . وهو المختار . للانتفاع بها وبجلدها.

(۳٦۸/۷)

(فتاوی محمودیہ:۱٦/ ۲۷-۳۱،کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مختصر القدوري " : المرابحة : نقل ما ملكه بالعقد الأول بالثمن الأول مع زيادة ربح . (ص/۳۱٦ ، کتاب البيوع ، باب المرابحة)

ما في " بدائع الصنائع " : المرابحة بيع بالثمن الأول ومع زيادة ربح . (۴٦۱/۴ ، الدر مع الرد : ۲٦۰/۷ ، الهداية :۷۰/۳ ، باب المرابحة والتولية ، الموسوعة الفقهية : ۳۱۸/۳٦)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۲۳۰)

کاریز (بندنالی) کا پانی بیچنا

مسئلہ (۲۶۸): بعض علاقوں میں پانی کی قلت کو دور کرنے کے لیے کاریز یعنی نہریں، بندنالیاں، یا پاٹ استعمال کیے جاتے ہیں، جن کے ذریعہ سے پانی چھوڑا جاتا ہے، فقہائے کرام نے کاریز کو نہر جاری کے حکم میں شمار کیا ہے، نہر کے پانی کی طرح کاریز کا پانی بھی مملوک اور محرز نہیں، اس لیے کاریز کے پانی کو فروخت کرنا جائز نہیں [۱]، تاہم اگر اس کو باقاعدہ طور پر محفوظ کر کے فروخت کیا جائے، تو پھر کوئی حرج نہیں۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱-۲) ما في " الهداية " : والثالث إذا دخل الماء في المقاسم فحق الشفعة ثابت ...... ولأن البئر ونحوها ما وضع للاحراز ولا يملك المباح بدونه .

(۴۸۲/۴ ، فصل في مسائل الشرب)

ما في " البحر الرائق " : والقناط مجرى الماء تحت الأرض ..... لأنه نهر في الحقيقة تعتبر بالنهر ..... لأن الأنهار والآبار والحياض لم توضع للاحراز والمباح لا يملك إلا بالاحراز .

(۳۹۰/۸ ، كتاب احياء الموات)

ما في " رد المحتار " : ان صاحب البئر لا يملك الماء ..... هذا ما دام في البئر أما إذا أخرجه منها بالاحتيال كما في السواني فلا شك في ملكه له لحيازته له في الكيزان ثم صبه في البرك بعد حيازته . تأمل . (۱۸۹/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب صاحب البئر لا يملك)

(فتاویٰ حقانیہ: ۹۴/۶)

ماتھے پرلگایا جانے والاسِندوراورٹکلی کاکاروبار

مسئلہ (۲۶۹): ہندولوگ اپنے ماتھے پر سِندور لگاتے ہیں، اور بعض ٹکیہ نما ٹکلی بھی لگاتے ہیں، چوں کہ سِندور اور ٹکلی نجس وحرام نہیں ہیں، اور نہ ہی وہ غیر متقوم ہیں، اس لیے ان دونوں کا کاروبار کرنا شرعاً درست ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن جابر رضي الله تعالى عنه أنه سمع رسول الله ﷺ يقول عام الفتح وهو بمكة : " إن الله ورسوله حرّم بيع الخمر والميتة والخنزير والأصنام " .
(ص/ ۲۴۱ ، كتاب البيوع ، باب الكسب ، الفصل الأول)

ما في " الهداية " : إذا كان أحد العوضين أو كلاهما محرمًا فالبيع فاسد كالبيع بالميتة والدم ..... فنقول البيع بالميتة والدم باطل . (۵۳/۳ ، باب البيع الفاسد)

ما في " البحر الرائق " : ولا يجوز بيع شعر الخنزير لأنه محرم فيبطل لنجاسته .
(۸۵/۳ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

ما في " رد المحتار " : وبطل بيع مال غير متقوم كخمر وخنزير فإن المتقوم هو المال المباح الانتفاع به شرعًا . (۱۱/۷ ، شرائط البيع)

ما في " الفتاوى الهندية " : أما شرائط الانعقاد فأنواع ؛ ..... وأن يكون مالاً متقومًا شرعًا .
(۳/۳ ، كتاب البيوع ، الباب الأول ، رد المحتار: ۱۹۳/۷ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، مطلب في التداوي)

گوڈول یعنی نام کی خرید وفروخت

مسئلہ(۲۷۰): گوڈول (Good will) یعنی نام کی خرید وفروخت، مثلاً: ایک دکان جس کا نام ''فینس شاپ'' ہے، جب اس دکان کی بیع ہوتو اس کے نام کا بھی الگ سے پیسہ لیا جاتا ہے، علامہ تھانوی رحمہ اللہ نے اس مسئلے کو مال کے بدلے میں وظائف سے دست برداری کے مسئلے پر قیاس کیا ہے، کیوں کہ نام بھی حق وظائف کے مشابہ ہے کہ ثابت علی وجہ الاصالۃ ہے، اور علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے وظائف سے دست برداری کے بدلے مال لینے کو جائز قرار دیا ہے، نیز لوگوں میں اس کا شمار مال میں ہونے لگا ہے، اور علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ کے بیان کے مطابق مالیت لوگوں کے مال بنانے سے ثابت ہوجاتی ہے، جیسے بجلی، گیس وغیرہ، لہٰذا نام کی خرید وفروخت جائز ہے۔ (۱)

حق ایجاد کا رجسٹریشن

مسئلہ(۲۷۱): حق ایجاد آدمی کا حق ہے، اور اس کے لیے اِس حق ایجاد کو رجسٹریشن کے ذریعہ محفوظ کرلینا بھی جائز ہے، کیوں کہ ابوداؤد میں حضرت اسمر بن مضرس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے پاس حاضر ہوکر

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' رد المحتار '' : فإنهم قالوا : یجوز أخذ العوض علی وجه الإسقاط للحق ولا ریب أن الفارغ یستحق المنزول به .(۲۶/۷، کتاب البیوع ، مطلب في العرف الخاص)

ما في '' رد المحتار '' : المالیة تثبت بتمویل الناس کافة أو بعضهم .

(۷/۷ ، مطلب في تعریف المال)

(فقہی مقالات:۱/۳۲۰، نظام الفتاوی:۲/۳۱۶، امداد الفتاوی:۳/۱۱۹)

بیعت کی، تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: ’’جس شخص نے اس چیز کی طرف سبقت کی، جس کی طرف کسی دوسرے مسلمان نے سبقت نہیں کی، تو وہ چیز اسی کی ہے۔‘‘(۱)

علامہ عبد الرؤف مناوی رحمہ اللہ نے اگر چہ اس بات کو راجح قرار دیا ہے کہ یہ حدیث اُفتادہ زمین کو قابلِ کاشت بنانے کے بارے میں وارد ہے، لیکن انہوں نے بعض علماء سے یہ بھی نقل کیا ہے کہ یہ حدیث ہر چشمہ، کنواں اور معدن کو شامل ہے، اور جس شخص نے ان میں سے کسی چیز کی طرف سبقت کی، تو وہ اس کا حق ہے(۲)، اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ اعتبار عمومِ لفظ کا ہوتا ہے، خصوصِ سبب کا نہیں۔(۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : حدثنا محمد بن بشار حدثني عبد الحميد بن عبد الواحد حدثنى ام جَنوب بنت نميلة عن أمها سويدة بنت جابر عن أمها عقيلة بنت أسمرَ بن مضرِّس عن أبيها أسمر بن مضرّس قال : أتيت النبي ﷺ فبايعته فقال : " من سبق إلى ما لم يسبقه إليه مسلم فهو له " . قال : فخرج الناس يتعادَوْن يتخاطُّون .

(ص/۴۳۷ ، كتاب الخراج ، قبيل احياء الموات)(فقہی مقالات:۱/۲۲۴)

(۲) ما في " فيض القدير شرح الجامع الصغير" : (من سبق إلى ما لم يسبقه إليه مسلم فهو له) . قال البيهقي : أراه إحياء الموات ، وقال غيره يحتمل أن المراد بماء واحد المياه ، ويحتمل كون ما موصولة وجملة لم يسبق صلتها وكونها نكرة موصوفة بمعنى شيء والأخيران أولىٰ كأنها أعم والحمل عليه أكمل وأتم فيشمل ما كل عين وبئر ومعدن كملح ونفط فالناس فيه سواء ومن سبق لشيء منها فهو أحق به . (۱۴۸/۶ ، رقم : ۸۷۳۹ ، دار المعرفة بيروت)

ما في " شرح المجلة " : كل يتصرف في ملكه كيف شاء . (ص/۶۰۴ ، المادة : ۱۱۹۲)

(۳) ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : اَلْعِبْرَةُ لِعُمُوْمِ اللَّفْظِ لا لِخُصُوْصِ السَّبَبِ .

(ص/۲۰۴ ، قاعدة : ۱۹۵)

خراب تربوز یا انڈا واپس کرنا

مسئلہ (۲۷۲): ایک شخص نے تربوز یا انڈا خرید امگر کاٹنے اور پھوڑنے کے بعد وہ کڑوا یا گندا نکلا، تو ایسی صورت میں مشتری مبیع واپس کر کے اتنا پیسہ بائع سے لے سکتا ہے، لیکن اگر وہ چیزیں استعمال ہوسکتی تھی، مثلاً ان میں کڑواہٹ کم تھی، تو اسے واپس نہیں کیا جاسکتا، البتہ مطلوبہ صفت میں کمی آنے کی وجہ سے اس کی قیمت میں جتنی کمی آئی اسے واپس لے سکتا ہے بشرطیکہ اس نے اسے تھوڑا سا چکھنے کے بعد چھوڑ دیا ہو، لیکن اگر چکھنے کے بعد اسے کھا بھی لیا، تو پھر اسے واپس کرنے کا اختیار نہ ہوگا۔ (۱)

بیع المجازفۃ (اندازہ سے خرید وفروخت)

مسئلہ (۲۷۳): اشیاء کی خرید وفروخت اس طرح کی جائے کہ ان کی مقدار متعین طور پر معلوم نہ ہو، بلکہ محض اندازہ اور اٹکل کی بنیاد پر کی جائے، یہ ''بیع المجازفۃ'' ہے (۲)،

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : ومن اشترى بيضاً أو بطيخاً أو قثاء أو خيارًا أو جوزًا فكسره فوجده فاسدًا فإن لم ينتفع به رجع بالثمن كله لأنه ليس بمال فكان البيع باطلا ولا يعتبر في الجوز صلاح قشره على ما قيل لأن ماليته باعتبار اللب وإن كان ينتفع به مع فساده لم يرده لأن الكسر عيب حادث ولكنه يرجع بنقصان العيب دفعًا للضرر بقدر الإمكان (الهداية) . وفي حاشيته : قوله : فإن لم ينتفع به أى لم ينتفع به أصلا بحيث لا يصلح لأكل الناس ولا للعلف قال الإمام الحلواني : هذا إذا ذاقه فوجده كذلک فتركه فإن تناول شيئًا منه بعد ما ذاقه لا يرجع عليه بشيء وما لا ينتفع به أصلا كالقرع إذا وجده مرًّا والبيضة إذا كانت مَذِرَةً .

(۳/۲۷، كتاب البيوع ، باب خيار العيب ، رقم الحاشية :۱۳، رد المحتار : ۱۴۲/۷ ، كتاب البيوع ، باب خيار العيب ، مطلب يرجع القياس) (غرر کی صورتیں:ص/۲۲۳)=

حنفیہ کے نزدیک بیع کی یہ شکل چند شرائط کے ساتھ جائز ہے، مثلاً: ہم جنس اشیاء کے درمیان نہ ہو، جیسے گندم کی بیع گندم سے، البتہ اگر مقدار اتنی قلیل ہو کہ عام طور پر تولنے کے پیمانہ کے تحت نہ آتی ہو، جس کی مقدار نصف صاع بیان کی گئی ہے، تو اس صورت میں ہم جنس کے درمیان بھی بیع جائز ہے، اور بیع سلم کے اندر بطور رأس المال کوئی چیز اٹکل سے نہ دی جائے، اس لیے کہ اس میں اس بات کا امکان ہوتا ہے کہ یہ معاملہ فسخ ہوجائے، اور ایسی صورت میں بائع (مسلم إلیہ) کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ اصل رأس المال واپس کرے، لہٰذا اگر یہ رأس المال کی مقدار معلوم نہ ہو، تو اسے واپس کرنے میں دشواری پیش آئے گی، اور جس چیز کی اٹکل سے بیع کی جارہی ہے، وہ سامنے موجود ہو، نظر آرہی ہو، اگر نظر نہیں آرہی، تو اس کی بیع مجازفۃً (اٹکل سے) جائز نہیں، لہٰذا نابینا شخص کی ''بیع المجازفۃ'' جائز نہیں، کیوں کہ وہ اس چیز کو دیکھ نہیں سکتا۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " عمدة القاري " : قوله : مجازفة : هو البيع بلا كيل ولا وزن وتقدير .

(۳۵۶/۱۱ ، كتاب البيوع ، باب : ۵۴)

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (وصح بيع الطعام كيلا وجزافًا إذا كان بخلاف جنسه ، ولم يكن رأس مال سلم أو كان بجنسه وهو دون نصف صاع) . تنوير وشرحه . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله : (الشرطية معرفته) لاحتمال أن يتفاسخا السلم فيريد المسلم إليه دفع ما أخذ ولا يعرف ذلك إلا بمعرفة القدر . (۴۶/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب مهم فى حكم الشراء)

ما في " الهداية " : ويجوز بيع الطعام والحبوب مكايلة ومجازفة ، وهذا إذا باعه بخلاف جنسه لقوله عليه الصلاة والسلام : " إذا اختلف النوعان فبيعوا كيف شئتم من احتمال الربوا.

(۲۲/۳ ، كتاب البيوع ، المكتبة الإسلامية)

ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : (والحبوب) ..... (مكايلة) ..... (مجازفة) أى بلا كيل ولا وزن بل باراء ة الصبرة . (۲۴۴/۶ ، كتاب البيوع) (غرر کی صورتیں: ص/۲۴۷)

اسپانسرشپ ڈرافٹ بیچنا

مسئلہ (۲۷۴): آج کل حج کو جانے والوں کے لیے اسپانسرشپ ڈرافٹ دیئے جاتے ہیں، کچھ لوگ یہ ڈرافٹ باہر سے منگوا کر اس کو ضرورت مند شخص کے ہاتھوں زائد رقم لے کر فروخت کرتے ہیں، تو اگر ڈرافٹ کو بطورِ بیع مشتری کے ہاتھوں فروخت کر دیا جائے، اب مشتری کو رقم ملے یا نہ ملے، تو یہ جائز نہیں ہے[۱]، لیکن اگر ڈرافٹ ضرورت مند شخص کو بطورِ حوالہ دیا جائے (یعنی زید نے بکر کو ڈرافٹ دیا، اب اگر بکر کو پیسے وصول نہیں ہوئے اور ڈرافٹ تباہ ہو گیا، تو وہ واپس آکر زید سے مطالبہ کر سکتا ہے)، تو یہ جائز ہے[۲]، لیکن حوالہ کے صحیح ہونے کے لیے ضروری ہے کہ جتنے کا ڈرافٹ ہے، اتنے ہی پیسے لیے جائیں، کمی بیشی نہ کی جائے، ورنہ معاملہ ربوا میں داخل ہو جائے گا، جو حرام ہے[۳]، ہاں! الگ سے اپنی محنت کی اجرت لے لی جائے، تو یہ جائز ہے۔ آج کل حج کو جانے والوں کو اسپانسرشپ ڈرافٹ چوں کہ حوالہ کے طور پر دیئے جاتے ہیں، اس لیے یہ درست ہے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : لم يجز الجمهور غير المالكية بيع الدين بغير المدين . (۵۵۰/۷)

(۲) ما في " تكملة فتح الملهم " : وإذا صحت الحوالة بهذه الأوراق المالية فإنها سندات=

پتنگ کی تجارت

مسئلہ (۲۷۵): پتنگ بازی کئی مفاسد پر مشتمل ہے:

(۱) پتنگ بازی میں انہماک بہت سے دینی ودنیوی اُمور سے غفلت کا سبب ہے۔[1]

(۲) اس کی وجہ سے مسجد کی جماعت، بلکہ خود نماز سے بھی غفلت ہوتی ہے۔[2]

(۳) اکثر پتنگ مکانوں کی چھت پر کھڑے ہوکر اڑائے جاتے ہیں، بعض اوقات پتنگ اڑاتے اڑاتے پیچھے کو ہٹتے ہوئے نیچے گر جانے کے حادثات رونما ہوتے ہیں، اور یہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے کے مترادف ہے، جو شرعاً منع ہے۔[3]

(۴) پتنگ بازی میں مال فضول اور بے محل صرف ہوتا ہے، جب کہ قرآن کریم

=ديون ..... والقبض على هذه الأوراق ليس قبضًا للثمن وإنما احتيال للدين . (۱/۵۱۵)

ما في " رد المحتار " : وبرئ المحيل من الدين والمطالبة جميعًا من المحتال للحوالة ولا يرجع المحتال على المحيل إلا بلا توى بالقصر ويمد هلاک المال لأن براء ته مفيدة بسلامة حقه . (۸/۱۱، كتاب الحوالة)

(۳) ما في " الهداية " : وإذا عدم الوصفان الجنس والمعنى المضموم إليه حل التفاضل والنَّساء لعدم العلة المحرمة ، والأصل فيه الإباحة ، وإذا وجدا حرم التفاضل والنساء لوجود العلة ، وإذا وجد أحدهما وعدم الآخر حل التفاضل وحرم النساء . (۳/۱۳۵، باب الربوا)

(۴) ما في " تكملة فتح الملهم " : ثم أن معظم الأوراق المالية التي يتعامل الناس اليوم حكم التعامل بها حكم الحوالة . (۱/۵۱۴)

(انعام الباری:۶/۴۹۰، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۶/ ۲۰۵، ۲۰۶، مکتبہ لدھیانوی کراچی)=

نے فضول مال اڑانے والوں کو شیطان کا بھائی قرار دیا ہے۔ (۴)

ان تمام مفاسد کی بنا پر کہا جاسکتا ہے کہ پتنگوں کی تجارت وکاروبار، تعاون علی المعصیت (گناہ کے کام پر ایک دوسرے کی مدد کرنا) ہے، لہٰذا وہ مکروہ ہوگا۔ (۵)

الحجة علی ما قلنا :

=(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه أن رسول الله ﷺ رأى رجلا يتبع حمامة فقال : " شيطان يتبع شيطانة " . (۱۷۵/۲ ، الأدب ، في اللعب بالحمام)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما يريد الشيطٰن أن يوقع بينكم العداوة والبغضاء فى الخمر والميسر ويصدكم عن ذكر الله وعن الصلوٰة فهل انتم منتهون﴾ . (المائدة : ۹۱)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة﴾ . (سورة البقرة : ۱۹۵)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إن المبذّرين كانوآ إخوان الشيٰطين﴾ . (الإسراء : ۲۷)

(۵) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البر والتقوىٰ ولا تعاونوا على الإثم والعدوان واتقوا الله﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما في " رد المحتار " : وما كان سبباً لمحظور فهو محظور .

(۴۲۶/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، قبيل فصل في اللبس)

(احسن الفتاوی: ۱۷۶/۸، فتاوی محمودیہ: ۱۳۴/۱۶، کراچی)

(وحاشیہ فتاویٰ محمودیہ: ۱۳۴/۱۶، ۱۳۵، کراچی، جواہر الفقہ: ۳۴۴/۲)

حق چوکیداری کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۷۶): بیع نام ہے "مبادلة المال بالمال بالتراضي" یعنی آپسی رضامندی سے مال کے تبادلہ کا[1]، اور حق چوکیداری، مال نہ ہونے کی وجہ سے، اس پر بیع کی یہ تعریف صادق نہیں آتی ہے، لہٰذا اس کی خرید وفروخت شرعاً جائز نہیں ہے۔[2]

گاہکوں کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۷۷): بعض دودھ اور اخبار گھر گھر بیچنے والے، کسی علاقے میں اپنا کاروبار مستحکم کرلیتے ہیں، پھر کچھ عرصہ بعد نئے تاجر سے کچھ رقم لے کر پورے علاقے کے گاہکوں کو فروخت کردیتے ہیں، ان کا اس طرح کا معاملہ کرنا درست

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مجمع الأنهر " : البيع مبادلة مال بمال . (۳/۴)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : سفل وعلو بين رجلين انهدما فباع صاحب العلو لم يجز لأن الهواء ليس بمال . (۴/۳۳۸ ، كتاب البيوع ، أرض الموات)

ما في " بدائع الصنائع " : ويجوز بيع العلو إذا كان على العلو بناء وإن لم يكن عليه بناء لا يجوز لأنه بيع الهواء على الإنفراد وهو لا يجوز . (۶/۲۱۵)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : ولا يجوز الاعتياض عن الحقوق المجرّدة كحق المنفعة . (۱/۱۱۳ ، كتاب البيوع)

ما في " مجمع الأنهر " : والمراد بالمال عين يجري فيه التنافس والابتذال . (۳/۴)

(آپ کے مسائل اوران کا حل:۶/۵۴،قدیم)

نہیں ہے، کیوں کہ بیع نام ہے ''مبادلۃ المال بالمال'' کا[1]، اور مال فقہاء کرام کے نزدیک عین (حقیقۃً کسی چیز) کو کہا جاتا ہے[2]، لہٰذا خرید وفروخت کی مذکورہ صورت پر بیع کی تعریف صادق نہ آنیکی وجہ سے، یہ ناجائز ہے۔[3]

عیب دار اشیاء کی خرید وفروخت

مسئلہ(۲۷۸): عیب دار اشیاء اگر مشتری سے عیوب کو چھپا کر فروخت کی جائیں، تو ناجائز ہے[4]، لیکن اگر مشتری کو بتا کر فروخت کی جائیں تو جائز ہے۔[5]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' مجمع الأنهر '' : البيع مبادلة مال بمال أى تمليك المال . (۳/۴)

(۲) ما في '' مجمع الأنهر '' : والمراد بالمال عين يجرى فيه التنافس والإبتذال . (۳/۴)

(۳) ما في '' بدائع الصنائع '' : سفل وعلو بين رجلين انهدما فباع صاحب العلو لم يجز لأن الهواء ليس بمال . (۵/۱۴۵ ، كتاب البيوع ، أرض الموات)

ما في '' بدائع الصنائع '' : ويجوز بيع العلو إذا كان على العلو بناء وإن لم يكن عليه بناء لا يجوز لأنه بيع الهواء على الإنفراد وهو لا يجوز . (۶/۲۱۵) (آپ کے مسائل اور ان کا حل:۶/۳۳،قدیم)

الحجة على ما قلنا :

(۴) ما في '' مشكوة المصابيح '' : '' من باع عيبًا لم ينبه لم يزل فى مقت الله أو لم تزل الملٰئكة تلعنه '' . (۱/۲۴۹ ، باب المنهى عنه من البيوع)

ما في '' الدر المختار مع الشامية '' : لا يحل كتمان العيب فى بيع أو ثمن لأن الغشّ حرام . (۲/۲۳ ، باب خيار العيب)

ما في '' البحر الرائق '' : كتمان عيب السلعة حرام .... وفى التفاوى : إذا باع سلعة معيبة عليه البيان . (۶/۵۸ ، الهداية :۳/۲۳)

(۵) ما في '' جامع الترمذي '' : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه ، أن رسول الله ﷺ مر=

پرندوں کی خرید وفروخت

مسئلہ(۲۷۹): پرندوں کی خرید وفروخت کرنا ازروئے شرع جائز ہے۔(۱)

=علی صبرة من طعام فأدخل یده فیها فنالت أصابعه بللاً ، فقال : یا صاحب الطعام ! ما هذا ؟ قال : أصابته السمآء یا رسول اللّٰه ! قال : أفلا جعلته فوق الطعام حتی یراه الناس ، ثم قال : "من غشّ فلیس منا " . قال أبو عیسی: والعمل علی هذا عند أهل العلم کرهوا الغشّ وقالوا : الغش حرام . (۱/۲۴۵)

ما في " الهدایة " : إذا اطلع المشتري علی عیب المبیع فهو بالخیار إن شاء أخذه بجمیع الثمن ، وإن شاء رده والمراد به علی عیب کان عند البائع ولم یره المشتري عند البیع ولا عند القبض لأن ذلک رضاء به . (۲۳/۲) (فتاوی حقانیہ:۸۵/۶)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : صحّ بیع الکلب والسباع والطیور لما رواه أبوحنیفة رحمه اللّٰه تعالی .... وهذا علی القول المفتیٰ به من طهارة عینه . (۳۸۶/۶)

ما في " مجمع الأنهر " : (یصح بیع الکلب والفهد) والفیل وسائر السباع بسائر أنواعها وکذا الطیور . (۱۵۲/۳)

ما في " الدر المختار مع الشامیة " : وصح بیع الکلب والفهد والسباع بسائر أنواعها حتی الهرة وکذا الطیور علمت أو لا . (۵۰/۲ ، الفتاوی الهندیة :۱۱۴/۳) (فتاوی حقانیہ:۵۱/۶)

متوقع آمدنی کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۸۰): دو آدمیوں نے مل کر ایک گاڑی خریدی، اب ان میں سے ایک یہ کہے کہ سالانہ متوقع آمدنی کے بقدر رقم مجھ سے لے کر سالانہ منافع مجھ سے فروخت کردو، تو یہ عقد شرعاً جائز نہیں، کیوں کہ خرید وفروخت کے لیے شریعت نے مبیع کی موجودگی ضروری قرار دی ہے، اور اس صورت میں چونکہ منافع نامعلوم اور معدوم ہیں، لہٰذا یہ عقد؛ بیع معدوم کے زمرہ میں شامل ہوکر باطل ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن عمرو بن شعیب رضي الله تعالی عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " لا یحل سلف وبیع ، ولاشرطان في بیع ، ولا ربح ما لم یضمن ، ولا بیع ما لیس عندک " . قال أبوعیسی : وهذا حدیث حسن صحیح ، قال إسحاق بن منصور : قلت لأحمد : ما معنی : " نهی عن سلف وبیع " . قال : أن یکون یقرضه قرضاً ، ثم یبایعه علیه بیعاً یزداد علیه ، ویحتمل أن یکون یسلف إلیه في شيء فیقول : " إن لم یتهیأ عندک فهو بیع علیک " . (۳/۲۷۲ ، البیوع ، ما جاء کراهة بیع ما لیس عندک ، رقم الحدیث :۱۲۳۴)

ما في " رد المحتار " : (وبیع ما لیس فی ملکه) ...... (لبطلان بیع المعدوم) إذ من شرط المعقود علیه أن یکون موجودًا مالا متقومًا مملوکًا في نفسه .

(۷/۱۷۹، ۱۸۰، کتاب البیوع ، مطلب الآدمي مکرّم شرعًا ولو کافرًا)

ما في " بدائع الصنائع " : فصل ؛ وأما الذي یرجع إلی المعقود علیه فأنواع : منها أن یکون موجودًا فلا ینعقد بیع المعدوم . (۴/۳۲۶ ، البیوع ، فصل وأما الذي یرجع إلی المعقود علیه)

ما في " البحر الرائق " : الفساد بالمعنی الأعم یثبت بأسباب : منها الجهالة المفضیة إلی المنازعة في المبیع أو الثمن ، منها عدم الوجود .

(۶/۱۱۳ ، کتاب البیوع ، باب البیع الفاسد)

(فتاوی حقانیہ:۶/۸۲)

خنزیر کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۸۱): شریعتِ اسلامیہ نے مسلمانوں کے لیے خنزیر کی خرید وفروخت کو حرام قرار دیا ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن النسائي " : عن جابر أنه سمع رسول الله ﷺ يقول عام الفتح وهو بمكة : " إن الله ورسوله حرم بيع الخمر والميتة والخنزير والأصنام " . (۲/۲۰۱ ، بيع الخنزير)

ما في " تبيين الحقائق " : لم يجز بيع الميتة والدم والخنزير والخمر وأم الولد والمدبر والمكاتب لعدم ركن البيع وهو مبادلة المال بالمال وبيع هذه الأشياء باطل . (۴/۳۶۲)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وبطل بيع مال غير متقوم أى غير مباح الإنتفاع به كخمر وخنزير وميتة . (۲/۲۳ ، باب البيع الفاسد)

ما في " الفتاوى الهندية " : البيع نوعان : باطل وفاسد ، فالباطل ما لم يكن محلّه مالاً متقوماً كما لو اشترى خمرًا أو خنزيرًا . (۳/۱۴۶)

ما في " خلاصة الفتاوى " : لو جعل الخمر والخنزير ثمنًا بمال متقوم كان فاسدًا ولو باع الخمر والخنزير كان باطلا من مسلم أو لمسلم . (۳/۴۱)

ما في " الهداية " : إذا كان أحد العوضين أو أحدهما محرمًا فالبيع فاسد كالبيع بالميتة والدم والخمر والخنزير . (۲/۳۳) (فتاوی حقانیہ:۶/۵۱)

خنزیر کے بالوں کا برش

مسئله (۲۸۲): آج کل کلر پینٹ کے لیے خنزیر کے بالوں سے بنائے گئے برش استعمال ہوتے ہیں، شرعاً یہ ناجائز ہے، کیوں کہ خنزیر اپنے تمام اجزاء کے ساتھ ناپاک اور ناقابلِ تطہیر ہے، نیز پینٹ کرنے کے لیے پلاسٹک وغیرہ کے برش بازاروں میں دستیاب ہیں، اس لیے ان کے استعمال کی کوئی ضرورت بھی نہیں، لہٰذا خنزیری بالوں کے برش کا استعمال اور ان کی خرید وفروخت شرعاً درست نہیں ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما حرّم عليكم الميتة والدّم ولحم الخنزير﴾ . (سورة البقرة :۱۷۳) . ﴿حرّمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير﴾ . (سورة المائدة:۳) . ﴿قل لا أجد فی ما أوحی إلی محرّمًا علی طاعم یّطعمه إلا أن یکون میتة أو دمًا مسفوحًا أو لحم خنزير فإنه رجس﴾ . (سورة الأنعام :۱۴۵)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : فنص فی هذه الآیات علی تحریم لحم الخنزير ...... واللحم وإن كان مخصوصًا بالذكر فإن المراد جميع أجزائه . (۱/۱۵۱، تحريم الخنزير)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وشعر الخنزير لنجاسة عينه فيبطل بيعه وإن جاز الآن الإنتفاع به لضرورة الخرز . (۷/۱۹۳، باب البيع الفاسد، مطلب فی التداوي)

ما في " البحر الرائق " : أما الخنزير فشعره وعظمه وجميع أجزائه نجسة ورخص فی شعره للخرازين للضرورة لأن غيره لا يقوم مقامه عندهم ، وعن أبي يوسف رحمه الله تعالى أنه كره لهم ذلک أيضًا . (۱/۱۹۱، كتاب الطهارة)

ما في " مجمع الأنهر " : ولا يجوز بيع شعر الخنزير لأنه محرم فيبطل لنجاسته .

(۳/۸۵، باب البيع الفاسد)

(کتاب الفتاوی:۵/۲۷۳،فتاوی محمودیہ:۱۸/ ۲۵۸،کراچی)

چوکیداری کے لیے کتے کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۸۳): شکار یا چوکیداری کے لیے، یا فصل وغیرہ کی حفاظت کی خاطر کتے کی خرید وفروخت جائز ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن النسائي " : أخبرني ابراهيم بن الحسن المقسمي قال : حدثنا حجاج بن محمد عن حماد بن سلمة عن أبي الزبير عن جابر : " أن رسول الله ﷺ نهى عن ثمن السنّور والكلب إلا كلب صيد ". (۲/۲۰۰، الرخصة في ثمن كلب الصيد، رقم: ۴۲۹۵)

ما في " الكوكب الدري " : (نهى رسول الله ﷺ عن ثمن الكلب) وهذا التحريم كان إذا أمر بقتل الكلاب، وحرم الانتفاع بها، وإذا استثنى كلب الماشية والصيد وغيره فجاز بيعه. (۱/۳۳۷، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۱۶/۳۲، کراچی)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (صح بيع الكلب والفهد والسباع والطيور) لما رواه أبوحنيفة رضي الله تعالى عنه أنه ﷺ رخص فى ثمن كلب الصيد، ولأنه مال متقوم آلة الاصطياد فصح بيعه كالبازي بدليل أن الشارع أباح الانتفاع به حراسة واصطياداً فكذا بيعًا، وهذا على القول المفتى به من طهارة عينه. (۶/۲۸۶، كتاب البيع، باب المتفرقات)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وصح بيع الكلب والفهد والفيل والقرد والسباع. (۲/۵۰، البحر الرائق: ۶/۲۸۶، كتاب البيع، باب المتفرقات)

ما في " مجمع الأنهر " : (يصح بيع الكلب) ولو جروا أو عقورًا (والفهد) والفيل وسائر السباع بسائر من أنواعها حتى الهرّة وكذا الطيور. (۳/۱۵۱، كتاب البيوع، مسائل شتى)

(فتاوی حقانیہ:۶/۵۰)

چوری کردہ مال کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۸۴): جس چیز کے متعلق قرائن سے یہ معلوم ہو کہ وہ چوری کی ہے، تو اس کی خرید وفروخت درست نہیں ہے (۱)، اگر خرید چکا ہے تو واپس کردے، اگر مالک کا علم ہوجائے، تو اس کے حوالے کردے (۲)، پھر چاہے تو اس سے معاملہ کرکے خرید لے۔

قسطوں پر خرید وفروخت

مسئلہ (۲۸۵): کسی چیز کے نقد اور اُدھار قیمت میں فرق ہونا منع نہیں، مگر اُدھار معاملہ کی صورت میں ادائیگیٔ قیمت کے لیے مدت معلوم ومتعین ہو، اور قسطیں بھی مقرر ہوں (۳)، اور پھر یہ نہ ہو کہ کسی قسط کے وقتِ متعین پر وصول نہ ہونے سے قیمت میں مزید اضافہ کیا جائے، یا وصول شدہ رقوم ہی ضبط ہوجائیں، اور خریدی ہوئی چیز بھی ہاتھ سے چلی جائے، ایسی صورت ہو تو شرعاً یہ معاملہ درست نہیں، بلکہ اس میں سود (۴)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " فیض القدیر " : قال علیه الصلوٰة والسلام : " من اشتری سرقة وهو یعلم أنها سرقة ، فقد شرک في عارها وأثمنها " . (۱۱/۵۶۵۴ ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۱۶/۸۶)

ما في " مجموعة الفتاوی لإبن تیمیة " : بیع الملک بغیر إذن مالکه ولا ولایة علیه بیع باطل والواجب أن یرد إلی المشتری ما أعطاه من الثمن ویرد إلی المالک ملکه . (۱۵/۱۱۲)

ما في " رد المحتار " : لا یجوز التصرف فی مال غیره بلا إذنه ولا ولایته . (۹/۲۹۱)

(۲) ما في " الفتاوی الهندیة " : وإذا مات الرجل وکسبه خبیث فالأولیٰ لورثته أن یردّوا المال إلی أربابه فإن لم یعرفوا أربابه تصدقوا به . (۵/۳۴۹ ، کتاب الکراهیة)

(فتاوی محمودیہ:۱۶/۸۶، کراچی)=

اور جوا(۵) ہوگا، اوران دونوں کی ممانعت نصوص میں مذکور ہے۔

الحجة على ما قلنا :

=(۳) ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز " : البيع مع تاجيل الثمن وتقسيطه صحيح ، يلزم أن تكون المدة معلومة في البيع بالتاجيل والتقسيط .

(ص/۱۲۴، ۱۲۵، رقم المادة :۲۴۵،۲۴۶)

ما في " بحوث فى قضايا فقهية معاصرة " : أما الأئمة الأربعة وجمهور الفقهاء والمحدثين فقد أجازوا البيع المؤجل بأكثر من سعر النقد بشرط أن يبت العاقدان بانه بيع مؤجل بأجل معلوم وبثمن متفق عليه عند العقد . (ص/۷ ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۱۶/۴۶،کراچی)

ما في " الهداية شرح البداية " : لأن للأجل شبهًا بالمبيع ألا يرى أنه يزاد في الثمن لأجل الأجل والشبهة في هذا ملحقة بالحقيقة . (۳/۵۸)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وأحل الله البيع وحرّم الرّبوا﴾ . (سورة البقرة: ۲۵۷)

ما في " التفسير المنير " : ومن عاد إلى أخذ الربا بعد تحريمه فقد استوجب العقوبة واستحق الخلود فى نار جهنم والمراد بالخلود هنا المكث الطويل إذا كان الفاعل مؤمنًا وعبر به تغليظًا لفعله . (۳/۹۶)

ما في " بحوث فى قضايا فقهية معاصرة " : أما ما يفعله بعض الناس من تحديد ثمن البضاعة على أساس سعر النقد وذكر القدر الزائد على أساس أنه جزء من فوائد التاخير في الأداء فإنه ربا صراح . (ص/۱۰ ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۱۶/۴۶،کراچی)

(۵) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجسٌ من عمل الشيطٰن فاجتنبوه لعلكم تفلحون﴾ . (سورة المائدة:۹۰)

ما في " روح المعاني " : ﴿انما يريد الشيطٰن ان يوقع بينكم العداوة والبغضآء في الخمر والميسر﴾ .... والرجل قد يقامر حتى لا يبقى له شيء ، وتنتهي به المقامرة إلى أن يقامر بولده وأهله فيؤدي به ذلك إلى أن يصير أعدى الأعداء لمن قمره وغلبه ، وهذه إشارة إلى مفاسدهما الدنيوية . وقوله تعالى : ﴿ويصدّكم عن ذكر الله وعن الصلوة﴾ إشارة إلى مفاسدهما الدينية . (۵/۲۳ ، سورة المائدة) (فتاوی محمودیہ:۱۶/۴۶،۴۷،کراچی)

آزاد عورت کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۸۶): آزاد عورت کی خرید وفروخت حرام ہے۔ (۱)

جانوروں کے خون کی خرید وفروخت

مسئلہ (۲۸۷): جانوروں کے خون کی خرید وفروخت کرنا جائز نہیں، یہ بیع باطل ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أبی هريرة رضی الله عنه ، عن النبي ﷺ قال : قال الله تعالى : " ثلاثة أنا خصمهم يوم القيامة : رجل أعطى بي ثم غدر ، ورجل باع حرًّا فأكل ثمنه ، ورجل استأجر أجيرا فاستوفى منه ولم يعطِهِ أجره " .

(۲۹۷/۱ ، باب اثم من باع حرا ، و باب إثم من منع أجر الأجير ، رقم : ۲۲۲۷ ، ۲۲۷۰)

ما في " فتح الباری " : قوله : (باع حرا فأكل ثمنه) خص الأكل بالذكر لأنه أعظم مقصود ..... قال الخطابي : اعتبار الحر يقع بأمرين : أن يعتقه ثم يكتم ذلک أو يجحد ، والثانی أن يستخدمه كرهًا بعد العتق والأول أشدهما .... قال المهلب : وإنما كان إثمه شديدا لأن المسلمين اكفاء فی الحرية فمن باع حرا فقد منعه التصرف فيما أباح الله له والزمه الذل الذی أنقذه الله منه ، وقال ابن الجوزي : الحرّ عبد الله ، فمن جنى عليه فخصمه سيده .

(۵۲۷/۴ ، باب اثم من باع حرا)

ما في " البحر الرائق " : لم يجز بيع الميتة والدم والخنزير والخمر والحرّ . (۱۱۲/۶)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (بطل بيع ما ليس بمال) ..... (كالدم) ..... (والميتة) ..... (والحرّ والبيع به) . (۲۳۵/۷ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد) (فتاوی محمودیہ:۷۴/۱۶،کراچی)

(۲) ما في " فيض القدير " : (عن أبي جحيفة) : " نهى عن ثمن الكلب ، وثمن الدم ، وكسب البغي " . (۳۰۹/۶ ، رقم : ۹۳۶۶)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (وبطل بيع ما ليس بمال) .... (كالدم) .... =

سبزیوں میں پانی ڈال کر بیچنا

مسئلہ (۲۸۸): سبزی فروش حضرات سبزیوں پر پانی ڈال کر بیچتے ہیں، کیوں کہ بعض سبزیاں ایسی ہوتی ہیں کہ اگر ان پر پانی نہ ڈالا جائے، تو وہ جلد خراب ہوجاتی ہیں، ایسی سبزیوں پر بقدرِ ضرورت پانی ڈالنا درست ہے، مگر ضرورت سے زائد پانی ڈالنا تاکہ سبزی کا وزن بڑھ جائے، شرعاً یہ عمل جائز نہیں ہے، کیوں کہ یہ خریدار کو دھوکہ دینا ہے، جو شرعاً منع ہے۔ (۱)

=(والميتة) .... (والحرّ والبيع به) . (۷/۲۳۵، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

ما في " بدائع الصنائع " : البيع الباطل فهو كل بيع فاته شرط من شرائط الانعقاد من الأهلية والمحلية شرعاً ، كما لا وجود للتصرف الحقيقى إلا من الأهل في المحل حقيقةً وذلك نحو بيع الميتة والدم . (۴/۱۹۵ ، كتاب البيوع ، البيع الباطل) (فتاوی محمودیہ:۱۶/۷۸،۷۹،کراچی)

ما في " الهداية مع الدراية " : وإذا كان أحد العوضين أو كلاهما محرما فالبيع فاسد كالبيع بالميتة والدم والخمر ..... فنقول البيع بالميتة والدم باطل وكذا بالحر لإنعدام ركن البيع وهو مبادلة المال بالمال فإن هذه الأشياء لا تعد مالاً عند أحدٍ . (۳/۴۹ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآأيها الذين اٰمنوا لا تأكلوآ اَموالكم بينكم بالباطل﴾ .

(سورة النساء : ۲۹)

ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه ، أن رسول الله ﷺ مر على صبرة من طعام فأدخل يده فيها فنالت أصابعه بللاً ، فقال : يا صاحب الطعام ! ما هذا ؟ قال : أصابته السمآء يا رسول الله ! قال : أفلا جعلته فوق الطعام حتى يراه الناس ، ثم قال : " من غشّ فليس منا " .

(۱/۲۴۵) (آپ کے مسائل اوران کا حل:۶/۳۹،قدیم)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن الغشّ حرام سواء أكان بالقول أم بالفعل ، وسواء أكان بكتمان العيب في المعقود عليه أو الثمن أم بالكذب والخديعة ، وسواء أكان في المعاملات أم في غيرها من المشورة والنصيحة . (۳۱/۲۱۹)

پانی چھڑک کر کپاس بیچنا

مسئلہ (۲۸۹): کپاس کا کاروبار کرنے والے حضرات جب کپاس کو گاڑی وغیرہ میں بھرتے ہیں، تو اس پر پانی چھڑکتے ہیں، تاکہ کپاس کا وزن زیادہ ہو، یہ صریح دھوکہ بازی ہے، جب کہ مسلمان شخص کا کسی دوسرے کو دھوکہ دینا یہ شانِ مسلمانی کے خلاف ہے، ایسا کرنے والا سخت گنہگار ہوتا ہے (۱)، کپاس میں پانی چھڑکنے کی وجہ سے جس قدر وزن میں اضافہ ہوگا، اس کے مقابل قیمت وعوض بھی شرعاً حرام ہوگا، اصل مالک تک اس قیمت کا لوٹانا واجب ہے، اور اگر یہ ممکن نہ ہو، تو اس کا بلا نیتِ ثواب تصدُّق علی الفقراء لازم ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه ، أن رسول الله ﷺ مرّ برجل يبيع طعامًا فسأله كيف تبيع ؟ فأخبره فأوحى إليه أن أدخل يدک فيه ، فأدخل يده فيه فإذا هو مبلول ، فقال رسول الله ﷺ : " ليس منا من غشّ " . (۲/۴۸۹ ، النهى عن الغشّ)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن واثلة بن الأسقع قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : "من باع عيبًا لم ينبه لم يزل فى مقت الله أو لم تزل الملائكة تلعنه " . (ص/۲۴۹ ، كتاب البيوع)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن الغشّ حرام ، سواء أكان بالقول أم بالفعل، وسواء أكان فى المعاملات أم فى غيرها من المشورة والنصيحة . (۲۱۹/۳۱)

(۲) ما في " رد المحتار " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم ، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ويتصدق به بنية صاحبه .

(۲۲۳/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب فيمن ورث مالاً حراما)

(فتاوی محمودیہ: ۱۴۵/۱۶، دھان میں پانی ملا کر بیچنا، کراچی)

سٹہ(Speculation) کی حقیقت اور ڈیفرینس کی برابری

مسئلہ(۲۹۰): سٹہ (Speculation) جو عصر حاضر میں بہت زیادہ رَواج پکڑ چکا ہے، اس کے اندر غیر مملوک (جس پر ملکیت نہیں) کی بیع اور بیع قبل القبض (قبضہ سے پہلے بیچنا) کا دخل ہے۔

سٹہ دراصل اس معاملے کو کہتے ہیں کہ جس میں بائع اور مشتری میں سے کسی کا ارادہ عملاً مبیع پر قبضہ کرنے کا نہیں ہوتا، بلکہ اس میں قیمتوں کا فرق برابر کرکے نفع کمایا جاتا ہے، آج کل تجارتی کمپنیوں کے شیئرز میں یہ کاروبار کافی رَواج پذیر ہے، کہ ایک شخص کسی کمپنی کے شیئرز (Share,s) جس کی فی الحال قیمت دس روپئے فی شیئرز ہے، ایک مہینہ ادائیگی کے وعدے پر گیارہ روپئے میں خرید لیتا ہے، پھر قبضہ کرنے سے پہلے بارہ روپئے فی شیئرز فروخت کرتا ہے، دوسرا تاجر اسے آگے فروخت کرتا ہے، اور جب مقررہ تاریخ آتی ہے، تو شیئرز حوالے کرنے کے بجائے اس دن شیئرز کی قیمت دیکھ کر قیمتوں کا فرق برابر کرلیا جاتا ہے، اس طرح بعض کو محنت اور کسی چیز کا ضمان اٹھائے بغیر لاکھوں روپئے کا نفع، جب کہ بعض کو لاکھوں روپئے کا خسارہ ہوتا ہے۔

سٹہ کا یہ طریقہ صرف تجارتی کمپنیوں کے شیئرز کے ساتھ خاص نہیں، بلکہ عام اَجناس میں بھی جاری ہے، مثلاً زید نے یہ حساب لگایا کہ آج گندم کی قیمت دس روپئے فی کیلو ہے، اور آہستہ آہستہ اس کی قیمت گر رہی ہے، لیکن وہ اپنے تجارتی تجربے کی بنیاد پر اندازہ لگاتا ہے کہ کچھ عرصہ بعد اس کی قیمت زیادہ ہوجائے گی،

تو زید نے سوچا کہ ابھی گندم فروخت کردوں اور جب قیمت کم ہوگی، تو دوبارہ خرید لوں گا، اس نے بکر سے کہا کہ میں دس روپئے فی کیلو کے حساب سے دو مہینے کی ادائیگی پر پچاس من گندم تمہیں فروخت کرتا ہوں، حالانکہ اس کے پاس گندم بالکل نہیں، بکر نے اسی تاریخ پر ساڑھے دس روپئے فی کلو کے حساب سے یہ گندم خالد کو فروخت کردیا، اسی طرح سَودے ہوتے رہیں، جب ادائیگی کا وقت آیا تو سب نے مل کر حساب کیا کہ اس خرید وفروخت کے نتیجہ میں کس کو کتنا نقصان اور کتنا نفع ہوا، اور پھر اسی حساب سے لین دین کرلیا، اس عمل کو ''ڈیفرینس برابر کرنا'' کہتے ہیں۔ (۱)

سٹہ کی حقیقت پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں دو خرابیاں پائی جاتی ہیں:

۱- غیر مملوک کی بیع (جو چیز ملک میں نہیں اُسے بیچنا)، عام طور پر بیچی جانے والی چیز (مثلاً شیئر یا گندم وغیرہ) فروخت کرنے والے شخص کے پاس مبیع (بیچی جانے والی چیز) موجود نہیں ہوتی، لیکن وہ اسے اس امید پر آگے فروخت کرتا ہے کہ جب دینے کا وقت آئے گا، تو وہ اس وقت بازار سے خرید کر آگے دیدے گا، تو اس طرح یہ غیر مملوک کی بیع بن جاتی ہے، جو کہ شرعاً ممنوع ہے۔ (۲)

۲- بیع قبل القبض (کسی چیز پر قبضہ سے پہلے اُسے آگے فروخت کرنا)، اس کے ساتھ ساتھ سٹہ کے جو معاملات ہوتے ہیں، وہ بیع قبل القبض کی صورت میں ہوتے ہیں کہ اس چیز پر قبضہ ہونے سے پہلے ہی وہ معاملات مکمل ہوجاتے ہیں۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل=

....

....

=الشيطٰن فاجتنبوه لعلكم تفلحون﴾ . (سورة المائدة : ۹۰)
ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ولا خلاف بين أهل العلم في تحريم القمار . (۱/۳۹۸)
ما في " رد المحتار " : لأن القمار من القمر الذي يزداد تارةً وينقص أخرى وسمي القمار قماراً لأن كل واحد من المقامرين ممن يجوز أن يذهب ماله إلى صاحبه ويجوز أن يستفيد مال صاحبه وهو حرام بالنص . (۹/۵۷۷، ۵۷۸ ، كتاب الحظر والإباحة)
(۲) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن حكيم بن حزام قال : قلت : يا رسول الله ! الرجل يطلب منى البيع وليس عندي أفأبيعه له ؟ فقال رسول الله ﷺ : " لا تبع ما ليس عندک " .
(۵/۴۳۸ ، كتاب البيوع ، ۱۰۷۲۵، ۱۰۱۹ ۱، بيروت)
ما في " جامع الترمذي " : عن حكيم بن حزام قال : أتيت رسول الله ﷺ فقلت : يأتيني الرجل يسألني من البيع ما ليس عندي أبتاع له من السوق ثم أبيعه ؟ قال : " لا تبع ما ليس عندک " . (۳/۵۳۴ ، كراهية بيع ما ليس عندک ، رقم : ۱۲۳۲ ، دار احياء التراث)
ما في " بدائع الصنائع " : شرط انعقاد البيع أن يكون المبيع مملوكاً للبائع عند البيع ، فإن لم يكن لا ينعقد ..... وهذا بيع ما ليس عنده ، ونهى رسول الله ﷺ عن بيع ما ليس عند الإنسان . (۵/۱۴۷ ، كتاب البيوع)
(۳) ما في " صحيح مسلم " : عن ابن عباس ، أن رسول الله ﷺ قال : " من ابتاع طعاماً فلا يبعه حتى يستوفيه " . قال ابن عباس : وأحسب كل شيء مثله . (۵/۷ ، كتاب البيوع ، باب بطلان بيع المبيع قبل القبض ، رقم ۳۹۱۳، دار الجيل بيروت ، دار الآفاق الجديدة بيروت
جامع الترمذي :۳/۵۷۶ ، كراهية بيع الطعام حتى يستوفيه ، رقم : ۱۲۹۱ ، احياء التراث)
ما في " مسند أحمد بن حنبل " : عن حكيم بن حزام قال : قلت : يا رسول الله ! إنى اتباع هذه البيوع فما يحل لى منها وما يحرم علي ؟ قال : " إذا اشتريت بيعا فلا تبعه حتى تقبضه " .
(۳/۴۰۲)
(غرر کی صورتیں:ص/۳۷۱)

مستقبل کی تاریخ پر خرید وفروخت

مسئلہ(۲۹۱): مستقبل کی تاریخ پر خرید و فروخت کرنے کو ''عقود المستقبلیات''(Future Sale) کہتے ہیں، ''انسائیکلو پیڈیا آف برٹانیکا'' میں اس کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے : Commercial Contracts Calling for the purchase or sale of specilied guantities of commodities at specified future dates .
ترجمہ: ''یہ وہ عقد تجارت ہے، جس کا مقصد کسی چیز کی معین مقدار کو مستقبل کی کسی معین تاریخ میں بیچنا یا خریدنا ہوتا ہے''۔اس کا شرعی حکم یہ ہے کہ مستقبلیات کی بیع ناجائز ہے، اس کے ناجائز ہونے کی پہلی وجہ یہ ہے کہ یہ غیر مملوک چیز کی بیع ہوتی ہے، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اس میں قبضہ سے پہلے آگے بیع کردی جاتی ہے، جب کہ غیر مملوک وغیر مقبوض کی بیع شرعاً ناجائز ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' جامع الترمذي '' : عن حكيم بن حزام قال : أتيت رسول الله ﷺ فقلت : يأتيني الرجل يسألني من البيع ما ليس عندي أبتاع له من السوق ثم أبيعه ؟ قال : '' لا تبع ما ليس عندک '' . (۳/۵۳۴ ، کراهية بيع ما ليس عندک ، رقم : ۱۲۳۲ ، دار احياء التراث)

ما في '' بدائع الصنائع '' : شرط انعقاد البيع أن يكون المبيع مملوكًا للبائع عند البيع ، فإن لم يكن لا ينعقد . (۵/۱۴۷ ، کتاب البيوع)

ما في '' صحيح مسلم '' : عن ابن عباس ، أن رسول الله ﷺ قال : '' من ابتاع طعاماً فلا يبعه حتى يستوفيه '' . قال ابن عباس : وأحسب كل شيء مثله . (۵/۷ ، کتاب البيوع ، باب بطلان بيع المبيع قبل القبض ، رقم : ۳۱۳ ۹ ، دار الجيل بيروت ، دار الآفاق الجديدة =

بیع الدین

(نقد کے بدلے قرض کی بیع)

مسئلہ (۲۹۲): بیع الدین لغیر من علیہ الدین کی صورت، مثلاً: زید نقد پر کھاد فروخت کرنے کی صورت میں پانچ سو روپئے فی بوری کے حساب سے بیچتا ہے، اور ادھار کی صورت میں ساڑھے پانچ سو روپئے پر، اب بکر اس کے پاس آئے اور کہے: میرے پاس نقد رقم موجود ہے، میں اس سے نفع حاصل کرنا چاہتا ہوں، لیکن میں خود کاروبار کرنا نہیں جانتا، میرے لیے نفع کمانے کی صورت کیا ہوسکتی ہے؟ زید اس سے کہے کہ میں ادھار پر کھاد کی بوری ساڑھے پانچ سو روپئے میں بیچتا ہوں، آپ ایسا کریں کہ جب کوئی شخص مجھ سے ادھار پر خریدنے کے لیے آئے، تو آپ مجھے پانچ سو

=بیروت، جامع الترمذي :۳/۵۷۶، کراهیة بیع الطعام حتی یستوفیه، رقم : ۱۲۹۱)

ما في " صحیح مسلم " : عن نافع عن ابن عمر رضي اللّٰه تعالی عنه، أن رسول اللّٰه ﷺ قال: " من اشتری طعامًا فلا یبعه حتی یستوفیه " . قال : وکنا نشتري الطعام من الرکبان جزافاً فنهانا رسول اللّٰه ﷺ أن نبیعه حتی تنقله من مکانه .

(۵/۸، کتاب البیوع، باب بطلان بیع المبیع قبل القبض، رقم : ۳۹۱۹، ۳۹۲۰)

ما في " بحوث فی قضایا فقهیة معاصرة " : أما حکمها الشرعي فکل من له المام بقواعد الشریعة ومصالحها، لا یشک بعد النظر فی تفاصیل هذه العملیة أنها عملیة محرمة شرعًا ومصادمة لعدة أحکام الشریعة الغراء أما أولاً فلأنه بیع لما لا یملکه الإنسان ..... أما البیوع اللاحقة التی تتم خلال مدة التسلیم، فإنها بیوع تتم قبل القبض علی السلعة المبیعة .

The new encyclopedia the university Chicago, (ص/۱۳۴، ۱۳۵، Chicago Edition 1988,v 5, page: 62 . بحوالہ غرر کی صورتیں:ص/۳۷۳)=

روپئے فی بوری کے حساب سے دے دیا کریں، اور بعد میں اس شخص (مدیون) سے ساڑھے پانچ سو روپئے وصول کرلیا کریں، تو یہی ''بیع الدین لغیر من علیہ الدین'' نقد کی صورت ہے، جو شرعاً ناجائز ہے، اس لیے کہ جس قرض کی بیع کی گئی، وہ بائع کے حق میں غیر مقدور التسلیم ہے، یعنی بائع، مشتری کو اس قرض کے سپرد کرنے پر قادر نہیں ہے، اور غیر مقدور التسلیم شئ کی بیع جائز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

=(۱) ما في '' بدائع الصنائع '' : ولا ینعقد بیع الدین من غیر من علیه الدین ، لأن الدین إما أن یکون عبارة عن فعل تملیک المال وتسلیمه وکل ذلک غیر مقدور التسلیم فی حق البائع .
(۱۴۸/۵ ، کتاب البیوع)

ما في '' الفقه الإسلامی وأدلته '' : بیع الدین لغیر المدین : قال الحنفیة والظاهریة : بما أنه لا یجوز بیع معجوز التسلیم ، فلا ینعقد بیع الدین من غیر من علیه الدین ، لأن الدین غیر مقدور التسلیم إلا للمدین نفسه في حق البائع ؛ لأن الدین عبارة عن مال حکمي في الذمة ، أو عبارة عن فعل تملیک المال وتسلیمه ، وکل ذلک غیر مقدور التسلیم من البائع .
(۳۴۰۶/۵ ، العقود ، مکتبه رشیدیه کوئٹه)

ما في '' سنن الدار قطني '' : عن ابن عمر قال : '' إن النبي ﷺ نهی عن بیع الکائي بالکائي '' .
(۷۱/۳، ۲۷۰) (غرر کی صورتیں: ص/۳۲۲، ۳۲۳)

ے قرض: جب کوئی شخص ابتداءً کسی پر احسان اور تبرُّع کرتے ہوئے اسے کوئی مثلی چیز دیتا ہے، تو اسے قرض کہتے ہیں۔ مثلاً زید نے عمرو سے ہزار روپے مانگے تو عمرو نے اس کے مانگنے پر اسے مطلوبہ رقم دے دی۔ یہ قرض ہے۔ اور جو چیز کسی معاملے کے نتیجے میں یا کسی کی چیز کو نقصان پہنچانے یا ہلاک کرنے وغیرہ کے نتیجے میں لازم ہوتی ہے، اسے ''دَین'' کہتے ہیں، مثلاً زید نے عمرو سے ہزار روپے کے بدلے ایک مَن چاول خریدے اور قیمت فوراً ادا نہ کی، تو زید ہزار روپے کا مقروض ہوگیا، یہ قرض ''دَین'' ہے۔ (غرر کی صورتیں: ص/۳۱۷)

قرض کے بدلے قرض کی بیع

مسئلہ (۲۹۳): دَین کو دَین کے بدلے غیر مقروض کے ہاتھ فروخت کرنے کا نام ''بیع الکائی بالکائی'' ہے[1]، ائمۂ اربعہ اور جمہور فقہائے کرام کے مذہب کے مطابق یہ بیع ناجائز ہے۔ مثلاً؛ زید کو بکر سے ایک مَن چاول ایک ماہ بعد لینا ہے، اب زید عمرو سے کہے کہ مجھے بکر سے جو چاول ایک ماہ بعد لینا ہے، میں تمہیں وہ چاول ایک ہزار روپئے کے بدلے فروخت کرتا ہوں، اور تم یہ رقم مجھے دو ماہ بعد دے دینا۔ بیع کی اس صورت میں مبیع اور ثمن دونوں اُدھار ہیں، اسے بیع الکائی بالکائی کہا جاتا ہے، جو شرعاً جائز نہیں ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في '' الفقه الإسلامي وأدلته '' : وبيع الدين نسيئة : هو ما يعرف ببيع الكائي بالكائي أي الدين بالدين . (۵/۳۴۰۴ ، بيع الدين نسيئة)

(۳) ما في '' سنن الدار قطني '' : عن ابن عمر قال : '' إن النبي ﷺ نهى عن بيع الكائى بالكائى '' . (۳/ ۷۱ ، ۲۷ ، بيروت)

ما في '' الفقه الإسلامي وأدلته '' : وهو بيع ممنوع شرعًا ؛ لأن النبي ﷺ نهى عن بيع الكائي بالكائي ، وقد قيل : أجمع الناس على أنه لا يجوز بيع دين بدين ، سواء أكان البيع للمدين أم لغير المدين . (۵/۳۴۰۴ ، بيع الدين نسيئة) (غرر کی صورتیں:ص/۳۱۸)

بیع السنین یا بیع المعاومۃ

مسئلہ(۲۹۴): بہت سے لوگ اپنے باغ کے پھلوں کو تاجروں کے ہاتھوں کئی سالوں تک کے لیے فروخت کردیتے ہیں، جس کو"بیع السنین یا بیع المعاومۃ" کہا جاتا ہے، شرعاً بیع کی یہ صورت جائز نہیں ہے، کیوں کہ حدیث پاک میں اِس کی ممانعت وارد ہوئی ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن جابر بن عبد اللّٰه قال : " نهى رسول اللّٰه ﷺ عن المحاقلة والمزابنة والمعاومة والمخابرة " – قال أحدهما بيع السنين هي المعاومة – وعن الثُّنْيا ورخّص في العرايا . (۲/۱۱ ، كتاب البيوع ، قبيل باب كراء الأرض ، قديمي)

ما في " المهذب للشيرازي " : ولا يجوز بيع المعدوم كالثمرة التى لم تخلق لما روى أبو هريرة رضى اللّٰه تعالى عنه ، أن النبي ﷺ نهى عن بيع الغرر" . (۱/۲۶۲)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما الذى يرجع إلى المعقود عليه فأنواع ، منها : أن يكون موجودًا فلا ينعقد بيع المعدوم وما له خطر العدم . (۵/۱۳۸)

ما في " الفقه الإسلامى وأدلته " : اتفق ائمة المذاهب على أنه لا ينعقد بيع المعدوم وما له خطر العدم ..... ونهى كذلک عن بيع الثمر قبل بدو صلاحه .

(۵/۳۳۹۸ ، المطلب الأول ، أنواع البيع الباطل)

(غرر کی صورتیں:ص/۳۸۱)

بیع المزابنۃ

مسئلہ (۲۹۵): درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کو کٹی ہوئی کھجوروں کے بدلے میں اندازے کے ساتھ بیچنا ''بیع مزابنہ'' کہلاتا ہے، اس بیع کے عدم جواز پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے۔(۱)

نوٹ: بیع مزابنہ کی ذکر کردہ تعریف سے اگر چہ یہ بات معلوم ہورہی ہے کہ اس کا تعلق صرف کھجوروں سے ہے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ بیع مزابنہ کی تعریف میں کھجوروں کا ذکر محض اس لیے وارد ہوا ہے کہ عربوں کے یہاں یہ معاملہ کھجوروں میں زیادہ مروّج تھا، ورنہ فقہائے کرام کے نزدیک اس ممانعت کا تعلق کھجور کے علاوہ اور چیزوں سے بھی ہے، یہی وجہ ہے کہ حنفیہ کے نزدیک انگور میں بھی بیع مزابنہ درست نہیں ہے۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' صحيح البخاري '' : عن عبد الله بن عمرو رضى الله تعالى عنهما ، أن رسول الله ﷺ نهى عن المزابنة '' . (۱/ ۲۹۱ ، باب بيع المزابنة)

ما في '' صحيح مسلم '' : عن جابر بن عبد الله قال : '' نهى رسول الله ﷺ عن المحاقلة والمزابنة والمخابرة '' . (۲/ ۱۰ ، باب النهي عن المحاقلة)

ما في '' تكملة فتح الملهم '' : إن الفقهاء اتفقوا على تحريم بيع المزابنة .

(۱/ ۴۰۷ ، كتاب البيوع)

ما في '' الهداية شرح البداية '' : قال : وبيع المزابنة وهو بيع الثمر على النخيل بتمر مجذوذ مثل كيله خرصاً . (۳/ ۴۴ ، فصل ومن باع دارا دخل بناؤها في البيع ، المكتبة الإسلامية)

(۲) ما في '' تكملة فتح الملهم '' : وهو حرام لكونه مجازفة فى الربويات ، فإن ما على الشجر لا يكال وإنما يباع خرصًا ، فإذا بيع بجنسه خرصًا كان فيه احتمال التفاضل واحتمال التفاضل في الربويات في حكم الربا . (۱/ ۴۰٦ ، كتاب البيوع) (غرر کی صورتیں:ص/ ۲۲۵)

بیع العرایا

مسئلہ (۲۹۶): ''عرایا'' یہ ''عریۃ'' کی جمع ہے، اور لغت عرب میں لفظ ''عریۃ'' درخت پر لگی ہوئی کھجور کو ہبہ کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔
اصطلاح میں؛ واہب کا موہوب لہ کو اندازے سے خشک کھجور دے کر، اس کے بدلے تازہ کھجوریں لینے کو ''بیع العرایا'' کہا جاتا ہے (۱)، بیع العرایا کے جواز پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے، کیوں کہ لوگوں کی ضروریات اور حاجات کے پیش نظر آنحضور ﷺ نے اس بیع کو جائز قرار دیا، احادیث میں اس کی صراحت موجود ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التعريفات الفقهية مع قواعد الفقه " : العرايا – جمع عرية ، وهي من النخل كالمنيحة من الحيوان وهي النخلة التي يعطيها مالكها أي يهب ثمارها لغيره من المحتاجين ليأكلها عاما أو أكثر ، ويقال : " نخلهم عرايا " أي موهوبات يعروها الناس أي يغشونها ويأكلون ثمارها لكرمهم ، وبيع العرايا أن يشتري المُعرِي أي الواهب من المُعرَى له ما على العرية من الرطب تخمينا بقدره من التمر يأكله أهله رطبا . (ص/۳۷٦ ، العرايا)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : عن جابر بن عبد الله قال : " نهى رسول الله ﷺ عن المحاقلة والمزابنة والمخابرة .... إلا العرايا " . (۲/۱۰ ، باب النهي عن المحاقلة الخ)

ما في " صحيح مسلم " : عن جابر بن عبد الله قال : " .... ورخص في العرايا " . (۲/۱۱ ، باب النهي عن المحاقلة . الخ)

ما في " صحيح البخاري " : عن زيد بن ثابت ، أن رسول الله ﷺ رخص بعد ذلک في بيع العرية بالرطب أو بالتمر ولم يرخص في غيره " . وفى رواية : رخص لصاحب العرية أن يبيعها بخرصها . (۱/۲۹۱ ، باب بيع المزابنة) (غرر کی صورتیں:ص/۲۳۷)

بیع المحاقلۃ

مسئلہ (۲۹۷): کھیت میں لگی ہوئی کھیتی، اور کٹی ہوئی فصل کا باہم تبادلہ کرنا، ''بیع المحاقلہ'' کہلاتا ہے، شرعاً یہ بیع بالاتفاق جائز نہیں ہے۔ (۱)

انٹرنیٹ پر کوڈ ورڈ کے ذریعے تجارت

مسئلہ (۲۹۸): انٹرنیٹ (Internet) پر تجارت کے لیے بائع اور مشتری کا آپس میں کوڈ ورڈ (Code Word) کا استعمال کرنا درست ہے، کیوں کہ بیع ہر ایسے قول یا تحریر یا فریقین کے اشارہ یا کسی ایک فریق کے اشارہ سے منعقد ہوجاتی ہے، جو رضامندی پر دلالت کرے۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحیح مسلم " : قال عطاء : فسّر لنا جابر .... وزعم أن المزابنة بیع الرطب فی النخل بالتمر کیلا ، والمحاقلة فی الزرع علی نحو ذلک یبیع الزرع القائم بالحب کیلا . (۲/ ۱۱ ، باب کراء الأرض)

ما في " صحیح مسلم " : عن جابر بن عبد اللّٰه قال : " نهی رسول اللّٰه ﷺ عن المحاقلة " .
(۲/ ۱۰ ، باب النهي عن المحاقلة الخ)

ما في " صحیح مسلم " : عن ابن عباس ، أن النبي ﷺ قال : " لأن یمنح أحدکم أخاه أرضه خیر له من أن یأخذ علیها کذا وکذا " . لشيء معلوم . قال : وقال ابن عباس : هو الحقل وهو بلسان الأنصار المحاقلة . (۲/ ۱۲ ، باب کراء الأرض) (غرر کی صورتیں: ص/۲۳۶)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما في " القرآن الکریم " : ﴿إلا أن تکون تجارةً عن تراض منکم﴾ . (سورة النساء : ۲۹)

ما في " حاشیة الهدایة " : هو مبادلة المال بالمال بالتراضي بطریق التجارة . =

قیمت کی ادائیگی اور اس کے تعیُّن میں طرفین کی مرضی

مسئلہ (٢٩٩): بہت سے علاقوں میں یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ خریدار کوئی سامان مثلاً: زرعی ادویات خریدتے وقت دکاندار سے یوں کہتا ہے کہ اس کی قیمت آپ کی مرضی کی ہوگی، اور ادائیگی میری اپنی مرضی سے ہوگی، آپ اپنی مرضی کے مطابق جو قیمت لگانا چاہیں لگالیں، میں جب چاہوں گا آپ کی مقرر کردہ قیمت ادا کردوں گا، چوں کہ اس صورت میں مدت کے اندر جہالتِ فاحشہ پائی جاتی ہے، لہٰذا خرید وفروخت کی یہ صورت جائز نہیں[1]، البتہ جواز کی صورت یہ بن سکتی ہے کہ خرید وفروخت کرتے وقت یہ طے کرلیا جائے کہ ادائیگی کی مدت کیا ہوگی اور اس مدت کے آنے پر خریدار ادائیگی کا پابند ہو، البتہ اگر دکاندار اپنی طرف سے خوش دلی کے ساتھ مزید چند دنوں کی مہلت دینا چاہے، تو دے سکتا ہے۔[2]

=(١/ ٢، کتاب البیوع، مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)

ما في " حاشية الدسوقي " : ينعقد البيع بما يدل على الرضا من العاقدين كالكتابة والإشارة والمعاطاة . (٣/٣، دار الفكر بيروت، بحوالہ: انٹرنیٹ اور جدید ذرائع ابلاغ: ص/ ٢٢٦)

ما في " الشرح الكبير " : ينعقد البيع بما يدل على الرضا من قول أو كتابة أو إشارة منهما أو من أحدهما . (٣/٣، دار الفكر بيروت، بحوالہ: انٹرنیٹ اور جدید ذرائع ابلاغ: ص/ ٢٦٨)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوا إذا تداينتم بدين إلىٓ أجل مسمًّى فاكتبوه﴾. (سورة البقرة : ٢٨٢)

ما في " حاشية ابن عابدين " : اعلم أن البيع بأجل مجهول لا يجوز إجماعًا سواء كانت الجهالة متقاربة كالحصاد والدياس مثلا أو متفاوتة كهبوب الريح وقدوم واحدٍ من سفره .=

متعین قیمت کا معلوم نہ ہونا

مسئلہ (۳۰۰): اگر کسی چیز کی قیمت اس طور پر ذکر کی جائے کہ متعاقدین یا ان میں سے کسی ایک کو متعین قیمت کا علم نہ ہو سکے، مثلاً: خریدار یوں کہے کہ فلاں کتاب کو اس کی بازاری قیمت پر خریدتا ہوں، جب کہ اسے اس کتاب کی بازاری قیمت معلوم نہیں، تو یہ صورت ائمہٗ اربعہ کے نزدیک عقدِ فاسد ہے، بشرطیکہ مجلسِ عقد کے ختم ہونے تک اس کی اصل قیمت کا علم نہ ہو سکے [1]، البتہ حنفیہ کے یہاں یہ تفصیل ہے کہ اگر ایسا عقد ان چیزوں میں ہو جن کی مقدار تقریباً ایک جیسی ہوتی ہے، اور قیمت بھی تقریباً ایک ہی ہوتی ہے، جیسے روٹی یا گوشت وغیرہ، تو اس صورت میں بازاری قیمت پر بیع جائز ہوگی [2]، کیوں کہ ان کی قیمت عام طور پر متعین ہوتی ہے، جس کی وجہ سے بیع کی اس صورت میں جہالت وغرر کی خرابی لازم نہیں آئے گی، اور بیع جائز ہوگی۔

=(۵۴۰/۴ ، کتاب البیوع)

ما في " فتح الباري " : والمنع في الصور الثلاث للجهالة في الأجل .

(۳۵۸/۴ ، کتاب البیوع ، باب بیع الغرر ، دار المعرفة بیروت)

(۲) ما في " القرآن الکریم " : ﴿وإن کان ذو عُسرةٍ فنَظِرةٌ الی میسَرةٍ وأن تصدّقوا خیرٌ لکم إن کنتم تعلمون﴾ . (سورة البقرة : ۲۸۰) (غرر کی صورتیں:ص/۲۷۳،مرضی کی مدت، جواز کی صورت)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط " : فقال : قد اخذت منک هذا بمثل ما یبیع الناس فهذا فاسد ، لو قال: أخذت منک بمثل ما أخذ فلان من الثمن فهو فاسد . (۹۰/۵، کتاب البیوع)=

ٹھیکے پر باغ دینا

مسئلہ (۳۰۱): بعض لوگ اپنے باغ کو کئی سال کے ٹھیکے پر دیدیتے ہیں، مثلاً؛ پانچ سال یا دس سال وغیرہ کے لیے، اور یہ بھی کہہ دیتے ہیں کہ اتنے عرصے میں جو بھی پھل آئے گا، وہ بھی ہم نے تمہیں فروخت کردیا، شرعاً یہ بیع، بیعِ معدوم (غیر موجودہ چیز کی بیع) کے قبیل سے ہے، جو ناجائز ہے۔(۱)

=ما في " المجموع شرح المهذب للنووي " : يشترط في صحة البيع أن يذكر الثمن في حال العقد . (۹/۱۷۲ ، بحوالہ غرر کی صورتیں:ص/۲۴۷)

ما في " المجموع شرح المهذب للنووي " : واتفق الأصحاب على أن يشترط كون الثمن معلوم القدر لحديث النهي عن بيع الغرر . (۹/۳۳۳) (غرر کی صورتیں:ص/۲۸۱)

(۲) ما في " فتح القدير مع الهداية " : مما لا يجوز بيع المبيع بقيمته أو بما حل به أو بما تريد أو تجب أو برأس ماله أو بما اشتراه أو بمثل ما اشترى فلان لا يجوز ، فإن علم المشترى القدر في المجلس فرضيه عاد جائزًا .... وكذا لا يجوز بمثل ما يبيع الناس إلا أن يكون شيئًا لا يتفاوت كالخبز واللحم . (۵/۴۶۷ ، كتاب البيوع ، مكتبه رشيديه كوئٹه)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما الذي يرجع إلى المعقود عليه فأنواع : منها : أن يكون موجودًا فلا ينعقد بيع المعدوم وما له خطر العدم .

(۵/۱۳۸ ، الفقه الإسلامي وأدلته :۵/۳۳۹۸ ، المطلب الأول ، أنواع البيع الباطل)

ما في " المهذب للشيرازى " : ولا يجوز بيع المعدوم كالتمرة التى لم تخلق لما روى أبو هريرة رضى الله تعالى عنه ، أن النبي ﷺ نهى عن بيع الغرر . (۱/۲۶۲ ، بحوالہ غرر کی صورتیں:ص/۳۸۱)

ما في " رد المحتار " : لبطلان بيع المعدوم وما له خطر العدم . در مختار . وفي الشامية : قوله : (لبطلان بيع المعدوم) إذ من شرط المعقود عليه أن يكون موجودا مالا متقوما مملوكا في نفسه . (۷/۱۸۰ ، كتاب البيوع ، دار الكتاب ديوبند) (غرر کی صورتیں:ص/۴۰۰)

عقدِ صیانت (Maintenance Contract)

مسئلہ (۳۰۲): اگر کوئی کمپنی یا ادارہ کسی ورکشاپ یا گیرج والے سے ایک مہینے کے لیے یہ معاہدہ کرے کہ مشین یا گاڑی میں خرابی یا ٹوٹ پھوٹ کی درستگی کی ذمہ داری، نیز سامان لاکر لگانا بھی آپ کی ذمہ داری ہوگی، ہم آپ کو اتنی رقم دیں گے، تو شرعاً اس طرح کے معاہدہ اور عقد کو ''عقد صیانت'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ عقد صیانت کی اس قسم میں صائن کبھی اجیر مشترک کے طور پر کام کرتا ہے، اور کبھی اجیر خاص کے طور پر، مثلاً اگر کوئی ورکشاپ سب لوگوں کے لیے خدمات سرانجام دے رہی ہے اور ان سے عمل کے حساب سے اُجرت وصول کرتی ہے، تو اس وقت یہ ''اجیر مشترک'' ہے، لیکن بعض مرتبہ کسی فرد یا ادارے کے لیے بھی کام کیا جاتا ہے، جیسے بہت سے فیکٹری والے کوئی ورکشاپ وغیرہ خود کھولتے ہیں، یا ان سے یہ معاہدہ کرتے ہیں کہ وہ اسی فیکٹری کے متعلق مشینریوں اور گاڑیوں وغیرہ کی مرمت کریں گے، اور اس کے بدلے انہیں ماہانہ یا سالانہ اتنی اُجرت ملے گی، اس صورت میں صائن ''اجیر خاص'' ہے۔ اگر صائن اجیر مشترک ہو تو اس وقت معقود علیہ ''عمل'' ہے، یعنی عمل کے بدلے اُجرت دی جائیگی، اور اگر اجیر خاص ہو، تو اس وقت معقود علیہ ''منفعت'' ہے، یا وہ مخصوص وقت ہے، جس کے لیے یہ عقد کیا گیا، اور صائن کو اسی کے عوض اجرت دی جائے گی۔ البتہ عقد صیانت کی جس صورت میں صائن نہ صرف کام کرتا ہو، بلکہ مرمت وغیرہ کے لیے مطلوبہ سامان بھی اپنی طرف سے فراہم کرتا ہو، یعنی اگر پرانے پُرزے اس قابل نہ ہوں کہ اُن کی اصلاح ہو سکے، یا وہ بالکل ناکارہ ہوگئے ہوں، تو صائن اپنی طرف سے نئے پُرزے لگاتا ہے، تو یہ صورت بھی عقد اجارہ میں داخل ہوگی، اور اس میں دی

جانے والی اجرت مرمت کے کام اور زائد پُرزوں دونوں کے لیے ہوگی۔ مگر اس صورت پر یہ اِشکال وارد ہوتا ہے کہ احادیث میں " صفقتان في صفقة " یعنی ایک عقد کے اندر دو معاملات کرنے سے منع کیا گیا ہے، جیسا کہ مشہور روایت میں ہے کہ: " نهی رسول الله ﷺ عن صفقتین في صفقة " ''رسول اللہ ﷺ نے ایک عقد کے اندر دو معاملات سے منع فرمایا۔'' (مسند احمد بن حنبل:۱/ ۳۹۸) تو کیا اس حدیث کی بنیاد پر یہ عقد ناجائز نہیں ہوجاتا؟ ...... جواب سے پہلے یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ شریعت کا ضابطہ یہ ہے کہ ایک عقد کے اندر دو معاملات پائے جانے کی ممانعت اُس وقت ہے، جب ایک معاملہ دوسرے معاملے کے ساتھ مشروط ہو، مثلاً کوئی شخص یوں کہے کہ میں تم سے فلاں مشینری اس شرط پر خریدتا ہوں کہ تم مجھ سے یہ مشینری کرایہ پر حاصل کروگے، لیکن اگر دو معاملات ایک دوسرے کے ساتھ مشروط نہ ہوں بلکہ فریقین میں سے ہر ایک دوسرے کے ساتھ دوسرا معاملہ کرنے میں آزاد ہو، تو پھر یہ عقد ناجائز نہیں۔ اِس تفصیل کی روشنی میں اُس کا جواب یہ ہوگا کہ اگر عقدِ صیانہ میں دونوں عقد (بیع اور اِجارہ) ایک دوسرے کے ساتھ مشروط نہیں، تو پھر یہ صورت جائز ہے، اور اگر مشروط ہوں، تو پھر یہ عقد جائز نہ ہوگا، اور اس کی جائز صورت یہ ہوگی کہ ایک عقد دوسرے کے ساتھ نہ ہو (الگ ہو) اور کام کرنے والا شخص (صاحب العمل) صائن (Maintainer) کو عمل کے وقت الگ عقد کے ذریعے مطلوبہ اشیاء بازار سے خریدنے کا وکیل بنادے۔(۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الأجير الخاص هو من يعمل لمعين عملاً مؤقتاً ويكون=

مکان کا ایڈوانس واپس لینا

مسئلہ (۳۰۳): قطعی ایجاب وقبول کے بعد مشتری (خریدار) نے بطورِ بیعانہ کوئی رقم بائع (بیچنے والا) کو دی، پھر بیع کو آپسی رضامندی سے فسخ کیا گیا، تو بیعانہ (ایڈوانس) کی رقم کی واپسی مشتری کا حق ہے، اوراس کے لیے اس کا لینا بھی جائز ہے۔ (۱)

= عقده لمدة ، ويستحق الأجر بتسليم نفسه في المدة ، لأن منافعه صارت مستحقة لمن استأجره في مدة العقد . (۱/۲۸۸)

ما في " عقد المقاولة " : ومما سبق يتلخص أن ابدال المتلفات يكون على رب العمل في الصيانة الطارئة ويكون على الصائن في حالين : ۱- إذا كانت قيمتها لا تدخل في الأجرة المتفق عليها ، وإنما لها قيمة خاصة . ۲- كون الصيانة وقائية يمكن معرفة القطع المستبدلة مسبقاً بحيث تستبدل ولو لم تتلف ، وفي وقت معروف مسبقا .... ولا بد لتصحيح العقد من أن يقوم رب العمل بشراء الأدوات أو توكيل الصائن بشرائها وتكون قيمتها مستقلة عن الأجرة ...... وبالإضافة إلى الأجرة يلتزم رب العمل بتقديم قطع الخيار أو بدفع ثمنها للصائن إن وكله بشرائها ، ويكون ثمنها منفصلا عن الأجرة المتفق عليها .

(ص/ ۳۴۲، ۳۴۳، ۳۴۶) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/ ۱۳۹-۱۴۴)

ما في " مسند أحمد بن حنبل " : عن عبد الله بن مسعود عن أبيه قال : " نهى رسول الله ﷺ عن صفقتين في صفقة واحدة " . (۴/ ۳۰، رقم الحديث : ۳۷۸۳)

وفيه أيضًا : عن عبد الله بن مسعود أنه قال : " لا تصلح صفقتان في صفقة " ...... تشريح الحديث من صورة أن يقول : بعتك هذا بعشرين على أن تبيعني ثوبك بعشرة ، فلا يصح للشرط الذي فيه ، ولأنه يسقط بسقوط بعض الثمن فيصير الباقي مجهولا ، وقد نهى عن بيع وشرط . (۴/ ۱۰، ۱۱، رقم الحديث : ۳۷۲۵، دار الحديث القاهرة)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " النهر الفائق شرح كنز الدقائق " : (وتصح) الإقالة (بمثل الثمن الأول) حتى لو كان الثمن عشرة دنانير فدفع إليه دراهم عوضًا عنها ثم تقابلا ، وقد رخصت رجع بالدنانير=

اقالہ میں قیمت کم کرنے کی شرط

مسئلہ (۳۰۴): اقالہ میں یہ شرط لگانا کہ جس قیمت پر بیع ہوئی تھی، مشتری اس میں سے کچھ بائع کے لیے چھوڑ دے گا، شرعاً یہ شرط باطل ہے، اور اقالہ ثمنِ اول کے ساتھ صحیح ہوگا۔ (۱)

=لا بما دفع . (۳/۴۵۲)

ما في " النهر الفائق " : (و) شرط (جنس آخر) من خلاف الثمن الأول (نحو ولزمه الثمن الأول) عند الإمام ، لأن الفسخ إنما يرد على عين ما ورد عليه العقد . (۳/۴۵۳)

ما في " فتح القدير " : وحقيقة الفسخ ليس إلا دفع الأول كان لم يكن فيثبت الحال الأول ، وثبوت الحال الأول هو برجوع عين الثمن الأول إلى مالكه . (۶/۴۴۹)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (تصح بمثل الثمن الأول وبالسكوت عنه) حتى لو كان الثمن عشرة دنانير ، فدفع إليه دراهم تقايلا ، وقد رخصت الدنانير رجع بالدنانير لا بما دفع ، (وبالسكوت عنه) المراد أن الواجب هو الثمن الأول سواء سماه أو لا . (۷/۲۵۳)

ما في " شرح المجلة لخالد الأتاسي " : وينفسخ البيع أي ويجب رد مثل الثمن الأول .
(۲/۷۷ ، مكتبه حبيبيه كوئٹه ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۱۶۹، کراچی)(جامع الفتاوی:۶/۳۳۲، و۶/ ۱۶۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : فإن شرط أكثر منه أو أقل فالشرط باطل . (۳/۶۹ ، باب الإقالة)

ما في " البحر الرائق " : (وتصح بمثل الثمن الأول شرط الأكثر أو الأقل بلا تعييب وجنس آخر نحو ولزمه الثمن الأول) وهذا عند أبي حنيفة لأن الفسخ يرد على عيب ما يرد عليه العقد فاشتراط خلافه باطل ولا تبطل الإقالة . (۶/۱۷۳ ، النهر الفائق :۳/۴۵۲ ، ۴۵۳)

ما في " بدائع الصنائع " : وإن كان بعد القبض فإن تقايلا من غير تسمية الثمن أصلا أو سميا الثمن الأول من غير زيادة ولا نقصان ، أو نقصا عن الثمن الأول فالإقالة على الثمن الأول ، وتبطل تسمية النقصان وتكون فسخا أيضا كما قال أبوحنيفة انها فسخ في الأصل ولا مانع من جعلها فسخا فتجعل فسخا . (۴/۵۹۴)=

تجارتی لائسنس کی خرید وفروخت

مسئلہ (۳۰۵): عصر حاضر میں اکثر و بیشتر ممالک نے تاجروں پر بغیر لائسنس کے مال کے درآمد وبرآمد پر پابندی لگارکھی ہے، تجارتی لائسنس درحقیقت کوئی مادّی چیز نہیں، بلکہ بیرونی ممالک سے مال کے درآمد وبرآمد (لین دین) کا ایک اجازت نامہ ہے، لیکن چونکہ اس کے حاصل کرنے میں لائسنس ہولڈر کو کافی کوشش کرنی پڑتی ہے، جس میں وقت اور روپیہ دونوں صرف ہوتے ہیں، اس لیے فقہائے کرام نے اس بات کی تصریح فرمائی ہے کہ اس طرح کے حقوق ووظائف سے دست برداری کا عوض لینا، اور دوسرے کے ہاتھ فروخت کرنا شرعاً جائز ہے [۱]، لہٰذا تجارتی لائسنس کی خرید وفروخت درست ہوگی۔

=ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : (فإن شرطا أكثر منه أو أقل فالشرط باطل ويرد مثل الثمن الأول) والأصل أن الإقالة فسخ في حق المتعاقدين بيع جديد في حق غيرهما إلا أن يمكن جعله فسخا فتبطل ، وهذا عند أبي حنيفة . (۶/۴۴۸ ، ۴۴۹) (فتاوی حقانیہ:۶/۱۳۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع كشف الأستار " : لا يجوز الإعتياض عن الحقوق المجردة كحق الشفعة ، وعلى هذا لا يجوز الاعتياض عن الوظائف بالأوقاف . وفيها في آخر بحث تعارض العرف مع اللغة ، المذهب عدم اعتبار العرف الخاص ، لكن أفتى كثير باعتباره ، وعليه فيفتى بجواز النزول عن الوظائف بمال . (۲/۴ ، كتاب البيوع ، مكتبه زكريا بك ڈپو ديوبند ، الدر المختار مع الشامية : ۷/۳۳ ، ۳۴ ، كتاب البيوع ، بيروت)

ما في " شرح مجلة الأحكام " : قال العلامة خالد الأتاسي : أقول : وعلى ما ذكروه من جواز الاعتياض عن الحقوق المجردة بمالٍ ينبغي أن يجوز الاعتياض عن التعلي وعن حق الشرب وعن حق الميل بمالٍ .... كما جاز النزول عن الوظائف ونحوها . =

مجہول مدت پر اُدھار سامان

مسئلہ (۳۰۶): عموماً دیہاتی علاقوں میں لوگوں کے پاس نقد رقم نہیں ہوتی، وہ مقامی دکاندار سے اپنی ضروریات کا سامان لیتے رہتے ہیں، پھر فصل کٹنے کے بعد واجب الادا رقم ادا کردیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کے مطابق یہ بیع، بیعِ فاسد ہے، اس لیے کہ اس صورت میں ادائے ثمن کی مدت مجہول ہوتی ہے، لیکن چونکہ ہمارے زمانے میں اس طرح سامان ادھار لینے دینے کا رَواج عام ہوگیا ہے، اور ادائے ثمن کی مدت میں پائی جانے والی جہالت، جہالتِ یسیرہ ہے، لہٰذا بر بنائے ضرورت بیع کی اس صورت میں امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے قول کو اختیار کیا جاسکتا ہے، کہ ان کے نزدیک اس طرح کی مدتِ مجہولہ پر ادھار سامان کا لین دین جائز ہے۔ (۱)

=(۱ / ۱۲۱ ، الفصل الثاني في بيع ما يجوز وما لا يجوز ، بحوالہ فتاوی حقانیہ)

ما في " رد المحتار " : (وعليه فيفتى بجواز النزول عن الوظائف بمالٍ) قال العلامة العينى فى فتاواه : ليس للنزول شيء يعتمد عليه ، ولكن العلماء والحكام مشوا ذلک للضرروة ، واشترطوا إمضاء الناظر لئلا يقع فيه نزاع . اهـ . ملخصًا من حاشية الأشباه للسيد أبي السعود . وذكر الحموي أن العيني ذكر في شرح نظم " درر البحار " في باب القسم بين الزوجات ، أنه سمع من بعض شيوخه الكبار أنه يمكن أن يحكم بصحة النزول عن الوظائف الدينية قياسا على ترک المرأة قسمها لصحبتها ، لأن كلا منهما مجرد اسقاط . اهـ . (۷/ ۲٦ ، كتاب البيوع ، مطلب في النزول عن الوظائف بمال ، ديوبند ، و۷/ ۳۵ ، بيروت) (فتاوی حقانیہ: ٦/ ٦۳، ٦۴، جدید فقہی تحقیقات: ۳/ ۲۲۰، فقہی مقالات: ۱/ ۲۲۳، ۲۲۴، حقوق اوران کی خرید فروخت: ص/ ۱۹۳)

الحجة على ما قلنا : =

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=(۱) ما في " الهداية " : ولا يجوز البيع إلى قدوم الحاج وكذلک إلى الحصاد ..... لأنها تتقدم وتتأخر ولو كفل إلى هذه الأوقات جاز لأن الجهالة اليسيرة متحملة في الكفالة وهذه الجهالة يسيرة . (۴۵/۳ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

ما في " المبسوط للسرخسي " : (قال) : (وإن اشترى الرجل شيئًا إلى الحصاد أو إلى الدياس أو إلى العطاء ، أو إلى جذاذ النخل أو رجوع الحاج فهذا كله باطل) بلغنا نحو ذلک عن ابن عباس – رضي اللّٰه تعالى عنهما – وقول ابن عباس – رضي الله تعالى عنما – في البيع إلى العطاء ، فإن عائشة – رضي الله تعالى عنها – كانت تجيز البيع إلى العطاء ، وابن عباس – رضي الله تعالى عنهما – كان يفسد ذلک .

(۳۲/۱۳ ، باب البيوع إذا كان فيها شرط ، دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " المجموع شرح المهذب للنووي " : فرع في مذاهب العلماء فى البيع إلى العطاء والحصاد ونحوهما من الآجال المجهولة . قد ذكرنا أنه لا يصح عندنا . قال ابن المنذر : وبه قال ابن عباس وأبو حنيفة . وقال مالک وأحمد وأبو ثور : يجوز بثمن إلى الحصاد والدياس والعطاء ونحو ذلک ، لأنه معروف . قال ابن المنذر : وروينا ذلک عن ابن عمر قال ، وقال ابن أبي ليلى : إذا باع إلى العطاء صح ، وكان الثمن حالا قال : وقول ابن عباس أصح . (۳۴۰/۹ ، باب ما نهي عنه من بيع الغرر وغيره) (غرر کی صورتیں:ص/۲۵۷،۲۷۱-۲۷۴)

خیارات کی فراہمی پر فیس

مسئلہ (۳۰۷): خیارات کے اندر جب کوئی فرد یا کمپنی کسی شخص کو خیار فراہم کرتی ہے، تو وہ اس پر کچھ فیس لیتی ہے، بعض مرتبہ خیار حاصل کرنے والا شخص اس خیار کو آگے فروخت کر دیتا ہے، اور اس سے فیس وصول کرتا ہے، جب کہ بیع الخیارات دراصل ایک حق کی بیع ہے، جو ایک فریق دوسرے کو مہیا کرتا ہے، اور حق حاصل کرنے والا شخص دراصل یہ حق اس لیے خریدتا ہے تا کہ اسے آئندہ کسی مالی نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے، گویا یہ حق دفعِ ضرر کے لیے خریدا گیا ہے، اور یہ ایسا حق نہیں جو اصالۃً مشروع ہو، بلکہ دفعِ ضرر کے لیے جاری کیا گیا ہے، لہٰذا خیارات کی خرید و فروخت جائز نہیں۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : لا یجوز الاعتیاض عن الحقوق المجردة کحق الشفعة . (در مختار) . وفي الشامیة : قوله : (لا یجوز الاعتیاض عن الحقوق المجردة علی الملک) قال في البدائع : الحقوق المفردة لا تحتمل التملیک ، ولا یجوز الصّلح عنها .... قوله : (کحق الشفعة) قال في الأشباه : فلو صالح عنها بمال بطلت ورجع ، ولو صالح المخیرة بمال لتختاره بطل ولا شيء لها . (۲۵/۷ ، کتاب البیوع ، مطلب لا یجوز الاعتیاض عن الحقوق المجردة ، دیوبند ، و۳۳/۷ ، ۳۴ ، بیروت)

ما في " الموسوعة الفقهیة " : وفرق البعض الآخر من الحنفیة بقاعدة أخری هي : أن الحق إذا کان شرع لدفع الضرر فلا یجوز الاعتیاض عنه ، وإذا کانت ثبت علی وجه البر والصلة فیکون ثابتا له أصالةً فیصح الاعتیاض عنه . (۲۴۳/۴)

(جدید فقہی تحقیقات: ۲۴۱/۳، ۲۵۰، حقوق کی خرید و فروخت، غرر کی صورتیں: ص/۱۵۴، ۱۵۵)

گڑیوں کا استعمال اور تجارت

مسئلہ (۳۰۸): کسی بھی جاندار چیز کی تصویر بنانا اور اس کا فروخت کرنا جائز نہیں ہے، اسی طرح بچوں کے کھیلنے کی وہ گڑیا یا کھلونے وغیرہ، جو جاندار کی شکل وصورت میں بنائے جاتے ہیں، ان کا استعمال کرنا یا ان کا کاروبار کرنا بھی جائز نہیں ہے۔(۱)

---

(۱) ما في " مشكوٰة المصابيح " : عن سعيد بن أبي الحسن قال : كنت عند ابن عباس إذ جاء رجل فقال : يا ابن عباس ! إني رجل إنما معيشتي من صنعة يدي ، وإنى أصنع هذه التصاوير ، فقال ابن عباس : لا أحدثك إلا ما سمعت من رسول الله ﷺ ، سمعته يقول : "من صور صورةً فإن الله معذبه حتى ينفخ فيه الروح ، وليس بنافخ فيها أبدا " . فربا الرجل ربوة شديدةً واصفرّ وجهه فقال : " ويحك إن أبيت إلا أن تصنع ، فعليک بهذ الشجر ، وكل شيء ليس فيه روح " . رواه البخاري . (ص/۳۸٦ ، اللباس ، باب التصاوير)

ما في " رد المحتار " : وظاهر كلام النووي فى " شرح مسلم " الإجماع على تحريم تصوير الحيوان ، وقال : وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو درهم وإناء وحائط وغيرها .

(۲/۳٦۰ ، مطلب إذا تردّد الحكم بين سنة وبدعة)

ما في " النهر الفائق " : (أو) تكون الصورة (لغير ذي روح) لما مر عن ابن عباس ولا فرق في الشجر بين المثمر وغيره في قول الكافي خلافاً لمجاهد وجوز في " الخلاصة " لمن رأى صورة في بيت غيره أن يزيلها ويجب عليه ، ولو استأجر مصورا فلا أجر له لأن عمله معصية كذا عن محمد . (۱/۲۸۳-۲۸۵، ما يفسد الصلوٰة وما يكره فيها ، فتاوى معاصرة: ص/۱۱۴ ، للشيخ صالح بن محمد العثيمين)

(فتاویٰ محمودیہ: ۱۹/۵۰۳، کراچی، جدید مسائل کا حل: ص/۴۵۵و۴۷۴)

ماہنامہ رسائل ومجلّات کی لائف ممبری

مسئلہ(۳۰۹): آج کل بہت سے ادارے ماہنامہ رسائل وجرائد اور اخبارات شائع کرتے ہیں، اوراس ماہنامہ وغیرہ کی لائف ممبری فیس وصول کرتے ہیں، کیوں کہ لائف ممبر درحقیقت ایک اعزازی رکن ہوتا ہے، اوروہ جو رقم دیتا ہے اس سے اس کا مقصود ادارے کو عطیہ دینا، اس کی اعانت ومدد کرنا ہوتا ہے، اس لیے یہ صورت جائز ہے، اور جو پرچہ یا رسالہ اس کے پاس پابندی سے پہنچتا ہے، وہ بھی اعزازی طریقے پر ادارہ کی طرف سے ہدیہ ہوتا ہے، یہ خرید وفروخت کا معاملہ نہیں، کہ مبیع وثمن کو کسی درجہ مجہول مان کر اسے ناجائز قرار دیا جائے، لہٰذا کسی رسالہ یا مجلّہ کا لائف ممبر بننا شرعاً جائز ودرست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " ومن صنع إليكم معروفاً فكافئوه ، فإن لم تجدوا ما تكافئوا به فادعوا له حتى ترو أنكم قد كافئتموه ". (ص/۲۳۵)

ما في " كنز العمال " : " تهادوا تحابوا وتصافحوا يذهب الغلّ عنكم " . [ابن عساكر عن أبي هريرة] . (۶/۴۴ ، الفصل الثالث في الهدية والرشوة)

ما في " البحر الرائق شرح الكنز " : هي تمليك العين بلا عوض وتصح بإيجاب وقبول كوهبت . (كنز الدقائق) . وفي البحر : قوله : (هي تمليك العين بلا عوض) فخرجت الإباحة والعارية والإجارة والبيع . (۷/۴۸۳ ، كتاب الهبة)

ما في " الجوهرة النيرة " : وفى الشرع ؛ عبارة عن تمليك الأعيان بغير عوض ، وهي جائزة بالكتاب، وهو قوله تعالى : ﴿فإن طبن لكم عن شيء فكلوه هنيّئاً مريّئاً﴾ . أي هنيئاً لا إثم فيه . مريئاً لا ملامة فيه . (۲/۲۰۰ ، كتاب الهبة) (ماہنامہ ترجمان القرآن:ص/۴۱،اپریل:۲۰۱۰ء)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الهبة : عقد يفيد التمليك بلا عوض حال الحياة تطوعًا . (۵/۳۹۸۰ ، الفصل السادس الهبة)

بیع العربون (بیعانہ)

مسئلہ (۳۱۰): بیع العربون: یعنی خریدار کا بائع کو کچھ رقم ابتداءً اس شرط پر دینا کہ اگر وہ بائع سے مطلوبہ چیز خریدے، تو یہ رقم قیمت کا حصہ بن جائے گی، لیکن اگر وہ بعد میں بائع سے مطلوبہ چیز نہ لے، تو وہ رقم بائع کی ہوگی[1]، حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما، حسن بصری رحمہ اللہ، حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ میں سے ابوالخطاب کے نزدیک بیع العربون ناجائز ہے، ان کے علاوہ علامہ اوزاعی، لیث بن سعد، عبدالعزیز بن ابی سلمہ اور سفیان ثوری رحمہم اللہ سے بھی بیع العربون کا عدمِ جواز منقول ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مرقاة المفاتيح " : في النهاية : هو أن يشتري السلعة ويدفع إلى صاحبها شيئًا على أنه إن أمضى البيع حسب وإن لم يمض البيع كان لصاحب السلعة ولم يرجعه المشتري. (۷۶/۶ ، المغني لإبن قدامة :۳۱۲/۴ ، بيع العربون ، الفقه الإسلامي وأدلته :۳۴۳۴/۵ ، بيع العربون)

(۲) ما في " مرقاة المفاتيح " : عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال : " نهى رسول الله ﷺ عن بيع العربان " . رواه مالک وأبو داود وابن ماجة ..... وهو بيع باطل عند الفقهاء لما فيه من الشرط والغرر . (۷۶/۶ ، باب المنهي عنها من البيوع)

ما في " الغرر وأثره في الفقه الإسلامي " : اختلف الفقهاء في حكم بيع العربون ، فمنعه الحنفية والمالكية والشافعية والشيعة والزيدية وأبو الخطاب من الحنابلة ، وروي المنع عن ابن عباس والحسن وقال ابن رشد والشوكاني : المنع قول الجمهور .

(ص/۱۰۲، المغني لإبن قدامة :۳۱۳/۴ ، الجامع لأحكام القرآن للقرطبي :۱۵۰/۵، أحكام القرآن لإبن العربي : ۴۰۸/۱) (غرر کی صورتیں:ص/۱۳۷)

مقتضائے عقد اور خلافِ عرف قانون

مسئلہ (۳۱۱): اگر حکومتِ وقت قانونی طور پر عقد میں ایسی شرط جاری کرے، جو بظاہر مقتضائے عقد کے خلاف ہو، اور ایسی شرط کا عرف بھی نہ ہو، تو شرعاً اس اجراء شرط کا اعتبار ہوگا یا نہیں؟ کتبِ فقہ کی روایات عام طور پر اس سوال کے جواب میں خاموش نظر آتی ہیں، البتہ قواعد کی روشنی میں اس کا جواز معلوم ہوتا ہے، بشرطیکہ کوئی ایسی شرط نہ ہو جو ربا کا ذریعہ بنے، اس کے جواز کی دو وجہیں ہوسکتی ہیں:

(۱) بیع میں اس طرح کی شرط لگانے کی علتِ ممانعت یہ ہے کہ: یہ شرط باہمی نزاع اور جھگڑے کا باعث بنتی ہے، تو جس طرح کسی عمل کا رَواج پذیر ہونا باہمی نزاع کے لیے ایک بہت بڑی رکاوٹ ہے، اسی طرح حکومت کا قانون بھی ایک بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ (۱)

(۲) فقہ کا ضابطہ ہے کہ جن فروعی مسائل میں فقہائے کرام کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہو، ان میں حاکمِ وقت جس فقہی مسلک پر فیصلہ کردے، دوسرے مسلک کے آدمی کے لیے بھی اس پر عمل کرنا درست ہوتا ہے، اس ضابطے کو فقہی انداز میں یوں کہا جاتا ہے، حاکم/ قاضی کا فیصلہ رافعِ خلاف ہوتا ہے، اور چونکہ مالکیہ اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ کے مسلک پر ایسی شرط لگانے کی گنجائش ہے، لہٰذا اگر حکومتِ وقت ایسی شرائط جاری کرے، تو ان کو اختیار کرنا جائز ہوگا۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا : =

....

....

=(۱) ما في " تكملة فتح الملهم " : ان الشرط الفاسد الذي يفسد به البيع هو ما كان وفاؤه في اختيار العبد ، فأما إذا كان الشرط مما يخرج وفاؤه عن اختيار الإنسان عقلاً أو شرعاً فإنه لا يفسد البيع ، كما إذا قال البائع : بعتک هذا الثوب على أن لا تجب عليک صلاة ..... فهذه شروط لا اختيار للعبد فى وفائها ، فحينئذٍ تلغو هذه الشروط ولا يفسد البيع ، ويدل على ذلک قول صاحب الهداية في باب البيع الفاسد " ولو كان – أى الشرط – لا يقتضيه العقد ولا منفعة فيه لأحد لا يفسده وهو الظاهر من المذهب ، كشرط أن لا يبيع المشترى الدابة المبيعة ، لأنه انعدمت المطالبة فلا يؤدى إلى الربا ولا إلى المنازعة " فتبين منه أن الشرط المفسد ما أدى إلى الربا أو إلى المنازعة ، والشرط الذي ليس وفاؤه في اختيار الإنسان لا يؤدي إلى الربا ولا إلى المنازعة ، ولا يكون له مطالب ، فيلغو الشرط ويصح البيع. (۲۷۷/۷ ، كتاب العتق ، باب إنما الولاء لمن أعتق ، تحت الرقم :۳۷۵۵ [۵] ، دار احياء التراث العربي بيروت) (*غررکی صورتیں:ص/۱۱۱*)

ما في " الفتاوى الولوالجية " : ثم الشرط في البيع إن كان يقتضيه العقد كشرط التسليم أولا يقتضيه العقد لكن فيه عرف ظاهر ، كما لو اشترط فعلا وشراكا بشرط أن يحذوه البائع فالبيع جائز مع هذا الشرط وإن لم يكن فيه عرف ظاهر ، فإن كان فيه منفعة لأحد المتعاقدين، أو للمعقود عليه ، كان البيع فاسدًا ، لأن الشرط باطل ، والمنتفع يطالبه بحكم الشرط والآخر يمتنع بحكم الشرع ، فتقع المنازعة ، وإن لم يكن فيه منفعة لأحد فالبيع جائز ، والشرط باطل كما اشترى دابة أو ثوباً بشرط أن لا يبيعها لأنه لا مطالبة .

(۱۸۳/۳ ، الشروط التي تفسد البيع والتي لا تفسد ، رد المحتار : ۲۰۹/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب في الشرط الفاسد ، البحر الرائق : ۱۴۲/۶ ، بدائع الصنائع : ۳۷۹/۴)

(۲) ما في " رد المحتار " : وقد تقرر أن كل مجتهد فيه إذا حكم به حاكم يراه نفذ حكمه وصار مجمعا عليه ، فليس لحاكم غيره نقضه . (۴۱۳/۶ ، كتاب الوقف ، مطلب شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع ، دار الكتاب ديوبند)

ٹیکس سے بچنے کی مناسب تدبیر

مسئلہ (۳۱۲): آج کل بہت سے تاجر حضرات بیرون ممالک سے وہ اشیاء منگواتے ہیں، جن پر حکومت کی طرف سے پابندی ہوتی ہے، جب وہ اشیاء بیرون ممالک سے درآمد کی جاتی ہیں، تو حکومت اُن منگوائی گئی اشیاء پر اُن تاجروں سے ٹیکس، کسٹم ڈیوٹی وغیرہ کے نام سے کچھ رقم وصول کرتی ہے، بسا اوقات ان ٹیکسوں میں ناقابلِ برداشت حدتک اضافہ کردیا جاتا ہے، اگر یہ ٹیکس مناسب اور جائز انداز میں لیا جاتا ہو، اور قومی خزانہ میں جمع ہوکر قومی مفاد میں استعمال کیا جاتا ہو، تو پھر سامانِ تجارت چوری چھپے لانا مناسب نہیں، کیوں کہ حکومت درآمد کردہ اشیاء پر ضروری ٹیکس لگانے کی مجاز ہے، البتہ اگر حکومت ان ٹیکسوں میں ناقابل برداشت اضافہ کرکے تاجروں کو تنگ کرتی ہو، اور ٹیکس کے نام سے وصول کی گئی رقم قومی خزانہ کے بجائے ذاتی خواہشات اور ضروریات میں صرف کی جاتی ہو، تو ایسی صورت میں مال لانے والا ٹیکس سے بچنے کی جائز ومناسب تدابیر اختیار کرے، تو کوئی مضائقہ نہیں، البتہ دروغ گوئی، خیانت، اور دھوکہ بازی سے بہرحال اجتناب ضروری ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام السلطانية للماوردي " : قال القاضي أبو اليعلى محمد بن الحسين الفراء : إن كان البلد ثغرا يُتاخِم دار الحرب ، وكانت أموالهم دخلت دار الإسلام معشُورة عن صلح استقر معهم وأثبت في ديوان عقد صلحهم وقدر المأخوذ منهم من عُشر أو خُمس وزيادة عليه أو نقصان منه ، فإن كان يختلف بإختلاف الأمتعة والأموال فُصِلَت فيه ، وكان الديوان موضوعاً ؛ لإخراج رسومه ولاستيفاء ما يرفع إليه من مقادير الأمتعة المحمولة إليه .

(ص/ ۲۴۶ ، فصل ؛ القسم الثاني ما اختص بالأعمال من رسوم ، بيروت) =

غیر ملکی ویزوں کی تجارت

مسئلہ (۳۱۳): آج کل بہت سے لوگ غیر ملکی ویزوں کی تجارت کرتے ہیں، حالانکہ بیع میں مال کی شرط جوہری و بنیادی ہے[1]، جب کہ ویزا فی نفسہٖ مال نہیں، بلکہ محض ایک ایسا حق ہے جس کی بنیاد پر انسان کسی ملک میں داخلہ اور رہائش کا مجاز ہوتا ہے[2]، اس لیے غیر ملکی ویزوں کی خرید و فروخت جائز نہیں ہے[3]، جیسا کہ اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا کے ۱۳-۱۶/ ذیقعدہ، ۱۴۱۰ھ کی درج ذیل تجویز کے مفہوم مخالف سے ثابت ہوتا ہے: ''جو حقوق نصوص شرعیہ سے ثابت ہوں، البتہ ان سے مالی منفعت متعلق ہوگئی اور عرف میں ان کا عوض لینا مروج اور معروف ہو چکا ہو، نیز ان کی حیثیت محض دفع ضرر کی نہ ہو، اور نہ وہ شریعت کے عمومی مقاصد و مصالح سے متصادم ہوں، ایسے حقوق پر عوض کا حاصل کرنا جائز اور درست ہے۔''[4]

=ما في " تبيين الحقائق " : والأصل فيه انا متى عرفنا ما يأخذون منا أخذنا منهم مثله ، بذلك أمر عمر وإن لم نعرف أخذنا منهم العشر لقوله عمر ، فإن اعيانكم فالعشر وإن كانوا يأخذون الكل نأخذ منهم الجميع إلا قدر ما يوصله إلى مأمنه فى الصحيح لما ذكرنا .
(۸۸/۲ ، باب العاشر ، الجامع الصغير :ص/۱۲۷ ، الاختيار لتعليل المختار: ۱۶۸/۱ ، مجمع الأنهر : ۳۰۹/۱ ، الدر المختار مع الشامية :۲۲۸/۳) (فتاوی حقانیہ:۷۰/۶،و۶۹/۶)
ما في " صحيح البخاري " : حدثنا قتيبة بن سعيد ، عن مالك عن نافع ، عن ابن عمر : أن رسول الله ﷺ " نهى عن النجش " . (رقم : ۲۹۶۳ ، باب ما يكره من التّناجش)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وبطل بيع مال غير متقوم أي غير مباح الانتفاع=

سامان کی وصولی سے پہلے اُس کی خرید وفروخت

مسئلہ(۳۱۴): شیٔ منقول پر قبضہ سے پہلے اسے فروخت کرنا شرعاً جائز نہیں ہے(۱)، اور ڈیلر کمپنی میں جس مال کو بُک کرتا ہے، وہ بھی شیٔ منقول ہوتی ہے، اس لیے اس کی وصولی سے پہلے آگے اس کی خرید وفروخت جائز نہیں ہوگی، البتہ اس معاملہ کے جواز کی ایک صورت بیعِ سلم بن سکتی ہے، کہ خریدار سے قیمت ابھی لی جائے، اور سامان ایک مہینہ یا اس کے بعد دیا جائے(۲)، مگر اس کی چند شرطیں ہیں، اگر ان میں سے کوئی شرط فوت ہو جائے تو بیع فاسد ہوگی، اور وہ شرطیں یہ ہیں:

(۱) جنس، (۲) نوع (۳) صفت (۴) مقدار معلوم ہو، (۵) وصولی کی تاریخ، (۶) ادا شدہ رقم کی مقدار متعین ہو، (۷) اور جن چیزوں پر حمل ونقل کے مصارف آتے ہیں، ان میں یہ بھی طے ہونا چاہیے کہ وہ مال فلاں جگہ مہیا کیا جائے گا، اور بقائے سلم کی شرط یہ ہے کہ قبل الافتراق (معاملہ کی مجلس ختم ہونے سے پہلے) قیمت پر قبضہ ہو۔(۳)

= به كخمر وخنزير وميتة . (۲/۲۳)

(۲) ما في " مجمع الأنهر " : المراد بالمال عين يجري فيه التنافس والإبتذال . (۳/۴)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : حصر الحنفية معنى المال في الأشياء والأعيان المادية أي التي لها مادة وجرم محسوس ، وأما المنافع والحقوق فليست أموالاً عندهم وإنما هي ملك لا مال . (۴/۲۸۷۷)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا يجوز الاعتياض عن الحقوق المجردة كحق الشفعة . (۲/۴)

(۴) (نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے: ص/۱۱۸، حقوق اور ان کی خرید وفروخت: ص/۱۵۴)

الحجة على ما قلنا : =

مرغی کی بیٹ کی کھاد

مسئلہ (۳۱۵): مرغیوں کی بیٹ جب مٹی بن جائے، تو اس کی خرید وفروخت جائز ہے۔[1]

=(۱) ما في " صحيح مسلم " : قال رسول الله ﷺ : " من ابتاع طعامًا فلا يبعه حتى يقبضه" . قال ابن عباس : وأحسب كل شيء بمنزلة الطعام . (۵/۲)

ما في " الهداية " : من اشترى شيئًا مما ينقل ويحول لم يجز له بيعه حتى يقبضه ، لأنه نهى عن بيع ما لم يقبض ولأن فيه غرر انفساخ العقد على اعتبار الهلاک . (۷۴/۳)

(تبيين الحقائق : ۴/۳۷ ۴ ، تكملة فتح الملهم: ۱/۰ ۳۵ ، البحر الرائق : ۶/۴ ۱۹)

(۲) ما في " رد المحتار " : بيع آجل وهو المسلم فيه بعاجل وهو رأس المال . (۳۴۸/۷)

(۳) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : قدم النبي ﷺ المدينة وهم يُسلفون بالتمر السنتين والثلاث ، فقال : " من أسلف في شيء ففى كيل معلوم ووزن معلوم إلى أجل معلوم " . (۱/۹۹ ۲ ، رقم : ۲۲۴۰ ، باب السلم في وزن معلوم)

ما في " كنز الدقائق مع البحر الرائق " : وشرطه بيان الجنس والنوع والصفة والقدر والأجل وأقله شهر وقدر رأس المال في المكيل والموزون والمعدود ومكان الإيفاء فيما له حمل من الأشياء وقبض رأس المال قبل الافتراق . (۲۶۵/۶)

ما في " ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر " : وشرطه بيان الجنس كبر أوشعير ، والنوع كسقية أو بخسية ، والصفة كجيد أو رديء ، والقدر نحو كذا رطلا أو كيلا بما لا ينقبض ولا ينبسط وأجل معلوم وأقله شهر في الأصح ، وقدر رأس المال إن كان كيلياً أو وزنياً أو عددياً ، فلا يجوز فی جنسين بلا بيان رأس مال كل منها ولا بنقدين بلا بيان حصة كل منهما من المسلم فيه ، ومكان إيفائه إن كان له حمل ومؤنة . (۱۴۱/۳ ، ۱۴۲ ، كتاب البيوع ، الهداية : ۷۹/۳ ، رد المحتار : ۳۵۴/۷ ، اعلاء السنن : ۴۵۸/۴) (آپ کے مسائل اوران کا حل:۶/۷۵،قدیم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المحيط البرهاني في الفقه النعماني " : ويجوز بيع السرقين والبعر والانتفاع=

مسئلہ (۳۷۶): اگر دو درزی شرکت کا عقد اس طرح کریں؛ کہ دونوں مل کر کپڑے سئیں گے، اور ملنے والا نفع (اجرت) دونوں کے درمیان آدھا آدھا تقسیم کریں گے، اور ان میں ایک درزی زیادہ کام کرتا ہے، دوسرا کم، تو اس درزی کے عمل کی زیادتی سے وہ نفع کی زیادتی کا حق دار نہیں ہوگا، بلکہ نفع ان کے اس طے شدہ معاہدہ کے مطابق ہی تقسیم ہوگا[1]، ہاں! اگر شروع عقد میں ہی عمل کی زیادتی پر نفع کی زیادتی کی شرط لگائی گئی ہو، تو پھر اسی کے مطابق نفع کا حق دار ہوگا، اس لیے کہ نفع میں زیادتی کا حق؛ عمل یا مال یا ضمان کے سبب سے ہوتا ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : شركة الأعمال : وتسمى أيضاً شركة صنائع وأبدان ، وهي أن يتفق صانعان أم خياطان ، أو خياط وصباغ مثلاً على أن يتقبلا الأعمال التي يمكن استحقاقها ، ويكون الكسب بينهما على ما شرطا مطلقاً ، سواء شرطا الربح على السواء أو متفاضلا ، وسواء تساويا في العمل أو لم يتساويا فيه .

(۵/ ۴۱ ، الشركات ، شركة الأعمال)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما الشركة بالأعمال فهو أن يشتركا على عمل من الخياطة أو القصارة أو غيرهما ، فيقولا : اشتركنا على أن نعمل فيه على أن ما رزق الله عزّ وجلّ من أجرة فهي بيننا على شرط كذا . (۷/۵۰۳ ، كتاب الشركة)

(۲) ما في " المبسوط للسرخسي " : قال : (والشريكان في العمل إذا غاب أحدهما أو مرض أو لم يعمل وعمل الآخر فالربح بينهما على ما اشترطا) لما روي أن رجلاً جاء إلى النبي ﷺ فقال : أنا أعمل في السوق ولي شريك يصلي في المسجد ، فقال رسول الله ﷺ : " لعلّك بركتك منه " . والمعنى أن استحقاق الأجر بتقبل العمل دون =

شریک مرتد ہوگیا

مسئلہ (۳۷۷): اگر عقد شرکت میں تین یا زائد شریک تھے، ان میں سے ایک شریک مرتد ہوگیا، تو عقد شرکت باطل ہوجائے گا، کیوں کہ مرتد ہونا موتِ حکمی ہے، اور ایک شریک کی موت سے شرکت باطل ہوجاتی ہے۔ (۱)

=مباشرة ، والتقبل كان منهما وإن باشر العمل أحدهما . (۱۱/۱۷۱ ، كتاب الشركة)
(الفقه الإسلامي وأدلته : ۳۸۸۷/۵ ، عقد الإيجار ، شركة الأعمال)
ما في " بدائع الصنائع " : إذا عرف هذا فنقول : إذا شرطا الربح على قدر المالين متساوياً أو متفاضلاً ، فلا شك أنه يجوز ويكون الربح بينهما على الشرط سواء شرطا العمل عليهما أو على أحدهما ..... وإن كان المالان متساويان فشرطا لأحدهما فضلاً على أحدهما ...... وإن كان المالان متساويان فشرطا لأحدهما فضلاً على ربح ، ينظر ان شرطا العمل عليهما جميعاً جاز والربح بينهما على الشرط فى قول أصحابنا الثلاثة ...... أما عندنا : فالربح تارةً يستحق بالمال ، وتارةً بالعمل وتارةً بالضمان على ما بينا ، وسواء عملا جميعاً ، أو عمل أحدهما ، دون الآخر ، فالربح بينهما يكون على الشرط لأن استحقاق الربح فى شركة الأعمال بشرط العمل لا بوجود العمل . (۵۱۸/۷، كتاب الشركة ، الفقه الإسلامى وأدلته:۳۹۰۱/۵ ، عقد الإيجار ، ثالثاً : تعريف شركة الأعمال ، المبسوط للسرخسي : ۱۱/۱۷۱ ، كتاب الشركة) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۲۰۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وتبطل الشركة) أى شركة العقد (بموت أحدهما علم الآخر أو لا لأنه عزل حكمي (ولو حكماً) بأن قضى بلحاقه مرتداً .
(۳۹۴/۶ ، ديوبند ، و۵۰۴/۶ ، كتاب الشركة ، بيروت)
ما في " البحر الرائق " : وتبطل الشركة بموت أحدهما ولو حكماً والموت الحكمي الالتحاق بدار الحرب مرتدا. (۳۰۸/۵ ، فصل في الشركة الفاسدة)
ما في " الفتاوى الهندية " : وتبطل الشركة بموت أحدهما علم به الشريک أو لا ولو =

شرکت مع المضاربت

مسئلہ (۳۷۸): ایکسپورٹر کسی چیز کے بنانے کا آرڈر لیتا ہے، لیکن اس کے پاس آرڈر کا مال تیار کرنے اور اسے سپلائی (ڈسکاؤنٹنگ) کرنے کے لیے پیسہ نہیں ہوتا، تو وہ بینک یا مالیاتی ادارہ سے مشارکہ کرتا ہے کہ آپ میرا مالی تعاون کریں اور میں بھی اپنا کچھ پیسہ لگا کر آرڈر کا مال تیار کرتا ہوں، پھر نفع کو آپس میں تقسیم کرلیں گے، تو اس طرح کا معاملہ کرنا شرکت مع المضاربت کہلاتا ہے، جو جائز ہے، کیوں کہ اس صورت میں مضاربت اصل ہے، کہ مال بینک یا مالیاتی ادارے کا ہے، اور محنت ایکسپورٹر کی ہے، لیکن ایکسپورٹر اپنا کچھ مال بھی لگوا رہا ہے، اس لیے اس شرکت کو بالتبع مانیں گے، اور نفع ان کے درمیان ان کی شرط کے مطابق تقسیم ہوگا۔ (۱)

=كان الموت حكمياً بأن قضى بلحاقه مرتداً . (۲/۳۳۵، الباب الخامس في الشركة الفاسدة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : خامساً : ذهب الحنفية إلى أن القضاء بلحاق أحدهما بدار الحرب مرتداً تنتهي به الشركة لأنه بهذا يصير في أهل دار الحرب ، والقضاء به عندهم موت حكمي . (۲۶/۸۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قالت الأنصار للنبي ﷺ : " أقسم بيننا وبين إخواننا النخيل ، قال : لا ، فقالوا : تكفونا المؤنة ونشرككم في الثمرة ، قالوا : سمعنا وأطعنا " . (ص/۳۰۷ ، كتاب الحرث والمزارعة ، باب اكفني مؤونة النخل أو غيره وتشركني في الثمر ، رقم الحديث : ۲۳۲۵)

ما في " فتح الباري " : فكره (رسول الله ﷺ) أن يخرج شيء من عقار الأنصار عنهم ، فلما فهم الأنصار ذلک جمعوا بين المصلحتين امتثال ما أمرهم له ، وتعجيل مواساة إخوانهم المهاجرين فسألوهم أن يساعدوهم في العمل ويشركوهم في الثمر . =

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=(۵/۱۳ ، كتاب الحرث والمزارعة ، باب اكفني مؤونة النخل)

ما في " شرح ابن بطال " : فأشركهم في الثمرة على أن يكفوهم المؤنة والعمل في النخيل ، وتبقى رقب النخل للأنصار ، وهذه هي المساقة بعينها .

(۳۸۰/٦ ، كتاب المزارعة ، باب إذا قال اكفني مؤنة النخل)

ما في " رد المحتار " : وفي النهر : اعلم أنهما إذا شرطا العمل عليهما أن تساويها مالا وتفاوتا ربحاً جاز عندعلمائنا الثلاثة خلافاً لزفر ، والدرج بينهما على ما شرطا وإن عمل أحدهما فقط ، وإن شرطاه على أحدهما ، فإن شرطا الربح بينهما بقدر رأس مالهما جاز ...... وإن شرطا الربح للعامل أكثر من رأس ماله جاز أيضاً على الشرط ، ويكون مال الدافع عند العامل مضاربة . (۳۷۹/٦ ، كتاب الشركة ، مطلب في دعوى الشريك أنه أدّى الثمن)

ما في " النهر الفائق " : وتصح مع التساوي في المال دون الربح وعكسه وببعض المال . "كنز الدقائق" . قوله : (وتصح) شركة العنان (مع المتساوي) وهو التفاضيل في المال دون الربح . (۳۰۰/۳ ، كتاب الشركة ، كذا في العناية : ۴۱۵/۳ ، كتاب الشركة)

(جدید مسائل کا حل: ص/ ۲۲۹، ۲۳۰، احسن الفتاوی: ۴۰۳/٦)

شرکۃ الاعمال (شرکۃ الابدان)

مسئلہ (۳۷۹): دو یا دو سے زائد افراد کوئی ایسا کاروبار شروع کریں جس میں لوگوں کے کام اُجرت پر کیے جائیں، اور جو بھی کمائی ہو اس میں تمام شرکاء شریک ہوں، مثلاً: دو دَرزی آپس میں اس بات پر اشتراک کرلیں کہ ہمارے پاس جو بھی کپڑا آئیگا ہم اسے مل کر سئیں گے، اور جو اجرت ہوگی اسے آدھا آدھا تقسیم کرلیں گے۔ مختلف پیشہ ور لوگ جیسے ڈاکٹر، انجینئر، کارپینٹر وغیرہ بھی اس طرح کی شرکت کر سکتے ہیں، اسے شرکت ابدان، شرکت صنائع اور شرکت تقبُّل بھی کہا جاتا ہے[1]، حنفیہ، مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک اس طرح کی شرکت جائز ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : شركة الأعمال : أن يشترك اثنان على أن يتقبلا في ذمتهما عملا من الأعمال ، ويكون الكسب بينهما كالخياطة والحدادة ونحوها . (۵/۳۸۸۷ ، تعريف شركة الأعمال) (شرکت ومضاربت عصر حاضر میں:ص/۱۸۲،فقہ حنفی قرآن وحدیث کی روشنی میں:۲/۱۰۰)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : شركة الأعمال : أن يتفق صانعان خياطان أو خياط وصباغ مثلاً على أن يتقبلا الأعمال التي يمكن استحقاقها ويكون الكسب بينهما على ما شرطا .

(۵/۴۱ ، شركة الأعمال ، بدائع الصنائع : ۵/۷۴ ، كتاب الشركة)

(۲) ما في " منهاج المسلم " : والأصل في جوازها ما رواه أبو داود من أن عبد الله وسعدا وعمارا اشتركوا يوم بدر فيما يحصلون عليه من أموال المشركين فلم يجئ عمار وعبد الله بشيء وجاء سعد بأسيرين فأشرك بينهم النبي ﷺ وكان ذلك قبل مشروعية قسمة الغنائم .

(ص/۳۰۰ ، شركة الأبدان)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : شركة الأعمال جائزة عند المالكية والحنفية والحنابلة والزيدية ، لأن المقصود منها تحصيل الربح وهو ممكن بالتوكيل . (۵/۳۸۸۷ ، بدائع الصنائع :۵/۷۶ ، المغني لإبن قدامة : ۵/۱۱۱) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۱۷۰)

غائب شریک نفع کا حق دار ہوگا

مسئلہ (۳۸۰): اگر شرکۃ الاعمال (شرکۃ الابدان) میں دو شخصوں نے کام شروع کیا، اور درمیان ہی میں ان دو شریکوں میں سے ایک بیمار ہو گیا، یا چند دنوں کے لیے سفر پر چلا گیا، اور کام دوسرے شریک نے کیا، تو اس صورت میں بھی شریک غائب طے شدہ حصہ کا حق دار ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط " : قال : (والشريكان في العمل إذا غاب أحدهما أو مرض أو لم يعمل وعمل الآخر فالربح بينهما على ما اشترطا) لما روي أن رجلا جاء إلى رسول الله ﷺ فقال : أنا أعمل في السوق ولي شريك يصلي في المسجد فقال رسول الله ﷺ : " لعلك بركتك منه " . والمعنى أن استحقاق الأجر بتقبل العمل دون مباشرته ، والتقبل كان منهما وإن باشر العمل أحدهما . ألا ترى أن المضارب إذا استعان برب المال في بعض العمل كان الربح بينهما على الشرط . أو لا ترى أن الشريكين في العمل يستويان في الربح وهما لا يستطيعان أن يعملا على وجه يكونان فيه سواء وربما يشترط لأحدهما زيادة ربح لحذاقته وإن كان الآخر أكثر عملا منه فكذلك يكون الربح بينهما على الشرط ما بقي العقد بينهما وإن كان المباشر للعمل أحدهما ويستوي إن امتنع الآخر من العمل بعذر أو بغير عذر ؛ لأن العقد لا يرتفع بمجرد امتناعه من العمل واستحقاق الربح بالشرط في العقد .

(۱۱/۱۷۱ ، كتاب الشركة ، بيروت ، بدائع الصنائع :۷/۵۴۳ ، كتاب الشركة ، بيروت ، رد المحتار :۶/۴۹۹ ، مطلب في شركة التقبّل ، بيروت)

ما في " المختصر القدوري " : وأما شركة الصنائع .... فإن عمل أحدهما دون الآخر فالكسب بينهما نصفان . (ص/۴۱۱ ، كتاب الشركة ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية :۳/۲۲۴ ، فصل في شركة الأعمال) (قاموس الفقہ :۴/۱۹۰)

شرکۃ الوجوہ

مسئلہ (۳۸۱): شرکاء کے پاس سرمایہ نہ ہو، بلکہ اپنی تجارتی ساکھ کی بنیاد پر اُدھار مال خرید کر فروخت کریں، اور حاصل ہونے والے نفع کو طے شدہ نسبت کے مطابق تقسیم کرلیں، اس کو شرکۃ الوجوہ کہتے ہیں، احناف کے نزدیک یہ شرکت جائز ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (و) اما (وجوه) .... (إن عقداها على أن يشتريا) ... (بوجوههما) أي بسبب وجاهتهما (ويبيعا) فما حصل بالبيع يدفعان منه ثمن ما اشتريا (بالنسيئة) وما بقي بينهما . (۳۹۰/۶ ، كتاب الشركة ، مطلب شركة الوجوه ، ديوبند ، و ۵۰۰/۶ ، بيروت ، و ۳۴۸/۳ ، نعمانيه) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۱۶۸)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما الشركة بالوجوه فهو أن يشتركا وليس لهما مال لكن لهما وجاهة عند الناس فيقولا : اشركنا أن تشترى بالنسيئة ونبيع بالنقد على أن ما رزقه الله سبحانه وتعالىٰ من ربح فهو بيننا على شرط كذا .... فصل : وأما بيان جواز هذه الأنواع الثلاثة فقد قال أصحابنا أنها جائزة عنانا كانت أو مفاوضة .(۷۴/۵ ، كتاب الشركة)

ما في " مختصر القدوري " : أما شركة الوجوه فالرجلان يشتركان ولا مال لهما على أن يشتريا لوجوههما ويبيعا فتصح الشركة على هذا وكل منهما وكيل الآخر فيما يشتريه فإن شرطا أن يكون المشترى بينهما نصفان فالربح كذلك ، ولا يجوز أن يتفاضلا فيه وإن شرطا أن المشترى بينهما أثلاثاً فالربح كذلك . (ص/۱۱۴ ، كتاب الشركة)

علیحدگی پر شریک کی رقم واپس کرنا

مسئلہ (۳۸۲): کچھ لوگوں نے جو ایک ہی کمرے میں رہتے تھے، مشترکہ طور پر ایئر کنڈیشنر خریدا، پھر بعد میں کچھ لوگ علیحدہ رہنا چاہتے ہوں، تو انہیں مستعمل ایئر کنڈیشنر کی قیمت کے لحاظ سے رقم کا حصہ دیا جائیگا، نہ کہ قیمتِ خرید کے اعتبار سے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وفي الجواهر : لا تقسم الكتب بين الورثة ولكن ينتفع كل بالمهاياة ، ولا تقسم بالأوراق ولو برضاهم ، وكذا لو كان كتاباً ذا مجلدات كثيرة ولو تراضيا أن تقوم الكتب ، ويأخذ كل بعضها بالقيمة لو كان بالتراضي جاز ، وإلا لا .(۳۱۵/۹)

ما في " شرح المجلة " : كما أنه لا يجوز تقسيم أوراق الكتاب المشترک لا يجوز أيضاً تقسيم الكتاب المتعدد الأجزاء أو الجلود جلداً جلداً ، ولكن ينتفع كل بالمهاياة ولو تراضيا أن يأخذ كل بعضها بالقيمة لو كانت بالتراضي جاز ، وإلا لا ، ولا تقسم بالأوراق ولو برضاها. (ص/۶۳۳ ، المادة : ۱۱۴۲)

ما في " الفتاوى الهندية " : لا تقسم الكتب بين الورثة ، ولكن ينتفع بها كل واحد بالمهاياة ، ولو أراد واحد من الورثة أن يقسم بالأوراق ليس له ذلک أيضاً ، ولا يسمع هذا الكلام منه ، ولو كان كتاباً ذا مجلدات كثيرة كشرح المبسوط ، فإنه لا يقسم أيضاً ، ولا سبيل إلى القسمة في ذلک ...... ولو تراضيا أن تقوم الكتب ويأخذ كل واحد بعضها بالقيمة بالتراضي يجوز ، وإلا فلا . (۲۱۴/۵)

کاروبار کی دیکھ بھال کے لیے ملازم

مسئلہ (۳۸۳): اگر دو آدمی مل کر کاروبار کریں، اور پورے کاروبار کی دیکھ بھال ایک آدمی ہی کر رہا ہو، تو بتقاضائے مصلحتِ کاروبار اسے یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ سامانِ تجارت کی خرید وفروخت کے لیے کسی ملازم کو رکھ لے، اور اس کی اجرت مالِ شرکت میں سے ادا کرے، کیوں کہ ہر کام کی انجام دہی بذاتِ خود ناممکن ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : له أن يستأجر من يعمل في البضاعة بعوض ..... وجه الاستحسان : أن الشركة تنعقد على عادة التجار ، والتوكيل بالبيع والشراء من عاداتهم ، ولأنه من ضرورات التجارة ، لأن التاجر لا يمكنه مباشرة جميع التصرفات بنفسه بملك أن يؤكل غيره ، لأنه لا يملك جميع التصرفات .

(۷/ ۵۲۹ ، ۵۳۰ ، كتاب الشركة ، حكم شركة الأملاك)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإن كان استأجره لتجارتهما وأدى الأجر من خالص ماله يرجع على شريكه بنصفه ولو كانت الشركة بينهما في شيء خاص شركة ملك لم يرجع على صاحبه بشيء . كذا في المبسوط . (۲/ ۳۲۵ ، الفصل الثالث في تصرف شريكي العنان)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (ولكل من شريكي العنان والمفاوضة أن يبضع ويستأجر ويودع ويضارب ويوكل) بيان لما لكل منهما أن يفعله ..... وأما الاستيجار فلكونه معتادا بين التجار ، وأطلقه فشمل ما إذا استأجر رجلا ليتجر له أو لحفظ المال .

(۵/ ۲۹۷ ، كتاب الشركة ، الدر المختار مع الشامية : ۶/ ۳۸۲)

(شرکت ومضاربت عصر حاضر میں: ص/ ۲۰۸)

شریکین کا اپنی رقم سے الگ الگ تجارت کرنا

مسئلہ (۳۸۴): اگر دو شریک شرکتِ اموال کا معاملہ کریں، اور دونوں اپنے اپنے مال کو ایک دوسرے کے مال کے ساتھ نہ ملائیں، بلکہ الگ الگ اپنی رقم سے تجارت کرتے رہیں، اور فیصد کے اعتبار سے نفع بھی طے کرلیں، تو اب حاصل ہونے والے نفع میں دونوں شریک ہوں گے، کیوں کہ احناف کے نزدیک عقدِ شرکت کے صحیح ہونے کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ شرکاء اپنا سرمایہ آپس میں مخلوط کریں، بلکہ اگر ہر شریک کا سرمایہ اسی کے پاس رہے، تو بھی شرکت صحیح ہوجاتی ہے، اور حاصل ہونے والے نفع میں دونوں شریک ہوجاتے ہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : واختلاط الربح يوجد وإن اشترى كل واحد منهما بمال نفسه على حدة ، لأن الزيادة وهى الربح تحدث على الشركة . (۸۰/۵ ، كتاب الشركة ، شرائط)

ما في " فتاوى النوازل " : ولا يشترط خلط مالين خلافاً لزفر رحمه الله تعالى والشافعي رحمه الله تعالى . (ص/۲۱۶ ، كتاب الشركة)

ما في " الفقه الحنفى فى ثوبه الجديد " : وتجوز الشركة وإن لم يخلط المال ، وقال زفر والشافعي : لا تجوز .

(۲۲/۵ ، حكم خلط المال فى الشركة ، الفتاوى الخانية على هامش الهندية :۶۱۳/۳)

(مالی معاملات پرغرر کے اثرات:ص/۲۰۵)

کاروبار کے کسی ایک حصے میں دوسرے کوشریک کرنا

مسئلہ(۳۸۵): اگر کسی شخص کا کاروبار وسیع پیمانے پر ہے، جس کے مختلف حصے ہیں، مثلاً: جنرل اسٹور، میڈیکل اسٹور، کرانہ اسٹور وغیرہ، اور وہ ان میں سے کسی ایک حصہ میں کسی دوسرے آدمی کے ساتھ عقدِ شرکت کرنا چاہے، تو اس عقد میں کوئی قباحت نہیں ہے، کیوں کہ شریعت میں اس سلسلے میں کوئی ممانعت نہیں ہے، جس طرح پورے کاروبار میں کسی کو شریک کیا جا سکتا ہے، اسی طرح اس کے کسی ایک حصہ میں بھی شریک کیا جا سکتا ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وإن كثيرا من الخلطآء ليبغي بعضهم على بعض إلا الذين اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت وقليل ما هم﴾ . (سورة صٓ: ۲۴)

ما في " المبسوط للسرخسي " : الأصل في جواز الشركة ما روي أن سائب بن شريک جاء إلى رسول الله ﷺ فقال : أتعرفني ؟ فقال : صلوات الله عليه وسلامه عليه ، وكيف لا أعرفک وكنت شريكي وكنت خير شريک لا تداري ولا تماري أي لا تداجي ولا تخاصم ، وبعث رسول الله ﷺ والناس يفعلون ذلک فأقرهم عليه ، وقد تعامله الناس من بعد رسول الله ﷺ إلى يومنا هذا من غير نكير . (۱۱/۱۶۲)

ما في " فتاوى النوازل " : الشركة : هي جائزة لأن النبي ﷺ بعث والناس يتعاملون بها فقرره النبي ﷺ . (ص/۳۱۶)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : والمسلمون أجمعوا على جواز الشركة فى الجملة. (۵/۳۸۷۷)

(شرکت ومضاربت عصر حاضر میں :ص/۲۹۱)

شرکت میں کسی نئے شریک کا سرمایہ

مسئلہ (۳۸۶): اگر دورانِ شرکت شرکاء میں سے کوئی شریک، اپنے شرکاء کی رضامندی کے بغیر، کسی نئے شریک وفریق سے مزید سرمایہ کاروبار میں لگانے کے لیے حاصل کرے، تو اس کا یہ اقدام شرعاً درست نہیں ہے۔ (۱)

ورکشاپ یا ہسپتال میں شرکت

مسئلہ (۳۸۷): اگر کچھ افراد مل کر گاڑیوں کا ورکشاپ یا ہسپتال قائم کرلیں، پھر حاصل نفع کی تقسیم کے لیے جو تناسب بھی مقرر کریں، جائز ودرست ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " شرح المجلة " : ولكن ليس له أن يخلط مال الشركة بماله ولا أن يعقد شركة مع آخر بدون إذن شريكه ، فإن فعل وضاع مال الشركة كان ضامناً حصة شريكه .

(ص/۷۳۴ ، الفصل السادس ، تحت مادة : ۱۳۷۹)

ما في " بدائع الصنائع " : وليس له أن يشارک إلا أن يؤذن له بذلک لأن الشيء لا يستتبع مثله . (۹۲/۵ ، كتاب الشركة ، ط : ديوبند) (شرکت ومضاربت عصر حاضر میں: ص/۹۲۸۹)

الحجة على ما قلنا:

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : فهو أن يشترک اثنان في رأس مال فيقولان : اشتركنا فيه على أن نشتری ونبيع معا أو شتى أو أطلقا على أن ما رزق الله عزّ وجلّ من ربح فهو بيننا على شرط كذا ، أو يقول أحدهما ذلک ويقول الآخر نعم . (۷۳/۵ ، كتاب الشركة)

ما في " البحر الرائق " : ولهذا لو دفع ألفاً إلى رجل وقال : اخرج مثلها واشتر وما كان من ربح فهو بيننا وقبل الآخر وأخذها وفعل انعقدت الشركة . (۲۸۲/۵، كتاب الشركة ، تبيين الحقائق : ۲۳۵/۴، كتاب الشركة ، الفتاوى الهندية : ۳۰۲/۲ ، كتاب الشركة ، الباب الأول ، قبيل الثاني)

مشترکہ ہوٹل میں کسی شریک کا اپنے دوستوں کو کھلانا

مسئلہ (۳۸۸): کچھ لوگ مشترکہ طور پر ہوٹل چلاتے ہیں، اوران میں سے کسی ایک شریک کے دوست وغیرہ آکر اسی ہوٹل میں چائے ناشتہ وغیرہ بھی کرتے ہیں، اوروہ شخص (جس کے یہ دوست ہیں) ان سے قیمت نہیں لیتا ہے، اور دوسرے شریک بھی تعلق کی بنا پر کچھ نہیں بولتے، اس کو برداشت کرلیتے ہیں، تو یہ ان کا اس شریک پر احسان ہے، یہ شخص اس احسان کے عوض بے ضابطہ کچھ رقم حسبِ صواب دیدیا کرے، تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿هل جزآء الإحسان إلا الإحسان﴾ . [سورة رحمٰن : ۶۰]

﴿وأحسن كمآ أحسن الله إليک﴾ . (سورة القصص : ۷۷)

ما في " السنن للنسائي " : عن عبد الله بن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من استعاذ بالله فأعيذوه ، ومن سالكم بالله فأعطوه ، ومن استجار بالله فأجيروه ، ومن أتى إليكم معروفاً فكافئوه ، فإن لم تجدوا فادعوا له ، حتى تعلموا أن قد كافأتموه " . (۱/۲۷۶ ، باب من سأل بالله عزّ وجلّ ، سنن أبي داود : ص/۲۳۵ ، باب عطية من سأل بالله عزّ وجلّ)

ما في " عون المعبود " : (ومن صنع إليكم معروفاً) أي أحسن إليكم إحساناً قولياً أو فعلياً (فكافئوه) من المكافاة أي أحسنوا إليه مثل ما أحسن إليكم .

(۵/۵۴ ، باب عطية من سال بالله عزوجل)

(فتاوی محمودیہ:۱۴/۱۹۵، کتاب الشرکۃ والمضاربۃ)

شریک کا انتقال ہوجائے

مسئلہ (۳۸۹): شرکت کے دوران جب کسی ایک شریک کا انتقال ہوجائے، تو شرکت خود بخود ختم ہوجاتی ہے، اور دوسرا شریک فوت شدہ شخص کے مال میں تصرف کرنے کا مجاز نہیں ہوتا(۱) ، ہاں !اگر دو سے زائد شریک ہوں، تو مرنے والے کے حصہ کو الگ کرکے دیگر شرکاء اپنی تجارت آگے بڑھا سکتے ہیں۔(۲)

شریک پاگل ہوجائے

مسئلہ (۳۹۰): شرکاء میں سے کوئی شریک پاگل ہوگیا، یا ایسا دائمی مریض بن گیا، جس میں اس کی عقل جاتی رہی، تو اگر دو شریک ہوں تو عقد شرکت ختم ہوجائے گا، اور اگر دو سے زائد شریک ہوں، تو صرف اس شریک کی شرکت فسخ ہوگی جو پاگل یا دائمی مریض ہوا، اور باقی شرکاء اپنی شرکت جاری رکھ سکتے ہیں۔(۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وتبطل الشركة) أي شركة بموت أحدهما علم الآخر أو لا لأنه عزل حكمي . (۳۹۴/۶ ، تبيين الحقائق :۲۵۶/۴، فصل في الشركة الفاسدة ، الفتاوى الهندية : ۳۳۵/۲ ، الباب الخامس فى الشركة الفاسدة)

(۲) ما في " رد المحتار " : فلو كانوا ثلاثة فمات أحدهم حتى انفسخت في حقه لا تنفسخ فى حق الباقين . (۳۹۴/۶ ، الفتاوى الهندية : ۳۳۵/۲) (فتاوی حقانیہ:۳۲۴/۶،محمود الفتاوی:۳۴۹/۲)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وتبطل الشركة أي شركة العقد بموت أحدهما علم الآخر أو لا لأنه عزل حكمي ولو حكماً ..... وبجنونه مطبقاً . (در مختار) . وفي الشامية : فلو كانوا ثلاثة فمات أحدهم حتى انفسخت في حقه لا تنفسخ في حق الباقين . (۳۹۴/۶،=

نقد اور جامد اثاثے میں شرکت

مسئلہ (۳۹۱): موجودہ زمانہ میں تجارتی فرمیں ایک مشترک تجارتی ادارہ بنا کر کاروبار کر رہی ہیں، جس میں بعض شرکاء کا سرمایہ نقد اور بعض کا جامد ہوتا ہے، تو اگر کوئی شریک مشارکہ میں غیر نقد اشیاء کو شامل کر کے حصہ لینا چاہتا ہے، تو امام مالک رحمہ اللہ کے مذہب کے مطابق وہ بغیر کسی رکاوٹ کے ایسا کر سکتا ہے، اور مشارکہ میں اس کے حصے کی تعیین مشارکہ وجود میں آنے کی تاریخ کو ان اشیاء کی مروجہ بازاری قیمت کی بنیاد پر کی جائے گی۔

امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ایسا صرف اس صورت میں کیا جا سکتا ہے، جب کہ وہ غیر نقد چیز ذوات الامثال میں سے ہو۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب کے مطابق اگر وہ چیز ذوات الامثال میں سے ہے، تو ایسا صرف اس صورت میں کیا جا سکتا ہے، جب کہ تمام شرکاء کی اشیاء آپس میں خلط ملط کر لی جائیں، اور اگر وہ غیر نقد اشیاء ذوات القیم میں سے ہوں، تو وہ شراکت میں شامل سرمایہ کا حصہ نہیں بن سکتیں۔ (۱)

بظاہر امام مالک رحمہ اللہ کا نقطۂ نظر زیادہ سہل اور معقول معلوم ہوتا ہے، اور یہ جدید

=کتاب الشرکة ، مطلب یرجح القیاس ، الفتاوی الهندیة : ۲/۳۳۵)

ما في " درر الحکام شرح مجلة الأحکام " : إذا توفي أحد الشریکین أو جن جنوناً مطبقاً تنفسخ الشرکة ، أما في صورة کون الشرکاء ثلاثة أو أکثر فیکون انفساخ الشرکة في حق المیت أو المجنون فقط وتبقی الشرکة في حق الآخرین . (۳/۳۶۷ ، المادة : ۱۳۵۲)

ما في " الدر المنتقی " : وبجنونه مطبقاً . زاد القهستاني ؛ وبالحجر علیه ولو مات أحد ثلاثة لم تنفسخ في حق الباقین . (۲/۵۲۵ ، کتاب الشرکة) (شرکت ومضاربت عصر حاضر میں: ص/ ۲۲۵)=

کاروبار کی ضرورتوں کو پورا کرتا ہے، اس لیے اس پر عمل کیا جاسکتا ہے (۲)، جیسا کہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے بھی ''امداد الفتاویٰ'' میں یہ تحریر فرمایا ہے۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في '' بدائع الصنائع '' : أما الشركة بالأموال فلها شروط : فلا تصح الشركة في العروض . (۵/۷۷)

ما في '' المغني '' : فأما العروض فلا تجوز الشركة فيها في ظاهر المذهب نص عليه أحمد في رواية أبي طالب وحرب وحكاه عنه ابن المنذر . (۵/۱۲۴)

ما في '' بدائع الصنائع '' : وقال مالک رحمة الله تعالى عليه : هذا ليس بشرط وتصح الشركة بالعروض . (۵/۷۷)

ما في '' المغني '' : وعند أحمد رواية أخرى : أن الشركة والمضاربة تجوز بالعروض ، وتجعل قيمتها وقت العقد رأس المال . (۵/۱۲۵)

ما في '' المغني '' : وقال الشافعي : إن كانت العروض من ذوات الأمثال كالحبوب والادهان جازت الشركة بها في أحد الوجهين لأنها من ذوات الأمثال ، اشبهت النقود ويرجع عند المفاصلة بمثلها وإن لم تكن من ذوات الأمثال لم يجز وجهاً واحداً لأنه لا يمكن الرجوع بمثلها . (۵/۱۲۵)

(۲) (اسلام اور جدید معاشی مسائل: ۵/ ۳۷،سرمایہ کی نوعیت)

(۳) ما في '' امداد الفتاوى '' : ''بظاہر اس عقد کی حقیقت شرکت عنان ہے، کیوں کہ جو لوگ کمپنی قائم کرتے ہیں، وہ دوسروں کو شریک کرنے کے وقت خود کو بھی کمپنی کا ایک حصہ دار قرار دیتے اور اپنی عمارات مملوکہ متعلقہ کمپنی اور جملہ سامان ومالِ تجارت کو نقد کی طرف محمول کر لیتے ہیں، مثلاً ان لوگوں نے دس ہزار روپیہ کمپنی قائم کرنے کے لیے عمارات وسامان وغیرہ میں لگایا، تو وہ اپنے کو کمپنی کے سو حصوں کا حصہ دار ظاہر کریں گے، البتہ اس صورت میں کمپنی قائم کرنے والوں کی طرف سے شرکت بالنققہ نہ ہوگی، بلکہ بالعروض ہوگی، سو بعض ائمہ کے نزدیک یہ صورت جائز ہے۔'' فيجوز الشركة والمضاربة بالعروض بجعل قيمتها وقت العقد رأس المال عند أحمد في رواية وهو قول مالک وابن أبي ليلى كما ذكره الموفق في المغني '' . (۵/۱۲۵)

پس ابتلائے عام کی وجہ سے اس مسئلہ میں دیگر ائمہ کے قول پر فتویٰ دے کر شرکتِ مذکورہ کے جواز کا فتویٰ دیا جاتا ہے۔'' (۳/۴۹۴،۴۹۵)

عقد شرکت میں منافع کی تقسیم

مسئلہ (۳۹۲): دوافراد نے بطورِ شرکتِ عنان کے کوئی کاروبار شروع کیا، اور بوقتِ عقدِ شرکت یہ طے کیا کہ کام دونوں کریں گے، اور حاصل شدہ منافع میں سے ایک تہائی ایک شریک، اور دوتہائی دوسرے شریک کو ملے گا، تو یہ صورت جائز ہے، کیوں کہ اس طرح تقسیمِ منافع کی شرط لگانے سے افضاء الی النزاع (شریکوں کے مابین جھگڑے) کا اندیشہ نہیں رہتا ہے، البتہ کاروبار میں نقصان کی صورت میں دونوں اپنے مال کے تناسب سے نقصان میں شریک ہوں گے۔[1]

عقد شرکت میں تقسیمِ نفع کے وقت خاموشی

مسئلہ (۳۹۳): عقدِ شرکت میں شرکاء تقسیمِ نفع کے متعلق خاموشی اختیار کریں، نفع کے تناسب کا تذکرہ نہ کریں، تو اس صورت میں شرکاء کے مابین منافع رأس المال کے مطابق تقسیم ہوں گے، اگر رأس المال تمام شرکاء کا برابر ہو، تو نفع بھی برابر ہوگا، ورنہ رأس المال کی کمی بیشی کی صورت میں نفع بھی کم وبیش ہوگا۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : إذا شرطا الربح على قدر المالين ؛ متساويا أو متفاضلا ، فلا شک أنه يجوز ويكون الربح بينهما على الشرط ، سواء شرطا العمل عليهما أو على أحدهما ، والوضيعة على قدر المالين متساويا ومتفاضلا ؛ لأن الوضيعة اسم لجزء هالک من المال فيتقدر بقدر المال . (۷/۷ ۱ ۵، کتاب الشركة ، فصل في شروط جواز هذه الأنواع ، بيروت) (قاموس الفقہ :۴/۱۹۱)

الحجة على ما قلنا : =

عقدِ شرکت میں نقصان

مسئلہ (۳۹۴): عقدِ شرکت میں اگر نقصان واقع ہو، تو ہر شریک اپنے مال کے تناسب سے نقصان کا ذمہ دار ہوگا۔ (۱)

=(۲) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : توزيع الربح : وأما الربح فيكون على قدر رأس المال متساوياً أو متفاضلاً ، فإن كان رأس المال متساوياً بينهما (أي مناصفة) يكون الربح بينهما متساوياً ، سواء شرط العمل عليهما أو على أحدهما ، لأن استحقاق الربح عند الحنفية إما بالمال أو بالعمل أو بالتزام الضمان ، وقد وجد التساوي في رأس المال ، فينبغي التساوي في الربح . (۵/ ۳۹۰۱ ، المطلب الثالث ؛ أحكام شركة العقود)

ما في " رد المحتار " : قال العلامة ابن عابدين الشامي رحمه الله : فما كان من ربح فهو بينهما على قدر رؤوس أموالهما . (۶/ ۴۷۵ ، كتاب الشركة ، بيروت)

ما في " البحر الرائق " : (وإن شرطا مناصفة المشتري أو مثالثته فالربح كذلک وبطل شرط الفضل) بيان لما فارقت فيه وجوه العنان ، وهي أن الربح فيها على قدر الملک في المشترَى بفتح الراء ، بخلاف العنان فإن التفاضل في الربح فيها مع التساوى فى المال صحيح ، وهذا لأن الربح لا يستحق إلا بالمال أو بالعمل أو بالضمان . (۵/ ۳۰۵) (فتاوی حقانیہ:۶/ ۳۲۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " كنز العمال " : عن علي في المضاربة ، والشريكين : الوضيعة على المال والربح على ما اصطلحوا عليه . (۱۵/ ۷۴ ، الرقم : ۴۰۴۷۵ ، بيروت)

ما في " بدائع الصنائع " : والوضيعة على قدر المالين متساوياً ومتفاضلاً ، لأن الوضيعة اسم لجزء هالک من المال فيتقدر بقدر المال . (۵/ ۸۳ ، كتاب الشركة)

ما في " المهذب للشيرازي " : ويقسم الربح والخسران على قدر المالين .

(۲/ ۱۵۸ ، كتاب الشركة)

(شرکت ومضاربت عصر حاضر میں :ص/ ۲۱۶)

شریک کو نفع سے محروم کرنا

مسئلہ (۳۹۵): اگر کوئی ادارہ یا شرکاء اپنے کسی شریک سے یہ کہے کہ: اگر نفع دس لاکھ ہوا تو ساٹھ فیصد ہمارا چالیس فیصد تمہارا، اور اگر دس لاکھ سے زیادہ نفع ملے تو تم کو اس میں سے کچھ نہیں ملے گا، شرعاً یہ معاملہ جائز نہیں، کیوں کہ اس میں اگرچہ مکمل طور پر ایک فریق نفع سے محروم نہیں ہوتا، لیکن نفع کی ایک حد کے بعد اسے محروم کردیا جاتا ہے، گویا نفع کی ایک حد کے بعد نفع میں شرکت کی حقیقت ختم ہوجاتی ہے، لہٰذا جزوی طور پر شرکت کی حقیقت اٹھ جانے کی وجہ سے عدمِ جواز کا حکم لگایا جائے گا۔[1]

قرض یا غائب مال میں شرکت

مسئلہ (۳۹۶): اگر کچھ افراد مل کر شرکت کا معاملہ اس طرح کریں کہ ہر شخص اتنا اتنا سرمایہ لگائے گا، مگر کچھ لوگوں کا سرمایہ بطورِ قرض ہے، یا بطورِ مالِ غائب کے ہے، تو شرعاً یہ معاملہ درست نہیں ہے، اس لیے کہ بوقتِ شرکت، شرکت کے معاملہ کا سرمایہ متعین وموجود ہونا ضروری ہے، قرض اور غیر موجود مال میں شرکت درست نہیں۔ البتہ اگر معاملہ کے وقت سرمایہ موجود نہ ہو، لیکن معاملہ طے ہوجانے کے بعد تجارت شروع کرنے سے پہلے سرمایہ حاضر کردیا جائے، تو یہ بھی شرکت کے جواز کے لیے کافی ہے۔[2]

---

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامیة " : شرعاً : عبارة عن عقد بین المتشارکین في الأصل والربح . (۶/۳۶۳ ، کتاب الشرکة ، مجمع الأنهر: ۲/۵۴۲ ، کتاب الشرکة ، الجوهرة النیّرة : ۱/۶۱۶ ، کتاب الشرکة) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۲۰۰)=

شریک کو اپنا حصہ ہبہ کر دینا

مسئلہ (۳۹۷): اگر مالِ مشترک اُن اشیاء میں سے ہو، جن کا تقسیم کیا جانا ممکن نہیں ہے، اور ایک شریک اپنا حصہ دوسرے شریک کو ہبہ کرنا چاہے، تو کر سکتا ہے، جائز ہے، کیوں کہ اس طرح کے مالِ مشترک میں ہبۂ مشاع جائز ہے، لیکن اگر مالِ مشترک اُن اشیاء میں سے ہو، جن کا تقسیم کیا جانا ممکن ہو، تو قبل از تقسیم اس کا ہبہ کرنا جائز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : أن يكون رأس مال الشركة عيناً حاضرة إما عند العقد أو عند الشراء ، وهو رأي جمهور الفقهاء ، فلا يجوز أن يكون رأس المال دينا ولا مالاً غائباً ، لأن المقصود من الشركة الربح ، وهو يتم بواسطة التصرف ، والتصرف لا يمكن في الدين ولا في المال الغائب . (۵/ ۳۸۹۰ ، ثانياً ؛ الشروط الخاصة بعقود شركات الأموال ، بدائع الصنائع :۵/ ۷۹ ، كتاب الشركة)

ما في " فتاوى قاضي خان " : أما شركة المال عنان ومفاوضة وشرط جوازهما أن يكون رأس مالهما من الأثمان من الدراهم والدنانير وأن يكون رأس المال حاضراً في المجلس أو غائباً يحضره عند الشراء لا يصلح أن يكون رأس المال دينا . (۴/ ۴۹۰ ، كتاب الشركة) (قاموس الفقہ :۴/ ۱۸۸، ۱۸۹، شرکت ومضاربت عصر حاضر میں :ص/ ۱۹۹، مالی معاملات پر غرر کے اثرات :ص/ ۱۸۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الخانية على هامش الهندية " : أحد الشريكين إذا قال لشريكه : وهبت لک حقي من الربح ، قالوا : إن كان المال قائماً لا تصح لأنها هبة المشاع فيما يقسم وإن كان الشريک استهلک المال صحت الهبة لأنها صارت ديناً بالاستهلاک ، والدين لا يقسم ، فيكون هذا هبة المشاع فيما لا يقسم فتصح .... رجل وهب نصيبه مما يقسم كالدار والأرض والمكيل والموزون من غير شريكه لا يجوز عند الكل ، وإن وهب من شريكه لا يجوز عندنا .... وفيما لا يقسم كالعبد والدّابّة والثوب والحمام يجوز هبة المشاع من الشريک وغيره في قولهم . (۳/ ۲۶۶، ۲۶۷ ، كتاب الهبة ، فصل فيما =

مخلوط مالِ شرکت ہلاک ہوجائے

مسئلہ (۳۹۸): دوشریکوں نے اپنا اپنا مال اس طرح مخلوط کردیا کہ اب وہ قابلِ امتیاز نہ رہا، اور پھر اس مال کے عوض خریداری سے پہلے کچھ مال ہلاک ہوجائے، تو نقصان دونوں کے مال کی طرف لوٹے گا، نہ کہ کسی ایک کے مال کی طرف۔ (۱)

=یکون هبة من الألفاظ وما لا یکون وفصل في هبة المشاع)

ما في " تبیین الحقائق " : وقوله في محوز مقسوم ومشاع لا یقسم ، لا فیما یقسم أي تجوز الهبة في محوز مقسوم وفي مشاع لا یقسم ، ولا تجوز فی مشاع یقسم ..... وقال شیخ الإسلام علاء الدین الإسبیجابي في شرح الکافي : ..... وکذا إن وهب له نصیباً ففي بیت کبیر لم یجز لأن البیت یقسم ، وکل شيء یقسم لا یجوز ، وهذا عندنا خلافاً للشافعي .

(۶/۵۲ ، کتاب الهبة)

ما في " بدائع الصنائع " : ومنها : أن یکون محوزاً، فلا تجوز هبة المشاع فیما یقسم ، وتجوز فیما لا یقسم کالعبد والحمام والدن ونحوها ، وهذا عندنا ، وعند الشافعي لیس بشرط ، وتجوز هبة المشاع فیما یقسم وفیما لا یقسم عنده . (۸/۹۶، ۹۷، کتاب الهبة ، فصل في شرائطها) (فتاوی حقانیہ:۶/۳۷۴،۳۷۵)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامیة " : (وتبطل) الشرکة (بهلاک المالین أو أحدهما قبل الشراء) والهلاک علی مالکه قبل الخلط وعلیهما بعده . (وإن اشتری أحدهما بماله وهلک) بعده (مال الآخر) قبل أن یشتري به شیئاً . [در مختار] . وفي الشامیة : قوله : (وإن اشتری أحدهما) بیان لمفهوم تقیید الهلاک بما قبل الشراء .

(۶/۳۸۰ ، کتاب الشرکة ، مطلب فیما یبطل الشرکة)

ما في " البحر الرائق " : وأیهما هلک هلک من مال صاحبه ، إن هلک فی یده فظاهر ، وکذا إذا کان في ید الآخر لأنه أمانة في یده بخلاف ما بعد الخلط حیث یهلک علی الشرکة لأنه لا یتمیز فیجعل الهلاک من المالین . (۵/۲۹۵ ، کتاب الشرکة ، الفقه الإسلامي=

شرکت کوختم کر دینا

مسئلہ (۳۹۹): شرکاء میں سے ہر کسی کو، ہر وقت یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ دوسرے شرکاء کی اجازت اور مشورہ کے بغیر جب چاہے اپنی شرکت کو ختم کردے۔(۱)

=وأدلته :۵/۳۹۱۷ ، الفصل الخامس ؛ الشركات ، وأما المبطلات التي تخص بعض الشركات دون بعض . الخ)

(آپ کے مسائل اوران کاحل:۶/۹۱،قدیم،اسلام کا قانونِ تجارت قرآن،حدیث وفقہ کی روشنی میں:ص/۲۰۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وفي " البحر " عن " البزازية " : اشتركا واشتريا أمتعة ثم قال أحدهما : لا أعمل معك بالشركة وغاب فباع الحاضر الأمتعة فالحاصل للبائع وعليه قيمة المتاع ، لأن قوله : لا أعمل معك فسخ للشركة معه ، وأحدهما يملك فسخها ، وإن كان المال عروضاً ، بخلاف المضاربة هو المختار . (۶/۳۹۵ ، كتاب الشركة ، فصل فی الشركة الفاسدة ، الفتاوى الهندية : ۲/۳۳۶ ، الباب الخامس في الشركة الفاسدة)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : يرى جمهور الفقهاء أن عقد الشركة عقد جائز غير لازم ، فيجوز لكل شريک أن يفسخ العقد ، إلا أن من شروط جواز الفسخ ، أن يكون بعلم الشريک الآخر ، لأن الفسخ من غير علم الشريک إضرار به . (۵/۳۹۱۴ ، الفصل الخامس ؛ الشركات ، المطلب الرابع ؛ صفة عقد الشركة ويد الشريک ، بدائع الصنائع : ۷/۵۴۵ ، كتاب الشركة ، فصل في صفة عقد الشركة ، البحر الرائق :۵/۳۰۹ ، كتاب الشركة ، فتح القدير : ۶/۱۸۱ ، كتاب الشركة ، فصل في الشركة الفاسدة)

(احسن الفتاوی:۶/۳۹۹،فتاوی حقانیہ:۶/۳۳۵)

مشترکہ تجارت میں منافع کا مالک کون؟

مسئلہ (۴۰۰): بیٹا باپ کے کاروبار میں شریک رہے، تو اس کاروبار سے حاصل ہونے والا پورا نفع باپ کی ملکیت شمار ہوگا، کیوں بیٹے کی حیثیت معین ومددگار کی ہے، لہٰذا باپ اپنی زندگی میں اس مال میں جیسا چاہے تصرف کرسکتا ہے۔ تاہم رأس المال دونوں کا مشترک ہو، اور تقسیم منافع پر معاہدہ بھی ہوا ہو، تو پھر منافع حسبِ معاہدہ تقسیم ہوں گے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : الأب وابنه يكتسبان في صنعةٍ واحدةٍ ولم يكن لهما شيء فالكسب كله للأب إن كان الإبن في عياله لكونه معيناً له ، ألا ترى لو غرس شجرةً تكون للأب . (۳۹۲/۶ ، دار الكتاب ديوبند)

ما في " الفتاوى الهندية " : أب وابن يكتسبان في صنعةٍ واحدةٍ ولم يكن لهما مال فالكسب كله للأب إذا كان الإبن في عيال الأب لكونه معيناً ألا ترى أنه لو غرس شجرةً تكون للأب ، وكذا الحكم فى الزوجين إذا لم يكن لهما شيء ثم اجتمع بسعيهما أموال كثيرة فهي للزوج، وتكون المرأة معينة له إلا إذا كان لها كسب على حدة فهو لها . (۳۲۹/۲)

(فتاوی حقانیہ:۳۳۶/۶)

شیئرز میں ڈیفرینس برابر کرنا

مسئلہ (۴۰۱): شیئرز کی ایسی بیع وشراء کہ جس میں صرف فرق (Difference) برابر کرنا مقصود ہو، شیئرز لینا دینا مقصود نہ ہو، جیسا کہ آج کل اسٹاک ایکسچینج کمپنی میں ایک بہت بڑا کاروبار اسی قسم کا ہوتا ہے، اس میں شیئرز لینا دینا مقصود نہیں ہوتا ہے، اور نہ ہی شیئرز پر قبضہ ہوتا ہے، اور نہ قبضہ پیش نظر ہوتا ہے، بلکہ آخر میں جا کر آپس کا فرق (Difference) برابر کرلیا جاتا ہے، مثلاً یکم جنوری کو، ۳۰ مارچ کی تاریخ کے لیے غائب سودا کیا گیا، اور فی شیئرز دس روپئے قیمت مقرر ہوئی، لیکن جب ۳۰ مارچ کی تاریخ آئی، تو شیئرز کی قیمت بڑھ کر بارہ روپئے ہوگئی، اب بائع خریدار کو شیئرز دینے کے بجائے دو روپئے فی شیئرز ادا کرتا ہے، یا اگر قیمت گھٹ کر آٹھ روپئے رہ گئی، تو خریدار بجائے اس کے کہ بائع کو دس روپئے دے کر اس سے شیئرز وصول کرے، اسے فی شیئرز دو روپئے دیتا ہے، اس طرح سے بائع اور خریدار آپس کے فرق کو برابر کر لیتے ہیں، یہ قمار وسٹہ ہے، جو حرام ہے، شریعت میں اس کی اجازت نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يٰأيها الذين اٰمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجسٌ من عمل الشيطٰن فاجتنبوه لعلكم تفلحون﴾ . (سورة المائدة : ۹۰)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وقال قوم من أهل العلم : " القمار كله من الميسر " . وأصله من تيسير أمر الجزور بالاجتماع على القمار فيه ، وهو السهام التي يُجيلونها ، فمن خرج سهمه استحق منه ما توجبه علامة السهم ، فربما أخفق بعضهم حتى لا يحظى بشيء وينجح البعض فيحظى بالسهم الوافر ، وحقيقته تمليك المال على المخاطرة ، وهو أصل في بطلان عقود التمليكات الواقعة على الأخطار . (۵۸۲/۲، باب تحريم الخمر)=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=ما في " سنن أبي داود " : عن عبد اللّٰہ بن عمرو : " أن نبي اللّٰہ ﷺ نهى عن الخمر والميسر والكوبة والغبيراء " . (ص/۵۱۹ ، كتاب الأشربة ، باب ما جاء في السّكر)

ما في " مسند أحمد بن حنبل " : عن عبد اللّٰہ بن عمرو قال : قال رسول اللّٰہ ﷺ : " إن اللّٰہ حرم على أمتي الخمر والميسر " . (۱۱۸/۲ ، رقم الحديث : ۶۵۴۷)

ما في " رد المحتار " : القمار من القمر الذي يزداد تارة وينقص أخرى ، وسمي القمار قماراً لأن كل واحد من المقامرين ممن يجوز أن يذهب ماله إلى صاحبه ، ويجوز أن يستفيد مال صاحبه ، وهو حرام بالنص . (۴۹۲/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قال ابن حجر المكي : الميسر : القمار بأي نوع كان ، وقال المحلي : صورة القمار المحرم التردد بين أن يغنم وأن يغرم . (۴۰۴/۳۹ ، ميسر)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : القمار لا يجوز ، لأنه تعليق المال بالخطر ، قال : وإن شرط من الجانبين فهو قمارٌ ، وإنه حرام . (۲۱۱/۴ ، كتاب الكراهية ، أحكام السباق)

(اسلام اور جدید معیشت وتجارت: ص/۹۱-۷۴)

کتاب المضاربة

☆......مضاربت کے مسائل......☆

مضاربت اور اس کا شرعی حکم

مسئلہ (۴۰۲): شریعت کی اصطلاح میں مضاربت دو فریقوں کے درمیان ہونے والے اس معاہدے کو کہتے ہیں کہ جس میں ایک فریق سرمایہ کی فراہمی اپنے ذمہ لیتا ہے، اور دوسرا فریق اپنی محنت پیش کرتا ہے، اور نفع میں دونوں طے شدہ نسبت کے مطابق شریک ہوتے ہیں، جو فریق سرمایہ فراہم کرتا ہے اسے رب المال کہتے ہیں، اور کام کرنے والے فریق کو عامل/ مضارب کہا جاتا ہے [۱]، اور وہ مال جو سرمایہ کاری میں لگایا جاتا ہے اسے رأس المال اور سرمایہ کہا جاتا ہے [۲]، قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ مضاربت کا عقد جائز نہ ہو، کیوں کہ یہ مجہول بلکہ معدوم اجرت پر مجہول عمل کا اجارہ ہے، لیکن کتاب اللہ، سنت رسول اللہ ﷺ اور اجماع کی وجہ سے قیاس کو ترک کر دیا گیا [۳]، لہٰذا عقد مضاربت، کتاب وسنت اور اجماع کے موافق ہونے کی وجہ سے جائز اور بابرکت معاملہ ہے۔ [۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : تعريف المضاربة : هي أن يدفع المالك إلى العامل مالاً ليتجر فيه ، ويكون الربح مشتركاً بينهما بحسب ما شرطا ، وأما الخسارة فهي على رب المال وحده ، ولا يتحمل العامل المضارب من الخسران شيئاً ، وإنما هو يخسر عمله =

....

....

....

=وجهده ، وعرفها صاحب الكنز بقوله : هي شركة بمال من جانب ، وعمل من جانب ، .... والسبب فى اشتراک العاقدين فى الربح هو أن رب المال يستحق الربح بسبب ماله لأنه نماء ماله ، والمضارب يستحقه باعتبار عمله الذي هو سبب وجود الربح .

(۳۹۲۴/۵ ، المطلب الأول ، تعريف المضاربة)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : رأس المال فى اللغة : أصل المال بلا ربح ولا زيادة ، وهو جملة المال التي تستثمر فى عمل ما . وفى الاصطلاح : لا يخرج عن المعنى اللغوي .

(۲۲/٦ ، رأس المال)

(۳) ما في " بدائع الصنائع " : فالقياس أنه لا يجوز لأنه استيجار بأجر مجهول بل بأجر محروم ولعمل مجهول لكنا تركنا القياس بالكتاب العزيز والسنة والإجماع .

(۱۰۸/۵ ، كتاب المضاربة)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وآخرون يضربون في الأرض يبتغون من فضل اللّٰه﴾ .

(سورة المزّمّل : ۲۰)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن ابن عباس قال : " كان العباس بن عبد المطلب إذا دفع مالاً مضاربة اشترط على صاحبه أن لا يسلک به بحرا ولا ينزل به وادياً ولا يشتري به ذات كبر رطبة ، فإن فعل فهو ضامن فرفع شرطه إلى رسول اللّٰه ﷺ فأجازه " .

(۱۸۴/٦ ، كتاب القراض)

ما في " بدائع الصنائع " : فإنه روي عن جماعة من الصحابة رضي اللّٰه تعالى عنهم أنهم دفعوا مال اليتيم مضاربة ، منهم سيدنا عمر وسيدنا عثمان وسيدنا علي وعبد اللّٰه بن مسعود وعبد اللّٰه بن عمر وعبيد اللّٰه بن عمرو وسيدتنا عائشة رضي اللّٰه تعالى عنهم ، ولم ينقل أنه أنكر عليهم من أقرانهم أحد ، ومثله يكون إجماعاً . (۱۰۹/۵ ، كتاب المضاربة)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/ ۲۰۷-۲۰۹)

صورتِ مضاربت

مسئلہ (۴۰۳): ایک شخص کسی دوسرے کو ۵۰/ ہزار روپئے دے کر یہ کہے کہ: تم اس مال سے تجارت کرو، جتنا نفع ملے گا، اس میں سے ۶۰/ فیصد میرا ہوگا، اور بقیہ چالیس فیصد تمہارا، تو شرعاً اس عقد پر مضاربت کی تعریف صادق آرہی ہے، لہٰذا یہ صورت صحیح ودرست ہے۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : المضاربة : هي أن يدفع المالک الی العامل مالا ليتجر فيه ، ويکون الرابع مشترکاً بينهما بحسب ما شرطا اتفق أئمة المذاهب علی جواز المضاربة بأدلة من القرآن والسنة والإجماع والقياس ، إلا أنها مستثناة من الغرر والإجارة المجهولة .
(۳۹۲۴/۵، ۳۹۲۵)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء علی مشروعية المضاربة وجوازها وذلک علی وجه الرخصة أو الاستحسان فالقياس أنها لا يجوز .
(۳۵/۳۸ – ۳۷ ، بدائع الصنائع : ۱۰۸/۵ ، ۱۰۹)

ما في " المبسوط للسرخسی " : الأصل فی جواز الشرکة ما روی أن السائب بن شريک جاء إلی رسول الله ﷺ فقال : أتعرفني ؟ فقال صلوات الله وسلامه عليه : وکيف لا أعرفک وکنت شريکی وکنت خير شريک لا تداری ولا تماری ، .... والناس يفعلون ذلک فأقرهم عليه ، وقد تعامله الناس من بعد رسول الله ﷺ إلی يومنا هذا من غير نکير منکر . (۱۶۲/۱۱ ، کتاب الشرکة)

عقدِ مضاربت میں نفع کی تعیین

مسئلہ (۴۰۴): عقدِ مضاربت کرتے وقت اگر مضارب اور رب المال کے مابین مقدارِ نفع کی تعیین نہ ہوئی ہو، تو دونوں حاصل شدہ منافع سے آدھا آدھا وصول کریں گے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : لو قال رب المال المضارب على أن ما رزق الله تعالى من الربح بيننا جاز ويكون الربح بينهما على السواء . كذا في فتاوى قاضي خان . ولو دفع إليه ألف درهم مضاربة على أنهما شريكان فى الربح ولم يبين مقدار ذلک فالمضاربة جائزة لأن مطلق الشركة يقتضي المساواة ..... والربح بينهما نصفان . (۲۸۸/۴ ، كتاب المضاربة ، الباب الثاني فيما يجوز من المضاربة من غير تسمية الربح فيها)

ما في " بدائع الصنائع " : ولو قال رب المال : على أن ما رزق الله عز وجل فهو بيننا جاز وكان الربح نصفين ، لأن البين كلمة قسمة ، والقسمة تقتضي المساواة إذا لم يبين فيها مقدار معلوم ، قال الله عز وشانه : ﴿ونبّئهم أن المآء قسمة بينهم﴾ .

(۱۱۱/۵ ، كتاب المضاربة ، دار الكتب العلمية ، بيروت)

ما في " شرح المجلة " : لكن إذا عبر بالشركة على الإطلاق كقوله والربح مشترک بيننا صرف إلى المساواة فيقسم الربح مناصفة بين رب المال والمضارب .

(ص/۷۴۷ ، ۷۴۸ ، دار احياء التراث العربي بيروت)

مضاربت میں سرمایہ نقد ہو

مسئلہ (۴۰۵): کوئی شخص کسی کو گندم دے کر کہے کہ؛ اس کی روٹی بنا کر بیچو، جو آمدنی ہوگی اس میں سے اتنا اتنا نفع ہم دونوں کے درمیان ہوگا، تو مضاربت کی یہ صورت درست نہیں ہے، کیوں کہ مضاربت کے صحیح ہونے کے لیے سرمایہ کا نقد کی شکل میں ہونا شرط ہے[۱]، اور یہ شرط یہاں مفقود ہے۔ لیکن اگر اس طرح کی مضاربت کا معاملہ کیا گیا، تو مضارب کو روٹی بنانے کی اجرتِ مثل ملے گی، اور پورا نفع رب المال (مالک نقد) کا ہوگا۔[۲] البتہ اگر کوئی شخص کسی کو رقم دے کر کہے کہ؛ گندم خرید کر ان کی روٹی بنا کر بیچو، جو نفع ہوگا، وہ ہمارے درمیان اتنا اتنا فیصد ہوگا، تو یہ صورت درست ہے، کیوں کہ یہاں سرمایہ نقد کی شکل میں موجود ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : منها أن يكون رأس المال من الدراهم أو الدنانير عند عامة العلماء ، فلا تجوز المضاربة بالعروض .... لأن المضاربة بالعروض تؤدى إلى جهالة الربح وقت القسمة ، لأن قيمة العروض تعرف بالحرز والظن ، وتختلف باختلاف المقومين والجهالة تفضى إلى المنازعة ، والمنازعة تفضى إلى الفساد ، وهذا لا يجوز .

(۸/۱۰-۱۲ ، كتاب المضاربة ، فصل فى شرائط الركن)

(۲) ما في " الجوهرة النيرة " : فإذا فسدت صارت إجارة ؛ لأن الواجب فيها أجر المثل .

(۱/۲۲۴ ، كتاب المضاربة ، بيروت) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۲۱۴-۲۲۰)

ما في " بدائع الصنائع " : منها اعلام مقدار الربح ، لأن المعقود عليه هو الربح ، وجهالة المعقود عليه توجب فساد العقد . (۸/۲۳ ، كتاب المضاربة ، فصل في شرائط الركن)

قرض وصول کر کے مضاربت میں لگانا

مسئلہ (۴۰۶): رب المال کا کسی آدمی کے ذمہ قرض ہو، اور وہ مضارب کو اجازت دیدے کہ آپ اس قرض کو وصول کر کے اس کے ذریعہ مضاربت کرو، تو یہ صورت شرعاً درست ہوگی۔ (۱)

سامان میں عقد مضاربت

مسئلہ (۴۰۷): عقد مضاربت میں سرمایہ کا نقد ہونا شرط ہے، سامان کے ذریعہ عقد مضاربت درست نہ ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وأما المضاربة بدين فإن على المضارب لم يجز وإن على ثالث جاز . (۳۷۶/۸ ، كتاب المضاربة) (فتاوی حقانیہ:۳۴۶/۶)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو كان الدين على ثالث فقال له : اقبض مالي على فلان فاعمل به مضاربة جاز . كذا في الكافي . (۲۸۶/۴ ، الباب الأول في تفسيرها وركنها وشرائطها وحكمها)

ما في " الهداية " : إذا قال له : اقبض مالي على فلان واعمل به مضاربة جاز بخلاف ما إذا قال : اعمل بالدين الذي في ذمتک حيث لا تصح المضاربة . (۲۵۸/۳ ، كتاب المضاربة)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " رد المحتار " : وشرطها أمور سبعة : كون رأس المال من الأثمان . در مختار . وفي الشامية : قوله : من الأثمان ، أى الدراهم والدنانير . (۳۷۵/۸ ، كتاب المضاربة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ما يتعلق برأس مال المضاربة من الشروط يشترط لصحة المضاربة شروط يلزم تحققها في رأس المال ، وهي أن يكون نقدًا من الدراهم والدنانير وأن يكون معلومًا وأن يكون عينًا لا دينًا . أولاً : كون رأس المال من الدراهم والدنانير ، اتفق الفقهاء في الجملة على هذا الشرط واستدل بعضهم عليه بالإجماع كما نقله الجوني من=

سرمایہ مضارِب کے حوالے کرنا

مسئلہ (۴۰۸): عقد مضاربت طے ہوجانے کے بعد، سرمایہ مضارب کے حوالے کرنا شرط ہے، حوالے کرنے کا مطلب یہ ہے کہ مالک کا اس پر قبضہ بالکل ختم ہوجائے، اور مضارب کو اس پر تصرف کرنے کا اختیار حاصل ہو، اگر سرمایہ مالک کے قبضے میں ہے، یا عامل ہر وقت سرمایہ میں تصرف نہیں کرسکتا، تو ایسی صورت میں مضاربت صحیح نہ ہوگی۔ (۱)

= الشافعية أو بإجماع الصحابة ، كما قال غيره منهم ..... المضاربة بالعروض : ذهب الحنفية والمالكية والشافعية وهو ظاهر المذهب عند الحنابلة إلى أنه لا تصح المضاربة بالعروض مثلية كانت أو متقومة . (۴۳/۳۸ ، المضاربة بالعروض)

ما في " المبسوط للسرخسي " : قال رحمه الله تعالى : ذكر عن إبراهيم والحسن رحمهما الله تعالى قال : لا تكون المضاربة بالعروض إنما تكون بالدراهم والدنانير وبه نأخذ .
(۳۱/۲۱ ، باب المضاربة بالعروض)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وأما شروط رأس المال : أولاً : أن يكون رأس المال من النقود الرائجة أي الدراهم والدنانير ونحوها ، كما هو الشرط في شركة العنان ، فلا تجوز المضاربة بالعروض من عقار أو منقول عند جمهور العلماء . (۳۹۳۲/۵ ، شركة المضاربة ، بدائع الصنائع :۹/۸ ، كتاب المضاربة ، فصل في شرائط الركن)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : رابعاً : أن يكون رأس المال مسلماً إلى العامل ليتمكن من العمل فيه ، ولأن رأس المال أمانة في يده ، فلا يصح إلا بالتسليم وهو التخلية كالوديعة ، ولا تصح المضاربة مع بقاء يد رب المال على المال ، لعدم تحقق التسليم مع بقاء يده ، ويترتب عليه أنه لو شرط بقاء يد المالك على المال فسدت المضاربة . (۳۹۳۵/۵ ، بدائع الصنائع :۱۱۷/۵ ، كتاب المضاربة ، الموسوعة الفقهية :۵۰/۳۸) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۲۱۳، ۲۱۴)

مضارب کو وقتِ معین تک خریداری کا پابند کرنا

مسئلہ(۴۰۹): رب المال مضارب کو ایک لاکھ روپیہ دے، اور یہ شرط لگائے کہ ایک سال کے بعد نئی خریداری مت کرنا، تو اس طرح کی شرط لگانا؛ ائمۂ ثلاثہ کے اقوال اور مضاربت کی حقیقت پر غور کرتے ہوئے جائز ہونا ہی راجح معلوم ہوتا ہے، لہٰذا یہ صورت جائز ہونی چاہیے، یعنی رب المال وقت معین کے بعد مضارِب کی نئی خریداری پر پابندی لگا سکتا ہے[1]، البتہ مالکیہ کے نزدیک اس طرح کی پابندی لگانا جائز نہیں ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الإنصاف " : وإن شرط تاقيت المضاربة فهل تفسد ؟ على الروايتين : إحداهما لا تفسد ، وهو الصحيح من المذهب ، والرواية الثانية تفسد ، وإن قال : لا تبع بعد سنة بطل العقد ، وإن قال : لا تبتع بعدها صح . (۳۱۸/۵ ، كتاب الشركة ، بيروت)

ما في " التهذيب في فقه الإمام الشافعي " : أما إذا قال : على أنک بعد مضي السنة لا تشتري ولک أن تبيع فهذا جائز ، لأن مقتضى القراض أن رب المال يملک منع العامل من الشراء متى شاء ، ولا يملک منعه من البيع لينض المال . (۳۸۳/۴ ، بحوالہ مالی معاملات پر غرر کے اثرات)

ما في " المغني " : قال أبو الخطاب : في صحة شرط التاقيت روايتان : إحداهما : هو صحيح وهو قول أبي حنيفة . (۱۸۵/۵ ، جواز التاقيت في المضاربة)

(۲) ما في " عقد الجواهر الثمينة " : ولو ضيق بالتاقيت إلى السنة مثلاً ومنع عن التصرف بعدها فهو فاسد ، مثل أن يقول : قارضتک سنة .

(۷۹۵/۲ ، بحوالہ مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۲۲۶)

دورانِ سفر مضارب کے اخراجات

مسئلہ (۴۱۰): مضارب اگر تجارت کے لیے سفر کرے، تو اس کے لیے اپنی خوراک و پوشاک مالِ مضاربت میں سے لینا جائز و درست ہے، اور اگر اپنے ہی شہر میں تجارت کرے، تو اپنی خوراک و پوشاک کا انتظام، اپنے مال سے کرے، مالِ مضاربت میں سے نہیں۔ (۱)

عقد مضاربت میں خسارہ

مسئلہ (۴۱۱): عقد مضاربت میں خسارہ اور نقصان نفع کی مقدار سے بڑھ جائے، تو یہ زائد نقصان صرف رب المال پر آئے گا، مضارب پر نہیں، کیوں کہ مضارب عقد مضاربت میں امین ہوتا ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : فإن سافر فطعامه وشرابه وكسوته وركوبه في مال المضاربة ، وإن عمل في المصر فنفقته في ماله ..... والفرق أن النفقة تجب جزاء الاحتباس كنفقة القاضي والمرأة والمضارب في المصر ساكن بالسكنى الأصلي وإذا سافر صار محبوساً بالمضاربة فيستحق النفقة . (۴۵۸/۷ ، كتاب المضاربة ، هداية :۳/ ۲۶۹ ، المضاربة)

ما في " بدائع الصنائع " : ولو خرج من المصر الذي دخله للبيع والشراء بنية العود إلى المصر الذى أخذ المال فيه مضاربة فإن نفقته من مال المضاربة حتى يدخله .

(۱۴۸/۵ ، كتاب المضاربة)(فتاوی دار العلوم دیو بند:۱۳/ ۱۰۷)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " تبيين الحقائق " : قال رحمه الله : وكل شرط يوجب جهالة الربح يفسدها وإلا لا ، ويبطل الشرط كشرط الوضيعة على المضارب ..... وتكون الوضيعة وهو الخسران=

مضارب پر جرمانہ

مسئلہ (۴۱۲): زید (رب المال) نے عمر (مضارب) کو افیون کی تجارت کے لیے پیسہ دیا، عمر (مضارب) نے افیون خریدا، اور اس پر جرمانہ عائد ہوگیا، تو اس نقصانِ جرم کی اگر مالک نے ذمہ داری قبول کرلی ہے، تو مالک پر ضمان لازم ہے، ورنہ مضارب پر ضمان آئے گا۔ (۱)

=على رب المال لأن ما فات جزء من المال بالهلاک يلزم صاحب المال دون غيره والمضارب أمين فيه فلا يلزمه بالشرط فصار الأصل فيه أن كل شرط يوجب جهالة في الربح أو قطع الشركة فيه مفسد وما لا فلا . (۵/ ۵۲۱ ، كتاب المضاربة)

ما في " رد المحتار " : قوله : (بطل الشرط) كشرط الخسران على المضارب .
(۸/ ۳۷۶ ، كتاب المضاربة ، مجمع الأنهر: ۳/ ۴۴۷)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : (يعود الضرر والخسار في كل حال على رب المال وإذا شرط أن يكون مشتركا بينهما فلا يعتبر ذلک الشرط) . (مجلة) . وفي درر الحكام : يعود الضرر والخسار في كل حال على رب المال إذا تجاوز الربح إذ يكون الضرر والخسار في هذا الحال جزءً ا هالكًا من المال فلذلک لا يشترط على غير رب المال ولا يلزم به آخر . (۳/ ۴۵۹ ، بيان أحكام المضاربة ، المادة : ۱۴۲۸ ، شرح المجلة لسليم رستم باز: ص/ ۷۵۷ ، المادة : ۱۴۲۸ ، الفصل الثالث فى بيان أحكام المضاربة)

(فتاوی محمودیہ: ۱۴/ ۲۲۶، ۲۲۷، کراچی، فتاوی حقانیہ: ۶/ ۳۴۷، ۳۴۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : ولا رجوع له فيما أنفقه في الخصومة لتقاضي الدين . (۷/ ۴۵۹)

ما في " الفتاوى الهندية " : الأصل أن ما يفعله المضارب ثلاثة أنواع : نوع يملكه بمطلق المضاربة ، وهو ما يكون من باب المضاربة وتوابعها ، ومن جملته التوكيل بالبيع والشراء للحاجة والرهن .... ونوع لا يملكه بمطلق العقد ويملكه إذا قيل له : اعمل برأيک .....=

مضاربت پر ہسپتال کا قیام

مسئلہ (۴۱۳): ایک ڈاکٹر کے پاس علاج کے ضروری ساز وسامان وآلات نہیں ہیں، اب اگر وہ کسی سرمایہ دار سے سرمایہ لے کر ہسپتال قائم کرے، اور علاج کے لیے درکار ساز وسامان اور آلات خریدے اور نفع دونوں میں مشترک رکھیں، تو مضاربت کی یہ صورت، جس میں ایک شریک سرمایہ لگائے، اور دوسرا شریک کام کرے، اور اس کے ذریعہ جو آمدنی حاصل ہو، اسے باہم نصف نصف تقسیم کریں، امام ابوحنیفہ، اما شافعی، اور امام مالک رحمہم اللہ کے نزدیک صحیح نہیں ہے، ان حضرات کے نزدیک یہ عقد فاسد ہے، لیکن امام احمد ابن حنبل رحمہ اللہ کے نزدیک یہ صورت جائز ہے، جیسے مساقات اور مزارعت میں سرمایہ کار کی طرف سے نقد رقم نہیں دی جاتی، البتہ قابلِ نفع چیز دی جاتی ہے، یعنی درخت یا زمین، عامل اس میں محنت کرتا ہے اور پھر جو آمدنی حاصل ہوتی ہے اسے باہم تقسیم کیا جاتا ہے، اور ان کا مالک بھی نہیں بدلتا، مزارعت اور مساقات کو شریعت نے جائز قرار دیا ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ سرمایہ کار ایک ایسی چیز عامل کو دے رہا ہے، جس میں محنت کر کے آمدنی حاصل کی جاسکتی ہے، لہٰذا مزارعت اور مساقات پر قیاس کرتے ہوئے مضاربت کی یہ صورت بھی جائز ہونی چاہیے، آج کل مسلمانوں کے

=وذلک مثل دفع المال مضاربة أو شركة إلى غيره وخلط مال المضاربة بماله أو بمال غيره . ونوع لا يملكه لا يطلق العقد ولا بقوله اعمل برأيک إلا أن ينص عليه رب المال وهو الاستئذان وهو أن يشترى بالدراهم والدنانير بعد ما اشترى برأس المال السلعة وما أشبه ذلک وأخذ السفاتج ، وكذا أعطاها والعتق بمال وبغير مال والكتابة والاقراض والهبة والصدقة .

(۲۹۱/۴ ، كتاب المضاربة ، الباب الرابع ، خلاصة الفتاوى : ۱۸۹/۴ ، الفصل الثاني)

(فتاوی حقانیہ: ۳۴۹/۶)

بڑے بڑے کاروبار انہیں بنیادوں پر چل رہے ہیں، اگر ائمۂ ثلاثہ کے قول پر عمل کرتے ہوئے اسے ناجائز قرار دیا جائے، تو حرج عظیم لازم آئے گا، اس لیے تنگی اور پریشانی سے بچانے کے لیے امام احمد ابن حنبل رحمہ اللہ کے مذہب کے مطابق عمل کی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔ (۱)

مالِ مضاربت سے ملازمین کی مزدوری

مسئلہ (۴۱۴): دورانِ تجارت مضارب کا مالِ مضاربت سے مزدور اور ملازمین کی اجرتیں اور تنخواہیں ادا کرنا جائز ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المغني والشرح الكبير " : ولنا أنها عين تنمى بالعمل عليها فصح العقد ببعض نمائها كالدراهم والدنانير كالشجرة فى المساقاة والأرض في المزارعة قولهم ليس من أقسام الشركة ولا هو مضاربة ، قلنا : نعم لكنه يشبه المساقاة والمزارعة ، فإنه دفع لعين المال إلى من يعمل عليها ببعض نمائها مع بقاء عينها .... وإن دفع ثوبه إلى خياط ليفصله قمصًا ويبيعها وله نصف ربحها بحق عمله جاز نص عليه في رواية حرب ، وكذلك إن دفع غزلاً إلى رجل ينسجه بثلث ثمنه أو ربعه جاز نص عليه ، وقال مالک وأبوحنيفة والشافعي : لا يجوز شيء من ذلک لأنه عوض مجهول وعمل مجهول وقد ذكرنا وجه جوازه . (۵/۱۹۲، ۱۹۳ ، مسألة : وإن آجراهما بأعيانها) (شرکت ومضاربت عصر حاضر میں: ص/۳۰۴، ۳۰۸)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : ولو استأجر أجيرًا يخدمه في سفره وفي مصره الذي أتاه فيخبز له ويطبخ ويغسل ثيابه ويعمل له ما لا بد له منه احتسب بذلک على المضاربة ، وكذلک لو كان معه غلمان له يعملون في المال كانوا بمنزلته ونفقتهم في مال المضاربة .

(۴/۳۱۲ ، كتاب المضاربة ، الباب الثاني عشر في نفقة المضارب)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وكل من كان مع المضارب ممن يعينه على العمل فنفقته=

عقدِ مضاربت فاسد ہوجائے

مسئلہ (۴۱۵): عقدِ مضاربت اگر فاسد ہوجائے، تو مضارب اجرتِ مثلیہ کا حق دار ہوتا ہے۔ خواہ کاروبار میں نفع ہو یا نہ ہو۔(۱)

= من مال المضاربة كأجير يخدمه ، أو يخدم دابته ، لأن نفقهم كنفقة نفسه ، لأنه لا يتهيأ للسفر إلا لهم ...... والمراد من النفقة هنا ؛ الكسوة والطعام والادام والشراب وأجر الأجير وفراش ينام عليه . (۲۸/۷۰ ، ۷۱)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما تفسير النفقة التي في مال المضاربة فالكسوة والطعام والادام والشراب واجر الأجير، وفراش ينام عليه وعلف دابته التي يركبها في سفره ، ويتصرف عليها حوائجه . (۶۶/۸، المضاربة ، وأما بيان حكم المضاربة ، الفقه الإسلامي وأدلته : ۳۹۵۸/۵ ، المطلب الثالث أحكام المضاربة ، أولاً ؛ أما النفقة من مال المضاربة)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وإجارة فاسدة إن فسدت فلا ربح للمضارب حينئذ بل له أجر مثل عمله مطلقاً ربح أو لا . (۳۷۴/۸ ، كتاب المضاربة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وعند الحنفية : يكون للمضارب أجر مثل عمله مطلقاً ، وهو ظاهر الرواية ، ربح المال أو لا ، بلا زيادة على المشروط خلافاً لمحمد . (۷۸/۳۸)

ما في " الفتاوى الهندية " : المضارب إذا عمل في المضاربة الفاسدة وربح يكون جميع الربح لرب المال وللمضارب أجر مثله فيما عمل لا يزاد على المسمى في قول أبي يوسف رحمه الله تعالى ، وإن لم يربح المضارب كان له أجر مثله . كذا في فتاوى قاضي خان . هذا جواب ظاهر الرواية . كذا في المحيط .

(۲۸۸/۴ ، كتاب المضاربة ، قبيل الباب الثاني فيما يجوز ، الفقه الإسلامي وأدلته: ۳۹۴۱/۵ ، المطلب الثالث ؛ أحكام المضاربة ، البحر الرائق:۴۴۹/۷ ، كتاب المضاربة ، دار الكتاب ديوبند ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد : ۶۸/۵ ، المضاربة ، حكمها)

نفع کی ایک خاص مقدار، رب المال کے لیے متعین کرنا

مسئلہ (۴۱۶): ایک آدمی دوسرے کو مضاربت کے طور پر ایک لاکھ روپئے دے کر کہے: مجھے ہر ماہ ہزار روپئے نفع دینا ضروری ہے، خواہ تم کو کچھ نفع ملے یا نہ ملے، شرعاً مضاربت کا یہ معاملہ درست نہیں ہے، کیوں کہ مضارب یا رب المال کا کسی خاص مقدار میں منافع کا اپنے لیے متعین کرنا، خواہ ماہانہ ہو یا سالانہ، مفسدِ عقد ہے، اس سے مضاربت فاسد ہوجائے گی۔[1]

= سابقة الكلام ونحوه ، وبه أخذ الفقيه أبو الليث . اهـ........... وعن الإمام تخصيصه بالمعاوضات ، ولا يلي العتق والتبرع ، وعليه الفتوى . وكذا لو قال : طلقت امرأتك ووهبت ووقفت أرضك في الأصح لا يجوز . اهـ . وفي " الذخيرة " أنه توكيل بالمعاوضات لا بالإعتاق والهبات . وبه يفتى . اهـ . وفي " الخلاصة " كما في " البزازية " : والحاصل أن الوكيل وكالة عامة يملك كل شيء إلا الطلاق والعتاق والوقف والهبة والصدقة على المفتى به . (۸/۲۴۰ ، ۲۴۱ ، كتاب الوكالة ، بيروت ، الفتاوى الهندية : ۵/۵۶۵ ، كتاب الوكالة ، الباب الأول وأما ألفاظها ، فتاوى قاضي خان :۳/۱۴۷ ، كتاب الوكالة) (مالی معاملات پرغرر کے اثرات:ص/۳۲۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : ومنها أن يكون المشروط لكل واحد منهما من المضارب وربّ المال من الربح جزءً ا شائعاً نصفاً أو ثلثاً أو ربعاً فإن شرطا عدداً مقدراً بأن شرطا أن يكون لأحدهما مائة درهم من الربح أو أقل والباقي للآخر لا يجوز والمضاربة فاسدة . =

قرض کے ذریعہ عقدِ مضاربت

مسئلہ (۴۱۷): ایک شخص کے کسی دوسرے پر کچھ روپئے قرض ہیں، اگر وہ اس مقروض سے کہے: اس قرض کو سرمایہ قرار دے کر اس سے تجارت کرو، اور جو نفع ملے گا اس میں میرا اتنا فیصد (Percent) ہوگا، شرعاً اس طرح کا معاملہ کرنا درست نہیں ہے، اس لیے کہ صحتِ مضاربت کی چند شرطیں ہیں:

(۱) عاقدین (رب المال اور مضارِب) میں اہلیتِ توکیل ووکیل کا ہونا۔[1]

(۲) سرمایہ کا روپیوں کی شکل میں ہونا۔[2] (۳) سرمایہ کا معلوم ہونا۔[3]

(۴) سرمایہ کا عین ہونا نہ کہ دَین (قرض)۔[4]

(۵) نفع میں دونوں کا برابر کا شریک ہونا۔[5] (۶) نفع کا معلوم ہونا۔[6]

عقدِ مضاربت کی مذکورہ بالا صورت میں چوتھی شرط مفقود ہے، اس لیے یہ معاملہ شرعاً درست نہیں ہے۔

=(۶/۸۵، فصل وأما شرائط الركن فبعضها يرجع إلى العاقدين)

ما في " الفتاوى الهندية " : ومنها أن يكون نصب المضارب من الربح معلوماً على وجه لا تنقطع به الشركة في الربح . كذا في المحيط . فإن قال على أن ذلك من الربح مائة درهم أو شرط مع النصف أو الثلث عشرة دراهم لا تصح المضاربة . كذا في محيط السرخسي .

(۴/۲۸۷، كتاب المضاربة ، الباب الأول)

ما في " الجوهرة النيرة " : قوله: (ومن شرطها أن يكون الربح بينهما مشاعاً لا يستحق أحدهما منه دراهم مسماة) لأن شرط ذلك يقطع الشركة لجواز أن لا يحصل من الربح إلا تلك الدراهم المسماة . (۱/۲۲۶، كتاب المضاربة) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۲۲۲)=

....

....

....

....

....

....

....

....

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : أما الذي يرجع إلى العاقدين وهما رب المال والمضارب فأهلية التوكيل والوكالة ، لأن المضارب يتصرف بأمر رب المال وهذا معنى التوكيل .

(۱۱۲/۵ ، كتاب المضاربة ، فصل أما شرائط الركن .. الخ)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : منها أن يكون رأس المال من الدراهم أو الدنانير عند عامة العلماء فلا تجوز المضاربة بالعروض . (۱۱۳/۵)

(۳) ما في " بدائع الصنائع " : منها : أن يكون رأس المال معلوماً فإن كان مجهولاً لا تصح المضاربة لأن جهالة رأس المال تؤدي إلى جهالة الربح وكون الربح معلوماً شرط صحة المضاربة . (۱۱۴/۵)

(۴) ما في " بدائع الصنائع " : منها : أن يكون رأس المال عيناً لا ديناً فإن كان ديناً فالمضاربة فاسدة . (۱۱۴/۵)

(۵) ما في " بدائع الصنائع " : أما الربح فلأن المضارب ملك نصف المال بالقرض فكان نصف الربح له والنصف الآخر بضاعة في يده فكان ربحه لرب المال . (۱۱۵/۵)

(٦) ما في " بدائع الصنائع " : كون الربح معلوماً شرط صحة المضاربة . (۱۱۴/۵)

(مالی معاملات پرغرر کے اثرات: ص/۲۱۰)

کتاب الإجارة

☆......اجارہ (کرایہ داری) کے مسائل......☆

عقد اجارہ

مسئلہ (۴۱۸): عقد اجارہ؛ متعین اجرت کے بدلے متعین منفعت کی بیع کو عقدِ اجارہ کہتے ہیں[1]، عقد اجارہ شرعاً جائز ہے۔[2]

عقد اجارہ کے صحیح ہونے کی چند شرطیں ہیں:

(۱) عاقدین کی رضامندی، (۲) معقود علیہ کی تعیین، (۳) اجرت اور وصف کی تعیین، (۴) منافع کی تعیین، (۵) مدتِ اجارہ کی تعیین، (۶) مستاجِر معقود علیہ کو کس کام کے لیے استعمال کرے گا؛ اس کی تعیین، (۷) معقود علیہ کی تسلیم پر قدرت، (۸) معقود علیہ کی شرعاً اباحت، (۹) معقود علیہ پر اجرت لینے کا معروف ہونا، (۱۰) اجرت کا معقود علیہ کی جنس سے نہ ہونا۔[3]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " كنز الدقائق مع البحر الرائق " : هي بيع منفعة معلومة بأجر معلوم . (۵۰۶/۷)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : هي تمليك نفع مقصود من العين بعوض .

(۶/۹ ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد : ۳۳۹/۴ ، فتاوى النوازل: ص/۳۷۰)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فإن اَرضعنَ لكم فاٰتوهنّ اُجورهنّ﴾ . (سورة الطلاق : ۶)

ما في " صحيح البخاري " : عن عروة بن الزبير ، عن عائشة رضي الله عنها : واستأجر رسول الله ﷺ وأبو بكر رجلا من بني الدّيل ، ثم من بني عبد بن عدي هادياً خرّيتاً — الخرّيت الماهر بالهداية — . (۳۰۱/۱/۱ ، في الإجارات ، وص/۳۹۱ ، كتاب الإجارة ، احياء التراث العربي ، بيروت)=

اجارۃ المشاع

مسئلہ (۴۱۹): کوئی چیز دو یا زائد شخصوں کے درمیان مشترک ہو، تو اُن کا آپس میں ایک دوسرے کو، یا کسی اجنبی شخص کو اپنا بعض حصہ یا پورا حصہ کرایہ پر دینے کو ''اجارۃ المشاع'' کہتے ہیں، حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مشترک چیز کا عقد اجارہ صرف شریک کے ساتھ جائز ہے، جب کہ صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک شریک اور اجنبی دونوں کے ساتھ جائز ہے، اور اکثر مشائخ کے نزدیک فتویٰ امام صاحب رحمہ اللہ کے قول پر ہے، جب کہ بعض نے صاحبین کے قول پر بھی فتویٰ دیا ہے۔ (۱)

=ما في " بدائع الصنائع " : أما الأول : فالإجارة جائزة عند عامة العلماء .
(۱۴/۴ ، كتاب الإجارة) (فقہ حنفی قرآن وسنت کی روشنی میں: ۷۵/۲)

(۳) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : شرط الصحة أنواع : النوع الأول : رضاء العاقدين . النوع الثاني : تعيين المأجور . النوع الثالث : تعيين الأجرة . النوع الرابع : تعيين المنفعة . النوع الخامس : أن يمكن استيفاء المنفعة . النوع السادس : وجود شرط الانعقاد .
(۴۹۵/۱ ، ۴۹۶) (جدید معاشی نظام میں اسلامی قانونِ اجارہ: ص/۴۳-۴۶، شرائط الصحۃ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : لا يجوز إجارة المشاع عند أبي حنيفة إلا من الشريك ، وقالا : إجارة المشاع جائزة . (۲۸۷/۲)

ما في " الموسوعة الفقهية المقارنة التجريد " : قال أبوحنيفة : إجارة المشاع من غير الشريك لا تجوز ، وقال أبو يوسف ومحمد رحمهما الله تعالى : تجوز . (۳۶۵۵/۷)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وتفسد أيضاً (بالشيوع) بأن يؤجر نصيباً من داره ونصيبه من دار مشتركة من غير شريكه أو من أحد شريكيه أنفع الوسائل وعمادية من الفصل الثلاثين ، واحترز بالأصلي عن الطارئ فلا يفسد على الظاهر .... (إلا إذا آجر) كل نصيبه أو بعضه (من شريكه) فيجوز ، وجوّزاه بكل حال . وعليه الفتوى . زيلعي و بحر معزياً للمغني .=

انٹرنیٹ پرعقدِ اجارہ

مسئلہ (۴۲۰): جوازِ بیع کے لیے ایجاب وقبول اور حکماً اتحاد واتصال کافی ہوتا ہے، اور چونکہ انٹرنیٹ کے ذریعہ عقدِ اجارہ میں کتابت کے ذریعہ ایجاب وقبول اور اتحاد واتصالِ حکمی پایا جاتا ہے، لہٰذا انٹرنیٹ پرعقدِ اجارہ درست ہے۔ (۱)

=لكن رده العلامة قاسم في تصحيحه بأن ما في المغني شاذ مجهول القائل فلا يعول عليه . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (بالشيوع) أي فيما يحتمل القسمة أولا عنده ، وعليه الفتوى . " خانية " .... قوله : (على الظاهر) أي ظاهر الرواية عند أبي حنيفة ويفسدها في رواية جامع الفصولين .... قوله : (وجوّزاه بكل حال) أيسواء كان من شريكه أو لا فيما يحتمل القسمة أو لا ، لكن بشرط بيان نصيبه ، وإن لم يبين لا يجوز في الصحيح . زيلعي . قوله : (فلا يعوّل عليه) بال المعوّل عليه ما في الخانية أن الفتوى على قول الإمام ، وبه جزم أصحاب المتون والشروح فكان هو المذهب ، أفاده المصنف وعليه العمل اليوم . (۶۵/۹ ، باب الإجارة الفاسدة ، بيروت ، بدائع الصنائع :۲۵/۴ ، باب شرائط ركن الإجارة ، تبيين الحقائق :۱۱۹/۶)

ما في " تقريرات الرافعي على ردّ المحتار " : قال الرافعي : قول الشارح (لكن رده العلامة قاسم الخ) ما سيأتي في المتفرقات يدل على أن قولهما مفتى به أيضًا فانظره ونقل ط فيها أن قولهما مفتى به عن المضمرات . اهـ . ونقل أبو السعود في حاشية الأشباه عند قوله : وجاز استئجار طريق للمرور أن الفتوى على قولهما عن المضمرات والفتاوى الصغرى والتتمة وغيرها من الكتب المعتمدة فالترجيح قد اختلف . وقال في شرح الأشباه : أكثر المشايخ على ترجيح قوله . (۲۰۸/۱۴ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة ، بيروت ، القول الصواب في مسائل الكتاب : ص/۳۱۳) (مالی معاملات پرغرر کے اثرات: ص۹۷، فقہ حنفی قرآن وحدیث کی روشنی میں: ۸۷/۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : واتحاد المجلس في العقود وغيرها على قسمين : حقيقي بأن يكون القبول في مجلس الإيجاب ، وحكمي إذا تفرق مجلس القبول عن مجلس =

اجیر خاص واجیر مشترک

مسئلہ (۴۲۱): کوئی کمپنی کسی آدمی کو کمپنی میں مشینوں کی درستگی کے لیے مقرر کرے، اور سامان بھی فراہم کرے، نیز اس کے کام کا وقت بھی متعین کرے، تو وہ اجیر خاص ہے[۱]، اسی طرح اگر کوئی شخص کسی ایک شخص کا کام نہ کرے، بلکہ مختلف لوگوں کے کام کرے، یا کسی ایک ہی شخص کا کام کرے، مگر وقت کی تحدید نہ ہو، تو وہ اجیر مشترک ہے[۲]۔ اجیر خاص مقررہ وقت میں، مقررہ کام کو انجام دے، تو اجرتِ متعینہ کا حق دار ہوگا، اور اجیر مشترک کسی کام کے کرنے پر اپنی مقررہ اجرت کا حق دار ہوگا۔[۳]

=الإيجاب ما في الكتابة والمراسلة فيتحدان حكما. (۱/۲۰۲)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أما مع اتحاد المجلس الحكمي فلا يختلف الأمر عند الحنفية فى اشتراط القبول في مجلس العلم، وهو الصحيح عند الحنابلة . (۱/۲۰۸)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يصح التعاقد بالكتابة بين حاضرين أو باللفظ من حاضر والكتابة ، وكذلك ينعقد البيع إذا أوجب العاقد البيع بالكتابة إلى غائب بمثل عبارة : بعتك داري بكذا ، أو أرسل بذلك رسولا فقبل المشتري بعد اطلاعه على الإيجاب من الكتابة أو الرسول صح العقد . (۹/۱۳، الأحكام الفقهية للتعامل الإلكترونية :ص/۱۳۰-۱۳۴، للشيخ عبد الرحمن بن عبد الله السند) (انٹرنیٹ اور جدید ذرائع ابلاغ:ص/۳۸۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : والثاني وهو الأجير (الخاص) ويسمى أجير وحد وهو من يعمل لواحد ، عملا مؤقتاً بالتخصيص . (در مختار) . وفي الشامية : قال العلامة الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (لواحد) أي لمعين واحدا أو أكثر ، قال القهستاني : لو =

اجرت کی تعیین

مسئلہ (۴۲۲): کوئی شخص کسی کو اپنی چیز فروخت کرنے کا وکیل بنائے، اور اس کی اجرت متعین نہ کرے، بلکہ اسے یہ کہے کہ مجھ کو اتنی قیمت چاہیے، اس سے زائد جتنی بھی رقم ملے گی وہ آپ کی اجرت ہوگی، شرعاً یہ معاملہ درست نہیں ہے، کیوں کہ اس میں اجرت مجہول ہے۔ (۱)

=استأجر رجلان أو ثلاثة رجلا لرعي غنم لهما أو لهم خاصة كان أجير خاصاً ...... قوله : (عملاً مؤقتاً) خرج من يعمل لواحد من غير توقيت كالخياط . (۹/ ۸۱)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (الأجراء على ضربين : مشترك وخاص ، فالأول من يعمل لا لواحد) كالخياط ونحوه (أو يعمل له عملاً غير مؤقت) . [در مختار] . وفي الشامية : قوله : (من يعمل لا لواحد) قال الزيلعي : معناه من لا يجب عليه أن يختص بواحد عمل لغيره أو لم يعمل . (۹/ ۸۱ ، كتاب الإجارات ، مطلب أجير خاص)

(۳) ما في " رد المحتار " : قوله : (وليس للخاص أن يعمل لغيره) بل ولا أن يصلي النافلة . قال في التاترخانية : وفي فتاوى الفضلي : وإذا استأجر رجلا يوما يعمل كذا فعليه أن يعمل ذلك العمل إلى تمام المدة ولا يشتغل بشيء آخر سوى المكتوبة . وقد قال بعض مشايخنا : له أن يؤدي السنة أيضا ، واتفقوا أنه لا يؤدي نفلا ، وعليه الفتوى .

(۹/ ۹۶، مطلب ليس للأجير الخاص أن يصلي النافلة ، بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ولا يستحق المشترك الأجر حتى يعمل كالقصار ونحوه) كفتال وحمال ودلال وملاح . [در مختار] وفي الشامية : قوله : (حتى يعمل) لأن الإجارة عقد معاوضة فتقتضي المساواة بينهما ، فما لم يسلم المعقود عليه للمستأجر لا يسلم له العوض والمعقود عليه هو العمل أو أثره على ما بينا ، فلا بد من العمل . زيلعي .

(۹/۸۸، مبحث للأجير المشترك ، بيروت)

الحجة على ما قلنا : =

دوسرے کی زمین پر ناحق قبضہ

مسئلہ (۴۲۳): کسی شخص نے اپنی زمین کسی کو کرایہ پر دیدی، اور مدتِ کرایہ داری ختم ہوگئی، یا اصل کرایہ دار کا انتقال ہوگیا، تو شرعاً اسے اپنی زمین خالی کرانے کا حق حاصل ہے[1]، کرایہ دار یا اس کے ورثاء کا، کورٹ کے ذریعہ مالکِ زمین کو مزید کرایہ داری کا معاملہ کرنے، یا زمین بیچنے پر مجبور کرنا شرعاً جائز نہیں ہے[2]، ہاں اگر دوسری جگہ منتقل ہونے میں مشکلات درپیش ہوں، تو مالک زمین کو مزید کرایہ داری کا معاملہ کرنے یا زمین کے بیچنے پر راضی کرلیں[3]، خواہ کرایہ میں اضافہ کرکے ہو، یا زمین کی قیمت میں زیادتی کرکے، لیکن اس کے باوجود بھی اگر وہ مزید کرایہ داری کا معاملہ کرنے یا زمین کے بیچنے پر راضی نہ ہو، تو اسے اس پر مجبور نہیں کیا جا سکتا[4]، البتہ اگر کرایہ دار نے اس زمین پر عمارت بنائی ہے، تو تعمیر کردہ عمارت کا وہ مالک رہے گا، جس کو توڑ کر اس کے ملبے کو وہاں سے اٹھایا جا سکتا ہے، یا پھر وہ عمارت مالک زمین ہی کو بیچ دے، اور اس کی قیمت میں تعمیر شدہ عمارت کی قیمت کا اعتبار نہیں ہوگا، بلکہ گری ہوئی

=(۱) ما في " مراسیل أبي داود " : عن أبی سعید الخدري رضي اللّٰه تعالی عنه : " أن رسول اللّٰه ﷺ نهی عن استیجار الأجیر حتی یبین له أجره " . (ص/۱۰، باب التجارة)

ما في " الفتاوی الهندیة " : ومنها (أی من شروط صحة العقد) أن تکون الأجرة معلومة .

(۴/۴۱۱، کتاب الإجارة، الباب الأول في تفسیر الإجارة)

ما في " الدر المختار مع الشامیة " : شرطها کون الأجرة والمنفعة معلومتین لأن جهالتهما تفضي إلی المنازعة . (۹/۷، کتاب الإجارة) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۹۳)=

عمارت کے ملبہ کی قیمت کا اعتبار ہوگا(۵)، رہی یہ بات کہ! اگر کورٹ میں کیس داخل کیا گیا اور فیصلہ کرایہ دار کے حق میں ہوا، تو بھی کرایہ دار کے لیے اس زمین کا حاصل کرنا شرعاً جائز نہیں ہے، کیوں کہ یہ دوسرے کی زمین پر ناحق قبضہ کرنا ہوگا، جو حرام ہے(۶)، نیز کورٹ کا کرایہ دار کے حق میں فیصلہ کرنے سے اس کے لیے اس زمین پر ملکیت بھی ثابت نہیں ہوگی، کیوں کہ اس صورت میں اسبابِ ملک میں سے کوئی سبب نہیں پایا گیا۔(۷)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " المبسوط للسرخسي " : وإن كان استأجرها كل شهر فلكل واحد منهما أن ينقض الإجارة عند رأس الشهر . (۱۴۶/۱۵ ، باب إجارة الدور والبيوت)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : وتنفسخ بموت أحد عاقدين عقدها لنفسه .

(۹۸/۹ ، باب فسخ الإجارة)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرة الرقاشي عن محمد قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا ! لا تظلموا ، ألا ! لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " .

(ص/۲۵۵ ، باب الغصب والعارية ، الفصل الأول ، رقم : ۲۹۴۶)

ما في " الفتاوى الهندية " : وأما شرائط الصحة فمنها : رضا المتعاقدين .

(۴۱۱/۴ ، كتاب الإجارة ، الباب الأول)

ما في " الكافي في الفقه الحنفي " : والبيع شرعاً : مبادلة المال بالمال بالتراضي ..... فإذا فقد التراضي بأن المكره عقارهٗ خوفاً على نفسه فالبيع فاسد وموقوف ، فإن قبل البائع وقبض الثمن انقلب نافذاً . (۱۰۸۸/۳ ، ۱۰۸۹ ، كتاب البيوع ، مكتبة مؤسسة الرسالة بيروت)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يٰأيها الذين اٰمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل إلآ أن تكون تجارة عن تراض منكم﴾ . (سورة النساء : ۲۹)

ما في " الفتاوى الهندية " : وأما شرائط الصحة فمنها ؛ رضا المتعاقدين ، ومنها ؛ أن تكون الأجرة معلومة . (۴۱۱/۴ ، كتاب الإجارة ، الباب الأول في تفسير الإجارة)=

اووَرٹائم (Overtime) میں صرف حاضری

مسئلہ (۴۲۴): ایک شخص اوورٹائم (Overtime) تو دیتا ہے، لیکن اس میں کام نہیں کرتا ہے، بلکہ یونہی فضول گزار دیتا ہے، کیوں کہ کوئی نگرانی کرنے والا نہیں ہوتا ہے، اگر اس شخص کی حیثیت اجیرِ خاص کی ہے، تو اجیرِ خاص اجرت کا مستحق اس وقت ہوتا ہے، جب کہ وہ مفوّضہ امر (سپرد کیے گئے کام) کو پورا کرے، اور اگر وہ مفوضہ امر پورا کرنے سے باز رہے، تو اجرت کا مستحق نہیں ہوتا ہے، کیوں کہ اس صورت میں محض تسلیمِ نفس سے استحقاقِ اجرت ثابت نہیں ہوگا، لہٰذا اس کے لیے اوورٹائم (Overtime) کی اضافی اجرت لینا شرعاً درست نہیں ہے۔ [1]

=(۴) ما في " مسند أحمد بن حنبل " : عن عمرو بن يثربي قال : خطبنا رسول الله ﷺ فقال : ألا ! ولا يحل لإمرئ من مال أخيه شيء إلا بطيب نفس منه " .

(۱۱۳/۵ ، كتاب البيوع ، رقم : ۲۱۱۱۹ ، ۲۱۱۲۰ ، مؤسسة قرطبة القاهرة)

(۵) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وتصح إجارة أرض للبناء والغرس ، فإن مضت المدة قلعهما وسلمها فارغة لعدم نهايتها إلا أن يغرم له الموجر قيمته أى البناء والغرس مقلوعاً ، بأن تقوم الأرض بهما وبدونهما فيضمن ما بينهما ويتملكه ...... فأفاد أنه لا يلزمه القلع لو رضى المؤجر بدفع القيمة . (۳۶/۹ ، ما يجوز من الإجارة وما يكون خلافاً فيها)

(۶) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي سلمة بن عبد الرحمٰن كانت بينه وبين أناس خصومة في أرضٍ ، فدخل على عائشة فذكر لها ذلك ، فقالت : يا أبا سلمة ! اجْتنب الأرض، فإن رسول الله ﷺ قال : " من ظلم قِيدَ شِبرٍ من الأرض طُوِّقَه من سبع أرضين " .

(۴۵۳/۱ ، كتاب بدء الخلق ، باب ما جاء فى سبع أرضين ، رقم : ۳۱۹۵)

(۷) ما في " الدر المختار مع الشامية " : اعلم أن أسباب الملک ثلاثة : ناقل كبيع وهبة وخلافة كارث ، واصالة وهو الاستيلاء حقيقة بموضع اليد ، أو حكماً بالتهيئة كنصب شبكة الصيد .

(۴۶/۱۰ ، كتاب الصيد) (فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۶۳۵، ۶۳۶، کراچی)=

ٹی وی کیبل کنیکشن، وی سی آر کرایہ پر دینا

مسئلہ (۴۲۵): موجودہ زمانے میں ٹی وی (.T.V) سی ڈی (C.D) وی سی آر (V.C.R) وغیرہ کا استعمال عام ہو چکا ہے، یہاں تک کہ بہت سے لوگ کیبل کنیکشن (Cable Connection) سی ڈیز، وی سی آر، اور فلمی کیسٹس (Filmy Cassette,s) وغیرہ کا بزنس (Business) کرتے ہیں، اور اس کو کرایہ پر بھی دیتے ہیں، جب کہ عموماً ان چیزوں کا غالب استعمال ناجائز امور ہی میں ہوتا ہے، اس لیے ان تمام چیزوں کی خرید وفروخت اور ان کو کرایہ پر دینا شرعاً درست نہیں ہے[1]، لہٰذا اس کی آمدنی بھی ناجائز ہوگی، اور اس رقم سے حج یا عمرہ کرنا، اسی طرح اس سے زکوۃ، صدقات اور صدقۂ فطر وغیرہ دینا سب ناجائز ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " شرح المجلة " : الأجير الخاص يستحق الأجرة إذا كان فى مدة الإجارة حاضرا للعمل ، ولا يشترط أن يتمكن من العمل ، فلو سلم نفسه ولم يتمكن منه لعذر كالمطر والمرض فلا أجر له . (الدر المنتقى) . لكن ليس له أن يمتنع عن العمل وإذا امتنع لا يستحق الأجرة . (ص/ ۲۳۹ ، الباب الأول في الضوابط العمومية)

ما في " فتاوى النوازل " : وأجير الواحد لا يعمل في ذمة الإجارة لغيره عملاً ، لأن المدة خصّت للمستأجر ولو عمل لآخر عملاً ينقص من أجرته بقدر ما عمل فلو عين له العمل في هذه المدة . (ص/ ۳۸۲ ، مسائل متفرقة)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوىٰ ولا تعاونوا على الإثم والعدوان واتقوا اللّٰه إن اللّٰه شديد العقاب﴾ . (سورة المائدة : ۲)=

ڈرائیور کو گاڑی یا رکشا چلانے کے لیے دینا

مسئلہ (۴۲۶): آج کل شہروں میں گاڑی یا رکشا مالکان اپنی گاڑی یا رکشا، ڈرائیور کو کرایہ پر چلانے کے لیے دیتے ہیں، اور یوں کہتے ہیں کہ تم دن بھر گاڑی یا رکشا چلاؤ، اور حاصل ہونے والے کرایہ میں سے ہمیں، مثلاً: دوسو روپئے دینا، بقیہ جتنا بھی بچ جائے وہ تمہارا ہوگا، شرعاً یہ عقد جائز نہیں ہے، کیوں کہ یہ عقد نہ مضاربۃً درست ہے، اس لیے کہ اس میں رأس المال بشکل نقد نہیں بلکہ بشکل عروض ہے، جب کہ

=ما في " روح المعاني " : (ولا تعاونوا على الإثم والعدوان) فيعم النهي كل ما هو من مقولة الظلم والمعاصي ، ويندرج فيه النهي عن التعاون على الاعتداء والانتقام .
(۸۵/۴ ، أحكام القرآن للجصاص : ۲/ ۳۸۱)
ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ولا تصح الإجارة لعسب التيس) وهو نزوه على الإناث ، (و) لا لأجل المعاصی مثل (الغناء والنوح والملاهی) ولو أخذ بلا شرط يباح . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (والملاهی) كالمزامير والطبل ، وإذا كان اللهو لغير اللهو فلا بأس به . (۶۴/۹ ، مطلب فی الاستيجار على المعاصي ، الموسوعة الفقهية : ۱/ ۲۹۰ ، الإجارة على المعاصي والطاعات) (آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۷/ ۶۰، جدید، محمود الفتاویٰ: ۳/ ۲۸، کتاب البیوع، احسن الفتاویٰ: ۶/ ۵۳۸، باب البیع الفاسد والباطل)
(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ولو خلط السلطان المال المغصوب بماله) .... وهذا إذا كان له مال غير ما استهلكه بالخلط منفصل عنه ويوفی دينه ، وإلا فلا زكوٰة كما لو كان الكل خبيثاً ، كما فی النهر عن الحواشی السعدية . " در مختار " . وفي الشامية : قوله : (لو كان الكل خبيثاً) فی " القنية " ولو كان الخبيث نصاباً لا يلزمه الزكاة ، لأن الكل واجب التصدق عليه ، فلا يفيد إيجاب التصدق ببعضه ، ومثله في البزازية . (۳/ ۲۰۱ ، الفتاوى التاتارخانية : ۲/ ۵۲، الفصل العاشر في بيان ما يمنع وجوب الزكاة ، خلاصة الفتاوى : ۱/ ۲۴۵ ، الفصل التاسع في الحظر والإباحة)
(فتاوی محمودیہ: ۹/ ۳۲۴، حرام مال پر زکوٰۃ، کراچی)

مضاربت کے صحیح ہونے کے لیے رأس المال کا بشکل نقد ہونا ضروری ہے[۱]، نیز اِس عقد میں ایک فریق-مالک- کے لیے نفع کی ایک خاص مقدار بھی متعین ہے، جب کہ عقدِ مضاربت میں نفع کی کسی خاص مقدار کو، کسی ایک فریق کے لیے متعین کرنا شرعاً درست نہیں ہے[۲]۔ اور نہ ہی اجارۃً صحیح ہے،اس لیے کہ اس معاملے میں شئ مستاجر- گاڑی یا رکشہ-جس کرایہ (دوسوروپئے) کے عوض کرایہ پر لیا گیا،کرایہ دار اِس سے زیادہ کرایہ سواریوں سے وصول کرتا ہے،اور یہ دونوں کرایے ایک ہی جنس (روپیوں) سے ہیں،لہٰذا یہ زائد وصول کیا جانے والا کرایہ-کرایہ دار کے لیے جائز نہیں ہے،اس لیے یہ معاملہ شرعاً درست نہیں ہونا چاہیے[۳]۔ البتہ جواز کی صورت یہ ہوسکتی ہے کہ گاڑی یا رکشہ کا مالک کسی شخص کو اپنی گاڑی یا رکشہ چلانے کے لیے متعین اجرت پر رکھ لے، کہ اِس صورت میں گاڑی یا رکشہ سے حاصل ہونے والا پورا کرایہ گاڑی یا رکشہ مالک کا ہوگا،اورملازم اپنی اجرتِ متعینہ کا حقدار ہوگا۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الجوهرة النيرة " : (ولا تصح المضاربة إلا بالمال الذي بينّا أن الشركة تصح به) يعني أنها لا تصح إلا بالدراهم والدنانير . (۱/۲۲٦، كتاب المضاربة)

(۲) ما في " الجوهرة النيرة " : (ومن شرطها أن يكون الربح بينهما مشاعاً لا يستحق أحدهما منه دراهم مسمّاةً) ؛ لأن شرط ذلك يقطع الشركة لجواز أن لا يحصل من الربح إلا تلك الدراهم المسماة . قال في شرحه : إذا دفع إلى رجل مالا مضاربة على أن ما رزق الله فللمضارب مائة درهم ، فالمضاربة فاسدة . (۱/۲۲٦، كتاب المضاربة ، المغني لإبن قدامة:۵/۱۹۱)

(۳) ما في " الجوهرة النيرة " : (الإجارة عقد على المنافع بعوض) .... (ولا يصح حتى تكون المنافع معلومة ، والأجرة معلومة) ؛ لأن الجهالة في المعقود عليه وبدله يفضي =

رہنمائی کی اجرت

مسئلہ (۴۲۷): اگر کوئی شخص کسی متعین آدمی سے کہے کہ؛ تو مجھے فلاں جگہ کی طرف، یا فلاں چیز کی رہنمائی کرے گا، تو میں تجھ کو اتنا انعام دوں گا، شرعاً یہ جائز ہے، اب اگر وہ شخص اس کے ساتھ چل کر اس کی رہنمائی کردے، تو اس کو اس کے چلنے کی وجہ سے اجرِ مثل ملے گا، کیوں کہ یہ ایسا عمل ہے جو عقدِ اجارہ کی وجہ سے واجب ہے۔[1]

=إلى المنازعة كجهالة الثمن والمبيع . (۱/۶۷۵، كتاب الإجارة)

(۴) ما في " الجوهرة النيرة " : وأما إذا قوبلت بجنسها كما إذا استأجر دارًا بسكنى دار أخرى ، أو ركوب دابة بركوب دابة أخرى ، أو زراعة أرض بزراعة أرض أخرى ، فالإجارة فاسدة ؛ لأن الجنس بانفراده يحرم النساء . كذا في الينابيع . (۱/۶۷۵، كتاب الإجارة)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۲۱۷، ۲۱۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وإن قال على سبيل الخصوص بأن قال لرجل بعينه إن دلتني على كذا فلک كذا ، إن مشى له فدله فله أجر المثل للمشي لأجله ، لأن ذلک عمل يستحق بعقد الإجارة . (۹/۱۱۱، مطلب ضل له شيء فقال : من دلني عليه فله كذا)

(الفقه الحنفي في ثوبه الجديد : ۴/۴۴۰)

ما في " قواعد الفقه " : استحقاق الأجرة بعمل لا بمجرد قول . (ص/۵۷)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۱۲۰)

تجارت میں قرض کا مال دے کر نفع کی تعیین

مسئلہ (۴۲۸): ایک دوکاندار کے پاس نقد رقم بھی ہے، دوکان میں سامان تجارت بھی رکھا ہوا ہے، اور کچھ ادھار کھاتے بھی ہیں، اس سے کوئی شخص کہتا ہے کہ آپ ایک سال کے لیے مجھ سے ایک لاکھ روپئے لے لیں، اس سے تجارت کریں، اور پھر سال بھر کے بعد جو نفع ہو، اس میں سے اتنے فیصد مجھے دیدیں، شرعاً یہ صورت درست نہیں ہے، کیوں کہ فقہائے کرام نے قرضہ جات اور غائب اموال میں شرکت کو ناجائز فرمایا ہے [1]، البتہ شریعت کے ایک اصول پر غور کرنے سے مذکورہ صورت کا جواز معلوم ہوتا ہے، وہ اصول یہ ہے کہ: بعض مرتبہ کوئی چیز قصداً تو ناجائز ہوتی ہے، مگر ضمناً وتبعاً جائز ہوتی ہے۔ [2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : ومنها : أن يكون رأس مال الشركة عيناً حاضراً لا دينا ولا مالاً غائباً ، فإن كان لا تجوز عنانا كانت أو مفاوضةً ، لأن المقصود من الشركة الربح وذلك بواسطة التصرف ، ولا يمكن في الدين ولا المال الغائب فلا يحصل المقصود .

(۵/ ۷۹ ، المغنی : ۵/ ۱۲۷)

(۲) ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم الحنفي " : الرابعة : يفتقر في التوابع ما لا يفتقر في غيرها ، وقريب منها يفتقر في الشيء ضمناً ما لا يفتقر قصداً . (۱/ ۳۵ ، التابع تابعٌ)

ما في " قواعد الفقه " : الأصل أنه قد يثبت الشيء تبعاً وحكما وإن كان قد يبطل قصداً . (ص/ ۱۶)

ما في " المعايير الشرعية " : لا تجوز أن تكون الديون وحدها حصة في رأس مال الشركة إلا في الحالات التى تكون فيها الديون تابعة لغيرها مما يصح جعله رأس مال الشركة مثل تقديم مصنع رأس مال الشركة مما له ومما عليه . (ص/ ۲۰۸ ، بحوالہ مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص ۱۹۰)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/ ۱۸۹)

فیصد کے حساب سے اجرت

مسئلہ (۴۲۹): آج کل بہت سارے ادارے اور افراد اپنے کام کا معاوضہ فیصد (Percentage) کے حساب سے مقرر کر لیتے ہیں، جیسا کہ ''بینک'' اپنے کام کا معاوضہ سروس چارج (Service Charge) کے نام سے وصول کرتا ہے، اور یہ سروس چارج فیصد کے حساب سے ہوتا ہے، اسی طرح مثلاً ''اسٹیٹ ایجنسی'' والے بروکر حضرات اصل رقم پر فیصد کے حساب سے اجرت وصول کرتے ہیں، تو شرعاً اس طرح اجرت وصول کرنے کا حکم یہ ہے کہ یہ اجرت جو فیصد کے حساب سے وصول کی جارہی ہے، اگر وہ اجرتِ مثل ہو، یا باہمی رضامندی سے طے ہو تو جائز ہے۔

اس مسئلے کی نظیر وہ مسئلہ ہے جس میں فقہاء کرام رحمہم اللہ نے دلال کی اجرت کے بارے میں بحث کی ہے، کہ دلال کی اجرت بھی فیصد کے حساب سے ہوتی ہے، اس کے بارے میں متأخرین حنفیہ نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ اصول اور قاعدہ کے لحاظ سے تو یہ اجرت جائز نہیں ہونی چاہیے تھی، کیوں کہ اس میں اجرت اور عمل کی مقدار متعین نہیں ہے، لیکن کثرتِ تعامل کی وجہ سے فقہاء نے اس کو جائز قرار دیا ہے، بشرطیکہ یہ اجرت پہلے سے طے ہو۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' صحيح البخاري '' : باب أجرة السمسرة – ولم ير ابن سيرين وعطاء وابراهيم والحسن بأجر السمسار بأساً ، وقال ابن عباس : لا بأس أن يقول : بع هذا الثوب فما زاد على كذا وكذا فهو لک ، وقال ابن سيرين : إذا قال : بعه بكذا وكذا فما كان من ربح فهو لک أو بيني وبينک فلا بأس به . (۱/۳۰۳ ، كتاب الإجارة ، باب أجر السمسار)

ما في '' رد المحتار '' : قال في '' التاتر خانية '' : وفي الدلال والسمسار يجب أجر المثل،=

بیرون ملک سے بذریعہ بینک تجارت

مسئلہ (۴۳۰): آج کل لوگ بیرون ممالک سے مال منگوا کر تجارت کرتے ہیں، مال منگوانے کی صورت میں خریدار مال کی قیمت بذریعہ بینک ادا کرتا ہے، مثلاً ہندوستان کا ایک تاجر جاپان کے ایک تاجر سے کچھ مال منگواتا ہے، تو جاپان کا تاجر ہندوستان کے تاجر سے کہتا ہے کہ تم اپنے کسی مقامی بینک کے ذریعہ میرے حق میں ایک لیٹر آف کریڈٹ کھول دو، ہندوستان کا بینک اپنی جاپان کی شاخ کو اس لیٹر آف کریڈٹ کے ذریعہ ہدایت کردے گا کہ وہ جاپان کے تاجر کا مال جہاز سے روانہ کرنے کے متعلق ضروری کاغذات وصول کرکے، اس کو مال کی قیمت ادا کردے، تو اس صورت میں بینک چوں کہ خریدار کا وکیل ہے، اس لیے بذریعہ بینک قیمت ادا کرنا درست ہے، اور جب مال جاپانی شاخ کے قبضہ میں آجائے، تو ہندوستانی خریدار کے لیے اس کی بیع جائز ہے۔ (۱)

=وما تواضعوا عليه أن في كل عشرة دنانير كذا فذاک حرام عليهم . وفي " الحاوی " : سئل محمد بن سلمة عن أجرة السمسار ، فقال : أرجو أنه لا بأس به وإن كان في الأصل فاسداً لكثرة التعامل ، وكثير من هذا غير جائز فيجوزوه لحاجة الناس إليه كدخول الحمام .
(۹/ ۷۵ ، كتاب الإجارة ، مطلب فی أجرة الدلال)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : إجارة السمسار والمنادي والحمامي والصكاک وما لا يقدر فيه الوقت ولا مقدار العمل لما كان للناس به حاجة جاز ويطيب الأجر المأخوذ لو قدر أجر المثل . (۵/ ۴۰ ، نوع فی المتفرقات)

(انعام الباری:۶/ ۴۶۳، امداد الفتاوی:۳/ ۳۶۶، جدید معاشی نظام میں اسلامی قانون اجارہ:ص/ ۱۸۸)

الحجة على ما قلنا :=

آبِ زم زم کی تجارت

مسئلہ (۴۳۱): آبِ زمزم کی تجارت میں بظاہر کوئی امر، مانعِ جواز نہیں، کہ وہ متقوم بھی ہے [۱]، اور احراز سے ملک بھی ثابت ہوجاتی ہے [۲]، نیز بلانکیر ماء زمزم کے بیچنے کا تعامل بھی ہے [۳] محض متبرک ہونا بیع کے لیے مانع نہیں بن سکتا، کیوں کہ قرآن کریم سب سے زیادہ متبرک ہونے کے باوجود اس کی بیع وشرا سب جائز ہے [۴]، اور خریدار کا کافر ہونا بھی بظاہر مانعِ صحتِ بیع نہیں [۵]، ہاں! احتمالاً مخل احترام ہونے کی بنا پر خلافِ اولیٰ یا مکروہ کہا جاسکتا ہے۔ [۶]

=(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فابعثوٓا أحدكم بورقكم هذهٖٓ إلى المدينة فلينظر أيهآ أزكى طعامًا﴾ . (سورة الكهف : ۱۹)

ما في " جامع الترمذي " : عن حكيم بن حزام ، أن رسول الله ﷺ بعث حكيم بن حزام ليشتري له أضحية بدينار ، فاشترى أضحية فاربح فيها ديناراً ، فاشترى أخرىٰ مكانها ، فجاء بالأضحية والدينار إلى رسول الله ﷺ ، فقال : " ضحّ بالشاة وتصدّق بالدينار " . (۱/۲۳۸ ، أبواب البيوع)

ما في " الهداية " : قال : كل عقد جاز أن يقعده الإنسان بنفسه ، جاز أن يؤكله به غيره ، لأن الإنسان قد يعجز عن المباشرة بنفسه على اعتبار بعض الأحوال ، فيحتاج إلى أن يؤكل به غيره ، فيكون بسبيل منه دفعاً للحاجة ، وقد صح أن النبي ﷺ وكل بالشراء حكيم بن حزام وبالتزويج عمر بن أم سلمة . (۳/۱۷۷ ، كتاب الوكالة) (احسن الفتاویٰ:۶/۵۲۴،جدید مسائل کا حل:ص/۲۱۹)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " قبض الوكيل كقبض مؤكله " . (۲/۸۰۳ ، القاعدة : ۱۳۳۸)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " فعل الوكيل كفعل المؤكل " . (۲/۸۰۰ ، القاعدة : ۱۳۱۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في" البحر الرائق " : وأما شرائط المعقود عليه فأن يكون موجوداً مالاً متقوماً مملوكاً في نفسه . (۵/۴۳۳ ، كتاب البيوع)=

....

=ما في " رد المحتار " : وشرط المعقود عليه ستة : كونه موجوداً مالاً متقوماً مملوكاً في نفسه. (۱۱/۷ ، كتاب البيوع ، شرائط البيع أنواع أربعة)
(۲) ما في " رد المحتار " : وقال الرَّملي : إن صاحب البئر لا يملك الماء كما قدمه في " البحر " .... وهذا مادام في البئر ، أما إذا أخرجه منها بالاحتيال كما في السواني ، فلا شك في ملكه له لحيازته له في الكيزان ، ثم صبه في البرك بعد حيازته . تأمل .
(۱۸۹/۷ ، كتاب البيوع ، صاحب البئر)
(۳) ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " العادة محكمة " . (۲۴۹/۱ ، الأشباه: ۳۲۸/۱)
ما في " شرح عقود رسم المفتي " :

والعرف في الشرع له اعتبار   لذا عليه الحكم قد يدار

قال في المستصفىٰ : العرف والعادة ما استقر في النفوس من جهة العقول ، وتلقته الطباع السليمة بالقبول . (ص/۱۷۵ ، بحث العرف والعادة)
(۴) ما في " الموسوعة الفقهية " : وذهب بعض السلف إلى إجازة بيعها ، منهم محمد بن الحنفية ، والحسن ، وعكرمة ، والشعبي ، لأن البيع يقع على الورق والجلد وبدل عمل يد الكاتب ، وبيع ذلك مباح، قال الشعبي : لا بأس ببيع المصحف، إنما يبيع الورقَ وعملَ يديه . (۱۷/۳۸ ، بيع المصحف وشراؤه)
(۵) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أحل اللّٰه البيع وحرم الربوا﴾ . (سورة البقرة : ۲۷۵)
ما في " التفسير المنير " : تضمنت الآيات أمور خمسة : الموضوع الأول ، إباحة سائر البيوع التي ليس فيها نهي شرعي عنها . (۱۰۲/۳ ، تحت قوله : أحل اللّٰه الخ)
(۶) ما في " الفتاوى الهندية " : وليس يستحسن كتابة القرآن على المحاريب والجدران لا يخاف من سقوط الكتابة وأن توطأ . (۱۰۹/۱ ، كتاب الصلاة ، الباب السابع)

ما في " رد المحتار " : " ما كان سبباً لمحظور فهو محظور " . (۲۲۳/۵ ، نعمانيه)

ما في " المقاصد الشرعية " : ان الذرائع تعدّ وسائل إلى المقاصد ، وحكمها حكم مقاصدها من حيث التحريم والوجوب والكراهة والندب والإباحة ، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجباً . (ص/۴۶) (امدادالفتاوی:۱۱۵/۳،۱۱۶)

ڈرائیونگ لائسنس

مسئلہ (۴۳۲): موٹر ڈرائیونگ اسکول والوں کا لائسنس بنا کر دینا اور اس پر اجرت کا لینا جائز ہے، یہ اجارہ، اجارۂ صحیحہ ہے، اس لیے کہ اس میں ان کو دو قسم کی محنت کرنی پڑتی ہے:

(۱) متعلقہ محکمہ کو درخواست وغیرہ دینا۔ (۲) پھر درخواست کو وصول کرنے کے بعد اُسے درخواست دہندہ کو پہنچانا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قالت إحدٰهما يٰأبت استأجره﴾ . (سورة القصص : ۲۶)

ما في " البحر المحيط " : وفي قولها : (استأجره) دليل على مشروعيته الإجارة عندهم ، وكذا كانت في كل ملة ، وهي من ضرورة الناس ...... وهذا مما انعقد عليه الإجماع .

(۱۴۹/۷ ، كذا في الجامع لأحكام القرآن للقرطبي :۲۷۵/۱۳)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : أجمع العلماء على أنه جائز أن يستأجره الراعي شهوراً معلومة بأجرة معلومة . (۱۷۵/۱۳)

ما في " معارج التفكر ودقائق التدبر " : (على أن تأجرني) : أي على شرط أن تكون أجيرًا لي تعمل بأمري . (۳۸۳/۹) (جدید مسائل کا حل:ص/۳۸۷،احسن الفتاوی:۳۳۲/۷)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن عتبة بن المنذر قال : كنا عند رسول الله ﷺ ، فقرأ (طٰسٓمٓ) حتى بلغ قصة موسى عليه السلام ، قال : " إن موسى عليه السلام آجر نفسه ثمان سنين ، أو عشرًا على عفة فرجه وطعام بطنه " . (ص/۱۷۶ ، باب إجارة الأجير على طعام بطنه ، رقم الحديث : ۲۴۴۴)

ما في " رد المحتار " : (هي) لغة إسم للأجرة ، وهو ما يستحق على عمل الخير ، ولذا يدعى به ، يقال : أعظم الله أجرک ، وشرعاً : (تمليک نفع ... بعوض) . (۶/۹ ، كتاب الإجارة)

ما في " الفتاوى الهندية " : (أما بيان أنواعها) فنقول : إنها نوعان ؛ نوع يرد على منافع الأعيان كاستيجار الدور والأراضي .... ونوع يرد على العلم كاستيجار المحترفين للأعمال كالقصارة والخياطة والكتابة ، وما أشبه ذلک ، كذا في المحيط . (۴۱۱/۴ ، كتاب الإجارة ، الباب الأول في تفسير الإجارة)

جہاز میں کرایہ پر لی ہوئی جگہ کرایہ پر دینا

مسئلہ (۴۳۳): کسی شخص نے اپنا سامان روانہ کرنے کے لیے، بحری جہاز میں کوئی جگہ کرایہ پر لی ہو، اب وہ اپنی اس جگہ کو نفع کے ساتھ دوسرے کو کرایہ پر دے رہا ہو، تو یہ اجارۃ علی الاجارۃ (اجارہ دراجارہ) کہلائے گا، اور یہ صورت اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ یہ اجارہ اجرتِ اُولیٰ یا اس سے کم پر ہو، نفع کے ساتھ نہ ہو، اگر نفع کے ساتھ کرایہ پر دیا، تو اس اضافی رقم کو فقراء پر صدقہ کرنا ہوگا، ہاں! اگراجارۂ اُولیٰ اور اجارۂ ثانیہ دونوں کی اجرت خلافِ جنس ہو، یا مستاجر اول اجرت پر لی ہوئی چیز میں کوئی اضافہ کرے، یا اس کی اصلاح کرے، تو ان صورتوں میں اجارۂ ثانیہ اجارۂ اُولیٰ سے زیادہ پر بھی جائز ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا استأجر داراً وقبضها ثم آجرها فإنه يجوز إن آجرها بمثل ما استأجرها أو أقل وإن آجرها بأكثر مما استأجرها فهي جائزة أيضاً إلا أنه إن كانت الأجرة الثانية من خلاف جنسها طابت له الزيادة ولو زاد فی الدار زيادة كما لو وتد فيها وتداً أو حفر فيها بئراً أو طيناً أو أصلح أبوابها أو شيئاً من حوائطها طابت له الزيادة .

(۴/۴۲۵ ، كتاب الإجارة ، الباب السابع في إجارة المستأجر)

ما في " رد المحتار " : قوله : (للمستأجر أن يؤجر المؤجر من غير مؤجره ، وأما من مؤجره فلا) يجوز ...... قال العلامة : أي ما استأجره بمثل الأجرة الأولىٰ أو بانقص ، فلو أكثر تصدق بالفضل إلا في مسألتين ، كما مر أول باب ما يجوز من الإجارة .... عن الخلاصة أن المستأجر الثاني إذا آجرها من المستأجر الأول يصح .

(۹/۱۰۷ ، كتاب الإجارة ، مسائل شتى ، مطلب في إجارة المستأجر)

ما في " الموسوعة الفقهية " : جمهور الفقهاء (الحنفية والمالكية والشافعية والأصح عند=

بلاٹکٹ سفر کرنا

مسئلہ (۴۳۴): اگر کوئی شخص کئی مرتبہ ایک اسٹیشن سے دوسرے اسٹیشن تک بلا ٹکٹ سفر کرے، جو جائز نہیں ہے، تو اسے چاہیے کہ جتنی دفعہ اس نے بلاٹکٹ سفر کیا، اتنی دفعہ کے کرایہ کا حساب لگا کر ٹکٹ خرید لے اور ضائع کردے، اس طرح ان شاء اللہ اس کا ذمہ فارغ ہوجائے گا، کیوں کہ اس صورت میں حق، صاحبِ حق کو پہنچ جاتا ہے۔(۱)

=الحنابلة) على جواز إيجاز المستأجر إلى غير المؤجر الشيء الذي استأجر وقبضه في مدة العقد ، ما دامت العين لا تتأخر باختلاف المستعمل .... إيجاز المستأجر لغير المؤجر بزيادة، ذهب الحنفية إلى جواز الإجارة الثانية إن لم تكن الأجرة فيها من جنس الأجرة الأولى ، للمعنى السابق ، أما إن اتحد جنس الأجرتين فإن الزيادة لا تطيب للمستأجر وعليه أن يتصدق ، وصحت الإجارة الثانية لأن الفضل فيه شبهة ، أما إن كان أحدث زيادة في العين المستأجرة فتطيب الزيادة لأنها في مقابلة الزيادة المستحدثة . (۱/۲۶۷ ، إجارة ، إيجار المستأجر العين لآخر)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : كل حيلة يحتال بها الرجل ليتخلص بها عن حرام أو ليتوصل بها إلى الحلال فهي حسنة . (۶/۳۹۰ ، كتاب الحيل ، الفصل الأول في بيان جواز الحيل وعدم جوازها) (فتاوی محمودیہ:۱۸/۴۳۱)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : الأصل أن المستحَق بجهة إذا وصل إلى المستحِق بجهة أخرى اعتبروا أصلاً بجهة مستحقة إن وصل إليه من المستحق عليه ، وإلا فلا .

(۷/۲۱۵ ، كتاب البيوع ، مطلب : رد المشتري فاسداً إلى بائعه الخ)

ما في " رد المحتار " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب ردّه عليهم ، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ، ويتصدق به بنية صاحبه . (۷/۲۲۳ ، كتاب البيوع)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الواجب في الكسب الخبيث ، وهو تفريغ الذمة منه برده إلى أربابه إن علموا ، وإلا إلى الفقراء . (۳۹/۴۰۷ ، الكسب الناشي عن الميسر)

(الفتاوى الهندية : ۵/۳۴۹ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس عشر في الكسب)

ویڈیو فلمیں کرایہ پر دینا

مسئلہ(۴۳۵): ویڈیو فلمیں کرائے پر دینے کا کاروبار جائز نہیں ہے[(۱)]، اس کی آمدنی بھی حرام ہے، لہٰذا اس کاروبار کو ترک کر کے حلال روزی تلاش کرنا چاہیے[(۲)] اور چونکہ حرام آمدنی کے استعمال سے فرائض واعمال بھی قبول نہیں ہوتے[(۳)]، گرچہ فرض ذمہ سے ساقط ہوجاتا ہے، اس لیے توبہ واستغفار بھی کرنا چاہیے۔[(۴)]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في" جواهر الفقه " : والثالث : بيع أشياء ليس لها مصرف إلا في المعصية ، فيتمحض بيعها وإجارتها وإن لم يصرح بها ، ففي جميع هذه الصور قامت المعصية بعين هذا العقد ، والعاقدان كلاهما آثمان ، بنفس العقد ، سواء استعمل بعد ذلک أم لا .

(۲/۴۴۸ ، تفصيل الكلام في مسئلة الإعانة على الحرام ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۱۶/۱۳۲)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : قلت : وأفاد كلامهم إن قامت المعصية بعينه يكره تحريماً ، وإلا فتنزيهاً . الدر المختار . قوله : (تحريماً) وظاهر كلامهم أن الكراهية لتعليلهم بالإعانة على المعصية . (۶/۳۲۳ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة)

ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمةً إذا كان المقصد محرماً ، وتكون واجبةً إذا كان المقصد واجباً . (ص/۴۶)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يٰأيها الذين اٰمنوا كلوا من طيبٰت ما رزقنكم﴾ . (البقرة : ۱۷۲)

ما في " شعب الإيمان للبيهقي " : عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : "طلب كسب الحلال فريضة بعد الفريضة ". (۶/۴۰۲ ، في حقوق الأولاد والأهلين)

(۳) ما في " كنز العمال " : عن ابن مسعود رضي الله عنه : " ... وإن كان لقمة من حرام لم تقبل له صلاة أربعين ليلة ، ولم تستجب له دعوة أربعين صباحاً ، وكل لحم نبت من الحرام فالنار أولىٰ به ، وإن اللقمة الواحدة من الحرام لتنبت اللحم ". (۴/۸ ، كتاب البيوع ، رقم الحديث : ۹۲۶۲)=

مشترکہ لاؤڈ اسپیکر کرایہ پر دینا

مسئلہ (۴۳۶): اگر کوئی مسلم وغیر مسلم مشترکہ لاؤڈ اسپیکر مع گراموفون خریدیں، تاکہ ہندو ومسلم کی ناجائز تقریبات میں انہیں کرایہ پر دے کر کرایہ وصول کریں، تو یہ شرعاً تعاون علی الاثم ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے، البتہ اگر یہ دونوں چیزیں جائز وناجائز تقریبات میں کرایہ پر دی جاتی ہیں اور آمدنی کو مشترک ہی رکھا جاتا ہے، اور جائز آمدنی غالب ہو، تو نصف آمدنی بحصۂ رسد لینا درست ہے، ورنہ نہیں۔ (۱)

=(۴) ما في " القرآن الكريم " :﴿إلا من تاب وآمن وعمل عملاً صالحاً فأولٰئک یبدّل الله سیئاٰتهم حسنٰت ، وكان الله غفوراً رحيماً﴾ . (سورة الفرقان : ۷۰)

ما في " شعب الإيمان للبيهقي " : عن ابن مسعود رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " التائب من الذنب كمن لا ذنب له " . (۵/ ۴۳۹ ، باب في معالجة كل ذنب بالتوبة)

ما في " كنز العمال " : عن أبي ذر رضي الله عنه قال : " إذا عملتَ سيئة فاتبعها حسنة تمحها" . (۴/۸۷ ، كتاب التوبة ، رقم الحديث : ۱۰۱۷۷)

ما في" كنز العمال " : عن أنس بن مالک رضي الله عنه : " إذا تاب العبد أنسى الله الحفظة ذنوبه ، وأنسى ذلک جوارحه ومعالمه من الأرض ، حتى يلقى الله وليس عليه مشاهد من الله بذنب " . (۴/۸۷ ، كتاب التوبة ، رقم الحديث : ۱۰۱۷۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿تعاونوا على البرّ والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾. (سورة المائدة : ۲)

ما في " التفسير المظهري " : أي على امتثال أمر الله تعالى . والتقوى أي الانتهاء عما نهى عنه كي يتقي نفسه عن عذاب الله . ﴿ولا تعاونوا على الإثم﴾ يعني لا تعاونوا على ارتكاب المنهيات ، ولا على الظلم تشفي صدوركم بالانتقام . (۳/۴۸)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " :﴿ولا تعاونوا على الإثم﴾ وهو الحكم اللاحق=

عورتوں کا تجارت کرنا

مسئلہ (۴۳۷): عام حالات میں بے پردہ ہوکر عورتوں کا دکان پر بیٹھ کر تجارت کرنا شرعاً ناجائز ہے[۱]، البتہ ضرورۃً پورے پردہ کے ساتھ تجارت کرسکتی ہے۔[۲]

= عن الجرائم . (۴۷/۶)

ما في " التفسير المنير " : ﴿تعاونوا على البر﴾ وهو كل خير أمر به الشرع أو نهى عنه من المنكرات ..... ولا تتعاونوا على الإثم ، وهو الذنب والمعصية ، وهي كل ما منعه الشرع ...... والإثم والعدوان يشتمل كل الجرائم التي يأثم فاعلها . (۴۱۸/۳)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ولا تصح الإجارة لعسب التيس) وهو نزوه على الإناث (و) لا لأجل المعاصي مثل (الغناء والنوح والملاهي) .

(۶۴/۹ ، كتاب الإجارة ، مطلب في الاستيجار على المعاصي)

ما في " الفتاوى الهندية " : لا يجوز الاستيجار على الغناء والنوح ، وكذا سائر الملاهي ، لأنه استيجار على المعصية ، والمعصية لا تستحق بالعقد . (۴۰۳/۳ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة) (جدید مسائل کا حل :ص/ ۱۶۸، ۱۶۹، فتاویٰ محمودیہ:۲۱۲/۱۴، کتاب الشرکۃ، کراچی)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " الحكم على الغالب دون النادر " .

(۷۳۴/۲ ، الفتاوى الهندية :۳۴۳/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الثاني عشر في الهدايا ، البزازية على هامش الهندية :۳۶۰/۶ ، الرابع في الهدية)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وقرن في بيوتكنّ ولا تبرّجن تبرُّجَ الجاهليّة الأولى﴾ .

(سورة الأحزاب : ۳۳)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وفيه الدلالة على أن النساء مأمورات بلزوم البيت منهياتٌ عن الخروج . (۴۷۱/۳ ، سورة الأحزاب ، الآية/۳۳)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وإذا سألتموهنّ متاعاً فاسئلوهنّ من ورآء حجاب﴾ . [الأحزاب :۵۳] . وقوله تعالى : ﴿يآيها النبي قل لأزواجك وبنٰتك ونسآء المؤمنين يدنين عليهنّ=

پرنٹنگ پریس میں ملازمت

مسئلہ (۴۳۸): اگر کوئی شخص پرنٹنگ پریس میں کام کرتا ہو، اور وہ اخباروں میں خبروں کے ساتھ بہت سی جاندار تصویریں بھی چھاپتا ہو، تو اس صورت میں ایسے شخص کے لیے جانداروں کی تصویروں کا چھاپنا، شائع کرنا، اور ایسی پریس میں ملازمت بھی ناجائز ہے، کیوں کہ ناجائز کاموں کی ملازمت بھی ناجائز ہوتی ہے [۱]، البتہ اگر جاندار کی تصویروں کے ساتھ دوسری جائز چیزیں بھی چھاپی جاتی ہوں، اور جائز چیزیں زیادہ ہوں، تو ایسی آمدنی پر حرام کا حکم نہیں لگایا جائے گا، پھر بھی بہتر یہی ہے کہ اس طرح کی ملازمت نہ کرے۔ [۲]

= من جلابيبهنّ﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۹)

ما في " مشكوة المصابيح " : " لعن الله الناظر والمنظور إليه " .

(ص/ ۲۷۰ ، باب النظر إلى المخطوبة)

ما في " جامع الترمذي " : عن النبي ﷺ قال : " المرأة عورة ، فإذا خرجت استشرفها الشيطان " . (۱/ ۲۲۱)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن جابر رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا يبيتنّ رجل عند امرأة ثيّب إلا أن يكون ناكحاً أو ذا محرم " .

(ص/ ۲۲۸ ، كتاب النكاح ، باب بيان العورات)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : كذلک يجوز للمرأة معاملة الرجال ببيع أو شراء أو إجارة أو غير ذلک . (۳۲/ ۲۳۸ ، اختلاط الرجال بالنساء)

(رد المحتار : ۵/ ۲۳۷ ، دار احياء التراث العربي ، الاختيار لتعليل المختار : ۴/ ۱۵۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وقالوا لا تذرُنَّ الهتكم ولا تذرُنَّ ودًّا ولا سُواعاً =

....

....

....

=ولا يغوثَ ويعوقَ ونسرًا﴾ . (سورة نوح : ۲۳)

ما في " بيان القرآن للتهانوي " : قوله تعالى : ﴿ولا تذرُنَّ ودًّا .. الخ﴾ لما كان هذا مآل اتخاذ صورهم مع إباحة نفس التصوير ، حينئذ دل على أن الاهتمام بحفظ آثار الصلحاء إذا اخيف منه مفسدة يجب تركه . (۲/۳۳ ، حاشية مسائل السلوک)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " :﴿لا تذرُنَّ الهتكم﴾ قلت : وبهذا المعنى فسر ما جاء في صحيح مسلم من حديث عائشة : أن أمّ حبيبة وأمّ سلمة ذكرتا كنيسةً رأينَها بالحبشة تسمى مارية ، فيها تصاوير لرسول الله ﷺ، فقال رسول الله ﷺ : " إن أولٓئک إذا كان فيهم الرجل الصالح فمات بنوا على قبره مسجداً ، وصوّروا فيه تلک الصور ، أولٓئک شرار الخلق عند اللّٰه يوم القيامة " . (۱۸/۳۰۸ ، سورة نوح)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن عائشة رضي اللّٰه عنها ، عن النبي ﷺ قال : يا عائشة ! "أشدّ الناس عذاباً يوم القيامة الذين يضاهئون بخلق اللّٰه تعالى " الحديث.(۲/۲۰۱ ، قديمي)

ما في " تكملة فتح الملهم " : (الذين يضاهون بخلق اللّٰه) المضاهاة : المشابهة ، والمراد الذين يصورون صور ذوي الأرواح ، فإنهم يدعون عملاً أنهم يخلقون صورهم ، والعياذ باللّٰه العظيم . (۱۰/۱۴۹ ، كتاب اللباس والزينة ، باب تحريم تصوير صورة الحيوان ، رقم الحديث :۵۴۹۴)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (لا تصح الإجارة لعسب التيس ..... ولا لأجل المعاصي مثل الغناء والنوح والملاهي) . در مختار . (۹/۶۴ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة ، كذا في الهداية : ۳/۳۰۳ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة)

ما في " العناية شرح الهداية " : (ولا يجوز الاستئجارة على الغناء والنوح ، وكذا سائر الملاهي) ..... فإنه لو استحقت به لكان وجوب ما يستحق المرء به عقاباً مضافاً إلى الشرع وهو باطل . (۵/۹ ۲۱) (جدید مسائل کا حل :ص/۱۷۱،فتاویٰ محمودیہ:۱۹/ ۴۷۸)

(۲) ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " الحكم على الغالب دون النادر " . (۲/۲۴ ۷)

بیئر بار اور میوزک ہاؤس میں ملازمت

مسئلہ (۴۳۹): اگر کسی شخص کی ملازمت ایسی جگہ پر ہو، جہاں گناہ کا کام ہوتا ہے، اور اس ملازم شخص کو بھی اس میں شریک ہونا پڑتا ہے، جیسے رقص، بیئر بار اور موسیقی وغیرہ کی جگہیں، تو اسے اس ملازمت کا ترک کرنا ضروری ہے، کیوں کہ اس طرح کی جگہوں پر ملازمت کرنا شرعاً ناجائز ہے، اور اس سے حاصل آمدنی بھی ناجائز ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿تعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . [المائدة : ۱] ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليضلّ عن سبيل الله بغير علم﴾ . (لقمٰن : ٦)

ما في " البحر المحيط " : الإثم المعاصي ، والعدوان التعدّي في حدود الله ، قاله عطاء ، وقيل : الإثم الكفر والعصيان ، والعدوان البدعة ، وقيل : الإثم الحكم اللاحق للجرائم ، والعدوان ظلم الناس ، وقال الزمخشري : الانتقام والتشفّي ، قال : ويجوز أن يراد العموم لكل إثم وعدوان . (۳/ ۵۹۰)

ما في " أحكام القرآن للتهانوي " : الآية على ما صح في تفسيره ، عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه ، حيث قال : هو واللهِ الغناء ، وروى الحسن أن لهو الحديث كل ما شغلک عن عبادة الله تعالى ، وذكره من السمر ، والأضاحيک ، والخرافات ، والغناء ونحوها . (۳/ ۲۰۴)

ما في " أحكام القرآن للتهانوي " : ثم هذا كله كلام على الغناء من حيث أنه غناء مع قطع النظر عما ينضم إليه ، من المنكرات والمعاصي عادة باجتماع أهل الهوى ، والسماع عن النساء ، والأجنبيات ، أو من الأمارد ، أو سماع ما يتضمن الحرام من الكلام كالتشبيب بامرأة مسماة معروفة حية ، أو كغيبة إنسان أو الإفتراء عليه والاستهزاء به ، وأمثال ذلک مما يحرم نثراً ونظماً وغناءً وبلا غناء ، فإن ذلک بمعزل عما نحن فيه ، فإنه حرام بإطباق النصوص ، وبإجماع المسلمين ، لا يختلف فيه مسلمان . (۳/ ۲۲٦)=

بینک کی ملازمت

مسئلہ (۴۴۰): بینک کی ملازمت کے سلسلے میں فقیہ عصر، شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی دامت برکاتہم العالیہ فرماتے ہیں:

''دراصل بینک کی ملازمت ناجائز ہونے کی دو وجہیں ہوسکتی ہیں، ایک وجہ یہ ہے کہ ملازمت میں سود وغیرہ کے ناجائز معاملات میں اِعانت ہے، دوسرے یہ کہ تنخواہ حرام مال سے ملنے کا احتمال ہے، ان میں سے پہلی وجہ یعنی حرام کاموں میں مدد کا جہاں تک تعلق ہے، شریعت میں مدد کے مختلف درجے ہیں، ہر درجہ حرام نہیں، بلکہ صرف وہ مدد ناجائز ہے جو براہِ راست حرام کام میں ہو، مثلاً سودی معاملہ کرنا، سود کا معاہدہ لکھنا، سود کی رقم وصول کرنا وغیرہ[1]، لیکن اگر براہِ راست سودی معاملے میں انسان کو ملوّث نہ ہونا پڑے، بلکہ اس کے کام کی نوعیت ایسی ہو جیسے ڈرائیور، چپراسی، یا جائز ریسرچ وغیرہ تو اس میں چونکہ براہِ راست مدد نہیں ہے، اس لیے اس کی گنجائش ہے، جہاں تک حرام مال سے تنخواہ ملنے کا تعلق ہے، اس کے بارے میں شریعت کا اُصول یہ ہے کہ اگر ایک مال حرام اور حلال سے مخلوط ہو اور حرام مال زیادہ ہو، تو اس سے تنخواہ یا ہدیہ لینا جائز نہیں، لیکن اگر حرام

=ما في " مشكوة المصابيح " : قال رسول الله ﷺ : " الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع " . (ص/ ۴۱۱)

ما في " نيل الأوطار " : وقال : " استماع الملاهي معصية ، والجلوس عليها فسق ، والتلذذ بها كفر " . (۸/ ۱۰۳) (فتاویٰ عثمانی:۳/ ۳۶۶، کتاب الاجارۃ)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " الإعانة على محظور محظور " . (۲/ ۶۴۴ ، قاعدة : ۲۰۳)=

مال کم ہوتو جائز ہے[۲]، بینک کی صورتِ حال یہ ہے کہ اس کا مجموعی مال کئی چیزوں سے مرکب ہوتا ہے: (۱) اصل سرمایہ، (۲) ڈپازیٹرز کے پیسے، (۳) سود اور حرام کاموں کی آمدنی، (۴) جائز خدمات کی آمدنی، اس سارے مجموعے میں صرف نمبر تین (سود اور حرام کاموں کی آمدنی) حرام ہے، باقی کو حرام نہیں کہا جا سکتا، اور چونکہ ہر بینک میں نمبر ایک (اصل سرمایہ) ونمبر دو (ڈپازیٹرز کے پیسے) کی اکثریت ہوتی ہے، اس لیے یہ نہیں کہہ سکتے کہ مجموعے میں حرام غالب ہے، لہٰذا کسی جائز کام کی تنخواہ اس سے وصول کی جاسکتی ہے۔ یہ بنیاد ہے جس کی بنا پر علماء نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ بینک کی ایسی ملازمت جس میں خود کوئی حرام کام کرنا نہ پڑتا ہو، جائز ہے، البتہ احتیاط اس میں ہے کہ اس سے بھی اجتناب کیا جائے۔"[۳]

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " الصحيح لمسلم " : عن جابر رضي الله عنه قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربا وموكله ، وكاتبه ، وشاهديه ، وقال : هم سواء " . (۲/۲۷ ، كتاب البيوع)

(مشكوة المصابيح :ص/۲۴۴ ، باب الربوا ، الفصل الأول ، قديمي)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : هذا تصريح بتحريم كتابة المبايعة بين المترابيين والشهادة عليهما ، وفيه تحريم الإعانة على الباطل . (۲/۲۷)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا يجوز قبول هدية أمراء الجور ، لأن الغالب في مالهم الحرمة إلا إذا علم أن أكثر ماله حلال بأن كان صاحب تجارة أو زرع فلا بأس به ، لأن أموال الناس لا تخلو عن قليل حرام فالمعتبر الغالب ، وكذا أكل طعامهم ... آكل الربوا وكاسب الحرام أهدى إليه أو أضافه وغالب ماله حرام لا يقبل ولا يأكل ما لم يخبره أن ذلك المال أصله حلال ورثه أو استقرضه وإن كان غالب ماله حلالا لا بأس بقبول هديته والأكل منها ... الخ . (۵/۳۴۲ ، ۳۴۳)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : طلب الحلال فرض على كل مسلم ، وقد أمر الله تعالى=

انٹرنیٹ کیفے میں ملازمت

مسئلہ (۴۴۱): ملازم کی ذمہ داری اگر انٹرنیٹ پر غلط اور ناجائز امور کو انجام دینے کی ہے، تو اُس کے لیے اِس ملازمت کو اختیار کرنا جائز نہیں ہے [۱]، اور اگر صحیح اور اُمورِ مباحہ کو انجام دینے کی ذمہ داری ہے، تو جائز ہے۔ [۲]

= بالأكل من الطيبات ، فقال سبحانه وتعالى : ﴿يٰٓأيها الذين اٰمنوا كلوا من طيّبٰت مما رزقنكم﴾. (۲۴۴/۳۴ ، و ۴۰۷/۳۹ ، رد المحتار : ۲۲۳/۷ ، السير الكبير : ۴/۴ ، الفتاوى الهندية : ۳۴۹/۵ ، المحيط البرهاني : ۹۷/۶) (فتاویٰ عثمانی:۳/ ۳۹۵،۳۹۶،کتاب الاجارہ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط للسرخسي " : ولا تجوز الإجارة على شيء من الغناء والنوح والمزامير ، لأنه معصية والاستيجار على المعاصي باطل . (۱۶/ ۳۷ ، ۳۸)

ما في " رد المحتار " : (لا تصح الإجارة لعسب التيس) ولا لأجل المعاصی مثل الغناء كالمزامير والطبل . (۶۴/۹، الاستيجار على المعاصي ، البحر الرائق :۳۴/۸)

(۲) ما في " رد المحتار " : وإذا كان الطبل لغير اللهو فلا بأس به . (۶۴/۹)

ما في " بدائع الصنائع " : وتجوز الإجارة للحجامة وأخذ الأجرة عليها لأن الحجامة أمر مباح . (۴۲/۴)

غیر مسلموں کے تہواروں میں منڈپ کرایہ پر دینا

مسئلہ (۴۴۲): کسی بھی مسلمان شخص کا غیر مسلموں کے تہواروں؛ گنیش وِسرجن دیوالی یا ہولی وغیرہ میں، منڈپ، یا اپنی گاڑی وغیرہ کا کرایہ پر دینا، یہ جانتے ہوئے کہ- اپنا منڈپ وغیرہ کرایہ پر دینے میں اُن کے تہواروں کو پختگی دینا ہے- اعانت علی المعصیت اور رضا بالکفر والشرک- میں داخل ہونے کی وجہ سے ممنوع ہے [۱]، نیز کرایہ داری کا یہ معاملہ اجارۂ فاسدہ ہے [۲]، اور اس سے حاصل ہونے والی آمدنی شرعاً ناجائز ہے، لہٰذا اس آمدنی کو فقراء وغرباء پر صدقہ کردے [۳]، اور اگر کرایہ داری کا یہ معاملہ عدمِ واقفیت کی وجہ سے کیا ہے، تو توبہ واستغفار کرلے۔ [۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۱)

ما في " روح المعاني " : (ولا تعاونوا) فيعم النهى كل ما هو من مقولة الظلم والمعاصى ويندرج فيه النهي عن التعاون على الإعتداء والإنتقام ، وعن ابن عباس .... فسر الإثم بترک ما أمرهم به وارتكاب ما نهاهم عنه والعدوان بمجاوزة ما حده سبحانه لعباده فى دينهم وفرضه عليهم . (۸۵/۱) (کتاب الفتاویٰ:۴۰۶/۵)

ما في " الفتاوى الهندية " : ذمي سأل مسلماً على طريق البيعة لا ينبغى للمسلم أن يدله على ذلک لأنه إعانة على المعصية . (۲۵۰/۲ ، کتاب السير ، الباب الثامن فى الجزية)

ما في " الفتاوى الهندية " : إن رضى بكفر غيره ليعذب على الخلود لا يكفر ، وإن رضي بكفره ليقول في الله ما لا يليق بصفاته يكفر . وعليه الفتوىٰ . (۲۵۷/۲ ، کتاب السير ، موجبات الكفر أنواع)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (لاتصح الإجارة ...) ..... (و) لا لأجل المعاصي ، مثل (الغناء والنوح والملاهي) . (در مختار) . وفي الشامية : قال العلامة ابن عابدين =

فیکٹری میں ملازمت

مسئلہ (۴۴۳): جس فیکٹری وکمپنی کا کاروبار حلال ہے، اس میں ملازمت کرنا درست ہے[1]، لیکن اگر وہ فیکٹری وکمپنی حرام اشیاء کا کاروبار کرتی ہو، یا حرام اشیاء مثلاً: شراب، بیئر وغیرہ کی تشہیر کرتی ہو، تو اس میں ملازمت کرنا شرعاً درست نہیں، کیوں کہ اجارہ علی المعصیت (گناہ کے کام پر اجارہ) یا تعاوُن علی المعصیت (گناہ کے کام پر ایک دوسرے کی مدد) دونوں منع ہیں۔[2]

=الشامي رحمه الله : قوله : (الملاهي) كالمزامير والطبل . (۹/۶۴، في الاستيجار على المعاصي)

(۳) ما في " رد المحتار " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم ، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ويتصدق به بنية صاحبه . (۷/۲۲۳، مطلب فيمن ورث مالاً حراما)

(۴) ما في " شرح الفقه الأكبر " : اعلم أن من أراد أن يكون مسلماً عند جميع طوائف الإسلام فعليه أن يتوب من جميع الآثام صغيرها وكبيرها سواء ما يتعلق بالأعمال الظاهرة أو بالأخلاق الباطنة ، ثم يجب عليه أن يحفظ نفسه فى الأقوال والأفعال والأحوال من الوقوع فى الإرتداد ، نعوذ باللّٰه من ذلک فإنه مبطل للأعمال وسوء خاتمة المال . (ص/۱۶۱، بحث التوبة ، مكتبه حقانيه)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : ثالثاً : ويشترط أن تكون المنفعة مباحة الاستيفاء ، وليست طاعة مطلوبة ، ولا معصية ممنوعة . (۱/۲۶۰)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن أنس قال : " لعن رسول اللّٰه ﷺ فى الخمر عشرة ؛ عاصرها ، ومعتصرها ، والمعصورة له ، وحاملها ، والمحمولة له ، وبائعها ، والمبيوعة له ، وساقيها ، والمستقاة له ، حتى عدّ عشرة من هذا الضرب " .

(ص/۲۴۲ ، كتاب الأشربة ، باب لعنت الخمر على عشرة أوجه)

(فتاوی محمودیہ:۱۶/۵۶۰، ۵۶۱، فتاوی رحیمیہ:۹/۲۲۱)

ٹھیکیداری کا پیشہ

مسئلہ (۴۴۴): حکومت، کسی ادارے، یا کسی فرد نے کسی شخص کو کسی کام کا ٹھیکہ دیا، اوراس کی تمام تفصیلات بھی طے کی گئیں، مثلاً ایک اسکول بنانا ہے، جس کا طول وعرض یہ ہوگا، اور تعمیری کام میں استعمال ہونے والا سامان اس کوالٹی کا ہوگا وغیرہ، اور ٹھیکیدار اس کو منظور کرلے، کہ میں اتنے روپئے لے کر یہ کام کردوں گا، تو یہ عقد اجارہ (ٹھیکیداری کا معاملہ) درست ہے [1]، اور ٹھیکیدار پر لازم ہے کہ طے شدہ تفصیلات کے مطابق کام کو مکمل کرکے دیدے، خواہ اس میں روپیہ برابر خرچ ہو، یا کم زیادہ خرچ ہو، اور سب درست ہے، کوئی مکان تعمیر کرانا ہو یا سڑک بنوانا ہو، سب کا یہی حال ہے [2]، البتہ نفع خوری کے جذبے سے طے شدہ تفصیلات کے مطابق کام کرکے نہ دینا، اور ٹھیکے کی رقم کو زیادہ سے زیادہ پس انداز کرنے کی کوشش کرنا شرعاً جائز و درست نہیں ہے، اور نہ ہی اس طرح کی رقم جائز و حلال ہوگی۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " النتف في الفتاوى " : واعلم أن صحة الإجارة متعلقة بشيئين : إعلام الأجر وإعلام العمل .
(ص/۳۳۸ ، كتاب الإجارة) (فتاوی محمودیہ:۱۶/۱۷۵،۲۷۵،کراچی)

ما في " النتف في التفاوى " : والإجارة لا تخلو من وجهين : إما أن تقع على وقت معلوم أو على عمل معلوم ، فإن وقعت على عمل معلوم فلا تجب الأجرة إلا بإتمام العمل إذا كان العمل مما لا يصلح أوله إلا بآخره وإن كان يصلح أوله دون آخره فتجب الأجرة بمقدار ما عمل . (ص/۳۳۸ ، كتاب الإجارة)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : استأجر ليبني له حائطاً بالآجر والجص وعلم طوله وعرضه جاز ...... ولو استأجر لحفر البئر إن لم يبين الطول والعرض والعمق جاز استحساناً ، ويؤخذ بوسط ما يعمله الناس . كذا في الوجيز للكردري . (۴/۴۵۱)

گانے کا پیشہ

مسئلہ(۴۴۵): گانے کا پیشہ بہر صورت ممنوع ہے، اگر اشعار کے مضامین خلافِ شرع ہوں، اور ساتھ ہی آلاتِ لہو کا بھی استعمال ہو، تو ایسے گانوں کا سننا اور سنانا دونوں ناجائز وحرام ہے، اور اس پر ملنے والی اجرت بھی حرام ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليُضلّ عن سبيل الله بغير علم﴾ . (لقمٰن : ٦)

ما في " أحكام القرآن للتهانوي " : الآية على ما صح في تفسيره عن عبد الله بن مسعود حيث قال : هو والله الغناء ، وروى الحسن أن لهو الحديث كل ما شغلک عن عبادة الله تعالى ، وذكره من السمر والأضاحيک والخرافات والغناء ونحوها . (۲۰۴/۳)

وما في " أحكام القرآن للتهانوي " : ثم هذا كله كلام على الغناء ، من حيث أنه غناء مع قطع النظر عما ينضم إليه ، من المنكرات والمعاصي عادة باجتماع أهل الهوى والسماع عن النساء والأجنبيات ، أو من الأمارد أو سماع ما يتضمن الحرام من الكلام كالتشبيب بامرأة مسماة معروفة حية أو كغيبة إنسان ، أو الافتراء عليه والاستهزاء به ، وأمثال ذلک مما يحرم نثراً ونظماً وغناء وبلا غناء ، فإن ذلک بمعزل عما نحن فيه ، فإنه حرام باطباق النصوص وبإجماع المسلمين لا يختلف فيه مسلمان . (۲۲٦/۳)

ما في " مشكوة المصابيح " : قال رسول الله ﷺ : " الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع " . (ص/۴۱۱)

ما في " الموسوعة الفقهية " : من شروط الإجارة ، أن تكون المنفعة المعقود عليها مباحة شرعاً ، وبناء على ذلک فإن الاستئجار للغناء المحرم والنوح لا يجوز ، لأنه استئجار على معصية ، والمعصية تستحق بالعقد . (۲۹٦/۳۱)

ما في " حاشية الشلبي على تبيين الحقائق " : (ولا يجوز على الغناء والنوح والملاهي) قال شيخ الإسلام علاء الدين الإسبيجابي في " شرح الكافي " : ولا تجوز الإجارة على شيء=

وکالت کا پیشہ

مسئلہ (۴۴۶): دورِ حاضر میں وکالت کا پیشہ چوں کہ جھوٹ، فریب اور چرب لسانی کا ذریعہ ہوتا ہے، اورحق و باطل میں کوئی لحاظ باقی نہیں رہتا، لہٰذا وکالت کا پیشہ ترک کرکےاورکوئی حلال روزی تلاش کرنا چاہیے[1]، ہاں! اگراس بات کا التزام ہوکہ جوحق پر ہوگا اسی کی وکالت کرے گا، اورخودکواس پر پورا اطمینان بھی ہو، تو پھر پیشۂ وکالت جائز ہے، اوروکیل اس صورت میں متعینہ اجرت کا حق دار ہوگا۔[2]

= من الغناء والنوح والمزامير والطبل وشيء من اللّهو ولا على الحداء وقراء ة الشعر ولا غيره ، ولا أجر في ذلک ، وهذا كله قول أبي حنيفة وأبي يوسف ومحمد رحمهم اللّٰه تعالى لأنه معصية ولهو ولعب ، والاستئجار على المعاصي واللعب لا يجوز ، لأنه منهي عنه .

(۱۱۸/٦ ، الفتاوى الهندية : ۴/۴۴۹)

(جامع الفتاوی:۴/۱۲،فتاوی محمودیہ:۱۷/۱۱۱،قوالی اوراس کی آمدنی،کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على عدم جواز التوكيل في المعاصي كالجنايات مثل : القتل والسرقة والغصب والقذف ونحو ذلک ، لأن هذه الأفعال محرمة فلا يصح فعلها من المؤكل ولا من الوكيل .

(۴۵/۳۱ ، الأمور التي لا يصح التوكيل فيها ، ثالثا : المعاصي ، وكالة)

(۲) ما في " جمع الجوامع " : قال رسول اللّٰه ﷺ :" آجرت نفسي من خديجة سفرتين بقلوص" . (۱/۲۳ ، رقم :۳ ، الهمزة مع الألف ، السنن الكبرى للبيهقي : ۱۹۵/٦ ، الإجارة ، باب جواز الإجارة ، رقم :۱۱٦۴۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۷٦ ، كتاب الرهون ، باب أجر الأجراء ، رقم :۲۴۴۳ ، أعطوا الأجير أجره . الخ)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة رضي اللّٰه تعالى عنه ، عن النبي ﷺ قال : " ما بعث اللّٰه نبياً إلا رعى الغنم ، فقال أصحابه : وأنت ؟ فقال : نعم ، كنت أرعى على قراريط=

....

....

....

....

....

....

= **لأهل مكة " . (ص/ ۱ ۳۹ ، كتاب الإجارة ، باب رعي الغنم على قراريط ، رقم :۲۲۶۲)**

ما في " مرقاة المفاتيح " : (أرعى على قراريط) جمع قيراط ، وهو نصف دانق ، وهو سدس درهم (لأهل مكة) أي استأجرني أهل مكة على رعي الغنم كل يوم بقيراط .

(۱۶۱/۶ ، كتاب البيوع ، باب الإجارة ، رقم الحديث :۲۹۸۴)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الوكالة بأجر تصح الوكالة بأجر وبغير أجر ، لأن النبي ﷺ كان يبعث عماله لقبض الصدقات ، ويجعل لهم عمولة ، ولهذا قال له ابناء عمه : " لو بعثتنا على هذه الصدقات فنؤدي إليک ما يؤدي الناس ، ونُصيب ما يصيبه الناس " . أي العمولة ، لأن الوكالة عقد جائز لا يجب على الوكيل القيام بها ، فيجوز أخذ الأجرة فيها ، بخلاف الشهادة ، فإنها فرض يجب على الشاهد أدائها ...... وإذا كانت الوكالة بأجر أي (بجعل) فحكمها حكم الإجارات ، فيستحق الوكيل الجُعل بتسليم ما وكل فيه إلى المؤكل ...... فله الأجر . (۱۹۱/۵ ، ۱۹۲ ، الفصل التاسع الوكالة ، الوكالة بأجر)

(جدید مسائل کا حل:ص/۵۸۶، امداد الفتاوی:۳/ ۳۱۹، جدید معاملات کے شرعی احکام:۱/ ۲۲۸)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : والدليل على جواز التوكيل بالخصومة هو حاجة الناس، إذ ليس كل أحد يهتدي إلى وجوه الخصومات، وقد صح أن علياً وكل عقيلاً عند أبي بكر رضي الله عنهم ، وبعدما أسن وكل عبد الله بن جعفر عند عثمان رضي الله عنهما، وقال: إن للخصومة قُحَماً وإن الشيطان ليحضرها وإني لأكره أن أحضرها . (۴۰۷۲/۵)

وفيه أيضاً: الأصل في الوكالة الإباحة ، وقد تصبح مندوبة إن كانت إعانة على مندوب، وقد تصير مكروهة إن أعانت على مكروه، وقد تكون حراماً إن أعانت على حرام ، وقد تكون واجبة إن دفعت ضرراً عن الموكل . (۴۰۶۱/۵)

تاڑ اور کھجور کے درخت اجارہ پر لینا

مسئلہ (۴۴۷): تاڑ اور کھجور کے درختوں کو کرایہ پر دینا تاکہ کرایہ پر لینے والا شخص اس سے تاڑی نکالے، شرعاً جائز ودرست نہیں، کیوں کہ یہ اجارہ استہلاکِ عین پر ہوا، نہ کہ استہلاکِ منافع پر، جب کہ اجارہ استہلاکِ منافع پر ہوتا ہے، نہ کہ استہلاکِ عین پر، نیز یہ معاملہ بیع بھی نہیں، کیوں کہ صحتِ بیع کے لیے مبیع کا مقدور التسلیم ہونا ضروری ہے، جب کہ مذکورہ صورت میں مبیع مقدور التسلیم نہیں ہے، بلکہ بعض صورتوں میں موجود بھی نہیں۔ لہٰذا اِس معاملے سے بچنا ضروری ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وإنما لا يصح استئجار الأشجار أيضاً لما مرّ أنها تمليك منفعة .

(۹/ ۱۰ ، دار الكتاب ديوبند)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا تجوز إجارة الشجر على أن الثمر للمستأجر .

(۴/ ۴۴۲ ، كتاب الإجارة ، الباب الخامس عشر في بيان ما يجوز من الإجارة وما لا يجوز)

ما في " المحيط البرهاني " : وإذا اشترى ثمرة في نخل ، ثم استأجر النخل مدة لتنقيتها فيها لم يجز ، لأنها ليست من إجارات الناس .

(۹/ ۱۸۵ ، كتاب الإجارة ، الفصل الخامس عشر : في بيان ما يجوز من الإجارات وما لا يجوز)

(امداد الفتاویٰ: ۳/ ۳۸۷، کتاب الاجارہ)

ہارمونیم کی تجارت

مسئلہ(۴۴۸): ہارمونیم گانے بجانے کا آلہ ہے، اس کی تجارت کرنا تعاون علی الاثم کی بنا پر مکروہ ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما في " التفسير لإبن كثير " : يأمر الله تعالى عباده المؤمنين بالمعاونة على فعل الخيرات وهو البر ، وترك المنكرات وهو التقوى ، وينهاهم عن التناصر على الباطل والتعاون على المآثم والمحارم . (۱/۴۷۸ ، سورة المائدة)

ما في " رد المحتار " : ويكره تحريماً بيع السلاح من أهل الفتنة إن علم ، لأنه إعانة على ا لمعصية ، وبيع ما يتخذ منه كالحديد ونحوه . " الدر المختار " . وفي الشامية : قوله : لأنه إعانة على المعصية ، لأنه يقاتل بعينه بخلاف ما لا يقاتل به ، إلا بصنعة تحدث فيه كالحديد ، ونظيره كراهة بيع المعازف ، لأن المعصية تقام بها عينها، ولا يكره بيع الخشب المتخذة هي منه . (۶/۳۲۳ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة) (فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۱۲۸)

ما في " النهر الفائق " : وكره بيع السلاح من أهل الفتنة ...... لأنه إعانة على المعصية .... وعرف بهذا أنه لا يكره بيع ما لم تقم المعصية به ، كبيع الجارية المغنية .

(۳/۳۶۸ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة)

ما في " البحر الرائق " : وكره بيع السلاح من أهل الفتنة ، لأنه إعانة على المعصية قيد بالسلاح ، لأن بيع ما يتخذ منه السلاح كالحديد ونحوه لا يكره . (۵/۲۴۰ ، باب البغاة)

ما في " الهداية " : ويكره بيع السلاح من أهل الفتنة وفي عساكرهم ، لأنه إعانة على المعصية .... وإنما يكره بيع نفس السلاح لا بيع ما لا يقاتل به إلا بصنعة ، ألا ترى أنه يكره بيع المعازف ، ولا يكره بيع الخشب . (۲/۶۱۱ ، كتاب السير ، باب البغاة)

جانور ذبح کرنے کی اجرت

مسئلہ (۴۴۹): اگر کسی شہر میں قصاب لوگ از خود کسی جانور کو ذبح نہ کرتے ہوں، بلکہ کسی دیندار مسلم کو بلوا کر ذبح کراتے ہوں، اور پھر اسے ذبح کرنے کی اجرت دیتے ہوں، تو اس شخص کا ذبح کرنے کی اجرت لینا شرعاً جائز ہے۔(۱)

ٹیکسی اور رِکشا کا کرایہ میٹر کے حساب سے لینا

مسئلہ (۴۵۰): مسافر کا بغیر کرایہ متعین کیے ہوئے ٹیکسی یا رِکشا وغیرہ کو میٹر کے مطابق کرایہ پر لینا جائز ہے، کیوں کہ یہ بیعِ تعاطی ہی کی ایک صورت ہے، جو بر بنائے عرف واستحسان جائز ہے، لیکن رِکشا مالک کا منزل پر پہنچنے کے بعد میٹر کے حساب سے زائد پیسے مانگنا جائز نہیں، کیوں کہ یہ معاہدہ کے خلاف ہے۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ويجوز الاستيجار على الذكاة لأن المقصود منها قطع الأوداج دون إفاتة الروح ، وذلک يقدر عليه .... كذا فى السراج الوهاج .
(۴/۴۵۴ ، كتاب الإجارة ، فصل فى المتفرقات)

ما في " الفتاوى الولوالجية " : ولو استأجر لاستيفاء قصاص له في الطرف جاز بالإجماع ، وعند محمد من له القصاص في النفس أو الطرف إذا استأجر انساناً يستوفي القصاص جاز ، هو يقول : الإجارة وقعت على عمل معلوم فى وسع الأجير إيفاؤه ببدل معلوم فيجوز قياساً على ما لو استأجر للذبح أو لقطع الطرف قصاصاً . (۳/۳۳۸ ، كتاب الإجارة ، الفصل الأول، بدائع الصنائع : ۴/۳۲) (فتاوی محمودیہ:۱۶/۵۶۲،۵۶۳، کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : التعاطي في البيع ..... أن يأخذ المشتري المبيع =

گائے پالنے کے لیے دینا

مسئلہ (۴۵۱): اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو ایک گائے اس شرط پر پالنے کے لیے دے کہ تم اس کو ایک سال تک پالو، ایک سال تک اس کا دودھ تمہارا ہوگا، اور گائے اور بچے میرے ہوں گے، اس طرح کا اجارہ، اجارۂ فاسدہ کہلاتا ہے، گائے، دودھ اور بچے سب مالک ہی کے ہوں گے، اور شخص آخر کو محض اجرتِ مثل ملے گی، اس لیے کہ اجارۂ فاسدہ میں مستأجر کو اجرتِ مثل ملتی ہے۔[1]

=ویدفع للبائع الثمن ، أو یدفع البائع المبیع فیدفع له الآخر الثمن ، من غیر تکلم ولا إشارة ، ویکون التعاطي فی البیع وغیره من المعاوضات ، اختلف الفقهاء في انعقاد البیع بالتعاطي ، فذهب الحنفیة والمالیکة والحنابلة ، وفي قول للشافعیة إلی جواز البیع بالتعاطي ، ...... وقال ابن قدامة في الاستدلال المشروعیة بیع التعاطي : إن الله أحل البیع ، ولم یبین کیفیته ، فوجب الرجوع فیه إلی العرف ، ...... جوزها الحنفیة والمالکیة والحنابلة ، الإجازة بالتعاطي ، وقالوا : إنما هي کالبیع ، وقد اقتصرت علی المنافع دون العین ، ...... وقال ابن عابدین : وفي التاتارخانیة أن أبا یوسف سئل عن الرجل یدخل السفینة أو یحتجم أو یفتصد أو یدخل الحمام أو یشرب من ماء السقاء ثم یدفع الأجرة وثمن الماء ، فقال : یجوز استحساناً ولا یحتاج إلی العقد قبل ذلک . (۱۲/۱۹۸، ۱۹۹، ۲۰۰)

ما في " جمهرة القواعد الفقهیة " : المسلمون عند شروطهم . (۱/۱۷۲، للدکتور علي أحمد الندوي) (احسن الفتاوی:۸/۹۰، جامع الفتاوی:۶/ ۴۷۵، آپ کے مسائل اوران کاحل:۶/۱۹۴)

(فقہی مقالات:۳/۲۲۴-۲۶۰، مالی معاملات پرغرر کے اثرات:ص/۸۹)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحیح البخاري " : عن عبد الله بن عمر قال : سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول : " انطلق ثلاثة رهط ممن کان قبلکم ، حتی آووا المبیت إلی غار فدخلوه ، فانحدرت صخرة من الجبل ، فسدّت علیهم الغار ، فقالوا : إنه لا ینجیکم من هذه الصخرة إلا أن تدعو =

....

....

....

=الله بصالح أعمالكم .... وقال الثالث : اللّهم إني استأجرت أجراء فأعطيتهم أجرهم ، غير رجل واحد ترک الذي له وذهب، فثمرت أجره حتى كثرت منه الأموال ، فجاء ني بعد حين ، فقال : يا عبد الله ! أدِّ إلي أجري ، فقلت له : كل ما ترى من أجرک ، من الإبل والبقر والغنم والرقيق ، فقال : يا عبد الله ! لا تستهزئ بي ، فقلت : لا أستهزئ بک ، فأخذه كله فاستاقه فلم يترک منه شيئاً " . الحديث . (ص/۳۹۳ ، كتاب الإجارة ، باب من استأجر أجيراً فترک أجره ، فعمل فيه المستأجر فزاد)

ما في " رد المحتار " :وعلى هذا دفع البقرة بالعلف ليكون الحادث بينهما نصفين ، فما حدث فهو لصاحب البقرة ، والآخر مثل علفه وأجر مثله . " تاتارخانية " .

(۳۹۵/۶ ، كتاب الشركة ، مطلب يرجح القياس)

ما في " فتاوى قاضي خان " : رجل أخذ من رجل بقرة على أن ما يحصل من لبنها من المصل والسمن والرائب يكون بينهما ، لا يجوز ، وما اتخذ المدفوع إليه من لبنها من المصل والسمن يكون له لانقطاع حق المالک عن ذلک ، وعلى المدفوع إليه مثل ما أخذ من ألبان البقرة ، لأن اللبن مثلي ، وعلى مالک البقرة قيمة علفها .

(۲۲/۳ ، كتاب الإجارات ، باب الإجارة الفاسدة)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وفي " فتاوى آهو" : قال القاضي بديع الدين : أعطى بقرة على أن يكون اللبن والسمن بينهما ؟ قال : الشركة فاسدة ، وكذلک لو قال : لبنها وما يحدث من ضرعها لک ، وتعاهدها علفها عليک ، فهي فاسدة ...... وعلى هذا إذا دفع الدجاجة إلى رجل بالعلف ليكون البيض بينهما نصفان .

(۴۵۶/۵ ، كتاب الشركة بالأعمال ، كذا في المحيط البرهاني : ۴۱۴/۶ ، كتاب الشركة، الفصل السادس في الشركة بالأعمال ، الفتاوى الهندية : ۳۳۵/۲ ، كتاب الشركة ، الباب الخامس في الشركة الفاسدة) (جدید مسائل کا حل:ص/ ۲۴۷،فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۵۹۷،۵۹۸،کراچی)

اجرت سے زائد رقم دینا

مسئلہ (۴۵۲): بعض مرتبہ انسان اپنے کسی ملازم، نوکر یا کسی اور کام کے واسطے لیے گئے آدمی کو اس کی اجرت سے زائد رقم دیتا ہے، جسے بخشش یا اوپر کی آمدنی کہا جاتا ہے، شرعاً اس کا دینا لینا جائز، بلکہ مستحب ہے[1]، لیکن لینے والوں کو اپنے مقررہ معاوضہ سے زیادہ کی طمع اور حرص نہیں ہونی چاہیے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط " : اعلم بأن الهبة عقد جائز ثبت جوازه بالكتاب والسنة ، أما الكتاب فقوله تعالى : ﴿فإن طبن لكم عن شيء منه نفساً فكلوه هنيئاً مريئاً﴾ . [النساء :۴] وإباحة الأكل بطريق الهبة دليل جواز الهبة ، والسنة حديث أبي هريرة أن النبي ﷺ قال : " الواهب أحق بهبته ما لم يثبت منها ، ولأنه من باب الإحسان واكتساب سبب التودّد بين الأخوان وكل ذلک مندوب إليه بعد الإيمان وإليه أشار رسول الله ﷺ بقوله : " تهادوا تحابوا ".
(۵۶/۱۲ ، كتاب الهبة)

ما في " مجمع الأنهر " : (هي) لغة تفضل على الغير ، ولو غير مال ويتعدى بنفسه ...... وشرعاً : (تمليک عين) حالاً ولو هازلاً أو مازحاً (بلا) .... (عوض) ..... وأفاد أنها تصح بالتعاطى فإن سببها الثواب الدنيوي كالعوض والثناء أو الأخروي كالنعيم المخلد كما فى النهاية وغيرها . (۴۸۹/۳ ، كتاب الهبة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (هي) لغة : التفضل على الغير ولو غير مال . وشرعًا : (تمليک العين مجانا) أي بلا عوض ، .... (وسببها : إرادة الخير للواهب) دنيوي كعوض ومحبة وحسن ثناء . وأخروي ، قال الإمام أبو منصور : يجب على المؤمن أن يعلم ولده الجود والإحسان كما يجب عليه أن يعلمه التوحيد والإيمان ، إذ حبّ الدنيا رأس كل خطيئة . نهاية مندوبة . وقبولها سنة . قال ﷺ : " تَهَادَوْا تَحَابُّوْا ".
(۴۸۸/۸ ، ۴۸۹ ، كتاب الهبة ، بيروت) (آپ کے مسائل اوران کا حل:۱۹۱/۶، قدیم)=

سفارشات پر اجرت

مسئلہ (۴۵۳): کسی کی سفارش پر اجرت لینا جائز نہیں ہے[1]، نیز لی ہوئی اجرت کسی نیک کام میں استعمال کرنا بھی جائز نہیں ہے، بلکہ اس مال کو اصل مالک کی طرف لوٹانا ضروری ہے، اگر وہ معلوم ہو، ورنہ صاحبِ مال کی طرف سے صدقہ کی نیت کر کے؛ صدقہ کر دے۔[2]

=ما في " الفتاوى الهندية " : ولو وهب المستأجر من الآجر ..... جاز ..... وكذا في محيط السرخسي . (۴/۳۷۷ ، كتاب الهبة ، الباب الثاني فيما يجوز من الهبة)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تفسير الكشّاف " : ﴿من يشفع شفعة حسنة يكن له نصيب منها﴾ . الشفاعة الحسنة ؛ هي التي روعى بها حق مسلم ، ودفع بها شر أو جلب إليه خير وابتغى بها وجه الله ولم توخذ عليها رشوة وكانت فى أمر جائز لا فى حد من حدود الله ولا فى حق من الحقوق ..... وعن مسروق أنه شفع شفاعة فأهدى إليه المشفوع جارية فغضب وردها . (۱/۵۳۲)

ما في " بذل المجهود في حل سنن أبي داود " : عن أبي أمامة رضي الله تعالى عنه ، عن النبي ﷺ قال : " من شفع لأخيه شفاعة فاهدى له هدية عليها فقبلها ، فقد أتى بابا عظيماً من أبواب الربوا " . وفي حاشيته : وذلک لأن الشفاعة الحسنة مندوب إليها ، وقد تكون واجبة فأخذ الهدية عليها يضيع أجرها كما أن الربوا يضيع الحلال .

(۱۱/۲۶۸ ، كتاب البيوع ، باب فى الهدية بقضاء الحاجة)

(۲) ما في " رد المحتار " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب ردّه عليهم ، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ويتصدق به بنية صاحبه . (۷/۳۰۱) (فتاوی محمودیہ:۱۸/۴۵۹،کراچی)

ویٹر کو بخشش دینا

مسئلہ (۴۵۴): ایک شخص کسی دوکان، یا ہوٹل وغیرہ میں ملازم ہے، مالک دوکان یا ہوٹل اس کو تنخواہ بھی دیتا ہے، لیکن کچھ گاہک ایسے ہوتے ہیں جو ملازم، ویٹر کی کارکردگی سے خوش ہوکر اسے (ٹِپ) یعنی بخشش کے نام سے کچھ رقم دیتے ہیں، تو ملازم کا اس بخشش کا لینا حلال ہے، مگر اس کو حق سمجھنا، اس کا مطالبہ کرنا، اور جو نہ دے اس کو حقیر سمجھنا جائز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الجائزة : العطية إذا كانت على سبيل الإكرام ، يقال : أجازه ، أى أعطاه جائزة والجمع جوائز ، وقريب منها التحفة فهى ما اتحفته غيرک من البر ، .... أن الجائزة بلا مقابل ولا تعاقد ولا علم بها . (۱۵/۷۶)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : (العطية التي أعطيت للخدمة من الخارج لا تحسب من الأجرة) .... مثلاً لو استأجر أحد خادماً على أن يعطيه فى الشهر كذا غرشاً ووهب أحد الناس ذلک الخادم فى أيام عيد أو غيره مقداراً من الدراهم وسلمها له أصبحت تلک الدراهم الموهوبة مالاً للخادم وليس لسيده أن يقول : (إن تلک الهبة لي لكونه في خدمتي ولذلک فلي أن أحسبها من أجرته) . (۱/۶۵۳ ، المادة :۵۶۷ ، إجارة الآدمي)

مجرم کو پکڑنے پر انعام رکھنا

مسئلہ (۴۵۵): آج کل حکومتیں کسی بڑے مجرم کو پکڑنے کے لیے اخباروں میں ان کی تصویروں کے ساتھ اشتہار دیتی ہے؛ کہ جو شخص اس مجرم کو پکڑ کر لائے گا، اسے اتنا اتنا انعام ملے گا، شرعاً یہ عقدِ جعالہ کی ایک جدید صورت ہے، جس میں اجرت عامل کے نتیجۂ عمل پر ہوتی ہے، لہٰذا اس طرح کا معاملہ بر بنائے استحسان جائز ہے۔[1]

گم شدہ چیز پہنچانے پر انعام کا اعلان

مسئلہ (۴۵۶): کسی شخص نے اعلان کیا کہ جو شخص میرے گمشدہ سامان کو فلاں جگہ پہنچا دے گا میں اسے اتنا انعام دوں گا، اور کسی بھی شخص نے اس کے سامان کو مطلوبہ جگہ پر پہنچا دیا، تو احناف کے نزدیک وہ انعام کا مستحق نہیں ہوگا[2]،

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الجعالة لغة ؛ هي ما يجعل لإنسان على فعل شيء أو ما يعطاه الإنسان على أمر فعله ، تسمى عند القانونين الوعد بالجائزة ، ..... وإنما أجازوا أى الحنفية فقط استحساناً دفع الجعل لمن يرد العبد الآبق ..... وتجوز الجعالة شرعاً عند المالكية والشافعية والحنابلة ، بدليل قوله تعالىٰ فى قصة يوسف مع إخوته : ﴿قالوا نفقد صُواع الملک ولمن جآء به حمل بعير وأنا به زعيم﴾ . (۵/۳۸۶۴ – ۳۸۶۶ ، الفصل الرابع الجعالة أو الوعد بالجائزة) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۱۳۵)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن المعقول أن حاجة الناس قد تدعو إليها لرد مال ضائع أو عمل لا يقدر عليه الجاعل ولا يجد ممن يتطوع به . (۱۵/ ۲۰۹)=

اور ائمۂ ثلاثہ (امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ) کے نزدیک انعام کا مستحق ہوگا[۳]، اور ''اسلامی قانونِ اجارہ'' میں ہے کہ یہ عقد موجودہ زمانہ میں بکثرت ہوتا ہے، اس لیے عمومِ بلویٰ کے پیشِ نظر فقہائے ثلاثہ کے مذہب کو اختیار کرنا اور فتویٰ دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في '' رد المحتار '' : من ضاع له شيء فقال : من دلني عليه فله كذا فالإجارة باطلة ، لأن المستأجر له غير معلوم والدلالة ليست بعمل يستحق به الأجر فلا يجب الأجر .

(۶/ ۳۳۹ ، كتاب اللقطة ، ديوبند)

ما في '' المبسوط للسرخسي '' : لو قال : من ردّه فله كذا ولم يخاطب به قوماً بأعيانهم فرده أحدهم لا يستحق شيئاً ، ثم هذا تعليق استحقاق بالخطر وهو قمار والقمار حرام في شريعتنا .

(۱۱/ ۲۰ ، كتاب الإباق)

(۳) ما في '' الفقه الإسلامي وأدلته '' : وتجوز الجعالة شرعاً عند المالكية والشافعية والحنابلة ، بدليل قوله تعالى في قصة يوسف مع إخوته : ﴿قالوا نفقد صواع الملک ولمن جآء به حمل بعير وأنا به زعيم﴾ .[يوسف : ۱۲/ ۷۲] أي كفيل . وبدليل ما جاء في السنة من أخذ الأجرة على الرقية بالفاتحة (أم القرآن) وهو ما رواه الجماعة إلا النسائي عن أبي سعيد الخدري : '' أن أناساً من أصحاب رسول الله ﷺ أتوا حيا من أحياء العرب ، فلم يُقروهم (بضيوفهم) ، فبينماهم كذلک إذ لدغ سيد أولئک ، فقالوا : هل فيكم راق ؟ فقالوا : لم تقرونا ، فلا نفعل أو تجعلوا لنا جعلاً ، فجعلوا لهم قطيع شاء ، فجعل رجل يقرأ بأم القرآن ويجمع بزاقه ، ويتفل ، فبرأ الرجل ، فأتوهم بالشاء ، فقالوا : لا نأخذها حتى نسأل رسول الله ﷺ ، فسألوا رسول الله ﷺ عن ذلک فضحک ، وقال : وما أدراک ، إنها رقية ؛ خذوها واضربوا لي فيها بسهم ''. (۵/ ۳۸۶۶ ، مشروعية الجعالة)

(۴) (جدید معاشی نظام میں اسلامی قانون اجارہ:ص/۸۲)

انعام کی حیثیت اور مقدار کی تعین

مسئلہ (۴۵۷): اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہوجائے، اور وہ اعلان کرے کہ جو شخص میری فلاں گم شدہ چیز مجھ کو لاکر دے گا، میں اسے ایک قیمتی انعام دوں گا، لیکن اس نے انعام کی حیثیت اور مقدار متعین نہیں کیا، جب کہ ''**جُعْل**''جس کو انعام سے تعبیر کیا جاتا ہے، اس کا متعین اور مباح ہونا ضروری ہے[1]، اگر متعین نہ ہو تو اس سے جعالت فاسد ہوگی، اور کام کرنے والے کو اجرتِ مثل ملے گی۔[2]

نوٹ: فقہائے حنفیہ **جِعَالَہ** کو صرف مسئلہ اِباق کی حد تک جائز مانتے ہیں، اور ائمۂ ثلاثہ کے نزدیک جِعَالہ مسئلۂ اِباق، گمشدہ اشیاء کے لوٹانے میں اور اس کے علاوہ دیگر امور میں بھی جائز ہے۔[3]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوا نفقد صُواع الملک ولمن جآء به حِمل بعير وأنا به زعيم﴾ . (سورة يوسف : ۷۲)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : تعريف الجعالة شرعًا : التزام عوض معلوم على عمل معين أو مجهول ، عسر عمله . (۵/۳۸۶۴ ، الفصل الرابع الجعالة)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : شروط الجعالة : ثالثاً : أن تكون المنفعة معلومة حقيقة ، مباحاً الإنتفاع بها شرعاً . (۵/۳۸۶۹ ، شروط الجعالة)

(۲) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : كون الجعل (أو الأجرة) مالاً معلوماً ، فإن كان الجعل مجهولا فسد العقد لجهالة العوض ، مثل من وجد سيارتي فله ثوب ، أو أرضيه ، ونحوه ويكون للواجد (الراد) أجرة مثله ، كالإجارة الفاسدة . (۵/۳۸۶۹ ، شروط الجعالة)

(۳) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : لا تجوز الجعالة عند الحنفية لما فيها من الغرر أي=

انعام کی تعیین کے ساتھ دن کی تعیین

مسئلہ (۴۵۸): اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو، اور وہ یہ اعلان کرے کہ جو میری فلاں گم شدہ چیز اتنے اتنے دنوں میں لا کر دے گا، اسے اتنا اتنا انعام دوں گا، تو مالکیہ کے نزدیک جعالہ کی صحت کے لیے شرط یہ ہے کہ مدت متعین نہ کرے، اور دیگر ائمہ فرماتے ہیں کہ مدت وعمل کا متعین کرنا صحیح ہے، لہٰذا عامل اگر مقررہ مدت میں گمشدہ چیز لے آتا ہے، تو انعام کا مستحق ہوگا، اور اگر مقررہ میں نہ لائے، تو انعام کا مستحق نہ ہوگا۔ (۱)

=جهالة العمل والمدة قياساً على سائر الإجارات التي يشترط لها معلومية العمل والمأجور والأجرة والمدة ، وإنما أجازوا فقط استحساناً دفع الجعل لمن يرد العبد الآبق .... وتجوز الجعالة شرعًا عند المالكية والشافعية والحنابلة .

(۵/۳۸۶۵، ۳۸۶۶ ، مشروعية الجعالة) (جدید معاشی نظام میں اسلامی قانونِ اجارہ:ص/۹۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : رابعاً : اشترط المالكية ألا يحدد للجعالة أجل ، وقال غيرهم : يصح الجمع بين تقدير المدة والعمل ، مثل من خاط لي هذا الثوب في يوم فله كذا ، فإن أتى به في المدة استحق الجعل ، ولم يلزمه شيء آخر ، وإن لم يف به فيها فلا يلزمه شيء له ، وذلک بخلاف الإجارة . (۵/۳۸۷۰ ، شروط الجعالة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : تأقيت العمل : قال المالكية والشافعية يشترط لصحة عقد الجعالة عدم تأقيت العمل بوقت محدد ، فله دينار ولم يصح العقد ، .... إلا أن المالكية قالوا : إن تأقيت العمل يفسد العقد فى حالة ما إذا لم يشترط العامل أن له أن يترک العمل متى شاء ، ويكون له من العوض بحساب ما عمل ، لأن العامل دخل في العقد على أن يتم العقد . (۱۵/۲۱۵)

قرض واپس دلانے پر انعام

مسئلہ (۴۵۹): اگر کوئی شخص کسی دوسرے سے یہ کہے: اگر تم فلاں شخص سے میرا قرض واپس دلا دو، تو میں تمہیں اتنا انعام دوں گا، یا تمہیں وصول کردہ رقم میں سے اتنا فیصد دوں گا، تو یہ عقدِ جعالہ کی ایک جدید صورت ہے، جس میں اجرت عامل کے نتیجۂ عمل پر ہوتی ہے، لہٰذا اس طرح کا معاہدہ کرنا بربنائے عرف جائز ہے۔ (۱)

کاروبار کی ترقی کے لیے ملازمین کو زائد رقم دینا

مسئلہ (۴۶۰): آج کل تاجر حضرات اپنے کاروبار کو ترقی دینے کے لیے کسی شخص کو اپنے کاروبار میں ملازم رکھتے ہیں، اس شرط پر کہ تنخواہ کے علاوہ بھی کچھ اور رقم بطورِ انعام دی جائے گی، تاکہ ملازم واجیر کاروبار کو ترقی دینے میں زیادہ سے زیادہ کوشش کریں، تو شرعاً اس طرح کرنا جائز ہے، اور تنخواہ سے زائد ملنے والی یہ رقم تبرع واحسان شمار ہوگی، اجرت میں شمار نہ ہوگی۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الجعالة لغة : هي ما يجعل للإنسان على فعل شيء أو ما يعطاه الإنسان على أمر فعله ، وتسمى عند القانونيين الوعد بالجائزة ، ...... وإنما أجازوا أی الحنفية فقط استحساناً دفع الجعل لمن يرد العبد الآبق ، .... وتجوز الجعالة شرعاً عند المالكية والشافعية والحنابلة ، بدليل قوله تعالیٰ فی قصة يوسف مع أخوته : ﴿قالوا نفقد صُواع الملک ولمن جآء به حمل بعير وأنا به زعيم﴾ . (۳۸۶۶-۳۸۶۴/۵ ، الفصل الرابع ، الجعالة أو الوعد بالجائزة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن المعقول أن حاجة الناس قد تدعو إليها لرد مال ضائع ، أو عمل لا يقدر عليه الجاعل ولا يجد من يتطوع به . (۲۰۹/۱۵) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۱۰۹-۱۳۸)

(۲) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : العطية التي أعطيت للخدمة من الخارج=

گیسٹ ہاؤس میں اجنبی مرد وعورت کی رہائش

مسئلہ (۴۶۱): گیسٹ ہاؤس بنوانا اوراس میں ٹھہرنے کا کرایہ لینا درست ہے[۱]، اوراس کوشش کے باوجود کہ وہاں کوئی برائی ہونے نہ پائے، پھر بھی آنے والے برائی کریں (مثلاً کوئی شخص کسی اجنبیہ عورت کوساتھ لاکراسے اپنی بیوی بتلاتا ہے،اور پھراسی گیسٹ ہاؤس میں اس کو لے کر رہتا ہے،اور غلط کام کرتا اور کرواتا بھی ہے)،تو اب اس کا گناہ گیسٹ ہاؤس والوں پرنہیں ہوگا، اور جو کرایہ وصول کیا گیا وہ جائز ودرست ہوگا،اس کو ناجائز نہیں کہا جائیگا۔[۲]

= لا تحسب من الأجرة ، أي العطية التي تعطى للخادم من أحد الناس لا تحسب من الأجرة التي يأخذها من سيده . (۱/۶۵۳ ، إجارة الآدمي) (جدید معاشی نظام میں اسلامی قانونِ اجارہ:ص/ ۲۲۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قوله : (وجاز إجارة بيت الخ) هذا عنده أيضاً ، لأن الإجارة على منفعة البيت ، ولهذا يجب الأجر بمجرد التسليم .(۹/۵۶۲ ، الحظر، فصل في البيع)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا استأجر الذمي من المسلم دارًا يسكنها فلا بأس بذلك وإن شرب فيها الخمر أو عبد فيها الصليب أو أدخل فيها الخنازير ولم يلحق المسلم في ذلك بأس لأن المسلم لا يؤاجرها لذلك إنما آجرها للسكنى . كذا في المحيط .

(۴/۴۵۰ ، الفصل الرابع في فساد الإجارة)

ما في " نوازل فقهية معاصرة " : فقال السرخسي : .... والمعصية في فعل المستأجر دون قصد رب الدار ، فلا إثم على رب الدار في ذلك .

(ص/۴۳۳ ، إجارة المنازل على البنوك)

(فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۵۶۹،کراچی)

فائنانس کمپنی کو کرایہ پر جگہ دینا

مسئلہ (۴۶۲): فائنانس کمپنی (Finance Company) یعنی سرمایہ کار کمپنی کو اپنی جگہ کرایہ پر دینا، تاکہ یہ کمپنی اس جگہ میں اپنا دفتر قائم کرے، اور پھر اپنے گاہکوں کو سود پر قرض وغیرہ دے، شرعاً جائز و درست نہیں ہے، کیوں کہ جس طرح سود کا لین دین سخت گناہ اور حرام ہے[1]، اسی طرح سودی معاملات میں تعاون کرنا بھی معصیت و گناہ ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أحل الله البيع وحرّم الرّبوٰا﴾ . (سورة البقرة :۲۷۵)
﴿وذروا ما بقي من الربوٰٓا إن كنتم مؤمنين﴾ . (سورة البقرة :۲۷۸)
ما في " صحيح مسلم " : عن جابر قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربوا وموكله وكاتبه وشاهديه ، وقال : هم سواء " . (۲/۲۷)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)
ما في " رد المحتار " : وكل ما أدى إلى ما لا يجوز لا يجوز . (۹/۵۱۸ ، الحظر والإباحة)
ما في " المقاصد الشرعية " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً ، وتكون واجبةً إذا كان المقصد واجباً . (ص/۴۶)
ما في " إعلام المؤقعين " : وسيلة المقصود تابعة للمقصود وكلاهما مقصود . (۳/۱۷۵)
(کتاب الفتاوی:۵/ ۴۰۸، ۴۰۹)

انشورنس ادارہ کو کرایہ پر جگہ دینا

مسئلہ (۴۶۳): انشورنس ادارہ قائم کرنے کے لیے اپنی جگہ کرایہ پر دینا یا فروخت کرنا یہ اعانت علی المعصیت (گناہ کے کام پر اعانت ومدد) ہے، اور اعانت علی المعصیت جائز نہیں (۱)، لیکن چوں کہ مالک زمین مالک ومختار ہے، لہٰذا اگر وہ اپنی جگہ کرایہ پر دیدیتا ہے، یا بیچ دیتا ہے، تو اس کرایہ، یا بیچنے سے حاصل ہونے والی رقم اس کے لیے حلال ہوگی۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البر والتقوىٰ ولا تعاونوا على الإثم والعدوان واتقوا الله إن الله شديد العقاب﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " روح المعاني " : (ولا تعاونوا على الإثم والعدوان) فيعم النهي كل ما هو مقولة الظلم والمعاصي ويندرج فيه النهي عن التعاون على الاعتداء والانتقام . (۸۵/۴)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن جابر رضى الله تعالى عنه قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربوا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال : هم سواء " . (۲۴۴/۱ ، باب الربوا)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال النووي : فيه تصريح لتحريم كتابة المترائبين والشهادة عليهما وبتحريم الإعانة على الباطل ، وقال النبي ﷺ : هم سواء ، أي في أصل الإثم .
(۴۳/۶ ، باب الربوا ، الفصل الأول)

(۲) ما في " أصول الشاشي " : وحرمة الفعل لا تنافي بترتب الأحكام كطلاق الحائض والوضوء بالمياه المغصوبة والاصطياد بقوس مغصوبة والذبح بسكين مغصوبة ، والصلوٰة في الأرض المغصوبة والبيع في وقت النداء فإنه يترتب الحكم على هذه التصرفات مع اشتمالها على الحرمة . (۴۸/۱ ، الأصل الأول الكتاب ، فصل في النهي)

مسلم معمار کے ہاتھوں سودی بینک یا مندر کی تعمیر

مسئلہ (۴۶۴): فی نفسہٖ معمار اور مستری کے کام میں کوئی شرعی قباحت نہیں ہے[1]، بینک کا سودی کاروبار کرنا، اور مندر میں بت پرستی کرنا، یہ اُن فاعلین کا فعل ہے، جس کا وبال اور گناہ انہی پر ہوگا، لہٰذا معمار اور مستری کے لیے بینک اور مندر کی تعمیر کی اجرت لینا جائز تو ہے[2]، البتہ مزاجِ شریعت کے خلاف ہے۔[3]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ فانطلقا حتىٓ إذا أتيآ أهل قريةِۨ استطعما أهلها فأبوا أن يضيّفوهما فوجدوا فيها جدارًا يريد أن ينقضّ فأقامه قال لو شئت لتَّخذتَ عليه أجرًا﴾ .

(سورة الكهف: ۷۷)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : ولو استأجر الذمي مسلماً ليبنى له بيعة أو كنيسة جاز ويطيب له الأجر . كذا في المحيط . (۴۵۰/۴)

وفيه أيضًا : مسلم آجر نفسه من مجوسي ليوقد له النار لا بأس به . كذا فى الخلاصة .

(۴۵۰/۴)

وفيه أيضًا : إذا استأجر الذمي من المسلم بيتاً ليبيع فيه الخمر جاز عند أبي حنيفة رحمه الله تعالى خلافاً لهما . كذا في المضمرات . (۴۴۹/۴)

(۳) ما في " نوازل فقهية معاصرة " : فقال السرخسي : لا بأس بأن يؤاجر المسلم دارًا من الذمي ليسكنها ، فإن شرب فيها الخمر ، أو عبد فيها الصليب ، أو أدخل فيها الخنازير ، لم يلحق للمسلم إثم في شيء من ذلک ، لأنه لم يؤاجرها لذلک ، والمعصية فى فعل المستأجر دون قصد رب الدار ، فلا إثم على رب الدار فى ذلک ، ويعرف جوازه من بعض تصريحات الفقهاء ، ولكن طبيعة الإسلامية تأبى عن قبولها .

(ص/۴۳۳ ، ۴۳۴ ، إجارة المنازل على البنوک)

(احسن الفتاوی: ۷/ ۳۲۹، سودی کاروبار کرنے والے اداروں میں بجلی کی فٹنگ، کتاب الاجارہ)

کرایہ کی سائیکل گم ہوجائے

مسئلہ (۴۶۵): اگر کسی شخص نے سائیکل دکان سے، کوئی سائیکل کرایہ پر لی، اور اسے محفوظ جگہ پر رکھا، پھر وہ سائیکل وہاں سے گم ہوگئی، تو اس پر ضمان واجب نہیں ہوگا، کیوں کہ اس کی طرف سے تعدّی (زیادتی) نہیں پائی گئی، ہاں! اگر وہ اُسے محفوظ جگہ نہ رکھے، اور کوئی اسے لے جائے، تو اس صورت میں اس پر ضمان واجب ہوگا، کیوں کہ اس کی طرف سے تعدّی پائی گئی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ولا يضمن ما هلک في يده وإن شرط عليه الضمان) لأن شرط الضمان في الأمانة باطل كالمودع (وبه يفتىٰ) كما في عامة المعتبرات ، وبه جزم أصحاب المتون فكان هو المذهب . (۹/۷۶) (فتاویٰ محمودیہ:۱۶/ ۵۲۸،کراچی)

ما في " المختصر القدوري " : والمتاع أمانة في يده إن هلک لم يضمن شيئاً عند أبي حنيفة . (ص/۳۷۸ ، الهداية :۳/۳۰۸ ، كتاب الإجارة ، باب ضمان الأجير ، البحر الرائق : ۸/۴۶ ، باب ضمان الأجير ، تبيين الحقائق : ۶/۱۳۷ ، كتاب الإجارة ، باب ضمان الأجير)

ما في " شرح المجلة " : المأجور أمانة في يد المستأجر إن كان عقد الإجارة صحيحا أو لم يكن . [المادة : ۶۰۰] المأجور أمانة في يد المستأجر إن كان عقد الإجارة صحيحا أو فاسدا أو باطلا بالنسبة إلى الأجر والمستأجر لما بينهما من الاتفاق .... يلزم الضمان على المستأجر لو تلف المأجور أو طرأ على قيمته نقصان بتعديه ، مثلاً لو ضرب المستأجر دابة الكراء فماتت منه أو ساقها بعنف وشدة فهلكت لزمه ضمان قيمتها . [المادة :۶۰۲] .... حركة المستأجر على خلاف المعتاد تعد ويضمن الضرر والخسارة التي تتولد منها مثلا لو استعمل الثياب التي استكراها على خلاف عادة الناس وبليت يضمن كذلک لو احترقت الدار المأجورة بظهور حريق فيها بسبب اشعال المستأجر النار أزيد من الناس يضمن . [المادة :۶۰۳] . (۱/۲۹۵ – ۲۹۸ ، ضمان الإجارة وعدمه)

ڈاکیہ کا پیسے وصول کرنا

مسئلہ (۴۶۶): آج کل ڈاکیہ لوگ جب کسی کا منی آرڈر لاتے ہیں، تو اس شخص سے جس کا منی آرڈر آیا ہے کچھ نہ کچھ رقم ضرور لیتے ہیں، جب کہ منی آرڈر بھیجنے والا منی آرڈر کرتے وقت ہی اس کا معاوضہ (فیس) ادا کر چکا ہوتا ہے، اور ڈاکیہ کو حکومت ڈاک رسانی کی خدمت کا معاوضہ ادا کرتی ہے، اس لیے ڈاکیہ کا منی آرڈر پہنچانے پر رقم کا مطالبہ کرنا قطعاً جائز نہیں، کیوں کہ یہ رشوت کے حکم میں ہے، اور شرعاً رشوت لینا جائز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿سمّٰعون للكذب اكّٰلون للسُّحت﴾ . (سورة المائدة : ۴۲)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قال ابن مسعود وغيره : السحت الرشا .

(۱۸۳/۳ ، المائدة)

ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله بن عمرو رضى الله تعالى عنه قال : " لعن رسول الله ﷺ الراشي والمرتشي " . (۲۴۸/۱ ، أبواب الأحكام ، في الراشي والمرتشي)

ما في " اعلاء السنن " : والحاصل أن حد الرشوة هو ما يؤخذ عما وجب على الشخص سواء كان واجباً على العين أو على الكفاية ، وسواء كان حقاً للشرع كما في القاضي وأمثاله .

(۶۷/۱۵ ، كتاب القضاء ، باب الرشوة ، تحقيق معنى الرشوة)

(کتاب الفتاوی: ۳۸۹/۵، منی آرڈر کی اجرت)

قلی کا زیادہ قیمت لینا

مسئلہ (۴۶۷): آج کل ریلوے اسٹیشنوں پر قلیوں کی بھر مار رہتی ہے، وہ لوگوں کا سامان اٹھاتے ہیں، اس میں کبھی کسی سے زیادہ رقم لیتے ہیں، اور کسی سے کچھ کم، جب کہ سرکار کی طرف سے یہ متعین ہوتا ہے کہ کتنے سامان پر کتنی قیمت لیں گے، تو ریاستی جائز قوانین کی پابندی کرنا شرعاً ضروری ہے[۱]، اس کی خلاف ورزی کرنا اپنے جان و مال کو خطرہ میں ڈالنے کے مترادف ہے، جس سے شریعت نے منع کیا ہے[۲]، لیکن اجارہ چونکہ مستاجر اور اجیر (مالک ومزدور) کے درمیان ان کی رضامندی سے طے شدہ عقد کا نام ہے، اس میں کسی ثالث (تیسرے فریق) کی دخل اندازی سے اس کی صحت پر (جب کہ یہ اجارہ صحیح ہو) کوئی اثر نہیں پڑتا[۳]، لہٰذا قلی لوگوں کا زیادہ رقم لینا درست ہے، اور لی گئی رقم بھی حلال ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : (أمر السلطان إنما ينفذه) أي يتبع ولا تجوز مخالفته .... صاحب البحر ذكر ناقلاً عن أئمتنا أن طاعة الإمام في غير معصية واجبة ، فلو أمر بصوم يوم وجب ، وقدمنا أن السلطان لو حكم بين الخصمين ينفذ في الأصح .

(۸/۱۰۶ ، كتاب القضاء ، مطلب طاعة الإمام واجبة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة﴾ . (سورة البقرة: ۱۹۵)

(۳) ما في " الفتاوى الهندية " : وأما شرائط الصحة فمنها رضا المتعاقدين ومنها أن يكون المعقود عليه وهو المنفعة معلوماً علماً يمنع المنازعة ، فإن كان مجهولاً جهالة مفضية إلى المنازعة يمنع صحة العقد وإلا فلا . (۴/۴۱۱ ، كتاب الإجارة)=

رقم لے کر ویزا دلوانا

مسئلہ (۴۶۸): کسی شخص کو ویزا درکار تھا، اس نے اپنے طور پر غیر ملکی سفارت خانہ سے ویزا حاصل کرنے کی کوشش کی مگر وہ اس میں کامیاب نہ ہوسکا، اب دوسرا شخص اس سے یہ کہے کہ اگر آپ مجھے اتنی رقم دو، تو میں آپ کو ویزا دلواتا ہوں، تو اگر اس آدمی کو باقاعدہ طور پر ایک یا دو دن کے لیے اجیر (مزدور) بنالیا گیا، تو اس رقم کے لینے دینے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر شخص مذکور کے لیے مدتِ اجارہ متعین نہیں کی گئی، تو یہ اجارہ، اجارۂ فاسدہ ہوجائے گا، اور شخصِ مذکور اجرتِ مثل کا حق دار ہوگا، نہ کہ اجرتِ متعینہ کا۔ (۱)

=ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : شرائط الصحة أنواع ؛ النوع الأول : رضاء العاقدين ، النوع الثاني : تعيين الأجرة ، النوع الثالث : تعيين المأجور . (۱/۴۹۶ ، كتاب الإجارة ، الفصل الثاني في شروط إنعقاد . الخ) (فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۶۰۷، ۶۰۸، کراچی)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : يلزم في صحة الإجارة أي (عدم فسادها) تعيين الماجور ..... لأن الجهل بالمأجور يستلزم الجهل بالمنفعة وهو مما يؤدي إلى التنازع فإن تعين المأجور بعد العقد وحصل رضاء الطرفين فالإجارة صحيحة . (۱/۵۰۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى قاضي خان " : أهل بلدة ثقلت عليهم المؤنات فاستأجروا رجالاً بأجر معلوم ليذهب إلى السلطان ويرفع القصة ليخفف عنهم السلطان نوع تخفيف وأخذ الأجر من عامة أهل البلدة من الأغنياء والفقراء قالوا : إن كان بحال لو ذهب إلى بلدة السلطان يتهيأ له اصلاح الأمر فى يوم أو يومين جاز الإجارة ، وإن كان بحال لا يحصل المقصود فى يوم أو يومين وإنما يحصل فى مدة فإن وقتوا الإجارة وقتاً جازت الإجارة وله كل المسمى وإن لم يوقتوا فسدت الإجارة وكان له أجر المثل على أهل البلدة على قدر مؤنتهم ومنافعتهم. (۳/۱۸ ، باب الإجارة الفاسدة ، الفتاوى الهندية :۴/۵۲۶ ، الباب الثاني والثلاثون في المتفرقات ، شرح المجلة: ص/۳۰۶ ، المادة : ۵۴۰) (فتاوی حقانیہ:۶/۲۶۸)

بکری کی پیداوار میں برابر کی حصہ داری

مسئلہ (۴۶۹): کوئی شخص اپنی بکری، مرغی وغیرہ دوسرے شخص کو پالنے کے لیے دیدے، کہ اس سے پیدا شدہ بکریوں اور مرغیوں کو آپس میں برابری کے طور پر تقسیم کرلیں گے، تو یہ معاملہ شرعاً جائز نہیں ہے، اس لیے پیدا شدہ بچے، بکری یا مرغی والے کے ہوں گے، اور جس نے پالا پوسا وہ اجرتِ مثل، اور چارہ پانی کے لیے جو کچھ خرچ کیا اس کا حق دار ہوگا۔ (۱)

ٹیوب ویل کا پانی اجرت پر دینا

مسئلہ (۴۷۰): ٹیوب ویل کے پانی کی اجرت اور مدت اگر متعین ہو، تو اس کو اجرت پر دینا جائز ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى الكاملية " : سئلت عن البقرة دفعها مالكها لرجل على أن يعلفها ويقوم بها وما حدث عنها من النتاج يكون بينهما نصفين فهل لا يصح ؟ فالجواب : لا يصح وما حدث فهو لصاحب البقرة وللآخر مثل علفه وأجر مثله . (ص/۵۵ ، كتاب الشركة ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۵۹۶، کراچی) (فتاوی محمودیہ:۱۶/ ۵۹۶، ۵۹۷، کراچی)

ما في " الفتاوى الهندية " : دفع بقرة إلى رجل على أن يعلفها وما يكون من اللبن والسمن بينهما انصافاً فالإجارة فاسدة وعلى صاحب البقرة للرجل أجر قيامه وقيمة علفه إن علفها من علف هو ملكها لا على ما سرحها فى المرعى ويرد كل اللبن إن كان قائماً ، وإن أتلف فالمثل إلى صاحبها ...... وكذا لو دفع الدجاج على أن البيض بينهما لا يجوز والحادث كله لصاحب الدجاج . (۴/۴۴۵ ، كتاب الإجارات ، الباب الخامس عشر ، الفصل الثالث)

الحجة على ما قلنا : =

ایامِ تعطیلات کی تنخواہ

مسئلہ (۴۷۱): ایامِ تعطیلات چوں کہ ایامِ عمل کے تابع ہوتے ہیں، اس لیے چھٹیوں کی تنخواہ مدرسینِ مدرسہ کو لینا جائز ہے، مدرسین اجیرِ خاص کی حیثیت رکھتے ہیں، اور معروف بھی یہی ہے کہ اساتذہ کی چھٹیوں کی تنخواہ وضع نہیں کی جاتی ہے، لہٰذا ''اَلْمَعْرُوْفُ کَالْمَشْرُوْطِ'' قاعدے کے تحت اس تنخواہ کا لینا جائز ہوگا۔ (۱)

=(۱) ما في '' خلاصة الفتاوى '' : عقد الإجارة لا يجوز إلا أن يبين البدل من الجانبين جميعًا، أما بيان المنفعة فبإحدى معان ثلاثة : بيان الوقت وهو الأجل وبيان العمل وبيان المكان . (۱۰۳/۳ ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية : ۱۱/۵)

ما في '' درر الحكام شرح مجلة الأحكام '' : يشترط أن تكون الأجرة معلومة . (۵۰۳/۱)

(الدر المختار مع الشامية : ۱۶۷/۲) (فتاویٰ حقانیہ:۲۵۳/۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' درر الحكام شرح مجلة الأحكام '' : إذا استوجر استاذ لتعليم علم كالفقه ، والنحو، والصرف ، فإن ذكرت مدة كالشهر والسنة ، وذكرت الأجرة أيضاً صحت الإجارة، وانعقدت على المدة ، حتى أن الأستاذ يستحق الأجرة لكونه حاضراً ، ومهيئاً للتعليم قرأ التلميذ أو لم يقرأ ، لأن الأستاذ قد أصبح أجيرًا خاصًا . (۶۵۴/۱)

ما في '' الأشباه والنظائر لإبن نجيم '' : ومنها : البطالة فى المدارس كأيام الأعياد ، ويوم عاشوراء ، وشهر رمضان في درس الفقه ، لم أرها صريحةً في كلامهم ، والمسألة على وجهين ، فإن كانت مشروطة لم يسقط من المعلوم شيء ، وإلا فينبغي أن يلحق ببطالة القاضي . (أشباه) وفي شرح الحموي على الأشباه لإبن نجيم : قوله : ومنها : البطالة في المدارس الخ ، فى الذخيرة : قال أبو الليث : من يأخذ الأجرة من الطّلبة فى يوم لا درس عليه أرجو أن يكون جائزًا . انتهى . (۳۳۵/۱ ، الفن الأول في القواعد الكلية – النوع الأول ، القاعدة السادسة : العادة محكمة) (احسن الفتاویٰ:۲۸۷/۷،فتاویٰ رحیمیہ:۳۰۲/۹)

حج میں جانے والے مدرس یا ٹیچر کی تنخواہ

مسئلہ (۴۷۲): اگر مدرس کو رکھتے وقت اس کے ساتھ حج بیت اللہ کے سلسلے میں کسی قسم کا کوئی معاہدہ کیا گیا تھا، تو اسی کے مطابق عمل کیا جائے گا، خواہ یہ معاہدہ کل تنخواہ دینے کا ہو، یا نصف کا، یا رخصت بلا تنخواہ، ہر قسم کا معاہدہ شرعاً ہوسکتا ہے [۱]، اور اگر اس قسم کا کوئی معاہدہ نہیں کیا گیا تھا، تو اگر مدرسہ کا اس کے متعلق کوئی طے شدہ دستور ہے، جس سے مدرس بھی واقف ہے، تو اسی کے مطابق عمل ہوگا [۲]، ورنہ عُرف ورَواج کا اعتبار ہوگا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسئولا﴾ . (الإسراء : ۳۳)

ما في " التفسير المنير " : ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسئولا﴾ . أى أوفوا بالعهد الذى تعاهدون عليه الناس وبالعقود التى تعاملونهم بها ، فإن العهد والعقد كل منهما يسأل صاحبه عنه ونظير الآية : ﴿يآيها الذين اٰمنوا أوفوا بالعقود﴾ . فالعهد فضيلة وميثاق والعقد التزام وارتباط ، والاخلال بالعهد خيانة ونفاق ، والتخلل من العقد اهدار للثقة وتضيع للحقوق ، فيجب شرعاً الوفاء بالعهد ، وتنفيذ مقتضى العقد فمن أخلف بوعده ولم يوف بعهده ولم ينفذ التزام عقده وقع فى الإثم والمعصية وأخل بمقتضى الإيمان والدين ، والعهد أمر عام يشمل كل ما بين الإنسان وبين اللّٰه والنفس والناس والعقد كل التزام يلتزمه الإنسان كعقد اليمين والنذر ، وعقد البيع والشركة والإجارة والصلح والزواج وكل عقد لأجل توثيق الأمر وتوكيده فهو عهد . (۷۸/۸)

ما في " فيض القدير للمناوي " : " المسلمون على شروطهم " . أى الجائزة شرعاً أى ثابتون عليها واقفون عندها وفى التعبير بعلى إشارة إلى علو مرتبتهم وفى وصفهم بالإسلام ما يقتضى الوفاء بالشرط ويحث عليه . (۲۷۲/۶)

(۲) ما في " قواعد الفقه " : المعروف بالعرف كالمشروط شرعاً . (ص/۲۵)

(فتاوی مفتی محمود:۵۶۳/۳)

امام ومؤذن کے ایام غیر حاضری کی تنخواہ

مسئلہ (۳۷۴): امام ومؤذن کی حیثیت اجیرِ خاص کی ہے، اور اجیرِ خاص کا حکم یہ ہے کہ جن ایام میں عمل سے غیبت رہی، وہ ان ایام کی تنخواہ کا حق دار نہیں ہوگا[۱]، سوائے اس غیبت کے جو معروف ہو (یعنی وہ ایام غیر حاضری جن میں عامۃً تنخواہ وضع نہیں کی جاتی ہے)، اس کی تنخواہ لینا درست ہے[۲]، البتہ اگر امامت کا معاملہ طے کرتے وقت یہ شرط لگائی گئی ہو کہ امام صاحب مہینہ ڈیڑھ مہینہ غیر حاضر رہے، تب بھی وہ تنخواہ کے حق دار ہوں گے[۳]، تو اس صورت میں تنخواہ دینا لازم ہوگا، اور امام صاحب کا مطالبہ کرنا بھی جائز ہوگا، اور اگر بوقتِ تقرری ایسی کوئی شرط نہیں لگائی گئی تھی، تو دونوں باتیں شرعاً درست نہیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تنوير الأبصار مع الدر والرد " : الأجراء على ضربين : مشترك وخاص ..... والثاني الخاص : وهو من يعمل لواحد مؤقتاً بالتخصيص ، ويستحق الأجر بتسليم نفسه فى المدة وإن لم يعمل . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله : وحكمها .... أي الأجير الخاص لا يمكنه أن يعمل لغيره لأن منافعه فى المدة صارت مستحقة للمستأجر والأجر مقابل بالمنافع ، ولهذا يبقى الأجر مستحقاً وإن نقض العمل .

(۹/۷۵، ۷۶ – ۸۱، ۸۲ ، كتاب الإجارة ، مبحث الأجير المشترك)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : الأجير الخاص يستحق الأجرة إذا كان فى مدة الإجارة حاضراً للعمل ، ولا يشترط عمله بالفعل ولكن ليس له أن يمتنع عن العمل ، وإذا امتنع لا يستحق الأجرة . (۱/۴۵۸ ، المادة : ۴۲۵)

(۲) ما في " رد المحتار " : قال الشامي رحمه الله : وفى القنية من باب الإمامة : إمام =

سرکاری ملازم کا ڈیوٹی ادا کیے بغیر تنخواہ لینا

مسئلہ (۴۷۴): سرکاری ملازم اجیرِ خاص کے درجے میں ہوتا ہے، لہٰذا باقاعدگی کے ساتھ ڈیوٹی ادا کرنے پر تنخواہ واجرت کا مستحق ہوگا، اور ڈیوٹی ادا نہ کرنے پر تنخواہ لینا جائز نہیں ہے۔(۱)

=يترك الإمامة لزيارة أقربائه في الرساتيق أسبوعاً أو نحوه لمصيبة أو لاستراحة لا بأس به ، ومثله عفو في العادة والشرع ، وهذا مبنى على القول بأن خروجه أقل من خمسة عشر يوماً بلا عذر شرعي لا يسقط معلومه ، وقد ذكر فى الأشباه والنظائر في قاعدة : " العادة محكمة" . عبارة القنية هذه ، وحملها على أنه يسامح أسبوعاً في كل شهر ، واعترضه بعض محشيه بأن قوله فى كل شهر ليس في عبارة القنية ما يدل عليه ، قلت : والأظهر ما في آخر شرح منية المصلي للحلبي أن الظاهر أن المراد في كل سنة . (۲۳۰/٦ ، كتاب الوقف ، مطلب فيما إذا قبض المعلوم وغاب قبل تمام السنة ، الأشباه والنظائر لإبن نجيم : ۳۳۷/۱)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : " المعروف عرفًا كالمشروط شرطاً " .

(۵۱/۱ ، المادة:۴۳ ، شرح القواعد الفقهية :ص/۲۳۷)

(۳) ما في " جامع الترمذي " : عن عمرو بن عوف المزني ، عن أبيه ، عن جده أن رسول الله ﷺ قال : "المسلمون على شروطهم إلا شرطاً حرم حلالاً أو أحل حراماً " . (۲۵۱/۱ ، كتاب البيوع ، أبواب الأحكام) (فتاوی دار العلوم:۳/ ۸۷، ۸۸، کتاب الفتاوی:۲/ ۳۱۳، ۳۱۴)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " المسلمون عند شروطهم " . (۱۷۲/۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : والثاني وهوالأجير الخاص ويسمى أجير وحد وهو من يعمل لواحدٍ عملاً موقتاً بالتخصيص ويستحق الأجر بتسليم نفسه في المدة وإن لم يعمل كمن استؤجر شهراً للخدمة أو شهراً لرعي الغنم المسمى بأجر مسمى .... وليس للخاص أن يعمل لغيره ، ولو عمل نقص من أجرته بقدر ما عمل ..... وإن لم يعمل أي إذا تمكن من العمل فلو سلم نفسه ولم يتمكن منه لعذر كمطر ونحوه لا أجر له . =

غیر حاضری کے باوجود مدرسین کا تنخواہ لینا

مسئلہ (۴۷۵): اگر کسی شہر میں کوئی نیا مدرسہ یا اسکول کا افتتاح عمل میں آیا ہو، اور افتتاح کے ساتھ ہی اساتذہ کا تقرر بھی عمل میں آچکا ہو، جب کہ طلبہ ابھی مدرسہ میں حاضر نہیں ہیں، اور طلبہ کے نہ ہونے کی وجہ سے اساتذہ بھی اسکول یا مدرسہ میں حاضر نہیں ہوتے ہیں، تو ان حالات میں اساتذۂ کرام کا تنخواہ لینا جائز نہیں ہے، کیوں کہ مدرس کی حیثیت اجیرِ خاص کی ہے، اور اجیرِ خاص اجرت کا مستحق اس وقت ہوتا ہے، جب کہ وہ مدتِ اجارہ میں عمل کے لیے حاضر ہو۔ (۱)

=(۸۲/۹ ، كتاب الإجارة ، البحر الرائق : ۵۲/۸ ، كتاب الإجارة)

ما في " المبسوط للسرخسي " : ان أجير الواحد لا يكون ضامناً لما تلف في يده من غير صنعه وهو الذي يستوجب البدل بمقابلة منافعه حتى إذا سلم النفس استوجب الأجر وإن لم يستعمله صاحبه ، ولا يملك أن يؤجر نفسه من آخر في تلك المدة .

(۱۱۵/۱۵ ، كتاب الإجارة)

(فتاوی محمودیہ:۵۷۲/۱۶،کراچی،فتاوی حقانیہ:۲۵۰/۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وفي الحموي : سئل المصنف لعدم وجود الطلبة ، فهل يستحق المعلوم ؟ أجاب : إن فرغ نفسه للتدريس بأن حضر المدرسة المعيّنة لتدريسه استحق المعلوم ، لا مكان التدريس لغير الطلبة المشروطين . (۴۴۴/۶)

ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز " : الأجير الخاص يستحق الأجرة إذا كان فى مدة الإجارة حاضراً للعمل .... غير أنه يشترط أن يتمكن من العمل ، فلو سلم نفسه ولم يتمكن فيه لعذر كالمطر والمرض ، فلا أجر له ، ولكن ليس له أن يمتنع عن العمل وإذا امتنع لا يستحق الأجرة . (۲۳۹/۱)

اَخراجات سے زائد رقم کی جعلی رسید بنوانا

مسئلہ (۴۷۶): اگر کسی کمپنی کی طرف سے یہ طے ہو کہ ملازم دورانِ سفر آنے والے تمام اَخراجات خود برداشت کرے، پھر ان کا ثبوت ٹکٹ وغیرہ کی صورت میں جمع کرائے، کمپنی اس کے مطابق اس کو رقم دیدے گی، اس صورت میں اگر کوئی ملازم اَخراجات سے زائد رقم کی جعلی رسید بنواتا ہے، تو یہ دھوکہ دہی ہے، جو شرعاً منع ہے[1]، لہٰذا اَخراجات سے زائد رقم کی جعلی رسیدیں (Invoices) بنوا کر رقم حاصل کرنا ممنوع وحرام ہوگا، اور یہ رقم اس ملازم کے لیے حلال نہ ہوگی، بلکہ متعلقہ کمپنی کو واپس کر دینا ضروری ہوگا۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : قال النبي ﷺ : " من غشّنا فليس منا " ..... والعمل على هذا عند أهل العلم كرهوا الغش وقالوا : الغش حرام . (۱/۲۴۵ ، أبواب البيوع ، باب ما جاء في كراهية الغش)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لا تأكلوٓا أموالكم بينكم بالباطل إلا أن تكون تجارةً عن تراض منكم﴾ . (سورة النساء : ۲۹)

ما في " صحيح مسلم " : " كل المسلم على المسلم حرام ؛ دمه وماله وعرضه " .

(۲/۳۱۷ ، كتاب البر ، باب تحريم الظن والتجسس والتنافس)

ما في " بدائع الصنائع " : قال النبي ﷺ : " لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه " . فلا يصح مع الكراهة والهزل والخطأ . (۵/۵۳۸ ، كتاب الإجارة)

ما في " رد المحتار " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم ، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ويتصدق به بنية صاحبه . (۷/۲۲۳ ، كتاب البيوع ، مطلب فيمن ورث مالاً حراماً ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية :۶/۳۶۰ ، كتاب الكراهية ، الرابع في الهدية) (تجارتی کمپنیوں کا لائحہ عمل:ص/۱۰۰)

ایامِ احتجاج کی تنخواہ

مسئلہ (۴۷۷): سرکاری ونجی مدارس کے اساتذہ اجیرِ خاص کے حکم میں ہیں، اور اجیرِ خاص اجرت کا مستحق اس وقت ہوتا ہے، جب کہ وہ مفوّضہ امر (سپرد کیا گیا کام) کو پورا کرے، اگر وہ مفوضہ امر پورا کرنے سے باز رہے، تو اجرت کا مستحق نہیں ہوتا ہے، کیوں کہ اس صورت میں محض تسلیمِ نفس سے استحقاقِ اجرت ثابت نہیں ہوگا، اس لیے اگر اساتذہ مفوّضہ کام کو پورا نہ کریں، احتجاج وہڑتال کریں، اور طلبہ کو پڑھانے سے باز رہیں، تو ان کے لیے ان ایام کی تنخواہ لینا شرعاً جائز نہیں ہے، گرچہ مدرسہ کے وقت میں حاضر رہے ہوں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " شرح المجلة " : الأجير الخاص يستحق الأجرة إذا كان في مدة الإجارة حاضراً للعمل ، ولا يشترط أن يتمكن من العمل فلو سلم نفسه ولم يتمكن منه لعذر كالمطر والمرض فلا أجر له . " الدر المنتقى " . لكن ليس له أن يمتنع عن العمل وإذا امتنع لا يستحق الأجرة . (ص/ ۲۳۹ ، الباب الأول في الضوابط العمومية)

معاہدہ کی خلاف ورزی پر زرِ ضمانت ضبط کرنا

مسئلہ (۴۷۸): اگر کرایہ دار نے کرایہ داری کا معاملہ کرتے وقت، مالکِ مکان یا دکان سے یہ معاہدہ کیا کہ میں مکان یا دکان اپنے ذاتی کاروبار کے لیے لے رہا ہوں، جب تک میں آباد رہوں گا صرف اپنا کاروبار کروں گا، اور کسی بھی شخص کو اس میں نہیں رکھوں گا، یا کسی اور سے اس مکان یا دکان میں کاروبار نہیں کراؤں گا، اور نہ اس دکان کو کسی ناجائز ذریعہ سے کسی دوسرے شخص کو ٹھیکہ یا پگڑی پر دوں گا، تو اُس پر اِس معاہدہ کی پابندی ضروری ہوگی، اگر وہ اس کے خلاف کرے، تو اُسے اِس معاہدہ پر عمل کے لیے مجبور کیا جائے گا[1]، البتہ معاہدہ کی خلاف ورزی کی صورت میں مالکِ مکان یا دکان کو اس کے زرِ ضمانت کو ضبط کرنے کا شرعاً حق نہیں ہوگا۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتح القدير للشوكاني " : ﴿يٰٓأيها الذين اٰمنوا أوفوا بالعقود﴾ . قال الزجاج : المعنى أوفوا بعقد اللّٰه عليكم وبعقدكم بعضكم على بعض ، والعقد الذي يجب الوفاء به ما وافق كتاب اللّٰه وسنة رسول اللّٰه . (۱/۴۴۴ ، سورة المائدة : ۱)

(۲) ما في " فتح القدير للشوكاني " : قوله تعالى ﴿لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ . والحاصل أن ما لم يبح الشرع أخذه من مالكه فهو مأكول بالباطل وإن طابت به نفس مالكه . (۱/۱۵۴ ، سورة البقرة : ۱۸۸)

ما في " بدائع الصنائع " : قال النبي ﷺ : " لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب من نفسه " . (۵/۵۳۷)

(آپ کے مسائل اوران کا حل : ۶/۳۵ ، کتب خانہ نعیمیہ)

كتاب الكفالة

☆......کفالہ کے مسائل......☆

عقد کفالہ

مسئلہ (۴۷۹): کفالہ؛ لغت میں ''ضم'' یعنی ملانے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، کفالہ کی اصطلاحی تعریف: ''کسی مطالبے کے معاملے میں ایک شخص کی ذمہ داری کے ساتھ کسی دوسرے کی ذمہ داری کو ملا دینا''۔ ''کفالہ'' کہلاتا ہے(۱)، کفالہ کی مشروعیت کتاب اللہ، سنتِ رسول اللہ ﷺ اور اجماعِ امت سے ثابت ہے۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط للسرخسي " : قال الشيخ الإمام السرخسي : الكفالة مشتقة من الكفل ، وهو الضم ..... (أحدهما) الضم فى المطالبة .... (والطريق الآخر) أن تنضم ذمة الكفيل إلى ذمة الأصيل في ثبوت أصل الدين . (۱۹/ ۱۹۴، كتاب الكفالة)

ما في " تنوير الأبصار مع الدر والرد " : (هي) لغةً الضم ..... وشرعاً: (ضم ذمة) الكفيل (إلى ذمة) الأصيل (في المطالبة مطلقاً) بنفس أو بدين أو عين . (۷/ ۴۳۰ ، كتاب الكفالة)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الكفالة لغة : .... هى الضم .... واصطلاحاً في الأصح عند الحنفية : هي ضم ذمة إلى ذمة في المطالبة مطلقاً أي ضم ذمة الكفيل إلى ذمة المدين في المطالبة بنفس أو بدين أو عين . (۶/ ۴۱۴۳ ، كتاب الكفالة ، تعريفها)

(۲) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الكفالة في الجملة مشروعة بالكتاب والسنة والإجماع . (۶/ ۴۱۴۲ ، الكفالة ، مشروعية الكفالة) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۲۹۴)

عقد کفالہ میں مکفول عنہ کی جہالت

مسئلہ (۴۸۰): کوئی آدمی اپنے مخاطب سے یہ کہے کہ: اس شہر والوں میں سے جس کے ذمہ بھی تمہارا قرض واجب ہے، میں اس کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوں، اور مخاطب اسی مجلس میں مقروض کا نام بھی بتلا دے تو یہ درست ہے، اگرچہ کفیل کے کلام میں مکفول عنہ مجہول ہے، مگر مکفول لہٗ کے اپنے مدیون کا نام بتلا دینے کی وجہ سے جہالت ختم ہوگئی، لہٰذا عقد کفالہ کی یہ صورت شرعاً درست ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ولا) تصح أيضاً (بجهالة المكفول عنه) فى تعليق وإضافةٍ . (۴۶۰/۷)

ما في " ترتيب اللآلي في سلك الأمالي " : جهالة المكفول له تبطل الكفالة وكذا جهالة المكفول عنه . (۶۱۹/۱)

ما في " تبيين الحقائق " : وجهالة المكفول له أو المكفول عنه تمنع حتى لو قال : من غصبك من الناس أو بايعك أو قتلك فأنا كفيل عنه ، أو قال : من عصبته أنت أو قتلته فأنا كفيل له عنك لا يجوز . (۳۶/۵) (مالی معاملات پرغرر کے اثرات:ص/۳۰۹)

مال مجہول کی ضمانت لینا

مسئلہ (۴۸۱): اگر کوئی شخص کسی کی طرف سے مجہول وغیر متعین مال کی ضمانت لے، مثلاً: یہ کہے کہ تمہارا جتنا بھی قرضہ فلاں شخص کے ذمہ ہے، میں ان سب کا ضامن ہوں، یا یہ کہے کہ تم فلاں کو جتنا بھی قرض دوگے میں اس کا ضامن ہوں، تو اس طرح کا معاملہ کرنا شرعاً درست ہے، کیوں کہ ائمۂ ثلاثہ (امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام احمد ابن حنبل رحمہم اللہ) کے نزدیک کفالہ میں مالِ مجہول کی ضمانت لینا جائز ہے۔ (۱)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قوله : (ولو المال مجهولاً) لابتنائها على التوسع ، وقد أجمعوا على صحتها بالدرك مع أنه لا يعلم كما يستحق من المبيع .

(۴۵۳/۷ ، كتاب الكفالة ، مطلب كفالة المال قسمان)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : ضمان المجهول لا يشترط في الكفالة بالمال عند الجمهور الفقهاء أن يكون الدين معلوم القدر والصفة والعين ، فتصح الكفالة بالمعلوم كقوله : تكفلت عنه بألف ، أو بالمجهول كقوله : تكفلت عنه بمالك عليه ، أو بما يدريك في هذا البيع من الضمان ، لأن الكفالة عقد تبرع مبينة على التوسع ، فيحتمل فيها الجهالة بعكس البيع . (۴۱۶۲/۶ ، كتاب الكفالة ، المبحث الثاني)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۳۰۲،۳۰۳)

کفالہ کو شرط کے ساتھ معلق کرنا

مسئلہ (۴۸۲): حنفیہ کے نزدیک عقدِ کفالہ کو کسی شرط سے معلق کرنے کی دو صورتیں ہیں:

(۱) پہلی صورت: ایسی شرط کے ساتھ معلق کیا جائے جو اس عقد کے ملائم اور مناسب ہو۔ ایسی شرط کے ساتھ عقد کو معلق کرنا جائز ہے، اس کی مزید تین صورتیں ہیں:

۱- ایسی شرط لگائی جائے جس کے پائے جانے سے حق ادا کرنا لازم ہوجاتا ہو، جیسے یوں کہا جائے کہ: اگر کوئی شخص اس مبیع کا مالک نکل آیا، تو میں اس کی قیمت کی ادائیگی کی ضمانت لیتا ہوں۔

۲- ایسی شرط لگائی جائے جس کی وجہ سے کفیل کے لیے اپنا حق وصول کرنا آسان ہو، مثلاً زید بکر کی طرف سے کفیل بنتے ہوئے یوں کہے کہ: اگر بکر آگیا تو میں اس کی طرف سے ضامن ہوں۔

۳- ایسی شرط لگائی جائے جس کے پائے جانے کی صورت میں مکفول لہ یعنی صاحبِ حق کے لیے اپنا حق وصول کرنا بہت مشکل ہوجائے، مثلاً زید بکر کی طرف سے ضامن بنتے ہوئے یوں کہے کہ: اگر بکر ملک چھوڑ کر باہر چلا گیا، تو میں اس کی طرف سے ادائیگیٔ حق کا ضامن ہوں۔ ظاہر ہے کہ اگر بکر واقعۃً ملک چھوڑ کر باہر چلا گیا، تو صاحبِ حق کے لیے اس سے اپنا حق وصول کرنا مشکل ہوجائے گا۔

ان تین صورتوں میں عقدِ کفالہ کی تعلیق جائز ہے۔ (۱)

(۲) دوسری صورت: ایسی شرط کے ساتھ معلق کیا جائے جو عقدِ کفالہ کے ملائم اور مناسب نہ ہو، جیسے کوئی شخص یوں کہے کہ: اگر بارش ہوگئی تو میں زید کی طرف سے ضامن ہوں ورنہ نہیں۔ اس قسم کی شرط کے ساتھ عقد کو معلق کرنا جائز نہیں۔

تعلیق کے بارے میں حنفیہ کے اصل اُصول کی روشنی میں عقدِ کفالہ کی تعلیق مطلقاً جائز ہونی چاہیے تھی، کیوں کہ کفالہ عقودِ معاوضہ میں سے نہیں، لیکن دوسری صورت میں تعلیق کو اس لیے ناجائز قرار دیا گیا ہے کہ اس صورت میں غرر اور خطر بہت واضح ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " التنوير مع الدر والرد " : وتصح لو علقت بشرط صحيح ملائم أي موافق للكفالة بأحد أمور الثلاثة بكونه شرطاً للزوم الحق كان استحق المبيع أو شرطاً لإمكان الاستيفاء نحو إن قدم زيد فعليّ ما عليه من الدين وهو مكفول عنه ، أو شرطاً لتعذره أي الاستيفاء نحو إن غاب زيد عن المصر فعليّ وأمثلته كثيرة فهو جملة الشروط التي يجوز تعليق الكفالة بها . (٢/٧ ٤٥٧ ، كتاب الكفالة ، قبيل مطلب في تعليق الكفالة)

(البحر الرائق : ٦/ ٣٧٩ ، كتاب الكفالة)

(٢) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ولا تصح) إن علقت بغير ملائم (نحو إن هبت الريح أو جاء المطر) لأنه تعليق بالخطر ولا يلزم المال . (٧/ ٤٥٩)

ما في " البحر الرائق " : ويصح تعليق الكفالة بشرط ملائم كشرط وجوب الحق .... ولا يصح بنحو إن هبت الريح . (٦/ ٣٧٠ ، كتاب الكفالة ، تبيين الحقائق : ٥/ ٣٦)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/ ۲۹۷، ۲۹۸)

کفالت کی اضافت مدتِ غیر متعینہ کی طرف

مسئلہ (۴۸۳): اگر کوئی شخص عقدِ کفالہ کی اضافت مستقبل کی ایسی مدت کی طرف کرے، جس کا پایا جانا غیر یقینی ہو، جیسے بارش کا برسنا، تو یہ اضافت باطل ہوجائے گی، اورحق کی ادائیگی فوراً لازم ہوجائے گی، اوراگر وہ مدت یقینی ہوتو ایسی صورت میں کفالہ کا معاملہ بھی صحیح ہے، اوراس مدت کے آنے پر ادائیگی بھی لازم ہوجائے گی۔ (۱)

مکفول لہ کی جہالت

مسئلہ (۴۸۴): مکفول لہ کی جہالتِ فاحشہ عقد کفالہ کو فاسد قرار دیتی ہے، جیسے کہ اگر کوئی شخص کسی سے عقد کفالہ اس طرح کرے کہ جس شخص کا بھی تجھ پر قرض ہے، میں تمہاری طرف سے اس کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوں، تو یہ عقد کفالہ جہالتِ فاحشہ کی بنا پر شرعاً صحیح نہیں ہے۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " التنویر مع الدر والرد " : تصح لو علقت بشرط صریح ملائم أی موافق للکفالة بأحد أمور الثلاثة ، بکونه شرط للزوم الحق ..... أو شرطاً لإمکان الاستیفاء نحو ان قدم زید فعلی ما علیه من الدین ..... وهو مکفول عنه أو شرطاً لتعذره أی الاستیفاء نحو إن غاب زید عن المصر فعلي وأمثلته کثیرة ، فهذه جملة الشروط التی یجوز تعلیق الکفالة بها ولا تصح إن علقت بغیر ملائم نحو إن هبت الریح أو جاء المطر لأنه تعلیق بالخطر . (۸/۴۵۷ ، مطلب فی تعلیق الکفالة بشرط غیر ملائم ، البحر الرائق : ۶/۳۷۰ ، کتاب الکفالة)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۲۹۷)

(۲) ما في " القرآن الکریم " : ﴿ولمن جآء به حمل بعیر وأنا به زعیم﴾ . (یوسف:۷۲)

ما في " صحیح البخاري " : عن أبي هریرة رضي الله تعالی عنه : " فمن تُوُفِّيَ من المؤمنین=

مکفول لہ کے آنے تک دوسرے کا کفیل بننا

مسئلہ (۴۸۵): اگر کوئی شخص کسی کی طرف سے کفیل بنے، اور یوں کہے کہ اگر مکفول لہ ایک مہینے تک آ گیا، تو پھر وہ خود ہی اپنے ذمہ کو پورا کرے گا، اور اگر ایک مہینہ تک نہیں آیا، تو میں اس کی طرف سے کفیل ہوں، عقد کفالہ کی یہ صورت فقہاء کے مابین مختلف فیہ ہے، حنفیہ میں سے امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور مالکیہ وحنابلہ رحمہم اللہ کے نزدیک یہ صورت جائز ہے، جب کہ امام محمد اور امام شافعی رحمہما اللہ اس صورت کو ناجائز کہتے ہیں، اختلاف کی بنیاد اس بات پر ہے کہ ایسی شرط لگانا مقتضائے عقد میں شامل ہے یا نہیں؟ جن حضرات نے اسے جائز قرار دیا ہے، ان کا کہنا ہے کہ ایسی شرط بھی عقد کفالہ کے لیے ملائم اور مناسب ہے، اور عقد کفالہ کے

=فترک دَینًا فعليّ قضاؤُه". (۱/۳۰۸، رقم الحدیث :۲۲۴۳)

ما في " اعلاء السنن " : أن المانع هو الجهالة الفاحشة كما إذا ضمن ما على أحد من الناس وهم غير معلومين أو كل لأحد من الناس وهم غير محدودين وأما إذا ضمن ما على أحد من جماعة معلومة أو كفل لأحد من الناس وهم محدودين فيجوز بدليل احتجاجهم بقوله تعالى : ﴿ولمن جآء به حمل بعير وأنا به زعيم﴾ . [سورة يوسف:۷۲] وهو كفالة للمجهول ولكن الجهالة غير فاحشة لأن المراد من جاء به منهم وهم محدودون فكذا ههنا لأن المراد بمن توفي من المؤمنين من توفي من أهل المدينة الذين كان رسول الله ﷺ يصلي على جنائزهم ويتنكب عن الصلوٰة على من مات منهم مديوناً من غير وفاء وكانوا معلومين محدودين .

(۱۴/۵۴۸ ، كتاب الكفالة)

ما في " رد المحتار " : قوله : (ولا بجهالة بالمكفول له) قلت : الظاهر أن المانع هنا جهالة متفاحشة لما علمت آنفاً من قول " الكافي " . لو قال : أنا كفيل بفلان أو فلان جاز . تأمل.

(۷/۴۶۰ ، كتاب الكفالة ، مطلب في تعليق الكفالة) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۳۰۶)

مقتضٰی میں داخل ہے، جب کہ ناجائز کہنے والے حضرات کا کہنا ہے کہ اس میں غیر یقینی کیفیت اور خطر کی خرابی پائی جاتی ہے، اس لیے یہ صورت جائز نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(ا) ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : وإذا تكفل برجل إلى أجل إن جاء به فيه وإلا لزمه ما عليه صح وبه قال أبو حنيفة وأبو يوسف ، وقال محمد بن الحسن والشافعي : لا تصح الكفالة ولا يلزمه ما عليه لأن هذا تعليق الضمان بخطر فلم يصح كما علقه بقدوم ، ولنا أن هذا موجب الكفالة ومقتضاه فصح اشتراطه ، ..... ومبنى الخلاف ههنا على الخلاف فى أن هذا مقتضى الكفالة وقد دللنا عليه . (۶/۳۰۳ ، بحوالہ مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۳۰۲)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وللفقهاء فى حكم الكفالة المعلقة خلاف يمكن ذهب الحنفية إلى صحة الكفالة المعلقة على شرط ملائم ، وهو شرط الذى يكون سبباً لوجوب كقول الكفيل للمشترى ، إذا استحق المبيع فأنا ضامن الثمن ، أو الشرط الذى يكون سبباً لإمكان الاستيفاء ، كقول الكفيل للدائن : إذا قدم فلان أى المكفول عنه، فأنا كفيل بدينک عليه .... وذهبوا كذلک إلى صحة الكفالة المعلقة بشرط جرى به العرف ، كما لو قال الكفيل : إن لم يؤد فلان مالک عليه من دين إلى ستة أشهر فأنا له ضامن ، لأنه علق الكفالة بالمال بشرط متعارف فصح . (۳۴/ ۲۹۱ ، كفالة)

قرض کی ادائیگی کا ذمہ لینا

مسئلہ (۴۸۶): کوئی شخص دوسرے شخص سے یوں کہے کہ؛ ان پندرہ آدمیوں میں سے جس کا قرض تم پر واجب ہے، میں اس کی ادائیگی کا ضامن ہوں، تو ایسی صورت میں مکفول لہ کے لیے تین شرطوں کا ہونا ضروری ہے:

(۱) مکفول لہ معلوم ہو۔ (۲) مکفول لہ مجلس عقد میں حاضر ہو۔ (۳) مکفول لہ عاقل ہو[۱]، لہٰذا مذکورہ صورت شرعاً درست نہیں ہے، کیوں کہ اس میں مکفول لہ معلوم ومتعین نہیں ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : شروط المكفول له : يشترط في المكفول له وهو الدائن شروط وهي : أولاً : أن يكون معلوماً ، فلو كفل إنسان لأحد من الناس فلا تجوز الكفالة ، لأنه إذا كان المكفول له مجهولاً لا يتحقق المقصود من الكفالة وهو التوثق .... ثانياً : أن يكون المكفول له حاضراً فی مجلس العقد ..... فلو كفل إنسان لغائب عن المجلس ، فبلغه الخبر فأجاز لا تجوز الكفالة عندهما (أبي حنيفة ومحمد رحمهما الله تعالى) إذا لم يقبل به حاضر في المجلس ...... ثالثاً : أن يكون المكفول له عاقلاً ، .... فلا يصح قبول المجنون والصبي غير المميز لأنهما ليسا أهلاً لصدور القبول عنهما باعتباره ركناً فی العقد . (۶/۴۱۵۵ ، ۴۱۵۶ ، شروط المكفول له)

ما في " بدائع الصنائع " : منها : أن يكون معلوماً حتى أنه إذا كفل لأحد من الناس لا تجوز ، لأن المكفول له إذا كان مجهولاً لا يحصل ما شرع له الكفالة وهو التوثق . ومنها : أن يكون في مجلس العقد . (۴/۶۰۶ ، كتاب الكفالة) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۳۰۸)

(۲) ما في " رد المحتار" : (ولا تصح بجهالة المكفول له) . (تنوير الأبصار) . وفي الشامية : قال العلامة ابن عابدين الشامي رحمه الله : والحاصل أن جهالة المكفول له تمنع صحة الكفالة مطلقاً .
(۷/۴۶۰ ، ۴۶۱ ، كتاب الكفالة ، مطلب في تعليق الكفالة بشرط)

مکفول عنہ کا مجہول ہونا

مسئلہ (۴۸۷): عقدِ کفالہ میں مکفول عنہ کی جہالت، عقدِ کفالہ کو اس وقت ناجائز قرار دیتی ہے، جب کہ عقدِ کفالہ معلّق ہو، یا مستقبل کی طرف مضاف ہو،

مثالِ اول؛ کوئی شخص یوں کہے: اگر کسی نے تجھ سے کوئی چیز غصب کرلی، تو میں اس کا ضامن ہوں۔

مثالِ ثانی؛ کوئی شخص یوں کہے کہ جو کچھ تمہارا لوگوں پر واجب ہوگا، میں اس کا ضامن ہوں۔ [1]

مصنوعات کی لائف ٹائم گارنٹی

مسئلہ (۴۸۸): دورِ حاضر میں بعض کمپنیاں اپنی مصنوعات کی خریداری پر گاہک کو سال دوسال، یا لائف ٹائم گارنٹی دیتی ہیں، یہ گارنٹی صورت کے لحاظ سے کفالہ بالدرک ہے (درک کے معنی حصول/ پانے کے ہیں)، یعنی اگر مشتری مبیع میں کوئی عیب پائے تو بائع اس کا کفیل ہوگا، جب کہ کفالہ بالدرک بالاجماع صحیح ہے،

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : والحاصل جهالة المكفول له تمنع صحة الكفالة مطلقاً ، وجهالة المكفول به لا تمنع مطلقاً ، وجهالة المكفول عنه في التعليق والإضافة تمنع صحة الكفالة وفي التنجيز لا تمنع . (۱۷۲/۷، العناية شرح الهداية :۸۹/۴ ، الجوهرة النيرة : ۲۶۰/۱، رد المحتار : ۵۸۵/۷ ، الدراية على هامش الهداية : ۱۱۶/۲)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/ ۳۰۸)

اسی طرح خود کفالہ میں بھی فقہاء کے ہاں توسع پایا جاتا ہے، اس کے علاوہ کفالہ بلکہ اکثر معاملات کا تعلق عرف کے ساتھ ہے، آج کل کوئی چیز فروخت کرتے وقت گارنٹی دینا کاروبار کا ایک اہم جز بن گیا ہے، چونکہ آج کل دو نمبر (نقلی) چیزیں عام طور پر تیار ہوتی ہیں، جس کی وجہ سے گارنٹی دینا اور لینا ناگزیر ہو گیا ہے، اور ویسے بھی عام طور پر عالمی اور ملکی منڈیوں میں ایک رواج سا بن گیا ہے کہ لوگ گارنٹی والی چیز بلا کسی حجت کے خرید لیتے ہیں، لہٰذا گارنٹی پر خرید و فروخت کرنا عرف اور عموم بلوی کی وجہ سے جائز ہے، اس میں کوئی قباحت نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : ولأن الكفالة جوازها بالعرف . (۲۰۶/۴ ، كتاب الكفالة)

ما في " العناية على هامش فتح القدير " : تكفلت عنه بمالک عليه أو بما يدرکک في هذا البيع ، يعني من الضمان بعد ان كان ديناً صحيحاً ، لأن مبنى الكفالة على التوسع فإنها تبرع .... وعلى الكفالة بدرک ، بفتح الراء وسكونها ، وهو التبعة ، دليل على جوازها بالمجهول لا يصح ، لأنه التزام ، فلا يصح مجهولاً كالثمن في البيع ، وقلنا : إن الضمان بدرک صحيح بالإجماع ، وهو ضمان المجهول . (۱۷۲/۷ ، كتاب الكفالة)

ما في " الهداية " : وأما الكفالة بالمال فجائزة معلوماً ما كان المكفول به أو مجهولاً إذا كان ديناً صحيحاً ...... أو بما يدرکک في هذا البيع ، لأن مبنى الكفالة على التوسع فيحتمل فيها الجهالة ، وعلى الكفالة بالدرک إجماع . (۹۸/۳ . ۱۰۰ ، كتاب الكفالة)

ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : رجل باع داراً وكفل رجل المشتري بما أدركه فيها من درک ، فأخذ المشتري بذلک عنه رهناً ، ذكر في الأصل أن الرهن باطل ، ولا ضمان على المرتهن ، والكفالة جائزة . (۶۴/۳) (فتاوی حقانیہ:۳۶۴/۶)

ما في " قواعد الفقه " : " استعمال الناس حجة يجب العمل بها " . (ص/۵۷)

کتاب الحوالة

☆......حوالہ کے مسائل......☆

عقدِ حوالہ

مسئلہ (۴۸۹): حوالہ کا لفظ ''تحویل'' سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ شرعی اصطلاح میں ؛ کسی قرض کا ایک ذمہ سے کسی دوسرے با اعتماد ذمہ کی طرف منتقل ہونے کا نام حوالہ ہے [1]، فقہائے کرام کی اصطلاح میں ؛ قرض کا اصل یعنی مقروض کے ذمہ سے محتال علیہ یعنی ادائیگی کی ذمہ داری لینے والے کی طرف با اعتماد طریقے سے منتقل ہونا، حوالہ کہلاتا ہے [2]، حوالہ بالدین شرعاً جائز اور درست ہے۔ [3]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الحوالة في اللغة : من حال الشيء حولا وحُؤُولا ، تحوَّل ، وتحوَّل من مكانه انتقل عنه وحوّلتُه تحويلاً نقلتُه من موضِع إلى موضِع ، ..... والحوالة في الاصطلاح : نقل الدين من ذمة إلى ذمة . (۱۸/ ۱۶۹ ، حواله) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/ ۲۷۸،۲۷۹)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (هي) لغة : النقل ، وشرعاً : (نقل الدين من ذمة المحيل إلى ذمة المحتال عليه) . (تنوير مع الدر) . وفي الشامية : وفي " المغرب " : تركيب الحوالة يدل على الزوال والنقل ومنه التحويل ، وهو نقل الشيء من محل إلى محل . (۵/۸ ، كتاب الحوالة)

(۲) ما في " العناية شرح الهداية " : وفي اصطلاح الفقهاء : تحويل الدين من ذمة الأصيل إلى ذمة المحتال عليه على سبيل التوثق به . (۴/ ۱۳۹ ، كتاب الحوالة)

(۳) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الحوالة بالدين جائزة بالسنة والإجماع استثناء من منع التصرف في الدين بالدين . (۶/ ۴۱۸۸ ، المبحث الأول ، الحوالة)

حوالہ مطلقہ اور حوالہ مقیدہ

مسئلہ (۴۹۰): حوالہ مطلقہ: وہ حوالہ ہے جس میں محتال علیہ کے ذمہ محیل کا کوئی قرضہ یا کوئی چیز نہیں ہوتی، بلکہ وہ اپنی طرف سے محیل کا قرضہ ادا کرتا ہے۔
حوالہ مقیدہ: وہ ہے کہ اس میں محتال علیہ کے ذمہ پہلے سے محیل کا کوئی قرض یا کوئی چیز ہوتی ہے، اوراسی قرض یا چیز کی قیمت کے بقدر وہ محیل کے قرضہ کی ادائیگی کی ذمہ داری اٹھاتا ہے[۱]، حوالہ کی مذکورہ دونوں صورتیں درست ہیں۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدرر الأحكام في شرح غرر الحكام لملا خسرو " : قال القاضي ملا خسرو الحنفي : اعلم أن الحوالة إما مطلقة أو مقيدة ، أما المطلقة فهي أن يرسلها إرسالاً لا يقيدها بدين له على المحال عليه ولا بعين له في يده أو يحيله على رجل ليس له عليه دين ولا في يده عين له . وأما المقيدة فهي أن يكون للمحيل مال عند المحتال عليه من وديعة أو غصب أو عليه دين فقال : احلت الطالب عليک بالألف الذي له عليّ على أن تؤديها من المال الذي لي عليک وقبل المحتال عليه .

(۲/۳۰۹ ، مير محمد كتب خانه كراچي ، بحوالہ مالی معاملات پرغرر کے اثرات:ص/۲۷۹،۲۸۰)

(۲) ما في " الجوهرة النيرة " : الحوالة على ضربين : (۱) مطلقة (۲) مقيدة ، فالمطلقة : أن يقول لرجل : احتل لهذا عني بألف درهم فيقول : احتلت ، والمقيدة : أن يقول : احتل بالألف التي لي عليک فيقول : احتلت وكلاهما جائزان . (۲/۲۶۶، كتاب الحوالة)

ما في " بدائع الصنائع " : والجملة أن الحوالة نوعان : مطلقة ومقيدة ، فالمطلقة أن يحيل بالدين على فلان ولا يقيده بالدين الذيعليه ، والمقيدة بأن يقيده بذلک والحوالة بكل واحدة من النوعين جائزة ، لقوله عليه السلام : " من أحيل على مليءٍ فليتبع من غير فصل " .

(۷/۴۱۸ ، كتاب الحوالة ، فصل في شروط الركن)

ٹریولر چیک کے ذریعے حوالہ

مسئلہ (۴۹۱): عصرِ حاضر میں حوالہ کی ایک صورت یہ رائج ہے کہ مثلاً ایک شخص ہندوستان سے سعودی عرب جارہا ہے، اس کے پاس کچھ رقم ہے، بینک اسی کے حساب سے ریالوں میں اسے چیک جاری کردیتا ہے، مثلاً وہ پندرہ ہزار روپئے ہندوستانی جمع کراتا ہے، تو ایک ہزار سعودی ریال کا چیک مل جاتا ہے، اسے عربی میں ''الشیک السیاحیة'' اور انگریزی میں ''ٹریولر چیک'' (Traveller Check) کہتے ہیں، اس چیک کی بنیاد پر وہ سعودی عرب میں متعلقہ بینک سے مطلوبہ رقم حاصل کرسکتا ہے، لیکن بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ وہ اس چیک کے ذریعے رقم نکلوانے کے بجائے اتنی رقم کی کسی دکان وغیرہ سے خریداری کرلیتا ہے، اور اس چیک کی پشت پر دستخط کرکے دکاندار کے حوالے کردیتا ہے، اس طرح دستخط کرنے کو ''تظهیر'' (Endorsement) کہتے ہیں، دکاندار وہ چیک متعلقہ بینک کے پاس لے جاکر مطلوبہ رقم حاصل کرلیتا ہے۔ گویا اس معاملے میں ٹریولر چیک ہولڈر جو کہ دکاندار کا مقروض بن جاتا ہے، اس قرض کی ادائیگی اپنے مقروض (بینک) کی طرف منتقل کردیتا ہے، اس طرح یہاں ایک حوالہ مقیدہ کا عقد وجود میں آتا ہے، جس میں یہ شخص محیل (Transferor)، دکاندار محال (Transferee) اور بینک محال علیہ (Payer) ہوتا ہے [۱]۔ تو اس طرح کا حوالہ شرعاً درست ہے، کیوں کہ یہ حوالہ، حوالہ مقیدہ ہے، جو جائز ہے۔ [۲]

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " تكملة فتح الملهم " : ثم ان معظم الأوراق المالية التى يتعامل الناس اليوم حكم التعامل بها حكم الحوالة كالشيک المصرفي (Bank Chaque)....... وإذا صحت الحوالة بهذه الأوراق المالية فإنها سندات ديون ...... والقبض على هذه الأوراق ليس قبضاً للثمن وإنما هو احتيال للدين . (۱/ ۵۱۵)

(۲) ما في " الجوهرة النيرة " : الحوالة على ضربين : (۱) مطلقة (۲) مقيدة ، فالمطلقة : أن يقول لرجل : احتل لهذا عني بألف درهم فيقول : احتلت ، والمقيدة : أن يقول : احتل بالألف التى لي عليک فيقول : احتلت وكلاهما جائزان . (۲/ ۲۶۶، كتاب الحوالة)

ما في " بدائع الصنائع " : والجملة أن الحوالة نوعان : مطلقة ومقيدة ، فالمطلقة أن يحيل بالدين على فلان ولا يقيده بالدين الذي عليه ، والمقيدة بأن يقيده بذلک والحوالة بكل واحدة من النوعين جائزة ، لقوله عليه السلام : " من أحيل على ملئٍ فليتبع من غير فصل " .

(۷/ ۴۱۸ ، كتاب الحوالة ، فصل في شروط الركن)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/ ۲۸۷)

قرض کی جگہ چیک جاری کرنا

مسئلہ (۴۹۲): چیک کی شرعی حیثیت سند وحوالہ کی ہے، اور یہ حوالہ اس وقت صحیح ہوگا جب محال علیہ (بینک) اس کو قبول کرے، اور حاملِ چیک کو چیک میں مکتوب رقم نقد ادا کردے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فقه وفتاوى البيوع " : لا يجوز التعامل بالشيک في بيع الذهب أو الفضة ، وذلک لأن الشيكات ليست قبضاً وإنما هي وثيقة حوالة فقط ، بدليل أن الذي أخذ الشيک لو ضاع منه لرجع على الذي أعطاه إياه ولو كان قبضاً لم يرجع عليه ، وبيان ذلک أن الرجل لو اشترى ذهباً بدراهم واستلم البائع الدراهم فضاعت منه لم يرجع على المشتري، ولو أنه أخذ من المشتري شيكاً ثم ذهب به ليقبضه من البنک ثم ضاع منه فإنه رجع على المشتري بالثمن ، وهذا دليل على أن الشيک ليس بقبض ، وإذا لم يكن قبضاً لم يصح البيع ..... إلا إذا كان الشيک مصدقاً من قبل البنک واتصل البائع بالبنک وقال : أبق الدراهم عندک وديعة لي ، فهذا قد يرخص فيه . (ص/۳۹۹ ، مكتبة دار ابن رجب)

ما في " بدائع الصنائع " : أما ركن الحوالة : فهو الإيجاب والقبول ، الإيجاب من المحيل والقبول من المحال عليه والمحال جميعاً فالإيجاب أن يقول المحيل للطالب : احلتک على فلان ، هكذا ، والقبول من المحال عليه والمحال أن يقول كل واحد منهما قبلت أو رضيت أو نحو ذلک مما يدل على القبول والرضا وهذا عند أصحابنا . (۴۱۵/۷)

کتاب الوکالة

☆......وکالت کے مسائل......☆

عقدِ وکالہ

مسئلہ (۴۹۳): کسی کام میں تصرف کرنے کے لیے اپنے بجائے، کسی دوسرے کومقرر کرنا عقدوکالہ کہلاتا ہے[1]، اوروہ جائز ہے۔[2]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : وهو إقامة الغیر مقام نفسه في التصرف . (۷/۲۳۵ ، الوکالة)

ما في " بدائع الصنائع " : وهو تفویض التصرف والحفظ إلی الوکیل . (۵/۱۵ ، الوکالة)

ما في " الدرا لمختار مع الشامیة " : وهو إقامة الغیر مقام نفسه في تصرف جائز معلوم .

(۸/۲۱۳ ، کتاب الوکالة)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامیة " : التوکیل صحیح بالکتاب والسنة ، قال تعالی : ﴿فابعثوآ احدکم بورقکم﴾ . ووکل علیه الصلاة والسلام حکیم بن حزام بشراء أضحیة ، وعلیه الإجماع . (۸/۲۱۰ ، کتاب الوکالة)

ما في " البحر الرائق " : وکان البعث فیهم بطریق الوکالة وشرع من قبلنا شرع لنا إذا قصه اللّٰه تعالی ورسوله من غیر انکار ولم یظهر نسخه ، ووکل علیه السلام حکیم بن حزام بشراء أضحیة وانعقد الإجماع . (۷/۲۳۹ ، کتاب الوکالة)

ما في " الهدایة " : وقد صح أن النبي ﷺ وکل بالشراء حکیم بن حزام وبالتزویج عمر بن أم سلمة . (۳/۱۶۱ ، کتاب الوکالة)

وکالت میں جہالتِ فاحشہ

مسئلہ (۴۹۴): ایک شخص کسی سے تجارت کا مال منگوائے، اور وکیل سے صرف یہ کہے کہ؛ میرے لیے کپڑے خرید کر لانا، اور کپڑے کی نوعیت بیان نہ کرے، تو اس میں جہالتِ فاحشہ پائی جارہی ہے، اس لیے یہ صورت شرعاً درست نہیں ہے۔ (۱)

کسی چیز کے خریدنے کا مطلق وکیل بنانا

مسئلہ (۴۹۵): اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو اپنے لیے گھوڑا خریدنے کا وکیل بنائے، اور مطلق کہے کہ؛ تم میرے لیے گھوڑا خرید لاؤ، تو شرعاً یہ وکالت درست ہے، کیوں کہ اس میں معمولی جہالت پائی جارہی ہے، جو منافیٔ وکالت نہیں ہے، نیز وکیل اپنے مؤکل کے لیے اس کی مالی حیثیت کا اندازہ لگا کر گھوڑا خریدیگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : لو وكله بشراء ثوب أو دابة لا يصح وإن سمى ثمناً للجهالة الفاحشة . (۸/ ۲۲۰ ، كتاب الوكالة ، باب الوكالة بالبيع والشراء)

ما في " بدائع الصنائع " : لا يجوز التوكيل به إلا بعد بيان النوع وذلك نحو أن يقول : اشتر لي ثوباً لأن الثوب يقع على أنواع مختلفة من ثوب الإبريسم والقطن والكتان وغيرهما فكانت الجهالة كثيرة فمنعت صحة التوكيل فلا يصح وإن سمى الثمن لأن الجهالة بعد بيان الثمن متفاحشة . (۵/ ۲۱ ، كتاب الوكالة ، التوكيل بحقوق العباد)

ما في " مجمع الأنهر " : لا يصح التوكيل بشراء شيء يشمل أجناساً كالرقيق والثوب والدابة للجهالة الفاحشة . (۳/ ۳۱۳ ، باب الوكالة بالبيع والشراء) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات)

(۲) ما في " مجمع الأنهر مع الدر المنتقى " : الأصل أنها إن عمت أو علمت أو جهلت =

کسی کو اپنے معاملات میں وکیل بنانا

مسئلہ(۴۹۶): حنفیہ کے نزدیک وکالت کی ابتداءً دو قسمیں ہیں:

(۱)وکالتِ عامہ! (۲)وکالتِ خاصہ!

وکالتِ عامہ: کوئی شخص کسی دوسرے کو تمام کاموں میں وکیل بنادے، مثلاً یوں کہے کہ: ''أنت وکیلي في کلّ شيء''۔ تم ہر چیز میں میرے وکیل ہو۔ وکالت کی یہ صورت عندالحنفیہ جائز ہے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ اس عمومی وکالت کی وجہ سے وکیل کو، کون کون سے تصرفات کا حق حاصل ہوگا، اس بارے میں تین اقوال ہیں:

۱- پہلا قول یہ ہے کہ اس وکالت کی وجہ سے وکیل ہر قسم کے تصرف کا مالک بن جائے گا، یہاں تک کہ اسے یہ اختیار بھی حاصل ہوگا کہ اس عمومی وکالت کی بنیاد پر مؤکل کی بیوی کو طلاق دے دے، البتہ اگر کسی دلیل سے معلوم ہو جائے کہ اس عمومی وکالت میں بیوی کو طلاق دینے (یا غلام کو آزاد کرنے) کی اجازت شامل نہیں، تو پھر اس کی اجازت نہ ہوگی۔

۲- دوسرا قول یہ ہے کہ طلاق، عتاق (غلام کو آزاد کرنے) اور مؤکل کی طرف

=جهالة يسيرة وهي جهالة النوع المحض كفرس صحت .... (وكذا إن سمى نوع الدابة كالفرس، والبغل أو بين ثمن الدار ...... فقال: ابتع لي ما رأيت جاز).

(۳/۳۱۳، ۳۱۴، باب الوكالة بالبيع والشراء) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۳۲۴)

ما في '' رد المحتار '' : (وكله بشراء ثوب هروي أو فرس أو بغل صح) بما يتحمله حال الآمر. '' زيلعي ''. در مختار. وفي الشامية: قوله: '' زيلعي '' عبارته لأن الوكيل قادر على تحصيل مقصود المؤكل بأن ينظر في حاله. (۸/۲۱۹، باب الوكالة بالبيع والشراء)

سے کوئی چیز وقف کرنے کے علاوہ ہر قسم کے تصرف کی اجازت ہوگی، یعنی وکیل ان تین کاموں کے علاوہ ہر کام مؤکل کی طرف سے اس کا وکیل بن کر، کر سکے گا، البتہ اگر کسی دلیل سے یہ معلوم ہو جائے کہ مؤکل کی طرف سے ان تین کاموں کی اجازت دی گئی ہے، تو پھر وکیل ان تین تصرفات کا بھی مالک ہو جائے گا۔

پہلے اور دوسرے قول میں فرق یہ ہے کہ- پہلے قول کے اعتبار سے اصل یہ ہے کہ وکالت تمام تصرفات وافعال کو شامل ہے، البتہ اگر کسی فعل کو مستثنیٰ کر دیا جائے، تو وہ مستثنیٰ ہو جائے گا، اور دوسرے قول کے اعتبار سے اصل یہ ہے کہ مذکورہ افعال عقدِ وکالت میں شامل نہیں، البتہ بعد میں کسی دلیل کے ذریعے ان کو شامل کیا جائے، تو وہ شامل ہو جائیں گے۔

۳- تیسرا قول یہ ہے کہ اس عمومی وکالت کی وجہ سے وکیل کو صرف عقودِ معاوضہ کرنے کی اجازت ہوگی، باقی معاملات جیسے طلاق، عتاق، ہبہ، وقف اور تبرّعات وغیرہ کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔یہی قول راجح ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وهو خاص وعام كأنت وكيلي في كل شيء ، عم الكل حتى الطلاق . قال الشهيد : وبه يفتى . وخصه أبو الليث بغير طلاق وعتاق ووقف ، واعتمده في " الأشباه " ، وخصه قاضي خان بالمعاوضات ، فلا يلي العتق والتبرعات وهو المذهب كما في " تنوير البصائر " و " زواهر الجواهر " . وسيجيء أن به يفتى ، واعتمده في " الملتقط " فقال : وأما الهبات والعتاق فلا يكون وكيله عند أبي حنيفة خلافاً لمحمد . [در مختار] . وفي الشامية : قال العلامة الشامي رحمه الله : واختلفوا في طلاق وعتاق ووقف ، فقيل يملك ذلك لإطلاق تعميم اللفظ ، وقيل لا يملك ذلك إلا إذا دل دليل=

کتاب المساقاة والمزارعة

☆......مساقات ومزارعت کے مسائل......☆

عقد مساقات

مسئلہ (۴۹۷): کچھ پیداوار کے بدلے درخت عامل کے حوالہ کرنے کا نام مساقات ہے، اور صاحبین (امام ابو یوسف وامام محمد رحمہما اللہ) اس کے جواز کے قائل ہیں۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' البحر الرائق '' : هی معاقدة دفع الأشجار إلی من یعمل فیها علی أن الثمرة بینهما وهی کالمزارعة یعني لا یجوز عند الإمام ویجوز عندهما .

(۲۹۸/۸ ، کتاب المساقات ، تبیین الحقائق : ۴۴۲/۶ ، کتاب المساقات)

ما في '' الموسوعة الفقهیة '' : قال الجرجاني : هي دفع الشجر إلی من یصلحه بجزء من ثمره وهي جائزة شرعاً ، وهو قول المالکیة والحنابلة والشافعیة ومحمد وأبي یوسف من الحنفیة وعلیه الفتویٰ عندهم . (۱۱۲/۳۷) (قاموس الفقہ :۸۵/۵)

عقدِ مزارعت

مسئلہ (۴۹۸): مزارَعت پیداوار کے کچھ حصے کے عوض بٹائی کے معاملہ کو کہتے ہیں، اور ظاہرِ روایت کے مطابق مزارعت کی صرف تین قسمیں جائز ہیں:

(۱) زمین اور بیج ایک جانب سے، اور بیل وعمل (محنت) دوسرے کی جانب سے۔

(۲) زمین ایک کی طرف سے اور بیل، بیج اور عمل ومحنت دوسرے کی طرف سے۔

(۳) زمین بیل اور بیج ایک کی طرف سے، اور محنت دوسرے کی طرف سے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وكذا صحت لو كان الأرض والبذر لزيد والبقر والعمل للآخر ، أو الأرض له والباقي للآخر أو العمل له والباقي لآخر فهذه الثلاثة جائزة .

(۹/۳۳۷، كتاب المزارعة)

ما في " الهداية " : إن كانت الأرض لواحد والبقر والعمل لواحد جازت المزارعة لأن البقر آلة العمل وإن كان الأرض لواحد والعمل والبقر والبذر لواحد جازت لأنه استيجار الأرض ببعض معلوم من الخارج وإن كانت الأرض والبذر والبقر لواحد والعمل من الآخر جازت لأنه استأجره للعمل بآلة المستأجر .

(۴/۴۰۹ ، كتاب المزارعة ، بدائع الصنائع :۵/۲۶۰، كتاب المزارعة)

(فتاوی حقانیہ:۶/۴۳۱)

کسی ایک فریق کے لیے پیداوار کی ایک خاص مقدار متعین کرنا

مسئلہ (۴۹۹): اگر کوئی شخص اپنی زمین کسی دوسرے کو مزارعت کے طور پر دے، اس شرط پر کہ فلاں حصہ کی پیداوار میں لوں گا، اس طرح کی تعیین کے ساتھ مزارعت کرنا جائز نہیں ہے، کیوں کہ ہوسکتا ہے جس حصہ کی پیداوار کی شرط لگائی گئی ہے، اس حصہ میں کچھ بھی پیداوار نہ ہو، جب کہ اس صورت میں مالکِ زمین کا نقصان ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ جس حصہ کی پیداوار مالکِ زمین کے لیے متعین کی گئی اس میں زیادہ پیداوار ہو، جب کہ اس میں کاشتکار کا نقصان ہے، اور یہ مزاجِ شریعت کے خلاف ہے، اس لیے یہ صورت ناجائز ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : فإن شرط لأحدهما قفزانا مسماة ، فهي باطلة ، لأن به تنقطع الشركة لأن الأرض عساها لا تخرج إلا هذا القدر ، وصار كاشتراط دراهم معدودة لأحدهما في المضاربة . (۴/۴۱۰)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : فتبطل إن شرط لأحدهما قفزان مسماة أو ما يخرج من موضع معين . (۹/۳۳۲)

ما في " البحر الرائق " : يعنى لو شرطا لأحدهما قفزانا معلومة تفسد لأنه يودي إلى قطع الشركة في المسمى . (۸/۲۹۳) (فتاوی محمودیہ: ۱۷/۱۷۰،۱۷۱، کراچی)

عقدِ مزارعت میں پیداوار سے ایک تہائی یا چوتھائی وصول کرنا

مسئلہ (۵۰۰): اگر کوئی شخص اپنی زمین مزارعت کے طور پر دے، اس شرط پر کہ کل پیداوار سے ایک تہائی یا چوتھائی حصہ میں لے لوں گا، یہ عقد شرعاً درست ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وقال صاحبا أبي حنيفة (أبو يوسف ومحمد) ، ومالك وأحمد وداود الظاهري ، وهو رأي جمهور الفقهاء : المزارعة جائزة ، بدليل أن النبي ﷺ عامل أهل خيبر بشطر ما يخرج من ثمر أو زرع ..... والعمل والفتوى عند الحنفية على قول الصاحبين ، لحاجة الناس إليهم ولتعاملهم ، وهذا هو الراجح . وهي تشبه الشركة والإجارة ، فهي مشاركة في الناتج بين صاحب الأرض والمزارع بنسبة متفق عليها كالنصف أو الثلث للمزارع . (۴۶۸۵/۶ ، الفصل الخامس ، المزارعة والمساقاة ، المبحث الأول)

ما في " الفتاوى الهندية " : ومنها أن يكون ذلک البعض من الخارج معلوم القدر من النصف أو الثلث أو الربح أو نحوه . (۲۳۵/۵ ، كتاب المزارعة ، الباب الأول)

ما في " كتاب الفقه على المذاهب الأربعة " : حكم المزارعة وركنها وشروطها : الحنفية قالوا : ركن المزارعة الذي يتم العقد به هو الإيجاب والقبول بين المالک والعامل ، فإذا قال صاحب الأرض للعامل دفعت إليک هذه الأرض لتعمل فيها مزارعة بالنصف أو الثلث وقال العامل قبلت فقد تم التعاقد بينهما . (۸/۳ ، حكم المزارعة وركنها وشروطها وما يتعلق بها)

كتاب الرهن

☆......گروی کے مسائل......☆

عقد رہن

مسئلہ (۵۰۱): کسی حق کی وجہ سے کسی چیز کو روکے رکھنا، جس کے ذریعہ اس حق کو وصول کرنا ممکن ہو؛ رہن (گروی) کہلاتا ہے[۱]، رہن کا ثبوت قرآن کریم وحدیث شریف دونوں سے ثابت ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : وشرعاً : جعلُ عينٍ ماليّةٍ وثيقةً بدين يُستوفى منها أو من ثمنها إذا تعذّر الوفاء . (۱۷۵/۲۳)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : حبس شيء بحق يمكن استيفاؤه منه .

(۴۲۵۷/۵ ، الفصل الثاني عشر المبحث الأول ، تعريف الرهن)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وإن كنتم على سفر ولم تجدوا كاتباً فرِهٰن مقبوضة﴾ . (البقرة :۲۸۳) . وفيه أيضًا : ﴿كل نفس بما كسبت رهينة﴾ . (المدثر :۳۸)

ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضى الله تعالى عنها : " أن النبي صلى الله عليه وسلم اشترى من يهودي طعاماً إلى أجل ورهنه درعه " . (۳۴۱/۱ ، باب من رهن درعه) (قاموس الفقہ :۵۰۱/۳)

عقدرہن کی شرطیں

مسئلہ (۵۰۲): عقدرہن کی تین شرطیں ہیں: (۱) شیٔ مرہون معلوم ہو۔[۱] (۲) شیٔ مرہون راہن کی ملکیت میں ہو۔[۲] (۳) شیٔ مرہون بوقتِ عقدِ رہن موجود ہو۔[۳]

بلا اجازت کسی کی چیز رہن رکھنا

مسئلہ (۵۰۳): ایک آدمی نے کسی دوسرے سے قرض لیا، اور کسی تیسرے شخص کی چیز اس کی اجازت کے بغیر بطورِ رہن رکھ دیا، شرعاً اس طرح کا معاملہ کرنا درست نہیں ہے، کیوں کہ شیٔ مرہون کا راہن کی ملکیت میں ہونا شرط ہے، اور وہ یہاں مفقود ہے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : أن يكون معلوماً كما يشترط في المبيع أن يكون معلوماً . (۴۲۳۳/۶)

ما في " بدائع الصنائع " : وهو أن يكون ...... معلوماً مقدور التسليم . (۱۹۵/۵ ، الرهن)

(۲) ما في " الفقه الإسلامى وأدلته " : وأن يكون مملوكاً للراهن . (۴۲۳۴/۶)

ما في " بدائع الصنائع " : وهو أن يكون ..... مملوكاً معلوماً مقدور التسليم .
(۱۹۵/۵ ، كتاب الرهن)

(۳) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وهو أن يكون موجوداً وقت العقد مقدور التسليم فلا يجوز رهن ما ليس بموجود عند العقد ولا رهن ما يحتمل الوجود والعدم . (۴۲۳۱/۶ ، بدائع الصنائع : ۱۹۵/۵ ، كتاب الرهن) (مالی معاملات پرغرر کے اثرات:ص/۲۴۶-۲۴۸)=

شئ مرہون پر مرتہن کا قبضہ

مسئلہ (۵۰۴): شئ مرہون پر مرتہن کا قبضہ ہونا ضروری ہے، لہٰذا مرتہن اگر شئ مرہون راہن کے پاس امانت رکھ دے، یا اجرت پر دیدے، تو عقد رہن باقی نہیں رہے گا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۴) ما في " بدائع الصنائع " : وأما الذي يرجع إلى المرهون فأنواع : منها أن يكون محلاً قابلاً للبيع وهو أن يكون موجوداً وقت العقد مالا مطلقاً متقوماً مملوكاً معلوماً مقدور التسليم . (۵/۱۹۵، كتاب الرهن ، الفتاوى الهندية :۵/۴۳۲ ، كتاب الرهن ، الباب الأول)
(مالی معاملات پرغرر کے اثرات)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فرِهٰن مقبوضة﴾ . (سورة البقرة :۲۸۳)
ما في " الفتاوى الهندية " : لا يجوز الرهن إلا مقبوضاً فقد أشار إلى أن القبض شرط جواز الرهن . (۵/۴۳۳)
ما في " بدائع الصنائع " : ومنها: أن يكون مقبوض المرتهن أو من يقوم مقامه ..... وقال ابن أبي ليلى : لا يصح الرهن إلا بقبض المرتهن . (۵/۱۹۸، ۱۹۹)
ما في " الذخيرة للقرافي " : إذا قبض الرهن ثم أودعه الراهن أو آجره إياه أو رده إليه بأي وجه كان ، خرج من الرهن . (ص/۶۳۴، بحوالہ مالی معاملات پرغرر کے اثرات:ص/۲۵۵)

اڑتے ہوئے پرندے یا بھگوڑے غلام کو رہن میں رکھنا

مسئلہ (۵۰۵): صحتِ عقدِ رہن کی شرط یہ ہے کہ جس چیز کو رہن رکھا جارہا ہے، راہن اُسے مرتہن کے حوالہ کرنے پر قادر بھی ہو، اگر حوالہ کرنے پر قادر نہ ہو، تو عقدِ رہن جائز ودرست نہیں ہوگا، جیسے اڑتے ہوئے پرندے اور بھگوڑے غلام کا رہن پر رکھنا، کیوں کہ اس میں راہن شئ مرہون کو سپرد کرنے پر قادر نہیں ہے۔ (۱)

غاصب یا متلِف سے رہن کا مطالبہ

مسئلہ (۵۰۶): کسی شخص نے دوسرے کی کوئی چیز تلف کردی، یا غصب کرکے ہلاک کردیا، تو اس پر اس ضماناً اس شئ کی قیمت لازم ہوگی، اب اگر وہ ضمان کی ادائیگی کے لیے روپیہ پیسہ نہ پائے، تو اس سے کسی چیز کے رہن رکھنے کا مطالبہ کرنا شرعاً جائز ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فرِهٰن مقبوضة﴾ . (سورة البقرة :۲۸۳)

ما في " الفتاوى الهندية " : لا يجوز الرهن إلا مقبوضاً فقد أشار إلى أن القبض شرط جواز الرهن . (۵/۴۳۳) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات :ص/ ۲۴۸)

ما في " بدائع الصنائع " : ومنها: أن يكون مقبوض المرتهن أو من يقوم مقامه ..... وقال ابن أبي ليلى : لا يصح الرهن إلا بقبض المرتهن . (۵/۱۹۸، ۱۹۹)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : والمضمون نوعان : دين وعين ، أما الدين فيجوز الرهن به بأي سبب من الإتلاف والغصب والبيع ونحوها لأن الديون كلها واجبة على اختلاف أسباب وجوبها فكان الرهن بها رهناً بمضمون فيصح . (۵/۲۰۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ويجوز الرهن بالأعيان المضمونة بعينها كالمغصوبة ، وبدل الخلع والصداق وبدل الصلح . (۲۳/۱۷۹) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات :ص/۲۷۱)

خریدار کا بیوپاری سے رہن کا مطالبہ

مسئلہ (۵۰۷): کسی شخص نے کسی سے کوئی چیز خریدی، مگر اسے اندیشہ یہ ہے کہ جو چیز میرے ہاتھ بیچی گئی، ہوسکتا ہے وہ چوری کی ہو، اس لیے وہ بیوپاری سے اس کی کسی چیز کو اپنے پاس رہن رکھنے کا مطالبہ کرے، اسے فقہی اصطلاح میں ''رہن بالدرک'' کہا جاتا ہے[1]، حضراتِ فقہاء کرام کے نزدیک رہن کی یہ صورت باطل ہے، اور علامہ ابن قدامہ رحمہ اللہ نے اس کے ناجائز ہونے پر اجماع نقل کیا ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' العناية '' : إن الدرک هو رجوع المشتري بالثمن على البائع عند استحقاق المبيع . (۲۴۰/۶)

(۲) ما في '' الفقه الإسلامي وأدلته '' : والمعاوضات والتمليكات لا يصح أن تضاف إلى المستقبل لما في الإضافة من الخطر والغرر ، والرهن بالدرک من هذا القبيل .

(۴۲۲۷/۶ ، رهن بالدرک)

ما في '' الهداية '' : والرهن بالدرک باطل والكفالة بالدرک جائزة ، والفرق أن الرهن للاستيفاء قبل الوجوب وإضافة التمليک إلى زمان في المستقبل لا تجوز . (۵۲۷/۲)

ما في '' كتاب الفقه على المذاهب الأربعة '' : وإذا اشترى شخص من آخر داراً ولكنه خشي أن تكون مملوكة لغيره ، أو لغيره فيها حق فأخذ منه رهنا على هذا الخوف ، فإن الرهن يقع باطلاً ويسمى رهن الدرک ، لأن الخوف ليس مالاً حتى يصح أن يكون سبباً للرهن .

(۲۷۶/۲ ، شروط الرهن ، الجوهرة النيرة : ۵۱۷/۱)

(مالی معاملات پرغرر کے اثرات: ص/۲۷۳)

مشترک چیز رہن رکھنا

مسئلہ (۵۰۸): حنفیہ کے نزدیک شئ مشاع یعنی مشترک چیز کو رہن رکھنا جائز نہیں ہے [۱]، جب کہ جمہور علماء (سوائے حنفیہ) رہنِ مشاع کو جائز قرار دیتے ہیں [۲]، ڈاکٹر مولانا اعجاز احمد صمدانی اپنی کتاب ''مالی معاملات پر غرر کے اثرات'' میں رقم طراز ہیں کہ اگر چہ فقہائے احناف نے مشاع چیز کے رہن کو ناجائز قرار دیا ہے، لیکن ائمۂ ثلاثہ کے دلائل بھی بہت قوی معلوم ہوتے ہیں، خصوصاً اس لیے کہ مشاع چیز کو رہن رکھنے سے قرضے کی وصولی کا مقصد حاصل ہوسکتا ہے، اور حنفی مسلک کے مطابق مشاع (مشترک) چیز کی بیع جائز ہے (اس لیے رہنِ مُشاع بوقتِ ضرورت جائز ہونا چاہیے [مرتب])، نیز آگے تحریر فرماتے ہیں: البتہ عام حالات میں جہاں رہنِ مشاع کی واقعی ضرورت نہ ہو، اس سے بچنا ہی بہتر معلوم ہوتا ہے۔ [۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : أما مذهب الحنفية فهو أن لا يجوز رهن المشاع .
(۶/۴۲۵۵ ، رهن المشاع)

(۲) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وأما مذهب الجمهور غير الحنفية : فهو أنه يصح رهن المشاع أو هبته أو التصدق به أو وقفه ، كرهن كله ، من الشريك وغيره ، محتملا للقسمة أم لا ، لأن كل ما يصح بيعه يصح رهنه ، ولأن الغرض من الرهن استيفاء الدين من ثمن المرهون ببيعه عند تعذر الاستيفاء من غيره ، والمشاع قابل للبيع ، فأمكن الاستيفاء من ثمنه والقاعدة عندهم كل ما جاز بيعه جاز رهنه من مشاع و غيره . (۶/۴۲۵۶ ، رهن المشاع)

(۳) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۲۶۰-۲۶۴)

شئ مرہون راہن کو عاریت پر دینا

مسئلہ (۵۰۹): شئ مرہون پر مرتہن کا دائمی قبضہ ضروری ہے، اور دائمی قبضے سے مراد یہ ہے کہ مرہونہ چیز حسی طور پر بالفعل مرتہن کے قبضے میں ہمیشہ رہے، بلکہ مرتہن کو مرہونہ چیز کا قبضہ کرنے کا دائمی حق رہے، یعنی وہ جس وقت چاہے مرہونہ چیز پر قبضہ کر کے اپنا قرض وصول کر لے [۱]، اس لیے عاریت کے معاملے میں حنفیہ کی رائے یہ ہے کہ اگر مرتہن نے راہن کو شئ مرہون عاریت پر دیدی، تو اس سے عقدِ رہن ختم نہ ہوگا، البتہ وہ چیز جب تک راہن کے پاس رہے گی، مرتہن کے ضمان سے نکل جائے گی، پھر جب مرتہن دوبارہ اس پر قبضہ کر لے گا، تو مرتہن کے ضمان میں داخل ہو جائے گی۔ [۲]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط للسرخسي " : ولسنا نعني وجود ید المرتهن حینا وإنما نعني استحقاق دوام الید وبالإعادة من الراهن أو الغصب لا ینعدم الاستحقاق .

(۲۱/۶۷، کتاب الرهن)

(۲) ما في " الهداية " : وإذا أعار المرتهن الرهن للراهن لیخدمه أو لیعمل له عملاً فقبضه خرج من ضمان المرتهن لمنافاة بین ید العاریة وید الرهن ، فإن هلك في ید الراهن هلك بغیر شيء لفوات القبض المضمون ، وللمرتهن أن یسترجعه إلی یده لأن عقد الرهن باق إلا في حکم الضمان في الحال .

(۴/۵۳۰ ، کتاب الرهن ، باب التصرف في الرهن والجنایة علیه وجنایته علی غیره)

راہن یا مرتہن کا انتقال ہوجائے

مسئلہ (۵۱۰): دو شخصوں نے عقد رہن کیا، اور شیٔ مرہون پر قبضہ سے پہلے ہی کوئی ایک پاگل ہوگیا، یا مرگیا، یعنی عقد کا اہل نہیں رہا، تو حنفیہ کے نزدیک عقدِ رہن باطل ہوجائے گا[1]، جب کہ شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک عقدِ رہن باطل نہیں ہوگا، بلکہ راہن کا ولی اس کا قائم مقام ہوجائے گا[2]، اور مالکیہ کے نزدیک یہ تفصیل ہے کہ اگر راہن عقد کرنے کا اہل نہ رہے، تو یہ عقد باطل ہوجائے گا، لیکن مرتہن اگر عقد کے قابل نہ رہے، تو عقد باطل نہ ہوگا، اس لیے کہ عقد رہن مرتہن کے قول سے مکمل ہوا ہے، اور اس کو باقی رکھنے میں مرتہن کی منفعت بھی ہے، جب کہ عقد کو باطل قرار دینے میں اس کا نقصان ہے، لہٰذا مرتہن کے ولی کو اس کے قائم مقام قرار دے کر عقدِ رہن صحیح ہوگا۔[3]

الحجة عل ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : فإن جن أحد العاقدين بعد العقد ، وقبل القبض ، أو عته أو مات ، بطل العقد عند الحنفية لزوال أهلية العاقد قبل تمام العقد . (۶/ ۴۲۴۱)

(۲) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وقال الشافعية في الأصح والحنابلة : لا يبطل الرهن ، كالبيع الذي فيه الخيار ، ويقوم ولي المجنون أو المعتوه مقامه ، كما يقوم الوارث مقام الميت المورث .
(۶/ ۴۲۴۱ ، شروط القبض)

(۳) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وقال المالكية : يبطل الرهن بموت الراهن أو جنونه أو إفلاسه ، أو مرضه المتصل بموته قبل القبض ، ولا يبطل بموت المرتهن ، أو تفليسه ، أو الحجر عليه للجنون ، لأن العقد تم بالقبول ، وفي إمضائه منفعة ظاهرة للمرتهن ، فيقوم وارثه مقامه في القبض . (۶/ ۴۲۴۲ ، شروط القبض) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۲۵۴)

عقدِ رہن سے رجوع

مسئلہ (۵۱۱): عقدِ رہن اسی وقت صحیح ہوگا جب راہن، شیٔ مرہونہ کو مرتہن کے سپرد کرے، اور مرتہن اس پر قبضہ کرلے[۱]، لیکن اگر راہن شیٔ مرہونہ پر قبضہ دینے سے پہلے ہی رہن رکھنے سے انکار کرتا ہے، تو شرعاً یہ جائز ودرست ہے، کیوں کہ شیٔ مرہونہ پر قبضہ دینے سے پہلے، راہن کے لیے عقدِ رہن کو فسخ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فرِهٰن مقبوضة﴾ . (سورة البقرة :۲۸۳)

ما في " الفقه الإسلامى وأدلته " : اتفق العلماء في الجملة على أن القبض شرط في الرهن ، .... ودليلهم قوله تعالى : ﴿فرهٰن مقبوضة﴾ . [البقرة :۲۸۳] فلو لزم بدون القبض لم يكن للتقييد به فائدة ، فقد علقه سبحانه بالقبض فلا يتم إلا به ولأن الرهن عقد تبرع أو إرفاق (أي نفع) يحتاج إلى القبول ، فيحتاج إلى القبض ليكون دليلاً على إمضاء العقد .

(۶/۴۲۳۷ ، المطلب الخامس)

(۲) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : قال الجمهور غير المالكية : القبض ليس شرط صحة وإنما هو شرط لزوم الرهن فلا يلزم الرهن إلا بالقبض فما لم يتم القبض يجوز للراهن أن يرجع عن العقد وإذا سلمه الراهن للمرتهن وقبضه لزم الرهن ولم يجز للراهن أن يفسخه وحده بعد القبض . (۶/۴۲۳۷ ، المطلب الخامس ، شرط تمام الرهن ، قبض المرهون)

(مالی معاملات پرغرر کے اثرات :ص/ ۲۴۸، ۲۴۹)

مرہون پر قبضے کے لیے راہن کی اجازت

مسئلہ (۵۱۲): صحتِ عقدِ رہن کے لیے شیٔ مرہون پر قبضہ شرط ہے، اور قبضہ کے لیے راہن کی اجازت ضروری ہے، اس کے بعد ہی رہن کے احکام جاری ہوں گے، لیکن اگر مرتہن شیٔ مرہون پر راہن کی اجازت کے بغیر زبردستی قبضہ کرلے، تو اس صورت میں یہ عقدِ رہن صحیح نہ ہوگا، اور نہ ہی اس کے احکام جاری ہوں گے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : أولاً : أن يكون بإذن الراهن ، اتفق العلماء على أنه لا بد لصحة القبض من إذن الراهن بالقبض ، إذ به يلزم الرهن ، ويسقط حق الراهن في الرجوع عن الرهن ، فإن تعدى المرتهن فقبضه بغير إذنه لم يثبت حكمه وكان بمنزلة من لم يقبض رهناً . (۶/۴۲۴۰ ، المطلب الخامس ، شروط القبض)

ما في " بدائع الصنائع " : منها : أن يكون بإذن الراهن ؛ لما ذكرنا في الهبة أن الإذن بالقبض شرط صحته فيما له صحة بدون القبض وهو البيع فَلأن يكون شرطاً فيما لا صحة له بدون القبض أولىٰ ، ولأن القبض في هذا الباب يشبه الركن كما في الهبة فيشبه القبول ، وذا لا يجوز من غير رضا الراهن ، كذا هذا . (۵/۱۹۹ ، كتاب الرهن ، الكلام في القبض)

ما في " المهذب للشيرازي " : لم يلزم من غير قبض كالهبة فإن كان المرهون في يد الراهن لم يجز للمرتهن قبضه إلا بإذن الراهن ، لأن للراهن أن يفسخه قبل القبض فلا يملك المرتهن اسقاط حقه من غير إذنه . (۱/۳۰۵ ، بحوالہ مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/ ۲۴۹)

رہن رکھتے وقت قرض کی صراحت

مسئلہ (۵۱۳): ایک شخص پر کسی دوسرے شخص کے دو الگ الگ قرض ہیں، اور وہ رہن رکھتے وقت یہ صراحت نہ کرے کہ یہ رہن قرضِ اول کے بدلے ہے، یا قرضِ ثانی کے بدلے، تو یہ عقدِ رہن شرعاً درست نہیں ہے، کیوں کہ صحتِ عقدِ رہن کے لیے شرط ہے کہ مرہون بہ معلوم ہو؛ یعنی یہ کس قرض کے بدلے ہے؟(۱)

اپنے ماتحت کی کوئی چیز اپنے پاس رہن رکھنا

مسئلہ (۵۱۴): باپ اپنے بچے، اور وصی یتیم کی کسی چیز کو رہن پر رکھے، تو شرعاً یہ جائز و درست ہے۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : منها أن يكون محلاً قابلاً للبيع ..... وأن يكون معلوماً .

(۸/۱۴۱، كتاب الرهن ، فصل فی تفضیل الشرائط)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الشرط الثالث : أن يكون الحق المرهون به معلوما ، فلا يصح الرهن بحق مجهول، فلو أعطاه رهناً بأحد دينين له ، دون أن يعينه ، لم يصح الرهن .

(۵/۴۲۲۸، المطلب الثالث ، شروط المرهون به) (مالی معاملات پرغرر کے اثرات:ص/۲۷۰)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : فأما كونه مملوكاً للراهن فليس بشرط لجواز الرهن حتى يجوز رهن مال الغير بغير إذنه بولاية شرعية ، كالأب والوصي يرهن مال الصبي بدينه وبدين نفسه . (۵/۱۹۶، شرائط الرهن)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : وللأب أن يرهن بدين عليه متاعاً لطفله ، لأن له إيداعه ، وهذا أولى لهلاكة مضموناً ، ولأن قيام المرتهن بحفظه أبلغ مخافة الغرامة ، بينما الوديعة أمانة وهي غير مضمونة ، والوصي كذلك ، وقال أبو يوسف وزفر : لا يملكان ذلک وقولهما قياس ، والأول الظاهر وهو الاستحسان . (۴/۲۶۹، حكم رهن الأب والوصي مال الصغير)=

شیئرز کو بطور رہن رکھنا

مسئله (۵۱۵): فقہائے احناف رحمہم اللہ نے مشاع چیز کے رہن رکھنے کو ناجائز قرار دیا ہے[۱]، لیکن ائمۂ ثلاثہ (امام مالک، امام شافعی اور امام احمد ابن حنبل رحمہم اللہ) اس کے جواز کے قائل ہیں، اوران کے دلائل بھی قوی ومضبوط ہیں، لہٰذا شیئرز کو بطورِ رہن رکھنا جائز ہونا چاہیے، اور''**المجلس الشرعي البحرین**'' نے اسلامی مالیاتی اداروں کومشاع چیز کے رہن رکھنے کی اجازت دی ہے، البتہ یہ شرط عائد کی ہے کہ مشاع چیز کے اندر حصۂ مرہونہ کی تحدید ضروری ہے، یعنی یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ اس کا اتنے فیصد حصہ رہن ہے۔[۲]

=ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : يجوز للإنسان كما بان سابقاً أن يرهن ملك الغير بإذنه كالمستعار والمستأجر ، وليس لأحد رهن ملك غيره إلا بولاية عليه ، فإذا لم يكن له ولاية في الرهن ، وسلم المرهون إلى المرتهن كان بهذا التسليم متعدياً وغاصباً .

(۴۲۶۵/۶ ، رهن ملك الغير) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/۲۴۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وإنما لم يجز لأن موجب الرهن الحبس الدائم ، وفي المشاع يفوت الدوام لأنه لا بد من المهاياة فيصير كأنه قال : رهنتك يوماً دون يوم ، وتمامه في الهداية .

(۷۹/۱۰ ، باب ما يجوز ارتهانه وما لا يجوز ، بدائع الصنائع :۲۰۵/۵ ، الهداية :۵۰۸/۲)

(۲) ما في " المغنى لإبن قدامة " : فصل : وكل عين جاز بيعها جاز رهنها لأن مقصود الرهن الاستيثاق بالدين في استيفائه من ثمن الرهن إن تعذر استيفائه من ذمة الراهن ، وهذا يتحقق في كل عين جاز بيعها ، ولأن ما كان محلاً للبيع كان محلاً لحكمة الرهن ومحل الشيء محل الحكمة إلا أن يمنع مانع من ثبوته أو يفوت شرط فينتفي الحكم لإنتفائه فيصح رهن المشاع لذلك ، وبه قال ابن أبي ليلى ومالك والبيهقي والأوزاعي وسواء والعنبري=

شئ مرہون سے متعلق کاغذات مرتہن کے حوالہ کرنا

مسئلہ (۵۱۶): عصرِ حاضر میں رہن کی ایک جدید صورت بہت زیادہ متعارَف اور مروَّج ہے، جسے ''رہن سائل'' (Floating Charge) کہا جاتا ہے، اس کی حقیقت یہ ہے کہ اس میں راہن شئ مرہونہ مرتہن کے حوالہ نہیں کرتا، بلکہ اس کے بجائے اس کی ملکیت کے کاغذات قبضے میں دیدیتا ہے، جیسے گھر رہن رکھا تو مرتہن گھر اپنے قبضہ میں نہیں لیتا، بلکہ اس کی ملکیت کے کاغذات اپنے پاس رکھتا ہے، جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ راہن متعلقہ کاغذات نہ ہونے کی وجہ سے مرہونہ چیز آگے فروخت نہیں کرسکتا، اور مرتہن کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ اگر وقتِ مقررہ پر اس کا دین وصول نہ ہو، تو وہ اس چیز کو فروخت کرکے اپنا حق وصول کرسکتا ہے، گویا یوں سمجھا جائے گا کہ مرتہن کا اس پر قبضہ باقی ہے، اور یہ قبضہ حکمی کہلائے گا، ''رہن سائل'' میں فریقین (راہن ومرتہن) کو مصلحت اور فائدہ حاصل ہے، مرتہن کا فائدہ یہ ہے کہ وہ شئ اس کے ضمان میں نہیں رہتی، اور راہن کا فائدہ یہ ہے کہ وہ اسے استعمال کرتا رہتا ہے، اور خاص طور پر بین الاقوامی تجارت میں جہاں بائع اور مشتری دونوں مختلف شہروں میں رہتے ہوں، اس

= والشافعي وأبو ثور . (۴/۷۰۴)

ما في '' المعايير الشرعية '' : ويجوز رهن المشاع مع تحديد النسبة المرهونة منه ، من ذلك رهن الأسهم . (۱۴۲۳، ۲۰۰۲ ، الهيئة ، [هيئة المحاسبة والمراجعة للمؤسسات المالية الإسلامية ، البحرين : ص/ ۶۴، بحوالہ مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۲۶۴ ، الفقه على المذاهب الأربعة : ۲/۲۷۳ ، شروط الرهن)

وقت شئ مرہون پر قبضہ کرنا مشکل ہوجاتا ہے، اس لیے کہ شئ مرہون کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے میں بڑے اخراجات ہوتے ہیں۔ ایسی صورت میں دین کی توثیق کی ''رہن سائل'' کے علاوہ کوئی دوسری صورت نظر نہیں آتی، لہٰذا اس کے اندر حصر اور تضیق کی ضرورت نہیں، اور ظاہراً یہ جائز ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : الرهن شرعاً : حبس الشيء بحق يمكن أخذه منه كالدين ...... وقوله : (يمكن استيفاؤه منه) أى يمكن استيفاء الحق من الرهن . (۴/۴۴۱، الرهن)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الرهن شرعاً : جعل عين مالية وثيقة بدين يستوفي منها أو من ثمنها إذا تعذر الوفاء . (۲۳/۱۷۵، رهن)

ما في " بحوث في قضايا فقهية معاصرة " : الرهن السائل : وهناک نوع آخر من الرهن يوجد في قوانين كثير من البلاد الإسلامية ، لا يقبض فيه المرتهن على الشيء المرهون ، وإنما يبقى بيد الراهن ، ولكن يحق للدائن إذا قصر الدين في الأداء ، أن يطالب بيعه استيفاء لدينه من حصيلة بيعه ، وهذا النوع من الرهن يسمى أحياناً " الرهن الساذج " (Simple Mortgage) وأحياناً ، " الذمة السائلة " (Floating Charge) وهذا مثل أن يرهن الدين سيارته لدى الدائن ، ولكن تبقى السيارة بيد الدين الراهن ، يستعملها لصالحه كيف يشاء ، ولكن لا يجوز له نقل ملكيتها إلى شخص ثالث حتى يفتک الرهن السائل بتسديل الدين ، ويثبت للدائن المرتهن حق فى بيعها إذا قصر صاحبها في أداء دينه .... ولكن ههنا ملاحظ أذكرها لتأمل الفقهاء المعاصرين ، وهي : ۱- إن المرتهن في (الرهن السائل) وإن كان لا يقبض الشيء المرهون ولكنه في عموم الأحوال يقبض على مستندات ملكيته .... ۲- إن علة اشتراط القبض في الرهن ، كما ذكره الفقهاء ، هو تمكن المرتهن من استيفاء دينه ببيع ذلک الشيء عند الحاجة ، وإن هذا المقصود حاصل في (الرهن السائل) على أساس مشروط الاتفاقية المعترف بها قانوناً ، فيحتمل يكون القبض الحسي غير لازم في الصورة المذكورة ، لحصول المقصود بهذه المشروط المقررة . ۳- المقصود =

شئ معدوم کو رہن رکھنا

مسئلہ (۵۱۷): رہن کی شرائط میں سے ہے کہ شئ مرہونہ بوقتِ عقد موجود اور مقدور التسلیم ہو، معدوم نہ ہو، جیسے یوں کہنا: میری بکری جو بچہ جنے گی میں اسے رہن رکھتا ہوں، یا یوں کہنا: میرے درخت پر اس سال جو پھل آئے گا وہ رہن رکھتا ہوں، ان صورتوں میں رہن کی شرائط مفقود ہیں، اس لیے رہن کا یہ معاملہ شرعاً درست نہیں ہے۔(۱)

=من الرهن هو توثيق الدين ، وقد أجازت الشريعة لحصول هذا المقصود أن يحبس الدائن ملك المديون ويمنعه عن التصرف فيه إلى أن يتم تسديد الدين ، فإن رضي الدائن بحصول مقصوده بأقل من ذلك وهو أن يبقى العين المرهونة بيد الراهن ، ويبقى للمرتهن حق الاستيفاء فقط ، فلا يرى في ذلك أي محظور شرعي .

(ص/۱۴ - ۱۶ ، الرهن السائل ، أحكام البيع بالتقسيط ، مكتبه وحيديه دهلي)

(انعام الباری: ۷/ ۸۲۰، اسلام اور جدید معاشی مسائل: ۳/ ۱۰۰، مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/ ۲۶۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما الذي يرجع إلى المرهون فأنواع : منها أن يكون محلاً قابلاً للبيع ، وهو أن يكون موجوداً وقت العقد مالاً ، مطلقاً ، متقوماً ، مملوكاً ، معلوماً ، مقدور التسليم ؛ ونحو ذلك ، فلا يجوز رهن ما ليس بموجود عند العقد ، ولا رهن ما يحتمل الوجود والعدم ، كما إذا رهن ما يثمر نخيله العام ، أو ما تلد أغنامه السنة أو ما في بطن هذه الجارية ونحو ذلك . (۸/ ۱۴۱ ، كتاب الرهن ، بيروت)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : فلا يجوز رهن ما ليس بموجود عند العقد ولا رهن ما يحتمل الوجود والعدم ، كما لو رهن ما يثمر شجرة هذا العام ، أو تلد أغنامه هذه السنة ، أو رهن الطير الطائر والحيوان الشارد ، ونحوه مما لا يتأتى في استيفاء الدين منه ولا يمكن بيعه . (۶/ ۴۲۳۱ ، الفصل الثاني عشر، الرهن ، المطلب الرابع ، شروط المال المرهون ، الفتاوى الهندية : ۵/ ۴۳۲ ، الرهن)

مرتہن کا رہن سے نفع حاصل کرنا

مسئلہ (۵۱۸): مرتہن کا شئ مرہونہ سے فائدہ اٹھانا، نفع حاصل کرنا بالکل جائز نہیں ہے، گرچہ راہن نے صراحۃً اجازت دی ہو، یا عرفاً اس کا رَواج ہو۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبوحنيفة وأبو يوسف ومحمد رحمهم الله تعالى : لا يجوز للمرتهن الانتفاع بشيء من الرهن ولا للراهن أيضاً . (۶۴۴/۱)

ما في " البحر الرائق " : ولا ينتفع المرتهن بالرهن استخداماً وسكنىً ولبساً وإجارةً ، لأن الرهن يقتضى الحبس إلى أن يستوفي دينه دون الإنتفاع فلا يجوز الإنتفاع إلا بتسليط منه .
(۴۳۸/۸ ، دار الكتاب ديوبند)

ما في " رد المحتار " : لا يحل له أن ينتفع بشيء منه بوجه من الوجوه وإن أذن له الراهن ، لأنه أذن له فى الربا ، لأنه يستوفي دينه كاملاً فتبقى له المنفعة فضلاً فيكون رباً ، وهذا أمر عظيم . (۷۰/۱۰)

(فتاوی محمودیہ: ۲۰/ ۱۲۵، جامع الفتاوی: ۶۳۳/۴، احسن الفتاوی: ۸/ ۴۹۸، دارالاشاعت کراچی)

کتاب الغصب

☆......غصب کے مسائل......☆

میونسپلٹی کی زمین پر قبضہ وتصرف

مسئلہ (۵۱۹): سرکاری زمینیں جو پنچائیت یا میونسپلٹی وغیرہ کی زمینیں کہلاتی ہیں، یا شارعِ عام، جس کے ساتھ عوام کا حقِ استفادہ متعلق ہوتا ہے، انہیں متعلقہ محکمہ کی اجازت کے بغیر اپنے قبضہ وتصرف میں لانا اور عوام کو تکلیف ومشقت میں ڈالنا شرعاً جائز نہیں ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " :﴿ولا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ . (سورة البقرة : ۱۸۸)

ما في " روح المعاني " : والمراد من الأكل ما يعمّ الأخذ والاستيلاء ، وعبر به لأنه أهم الحوائج ، وبه يحصل اتلاف المال غالباً . (۲/۲۳۲)

وما في " روح المعاني " : (الباطل) الحرام كالسرقة والغصب ، وكل ما لم يأذن بأخذه الشرع . (۲/۱۰۵)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : اتفق العلماء من أهل السنة على أن من أخذ ما وقع عليه اسم مال قلّ أو كثر انه يفسق بذلک وانه محرم عليه أخذه . (۲/۳۴۰)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين يؤذون المؤمنين والمؤمنٰت بغير ما اكتسبوا فقد احتملوا بهتاناً وإثماً مبيناً﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۸)

ما في " فتح القدير للشوكاني " : (والذين يؤذون) بوجه من وجوه الأذى ، من قول أو فعل ومعنى (بغير ما اكتسبوا) أنه لم يكن ذلک لسبب فعلوه يوجب عليهم الأذية ويستحقونها به. (۲/۴۲۶)=

....

....

....

....

=ما في" الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : أذية المؤمنين والمؤمنات هي أيضاً بالأفعال والأقوال القبيحة ..... لأن أذاه في الجملة حرام . (۲۴۰/۱۴)

ما في " الصحيح لمسلم " : قال رسول الله ﷺ : " إن دمائكم وأموالكم حرام عليكم كحرمة يومكم هذا " . (۱۰۰/۵ ، بيروت)

ما في " صحيح البخاري " : عن سعيد بن زيد قال : قال رسول الله ﷺ : " من أخذ شبرًا من الأرض ظلمًا ، فإنه يُطوَّقُه يوم القيامة من سبع أرضين " .

(ص/۴۵۷ ، كتاب بدء الخلق ، باب ما جاء في سبع أرضين ، بيروت)

ما في " فتح الباري شرح البخاري " : قال الخطابي : قوله : (طوقه) له وجهان : أحدها : أن معناه أنه يكلف نقل ما ظلم منها في القيامة إلى المحشر ...... الثاني : معناه أنه يعاقب بالخسف إلى سبعين أرضين ، أي فتكون كل أرض في تلك الحالة طوقاً في عنقه . انتهى .... وفي الحديث تحريم الظلم والغصب ، وتغليظ عقوبته ، وإمكان غصب الأرض ، وأنه من الكبائر ، قاله القرطبي . (۱۳۰/۵)

ما في " رد المحتار " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ، ولا ولايته .

(۲۴۰/۹ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " الهداية " : وعلى الغاصب ردّ العين المغصوبة ، معناه : ما دام قائماً ، لقوله عليه السلام : .... " لا يحل لأحد أن يأخذ متاع أخيه لاعباً ولا جاداً ، فإن أخذه فليردّ عليه " .

(۳۷۳/۳ ، كتاب الغصب ، كذا في مجمع الأنهر : ۷۸/۴ ، كتاب الغصب ، تبيين الحقائق : ۳۱۵/۶ ، كتاب الغصب)

(فتاوی محمودیہ:۱۴۲/۱۷،۱۴۳، کراچی، کفایت المفتی:۱۷۵/۸، جدید مسائل کا حل:ص/۳۰۰)

کمیونسٹ ملک میں رہائش پذیر مسلموں کے اموال

مسئلہ (۵۲۰): اگر کسی ملک پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہو جائے، اور اکثر مسلمان وہاں سے ہجرت کر جائیں، اور بعض مسلمان باقی رہ جائیں، تو جن لوگوں نے کمیونسٹوں کے قبضے کے بعد ہجرت نہیں کی اور انہیں کے ساتھ رہ رہے ہیں، اور مجاہدین کے خلاف ان کی اعانت نہیں کرتے ہیں، تو گرچہ یہ لوگ ہجرت نہ کرنے کی وجہ سے گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں، لیکن شریعتِ مقدسہ ان کو قصداً وارادۃً قتل کرنے کی اجازت نہیں دیتی ہے، البتہ ان کے اموال کو ضبط کرنا جب کہ اس سے کفار کو فائدہ پہنچ رہا ہو، درست ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في" القرآن الكريم " : ﴿إن الذين توفّٰهم الملٰئكة ظالمي أنفسهم ، قالوا فيم كنتم ، قالوا كنا مستضعفين في الأرض ، قالوا ألم تكن أرض اللّٰه واسعة فتهاجروا فيها ، فأولٰئک مأوٰهم جهنّم وساء ت مصيرًا﴾ . (النساء : ۹۷)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : ﴿ألم تكن أرض اللّٰه واسعةً﴾ ويفيد هذا السؤال والجواب أنهم ماتوا مسلمين ظالمين لأنفسهم في تركهم الهجرة . (۳۴۶/۵)

ما في " كتاب شرح السير الكبير " : لو رمىٰ رجل من المسلمين رجلاً واقفاً في صف المشركين وهو مسلم قد جاء به المشركون مكرهاً ، والرامي لا يعلم أنه مسلم ، أو يعلم إلا أنه لم يتعمده بالرمية ، أو تعمده وهو لا يدري أنه مسلم ، فهذا كله سواء ، وليس على الرامي فيه دية ولا كفارة ، لأنه قد حل له الرمي إلى صف المشركين مطلقاً إلا أن يعلم مسلماً بعينه قد جاء به العدو مكرهاً ، فتعمد بالرمي وهو يعلم حاله فحينئذٍ يلزمه القود في القياس ، لأنه عمد محض ، والعمد موجب للقعود ، وهذا قياس يؤيده بالنص ، وهو قوله عليه السلام : "العمد قود " . وفي الاستحسان لا قود عليه ، لأنه في صف المشركين ، والرمي إلى =

بزوروز بردستی کسی کی زمین لے لینا

مسئلہ (۵۲۱): کسی شخص کا اپنے گھر کی توسیع کے لیے کسی دوسرے شخص کی زمین کو اس کی رضامندی کے بغیر لے لینا، جب کہ اس شخص کا نام بھی دستاویزات میں لکھا ہو، شرعاً درست نہیں ہے، کیوں کہ کسی کی زمین غصب کرنا گناہِ کبیرہ ہے، بروزِ قیامت غاصب کے گلے میں ساتوں زمینوں کا طوق بنا کر ڈالا جائے گا[1]، لہٰذا اگر کسی شخص نے کسی کی کوئی زمین غصب کرلی ہو، تو اس کو چاہیے کہ شخصِ آخر کی زمین خالی کر کے واپس دیدے[2]، یا ملبے وغیرہ کی قیمت

=صفهم مباح ، ولكن عليه الدية في ماله .

(۲۲۴/۴ ، باب قلع الماء عن أهل الحرب وتحريق حصونهم ونصب المجانيق عليها)

ما في " رد المحتار " : نحاربهم (أهل الحرب) بنصب المجانيق وحرقهم وغرقهم ، وقطع أشجارهم ورميهم ، لكن جواز التحريق والتغريق مقيد كما في شرح السير ، بما إذا لم يتمكنوا من الظفر بهم بدون ذلک بلا مشقة عظيمة ، فإن تمكنوا بدونها فلا يجوز ، لأن فيه إهلاک أطفالهم ونسائهم ومن عندهم من المسلمين .

(۱۶۰/۶ ، كتاب الجهاد ، مطلب في أن الكفار مخاطبون ندباً)

ما في " بدائع الصنائع " : لو أسلم حربي في دار الحرب ولم يهاجر إلينا فقتله مسلم عمداً أو خطأً فلا شيء عليه إلا الكفارة ، وعند أبي يوسف عليه الدية في الخطايا .

(۶۹/۶ ، كتاب السير ، لو أسلم أحد الأبوين)

''جب خون کے استعمال کی گو بدرجہ مجبوری ہی گنجائش ہوگی[1]، تو چونکہ ایسی مجبوریاں اچانک بھی پیدا ہوجاتی ہیں، اورخون کی بہت زیادہ مقدار کی متقاضی ہوجاتی ہیں، جیسے ریل کے ایکسیڈنٹ کے موقع میں، یا جنگ ومحاربہ کے اندر بسا اوقات بیک وقت بہت زیادہ افراد زخمی ہوجاتے ہیں، اوران کی جان بچانے کے لیے ان سب کوخون کا انجکشن دینا ضروری ہوجاتا ہے، اور پھراس میں بھی مریض کے خون کا نمبر، اور جو خون چڑھایا جاتا ہے، اس خون کا نمبر بالکل یکساں ہونا ضروری ہوتا ہے، ورنہ بجائے نفع کے نقصان کا اندیشہ ہوجاتا ہے، اس لیے اِن اچانک پیش آمدہ ضروریات کے لیے ہرنمبر کے خون کا فراہم رکھنا بھی ضروری ہوجاتا ہے، اورمقدار کی تعیین وتحدید معلوم نہ ہونے کی وجہ سے کافی مقدار میں محفوظ رکھنا

=فلا یجوز أن یکون شيء من أجزائه مهاناً مبتذلاً . (۳/ ۳۹)

ما في '' بدائع الصنائع '' : وأما عظم الآدمي وشعره فلا یجوز بیعه لا لنجاسة لأنه طاهر في الصحیح من الروایة لکن احتراماً له والابتذال بالبیع یشعر بالإهانة . (۴/ ۳۳۳ ، کتاب البیوع)

ما في '' رد المحتار '' : والآدمي مکرم شرعاً وإن کان کافراً فإیراد العقد علیه وابتذاله به والحاقه بالجمادات إذلال له ...... إلا أن یجاب بأن المراد تکریم صورته وخلقته ، ولذا لم یجز کسر عظام میت کافر ، ولیس ذلک محل الاسترقاق والبیع والشراء .

(۷/ ۱۷۹ ، کتاب البیوع ، مطلب الآدمي مکرم شرعاً ولو کافراً) (فتاوی محمودیہ: ۱۸/ ۳۴۴)=

ضروری ہوگا، اوراس کا ایک خزانہ بنانا بھی لازم ہوگا، جس کو آج کل [کی] اصطلاح میں بینک کا نام دیا جاسکتا ہے، **لأن الشيء إذا ثبت ، ثبت بجميع لوازمه**-. لہٰذا اِس فراہمی کے اور محفوظ رکھنے کے جو مناسب طریقے ہوں گے، اوران میں جو اَخراجات در کار ہوں گے، ان سب کو بھی حدودِ شرع میں رہتے ہوئے برداشت کرنا ہوگا۔''(۲)

مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اِس فتوی کی روشنی میں کہا جاسکتا ہے کہ بلڈ بینک قائم کرنا شرعاً جائز ودرست ہے۔

الکحل ملی ہوئی ادویات کی تجارت

مسئلہ (۶۱۸): اگر ادویات میں ملایا گیا الکحل انگور اور کھجور کے علاوہ دوسری اشیاء سے کشید کیا گیا ہو، تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور امام ابویوسف رحمہ اللہ کے نزدیک ان دواؤں کا استعمال ضرورۃً جائز رہے گا، بشرطیکہ حد سکر (نشہ کی حد) تک نہ پہنچا ہو، اور علاج کی ضرورت کو دیکھتے ہوئے شیخین رحمہما اللہ کے مسلک پر عمل کرنا مرخص ہوگا، تاہم اگر انگور اور کھجور سے حاصل کیا گیا ہو، تو ان دواؤں کا استعمال شدید ضرورت اور اضطرار کے علاوہ جائز نہیں، البتہ اگر یہ معلوم ہو کہ دواؤں میں ملانے کے بعد الکحل کی حقیقت اور ماہیت تبدیل ہوجاتی ہے، تو ایسی صورت میں اس کی حقیقت ختم ہونے کی

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم﴾ . (سورة البقرة :۱۷۳)

ما في '' قواعد الفقه '' : الضرورات تبيح المحظورات . (ص/ ۸۹)

(۲) ما في '' ترتيب اللآلي في سلك الأمالي '' : الشيء إذا ثبت ، ثبت بجميع لوازمه .

(۲/ ۷۷۸ ، القاعدة : ۱۰۱) (منتخبات نظام الفتاوی:۱/ ۳۵۷)

وجہ سے ان ادویات کا استعمال بالاتفاق جائز ہوگا، لیکن یہ مسئلہ ماہرینِ فنِ طب کی مدد سے ہی حل ہوسکتا ہے۔[۱]

بطورِ دوا حرام اشیاء کا استعمال

مسئلہ (۶۱۹): اگر کوئی مسلمان طبیبِ حاذق کہے کہ: شفا حرام چیز میں ہی منحصر ہے، اور کوئی متبادل موجود نہیں ہے، تو مجبوراً بطورِ دوا و علاج بقدرِ ضرورت حرام اشیاء کے استعمال کی گنجائش ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تكملة فتح الملهم " : وبهذا تبين حكم الكحول المسكرة (Alcohals) التي عمت بها البلوى اليوم فإنها تستعمل في كثير من الأدوية والعطور والمركبات الأخرى فإنها إن اتخذت من العنب أو التمر فلا سبيل إلى حلتها أو طهارتها ، وإن اتخذت من غيرهما فالأمر فيها سهل على مذهب أبي حنيفة رحمه الله تعالى ، ولا يحرم استعمالها للتداوي أو لأغراض مباحة أخرى ما لم تبلغ حد الإسكار ، لأنها إنما تستعمل مركبة مع المراد الأخرىٰ ولا يحكم بنجاستها أخذاً بقول أبي حنيفة رحمه الله تعالى ، وإن معظم الكحول التي تستعمل اليوم في الأدوية والعطور وغيرها لا تتخذ من العنب أو التمر ، إنما تتخذ من الحبوب أو القشور أو البيترول وغيره ، وحينئذ هناك فسحة في الأخذ بقول أبي حنيفة عند عموم البلوىٰ ؛ والله سبحانه أعلم . (۹/۶ ۵۰ ، بيروت)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : والضابط عندهم أن كل ما فيه منفعة تحل شرعاً ، فإن بيعه يجوز ، لأن الأعيان خلقت لمنفعة الإنسان . (۵/ ۳۴۳۱) (فتاوی حقانیہ:۶/۴۴)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " رد المحتار " : يجوز للعليل شرب البول والدم والميتة للتداوي إذا أخبره طبيب مسلم أن شفاء ه فيه ، ولم يجد من المباح ما يقوم مقامه . (۹/ ۴۷۴ ، فصل في البيع)

ما في " المحيط البرهاني " : الاستشفاء بالمحرم إنما لا يجوز إذا لم يعلم فيه شفاء أما=

مرہم، کریم اور پاوڈر کا استعمال

مسئلہ (۶۲۰): مرہم، کریم اور پاوڈر وغیرہ تجمیل وتحسین کے وہ مادے، جن میں خنزیر کی چربی کی آمیزش ہوتی ہو، لیکن عملِ کیمیائی کے ذریعے اس کی حقیقت کو فنا کردیا جاتا ہو، تو اُن پر پاکی کا حکم لگے گا، اور ان کا استعمال کرنا شرعاً جائز ہوگا۔[1]

شوگر کے مریض کے لیے انسولین کا استعمال

مسئلہ (۶۲۱): انسولین یعنی جوہرِ گُردہ سے بنائی گئی ذیابیطس (شوگر) کی خاص دوا، شوگر کے مریضوں کے لیے تداوی کے طور پر اس کا استعمال ضرورۃً جائز ہے۔[2]

= إذا علم أن فيه شفاء وليس له دواء آخر غيره فيجوز الاستشفاء به . (۱۱٦/٦ ، كتاب الاستحسان ، الفصل التاسع عشر في التداوي ، الفتاوى الهندية : ۳۵۵/۵ ، كتاب الكراهية، الباب الثامن عشر في التداوي) (فتاوی محمودیہ:۳۵٦/۱۸،کفایت المفتی:۱۴۹/۹)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . (ص/۸۹ ، رقم القاعدة : ۱۷۰)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تتقدر بقدرها . (ص/۸۹ ، رقم القاعدة : ۱۷۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فقه القضايا الطبية المعاصرة " : المراهم والكريمات ومواد التجميل التي يدخل في تركيبها شحم الخنزير ، وتطبق عليها قواعد الاستحالة ، فإن تحول الشحم الموجود فيها إلى مادة أخرىٰ بسبب التفاعلات الكيميائية فإنها طاهرة جاز استعمالها ، وإلا فلا ، وهذا ما صدرت به فتوى من الندوة الفقهية الطبية الثامنة (السابقة) نصت على : (أن المراهم والكريمات ومواد التجميل التي يدخل في تركيبها شحم الخنزير لا يجوز استعمالها إلا إذا تحققت فيها استحالة الشحم وانقلاب عينها ، أما إذا لم يتحقق ذلک فهي نجسة ، ولا يجوز استعمالها شرعاً) .

(ص/۲۵۲ ، المنتجات الصناعية من الخنزير)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " فقه القضايا الطبية المعاصرة " : إن الأنسولين الخنزيري المنشأ يباح لمرض =

بواسیری مسّوں کوکاٹنا

مسئلہ (۶۲۲): اگر بواسیری مسّوں کو کاٹنے کی صورت میں، مریض کے ہلاک ہونے کا خوف ہو، تو بواسیری مسّوں کو کاٹنا حرام ہے، اور اگر نہ کاٹنے کی صورت میں ہلاکت کا خوف ہو، تو ان مسّوں کا کاٹنا مباح ہے، اور اعتدال کی حالت میں مکروہِ تحریمی ہے۔ (۱)

پیر یا بدن کی پھٹن کو جوڑنا

مسئلہ (۶۲۳): انسان کے پیروں یا بدن میں پھٹن اس قدر ہو کہ مزید بڑھنے کا اندیشہ ہو، اور ترکِ علاج پر ضرر کا خوف ہو، تو اس پھٹن کو جوڑنا درست ہے۔ (۲)

=السكر التداوي به للضرورة وبضوابطها الشرعية ، في حين يرى البعض ان هذه المادة لا تبقى على حالتها بعد استخراجها من الخنزير ، بل تتم فيها عملية الاستحالة من خلال اجراء تفعلات كيميائية معقدة ومتعددة على تلك الغدة تجعلها شيئاً آخر ، حيث انقلبت حقيقتها وتغيرت صفاتها الأساسية، لذلك إن الانسولين يعتبر طاهراً شرعاً وحلالاً يجوز استعماله مطلقاً . (ص/ ۲۵۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة﴾ . (سورة البقرة : ۱۹۰)

ما في " أحكام الجراحة الطبية " : **الحالة الأولىٰ** : يحرم فيها فعله ، وذلک عند خوف الهلاک بسبب قطعه . **الحالة الثانية** : يباح فيها فعله ، وذلک عند خوف الهلاک بسبب تركه . **الحالة الثالثة** : الكراهة فيما عدا ذلک . (ص/ ۳۰۲ ، ۳۰۳ ، المسألة الأولى : هل يكره قطع البواسير؟ ، فقه النوازل : ۴/ ۲۱۴ ، قضايا الطبية المعاصرة : ص/ ۵۳۳)

ما في " قواعد الفقه " : أكثر ما يخاف لا يكون . (ص/ ۶۲ ، القاعدة : ۴۷)

(۲) ما في " أحكام الجراحة الطبية " : وهذه الفتوق وجدت الحاجة الموجبة لعلاجها بالرتق فهي تشتمل في كثير من الأحيان على آلام ، وقد يترتب على تركها ضرر في موضع الفتق=

تحقیق جرائم کے لیے پوسٹ مارٹم

مسئلہ (۶۲۴): شریعت اسلامیہ نے انسانی تکریم کے تحت مردہ کے لیے بھی اسی طرح کے احترام کو واجب قرار دیا ہے، جیسے زندہ کے لیے، حدیث شریف میں وارد ہے کہ: ''مردہ کی ہڈی توڑنا زندہ کی ہڈی توڑنے کے مانند ہے''۔[1] لہٰذا جہاں پر موت کا سبب بالکل واضح اور معلوم ہو، جیسے ایکسیڈنٹ میں، اور سانپ کے کاٹنے سے ہونے والی موت میں، تو اس صورت میں پوسٹ مارٹم کرنا فضول ہے، اس لیے جائز نہ ہوگا، لیکن اگر پوسٹ مارٹم کسی ضرورت کے پیشِ نظر ناگزیر ہوجائے تو جائز ہے، مثلاً مقدمۂ جرم کی تحقیق کے لیے اور مجرم کی شناخت کرنے کے لیے، تو ایسے موقع پر بقدرِ ضرورت پوسٹ مارٹم کی گنجائش ہے۔[2]

= أو في الجسم عامة ، والرتق يعتبر اصلاح الفساد الناشي عن الفتق ، ونظراً لهذه الحاجة وخوف الضرر فإنه يرخص للمرضىٰ والأطباء في فعله ، للقاعدة '' الحاجة تنزل منزلة الضرورة '' . فالمريض يعتبر محتاجا إلى جراحة الفتق لمكان الآلام وخوف الضرر المترتب على ترك الفتق بدون العلاج . (ص/۴۲۷ ، المبحث التاسع في الرتق)

ما في '' قواعد الفقه '' : الحاجة تنزل منزلة الضرورة . (ص/۷۵)

ما في '' قواعد الفقه '' : الثابت بضرورة يتقدر بقدرها . (ص/۷۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ اٰدم وحملنٰهم في البرّ والبحر﴾ .

(سورة الإسراء : ۷۰)

ما في '' سنن أبي داود '' : عن عائشة رضي اللّٰه تعالى عنها ، أن رسول اللّٰه ﷺ قال : '' كسر عظم الميت ككسره حياً '' . (ص/۴۵۷ ، كتاب الجنائز ، باب في الحفار يجد العظم)=

مریض کی سرجری

مسئلہ (٦٢٥): اگر ماہر سرجن وڈاکٹر کو یہ غالب گمان ہے کہ اگر سرجری کی جائے گی، تو مریض ہلاک ہوجائے گا، تو اس صورت میں سرجری کرنا جائز نہیں ہے۔ (۱)

=(۲) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (حامل ماتت وولدها حيٌّ) يضطرب (شق بطنها) من الأيسر (ويخرج ولدها) . (۳/۱۴۴ ، باب الجنائز)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات ، وأيضاً : الضرورات يتقدر بقدرها . (ص/۸۹)

ما في " نوازل فقهية معاصرة " : وإن لم يكن لأحد من شرح النعش لحاجة ما فلا بأس به كمعرفة سبب الموت لتفتيش القضية ، أو لقطع الأعضاء لمن ذهب أحد أعضائه وأفتى بجوازه العلماء نظيره ما أجاز الفقهاء من شق بطه المرأة الحاملة التي ماتت وفي بطنها جنين حي لكی يخرج منه . (۱/۵۲۲ ، الطب والعلاج ، شرح النعش)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فقه النوازل " : رابعاً : يشترط لجواز فعل الجراحة الطبية ثمانية شروط : أن تكون مشروعة .... وأن يكون الطبيب الجراح أهلاً لفعلها ، ويغلب على ظنه نجاحها ولا يوجد البديل الذي هو أخف ضرراً منها . (۴/۲۱۴)

ما في " الفتاوى الهندية " : إذا أراد الرجل أن يقطع اصبعا زائدة أو شيئاً آخر ، قال نصير رحمه اللّٰه تعالى : إن كان الغالب على من قطع مثل ذلک الهلاک فإنه لا يفعل، وإن كان الغالب هو النجاة فهو فی سعة من ذلک رجل أو امرأة قطع الأصبع الزائدة من ولده . (۵/۳۶۰ ، الباب الحادى والعشرون)

ما في " فقه القضايا الطبية المعاصرة " : شروط جواز الجراحة الطبية : الخامس : أن يغلب على ظن الطبيب نجاح العملية ، وإلا لا يجوز ، بقوله تعالیٰ : ﴿لا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة﴾ . (ص/۵۳۳ ، أحكام الجراحة الطبية :ص/۱۰۳)

عملِ سرجری کے لیے شرطیں

مسئلہ (۶۲۶): سرجن (معالج) تجربہ کار، اور مستند ومعتبر ذریعہ سے سند یافتہ ہو، اور مطلوبہ اُمور یعنی عملِ جراحی (سرجری) کو انجام دینے کی پوری صلاحیت واہلیت اس کے اندر موجود ہو، اور صحیح طریقہ سے تمام اُمور کو انجام دینے میں اُسے مہارتِ تامہ حاصل ہو۔ (۱)

پردۂ بکارت کو جوڑنا

مسئلہ (۶۲۷): عورت کے پھٹے ہوئے پردۂ بکارت کو جوڑنا درست نہیں ہے (۲)، کیوں کہ اس سے دھوکہ (۳) اور جھوٹ (۴) کا دروازہ کھل جائے گا، جو شرعاً حرام ہے۔ (۵)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام الجراحة الطبية " : يشترط لجواز فعل الجراحة الطبية أن يكون الطبيب الجراح أهلاً للقيام بها ، وأدائها على الوجه المطلوب ، ويتحقق هذا الشرط بوجود أمرين ؛ الأولى : أن يكون ذا علم ، وبصيرة بالمهمة الجراحية المطلوبة ، الثانی : أن يكون قادراً على تطبيقها ، وأدائها على الوجه المطلوب ، فأما علمه وبصيرته بالعمل الجراحي المطلوب فإنه أمر لا بد منه لأن الجاهل بالجراحة لا يحل له أن يباشر فعلها لما فی ذلک من تعريض حياة المريض للهلاک فيعتبر فعله على هذا الوجه محرماً شرعاً . (ص/۱۱۲ ، المطلب الرابع ، أن تتوفر الأهلية في الطبيب)

ما في " سنن أبي داود " : ان رسول الله ﷺ قال : " من تطبّب ولا يعلم منه طب فهو ضامن". (ص/۶۳۰ ، كتاب الديات)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما في " أحكام الجراحة الطبية " : الترجيح : الذي يترجح في نظري والعلم عند اللّٰه=

مردہ عورت کا پیٹ چاک کرنا

مسئلہ (۶۲۸): اگر کسی حاملہ عورت کا انتقال ہو جائے، اور اس کے پیٹ میں بچہ ہو، جس کا زندہ ہونا یقینی ہو، تو فقہائے کرام نے مردہ عورت کے پیٹ کو چاک کر کے بچہ نکالنے کی اجازت دی ہے۔ (۱)

= هو القول بعدم جواز رتق غشاء البكارة مطلقاً . (ص/۴۳۲ ، مسئلة : هل يجوز رتق غشاء البكارة؟)

(۳) ما في " جامع الترمذي " : قال رسول الله ﷺ : " من غش فليس منا " . (۲۴۵/۱)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق العلماء على أن الغش حرام ، سواء أكان بالقول أم بالفعل وسواء أكان بكتمان العيب فى المعقود عليه أو الثمن أم بالكذب والخديعة ، وسواء أكان فى المعاملات أم فى غيرها من المشورة والنصيحة . (۲۱۹/۳۱)

(۴) ما في " صحيح مسلم " : عن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الصدق يهدي إلى البر ، وإن البر يهدي إلى الجنة ...... وإن الكذب يهدي إلى الفجور ، وإن الفجور يهدي إلى النار ، وإن الرجل ليكذب حتى يكتب عند الله كذاباً " . (۳۲۵/۲ ، قبح الكذب)

(۵) ما في " رد المحتار " : وما كان سبباً لمحظور فهو محظور . (۴۲۶/۹)

ما في " المقاصد الشرعية " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً ، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجباً . (ص/۴۶ ، صلة الذرائع سدًا الخ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : حامل ماتت وولدها حي يضطرب شق بطنها ويخرج ولدها . (۱۳۶/۳ ، مطلب في دفن الميت)

ما في " الفتاوى الهندية " : في فتاوىٰ أبى الليث رحمه الله تعالى فى امرأة حامل ماتت وعلم أن ما فى بطنها حي فإنه يشق بطنها من الشق الأيسر . (۳۶۰/۵ ، الباب الحادي والعشرون فيما يسع من جراحات بني آدم والحيوانات ، الفتاوى الخانية على هامش الهندية : ۱۸۸/۱ ، باب في غسل الميت وما يتعلق) (فتاوی حقانیہ:۴۰۱/۳)

سونا یا چاندی نگلنے والے کا پیٹ چاک کرنا

مسئلہ (٦٢٩): اگر کسی شخص نے عمداً کسی کا سونا، چاندی نگل لیا، اور ادائے ضمان کے لیے اس کے پاس مال ہو، تو اس کا پیٹ چاک نہیں کیا جائے گا، اور اگر مال نہ ہو تو چاک کیا جائے گا، کیوں کہ اس نے خود اپنی عصمت وحرمت کو اپنی تعدی وزیادتی سے زائل کردیا، اور اگر سونا، چاندی غلطی سے کسی کے پیٹ کے اندر چلا گیا، تو بالاتفاق اس کا پیٹ چاک نہیں کیا جائے گا، خواہ ادائے ضمان کے لیے اس کے پاس مال ہو یا نہ ہو۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ولو بلع مال غيره مات هل يشق ؟ قولان : والأولىٰ نعم . " فتح " . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (ولو بلع مال غيره) أى ولا ماله له ، كما في الفتح وشرح المنية ، ومفهومه أنه لو ترک مالا يضمن ما بلعه لا يشق اتفاقاً . قوله : الاولىٰ نعم ، لأنه وإن كان حرمة الآدمى أعلى من صيانة المال لكنه ازال احترامه بتعديه كما في " الفتح " . ومفاده أنه لو سقط في جوفه بلا تعد لا يشق اتفاقاً كما لا يشق الحي مطلقاً لإفضائه إلى الهلاک لا لمجرد الاحترام . (۳/۱۴۵ ، کتاب الصلوٰة ، باب صلوٰة الجنائز)

ما في " بدائع الصنائع " : رجل ابتلع درة رجل فمات المبتلع فإن ترک مالاً كانت قيمة الدرة فی ترکته ، وإن لم يترک مالاً لا يشق بطنه لأن الشق حرام ، وحرمة النفس أعظم من حرمة المال ، وعليه قيمة الدرة ، لأنه استهلكها وهی ليست من ذوات الأمثال ، فكانت مضمونة القيمة ، فإن ظهر له مال في الدنيا قضى منه ، وإلا فهو ماخوذٌ فی الآخرة .

(۶/۵۱۷ ، کتاب الاستحسان)

عضوِ مجروح کو داغنا

مسئلہ (۶۳۰): سرجری اور آپریشن کے بعد عضوِ مجروح سے خون بہتا رہتا ہے، تو اس کو بند کرنے کے لیے بوقتِ حاجت وضرورت داغنا جائز ہے۔ (۱)

پریکٹس کے لیے نعشوں کی چیر پھاڑ

مسئلہ (۶۳۱): آج کل دواخانوں اور بڑے بڑے ہسپتالوں میں، طب کے طلبہ کو آپریشن کی تربیت دینے کے لیے، نعشوں کی چیر پھاڑ کی جاتی ہے، جب کہ چیر پھاڑ کرنے میں میت کی بے حرمتی اور انسانیت کی توہین ہوتی ہے، اس لیے یہ عمل شرعاً جائز نہیں ہے۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحیح مسلم " : عن جابر : " بعث رسول اللّٰہ ﷺ إلی أبي بن کعب طبیباً فقطع منه عرقاً ثم کواه علیه " . (۲/۲۲۵ ، باب لکل داء دواء)

ما في " أحکام الجراحة الطبیة " : والأصل فی مشروعیة هذا النوع من مهمات العمل الجراحي ما ثبت فی الصحیح من حدیث جابر بن عبد اللّٰہ رضی اللّٰہ تعالی عنهما ، أن النبي ﷺ بعث إلی أبي بن کعب طبیباً فقطع منه عرقاً ثم کواه علیه ، فقد دلّ هذا الحدیث الشریف علی مشروعیة کي العروق عند الحاجة ، قال بعض أهل العلم رحمهم اللّٰہ فی شرح هذا الحدیث : قوله : (بعث إلی أبي ...) یدل علی أنه لا یلی عمل الشيء إلا من یعرفه ، وعلی جواز الکيّ إذا صحت منفعته ودعت إلیه حاجة والنهي عنه إنما هو إذا وجد عنه غنی . (ص/۴۳۵)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما في " القرآن الکریم " : ﴿ولقد کرّمنا بنيٓ اٰدم وحملنٰهم فی البرّ والبحر﴾ .

(سورة الإسراء : ۷۰)=

مصنوعی پردۂ بکارت

مسئلہ (۶۳۲): آج کل یورپ میں مصنوعی پردۂ بکارت بنائے گئے ہیں، کہ جن عورتوں کے پردۂ بکارت زائل ہو چکے ہیں، وہ دوبارہ مصنوعی پردہ لگا کر مصنوعی باکرہ بن سکتی ہیں، اس طرح کا عمل چند وجوہات کی بنا پر ناجائز ہے:

(۱) یہ عمل اختلاطِ نسب کا سبب بن سکتا ہے، کہ عورت جماعِ سابق سے حاملہ ہو، پھر مصنوعی پردہ لگا کر شادی کر لے۔ (۱)

(۲) مصنوعی پردۂ بکارت کے استعمال کی اجازت دینا، زنا کے دروازے کو کھولنے کے مترادف ہے۔ (۲)

=ما في " المؤطا للإمام مالک " : قال مالک انه بلغه أن عائشة رضي اللّٰه تعالی عنها زوج النبي ﷺ کانت تقول : " کسر عظم المسلم میتاً ککسره وهو حي " . قال مالک : نعني في الإثم . (ص/۸۳ ، کتاب الجنائز ، باب ما جاء في الإختفاء النبشّ)

ما في " أوجز المسالک إلی مؤطا مالک " : قال الباجي : ترید أن له من الحرمة في حال موته مثل ماله منها حال حیاته ، وإن کسر عظامه فی حال موته یحرم کما یحرم کسرها حال حیاته ، وقد أخرج أحمد وأبو داود وابن ماجة عن عائشة رضی اللّٰه تعالی عنه ، أن النبي ﷺ قال : " کسر عظم المیت ککسره عظم الحي " .... ثم قال الباجي : یرید مالک أنهما لا یتساویان فی القصاص وغیره ، وإنما یتساویان فی الإثم . (۵۸۷/۴ ، کتاب الجنائز)

ما في " رد المحتار " : والآدمي مکرم شرعاً وإن کان کافراً ، فإیراد العقود علیه وابتذاله به والحاقه بالجمادات إذلال له .... إلا أن یجاب بأن المراد تکریم صورته وخلقته ، ولذا لم یجز کسر عظام میت کافر . (۱۷۹/۷ ، کتاب البیوع ، مطلب الآدمي مکرم شرعاً ولو کافراً، الفتاوی الهندیة :۳۵۴/۵ ، کتاب الکراهیة ، الباب الثامن عشر في التداوي)

(فتاوی محمودیہ:۳۴۰/۱۸، کراچی)=

(۳) قاعدۂ شرعیہ ہے کہ: ''ضرر کو ضرر کے ذریعہ زائل نہیں کیا جاسکتا''۔ (۳)

(۴) اس میں سراسر دھوکہ ہے، اور دھوکہ دہی حرام ہے۔ (۴)

(۵) اس میں جھوٹ کے دروازے کا کھولنا ہے، جب کہ جھوٹ شرعاً حرام ہے۔ (۵)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ان رتق غشاء البكارة قد يؤدى إلى اختلاط الأنساب ، فقد تحمل المرأة من الجماع السابق ، ثم تتزوج بعد رتق غشاء بكارتها ، وهذا يؤدى إلى إلحاق ذلك الحمل بالزوج واختلاط الحلال بالحرام . (ص/۴۲۹)

(۲) ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ان رتق غشاء البكارة يسهل للفتيات ارتكاب جريمة الزنا لعلمهنّ بإمكان رتق غشاء البكارة بعد الجماع . (ص/۴۲۹)

(۳) ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ان من قواعد الشريعة الإسلامية أن ؛ الضرر لا يزال بالضرر ، ومن فروع هذه القاعدة : لا يجوز للإنسان أن يدفع الغرق على أرضه بإغراق أرض غيره ، ومثل ذلك لا يجوز الفتاة وأمها أن يزيلا الضرر عنهما برتق الغشاء ويلحقانه بالزوج. (ص/۴۳۰ ، الأشباه والنظائر لإبن نجيم : ۱/۱ ۳۱)

(۴) ما في " جمع الجوامع " : " من غشّنا فليس منا " . (۷/۲۱۳)

ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ان مبدأ رتق غشاء البكارة مبدأ غير شرعي لأنه نوع من الغشّ ، والغشّ محرم شرعاً . (ص/۴۳۰)

(۵) ما في " صحيح مسلم " : عن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الصدق يهدي إلى البر وإن البر يهدي إلى الجنة .... وإن الكذب يهدي إلى الفجور وإن الفجور يهدي إلى النار ، وإن الرجل ليكذب حتى يكتب عند الله كذاباً . (۲/۳۲۵ ، باب قبح الكذب)

ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ان رتق غشاء البكارة يفتح أبواب الكذب للفتيات وأهليهنّ لإخفاء حقيقة السبب ، والكذب محرم شرعاً . (ص/۴۳۰)

مصنوعی اعضا کے ذریعہ پیوند کاری

مسئلہ (۶۳۳): ضرورت اور حاجت کی بنا پر مصنوعی اعضا کے ذریعہ، اعضا کی پیوندکاری کرنا جائز ہے۔ (۱)

مصنوعی بال لگوانا

مسئلہ (۶۳۴): موجودہ دور فیشن ایبل دور کہا جاتا ہے، عوام کی اکثریت فیشن ایبل اور مغربی تہذیب کی دل دادہ ہوچکی ہے، جہاں پر بہت سارے فیشن ایجاد ہوچکے ہیں، من جملہ ان کے ایک فیشن یہ ہے کہ بہت سارے مرد وعورتیں

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام الجراحة الطبية " : يحتاج الأطباء في علاج بعض الأمراض الجراحية إلى زرع أعضاء تم صنعها لكي تقوم بمهمة العضو التالف بسبب المرض ، والحاجة الموجودة إلى زراعة هذه الأعضاء لا تخلو من حالتين ، الحالة الأولىٰ : أن تكون ضرورية ، ومن أشهر أمثلتها ما يقوم به الأطباء من وصل شرايين القلب بطعوم صناعية في حالة استئصال جزء من تلك الشرايين ، وتعذر اتصال طرفي الشريان ببعضهما نظراً لطول المسافة فيقوم الطبيب الجراح بوضع تلك القطعة المصنوعة في موضع الاستئصال لكي تقوم بمهمة الجزء التالف . الحالة الثانية : أن تكون حاجية ، ومن أشهر أمثلتها المفاصل الصناعية التي يقوم الأطباء بوضعها موضع المفصل الخلقي نظراً لإصابته بالآفة الموجبة لاستئصاله ووضع ذلك البديل مكانه كما يجري ذلك في حالة إصابته بالروماتيزم الغضروفي المزمن ، أو التهاب المفاصل التيبسى كما يسميه الأطباء . (ص/۴۲۵ ، المبحث الثامن في زرع الأعضاء المصنوعة)

ما في " الأشباه لإبن نجيم " : الضرورات تبيح المحظورات . (۱/۳۰۷ ، القاعدة الخامسة)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الحاجة تنزل منزلة الضرورة ، عامة كانت أو خاصة . (۱/۳۲۶ ، القاعدة الخامسة)

مصنوعی بال لگواتے ہیں، تاکہ خوب زینت ظاہر ہو، تو اگر مغربی تہذیب کو اپناتے ہوئے مرد وعورت کا مصنوعی بال لگانا، اس غرض سے ہو کہ زینت ظاہر ہو، تو یہ جائز نہیں ہے، کیوں کہ عموماً مصنوعی بال انسانوں کے ہوتے ہیں، اور انسانوں کے بال سے انتفاع گناہِ کبیرہ اور موجبِ لعنت ہے، ہاں! اگر یہ بال غیر انسان کے ہوں تو یہ عمل مکروہ ہے، رہا مرد! تو اس کے لیے اس طرح کی زینت درست ہی نہیں، چہ جائیکہ مغربی تہذیب کو آئیڈیل بنا کر اس طرح کے بالوں کو استعمال کرنا۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحیح البخاري " : عن أبي هریرة ، عن النبي ﷺ قال : " لعن الله الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة " . (۸۷۸/۲ ، کتاب اللباس ، باب الوصل في الشعر)

ما في " سنن أبي داود " : قوله علیه السلام : " من تشبه بقوم فهو منهم " .

(ص/۵۵۹ ، کتاب اللباس ، باب في لبس الشهرة)

ما في " مرقاة المفاتیح " : قال الطیبي : هذا عامٌ في الخُلق والخَلق والشعار ، و لما کان الشعار أظهر في الشبه ذکر في هذا الباب ، قلت : بل الشعار هو المراد بالشبه لا غیر .

(۲۲۲/۸ ، کتاب اللباس)

ما في " رد المحتار " : وفي " الاختیار " : وصل الشعر بالشعر بشعر الآدمي حرام ، سواء کان شعرها أو شعر غیرها، لقوله علیه السلام : " لعن الله الواصلة والمستوصلة ، والواشمة والمستوشمة ، والواشرة والمستوشرة ، والنامصة والمتنمصة " . (در مختار) . وفي الشامیة: قوله : (سواء کان شعرها أو شعر غیرها) لما فیه من التزویر ...... وفی شعر غیرها انتفاع بجزء الآدمي أیضاً ، لکن في " التاتارخانیة " : وإذا وصلت المرأة شعر غیرها بشعرها فهو مکروه . (۴۵۴/۹ ، کتاب الحظر والإباحة ، فصل في النظر والمسّ)

(فتاوی حقانیہ:۲/ ۵۳۶،احسن الفتاوی:۸/ ۷۵)

زائد انگلی کٹوانا

مسئلہ (۶۳۵): بہت سے لوگوں کے بدن میں زائد انگلی رہتی ہے، جس کو وہ بذریعہ آپریشن کٹواتے ہیں، اگر اس کے کٹوانے میں غالب گمان ہلاکت کا ہو، تو اس کو نہ کٹوائے، اور اگر غالب گمان نجات وعافیت کا ہو، تو اس زائد انگلی کو کٹوا سکتے ہیں۔ (۱)

سرجری وآپریشن میں مریض کا عضو کاٹنا

مسئلہ (۶۳۶): دواخانوں اور ہسپتالوں میں مریض کے سرجری یا آپریشن میں اس کے کسی عضو کو کاٹ دیتے ہیں، اگر کاٹنے کی وجہ سے مریض کے ہلاک ہونے کا خوف ہو، تو قطعِ عضو (عضو کو کاٹنا) حرام ہے، اور اگر عضو کے نہ کاٹنے کی وجہ سے ہلاک ہونے کا خوف ہو، تو پھر عضو کو کاٹنا مباح ہے، اور اعتدال (نارمل ہونے) کی حالت میں مکروہِ تحریمی ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : إذا أراد الرجل أن يقطع اصبعاً زائدة أو شيئاً آخر ، قال نصير رحمه الله تعالى : إن كان الغالب على من قطع مثل ذلك الهلاك فإنه لا يفعل وإن كان الغالب هو النجاة ، فهو سعة من ذلك . (۳٦۰/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الحادي والعشرون فيما يسع من جراحات بني آدم) (فتاوی محمودیہ:۳۳۴/۱۸)

ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ويشترط لجواز فعل القطع في هذه الأحوال أن لا يؤدي إلى ضرر أعظم من الضرر الموجودة فى الألم فإذا كان القطع يفضي إلى ذلك فإنه لا يجوز فعله للقاعدة الشرعية : الضرر لا يزال بالضرر . (ص/ ۳۱۱ ، هل يجوز قطع العصب؟)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة﴾ . (سورة البقرة :۱۹۵)=

خنزیر کی کھال سے جلد کی پیوند کاری

مسئلہ (۶۳۷): عام حالات میں جلد کی پیوند کاری کے لیے خنزیر کی کھال کا استعمال جائز نہیں ہے، البتہ اضطراری و مجبوری کی صورت میں شریعت بقدرِ ضرورت ناجائز چیزوں کے استعمال کی بھی اجازت دیتی ہے۔ [1]

=ما في " أحكام الجراحة الطبية " : **الحالة الأولىٰ :** يحرم فيها فعله ، وذلك عند خوف الهلاك بسبب قطعه . **الحالة الثانية :** يباح فيها فعله ، وذلك عند خوف الهلاك بسبب تركه . **الحالة الثالثة :** الكراهة فيما عدا ذلك . (ص/۳۰۲ ، ۳۰۳ ، المسألة الأولى : هل يكره قطع البواسير؟ ، فقه النوازل : ۲۱۴/۴ ، قضايا الطبية المعاصرة : ص/۵۳۳)

ما في " قواعد الفقه " : أكثر ما يخاف لا يكون . (ص/۶۲ ، القاعدة : ۴۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما حرّم عليكم الميتة والدّم ولحم الخنزير ومآ اهل به لغير الله ، فمن اضطرّ غير باغ ولا عاد فلآ إثم عليه إن الله غفور رحيم﴾ . (البقرة : ۱۷۳)

ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ان نقل الأعضاء لا يخلو إما أن يكون من إنسان أو حيوان إلى إنسان ..... وأما إن كان النقل من حيوان فلا يخلو ذلك الحيوان المنقول منه العضو من حالتين ؛ الأولى : أن يكون طاهراً ، وحكم النقل الجواز ، الثانية : أن يكون نجسا ، وحكم النقل التحريم إلا عند الضرورة والله تعالى أعلم .

(ص/۴۰۲ ، ۴۰۳ ، المطلب الثاني حكم النقل العضو من حيوان إلى الإنسان)

سرجری کے ذریعہ عضو جوڑنا

مسئلہ (۶۳۸): اگر کسی حکیم یا ڈاکٹر نے سرجری کے دوران کسی عضو کو جسم سے بالکل الگ کردیا، پھر اگر دوبارہ اس عضو کو اسی جگہ پر لگانا چاہے، تو لگا سکتے ہیں، اس میں کوئی حرج نہیں ہے، کیوں کہ انسانی عضو کو جسم سے کاٹ دینے کے بعد بھی وہ پاک رہتا ہے، ناپاک نہیں ہوتا۔ (۱)

تشخیص کی فیس

مسئلہ (۶۳۹): مریض (Patient) کی تشخیص (Diagnosis) پر ڈاکٹروں کا فیس لینا جائز ہے، اس میں کوئی قباحت نہیں ہے، البتہ خلافِ مروّت نہیں ہونا چاہیے۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " دراسات فقهية في قضايا طبية معاصرة " : الأعضاء المقطوعة من بدن الإنسان طاهرة لا تنجس بالقطع ، ولذلک فلا حرج شرعاً من إعادة وصلها في غير حد أو قصاص . (۱/۳۰۳ ، الخاتمه)

ما في " رد المحتار " : وفي " شرح المقدسي " : قلت : والجواب عن الإشكال أن إعادة الأذن وثباتها إنما يكون غالباً بعود الحياة إليها ، فلا يصدق انها مما أبين من الحي لأنها بعود الحياة إليها صارت كأنها لم تبن ولو فرضنا شخصاً مات ثم أعيدت حياته معجزة أو كرامة لعاد طاهراً . (۱/۳۲۱ ، مطلب فی أحكام الدباغة)

ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ولا شک في أن القول بجواز إعادتها هو الراجح .
(ص/۴۱۳ ، المبحث السابع في إعادة الأعضاء المبتورة)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما في " تنقيح الحامدية " : سئل في رجل به داء في ظهره ، اتفق مع طبيب على=

سرجری کے لیے بے ہوش کرنا

مسئلہ (۶۴۰): مریض کی سرجری کے لیے اسے انجکشن دے کر، یا کسی اور دوا کے ذریعہ بے ہوش کرنا شرعاً جائز ہے۔[۱]

= مداواته وجعل له أجرة ، ولم يضرب له مدة ، وداواه ويريد الطبيب أجرة مثله ، وما أنفقه من ثمن الأدوية ، فهل له ذلك ؟ الجواب: نعم . (۲/ ۱۵۱ ، بحوالہ فتاوی حقانیہ:۶/۲۶۲)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على جواز استيجار الطبيب للعلاج ، لأنه فعل يحتاج إليه وماذون فيه شرعاً ، فجاز الاستيجار عليه ، كسائر الأفعال المباحة . (۱۲/ ۱۳۷)

ما في " المحلى شرح المجلىٰ " : مسألة : وجائز أن يستأجر الطبيب لخدمة أيام معلومة ، لأنه عمل محدود . (۹/ ۱٦) (فتاوی حقانیہ:۶/۲۶۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام الجراحة الطبية " : نص بعض الفقهاء المتقدمين على جواز استعمال المواد المخدرة عند الحاجة إليها للجراحة ، كما في قطع اليد والرجل وغيرها من المهمات الجراحية التى يحتاج المريض فيها إلى التخدير . (ص/ ۲۸٦ ، جواز التخدير للجراحة)

ما في " روضة الطالبين للنووي " : ولو احتيج في قطع اليد المتآكلة إلى زوال عقله هل يجوز ذلک ؟ يخرج على الخلاف في التداوي بالخمر، قلت : الأصح الجواز . (۸/ ۲۸٦)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قال ابن تيمية : كل ما يُغيّب العقل فإنه حرام ، وإن لم تحصل به نشوة ولا طرب ، فإن تغييب العقل حرام بإجماع المسلمين ، إلا لغرض معتبر شرعاً .
(۱۱/ ۳۴ ، تخدير)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . (ص/ ۸۹)

میڈیکل سرجری

مسئلہ(۲۴۱): میڈیکل سرجری (Medical Surgery) مطلقاً جائز نہیں ہے، بلکہ اس کے جواز کی چند شرطیں ہیں:

(۱) سرجری مشروع ہو، (۲) مریض اس کا محتاج ہو، (۳) مریض کی اجازت سے ہو، (۴) سرجری کرنے والا ڈاکٹر اس کا اہل ہو، (۵) سرجری کی کامیابی کا غالب گمان ہو، (۶) اس کا کوئی ایسا بدل موجود نہ ہو جو اس سے کم تکلیف دہ ہو، (۷) اس کے کرنے پر مصلحت مرتب ہو، (۸) اور سرجری پر مرتب ہونے والا ضرر مرض کے ضرر سے زیادہ نہ ہو، یہ تمام شرطیں پائی جائیں، تو میڈیکل سرجری جائز ہے، ورنہ نہیں۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فقه النوازل " : رابعاً : يشترط لجواز فعل الجراحة الطبية ثمانية شروط : أن تكون مشروعة ، ويحتاج إليها المريض ، ويأذن بفعلها ، وأن يكون الطبيب الجراح أهلاً لفعلها ، ويغلب على ظنه نجاحها ، ولا يوجد البديل الذى هو أخف ضرراً منها ، وان تترتب المصلحة على فعلها ، ولا يترتب عليها ضرر أعظم من ضرر المرض الجراحى .

(۲۱۴/۴ ، أحكام الجراحة ، وثيقة رقم :۲۷۵)

ما في " الفتاوى الهندية " : إذا أراد الرجل أن يقطع اصبعاً زائدة أو شيئاً آخر ، قال نصير رحمه الله : إن كان الغالب على من قطع مثل ذلک الهلاک فإنه لا يفعل ، وإن كان الغالب هو النجاة فهو في سعة من ذلک ، رجل أو امرأة قطع الأصبع الزائدة من ولده ، قال بعضهم : لا يضمن ولهما ولاية المعالجة ، وهو المختار ، ولو فعل ذلک غير الأب والأم فهلک كان ضامناً ، والأب والأم إنما يملكان ذلک إذا كان لا يخاف التعدي والوهن في اليد . كذا في الظهيرية . (۳۶۰/۵ ، الباب الحادى والعشرون فيما يسع من جراحات الخ ، أحكام تجميل النساء :ص/۳۹۲ ، أحكام الجراحة الطبية :ص/۱۰۳)

(فقه القضايا الطبية المعاصرة :ص/۵۳۳)

سرجری سے ہونے والا ضرر

مسئلہ (۶۴۲): اگر سرجری پر مرتب ہونے والا ضرر موجودہ مرض کے ضرر سے کم ہو، تو اس صورت میں سرجری کرواسکتے ہیں۔ (۱)

سرجن پر ضمان

مسئلہ (۶۴۳): سرجن (Surgen) میں دوشرطوں کا ہونا ضروری ہے، اگر ان میں سے کوئی شرط مفقود ہوجائے، تو پھر سرجن ضامن (Cuarantor) ہوگا، ورنہ نہیں، اور وہ دو شرطیں یہ ہیں: (۱) سرجن اپنے فن میں بصیرت ومہارت (Goodat) رکھتا ہو۔ (۲) اس نے علاج (Treatment) میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کی ہو، کیوں کہ بلا بصیرت ومہارت علاج بھی نارواں ہے، اور بصیرت وحذاقت کے باوجود کوتاہی بھی ناقابلِ قبول اورموجبِ ضمان ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فقه القضايا الطبية المعاصرة " : أن لا يترتب على فعلها ضرر أكبر من ضرر المرض الموجود . (ص/۵۳۳ ، شروط جواز الجراحة)

ما في " أحكام الجراحة الطبية " : أن لا يترتب على فعلها ضرر أكبر من ضرر المرض ، مما يشترط لجواز فعل الجراحة الطبية ألا تشتمل على ضرر أكبر من ضرر المرض الجراحی ، فإن اشتملت على ذلک حرم على الطبيب الجراح فعلها لما فيه من تعريض الأرواح والأجساد للضرر الأكبر ، ووجب على المريض البقاء على الضرر الأخف ، والامتناع عن فعل الجراحة المشتملة على الالقاء بالنفس إلى الهلاک والتلف . (ص/۱۲۴ ، المطلب الثامن)

ما في " قواعد الفقه " : إذا تعارض مفسدتان روعي أعظمهما ضرراً بارتكاب أخفهما .

(ص/۵٦ ، فقه النوازل : ۲۱۴/۴ ، أحكام الجراحة)=

ڈاکٹر سے باز پرس

مسئلہ (۶۴۴): ڈاکٹر اور اس کے معاونین یا تو حکومتِ وقت کے اجیرِ خاص ہوتے ہیں، یا مریض اور اس کے اہل کے اجیرِ خاص ہوتے ہیں، بہر دو صورت ان سے، ان کی ذمہ داریوں کی بابت باز پرس ہوگی۔ [1]

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " زاد المعاد في هدي خير العباد " : طبيب حاذق أعطى الصنعة حقها ولم تجن يده فتولّد من فعله المأذون فيه من جهة الشارع ومن جهة من يطبُّه تلف العضو أو النفس ، أو ذهاب صفة فهذا لا ضمان عليه اتفاقا . (۳/۱۰۹ ، أنواع المطببين)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : حجم أو ختن أو بزغ وتلف لم يضمن إلا إذا تجاوز المعتاد . (۵/۸۹ ، نوع في الحجام والبزاغ)

ما في " الشرح الصغير " : وكذا الختان وقلع الفرس والطب فلا ضمان إلا بالتفريط .

(۴/۴۷ ، بحوالہ جدید فقہی مباحث: ۱۰/۵۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مختصر القدوري " : والأجير الخاص يستحق الأجرة بتسليم نفسه فى المدة وإن لم يعمل كمن استأجر رجلاً شهراً للخدمة ، أو لرعي الغنم ، ولا ضمان على الأجير الخاص فيما تلف في يده ولا في ما تلف من عمله إلا أن يتعدىٰ فيضمن .

(ص/۲۸۰ ، كتاب الإجارة ، الهداية :۳/۲۹۴ ، باب ضمان الأجير ، البحر الرائق :۸/۴۶ ، باب ضمان الأجير ، تبيين الحقائق : ۶/۱۳۷ ، كتاب الإجارة ، باب ضمان الأجير)

مریض کی صحت یابی پر انعام

مسئلہ (۶۴۵): کوئی ڈاکٹر کسی مریض کے علاج پر یہ شرط لگائے کہ اگر مریض میرے علاج سے صحت یاب ہو جائے، تو مجھے اتنا انعام دیا جائے، تو یہ عقدِ جعالہ کی ایک صورت ہے، جو ''مشارطۃ الطبیب'' کہلاتی ہے، یہ صورت ائمۂ ثلاثہ (امام شافعی، امام مالک، امام احمد رحمہم اللہ) کے نزدیک جائز اور درست ہے (۱)، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک عقدِ جعالہ جائز نہیں ہے، مگر اس کی چند صورتیں مستثنیٰ ہیں، یعنی وہ جائز ہیں، جیسے غلامِ آبق (بھگوڑے غلام) کے پکڑنے پر انعام طے کرنا، عقدِ سمسرہ (دلالی کا معاملہ) اور تنفیل (امام المسلمین کا گھڑ سوار یا پیدل مجاہد کو اس کے حصہ سے کچھ زائد دینا) وغیرہ، یہ صورتیں ''حاجاتِ ناس'' کے تحت جائز قرار دی گئی ہیں (۲)، ڈاکٹر مولانا اعجاز احمد صمدانی (P.H.D) اپنی کتاب ''مالی معاملات پر غرر کے اثرات'' میں رقم طراز ہیں:

''اس مسئلہ سے متعلق دلائل پر غور کرنے کے بعد راجح یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس میں ائمۂ ثلاثہ کا قول راجح ہے، یعنی یہ عقد شرعاً جائز ہونا چاہیے'' (۳)، ڈاکٹر صاحب نے اس مسئلہ میں بہت ساری وجوہِ ترجیح بھی بیان کی ہے، من جملہ ان ترجیحات کے ایک ''حاجۃ الناس'' بھی ہے، اسی کو بنیاد بناتے ہوئے موصوف نے فرمایا کہ احناف کے نزدیک بھی یہ صورت، دیگر جائز صورتوں کی طرح جائز ہونی چاہیے۔ (۴)

الحجة على ما قلنا : =

....

....

....

....

....

=(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أبى سعيد قال : انطلق نفر من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم في سفرة سافروها حتى نزلوا على حيّ من أحياء العرب فاستضافوهم فأبوا أن يضيفوهم فلدغ سيد ذلک الحي فسعوا له بكل شيء لا ينفعه شيء ، فقال بعضهم : لو أتيتم هؤلاء الرهط الذين نزلوا لعله أن يكون عند بعضهم شيء ، فأتوهم فقالوا : يا أيها الرهط ! إن سيدنا لدغ وسعينا له بكل شيء لا ينفعه ، فهل عند أحد منكم من شيء ؟ فقال بعضهم : نعم ! والله إنى لأرقى ، ولكن والله لقد استضفناكم فلم تضيفونا فما أنا براق لكم حتى تجعلوا لنا جُعلاً فصالحوهم على قطيع من الغنم .... فقدموا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكروا له ، فقال : وما يدريک أنها رقية ، ثم قال : قد أصبتم ، أقسموا واضربوا لي معكم سهماً ، فضحک النبي صلى الله عليه وسلم . (۱/۳۰۴ ، كتاب الإجارة ، باب ما يعطى في الرقية)

(۲) ما في " الفقه الإسلامى وأدلته " : لا تجوز الجعالة عند الحنفية لما فيها من الغرر رأي جعالة العمل والمدة قياساً على سائر الإجارات التى يشترط لها معلومية العمل والماجور ، والأجرة والمدة وإنما أجازوا فقط استحساناً دفع الجعل لمن يرد العبد الآبق . (۵/۳۸۶۴)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : مثل قول القائل : من رد عليّ دابتي الشاردة أو متاعي الضائع أو بنى لي هذا الحائط أو حفر لي هذا البئر حتى يصل إلى الماء أو خاط لي قميصاً أو ثوباً فله كذا . (۵/۳۸۶۴ ، الفصل الرابع ، الجعالة)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : ان عمل إجارة السمسار والمنادي والحمامي والصكاک وما لا يقدر فيه الوقت ولا مقدار العمل لما كان للناس به حاجة جاز .
(۵/۴۰ ، كتاب الإجارة)

(۳ ، ۴) (مالی معاملات پر غرر کے اثرات: ص/۱۲۳-۱۲۵، جدید معاشی نظام میں اسلامی قانونِ اجارہ: ص/۱۰۶)

کتاب الضمان

☆......ضمان کے مسائل......☆

قاتل شخص کی ضمانت

مسئله (۶۴۶): کوئی شخص قتل (Murder) کے جرم میں گرفتار ہوا ہو، اور حقیقتاً اسی نے قتل بھی کیا ہو، اور بعض حضرات اس کی ضمانت کروا رہے ہیں، تو اُن کا یہ عمل جائز ہے، کیوں کہ حدیث شریف میں قاتل (ظالم) اور مقتول (مظلوم) دونوں کے ساتھ ہمدردی کا حکم ہے، قاتل کی ہمدردی یہ ہے کہ اس کو ظلم سے روکا جائے[1]، اگر اس کے رہائی کی توقع ہو، تو اس کی ضمانت لے لیں، یہ بھی اس کی ہمدردی میں داخل ہے، لیکن اس کو بے قصور قرار دینے کی کوشش کرنا یہ جائز نہیں ہے، یہ ظلم کی اعانت ومدد ہے جو حرام ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس قال : قال رسول الله ﷺ : " انصر أخاك ظالماً أو مظلوماً " . قال : يا رسول الله ﷺ ! هذا ننصره مظلوماً ، فكيف ننصره ظالماً ؟ قال : "تأخذ فوق يديه " . (۱/ ۳۳۱ ، باب أعن أخاك ظالماً أو مظلوماً ، رقم : ۲۴۴۴)

ما في " فتح الباري " : قوله : (فقال : تأخذه فوق يديه) كفى به عن كفه عن الظلم بالفعل إن لم يكف بالقول ، وعبر بالفوقية إشارة إلى الأخذ بالاستعلاء والقوة . (۵/ ۱۱۷)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يجب إعانة المسلمين بدفع الضرر العام أو الخاص عنهم ، لقول الله تعالى : ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوىٰ ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . ولقول رسول الله ﷺ : " المسلم أخو المسلم ؛ لا يظلمه ولا يُسلِمه ، ومن كان في حاجة=

ورثاء کا دیت استعمال کرنا

مسئلہ (۷۶۴): اگر کوئی شخص گاڑی چلا رہا ہو، اور دوسرا شخص اس کی زد میں آکر ہلاک ہوجائے، اور کوتاہی گاڑی چلانے والے کی ہو، تو یہ صورت قتلِ خطا کے زمرہ میں آتی ہے، اوراس میں بھی شرعاً دیت یعنی مہلوک کا مالی ہرجانہ واجب ہوتا ہے، شرعاً اس کی دیت سواونٹ مقرر کی گئی ہے، جس کی ایک اچھی خاصی بڑی قیمت ہوتی ہے، لہٰذا ہلاک ہونے والے کے ورثاء کا اس رقم کا لینا اور اس کا استعمال کرنا شرعاً درست ہے۔(۱)

= أخيه كان الله في حاجته ". وكلما كان هناك رابطةُ قَرابةٍ أو حِرفةٍ كان التعاون بينهم أوجب. (۵/۱۹۶، ۱۹۷، إعانة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾. (سورة المائدة : ۲)

ما في " روح المعاني " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ فيعم النهي كل ما هو مقولة الظلم والمعاصي ، ويندرج فيه النهي عن التعاون على الاعتداء والانتقام .

(۴/۸۵ ، أحكام القرآن للجصاص: ۲/۲۸۱)

ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر رضی الله تعالی عنه ، عن النبي صلى الله عليه وسلم بمعناه قال : " ومن أعان على خصومة بظلم فقد باء بغضب من الله ". (۲/۵۰۶ ، باب الرجل يعين)

ما في " الموسوعة الفقهية " : تأخذ الإعانة على الحرام حكمه ، مثل الإعانة على شرب الخمر ، وإعانة الظالم على ظلمه . (۵/۱۹۷) (فتاوی محمودیہ:۱۹/۵۹۳،۵۹۴، کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وجزآء سيّئةٍ سيّئةٌ مثلها فمن عفا وأصلح فأجره على الله﴾.

(سورة الشورىٰ : ۴۰)

ما في " حاشية الهداية " : إنما وجبت الدية في الخطأ بخلاف القياس لأن القتل أعظم العقوبات والخاطي معذور فيتعذر إيجاب المال عليه ، ونفس المقتول محرمة لا يسقط حرمتها بعذر=

ورکشاپ سے سامان گم ہونے پر ضمان

مسئلہ (٦۴٨): اگر کوئی کمپنی یا ادارہ؛ اپنی مشین یا گاڑی میں خرابی پیدا ہونے پر لگنے والا سامان پہلے ہی ورکشاپ والے کو دیدے، تو یہ سامان ورکشاپ والے کے پاس امانت ہے، اگر اس کے ضائع یا گم ہونے میں اس کی طرف سے تعدی وزیادتی پائی جائے، تو وہ ضامن ہوگا، ورنہ نہیں۔ (۱)

= الخطأ فوجب المال صيانة للدم عن الهدر منه . (۲/ ۵۴۴ ، كتاب الجنايات ، رقم الحاشية : ٦)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن من قتل مؤمناً خطأ فعليه الدية والكفارة ..... ويجري هذا الحكم على الكافر والمعاهد . (۳۲/ ۳۲۸ – ۲۸۱)

ما في " الفتاوى الهندية " : الراكب ضامن لما وطئت الدابة وما أصابت بيدها أو رجلها أو رأسها أو كدمت أو خبطت وكذا إذا صدمت . (٦/ ۵۰ ، الهداية : ۲/ ۵۹۴ ، فتاوى النوازل : ص/ ۴۴۳) (قاموس الفقہ :۲/ ۲۰۲، کتاب الفتاوی:۵/ ۳۹۲،۳۹۳، نعیمیہ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : ضمان العين المستأجرة : تعتبر يد المستأجر على العين المستأجرة في إجارة المنافع يد أمانة فلا يضمن ما يتلف بيده إلا بالتعدي أو التقصير في الحفظ ، ويتقيد في الانتفاع بمقتضى العقد وما شرط فيه وما جرى به العرف .

(۵/ ۳۸۴۷ ، كتاب الإجارة ، المحث الخامس ضمان العين المستأجرة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : تضمين الأجير المشترک – اتفق الفقهاء على أن الأجير المشترک إذا تلف عنده المتاع بتعدٍ أو تفريط جسيم يضمن . (۱/ ۲۹۷ ، اجاره)

(مالی معاملات پر غرر کے اثرات:ص/ ۱۴۳)

دھوبی سے کپڑا گم ہوجائے

مسئلہ (۲۴۹): بہت سے لوگ دھوبی کے پاس کپڑا دھلواتے ہیں، لیکن بسا اوقات دھوبی کے پاس سے کپڑا گم ہوجاتا ہے، اگر دھوبی کی لاپرواہی سے کپڑا گم ہوگیا ہے، تو دھوبی ضامن ہوگا[1]، اور اگر دھوبی کی طرف سے کسی تعدی وزیادتی کے بغیر کپڑا گم ہوجائے، تو پھر اس صورت میں دھوبی ضامن نہ ہوگا۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " النتف في الفتاوى " : أحدها أن يكون هلاكه من جناية يده فإنه يضمن متفقاً عليه مثل الصباغ يفسد الثوب في صباغته والقصار يفسد الثوب في قصارته ، والنساج يفسد الثوب في حياكته ونحوها . (ص/۳۴۰)

ما في " تبيين الحقائق " : الأجير المشترک من يعمل لغير واحد ، والمتاع في يده غير مضمون بالهلاک وما تلف بعمله كتخريق الثوب من دقه ، وزلق الحمال وانقطاع الحبل الذي يشد به الحمل وغرق السفينة من مدها مضمون. (۱۳۸/۶ ، كتاب الإجارة)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : الأجير المشترک من يعمل لا لواحد كالخياط ونحوه ولا يستحق المشترک الأجر حتى يعمل كالقصار ولا يضمن ما هلک في يده وإن شرط عليه الضمان . (۷۵/۹) (فتاویٰ محمودیہ:۵۲۹/۱۶، کراچی)

دھوبی کی طرف سے کپڑوں کی تبدیلی

مسئلہ (۶۵۰): کبھی کبھی دھوبی دوسرے آدمی کا کپڑا کسی دوسرے کو دیدیتا ہے، یعنی کپڑوں میں تبدیلی ہوجاتی ہے، تو اِس دوسرے شخص کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی اور کا کپڑا استعمال کرے(۱)، بلکہ اسے واپس کرنا ضروری ہے، اور چوں کہ اس صورت میں دھوبی کی طرف سے کوتاہی پائی گئی ہے، اس لیے وہ ضامن ہوگا۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : قال النبي ﷺ : " لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب من نفسه" . فلا يصح مع الكراهة والهزل والخطأ . (۵/۵۳۸ ، كتاب الإجارة)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن الأجير المشترک إذا تلف عنده المتاع بتعدٍّ أو تفريط جسيم ، يضمن . (۱/۲۹۷ ، تضمين الأجير المشترک)

ما في " الفتاوى الهندية " : ثم إذا وجب الضمان على الأجير المشترک عندهما ، ..... وما هلک فی يده بعمله كالقضاء إذا دق الثوب فتحرق أو ألقاه في النار فأحترق أو الحمال إذا تعثر فهو ضامن عند علمائنا الثلاثة . (۴/۴۹۸ ، ۴۹۹ ، كتاب الإجارة ، الباب الثامن والعشرون ، رد المحتار : ۹/۷ ، كتاب الإجارة ، الأجير المشترک)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وأما الأجير المشترک وهو الذي يعمل لعامة الناس أو هو الذي يستحق الأجرة بالعمل لا بتسليم النفس كالصانع والصابغ والقصار ونحوهم فقد اختلفوا فيه ، فقال أبوحنيفة وزفر والحسن بن زياد والحنابلة فی الصحيح من مذهبهم ، والشافعی فی الصحيح من قوليه إلا أنه لم يكن يفتى به لفساد الناس : أن يده يد أمانة كالأجير الخاص ، فلا يضمن ما تلف عنده إلا بالتعدي أو التقصير ...... وقال الصاحبان وأحمد في رواية أخرىٰ ، يد الأجير المشترک يد ضمان فهو ضامن لما يهلک في يده ، ولو بغير تعد=

تفریحی امور

ٹی وی پر کرکٹ میچ

مسئله (٦٥١): ٹی وی پر کرکٹ میچ دیکھنا بے شمار منکرات ومفاسد، مثلاً نیم عریاں عورتوں کا اسکرین پر دکھائی دینا[1]، اس میں مشغول ہونے کی وجہ سے نماز باجماعت کا فوت ہونا[2]، مساجد جو عبادت کی جگہیں ہیں، ان میں اسی موضوع پر تذکرے وتبصرے کا ہونا[3]، وغیرہ پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے، اس لیے کرکٹ میچ کو ٹی وی پر دیکھنا دکھانا، اوراس پر بحث ومباحثہ کرنا یہ سب معصیت کے کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون[4]، اور زندگی کے قیمتی اوقات کو ضائع کرنے میں داخل ہے، جب کہ یہ دونوں چیزیں (تعاون علی الاثم اور ضیاعِ وقت) شرعاً ممنوع ہیں۔

= أو تقصير منه إلا إذا حصل الهلاک بحريق غالب عام ، أو غرق غالب ونحوهما ، .... قال البغدادي عن بعض كتب الحنفية ، وبقول الصاحبين يفتى اليوم لتغير أحوال الناس ، وبه يحصل صيانة أموالهم . (٣٨٤٧/٥ ، كتاب الإجارة ، المبحث الخامس ، ضمان العين المستأجرة ، كتاب الفقه على المذاهب الأربعة :١٢٠/٣)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يٰبَنِيٓ اٰدم قد أنزلنا عليكم لباسًا يُواري سواٰتكم وريشًا﴾ . (سورة الأعراف : ٢٦)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " صنفان من أهل النار لم أرهما قوم سياط كأذناب البقر يضربون بها الناس ، ونساء كاسيات عاريات مميلات =

....

....

....

....

....

....

=مائلات رؤسهنّ كأسنمة البخت المائلة لا يدخلن الجنة ولا يجدن ريحها ، وإن ريحها لتوجد من مسيرة كذا وكذا " . (۲/۲۰۵، كتاب اللباس)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن عبد الرحمن بن سعيد الخدري ، عن أبيه ، أن رسول الله ﷺ قال : " لا ينظر الرجل إلى عورة الرجل ، ولا المرأة إلى عورة المرأة ، ولا يفضي الرجل إلى الرجل في ثوب واحد ، ولا تفضي المرأة إلى المرأة في ثوب واحد " .

(۱/۱۵۴، باب تحريم النظر إلى عورات)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : وأما أحكام الباب ففيه تحريم نظر الرجل إلى عورة الرجل ، والمرأة إلى عورة المرأة ، وهذا لا خلاف فيه ، وكذلك نظر الرجل إلى عورة المرأة ، والمرأة إلى عورة الرجل حرام بالإجماع . (۱/۱۵۴)

(۲) ما في " رد المحتار " : (والجماعة سنة مؤكدة للرجال) قال الزاهدي : أرادو بالتأكيد الوجوب . در مختار . وفي الشامية : وفي النهر عن المفيد : الجماعة واجبة .

(۲/۲۸۷، كتاب الصلاة ، باب الإمامة ، بيروت)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن الحسن مرسلاً قال : قال رسول الله ﷺ : " يأتي على الناس زمان يكون حديثهم في مساجدهم في أمر دنياهم ، فلا تجالسوهم فليس لله فيهم حاجة " . (ص/۷۱)

ما في " البحر الرائق " : الكلام المباح في المسجد مكروه يأكل الحسنات كما تأكل النار الحطب . (۲/۷۷۴)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۱)

ما في " رد المحتار " : " ما كان سببا لمحظور فهو محظور " . (۵/۲۳۲، مكتبه نعمانيه ديوبند)

ٹی وی پر دینی پروگرام

مسئلہ (۶۵۲): شرعِ اسلامی میں جاندار کی تصویر سازی حرام ہے، آپ ﷺ نے اس پر سخت وعید بیان فرمائی ہے، اور چوں کہ ٹیلی ویژن میں جاندار کی تصویریں ہوتی ہیں، اس لیے ٹیلی ویژن دیکھنا شرعاً جائز نہیں ہے [۱]، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ٹیلی ویژن کو اچھے مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے، مثلاً: اس پر دینی پروگرام وغیرہ دیکھنا، تو اُن کا یہ خیال -**اثمهما اکبر من نفعهما**- کے قبیل سے ہونے کی بنا پر لغو ہے۔ نیز ٹیلی ویژن چوں کہ آلاتِ لہو و معصیت میں سے ہے، اس لیے اس پر دینی پروگرام کا دیکھنا بھی شرعاً درست نہیں ہے۔ [۲]

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الصحيح لمسلم " : عن النبي ﷺ قال : " لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب ولا صورة " . (۲/۲۰۰)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : قال أصحابنا وغيرهم من العلماء : تصوير صورة الحيوان حرام شديد التحريم ، وهو من الكبائر ، لأنه متوعد عليه بهذا الوعيد الشديد ، المذكور في الأحاديث ، وسواء صنعه بما يمتهن أو بغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو دراهم أو دينار أو فلس أو إناء أو حائط أو غيرها. (۷/۲۱۰، بيروت)

ما في " تكملة فتح الملهم " : هذا الحديث يدل على أن تصوير ذوي الأرواح واتخاذ الصور في البيوت ممنوع شرعاً ، واتفق عليه جمهور الفقهاء . (۱۰/۱۳۴)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تتخذوٓا ايٰت الله هزوًا﴾ . (سورة البقرة : ۲۳۱)

ما في " حاشية القونوي " : أي لا تصيروا آيات الله مكان هزوا أو الهزء نفسه مبالغة لفرط انهماكهم بالأعراض عنها وعدم التأمل ، وهذا هو التهاون ، ولذا عطف على الأعراض =

ٹی وی پر ناچ گانا

مسئلہ (۲۵۳): ناچ گانا حرام اور گناہِ کبیرہ ہے، لہٰذا ٹیلی ویژن پر ان کو دیکھنا، دکھانا، سننا، سنانا، اور اس طرح کے پروگراموں میں کام کرنا، معصیت کے کاموں میں تعاون کرنا ہے، جو شرعاً ناجائز اور گناہ ہے۔ (۱)

=التهاون وأشار إلى أنه كناية عن الأعراض عن العمل بمقتضاها . (۵/۲۷۲، بيروت)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿واستفزز من استطعت منهم بصوتک وأجلب عليهم بخيلک ورجلک وشارکهم في الأموال والأولاد﴾ . (سورة الإسراء :۶۴)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ﴿بصوتک﴾ روي عن مجاهد أنه الغناء واللّٰهو ، وهما محظوران ، وأنهما من صوت الشيطان . (۳/۲۶۶)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليضلّ عن سبيل اللّٰه بغير علم ، ويتخذها هزواً ، أولٰئک لهم عذاب مهين﴾ . (سورة لقمٰن : ۶)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قلت : هذه إحدى الآيات الثلاث التي استدل بها العلماء على كراهة الغناء والمنع منه . (۱۴/ ۵۱)

ما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " ليكوننّ من أمتي قوم يستحلون الحر والحرير والخمر والمعازف". (ص/۱۰۲۲ ، كتاب الأشربة)

ما في " رد المحتار " : قلت : وفي البزازية : استماع صوت الملاهي معصية ، والجلوس عليها فسق ، والتلذذ بها كفر ، أي بالنعمة ، فصرف الجوارح إلى غير ما خلق لأجله كفر بالنعمة لا شكر . (۹/۴۲۵ ، كتاب الحظر والإباحة ، قبيل فصل في اللبس ، كذا في البحر الرائق : ۸/۳۴۶ ، الكراهية ، قبيل فصل في اللبس ، مجمع الأنهر :۴/۲۱۸، الكراهية)

ما في " الفتاوى الهندية " : قال الحلواني رحمه اللّٰه تعالى : السماع والقول والرقص الذي يفعله المتصوفة في زماننا حرام لا يجوز القصد إليه ، والجلوس عليه ، وهو الغناء والمزامير .

(۵/۳۵۲ ، كتاب الكراهية ، الغناء في الغناء واللّٰهو وسائر المعاصي)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)=

کمپیوٹر اور موبائل پر فلم بینی

مسئلہ(۲۵۴): فلم دیکھنا خواہ ٹی وی، کمپیوٹر، موبائل پر ہو، یا کسی اور جگہ، بہر حال ناجائز وممنوع ہے، کیوں کہ اس میں مرد وعورت کا اختلاط، عورتوں کے کھلے چہروں اور برہنہ بازؤوں وغیرہ کی نمائش [1]، گانا بجانا، گانا سننا، لہو ولعب، غفلت عن ذکر اللہ [2]، اضاعتِ مال واضاعتِ وقت [3]، جیسے منکراتِ شرعیہ موجود ہیں۔

=ما في " روح المعاني " : فيعم النهي كل ما هو من مقولة الظلم والمعاصي . (۴/۸۵)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " :﴿يا أيها النبي قل لأزواجک وبنٰتک ونسآء المؤمنين يدنين عليهنّ من جلابيبهنّ﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۹)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : في هذه الآية دلالة على أن المرأة الشابة مامورة بستر وجهها عن الأجنبيين ، وإظهار الستر والعفاف ، لئلا يطمع أهل الريب فيهنّ . (۳/۴۸۶)

ما في " صحيح البخاري " : عن عقبة بن عامر ، أن رسول الله ﷺ قال : " إياكم والدخول على النساء " . فقال رجل من الأنصار : يا رسول الله ! أفرأيت الحمو ؟ قال : " الحمو الموت " . (۲/۷۸۷ ، كتاب النكاح ، باب لا يخلونّ رجل بامرأة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : الخلوة بالأجنبية حرام . (۹/۴۴۸)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليضل عن سبيل الله بغير علم ويتخذها هزوا ، اولٓئک لهم عذاب مهين﴾ . (سورة لقمٰن : ۶)

ما في " روح المعاني " : روي عن الحسن : " كل ما شغلک عن عبادة الله تعالى وذكره من السمر والأضاحيک والخرافات والغناء ونحوها " . (۱۰۲/۱۲)

ما في " الدر المنثور للسيوطي " : ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث﴾ قال : هو الغناء ، وكل لعب ولهو . (۵/۳۰۷)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي البزازية : استماع صوت الملاهي كضرب قصب=

الرسالۃ (پیغام) نامی فلم

مسئلہ (٦٥٥): ایک فلم جو'' الرسالۃ/ پیغام'' کے نام سے رِلیز (Release) ہوئی ہے، جس میں حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روپ میں ایک عیسائی نے کام کیا ہے، نیز آپ ﷺ کو ایک سائے کی طرح بتلایا گیا ہے کہ مسجد نبوی کی تعمیر میں ایک سایہ اینٹیں اٹھار ہا اور رکھ رہا ہے، اس فلم کا دیکھنا، دکھانا سب ناجائز وحرام ہے، نیز یہ ایک یہودی سازش ہے، کہ جس ذات نے تصویر کی حرمت بیان کی ہو اسی کی تصویر، خواہ سائے کی شکل میں ہو[1]، امت کے سامنے پیش کی جائے، تاکہ لوگ اس سائے کو بہ نگاہِ احترام دیکھے[2]، اور مسلمانوں کے گھروں میں تصویریں عام ہوجائیں، اور شرک کا دروازہ کھل جائے، کیوں کہ دنیا میں شرک کا وجود اسی طرح سے ہوا، کہ اولاً شیطان نے صلحاء کی تصویریں بنانے پر لوگوں کو آمادہ کیا، تاکہ عبادت میں دل جمعی ونشاط پیدا ہو، پھر بعد کے لوگوں سے کہا کہ تمہارے آباء واَجداد انہی تصویروں کی عبادت کیا کرتے تھے،

= ونحوه حرام، لقوله علیه السلام : " استماع صوت الملاهي معصیة ، والجلوس علیها فسق ، والتلذّذ بها کفر " . (۴۲۵/۹ ، کتاب الحظر والإباحة)

(۳) ما في " القرآن الکریم " : ﴿إن المبذّرین کانوآ اِخوان الشیٰطین ، وکان الشیطٰن لربه کفورًا﴾ . (سورة الإسراء :۲۷)

ما في " صحیح البخاري " : عن جابر رضي اللّٰه عنه قال :" نهی رسول اللّٰه ﷺ عن إضاعة المال " . (۳۲۵/۱ ، کتاب الخصومات)

ما في " القرآن الکریم " : ﴿أفحسبتم أنما خلقنکم عبثاً﴾ . (سورة النور:۱۱۵)

ما في " حاشیة القونوي علی تفسیر البیضاوي " : توبیخ علی تغافلهم ، وعبثاً أي انا لم نخلقکم تلهیا بکم ، وإنما خلقناکم لنعیدکم ، ونجازیکم علی أعمالکم . (۲۳۸/۱۳)=

لہٰذا تم بھی انہی کی عبادت کرو(۳)، اوراس طرح بت پرستی عام ہوئی، نیز اس طرح کی فلم سازی کا مقصد آپ ﷺ، اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی توہین ہے، جس کا انجام بہت ہی براہوگا۔(۴)

والحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في" القرآن الكريم " : ﴿وقالوا لا تذرُنّ الهتكم ولا تذرُنّ ودًّا ولا سُواعًا ولا يَغوث ويَعوقَ ونَسرًا﴾ . (سورة النوح :۲۳)

ما في " بيان القرآن للتهانوي " : قوله تعالى : ﴿ولا تذرنّ ودًّا﴾ لما كان هذا مآل اتخاذ صورهم مع إباحة نفس التصوير ، حينئذٍ دل على أن الاهتمام بحفظ آثار الصلحاء إذا خيف منه مفسدة يجب تركه . (۴۳/۲، حاشية مسائل السلوك)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن عائشة رضي الله تعالى عنها ، أن أم حبيبة ، وأم سلمة ذكرتا كنيسة رأينها بالحبشة ، فيها تصاوير لرسول الله ﷺ ، فقال رسول الله ﷺ : "إن أولٓئک إذا كان فيهم الرجل الصالح فمات ، بنوا على قبره مسجداً ، وصوّروا له فيه تلک الصور ، أولٓئک شرار الخلق عند يوم القيامة ". (۲۰۱/۱ ، كتاب المساجد ومواضع الصلاة ، باب النهي عن بناء المساجد على القبور ، رقم الحديث :۵۲۸ ، قديمي)

ما في " رد المحتار " : وظاهر كلام النووي في شرح مسلم الإجماع على تحريم تصوير الحيوان ، وقال : وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو درهم وإناء وحائط وغيرها اهـ .(۴۱۶/۲ كتاب الصلاة ، مطلب إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة كان ترک السنة أولىٰ ، بيروت)

(۲) ما في " مرقاة المفاتيح " : قال القرطبي : وكل من صح إيمانه به عليه الصلاة والسلام لا يخلو عن وجدان شيء من تلک المحبة الراجحة ، وإن استغرق بالشهوات وحجب بالغفلات في أكثر الأوقات ، بدليل أنا نرى أكثرهم إذا ذكر ﷺ اشتاق إلى رؤيته وآثرها على أهله وماله وولده ووالده . (۱۴۰/۱ ، كتاب الإيمان)

(۳) ما في " فتح القدير للشوكاني " : ﴿ولا تذرنّ ودًّا ولا سُواعا﴾ أي لا يتركوا عبادة =

....

....

